اُردو کا کلاسیکی ادب
تذکرہ
گلستانِ سخن
جلد اوّل
از
مرزا قادر بخش صابر دہلوی
مرتبہ
خلیل الرحمان داؤدی
مجلس ترقیِ ادب لاہور

بعونِ صناعِ مکین و مکان بفضلِ خلاقِ زمین و زمان
٦٦
اُردو کا کلاسکی ادب
تذکرہ
گلستانِ سخن جلد اوّل
مرزا قادر بخش صابر دہلوی
ناشر
مجلسِ ترقیٔ ادب ۲۔ نرسنگھ داس گارڈن کلب روڈ لاہور

فہرست

مقصد تیسرا :

باب الالف

الف ممدودہ :

الف مقصورہ :

باب الباء الموحده

باب الباء الفارسی

باب التاء

باب الثاء المثلثه

باب الجیم التازی

باب‌الجیم الفارسی

باب الحاء المہملہ

باب الخاء المعجمة

باب الدال المهملة

باب الذال المعجمة

باب الراء المهملة

باب الزا المعجمة

اشاریہ

مقدمہ

خلیل الرحمان داؤدی
ڈاکٹر وحید قریشی

صابر کے حالات زندگی اور تصانیف

خلیل الرحمان داؤدی

حالات زندگی

صابر کا ذکر اس کے معاصر تذکرہ نگاروں نے زیادہ تفصیل کے ساتھ نہیں کیا اور جن صاحبوں نے اس کے حالات اور نمونۂ کلام دیا ہے ، انھوں نے زیادہ تفصیلات سے گریز کیا ہے ۔ گلستان سخن میں خود صابر نے اپنے حالات دو جگہ دیے ہیں ؛ پہلی جلد کے صفحہ ۱۰ پر لکھتے ہیں :

''احقرافراد خلائق باوصف شاہ زادگی خادم ارباب فضل و افضال، باوجود صاحب عالم بندۂ اهل کمال ، اضعف عباد ، ناشناسائے بلاد ، قادر بخش صابر تخلص ، ابن صاحب عالم و عالمیان ، ۔ ۔ ۔ ۔ خلف یگانۂ دودمان سلطنت نشان مرزا خورد بہادر تغمدہ اللہ بغفرانہ ، ابن سر کردہ خانوادگان دولت قرین ، مرزا اعزالدین بہادر مرحوم

"کہ مہین برادر زیبندۂ تخت و سریر ، حضرت عالمگیر ثانی اور فرزند ارشد کیوان همم - - - - - مرزا معز الدین جہاندار شاہ بادشاہ مغفور کے تھے ۔"

دوسری جلد میں اپنے نام کے تحت صفحہ ۱۰۳ تا ۱۱۹ میں اپنے بارے میں جو کچھ کہا ہے اس میں سے مندرجہ ذیل اقتباس قابل ذکر ہے :

"ہرچند آبائے عظام اور اجداد کرام کی بدولت نسبت شہزادگی سے مشرف اور بہرۂ بلند نامی سے کامیاب ہے ، لیکن دولت کمال کے طفیل اور افاضل روزگار کی تربیت کے اثر سے اس نسبت کا نیازمند اور اس وسالت کا محتاج نہیں ہے ۔"

ان کے اس تعلق شاہ زادگی کا ذکر معاصر تذکرہ نگاروں نے وضاحت کے ساتھ کیا ہے ۔ عبدالغفور نساخ 'سخن شعراء' میں صفحہ ۲۷۱ پر لکھتے ہیں :

"صابر تخلص ، مرزا قادر بخش خلف مرزا مکرم بخت بہادر ابن مرزا خورد بہادر نبیرۂ مرزا معزالدین جہاندار شاہ بادشاہ دھلی ، شاگرد عبدالرحمان خاں احسان و مولوی امام بخش صہبائی ، صاحب دیوان ہیں ، تذکرۂ گلستان سخن ان کے نام سے مشہور ہے ، لیکن حقیقت میں تذکرۂ مذکور مولوی امام بخش صہبائی مرحوم کا لکھا ہوا ہے ۔"

'یادگار شعراء' میں جو اشپرنگر کی اودھ کیٹلاگ کا اردو ترجمہ ہے ، 'گلستان بے خزاں' کے حوالے سے صابر

کے نام کے آگے صرف مرزا صابر درج ہے ۔ (صفحہ ۱۲۴)
'بزم سخن' (۱۲۹۸ھ) مرتبہ سید علی حسن خاں میں صابر
کے حالات یوں درج ہیں :

''صابر ، مرزا قادر بخش فرزند مرزا مکرم بخت بہادر نبیرۂ
مرزا معزالدین جہاں دار شاہ بادشاہ دہلی با عبدالرحمان
خاں احسان و مولوی صہبائی نسبت تلمذ داشت ، تذکرہ
و دیوانے بزبان ریختہ یادگار خویش گذاشت ۔''
(صفحہ ۷۳)

ان کے بھائی سید نورالحسن خاں تذکرہ 'طورکلیم' (۱۲۹۸ھ)
میں فرماتے ہیں :

''مرزا قادر بخش خلف مرزا مکرم بخش بہادر نسبش
تا جہاں دار شاہ بادشاہ دہلی می رسد ۔ از تلامذۂ
عبدالرحمان خاں احسان و مولوی صہبائی علیہ رحمۃ بود ۔
تذکرہ گلستان سخن بنام او غازۂ شہرت دارد (صفحہ ۶۲) ۔''

صفیر بلگرامی 'جلوۂ خضر' کی جلد اول (۱۸۸۴ع) میں
شہزادہ صابر کا ذکر کرتے ہیں اور قواعد و محاورات کی
صحت اور درستی کے اعتبار سے قواعد والے حصے کی بہت
تعریف کرتے ہیں ('جلوۂ خضر' جلد اول ، صفحہ ۲۷۰)
صفحہ ۲۷۵ پر انھوں نے شہزادہ قادر بخش صابر کے بارے
میں لکھا ہے کہ وہ ۱۲۹۱ھ تک زندہ تھے ۔

صفیر بلگرامی کی اصل عبارتیں یہ ہیں :

(اقتباس از 'جلوۂ خضر' جلد اول مصنفہ فرزند احمد

صفیر بلگرامی تالیف ۱۳۰۱ھ مطبوعہ مطبع نورالانوار آگرہ، طبع اول ۱۳۰۲ھ مطابق ۱۸۸۴ع، صفحہ ۲۹۳ -)

محاورات دھلی صابر کے کلام سے ۱۲۹۱ ھجری تک :

عصیاں کی دولت اب تم خجلت[1] سے بعد مرگ
آٹھنا مرے غبار کو دشوار ھو گیا

لب تنک[2] آ کر سخن پھر جائے[3] ھے دل کی طرف
حرف یاں کس کا زبان نقش کو سرما ھوا

میں ھوں خود دریا ولے[4] کوتہ نظر کے سامنے
ظرف موج و قطرہ میرے رخ کا اک پردا ھوا

گہ حرم میں اور گاھے دھر میں دیکھا اسے
طور ھرجائی پنے[5] کا اس پہ کیا زیبا ھوا

منہ پہ کہہ دیتے ھیں جو دل میں ھے آئینہ نمط[6]
تم ھٹے اور نہ یاں دل میں کچھ اے یار رھا

تیرہ بختی کا کھلا عقدہ نہ اوس سے مثل شب
ماہ نو ھے گوئیا[7] ناخن مرے تدبیر کا

ھماری خاک میں اتنی کہاں رسائی ھے
نجانیں[8] دل میں ترے کس طرح غبار آیا

ھوتا ھے فیض اھل توکل کو غیب سے
اک قطرہ بحر سے نہیں لیتی کبھو[9] صدف

۱- بدولت، آب خجلت - ۲- تک - ۳- پھرجاتا ھے - ۴- ولیکن
۵- ھرجائی پن - ٦- کی طرح - ۷- گویا - ۸- خدا جانے کیا جانیں -
۹- کبھی -

! ں من میں جاٸے[1] دیتے ھیں انساں کو آنکھ میں
جوں[2] طفل اشک چاھیے ھرگز جواں نہ ھو

مجھ کو بسان نقش قدم چھوڑ کر چلے
صابر نہ اعتماد رھا ھمرھاں[3] پہ کچھ

مجھ کو جگہ[4] کہاں ھو کہ آتا نہیں نظر
دل میں ترے تو غیر سے خالی مکاں مجھے

نقش قدم تلک[5] نہیں رکھتی رہ عدم
ملتا وگرنہ قافلۂ رفتگاں مجھے

کس اضطراب دل سے اٹھتا ھوں چونک چونک[6]
حاصل ھوئی نہ مر کے بھی خواب گراں مجھے

چھپتا پھروں[7] ھوں خلق کی نظروں سے پر فلک
کرتا ھے بوئے گل کی طرح سے عیاں مجھے

دل میں بھی دی جگہ تو کدورت کے ساتھ دی
رکھتے ھیں خاک[8] میں ھی ملائے بتاں[9] مجھے

دیر میں آ کے ھوئے اور ھی جلوے سے دو چار
مل گئے وہ جو ضلالت سے پڑا کار[10] مجھے

اقتباس از 'جلوۂ خضر' جلد اول صفحہ ۲۷۱ ، ۲۷۲

محاورہ غلط دھلی جو صابر نے لکھے ھیں

اصل لفظ	مستعمل دھلی	اصل لفظ	مستعمل دھلی
آردآبہ	اردابہ	پزاوہ	پجاوہ

۱- جا دیتے ھیں - ۲- مثل - ۳- ھمرھوں - ۴- میری جگہ - ۵- تک - ۶- چونک چونک کر - ۷- پھرتا ھوں - ۸- خاک ھی میں - ۹- بتاں باترکیب ۱۰- کام -

تار باقی	ٹاٹ باقی	طوطیا	توتیا
چیلابچی	چلمچی	جازم	جاجم
جرغل	ذرغل	شرک	سڑک
شله	شوله	شتا	شطاح
صدقه	صله	صلاح	صلاء
کیسه	کھیسه	نبات	نوباته
پوش	پویش	طاسه	تاشه
دم و درود	دم درود	سریشم	سریس
صدقه	سله	قربوس	قبور

اقتباس از 'جلوۂ خضر' جلد اول صفحہ ۲۷۳ :

''شہزادہ قادر بخش صابر نے اپنے تذکرۂ گلستان سخن میں دھلی کے آٹھ استادوں کا ذکر صفحہ ۷۶ میں کیا ھے :

(۱) حافظ عبدالرحمان احسان (۲) شاہ نصیر (۳) میر نظام الدین ممنون (۴) شیخ ابراھیم ذوق (۵) مرزا اسداللہ خاں غالب (۶) حکیم محمد مومن خاں مومن (۷) نواب مصطفیٰ خاں شیفتہ (۸) نواب محمد ضیاء الدین خاں نیر اور مؤلف کے تحقیق اور اصول استادی کی رو سے اور بھی حضرات ھیں جن کو منصب استادی کا بارگاہ مبدۂ فیاض سے عنایت ھوا ھے :

(۱) مولوی صدر الدین خاں آزردہ (۲) میرحسین تسکین (۳) مرزا کریم الدین رسا (۴) مرزا رحیم الدین حیا (۵) مولوی امام بخش صہبائی (۶) مرزا پیارے رفعت (۷) شہزادہ قادر بخش صابر (۸) شاہ محمد نصیر رنج (۹) مولوی عبدالکریم سوز (۱۰) نواب سعد الدین خاں شفق (۱۱) نواب زین العابدین

خاں عارف (۱۲) حکیم آغا جان عیش (۱۳) حکیم ثناء اللہ خاں فراق (۱۴) حافظ قطب الدین مشیر (۱۵) نواب الٰہی بخش خاں معروف (۱۶) مرزا نیاز علی نکہت ۔

یہ ۴۲ اساتذہ بعد دور میر تقی و سودا کے شمار میں آتے ہیں جن کے فیض سے دہلی کے مشاعروں اور شاعری کو رونق ہے ۔

اور چار حضرات اور بھی نسیم دہلوی ، داغ دہلوی ، سالک دہلوی اور تشنہ دہلوی بھی اگرچہ دہلی کی زبان کے دور میں شامل ہیں ، مگر بہ سبب اصلاح و درستی کے اس کے ماہر بھی ہیں ۔ اس لیے میں ان لوگوں میں بھی جو کچھ باتیں دہلی کی زبان کی پاتا ہوں ، اسی آخر دور میں لکھ کر دکھاتا ہوں :

گلستان بے خزاں (۱۲۹۱ھ) میں صفحہ ۱۴۴ پر صابر کے بارے میں صرف اس قدر لکھا ہے :

''صابر تخلص ، مرزا صابر نام ، ایسا مستحکم جن کا کلام جس سے سامع کو محو ھو بھو کرتے ھیں ۔''

سراپا سخن میں محسن (۱۲۷۷ھ، ۱۸۸۱ع) کہتے ہیں ۔ ''شاہ زادہ قادر بخش صابر مولد و مسکن قلعۂ مبارک شاھجہان آباد ، صاحب دیوان ۔'' (ص ۱۰۰) ۔

'سخن شعراء' (مؤلفہ عبدالغفور خاں نساخ ، مطبوعہ نولکشور ۱۲۹۱ھ) میں صابر کے بارے میں اندارج اوپر دیا جا چکا ہے ، یہاں پر اتنا عرض کرنا بے موقع نہ ہوگا کہ

نساخ نے اس کے بعد ۱۱ اشعار انتخاب کیے ھیں
گرسین دتاسی نے گلستان سخن کا ذکر اپنے خطبات میں
کیا ھے ۔ ان کے اقتباس کا اردو ترجمہ یہ ھے :

''تین تذکرے گلستان سخن کے نام سے موسوم ھیں اور
ان کے مصنف صابر ، جوش اور مبتلا ھیں ۔ ان کا حال
دیکھنا ھو تو میری تاریخ دیکھیے (خطبات گارسین دتاسی
اردو ترجمہ ، صفحہ ۳۹) ۔''

یہی مصنف اپنی تاریخ ادب ھندی و ھندوستانی کی طبع ثانی
(۱۸۷۰ع) کی جلد سوم میں صابر کا حال اس طرح لکھتا ھے :

SABIR (Mirza Qadir-Bakhsch), prince royal de Dehli, fils de Mirza Muhammad-bakhsch et eleve du maulawi Imam-bakhsch Sahbayi, est ne dans le palais imperial (quila'-i mubarak) de Dehli, et il y habitait avant l'insurrection de 1857. Sabir est auteur d'un Diwan hindoustani dont Muhcin donne des extraits. Il est en outre auteur d'un Tazkira des poetes urdus intitule Gulistan-i sukhan "le Jardin de l'eloquence." Ce Tazkira forme 544p. de 13 lignes(1) ; ily en avait, a la bibliotheque

1. Cet ouvrage est annonce comme etant imprime, dans l' Akhbar-i alam, Mirath. 22, aout 1867.

du Palais imperial de Dehli, un exemplaire qui a ete achete par le gouvernement anglais apres la prise de cette capitale en 1857 (No 1087 du Catalogue).

(HISTOIRE DE LA LITTERATURE HINDOUIE ET HINDOUSTANIE

PAR

M. Garcin De Tassy

SECONDE EDITION

PARIS

Vol III pp. 6-7.)

۱۸۵۲ء میں اس سے اخذ و ترجمہ کر کے ڈاکٹر فیلن اور منشی کریم الدین نے 'طبقات شعرائے ہند' ترتیب دیا ۔ اس مآخذ میں صابر کے بارے میں جو کچھ لکھا گیا ہے ، وہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے ۔

کریم الدین لکھتے ہیں :

''مرزا صابر ایک بادشاہ (کذا) شاہ زادے ہیں ، قلعہ شاہجہان آباد میں رہتے ہیں ۔ اون کو بٹیروں کے پکڑنے اور لڑانے کا بہت شوق ہے ۔ جب اس شوق سے فرصت پاتے ہیں ، شعر بھی کہتے ہیں ۔ میرے مکان پر مشاعرہ بارویں شعبان ۱۲۶۱ ہجری کو یہ شعر اونھوں نے

پڑھے تھے ۔ میں نے داخل پرچۂ مشاعرہ بھی کیے ہیں ۔ انتخاب ان کا یہ ہے (۶ شعر : 'پھسلانے لگے'، رہ جانے لگے' کی زمین میں) (طبقات شعرائے ہند ، ص ۱۷م)

تذکرہ نگاروں کی معلومات کا یہی عالم ہے اور اس سے زیادہ ہمیں معاصر تذکرہ نگاروں سے کچھ نہیں ملتا ۔ صابر کے کم عمر معاصرین میں 'بزم سخن' اور 'طور کلیم' کے مرتبین نے جو کچھ لکھا ہے اور پہلے عرض کیا جا چکا ہے ۔ متاخر تذکرہ نگار انھی بیانات کو نقل کرتے چلے جاتے ہیں ؛ چناں چہ 'قاموس المشاہیر' جلد ۲ صفحہ ۳۵ ، 'تذکرہ شعرائے متغزلین' از شیخ محمد اسماعیل پانی پتی (ص ۶۰۴) اور رسالہ 'نگار' کا 'تذکروں کا تذکرہ نمبر' ، (ص ۲۵۰) پر انھی معلومات کی تلخیص دی گئی ہے ۔

خود صابر کے بیانات اس کے حالات کے سلسلے میں کچھ مزید روشنی ڈالتے ہیں یا پھر ان کے دیوان 'ریاض صابر' کے مرتب عاقل دہلوی نے ان کے بارے میں کچھ مزید معلومات مہیا کی ہیں ۔ 'خم خانۂ جاوید' کے مرتب پنڈت سری رام نے بھی صابر کا ذکر کیا ہے ۔

سب سے پہلے سید محمد سلطان عاقل دہلوی پروپرائٹر مطبع اخبار آصفی واقعہ حیدرآباد دکن نے جو کچھ 'ریاض صابر' کے دیباچے میں لکھا ہے ، اس میں سے بعض اہم اندراجات پیش کیے جاتے ہیں ۔ فرماتے ہیں :

۱- "۱۲۲۳ ہجری نبوی میں شاہجہان آباد کے

قلعۂ معالی میں (جو کبھی اردو زبان کا مولد و موطن تھا) پیدا ہوئے . . . پہلے حضرت حافظ عبدالرحمان خاں احسان علیہ الرحمۃ سے مدتوں اصلاح لی ۔ ان کے انتقال کے بعد جناب مولوی امام بخش صہبائی سے فیض پایا ۔ غالب و مومن و ذوق سے ہم عصرانہ ربط رہا ۔ چناں چہ ایک قطعہ میں فخریہ فرماتے ہیں :

پہلے استاد تھے احسان و نصیر و ممنون
ہوئی احسان سے پر اصلاح طبیعت میری

پھر ہوا حضرت صہبائی کی اصلاح کا فیض
طبع باریک ہوئی ان کی بدولت میری

اور ہم بزم رہے مومن و ذوق و غالب
اوستادوں ہی سے ہردم رہی صحبت میری

ہند کا فضل و ہنر ذات پہ تھا جن کی تمام
مانتے تھے وہی اشخاص فضیلت میری

باہر آ کر نہیں مشہور ہوا میں کچھ آج
شکر ہے اپنی ہی دلی سے ہے شہرت میری

(۲) غدر تک حضرت مرحوم و مغفور دہلی ہی میں رہے . . . آخرکار گھبرا کر بنارس کی سر زمین کو اپنے قدم برکت لزوم سے تا حیات ، بلکہ قیامت تک ، شرف بخشا یعنی وہیں ۱۲۹۹ ہجری میں انتقال فرمایا ۔

ان پریشاں خیالیوں کے لکھنے والے نامہ سیاہ خاک

پائے سخن وراں سید محمد سلطان عاقل دہلوی نے تاریخ وفات کے عدد نام نامی سے نکالے یعنی محمد قادر بخش ۱۲۹۹ ھ ۔ گویا یہ نام مرنے کی تاریخ تھا ۔ یہ خاکسار بنارس ھی میں پندرہ سولہ برس تک حضرت مرحوم و مغفور کی شرف یابیٔ حضوری سے مشرف اور خوشہ چینوں کے ذیل میں ایک خاص التفات کا مستحق رہا ۔ غدر تک کا کلام حضرت ممدوح کا باغیوں کی نذر ھوا ۔ یہ دیوان جو اب اھل نظر کے ملاحظے سے گزرتا ھے ، غدر کے بعد کی کمائی ھے ، ھاں ایک تذکرہ گلستان سخن ، جو درحقیقت رنگینیٔ عبارت میں گلستان سخن ھے ، غدر کے پہلے کی طبع آزمائی ھے ۔

(۳) ''خاکسار کو ھمیشہ سے یہ آرزو تھی کہ یہ دیوان ھیچمداں کے اہتمام سے چھپے؛ چناں چہ حیدر آباد کی برکت خیز خواھشوں نے یہ جرأت دلائی اور حسب الحکم حضور مرزا محمد قیصر بخت بہادر فروغ دام اقبالہ، فرزند ارجمند حضرت مبرور ۔ ۔ ۔ اس مجسم بیش بہا کان گوھر کو جوھر شناسوں کے حضور میں پیش کرتا ھوں ۔ ۔ ۔ :

حضرت مرحوم و مغفور نے غدر سے پہلے جو کچھ فرمایا تھا ، اُس کلام میں بعض محاورات قدیم زبان کے باقی تھے؛ مثلاً 'آئے ھے ، جائے ھے' وغیرہ ، لیکن اس دیوان میں کوئی محاورہ مخصوص بہ زبان قدیم نہیں ھے ؛ البتہ چند اصطلاحیں یا محاورے دھلی کے ایسے استعمال کیے گئے ھیں جو لکھنؤ میں نہیں بولتے اور یہ اختلاف

دھلی اور لکھنؤ کی زبان کا ھے ۔ مثلاً :

جون سے گل پہ بہار آتی ھے
پہلے ہم جان فدا کرتے ھیں

اھل لکھنؤ 'جون سے' کی جگہ 'جس' کہیں گے اور اھل دھلی 'جس' اور 'جون سے' دونوں لفظوں کو ایک ھی موقع پر استعمال کرتے ھیں ، یا مثلاً لفظ 'مان' بمعنی احسان و ناز اھل لکھنؤ نہیں بولتے، یا مثلاً لفظ فکر کو اھل لکھنؤ مؤنث کہتے ھیں اور اھل دھلی دونوں طرح استعمال کرتے ھیں ۔ ۔ ۔ ۔''

خود 'ریاض صابر' کے مطالعے سے معلوم ھوتا ھے کہ ۱۸۵۷ع کی جنگ آزادی کے موقع پر صابر دھلی میں موجود تھے؛ چناں چہ دھلی کی بربادی کا انھوں نے جو قطعہ لکھا وہ یہ ھے :

قطعۂ تاریخ بربادیٔ دھلی

جو تھا دار الخلافہ شہر دھلی
فلک نے اس کو ویراں کر دیا ھے

نہیں کچھ اس کی آبادی کی صورت
اگر آباد پھر ھووے خدا ھے

وہ تھا گویا چراغ عالم افروز
سموم ظلم سے گل ھو گیا ھے

وھی یادش بخیر اپنا وطن تھا
ھمیں ملک سلیماں سے سوا ھے

رضائے حق پہ ہم شاکر ہیں ہر دم
نہ شکوہ ہے کسی سے نے گلا ہے

ہوا وہ جو مقدر میں لکھا تھا
وہ ہوگا اور جو جو کچھ لکھا ہے

نہ صابر بےقراری ہم کو زیبا
نہ یارا ضبط کا باقی رہا ہے

گھٹا جب دل تو یہ از راہ تاریخ
کہا کیا ظلم دلی پر ہوا ہے
۱۲۷۴ھ''

(ریاض صابر، ص ۲۷۴-۲۷۵)

پنڈت سری رام نے 'خم خانۂ جاوید' کے دیباچے میں "گلستان سخن' کی بڑی تعریف کی ہے اور اسے اپنے مآخذ کی فہرست میں شامل کیا ہے، لیکن ان کے انتقال کی وجہ سے خم خانۂ جاوید کی پانچویں جلد پنڈت برج موہن کیفی نے ترتیب دی ۔ اس میں صابر کے بارے میں جو اطلاعات ہیں وہ ذیل میں دی جاتی ہیں :

(اقتباس از 'خم خانۂ جاوید' جلد پنجم مؤلفہ لالہ سری رام دھلوی مطبوعہ دھلی ۔)

''صابر : صاحب عالم مرزا محمد قادر بخش گورگانی دھلوی ابن مرزا مکرم بخت ۔ آپ کی ولادت ۱۲۲۳ھ میں لال قلعہ میں ہوئی ۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ شمیم اقبال خسروی سے ایک

عالم کا دماغ معطر ہو رہا تھا ۔ ہر طرف عیش و مسرت نے اپنا سکہ جما رکھا تھا ۔ آپ نے بھی آنکھ کھول کر یہی دیکھا کہ راجہ سے پرجا تک سب رنگ رلیاں منا رہے ہیں ۔ ایک عرصے تک یہی منظر پیش نظر رہا ؛ یکایک شاہانہ درخت اقبال نے جڑ چھوڑ دی ۔ لال قلعہ تباہ و برباد ہوگیا اور تخت شاہی پر ایک نئی بساط بچھی ۔ وہ بساط جس کو بابر نے ہندوستان کے تخت پر بچھایا تھا ، چشم زدن میں اُلٹ گئی ۔ مرزا صاحب کے بڑے صاحب زادے مرزا قیصر بخت کا عقد بنارس میں ہوا تھا ۔ مرزا صابر بھی بعد غدر بنارس ہی میں جا رہے مگر وطن کی کشش ایسی نہ تھی کہ ان کو وہاں رہنے دیتی ۔ چناں چہ اکثر دلی آتے رہتے اور اپنے یاران طریقت سے مل جل کر واپس ہو جاتے ۔ قدرت نے ان کو اور خوبیوں کے علاوہ شاعرانہ طبیعت بھی عطا کی تھی ۔

جس وقت مرزا صاحب نے شعر کہنا شروع کیا تھا حافظ عبدالرحمان خاں احسان سے مشورہ کرتے رہتے تھے ۔ ان کے انتقال (۱۲٦۷ھ) کے بعد مولانا امام بخش صہبائی کی طرف رجوع لائے اور پھر آخر تک انھیں کی اُستادی کا دم بھرتے رہے ۔ غالب و ذوق و مومن سے معاصرانہ ربط رہا اور اپنی شرکت سے ان کی محفلوں کو ہمیشہ گرماتے رہے ۔ خاندان تیموریہ میں شاید شاہ ظفر کے سوا حضرت صابر کا سا کوئی باکمال شاعر نہیں ہوا ۔ آپ کے کلام میں جو لذت ہے اس کے مزے سے دل ہی آگاہ ہو سکتا ہے ۔ اورات جس قدر آپ کے کلام میں پائے جاتے ہیں وہ موجودہ زمانے کے فصحا اور شرفاء کی زبان زد ہیں ۔ رعایت لفظی کی پابندی اور

تشبیہات کی قید سے آپ کا شہباز خیال آزاد نظر آتا ہے۔ پاکیزہ تخیل کے ساتھ زبان کی سلاست و انداز بیان کی دل فریبی جو لطف دیتی ہے ، اس کا اظہار زبان قلم سے کافی نہیں ہو سکتا ۔ گلستان سخن ایک تذکرۂ شعراء بھی آپ نے لکھا تھا ۔ آپ کے تلامذہ میں مرزا عبدالغنی ، ارشد نورگانی ، سحر ، شاکر ، عاقل وغیرہ باکمالوں کا کلام موجود ہے جن کو آپ کے خرمن سخن سے برسوں گل چینیاں کرنے کا فخر حاصل رہا ہے ۔

''آپ نے ۱۲۹۹ھ میں بہ مقام بنارس ۷۶ سال کی عمر میں انتقال کیا ۔ آپ کا دیوان 'ریاض صابر' کے نام سے موجود ہے ۔''

ان معلومات میں خود صابر کے بیانات اور بعض دیگر ذرائع سے ہم جو اضافہ کر سکتے ہیں وہ یہ ہے :

اسرار تخلص مرزا سپہر شکوہ ابن مرزا طہماسپ ابن مرزا سلیمان شکوہ کے بارے میں صابر نے خود لکھا ہے کہ وہ راقم آثم کے خسر تھے ۔ چند روز ہوئے کہ وفات پائی اور مزار ان کا آن سوے دریاے جمن شاہ بڑے کے تکیے میں واقع ہے (ص ، ۲۶۶) ۔ اسی طرح مرزا سعادت سلطان ابن مرزا قادر بخش موزوں کے بارے میں فرماتے ہیں کہ وہ خسر پور راقم ہیں (ص ، ۳۵۹) ۔ اسی طرح گلستان سخن میں انھوں نے اپنے شاگردوں کا حال بھی درج کیا ہے ۔ چناں چہ آرزو (جلد اول ، ص ۲۲۴) ، ایجاد (جلد اول ، ص ۲۸۲) ، بسمل (جلد اول ، ص ۲۸۹) ، پریشان (جلد اول ، ص ۳۲۱) ،

تپش (جلد اول ، ص ۳۳۲)، تیمور (جلد اول ، ص ۳۵۹) ، سپہر (جلد دوم ، ص ۳) ، فروغ (جلد دوم ، ص ۲۷۹) ، قناعت (جلد دوم ، ص ۳۰۲) ، قیس (جلد دوم ، ص ۳۱۴) ، ماہر (جلد دوم ، ص ۳۱۳) ، مظفر (جلد دوم ، ص ۳۶۹) ، موزوں (جلد دوم ، ص ۳۸۸) ، ناصر (جلد دوم ، ص ۴۱۹) کا حال لکھا ہے ۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل شعراء کے بارے میں ہمیں قطعی طور پر معلوم ہے کہ وہ صابر کے رشتہ دار تھے (چناں چہ گلستان سخن میں ان اعزا کا ذکر ہوا ہے) :

اسرار : مرزا سپہر شکوہ ، خسر صابر ۔

ایجاد : مرزا رحیم الدین پسر مرزا حسین بخش ۔

تہور : مرزا غلام فخر الدین ، برادر صابر ۔

تیمور : مرزا سعادت سلطان (صابر کا خسر زادہ و شاگرد)۔

فروغ : محمد عمر سلطان فرزند صابر۔

صابر کے دوسرے اعزا جو شاعر بھی تھے، ان کی تعداد سات ہے اور وہ یہ ہیں :

۱۔ قیصر : مرزا خدا بخش ، نواسۂ شاہ عالم ، صابر کے ماموں ۔

۲۔ قناعت : مرزا غلام نصیر الدین خلف مرزا ولی الدین ابن مرزا زاہدالدین ابن شاہ عالم ثانی شاگرد احسان و صابر ۔

۳- کامل : مرزا ناصر الدین معروف به محمد مرزا ابن مرزا ابو سعید ، برادر عم زاد صابر و رحیم الدین حیا ، یہ شاگرد حیا تھے۔

۴- ماہر : مرزا جمعیت شاہ خلف الصدق مرزا ذوالفقادر بخت ابن مرزا جمشید بخت ابن حضرت فردوس منزل شاہ عالم بادشاہ شاگرد صابر ۔

۵- موزوں : مرزا قادر بخش خسر پور صابر ۔

۶- مہجور : مرزا ہدایت علی مرحوم ابن مرزا احسن الدین مغفور ابن حضرت عالمگیر ثانی ، صابر ہیچمداں کے برادر عم زاد ۔

۷- ناصر : مرزا محمد علی بیگ پسر مرزا احمد بیگ ، فن شعر میں راقم تذکرہ سے مستفید ۔

دوسرے تذکروں سے ان کے رشتے داروں کے بارے میں ہمیں جو معلومات ملتی ہیں وہ یہ ہیں :

ارشد گورگانی

''ارشد : صاحب عالم مرزا عبد الغنی گورگانی دہلوی خلف مرزا علی بہادر ابن شاہ زادہ دلاور شاہ خلف الرشید حضرت احمد شاہ بادشاہ ، پیدائشی قلعۂ معالی مین ہوئی ۔ ابھی ۶ ، ۷ برس سے زیادہ عمر نہ ہونے پائی تھی کہ غدر ہوگیا ۔ ۔ ۔ چناں چہ ایام طفولیت میں کئی سال تک قطب صاحب میں رہے اور وہیں کتب درسیہ

پڑھیں ۔ اس کے بعد سررشتۂ تعلیم پنجاب میں ملازم ہوگئے ۔ کچھ عرصہ لاہور ، مگر زیادہ عرصہ فیروز پور میں فارسی کے ہیڈ مولوی رہے ۔ شاعری کی ابتدا بچپن ہی سے ہوگئی تھی ۔ مرزا قادر بخش صاحب صابر مرحوم آپ کے رشتے میں ماموں ہوتے تھے ۔ انھیں علاوہ زبردست استعداد عربی و فارسی ، علم عروض پر ایسا عبور تھا کہ اس فن میں مستند سمجھے جاتے تھے اور فن شعر میں تو استاد مسلم الثبوت تھے ۔ صابر مرحوم کے بڑے صاحب زادے مرزا عمر سلطان معروف بہ مرزا قیصر بخت فروغ بنارس میں شادی ہو جانے کے باعث وہاں جا رہے تھے ۔ اگرچہ مرزا صابر بھی وہاں آتے جاتے رہتے تھے ، مگر ان کا زیادہ تر دہلی میں قیام رہتا تھا ۔ مرزا سے انھیں خاص اُنس تھا ۔ ان کی ذکاوت ، تیزی اور رسائی فکر کو دیکھ کر جان گئے کہ خدا نے اسے غیر معمولی دماغ دیا ہے ۔۔۔ اسی اثنا میں مرزا صابر بنارس تشریف لے گئے ۔ وہاں جا کر چند ہی روز اصلاح کا سلسلہ جاری رکھا کہ مرزا صابر نے لکھ بھیجا کہ اب تم بجائے خود استاد ہو ، تمھیں اصلاح کی کوئی احتیاج نہیں ۔ مرزا صابر مرحوم ہمیشہ ان پر ناز فرمایا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ساری عمر کی کمائی دو شاگرد ہیں ؛ اول یہ اور دوسرے مرزا فروغ صاحب زادہ کلاں ۔۔۔ ۵۸ برس کی عمر میں ۲۰ فروری ۱۹۰۶ع کو اچانک

اس دار فانی سے ملک جاودانی کو سدھارے اور ملتان میں پیوند زمین ہوئے۔''

(خم خانۂ جاوید جلد اول صفحہ ۲۶۲ تا ۲۶۶)

ارشد

''ارشد تخلص ، مرزا عبدالغنی دہلوی شاگرد مرزا قادر بخش صابر :

صاحب ہماری جان بھی صدقے ہے دل تو کیا
بندہ کچھ ان ہٹوں سے ہٹایا نہ جائے گا

دل کیا ملائیں دل میں کدورت ہے آپ کے
دل ہم سے خاک میں تو ملایا نہ جائے گا

غم ہجر اور اس پہ رشک رقیب
مرض میں مرض دوسرا ہو گیا

(سخن شعراء ، ص ۳۱)

مرزا محمد سلیمان قدر تسخیر

''تسخیر تخلص ، مرزا محمد سلیمان قدر بہادر تسخیر نبیرۂ مرزا آسماں قدر نمود گورگانی مقیم لکھنؤ ، شاگرد میر ہادی بے خود ۔ غدر کے بعد والد بزرگ وار کے ہم راہ بنارس چلے گئے ۔ وہاں مرزا صابر کی تحریک سے شاعری کی ابتدا ہوئی ۔ ان کی وفات کے بعد ۱۳۰۵ھ میں پھر لکھنؤ میں رہائش اختیار کی اور مشاعرے کی بنا ڈالی ۔ ان کے بیٹے مرزا حیدر قدر ماہ نے اس کا

دیوان چھپوا دیا ہے''

(خمخانۂ جاوید جلد دوم ، صفحہ ۵۴ ، ۵۵ ، مطبوعہ دہلی ۱۹۱۱ء)

مرزا غلام فخرالدین

''تہور تخلص ، مرزا غلام فخرالدین برادر حقیقی مرزا قادر بخش صابر ، شاگرد حافظ عبدالرحمان خاں احسان و مومن خاں دہلوی ، عین شباب میں انتقال کیا :

سنتے ہی نام غیر تہور بھی ہے غضب
اس جنگ جو سے لڑنے کو تیار ہوگیا

لے آئے ذرا خط کا جواب اس سے کسی ڈھب
افسوس کہ قاصد سے اب اتنا نہیں ہوتا

ناصحا پند و نصیحت تو نہ کر محفل میں
کہ مرے ساتھ کوئی اور بھی رسوا ہوگا

اب ہے کیا باقی جو ہے کاوش تری دست جنوں
چاک داماں ہوگیا ٹکڑے گریباں ہوگیا''

(سخن شعراء ، ص ۹۴)

''فروغ تخلص ، محمد عمر سلطان دہلوی خلف مرزا قادر بخش صابر تخلص :

دیا ہو جھوٹ ہی گو نامہ بر نے مژدۂ وصل
پر اس کے کہنے سے دل کو تو یک قرار آیا

کیا ہو آپ نے گو سچ ہی وعدہ آنے کا

یہ سوچیے تو کہ مجھ کو کب اعتبار آیا

لے کے آتے ہو ساتھ غیروں کو

باز آیا میں اس عنایت سے"

(سخن شعراء، ص ۳۶۶)

"جعفر : مرزا جعفر بخت بہادر جعفر نبیرۂ برادر مرزا قادر بخش صاحب بہادر صابر گورگانی - ۱۸۷۲ع میں حیات تھے اور بنارس میں رہتے تھے - فن سخن میں غالباً اپنے نام ور بزرگ حضرت صابر سے مشورہ لیتے تھے - چند غزلیں ہنگام ترتیب تذکرہ نظر سے گزریں - اُن کا انتخاب حاضر ہے - کلام سے پایا جاتا ہے کہ تلاش مضمون و الفاظ اچھی اور بندش چست ہے"

(خم‌خانۂ جاوید، جلد دوم، مطبوعہ لاہور ۱۹۱۱ع، صفحہ ۲۳۱)

"مخفی تخلص، سلطان جہاں بیگم نام - صاحب عالم مرزا قادر بخش صابر کی بیوی تھی - سنا ہے کہ اس مرحومہ کا کلام بہت ہے، الّا یہ دو شعر اس کے میسر آئے ہیں :

لنڈھائی مے کہ پئیں خفتگان خاک شراب

قسم خدا کی عسس کو بڑا ثواب ہوا

خدا جانے کیا بات ہے اس میں مخفی

کہ اس ظلم پر جی کو بھاتا بہت ہے"

(بہارستان ناز از فصیح الدین رنج میرٹھوی - اتمام تصنیف ۱۸۶۳ء ، طبع ثالث مطبع عثمانی میرٹھ ۱۸۸۲ء صفحہ ۸۶)

اس کے علاوہ درگا پرشاد نے مرأت خیالی میں ان کا تفصیلی حال لکھا ہے - صابر کی زندگی ہی میں ان عفیفہ کا انتقال ہوا - چناں چہ صابر نے ان کی وفات پر قطعۂ تاریخ بھی لکھا - فرماتے ہیں :

''تاریخ وفات ملکۂ ملکی جناب نواب جہاں سلطان بیگم صاحبہ مرحومہ و مغفورہ زوجۂ مصنف :

سلطان جہاں جہاں بود
زینت دہ دودمان شاہی

چوں رخت حیات زیں جہاں بست
در جادۂ خلد گشت راہی

آں مہر چوں شد بہ برج خاکی
شد تیرہ ز ماہ تا بہ ماہی

تاریخ وفات گفت صابر
ویرانئ خانہ شد الٰہی''

۱۲۸۳ھ

('ریاض صابر' ص ۲۷۳)

''قطعۂ تاریخ وفات برادر صاحب مرزا فیاض الدین بہادر مرحوم رئیس شاہ زادگان بنارس و خسر فرزند مصنف :

حلم بحر سخـا و معدن جـود
در جہاں را بہ تار مرگ بسفت

عقل سال وفات آں ذی قدر
"فخـر شہزادگیٔ ہند بگفت"
۱۲۸۶ھ

دیگر برائے لوح مزار :
لحد مرزا فیاض الدین
۱۲۸۶ھ

(ریاض صابر ، ص ۲۷۲)

صابر کے کل شاگردوں کی تعداد چوبیس ہے ۔ سخن شعراء میں عبدالغفور نساخ نے اٹھارہ شاگردوں کا تذکرہ کیا ہے جن کے نام اور تخلص یہ ہیں :

۱۔ آرزو مرزا علاؤ الدین

۲۔ ارشد عبدالغنی

۳۔ افسر مرزا محمد دہلوی

۴۔ ایجاد مرزا رحیم الدین

۵۔ بسمل حافظ محمد حسین

۶۔ بلند صفدر علی بیگ

۷۔ پریشاں عبد الرحیم دہلوی

۸۔ تپش یوسف علی

۹- تیمور مرزا سعادت سلطان

۱۰- سپہر شتاب خاں

۱۱- شاہی مجاہدالدین دہلوی

۱۲- فروغ محمد عمر سلطان

۱۳- قناعت مرزا غلام نصیرالدین

۱۴- قیس سید مرزا علی دہلوی

۱۵- ماہر جمعیت شاہ

۱۶- مظفر مرزا مظفر

۱۷- موزوں قادر بخش

۱۸- ناصر مرزا محمد علی بیگ

بعض دوسرے ذرائع سے مندرجہ ذیل شاگردوں کا پتا بھی چلتا ہے۔ ان میں بیوی اور دوسرے رشتہ دار بھی شامل ہیں:

شوخی: نادر شاہ، رام پوری۔

فائز: مولوی محمد حسن فائز بنارسی۔

شاکر: مرزا محمود شاہ۔
(رسالہ زبان دہلی ستمبر ۱۸۹۳ع میں شاکر کی غزل ہے)۔

مخفی: سلطان جہاں زوجۂ صابر۔

غامی: میرزا شجاع خلف مرزا داؤد شاہ۔ مرزا قادر بخش صابر مؤلف گلستان سخن کے نواسے خاندان تیموریہ سے ہیں۔ چھبیس برس کی عمر، پہلے اپنے نانا کے

شاگرد تھے ۔ اب نواب مرزا خاں داغ سے
مشورہ ہے ۔ اگرچہ دہلی ان کا وطن ہے مگر اب
یہیں مقیم ہیں ، یہ ان کا کلام ہے :

دل تھام کے بیٹھے وہ جگر تھام کے اٹھے
اتنا تو کیا ہے مرے نالوں نے اثر آج

کچھ نشہ ہے کچھ نیند ہے کچھ شرم و حیا ہے
آنکھوں سے کھلا رات کی صحبت کا اثر آج

صابر کے پوتے مرزا مکرم بخت ترحم بھی شاعر تھے ۔
'جلوۂ یار' میرٹھ کے فروری ۱۹۱۱ع کے شمارے میں ص ۱۰
پر ان کے بارے میں مندرجہ ذیل اندراج پایا جاتا ہے :

''جناب شاہ زادہ مرزا مکرم بخت صاحب ترحم گورگانی
خلف شاہ زادہ مرزا قیصر بخت صاحب فروغ مرحوم :

جدائی میں جناب دل نہ تم اس طرح مضطر ہو
خدا جانے وصال یار کب ہو اور کیوں کر ہو

مقابل روئیے دلبر کے گر خورشید محشر ہو
یقیں ہے وہ بھی حیراں ہو یقیں ہے وہ بھی ششدر ہو

وہ دل بھی مانگتے ہیں مجھ سے لیکن شرط بھی یہ ہے
کوئی اچھے سے اچھا ہو کوئی بہتر سے بہتر ہو

وہ آ کر حال پرسی بھی مری اس طرح کرتے ہیں
کہو کیا رنگ ہے کیسے ہو کس کے غم میں مضطر ہو

نہیں ہے وہ تو اس میں کس قدر وحشت برستی ہے
اگر وہ حوروش آ جائے تو جنت مرا گھر ہو

فراق برق وش میں صورت سیماب مضطر ہوں
جواب ابر تر اپنا نہ کیوں کر دیدۂ تر ہو

ترحم کیوں نہ ہو بزم سخن میں آپ کی شہرت
نبیرے حضرت صابر کے ہو اچھے سخن ور ہو''

۱۲۸۳ھ میں 'گل دستۂ انجمن' کے نام سے ایک مجموعہ غزلیات مطبع اکبری سے شائع ہوا تھا جسے محمد عبدالکریم نے ترتیب دیا تھا۔ یہ روداد ان مشاعروں کی دو نشستوں کی ہے جسے محمد کرم اللہ خان صاحب خلف محمد شفیع خان عرف منشی آغا جان صاحب اور محمد احسان الرحمان خان صاحب خلف اصغر نواب سیف الرحمان خان صاحب عرف موسیٰ خان صاحب منعقد کراتے تھے۔ یہ مجلس مہینے میں دو بار برپا ہوتی تھی۔ انتظام میر عبدالرحمان خلف میر حسین تسکین کرتے تھے۔ ان مشاعروں میں صابر کے کئی شاگردوں نے شرکت کی۔ مثلاً مرزا عبدالغنی ارشد صاحب عالم مرزا محمد عثمان افسر، شتاب خاں سپہر، مرزا مجاہدالدین شاہی، مرزا علی قیس۔ خود قادر بخش صابر بھی شریک مشاعرہ ہوئے۔ روداد کے صفحہ گیارہ پر صابر کا کلام اس طرح درج ہے:

''دودمان گورگانی حضرت صاحب عالم جہاں پرور مرزا محمد قادر بخش صاحب المتخلص بہ صابر، صاحب 'تذکرۂ گلستان سخن' از ارشد تلامذۂ جناب حافظ عبدالرحمان خان احسان مغفور و مرحوم،

صاحب دیوان و فخر ہندوستان سلمہ اللہ تعالیٰ ۔''

اس عنوان کے بعد طرحی مشاعرے کی ایک غزل ہے جس کے ۱۵ شعر ہیں ۔ مطلع یہ ہے :

یہ ضعف ہے تو کام بنایا نہ جائے گا
ہم سے ترے خیال میں جایا نہ جائے گا

اسی مشاعرے کی دوسری نشست میں مرزا محمد عثمان شاگرد صابر اور مرزا عبدالغنی ارشد شاگرد صابر بھی شریک ہوئے تھے اور غالب نے اس مشاعرے میں ایک غیر طرحی غزل پڑھی تھی ۔ ان معاصر معلومات سے ہمیں صابر اور ان کے رشتے داروں اور شاگردوں کے بارے میں کچھ نہ کچھ معلومات مل جاتی ہیں ۔ لیکن ان اطلاعات میں صابر کی پیدائش کا کہیں ذکر نہیں ہے ۔ 'تذکرہ یادگار ضیغم' میں صفحہ ۲۶۷ تا ۲۶۸ پر صابر کے لڑکے مرزا قیصر بخت بہادر فروغ تخلص کے حالات درج ہیں اور ضمناً صابر کی عمر کا تذکرہ بھی موجود ہے ۔ فرماتے ہیں :

''فروغ تخلص ، مرزا قیصر بخت بہادر نام ، شاہ زادگان دہلی سے ہیں ۔ مرزا جواں بخت اک زمانے سے دہلی چھوڑ کر بنارس چلے آئے تھے ۔ اس وقت سرکار انگلشیہ سے مواجب مناسب مقرر ہو گیا تھا ۔ چناں چہ وہ سب ان کے خاندان پر منقسم ہے اور ان سب میں ایک رئیس ہوتا ہے ؛ چناں چہ اب ان کی خوش دامن رئیسہ ہیں ۔ بغاوت مرزا ابوالظفر مرحوم شاہ دہلی نے کچھ اثر ان کے خاندان پر نہیں کیا ۔ نواب گورنر جنرل بہادر

اسی اعزاز سے ان کی ملاقات کرتے ہیں ۔ اب بہ اصرار صاحبان انگریز ڈپٹی انسپکٹر مدارس حمیر (ھمیر) پور ہیں ۔ علم مناسب ہے شعر فارسی اردو خوب کہتے ہیں ۔ آدمی خوش رو خوش اخلاق ہیں ، اکثر ان کے شاگرد بنارس ، جون پور وغیرہ میں موجود ہیں ۔ ان کو تلمذ اپنے والد مرزا قادر بخش صابر مرحوم سے رہا ہے ۔ وہ تیموریہ خاندان میں تھے ۔ شعر گوئی سے بہت شوق تھا ۔ عبدالرحمان خاں احسان کے ارشد تلامذہ میں سے تھے ۔ ذوق و غالب و مومن کے ہم طرح رہا کرتے تھے ۔ کبھی کبھی امام بخش صہبائی کو بھی کلام دکھاتے تھے ۔ ۸۰ ، ۸۲ برس عمر پا کر ۱۳۰۰ھ میں وفات پائی ۔ ان کی عمر چالیس برس کی ہے ۔ چند شعر اردو تذکرہ کے دیے جاتے ہیں ۔

بڑھ گئی بعد مرے گرمیٔ وحشت میری
مثل سیماب گزوں اڑتی ہے تربت میری (۹شعر)''

(یادگار ضیغم)

اس سے قیاس ہو سکتا ہے کہ جب ۱۳۰۰ھ میں اسّی یا بیاسی برس کی عمر میں صابر کا انتقال ہوا تو پیدائش ۱۲۱۸ھ کے لگ بھگ ہوئی ہوگی ۔ 'ریاض صابر' کے اوپر درج شدہ اقتباس سے ہمیں معلوم ہے کہ ۱۲۹۹ھ میں صابر کا انتقال ہوا اور پیدائش ۱۲۲۳ھ تھی ، وفات کے وقت عمر ۷۶ برس ہوتی ہے ۔ گلستان سخن میں مرزا سلیمان شکوہ کے حال میں صابر نے لکھا ہے :

''مدت سے لکھنؤ اور بیشتر مستقرالخلافت آگرے میں
تشریف فرما رہے ۔ راقم کی یاد میں حضرت شاھجہان آباد
میں رونق افروز ہوئے تھے ، پھر سرزمین اکبر آباد
میں تشریف لے جا کر قیام کیا اور بعد مدت اسی
گلشن فیض سے گلزار جناں کی طرف کوچ کیا ۔''

(گلستاں سخن ، ج اول ، ص ۲۰)

سلیمان شکوہ ۱۲۰۳ھ میں لکھنؤ میں فروکش ہوئے اور
غازی الدین حیدر کے اعلان بادشاھت کے موقع پر ۱۲۳۴ھ
میں انہوں نے لکھنؤ چھوڑا ، کاس گنج گئے ، وھاں سے آگرے
میں سکونت پذیر ہوئے اور ۲۹ ذیقعدہ ۱۲۵۳ھ مطابق
۲۴ فروری ۱۸۳۸ع کو انتقال کیا ۔ صابر کے بیان کے مطابق
گویا وہ ۱۲۳۴ھ کے بعد اور ۱۲۵۳ھ سے پہلے دلی آئے تھے ۔
'بعد مدت' کا قرینہ یہ کہتا ھے کہ ۱۲۳۴ھ کے لگ بھگ
ھی دلی کا سفر کیا ھوگا ۔ اس وقت (۱۲۳۴ھ) صابر کی عمر
اتنی ضرور تھی کہ انھیں شاہ زادے کی آمد کا حال یاد رھا ۔

تصانیف

صابر 'گلستان سخن' کے علاوہ صاحب دیوان بھی تھے اور
ان کا یہ دیوان ان کے انتقال کے بعد سید محمد سلطان عاقل دھلوی
نے شائع بھی کیا تھا ۔ عاقل صابر کے شاگرد تھے اور انھوں
نے اس منظوم مجموعے کو ۱۳۰۵ھ میں ترتیب دیا ۔
گلستان سخن پر تفصیلی مضمون آئندہ اوراق میں ملاحظہ فرمائیے
یہاں پر 'ریاض صابر' کے بارے میں بعض تفصیلات شاید بے موقع
نہ ہوں گی ۔ وھو ھذا :

۱- صفحہ ۲ سے ۸ تک مرتب دیوان سید محمد سلطان عاقل دہلوی کا دیباچہ ہے۔

۲- اس کے بعد دیوان غزلیات ردیف وار شروع ہوتا ہے۔ صفحہ ۱ سے صفحہ ۲۶۵ تک دیوان غزلیات ہے۔ صفحہ ۲۶۶ سادہ ہے، صفحہ ۲۶۷ پر 'اشعار متفرقات' ہیں۔

۳- صفحہ ۲۶۸ پر 'قطعات' شروع ہو جاتے ہیں۔ کل ۷ قطعات ہیں جو صفحہ ۲۶۹ پر ختم ہو جاتے ہیں۔

۴- صفحہ ۲۶۹ سے ہی 'رباعیات' شروع ہو جاتی ہیں جو صفحہ ۲۷۲ پر ختم ہوتی ہیں۔

۵- صفحہ ۲۷۳ سے 'قطعات تاریخیہ' شروع ہوتے ہیں۔ پہلا قطعہ 'تاریخ وفات مرزا فیاض الدین بہادر' کا ہے جس سے سن ۱۲۸۶ھ نکلتا ہے۔ دوسرا قطعہ 'تاریخ پیدائش مولوی محمد عبد السلام ابن محمد فیض القدیر' کا ہے جس سے سن ۱۲۷۱ھ برآمد ہوتا ہے۔ تیسرا قطعہ 'تاریخ وفات نواب جہاں سلطان بیگم زوجۂ مصنف' کا ہے جس کا سن ۱۲۸۳ھ ہے۔ چوتھا قطعہ 'تاریخ انتقال مولوی فیض القدیر' کا ہے جس سے سن ۱۲۹۷ھ نکلتا ہے۔ پانچواں قطعہ 'تاریخ وفات شاہ غلام فرید' ہے جس سے سن ۱۲۶۷ھ برآمد ہوتا ہے۔ چھٹا قطعہ 'تاریخ وفات شیخ ابراہیم ذوق دہلوی' کا ہے جس سے

سن ۱۲۷۱ھ نکلتا ہے - ساتواں قطعہ 'تاریخ بربادی دہلی' کا ہے جس سے سن ۱۲۷۴ھ نکلتا ہے - آٹھواں قطعہ۸ 'تاریخ طبع کتاب 'کان تاریخ' مصنفہ ناظر رام پرشاد طاہر' کا ہے جس سے سن ۱۲۹۵ھ برآمد ہوتا ہے - یہ آخری قطعۂ تاریخ صفحہ ۲۷۵ پر ہے - کل ۸ قطعات تاریخ ہیں -

۶- صفحہ ۲۷۵ سے ہی 'قصیدہ در نعت شروع ہوتا ہے جو صفحہ ۲۸۱ پر ختم ہوتا ہے - صرف یہی ایک قصیدہ ہے -

۷- صفحہ ۲۸۱ سے 'سلام' شروع ہوتا ہے، دوسرا سلام صفحہ ۲۸۲ سے شروع ہوتا ہے جو صفحہ ۲۸۳ پر ختم ہو جاتا ہے - صرف دو سلام ہیں -

۸- صفحہ ۲۸۳ سے 'مخمسات' شروع ہو جاتے ہیں - کل ۵ مخمسات ہیں جو صفحہ ۲۹۳ پر ختم ہو جاتے ہیں -

۹- صفحہ ۲۹۳ سے 'واسوخت' شروع ہوتا ہے جو بہ صورت مسدس ہے - یہ واسوخت صفحہ ۳۰۴ پر ختم ہوتا ہے -

۱۰- اس کے بعد ۳۰۵ سے 'سراپائے معشوق بے وفا' بہ صورت مسدس ہے جو صفحہ ۳۱۰ پر ختم ہوتا ہے - صفحہ ۳۱۰ پر ہی 'تمام شد کلیات حضرت صابر مرحوم' ہے - یہاں پہنچ کر مرزا قادر بخش صابر کا کلام ختم ہو جاتا ہے -

۱۱- اس کے بعد صفحہ ۳۱۱ سے مصنف (مرزا قادر بخش صابر) کی وفات کے قطعات تاریخیہ ھیں ۔ پہلا قطعہ تاریخ انتقال ، مصنف کےصاحب زادے مرزا قیصربخت بہادر المتخلص بہ فروغ کا ھے جو صفحہ ۳۱۵ پر ختم ھوتا ھے، سن ۱۲۹۹ھ نکالا ھے ۔ اس کے آخر میں فروغ نے 'تاریخ انطباع دیوان' کے لیے دو شعری فارسی قطعہ کہا ھے ۔ دوسرا قطعہ تاریخ انتقال مصنف قاضی وزیر حسن صاحب عطارد کا ھے جو صفحہ ۳۱۷ پر ختم ھوتا ھے ۔ تیسرا قطعہ تاریخ، مولوی محمد ناصر صاحب الہام کا ھے ۔ الہام نے تین قطعات کہے ھیں ۔ آخری قطعہ تاریخ نواب حافظ محمد زکریا خاں صاحب ذکی دھلوی کا ھے جو فارسی زبان میں ھے ۔ صفحہ ۳۱۸ پر یہ قطعات تاریخ وفات مصنف ختم ھو جاتے ھیں ۔ تمام قطعات سے سن ۱۲۹۹ھ برآمد ھوتا ھے ۔ کتاب کے صفحات کی ترتیب بھی یہیں ختم ھو جاتی ھے ۔ آخری صفحہ ۳۱۸ ھے ۔

۱۲- آخر میں ۱۲ صفحات کا ایک ضمیمہ ھے جو ایک تقریظ اور چند قطعات تاریخ طبع کتاب پر مشتمل ھے ۔ تقریظ حکیم سید محمد علی حسین خاں صفوی المعروف بہ حکیم انور آغا المتخلص بہ عالم و خرد لکھنوی ابن مظفرالدولہ ناصرالملک مرزا حسن علی خاں بہادر نصرت جنگ کی ھے ۔ اردو نثر کی یہ تقریظ صفحہ ۷ پر ختم ھوتی ھے ۔ اسی صفحے پر اس تقریظ کے ختم ھونے کے بعد تقریظ نگار نے

دو قطعات تاریخ انطباع کتاب کہے ہیں ۔ پہلا اردو میں اور دوسرا فارسی میں ۔ ہر ایک سے سن ۱۳۰۴ھ برآمد ہوتا ہے ۔ اس کے بعد مرقومۃالذیل شعرائے کرام نے قطعات تاریخ انطباع کتاب کہے ہیں :

۱۔ نواب مرزا خاں صاحب المتخلص بہ داغ دہلوی دو قطعے ہیں ۔ پہلا اردو میں اور دوسرا فارسی میں ۔

۲۔ سید ظہیرالدین حسین عرف نواب مرزا المتخلص بہ ظہیر دہلوی شاگرد ذوق ۔ تین شعر کا اردو قطعہ ہے ۔

۳۔ نواب وحید الدین احمد خاں متخلص بہ وحید ۔ پہلا قطعہ فارسی میں ہے اور دوسرا اردو میں ۔

۴۔ سید محمد کاظم حبیب کنتوی المتخلص بہ حبیب ۔ فارسی قطعہ ہے جس سے سن ۱۳۰۵ھ برآمد ہوتا ہے ۔

۵۔ جناب سید محمد کاظم حسین المتخلص بہ شیفتہ کنتوری فارسی قطعہ ہے جس سے سن ۱۳۰۵ھ نکلتا ہے ۔

۶۔ جناب میر اصغر حسین صاحب المتخلص بہ ناجی ۔ اردو قطعہ ہے ۔

۷۔ جناب مرزا جان بیگ صاحب صادق دہلوی ۔ اردو قطعہ ہے ۔

۸۔ جناب سید الطاف حسین قابل، شاگرد عاقل دہلوی ۔

اردو قطعہ ہے۔

یہ آخری قطعہ ہے جو صفحہ ۱۲ پر ختم ہوتا ہے۔

ماہ صفر کے آخری چہار شنبے کے متعلق مرزا قادر بخش صابر فرماتے ہیں :

صفر کا آخری ہے چار شنبہ گھر سے شاہوں کے
بٹا کرتے ہیں چھلے یہ بھی اک رسم شہانہ ہے

شۂ خوباں ہو تم بھی ایک چھلا ہاتھ کا اپنے
نشانی گر ہمیں بھیجو تو یہ اچھا بہانہ ہے

اسی موضوع سے متعلق دوسرا قطعہ ملاحظہ فرمائیے :

آخری چار شنبے کو سب لوگ
روند کر سبزہ ، عید کرتے ہیں

ہم جو عاشق مزاج ہیں تو آج
سبزہ رنگوں کی دید کرتے ہیں

اس موضوع پر مرزا غالب کا قطعہ ملاحظہ فرمائیے :

ہے چار شنبہ آخر ماہ صفر ، چلو
رکھ دیں چمن میں بھر کے مۓ مشکبو کی ناند

جو آئے، جام بھر کے پیے ، اور ہو کے مست
سبزے کو روندتا پھرے ، پھولوں کو جائے پھاند

غالب یہ کیا بیاں ہے ، بجز مدح بادشاہ
بھاتی نہیں ہے اب مجھے کوئی نوشت و خواند

بٹتے ہیں سونے روپے کے چھلے حضور میں
ہیں جن کے آگے سیم و زر و مہر و ماہ ماند

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانے میں چار شنبہ آخر ماہ صفر کو شاہی تقریب کی صورت میں منایا جاتا تھا۔ شاہی دربار میں لوگ قصیدے پیش کرتے تھے۔ چھلوں کے بٹنے کی رسم کا ذکر صابر کے قطعے میں موجود ہے اور سبزے کا روندنا بھی اسی قبیل سے ہے۔

ریاض صابر کی کیفیت اسی قدر ہے۔ اس کے بعد 'گلستان سخن' کا تفصیلی جائزہ ڈاکٹر وحید قریشی صاحب کے قلم سے ملاحظہ فرمائیے۔

خلیل الرحمان داؤدی

عرض مرتب

تذکرۂ 'گلستان سخن' کی تالیف کا آغاز ۱۲۷۰ھ میں اور اختتام ایک سال کے بعد آخر شوال ۱۲۷۱ھ میں ہوا ۔ اسی زمانے میں یہ پہلی مرتبہ شائع ہوا ۔ اس کی پہلی اشاعت کے سرورق پر تذکرے کے نام کے ساتھ سن ۱۲۷۱ھ دیا ہے اور کہیں سنہ انطباع موجود نہیں ہے ، لیکن اس پر سب متفق ہیں کہ یہ تذکرہ پہلی مرتبہ اسی زمانے میں (۱۲۷۱-۷۲ھ) میں شائع ہوا ۔ اس کے بعد دوسری مرتبہ اسے مطبع نول کشور نے شائع کیا ۔ یہ اس تذکرے کی تیسری اشاعت ہے ۔ موجودہ متن کی تصحیح و ترتیب کے دوران میں مرقومۃ الذیل دونوں اشاعتیں میرے پیش نظر رہی ہیں :

(۱) تذکرۂ 'گلستان سخن' مطبوعہ در مطبع مرتضوی دہلی، بہ اہتمام حافظ محمد غیاث الدین، صفحات ۵۰۰، سن طباعت ۱۲۷۱-۷۲ھ ۔ یہ اس تذکرے کی اشاعت اول ہے ۔

(۲) تذکرۂ 'گلستان سخن' مطبوعہ در مطبع نول کشور لکھنؤ $\frac{\text{۱۲۹۹ھ}}{\text{۱۸۸۲ع}}$ ۔ یہ اشاعت دوم ہے ۔

اب 'مجلس ترقی ادب' لاہور سے یہ تیسری مرتبہ شائع ہو رہا ہے ۔

مجھے سخت افسوس ہے کہ میں اپنی گوناگوں مصروفیات

کے پیش نظر اس تذکرے پر کوئی جامع مقدمہ نہیں لکھ سکا۔ مقدمے کے لیے مواد بھی اچھا خاصا جمع کر لیا تھا، لیکن اسے ترتیب دینے کی نوبت ہی نہیں آئی۔

میں نے مجلس سے درخواست کی کہ یہ کام کسی اور شخص کے سپرد کردیں۔ مجھے انتہائی خوشی ہے کہ یہ کام اس سے لیا گیا جو میرے نزدیک اس قسم کے کاموں کے لیے سب سے زیادہ اہل ہے۔ میرے عزیز دوست ڈاکٹر وحید قریشی صاحب نے انتہائی فاضلانہ انداز میں 'گلستانِ سخن' کا تجزیہ کیا ہے اور حق یہ ہے کہ حق ادا کردیا ہے۔ میں اس سلسلے میں ڈاکٹر صاحب موصوف کا شکر گزار ہوں۔ مقدمے کا جزو اول 'مولف کے حالات زندگی و تصانیف' بے شک میری تحریروں پر مبنی ہے لیکن یہ بھی ڈاکٹر وحید قریشی صاحب کے حسن اعتنا کا پرتو ہے۔ فقط

خلیل الرحمان داؤدی
ٹیگور پارک، لاہور
۲۹ - اکتوبر ۱۹۶۶ع

گلستان سخن کا تجزیہ

ڈاکٹر وحید قریشی

(۱)

شاہ زادہ قادر بخش صابر ، مغلیہ خاندان کا چشم وچراغ ، جس کے خاندان اور اولاد میں کئی اردو اور فارسی کے شاعر گزرے ہیں ، شعر و شاعری میں دسترس رکھتا تھا ۔ اس کا ثبوت اس کے دیوان 'ریاض صابر' سے بہ خوبی ہو سکتا ہے ۔ گلستان سخن میں بھی اس کے جو حالات درج ہیں ان سے ان کی شعر گوئی کے بارے میں کسی شبہے کی گنجائش نہیں رہتی ، لیکن تذکرہ نگاری کی بات دوسری ہے ۔ اس میں خود گلستان سخن کی ابتدائی اشاعت میں سرورق کی عبارت ہے کہ یہ صہبائی کی اصلاح سے مزین ہے ۔ اور صابر کے معاصر تذکرہ نگاروں میں بھی بعض اسے صابر کی تصنیف نہیں مانتے ۔ باوجودیکہ سرورق پر صابر کا نام بہ طور مصنف درج ہے ۔ شاہ بہاؤ الدین بشیر معروف بہ عبداللہ شاہ ،

جوشاہ نصیر کے چھوٹے بیٹے شاہ نجم الدین کے حقیقی نواسے تھے اور جنھوں نے (بہ قول صاحب 'خم خانۂ جاوید' جلد اول ، ص ۶۹۷) ۱۹۰۱ع کے لگ بھگ وفات پائی تھی ، بشیر کا بیان ہے (۱) :

"گلستان سخن ۱۲۷۱ھ صاحب عالم مرزا قادر بخش صابر کے نام سے مشہور ہے ، مگر حقیقت میں ان کے استاد مولوی امام بخش صہبائی جنت ماوائی کی تصنیف ہے ۔ اس کی عبارتیں اس بات کی شاہد ہیں اور اس شہر کے

۱- گارسیں دتاسی نے اردو تذکروں پر ۱۸۵۵ء میں ایک کتابچہ لکھا تھا ، اس کی اشاعت کے دوسرے سال شمس العلماء مولوی ذکاء اللہ دھلوی نے اس کا اردو ترجمہ شائع کیا (گارساں دتاسی از ڈاکٹر زور ص ۳۴)۔ خوش قسمتی سے یہ ترجمہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ہے ۔ اس کے حاشیوں پر بغیر دستخطوں کے بے شمار قلمی حواشی درج ہیں ۔ یہی تحریریں بعض دوسری کتابوں پر موجود ہیں اور وہاں بشیر کا نام صاف طور پر مرقوم ہے ۔ اس لیے ہماری رائے میں یہ حواشی ، جن کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ، بشیر ہی کے لکھے ہوئے ہیں ۔ ۱۸۵۴ع یا ۱۸۵۵ع میں گلستان سخن تکمیل کو پہنچا تھا اس لیے مقالۂ دتاسی کے متن میں اس تذکرے کا ذکر نہیں ہے ۔ لیکن طبع ثانی کے وقت ، جس کی نوبت ۱۸۶۸ء میں آئی ، گارسیں دتاسی نے نظر ثانی کی اور دوسرے ایڈیشن میں گلستان سخن کے بارے میں وہ عبارت شامل کر دی جو 'خطبات گارساں' میں لکھی گئی تھی ۔ ڈاکٹر ریاض الحسن نے رسالہ 'اردو' جنوری ۱۹۵۰ع میں گارسیں دتاسی کے مقالے کی اسی طبع ثانی کا اردو ترجمہ اردو تذکرے کے عنوان سے شائع کیا (گلستان سخن کے لیے دیکھیے یہی مقالہ ص ۹۱) بہ ظاہر ریاض الحسن صاحب ذکاء اللہ کے اردو ترجمے سے ناواقف ہیں ۔

''خاص خاص اشخاص کو یہ حال معلوم ہے۔''

(حاشیہ اردو تذکرے ص ۱۳)

پھر فرماتے ہیں :

''گلستان سخن ۱۲۷۱ھ مرزا صاحب کے نام سے مشہور ہے مگر درحقیقت مولوی صہبائی کی تصنیف ہے۔ اس میں فارسی اردو دونوں زبانوں کے شاعروں کا حال و مقال مندرج ہے۔'' (ایضاً ص ۱۷)

دوسری معاصر شہادت غالب کی ہوسکتی ہے لیکن ان کے بیانات متضاد ہیں ۔ ایک خط میں وہ ذکاء کو لکھتے ہوئے گلستان سخن کو صابر کا تذکرہ قرار دیتے ہیں لیکن اس سے پہلے انھوں نے شفیق کو جو خط لکھا تھا اس میں فرماتے ہیں کہ ''صہبائی کے تذکرے کی ایک جلد نذر کر رہاں ہوں ۔'' معلوم نہیں اس مقام پر اس سے مراد گلستان سخن ہے یا صہبائی کے انتخاب دواوین کا ذکر کر رہے ہیں جو خود ایک تذکرے کی حیثیت رکھتا ہے ۔ عبدالغفو رنساخ 'سخن شعراء' میں 'گلستان سخن' کو صہبائی کی تصنیف قرار دیتے ہیں ۔ ان کا اقتباس یہ ہے :

''تذکرہ گلستان سخن ان (صابر) کے نام سے مشہور ہے لیکن حقیقت میں تذکرہ مذکور مولوی امام بخش صہبائی کا لکھا ہوا ہے ۔'' (سخن شعراء ص ۲۷۲)

دور حاضر میں بھی یہ اختلاف چل رہا ہے ۔ چناں چہ 'خم خانۂ جاوید' از لالہ سری رام دھلوی میں دیباچے کے

پہلے اور دوسرے صفحے پر ہے :

''اس خیال سے مختلف تذکروں کی فراھمی اور مطالعہ شروع کیا ، مگر افسوس ان میں سے کوئی بھی دل میں نہ کھبا ۔ آب حیات ، جو تلاش و تحقیقات کی انتہا ، تنقید حسنہ کا قابل قدر نمونہ اور اردو ادب و زبان کی خدمت میں ایثار کے ساتھ فصاحت و بلاغت اور اعلی انشاء پردازی کا ایک بے مثال مرقع ھے ، اس کی نسبت شروع سے میرا یہ خیال تھا کہ یہ تذکرہ محققان زبان و مشاقان عروض اور خاص کر مشتاقان انشاء پردازی کے حق میں خضر راہ ھوگا اور آب حیواں کا کام دے گا ، مگر جب مجھ تشنہ لب سخن کی ان اوسوں سے پیاس نہ بجھی تو کسی دوسرے سرچشمے کی تلاش ھوئی کیوں کہ اس کے جامع نے اول تو اس میں خاص الخاص چند مشاھیر شعراء کے حال اور برائے نام کلام کے سوا دیگر مشاقان سخن سے غرض نہیں رکھی ، دوسرے کلام بھی لیا تو بہ طور نمونہ ھی لیا ، انتخاب کا حظ نہ آنے دیا ۔ گو انھوں نے مجبوراً یہ امر اختیار کیا ورنہ چار دور کیا وہ ایک دور کے شاعر بھی نہ لکھ سکتے ۔ مگر اس سے وہ بات نہ ھوئی جس سے اپنی طبیعت کھلتی اور ان اھل درد کا میلان طبع معلوم ھوتا ۔ خدا جھوٹ نہ بلوائے تو جدید و قدیم بیسیوں تذکرے دیکھ ڈالے ، سیکڑوں بیاضیں وقف نظر کر دیں ، لیکن افسوس صد افسوس جملہ تذکروں کو عام اور ھمہ گیر پایا ۔ ان مدونوں

نے رطب و یابس ، خص و عام بلکہ عوام الناس میں بھی کچھ تمیز نہ رکھی - یہاں تک کہ بعض تذکرے تو عامیانہ درجے پر پہنچ گئے - بھرتی کے شاعروں اور ان کے کلام کی وہ بھرمار دیکھی کہ ان سے طبیعت بھر گئی - اس طوفان بے تمیزی میں تو لنگڑے لولے ہر قسم کے سوار بھرتی تھے - جنھیں قافیے کی خبر ، نہ ردیف کی سدھ ؛ خوبیٔ مضمون سے بحث ، نہ موزونیت سے لہنا -

ہاں گلستان سخن ، گلشن بے خار اس سے مستثنیٰ ہیں - یہ دونوں تذکرے مجھے پسند آئے اور دل سے پسند آئے - ارکان تذکرہ نویسی سے مالامال ، محققانہ پابندی سے اپنے مدوّنوں کا کمال دکھا رہے تھے - لیکن گلستان سخن نے ، جس کی تدوین مولانا امام بخش صہبائی نے کی اور مرزا قادر بخش صابر نے اپنے نام سے چھپوایا ، دھلی سے آگے قدم بڑھانے کو عار سمجھا - لفظ صابر کی رعایت سے اس نے شاہجہانی شہر پناہ کے اندر کی زمین کو زمین اور اس کے اوپر کے آسمان کو آسمان جانا - صرف سروقدان دھلی سے کام رکھا ، باھر کے لہلہاتے ہوئے شمشادوں کو وھیں کا وھیں کھڑا رہنے دیا - البتہ دوسرے گلشن سدا بہار سے خاص خاص رنگ کے پھول چنے اور ان کے گل دستے بنائے ، مگر پھر بھی چمنستان سخن کے صدھا خوش نما پھول گل چیں کی مہربانی یا تغافل (جو چاھو اس کا نام رکھ لو) کی بدولت اپنی شاخوں پر پژمردہ ہو کر رہ گئے -''

دیباچے کے صفحہ ۷ پر لالہ سری رام لکھتے ھیں :

''جن جن تذکروں سے ھم نے مدد لی ان کے نام نامی ذیل میں درج ھیں :

گلستان سخن ،گلشن بے خار، نغمۂ عندلیب ، انتخاب یادگار، سخن شعراء ، سراپا سخن ، آب حیات ، شمیم سخن ، تذکرہ شعرائے دکن ، طبقات الشعرائے شوق ، تذکرہ قاسم ، تذکرہ مصحفی ، تذکرہ منو لال ، شمع سخن [انجمن ؟]، مجموعۂ یوسفی ، ریاض فردوس ، تذکرہ نواب کامب حسین نادر ، طورکلیم ، طراز عشق ، غنچۂ ارم ، تذکرۂ شبستان عالم‌گیری ، آثار الشعرا ، چمنستان کشمیر ، مجموعۂ سخن، تذکرۂ شعرائے پٹنہ ، تذکرہ لطف ، جلوۂ خضر ، نکات الشعراء ، فرح بخش ، طبقات الشعراء (جسے ڈاکٹر فیلن صاحب نے فرنچ زبان سے گارسی دی ٹیسی کے تذکرے سے اردو میں ترجمہ کرایا اور مولوی کریم‌الدین نے اس میں اپنے وقت کے شعراء کو بڑھا کر قبل از غدر چھاپا) تذکرہ شعرائے ھنود ، تذکرہ شعرائے بدایوں ، تذکرہ شعرائے ٹونک ، تذکرۂ ضیغم ، تذکرہ مولوی مظہرالحق ، غرض :

تمتع ز ھر گوشۂ یافتم ز ھر خرمنے خوشۂ یافتم''۔

قاضی عبدالودود صاحب نے بھی گلستان سخن کے بارے میں دو جگہ تفصیلی رائے کا اظہار کیا ھے ۔ رسالہ 'معاصر'، پٹنہ کے حصۂ اول صفحۂ ۷ پر فرماتے ھیں :

''گلستان سخن جس کا ایک نام آثار المعاصرین بھی ہے ، شعبان ۱۲۷۰ھ میں شروع ہو کر شوال ۱۲۷۱ھ میں تمام اور اسی سال طبع ہوا ۔ سرورق میں قادر بخش صابر کا نام بہ حیثیت مصنف درج ہے ، لیکن اس کے بعد ہی یہ مرقوم ہے کہ اس کی عبارات صہبائی کی اصلاح سے مزین ہیں ۔ غالب ۸۲ھ کے ایک خط میں ذکاء کو لکھتے ہیں ''آپ صابر کا تذکرہ مانگتے ہیں ... غدر سے پہلے چھپا اور غدر میں تاراج ہو گیا ۔ اب ایک مجلد کہیں نظر نہیں آتا ... '' (اردوے معلی ، ص ۲۸) لیکن ایک قدیم تر خط میں شفق کو لکھ چکے ہیں کہ صہبائی کے تذکرے کی ایک جلد نذر کرتا ہوں (ص ۳۳۱) ۔ نساخ اور سری رام اسے صہبائی کی تصنیف بتاتے ہیں اور قرائن دلالت کرتے ہیں کہ یہ غالب کے قول پر مبنی نہیں ۔ میرا خیال ہے کہ مقدمے کے مطالب علمی اور تذکرے کی عبارت صہبائی کی ہے اور شعراء کے حالات اور اشعار دونوں نے جمع کیے ہیں ۔ اس لیے اگر اسے دونوں کی مشترک تصنیف کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا ۔ مقدمے میں (ص ۶۷) جن شعراء کا خاص طور پر ذکر ہے وہ احسان ، نصیر ، مومن ، ذوق ، غالب ، شیفتہ ، نیّر ، سوز ، صہبائی اور ان سے الگ آزردہ کا ذکر ہے ... ''

(اقتباس از 'جہان غالب' مؤلفہ قاضی عبد الودود مشمولہ معاصر حصہ ۴ ، پٹنہ ص ۷)

اسی مجلے کے صفحہ ۹۳ پر گلستان سخن کی تلخیص درج کرنے کے بعد رقم طراز ہیں :

''۱۔ دیباچہ دستور فصاحت [امتیاز علی عرشی] میں ھے کچھ لوگوں کا یہ بھی خیال ھے کہ اصل تذکرے (گلستان سخن) کے مصنف صہبائی ھیں ۔ اس قسم کی رائیں حسن ظن اور صاف دلی سے بعید اور پچھلے بزرگوں پر بغیر کسی دستاویزی شہادت کے سخت نکتہ چینی کا موجب ھیں ، اس لیے میں اس کے ماننے پر آمادہ نہیں (ص ۱۰۳)۔ اگر دستاویزی شہادت سے صابر یا صہبائی کا اقرار نامہ مراد ھے تو یہ واقعی موجود نہیں ، لیکن غالب[1] گلستان سخن کو صہبائی ھی کی تصنیف سمجھتے تھے اور نساخ سخن شعراء صفحہ ۲۷۲ اور سری رام دیباچہ خم خانۂ جاوید ، جلد ۲ کی بھی یہی رائے ھے کہ صہبائی اور صابر کا بزرگان سلف میں ھونا خارج از بحث ھے غالب صہبائی کے ھم عصر ھیں ، لیکن باوجود اس کے کہ لطائف غیبی میں غالب کی ستائش کا کوئی موقع ھاتھ سے نہیں جانے دیا گیا ، اس کا لفظ لفظ غالب کے قلم سے

۱۔ غالب نے شفق کو ایک کتاب بھیجی ھے جسے صہبائی کا تذکرہ کہا ھے ۔ یقین کامل ھے کہ اسی کتاب کی طرف اشارہ ھے (خطوط غالب ص ۳۳۱) اس کے برخلاف انہوں نے ذکاء کو لکھا ھے کہ آپ صابر کا تذکرہ مانگتے ھیں ۔ غدر سے پہلے چھپا تھا ، اس کے نسخے ضائع ھوگئے ، کہیں نظر نہیں آتا ۔ یہ تضاد حقیقی نہیں کہ ذکاء نے صابر کا تذکرہ مانگا ھوگا ۔ غالب نے وھی لکھ دیا جو ذکاء نے لکھا تھا ۔

ہے اور سیاح کو ؛ جن کی طرف یہ منسوب ہے ، اس سے مطلق
سروکار نہیں ۔ میرے نزدیک شعراء کے حالات و اشعار بیشتر
صابر اور کم تر صہبائی کے فراہم کردہ ہیں ، لیکن عبارت
سراسر صہبائی کی لکھی ہوئی ہے اور مقدمے کے علمی مباحث
کے وہ تنہا ذمہ دار ہیں ۔ لیکن گلستان سخن سے قطع نظر
صابر کی ایک سطر بھی موجود نہیں جسے ان کے ذی علم
ہونے کے ثبوت میں پیش کیا جا سکے ۔ یہ امر بھی
قابل توجہ ہے کہ یہ بات کہ عبارت میں صہبائی کی اصلاح
ہے ، بار بار لکھی گئی ہے اور خلاف دستور سرورق میں
بھی اس کا ذکر ہے ۔ میرا خیال ہے کہ صہبائی کے دہلوی
معاصرین اس بات کو اچھی طرح جانتے ہوں گے کہ کتاب
دراصل صہبائی کی ہے اور کھلا راز نساخ کو اپنے زمانۂ قیام
دہلی میں انھیں سے معلوم ہوا ۔ میرا قیاس ہے کہ سری رام
نے بھی یہ بات بہ طور روایت سنی اور ان کا بیان غالب
کے قول پر مبنی نہیں ۔''

(ص ۹۲ - ۹۳)

'تذکروں کا تذکرہ نمبر' کے مرتب فرمان فتح پوری قاضی
عبدالودود صاحب کے موقف کو درست تسلیم نہیں کرتے ۔
اس سلسلے میں وہ گلستان سخن کے تحت فرماتے ہیں :

''حیرت ہے کہ قاضی عبدالودود صاحب بھی اس باب
میں بعض باتیں غیر ذمہ دارانہ کہہ گئے ہیں ۔ مثلاً
محمد محفوظ الحق صاحب کے مضمون پر تنقید کرتے
ہوئے وہ لکھتے ہیں کہ گلستان سخن کے متعلق دہلی
کے معتبر اصحاب کا بیان ہے کہ یہ دراصل صہبائی کی

تالیف ہے ۔۔۔ یہ غلط ہے ۔ گلستان سخن صہبائی کا
نہیں ، قادر بخش صابر ہی کی تصنیف ہے ۔''

معاصر شہادتوں کی موجودگی میں فرمان فتح پوری کی رائے قابل تسلیم نہیں ۔ گلستان سخن کے ابتدائی ۲۰۳ صفحات میں جو بحثیں اٹھائی گئی ہیں وہ صہبائی کے سوا کوئی دوسرا نہیں کر سکتا ۔ صہبائی کی اپنی تحریریں موجود ہیں اس لیے یہ بحث محض دلائل کی حد سے گزر کر واقعات اور عبارات کی مدد سے طے کی جا سکتی ہے ۔

(۲)

۱- صابر نے جہاں اور کئی ماخذوں کا حوالہ دیا ہے ، وہاں بعض مقامات پر خود صہبائی کی تحریروں سے بھی استناد کیا ہے ۔ اس سے قطع نظر ہمیں مندرجہ ذیل باتوں کو پیش نظر رکھنا ہوگا :

۱- ہمارے پاس مطبوعہ صورت میں صہبائی کی کئی فارسی تحریریں موجود ہیں ، لیکن اگر بحث کو صرف اردو کتابوں تک محدود کر دیا جائے جب بھی بحث کچھ نہ کچھ واضح نتائج پیدا کر سکتی ہے ۔ گلستان سخن کی تالیف سے پہلے صہبائی دو کتابیں لکھ چکے تھے ۔ دھلی کالج کے استاد کی حیثیت سے انھوں نے پرنسپل بوترس کی فرمائش سے میر شمس الدین فقیر کی کتاب 'حدائق البلاغت' کا اردو ترجمہ (۱۲۵۸ھ مطابق ۱۸۴۲ع) کیا تھا ۔ یہ کتاب فقیر کی کتاب کا لفظی ترجمہ نہیں بلکہ مختلف مقامات پر اختصار اور تفصیل سے بھی کام لیا گیا ہے اور مثالیں بھی فارسی کی بجائے اردو کی دی گئی ہیں ۔ اسی طرح پرنسپل موصوف ہی کی فرمائش

پر انھوں نے ۱۲۶۰ھ مطابق ۱۸۴۴ع میں 'انتخاب دواوین شعرائے مشہور اردو زبان کا' کے نام سے ولی سے لے کر معاصرین تک چیدہ چیدہ شاعروں کے کلام کا انتخاب کیا۔ ہر شاعر کے مختصر حالات دینے کے علاوہ ابتداء میں اصناف سخن پر تیس صفحات کا دیباچہ بھی لکھا۔ صہبائی کی یہ دونوں تحریریں گلستان سخن سے پہلے چھپ چکی تھیں۔ ذیل میں تذکرے کی بعض عبارتیں ان دونوں کتابوں کے بعض ضروری اقتباسات کے محاذ میں درج کی جاتی ہیں۔ ان سے معلوم ہوگا کہ گلستان سخن کے ابتدائی حصے کی تالیف کے وقت بھی دو کتابیں پیش نظر تھیں۔ ان کے نفس مضمون اور اسلوب بیان میں اور گلستان سخن کے ابتدائی حصے میں ایک نسبت قریبہ پائی جاتی ہے:

انتخاب دواوین	گلستان سخن
... معلوم کیا چاہیے کہ شعر لغت میں جاننے کو کہتے ہیں اور اصطلاح شعراء میں ایک کلام ہے کہ وزن اور قافیہ رکھتا ہو اور شاعر نے اس کو شعر کے قصد سے کہا ہو۔ پس اگر ایک کلمہ ہو، یا زیادہ ہو، یا کوئی وزن اوزان مقررہ میں سے قافیہ نہ رکھتا ہو یا شاعر نے	پہلا مطلب حد شعر: جاننا چاہیے کہ شعر لغت میں جاننے کو کہتے ہیں، یعنی دانستن اور اصطلاح میں کلام موزون مقفیٰ کو۔ جو کہ شعر کی تعریف کے تین جز ہیں کلام اور موزوں اور مقفیٰ۔ کلام اور وزن اور قافیے کے معنی کا بیان واجب ہوا تا کہ تعریف کما ینبغی دل نشین اور خاطر

اوس کو شعر کے قصد پر نہ
کہا ہو موافق اصطلاح کے وہ
شعر نہیں - اور یہاں سے معلوم
ہوا کہ ردیف کی ماہیت میں
داخل نہیں - پس شعر بدون
قافیے کے تمام نہیں ہو سکتا
ہے اور بدون ردیف کے تمام
ہو سکتا ہے - اور یہ مذہب
ہے جمہور کا - اسی واسطے
بہت اشعار میں ردیف نہیں
ہوتی - چناں چہ یہ شعر
سودا کا :

اگر عدم سے نہ ہوساتھ فکر روزی کا
توآب و دانہ کولے کر نہ ہوگہر پیدا

کہ 'کا' اور 'پیدا' قافیہ ہے
اور اس کے بعد ردیف نہیں
ہے - (ص ۱-۲)

سامع میں جاگزین ہوجاوے -
اس واسطے لکھا جاتا ہے کہ
کلام علم نحو کی اصطلاح میں
ان دو کلمے یا زیادہ کا نام
ہے کہ اسناد رکھتے ہوں ،
یعنی ایسی نسبت کہ مخاطب
کو بعد سکوت قائل کے
فائدہ تامہ حاصل ہو جاوے
اور اس کو مرکب مفید بھی
کہتے ہیں ، جیسے زید قائم
ہے لیکن تعریف مذکور میں
یہ معنی مراد نہیں بلکہ کلام
سے مطلق الفاظ بامعنی مراد
ہیں ، اسناد پر مشتمل ہوں
یا نہ ہوں - اسی واسطے بعضے
اس تعریف میں بجائے کلام
کے الفاظ با معنی ایراد کرتے
ہیں ، تا مرکب غیر مفید
بھی ، بشرط وزن و قافیہ ، شعر
کی تعریف میں داخل رہے -
جیسے یہ شعر :

وہ شوخ ستم کیش کہ اغواے عدو ہے
عاشق کی دم مرگ بھی بالیں پہ نہ آیا

(ص ۱۲۹).

ذکر موجد اشعار : بعضے پہلے جس شخص نے شعر وضع

کیا ھے ۔ اس میں بہت اختلاف ھے ۔ بعضے کہتے ھیں اول شعر حضرت آدم نے کہا ھے ۔ چناں چہ دو تین شعر عربی کے کہ اُن کی طرف منسوب ھیں ، ترجمہ ھیں ان اشعار کا جو ھابیل کے مرثیہ میں کہے ھیں ، جب قابیل نے اوس کو قتل کیا تھا ، اور وہ سریانی زبان میں تھے ۔ اور کہتے ھیں کہ اول شعر عربی میں ایوب بن قحطان نے کہا اور فارسی میں بعضوں کے قول کے موافق بہرام گور اور بعضوں کے موافق ابو حفص حکیم سمرقندی نے ۔ اور بعض کہتے ھیں کہ اردو میں پہلے شعر گوئی ولی نے اختیار کی ھے ، لیکن یہ قول کہ حضرت آدم واضع شعر کے ھیں ، بشرط صحت کے البتہ ان سے پہلے اور کوئی شعر کہنے والا متحقق نہیں ہو سکتا ، و اِلّا باقی شعراء جن

ارباب تواریخ لکھتے ھیں کہ ایجاد شعر کا حضرت آدم علیٰ نبینا و علیہ السلام سے وقوع میں آیا ھے ۔ جس وقت قابیل نے ھابیل کو قتل کیا ، حضرت بابرکت نے اس کے مرثیے میں چند شعر فرمائے ۔ جو کہ وہ اشعار عربی ھیں ، عبارت اُردو میں ان کا ایراد مناسب معلوم نہ ھوا ۔ وہ اشعار کثرت شہرت سے اس مقام کی تحریر سے مستغنی ھیں ۔ (ص ۱۳۲)

کو واضع اشعار کا اور
زبانوں میں قرار دیا جاتا ہے ،
اس میں اختلاف ہے کیوں کہ
بعد تلاش کے ان سے پہلے
بھی اور شاعر معلوم ہوئے
ہیں ۔ چناں چہ کتابوں میں
اس کا حال مفصل لکھا ہے ۔
اور ولی نے اپنے اشعار میں
اور شعراء پر طنز کی ہے ۔
(ص ٣٠٢)

معلوم کیا چاہیے کہ نظم
بہ اعتبار قافیہ اور وزن اور
قلت اور کثرت مصرعوں کے
کئی قسم ہو جاتا ہے اور
کئی قسم علیحدہ ہو جانے
میں اس نظم کے معنی کو
بھی دخل ہوتا ہے ۔ چناں چہ
اس کے موقع پر اشارہ کر دیا
جائے گا ۔ بہر کیف ان
اعتبارات سے نظم کی یہ
قسمیں ہیں : فرد ، غزل ،
قصیدہ ، تشبیب ، قطعہ ،
رباعی ،مثنوی ، ترجیع بند ،
مسمط مستزاد اور واسوخت ۔
(ص ٣)

معلوم کیا چاہیے کہ نظم
کوئی قسم ہے ۔ فرد ، رباعی،
غزل ، قصیدہ ، نسیب، قطعہ ،
مثنوی ، مسمط ، ترجیع ،
مستزاد ۔ ہر چند نسیب شعر
کی قسم علیحدہ نہیں ہے بلکہ
قصیدہ کا جزو ہے کہ باعتبار
ایک حیثیت کے باقی اشعار سے
ممتاز ہے ۔ اور اسی طرح مستزاد
کہ بعضے اصناف شعر مثل فرد
اور رباعی اور غزل ایک
صورت خاص میں اس اسم کے
ساتھ مسمیٰ ہو جاتے ہیں ۔
اور حال اس کا اپنے اپنے محل
میں مشروحاً دریافت

فرد

دو مصرعے کے شعر کو کہتے هیں مطلقاً ۔ خواہ دونوں مصرعہ میں قافیہ هو خواہ ایک میں ۔ اور اس کو بیت بھی کہتے هیں ، لیکن ان دونوں ناموں میں اس قدر فرق ہے کہ شعر کے تنہا هونے کی صورت میں فرد نام رکھا جاتا ہے اور بیت خواہ تنہا هو ، خواہ منجملہ اور اشعار کے ؛ جیسے کہ ایک شعر غزل یا قصیدہ یا قطعہ کا . . . پس فرد خاص ہے اور بیت عام ۔ فرد بہ سبب تنہا هونے کے کہتے هیں ۔ اور بیت میں کئی قول هیں ، سب کا لکھنا موجب تطویل کلام کا ہے ۔ ان میں سے

هو جاوے گا ۔ آسانی فہم اور مبتدیوں کی تفہیم کے واسطے اقسام میں داخل کر کے هر ایک کا بیان علیحدہ کیا جاتا ہے :

فرد

ایک شعر کو کہتے هیں کہ کوئی اور شعر اس کے هم راہ نہ هو ، خواہ دونوں مصرعے مقفیٰ هوں ، خواہ مصرع آخر۔ مثال اس کی ظاهر ہے ۔

ایک وجہ قوی یہ معلوم
ہوتی ہے کہ بیت گھر کو
کہتے ہیں اور گھر عرب کے
صحرا نشینوں کا اکثر کنبل
کا ہوتا ہے، جس کو پال
کہتے ہیں، اور وہ میخ اور
رسی اور ستون سے مرکب
ہوتا ہے۔ اور بیت بھی وتد
اور سبب اور فاصلہ سے
مرکب ہوتا ہے، اور وتد
میخ اور سبب رسی اور
فاصلہ ستون کو کہتے ہیں۔
اور ان اجزاء کا حال علم
عروض میں مفصل لکھا ہوا
ہے۔ پس بیت یا فرد ہونے
میں فقط مصرعوں کی قلت
کو دخل ہوا، نہ وزن اور
قافیے کو۔

[رباعی]

رباعی دو بیت ہیں کہ
مصرعۂ اول اور دوم اور
چہارم ہم قافیہ ہوتا ہے۔
اور کبھی چاروں مصرعے

رباعی

رباعی دو بیت کا نام ہے۔
خواہ مصرع اول اور ثانی
اور رابع ہم قافیہ ہوں،
خواہ چاروں مصرعے۔ اور

ہم قافیہ ہوتے ہیں ۔ اس کو
چار مصراعی [اور] دو بیتی
بھی کہتے ہیں اور رباعی
کے واسطے چوبیس وزن مقرر
ہیں ۔ اگر وہ چار مصرعے
ان اوزان میں سے کسی وزن
پر ہوں گے ، پس اس کو
رباعی کہیں گے والّا چار
مصرع کو رباعی کہنا
درست نہیں ہے ۔ جیسے کہ
عادت عوام کی ہے کہ
چار مصرعہ کہ ان میں سے
پہلا اور دوسرا اور چوتھا
مصرعہ ہم قافیہ ہو ان کو
رباعی کہہ دیتے ہیں ۔ اور
تفصیل اوزان رباعی کی
حدائق البلاغت کے اردو
ترجمہ میں موجود ہے ، اس
میں مطالعہ کرلیں ۔ بہرکیف
رباعیات اس منتخب میں
ان اوزان میں سے اکثر وزن
پر مرقوم ہیں ۔ بر وقت
مطالعہ کے معلوم ہو
جائیں گی ۔

رباعی کے واسطے چوبیس
وزن خاص معین ہیں کہ
ان کا بیان عروض میں ہو
چکا ہے ۔ اس نظم کی دو
بیت پر بنا ہونے کی وجہ
یوں لکھتے ہیں کہ جس
وقت شاعر نے یہ وزن اختراع
کیا اس وقت نہایت فرحت
اور انبساط میں تھا اور
زہرہ اور عطارد میں
نظر تسدیس یا تثلیث اور
آفتاب و مشتری میں
نظر تثلیث تھی اور
خاص و عام اس وزن سے
نہایت محظوظ تھے ۔ اس نے
اس نظم میں دو بیت پر
اختصار کیا کہ طول
سخن سامع میں ملال پیدا
نہ کرے ۔

(ص ۷)

غزل

غزل لغت میں عورتوں کی
باتیں اور عورتوں کے عشق کی
باتیں کرنے کو اور اس
سخن کو بھی کہتے ہیں جو
عورتوں کی تعریف میں
کہا جاوے ، اور اصطلاح
میں کئی بیتوں کا نام ہے کہ
سب کا وزن ایک ہو اور
پہلے بیت کے دونوں مصرعے
ہم قافیہ ہوں اور باقی ابیات
کے دوسرے مصرعے۔ پہلے بیت
کو مطلع کہتے ہیں اور
دوسرے بیت کو جو مطلع کے
بعد ہے حسن مطلع اور
بیت آخر کو مقطع ۔ اور
شعرائے متاخر قاطبةً اپنا نام
جس کو تخلص کہتے ہیں
مقطع میں داخل کرتے ہیں
اور شعرائے مقدم اس اس
کے مقید نہ تھے ۔ معلوم کیا
چاہیے کہ عرب میں مرد کا
عشق عورتوں پر ہوتا ہے
اور فارس میں مرد کا عشق

غزل و قصیدہ

غزل ایسے چند بیت متحدالوزن
کو کہتے ہیں کہ بیت اول
کے دونوں مصرع کا قافیہ
باقی ابیات کے مصرع اخیر کے
قوافی کے ساتھ متحد ہو ۔
بیت اول کو مطلع کہتے ہیں ۔
اور یہ ہی تعریف ہے قصیدے
کی ۔ لیکن فاصل اور فارق
ان دونوں میں یہ ہے کہ
غزل بارہ تیرہ بیت سے متجاوز
نہیں ہوتی اور قصیدے کے
واسطے نہایت نہیں ۔ مگر غالباً
ڈیڑھ سو بیت سے زیادہ
نہیں کہتے اور اس زمانے
میں غزل بیس پچیس بیت تک
بھی کہتے ہیں اور غزل و
قصیدہ میں اس طرح سے فرق
کرتے ہیں کہ اگر مضمون
ہر بیت کا مختلف یا عاشقانہ ہو
تو اس کو غزل جانتے ہیں
اور اگر مدحت یا نصائح اور
مثل ان کے ہو تو قصیدہ ۔ اور
متاخرین غزل میں تخلص یعنی

غالباً اطفال پر اور کبھی
عورت پر بھی ۔ اور فارسیوں
کے اتباع سے اردو گو بھی
یہی رویہ برتتے ہیں، اگرچہ
ہند میں عورت کا عشق مرد
پر شائع ہے اور یہ امر کبت
اور دوھڑوں سے ظاہر ہے
اور از بس کہ عربی غزلوں
میں حدیث عورتوں کی ہوتی
ہے ، اسی واسطے اس کا نام
غزل رکھا اور فارسی اور
اردو گویوں نے بھی ان
ابیات مخصوصہ پر وہی نام
مسلم رکھا ۔ لیکن غالباً غزل
مضامین عشقیہ سے خالی
نہیں ہوتی ۔ لیکن بعد مرور
ازمنہ کے غزل میں پند اور
نصائح اور معرفت کے مضامین
یا تعریف شراب کی بھی
باندھنے لگے ۔ اور غزل کے
ہر بیت کا مضمون علیحدہ
ہوتا ہے ، یعنی اگر ایک
بیت میں ہجر کا بیان ہے تو
دوسرے میں وصل کا ہوتا ہے
یا اگر ایک میں اپنا فخر ہے

نام شاعر کا مقطع میں اور
قصیدے میں جس بیت میں
چاہتے ہیں ذکر کرتے ہیں ۔
اور قدماء غزل میں بھی نام
کو مقطع کے ساتھ مخصوص
نہیں کرتے تھے ۔ اور بہتر یہ
ہے کہ مضمون غزل عاشقانہ
ہو تاکہ غزل کی مناسبت
باقی رہے ؛ کس واسطے کہ
غزل لغت میں عورتوں سے
باتیں کرنے کو کہتے ہیں
اور قصیدہ مغز غلیظ کو
کہتے ہیں ۔ جو کہ عادت
قدماء کی یہ تھی کہ قصیدے
میں الفاظ متین ، جو ممدوح کے
تحشم اور علو شان پر دلالت
کریں ، استعمال کرتے تھے ،
اس نام کے ساتھ موسوم کیا ۔

دوسرے میں اپنا عجز بیان
ہوتا ہے اور یہ بھی نہیں
پایا جاتا کہ مثلاً اگر اول
سے ہجر کا بیان شروع کیا
ہے ، مقطع تک اسی کا ذکر
چلا جاوے۔ اور شعراء فارس
متاخر نے غزل میں ایک
طرز نئی ایجاد کی ہے اور وہ
یہ ہے کہ معشوق کو کسی
اور کا عاشق قرار دے کر
اس کے سوز و گداز کے مضامین
غزل میں باندھتے ہیں اور
اردو غزل گویوں نے بھی
ان کے اتباع سے اس طرح
کی غزل طرح کی ہیں۔
چناں چہ سودا کی غزل جس
کا مطلع یہ ہے :

جو طبیب اپنا تھا دل اسکا کسی بیزار ہے
مژدہ باد اے مرگ عیسیٰ آپ ہی بیمار ہے

اور باقی ابیات دیوان کے
مطالعہ کرنے والوں پر
ظاہر ہیں ۔ بہر کیف غزل
کی بیتوں کی حد میں اختلاف
ہے ، لیکن ظاہر یہ ہے کہ
گیارہ بارہ بیت سے زیادہ نہ

چاهیے؛ کس واسطے که کثرت اشعار کی قصیده کے واسطے مناسب اور زیبا هے۔
(ص ۴، ۵)

مثنوی

ایسی بیتیں هیں که وزن سب کا ایک اور قافیه دو دو مصرعه کا متفق اور هر بیت قافیه جداگانه رکهتی هے۔ حد مثنوی کی معین نہیں، جیسے اردو میں مثنوی میرحسن کی جس میں بدر منیر اور بے نظیر کا قصه مسطور اور تمام عالم میں مثل بدرمنیر کے مشہور هے۔
(ص ۷)

مثنوی

وه ابیات هیں که وزن سب کا متحد اور قافیه علیحده هو، لیکن هر بیت کے دونوں مصرعے قافیه رکهتے هوں۔ چند بیت مثنوی میر سے به طریق نمونے کے مرقوم هیں۔

مسمط

لغت میں موتی کی لڑی کو کہتے هیں اور اصطلاح میں اس طرح کی نظم کو کہتے هیں که اول چند مصرعه

مسمط

وه چند مصرعے هیں که وزن و قافیه میں متفق هیں، هم راه ایسے ایک مصرعے کے که وزن میں ان مصارع سے

قافیه میں متفق ہوں اور بعد
اس کے اسی قدر مصرع اور
اس طرح کے ہوں کہ قافیه
مصرعٔ اخیر کا موافق ان
چند مصرع کے ہو اور باق
مصرع کا ان سے مخالف، اسی طرح
پر جس قدر چاہیں کہیں ۔
اس کے خانوں کی حد معین
نہیں ۔ پس اگر ہر خانه تین تین
مصرعه کا ہو تو اس کو
مثلث کہتے ہیں اور اگر
چار مصرع کا اس کو مربع
اور اگر پانچ مصرعه کا اس
کو مخمس اور اگر چھ مصرعه
کا اس کو مسدس اور اگر
سات مصرع کا اس کو مسبع
اور اگر آٹھ مصرعوں کا اس
کو مثمن اور اگر نو کا اس کو
متسع اور اگر دس کا اس کو
معشر کہتے ہیں اور حد
مصرعوں کی دس تک ہے ۔
اردو گو مخمس اور مسدس
بیشتر کہتے ہیں اور باق
اصناف کم، اور بعضوں نے
موافق اور قافیے میں مخالف
ہوتا ہے ۔ اور گاہ گاہ یه مصرع
بھی ان مصارع کے ساتھ
قافیے میں اتحاد رکھتا ہے ۔ اور
یه امر اس مسمط کے پہلے
بند سے ظاہر ہے کہ اس کے
چند مصرعے مطلع غزل کے
ساتھ الحاق کیے جاویں ۔
مصنف مناظر الانشاء لکھتا ہے
که مولانا وحید تبریزی کے
رسالے میں که عروض اور
قافیه اور بدیع پر مشتمل ہے،
مرقوم ہے کہ مسمط چار مصرع
سے دس مصرع تک ہوتا
ہے ۔ پس یه تعریف مربع اور
مخمس اور مسدس اور مسبع
اور مثمن اور متسع اور
معشر کو شامل ہے (یہاں تک
کلام اس کا منتہی ہوا) ۔ لیکن
مثلث بھی پایا جاتا ہے اور
جاننا چاہیے کہ جب ابیات
مسمط کے مکرر ہوجاویں تو
چاہیے کہ اخیر مصرعے
قافیے میں متحد ہوں ۔ مثلث

مثلث بھی کہے ہیں۔
(ص ۱۰-۱۱)

اور مربع اور مخمس کی مثال
مرقوم ہوتی ہے کہ
کثیرالوجود ہے اور باقی
اشعار کم پائے جاتے ہیں۔
(ص ۱۷۶ تا ۱۷۸)

ترجیع

لغت میں ترجیع بہ معنی
الٹنے اور پھرنے کے ہیں اور
اصطلاح میں وہ چند شعر ہیں
کہ خانہ خانہ ہویں اور
ہر خانہ ایک غزل کے
برابر ہو۔ قافیہ اس خانہ کا
بعینہ مانند قافیہ غزل کے؛
یعنی مطلع کے دونوں مصرع
اور باقی ابیات کے بھی مصرع
ہم قافیہ ہوں اور قافیہ ایک
خانہ کا دوسرے خانہ کے
قافیہ سے مخالف ہوں، اور تمام
ہونے کے بعد ایک اجنبی
بیت لاویں اور چاہیے کہ وہ
بیت اجنبی بہ اعتبار معنی کے
پہلے بیتوں سے ربط رکھتی ہو۔
پس اگر بند کی بیت بار بار

ترجیع بند

مصنف 'مناظرالانشاء' نے اس
کی تعریف اس طرح کی ہے کہ
ترجیع وہ شعر ہے کہ حصہ
کیا جاوے ایسی بیت کے
ساتھ کہ اس کے ہر مصرعے
میں قافیہ ہو اور ہر حصہ
اس کا چند بیت صاحب مطلع
ہوتے ہیں کہ وزن اور
قافیے میں اتحاد رکھتے ہوں۔
اس حصہ کرنے والی بیت
کو بند ترجیع کہتے ہیں اور
وہ بند غالباً ہرجگہ ایک ہی
بیت ہوتی ہے، اور گاہ گاہ غیر
اول کی اور بند چاہیے کہ
ابیات سابق سے باعتبار معنی
کے مرتبط ہو۔ اورشمس فخری
معیار جمالی میں لکھتا ہے کہ

بعینه مکرر ہو، اس کو ترجیع
بند کہتے ہیں اور اگر
مختلف ہو ترکیب بند ۔ اور
ترکیب بند دو طرح ہے ؛
ایک یہ کہ بند کے ہر بیت
کا قافیہ علیحدہ ہو؛ چناں چہ
اگر جمع ہوویں مثنوی
ہو جاوے اور دوسرے یہ
کہ سب بیتیں ایک قافیہ
پر ہوں ؛ چناں چہ اگر جمع
ہوں سب مل کر ایک
خانہ ہو جاویں ۔

(ص ۱۰)

ترجیع کئی قسم ہے ؛ اول
یہ کہ شاعر پانچ یا سات یا
نو یا گیارہ بیتیں جس وزن
اور قافیہ اور ردیف میں چاہے
کہے اور بعد ان کے ایک
اور بیت لاوے کہ اس قافیہ
اور ردیف پر نہ ہو، اور پھر
اسی قدر بیتیں کہ پہلے کہیں
تھیں ، کہہ کر ایک اور
بیت لاوے اس طرح آخیر تک
تمام کو پہنچاوے ۔ ان ابیات
کو خانہ اور اس بیت کو
بند کہتے ہیں ۔ دوسرے یہ
کہ بعد ہر خانہ کی ابیات
کے بند آئے ہوں کہ قافیہ
اور ردیف میں اتحاد رکھتے
ہوں ؛ اگر ابیات بند کو جمع
کریں ایک قطعہ ہو جاوے ۔
تیسرے یہ کہ بند ہر جگہ
ایک ہی بیت ہو ۔ چوتھی
قسم یہ ہے کہ سب خانوں
کی ردیف ایک اور قافیہ
مختلف ہو یا بالعکس (یہاں تک
شمس فخری کا کلام تمام ہوا)
مؤلف کہتا ہے کہ صاحب

'مناظرالانشاء' کے لکھنے سے
کہ بند گاہ گاہ غیرمکرر ہوتا
ہے اور اقسام اربعہ مذکورہ
کی پہلی اور تیسری قسم کی
عبارت سے یہ معلوم ہوا
کہ ترکیب بند بھی ترجیع
کی ایک قسم ہے ۔ اور
ماہران فن پر واضح ہے کہ
ترکیب بند انھیں اشعار کو
کہتے ہیں کہ ان دونوں
صورتوں میں سے کسی صورت
پر ہو ۔ اور شمس فخری کے
اس قول سے کہ اگر ان ابیات
کو جمع کریں تو ایک قطع
ہو جاوے ، معلوم ہوتا ہے
کہ بند کے دوسرے ہی
مصرع میں قافیہ ہو ، نہ یہ
کہ پہلا بند بہ شکل مطلع کے
اور باقی ابیات ، ابیات غزل
کے طور پر ۔ اور شعرائے قدیم
و حال کا مشاہدہ بھی اسی کی
تائید کرتا ہے ۔ اور دو بیت
پر بھی خانہ کی بنا
رکھتے ہیں ۔ اس روزگار میں
یہ اشعار مسدس کے نام سے

مشہور ہیں ۔
(ص ۱۷۹ تا ۱۸۱)

مستزاد

ایسی نظم کو کہتے ہیں کہ بعد ہر مصرع یا بیت کے ایک فقرہ نثر کا زیادہ کرلیں لیکن بہ شرطیکہ وہ فقرہ اس نظم سے بہ اعتبار معنی کے مربوط ہو اور وہ نظم بغیر اس فقرہ کے بھی تمام ہوسکتا ہو ، یعنی اگر وہ فقرہ نہ ہو تب بھی معنی درست ہوں۔ اور اس فقرہ پر نثر کا اطلاق اس واسطے ہے کہ اگرچہ وہ بھی کسی ایک دو رکن کے وزن پر ہے ، لیکن وزن تمام مصرع کا نہیں ہے ۔

مستزاد

مستزاد ایسا کلام منظوم ہے کہ اس کے مصرع یا بیت کے بعد اس طرح سے ایک پارہ کلام زیادہ کیا جائے کہ بہ حسب معنی اس نظم سے مرتبط ہو ۔ مگر جاننا چاہیے کہ مستزاد رباعی اور غزل وغیرہ کے مقابل نہیں ہے بلکہ رباعی وغیرہ کے ساتھ بھی جمع ہو جاتا ہے ، یعنی رباعی و غزل مستزاد ہوتی ہیں ، اور اگر مقابل ہوتے تو ان دونوں کا جمع ہونا محال تھا ۔ اور یہ امر کہ وہ پارۂ کلام جو زیادہ کیا جاتا ہے ، نثر ہے یا نظم ؟ ایک بحث دور و دراز رکھتا ہے۔ اس کی تفصیل استاذی و مولائی جناب مولوی امام بخش صہبائی سلمہ اللہ

تعالبی کے رسالۂ قافیہ سے جس کا نام 'واف' ہے ، دریافت کریں کہ اس سے بہتر کسی کتاب میں مرقوم نہیں ہے۔ ملخص کلام یہ ہے کہ وہ پارہ بھی نظم ہے نہ نثر ؛ جیسے کہ بعضوں کا گمان ہے۔ (ص ۱۹۳)

[نسیب]

(جہاں شاعر قصیدے میں چند شعر کے بعد مدح کی طرف متوجہ ہوتا ہے) ان اشعار کو تشبیب کہتے ہیں ۔ تفعیل کے وزن پر اور اس کا نام نسیب بھی ہے ۔ سین بے نقطہ سے فعیل پر نسیب کے معنی ایام جوانی کا ذکر کرنا اور نسیب عورتوں کا ذکر کرنا ۔ اس نام سے معلوم ہوا کہ اول یہی اسم تھا کہ قبل از مقصود اشعار عاشقانہ لکھتے تھے ، لیکن

نسیب

چند بیت کا نام ہے کہ قصیدے میں مقصد سے پہلے بہ طور تمہید کے مذکور کریں اور جو کہ ان ابیات اور اشعار مدح وغیرہ میں کوئی واسطہ چاہیے ، بعد ان ابیات کے ایسے ایک دو بیت ہوتے ہیں کہ مقصد کی طرف متوجہ ہونے پر دلالت کرتے ہیں ؛ ان بیتوں کو عربی میں تخلیص اور فارسی میں گریز گاہ کہتے ہیں ۔ نسیب کو تشبیب بھی کہتے

اب خصوصیت ایسے اشعار کی نہیں رہی بلکہ مقصود سے پہلے جس قسم کے شعر ہوں ان کو نسیب کہیں گے اور جس قصیدہ میں تشبیب نہ ہو یعنی اول سے مدح یا هجو مثلاً شروع کریں اس کو مجذو کہتے ہیں اور جس میں تخلص، یعنی گریز نہ ہو مقتضب کہتے (ہیں) ۔
(ص ٦)

ہیں ۔ اور جو کہ نسیب لغت میں عورتوں کے باتیں کرنے کو کہتے ہیں اور تشبیب ذکر ایام شباب کو ، غالباً اوائل حال میں یہ بیتیں صرف عاشقانہ ہوتی ہوں گی ، پھر رفتہ رفتہ اور مضامین مثل شکایت روزگار یا فخریہ وغیرہ پر بھی مشتمل ہونے لگیں ۔ راقم غزل و قصیدے کی مثال پر قناعت کر کے سودا کے اس قصیدے سے جو بسنت خاں کی مدح میں لکھتا ہے ۔
(ص ١٧٢ تا ١٧٥)

قطعہ

لغت میں کسی چیز کے ٹکڑے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں ان چند بیت کا نام ہے کہ وزن اور قافیہ میں متحد ہوں ، مثل غزل کے ، لیکن مطلع نہ ہو ۔ کس واسطے کہ اگر مطلع

قطعہ

ابیات متحدة الوزن و القافیہ میں بدون مطلع کے ۔ پس اگر مطلع ہو اور ابیات حد قصیدہ سے کم ہو تو غزل والاّ قصیدہ ۔

ہوگا ، پس دو حال سے خالی
نہیں؛ یا بیتیں اس کی غزل کی
حد سے متجاوز ہوں گی
یا نہ ہوں گی ۔ پہلی صورت
میں قصیدہ ہے اور دوسری
صورت میں غزل ۔ اور اغلب
قطعہ میں مضمون ابیات کا
ایک دوسرے سے علاقہ رکھتا
ہے . . . اور کبھی ساری
غزل یا اس کے اکثر شعر
ایک دوسرے سے متعلق
ہوتے ہیں ۔ اسی غزل کو
غزل قطعہ بند کہتے ہیں ۔
(ص ۷)

'انتخاب دواوین' کے یہ اقتباسات ہمیں اس نتیجے پر پہنچاتے ہیں کہ گلستان سخن میں انتخاب دواوین کے صفحات معمولی رد و بدل کے ساتھ شامل ہیں ۔ سوائے اس کے کہ کہیں کہیں اجمال کی تفصیل کر دی گئی ہے ۔ بعض دیگر مطالب اسی طرح 'حدائق البلاغت' کے اردو ترجمے سے ماخوذ معلوم ہوتے ہیں ۔ ذیل میں چند اقتباسات درج کیے جاتے ہیں :

حدائق البلاغت

(اردو ترجمه)

معلوم کیا چاهیے که خلیل
ابن احمد اس فن کا اوستاد
اور جمع کرنے والا هے ۔
اس نے کلام عرب میں
تجسس اور تلاش کر کے
معلوم کیا که اشعار عرب
پندره بحر میں موزوں هوتے
هیں ... اور بعد اس کے
که ابو الحسن اخفش نے
سولویں اور ایجاد کی
اور اس کا نام متدارک
رکھا ... بہرکیف یه
سب انیس بحر هوئے ۔ معلوم
کیا چاهیے که ان بحروں
میں سے بعض ایک رکن کے
تکرار سے حاصل هوئی هیں
اور بعض دو رکن کی
ترکیب سے ۔ جو بحر که ایک
رکن کی تکرار سے حاصل
هوئی هیں یه هیں ... جو
دو رکن کی ترکیب سے
حاصل هوتی هیں وه یه هیں

گلستان سخن

پوشیده نه رہے که خلیل
ابن احمد جب اوزان عرب
میں تجسس کافی اور تفحص
شافی عمل میں لایا ، اوزان
شعر کے ضبط کے واسطے
پندره بحر مرکب کیں اور
جو جو بحر که انفکاک
میں مشترک تھیں ان کو
ایک ایک دائرے میں رکھا ۔
جو که بحر متقارب کے ساتھ
کوئی بحر شریک نه تھی ،
اس کو ایک دائرے میں
رکھ کر اس دائرے کا نام
مفرده مقرر کیا ۔ ابوالحسن
اخفش نے جب اس میں
نظر کی فعولن کے سبب کو
وتد سے مقدم رکھ کر
بحر متدارک کو حاصل کیا
اور متقارب کے ساتھ
دائرے میں رکھ دیا ۔ اور
شمس فخری نے 'معیار جمالی'
میں لکھا هے که اس بحر کو

... [یہاں بحور کی تفصیل
دی ہے جو گلستان سخن کے
صفحہ ۱۴۴ کے عین مطابق
ہے] اصل بحر جدید کی
فاعلاتن فاعلاتن مستفعلن
ہے دو بار ۔ اس بحر کو
قریب بھی کہتے ہیں اور
اس بحر کو بوزرجمہر نے
نکالا ہے اور اصل قریب کی
مفاعیلن مفاعیلن فاعلاتن
ہے دو بار ۔ کہتے ہیں
کہ مولانا یوسف نیشا پوری
نے یہ بحر نکالی ہے اور وہ
یہ شخص ہے کہ فارسی علم
عروض پہلے اسی شخص نے
تصنیف کیا ہے اور یہ شخص
خلیل ابن احمد سے دوسو برس
کے بعد پیدا ہوا ہے ۔ الخ
(ص ۱۱۹ تا ۱۲۰)

ماہران علم عروض نے
خلیل ابن احمد کے دو سو
برس کے بعد استخراج کیا ۔
جدید کو بوزرجمہر اور
قریب کو مولانا یوسف
عروضی نیشا پوری نے پایا
اور مولانا اوزان فارسی میں
خلیل ابن احمد سے پایہ کم
نہیں رکھتا ۔ الخ
(ص ۱۴۵ ، جلد اول)

فصل ، ردیف کے بیان میں

ردیف وہ لفظ ہے کہ بعد
قافیہ کے واقع ہو ۔ خواہ
کلمہ ہو ، خواہ زیادہ ۔

ردیف وہ کلمہ مستقل ہے کہ
بعد قافیے کے مذکور ہو ۔
خواہ متحد المعنی خواہ

اکثر اس بات پر ہیں کہ ردیف سب جائے میں متحد المعنی چاہیے اور بعضے یہ کہتے ہیں کہ اگر ردیف بہ اعتبار معنی کے مختلف ہو تو مضائقہ نہیں اور یہ امر حق ہے (ص ۱۸۹)

مختلف المعنی قسم اول جیسے لفظ نہ تھا اس شعر میں :

قتل عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا
پر ترے عہد سے آگے تو یہ دستور نہ تھا

اور دوسری قسم جیسے اس شعر میں :

رہنے نہ اگر غیر دیتے تمھیں باہم
اس طرح سے ہوتے نہ کبھی تم سے جدا ہم

قافیہ 'با' اور 'جدا' ہے اور ردیف 'ہم' لیکن مصرع اول میں بہ معنی یک دگر ہے اور دوسرے میں ضمیر متکلم ۔ اور کبھی ردیف لفظ غیر مستقل بھی ہوتی ہے جیسے قافیہ معمول میں ۔ اس کی مثال کی کچھ حاجت نہیں ۔ (ص ۱۷۰)

عیب قافیہ کے کئی طرح پر ہیں ۔ ایک ان میں یہ ہے کہ ایک جائے میں روی حرف اصلی ہو ، دوسری جائے میں حرف زائد کو

فصل عیوب قافیہ کے بیان میں

جاننا چاہیے کہ ہرچند عیوب قافیہ کے ، جن سے شاعران نازک کلام کو احتراز چاہیے ، بہت ہیں ، لیکن از بس کہ راقم اوراق

به تکلف روی کر لیا ہو۔ مثلاً گالی لالی کی یائے تحتانی گالی کی اصلی ہے اور لالی کی زائد ہے۔ اور اس قبیل سے یه شعر بھی ہے ... (اس کے بعد عیوب قوافی مع ناموں کے گنائے ہیں) الخ

(ض ۱۷۹ تا ۱۸۳)

کی نظر اختصار پر ہے۔ عیوب مشہورہ پر اکتفا کرتا ہے۔ وہ عیوب یه ہیں: اقوا، اکفا، سناد، ایطا، معمول۔ ان عیوب کا بیان یه ہے که اقوا حذو اور توجیهه کے اختلاف کو کہتے ہیں. حذو کا اختلاف کئی طرح ہے؛ ایک یه ہے که ہر جگه حرکت ردف کی ہو، لیکن جداگانه۔ ۔ ۔ ۔ الخ

(ص ۱٦۷ تا ۱٦۸)

رباعی

رباعی کا وزن مختص بحر ہزج کے ساتھ ہے اور اس میں نو زحاف آتے ہیں اور به سبب ان زحافوں کے چوبیس وزن حاصل ہوتے ہیں ... اوزان رباعی کے یه ہیں۔ ۔ ۔" الخ

(ص ۱٦۷ تا ۱۷۲)

معلوم کیا چاہیے که رباعی کے اوزان ہزج مثمن سے ماخوذ ہیں اور وہ اوزان دس رکن سے ترکیب پاتے ہیں۔ ایک ان میں سے سالم ہے یعنی مفاعیلن اور نو مزاحف اور وہ یه ہیں۔ ۔ ۔ ان ارکان ۔ ۔ ۔" الخ

(ص ۱٦۰ تا ۱٦۱)

گلستان سخن اور حدائق البلاغت کا یہ اتحاد مطالب کئی مقامات پر حاوی ہے ۔ اختصار کی خاطر اقتباسات کے صرف چند حصے دیے گئے ہیں ۔ ان میں کئی اور مثالوں کا اضافہ کیا جا سکتا ہے ؛ مثلاً گلستان صفحہ ۱۳۹ تا ۱۴۴ اور حدائق البلاغت صفحہ ۱۴۴ تا ۱۴۷ اور صفحہ ۱۱۶ ببعد ، صفحہ ۱۴۹ تا ۱۵۹ اور صفحہ ۱۲۷ ببعد ؛ صفحہ ۱۶۲ کے شجرے اور صفحہ ۱۷۴ کے شجرے ؛ صفحہ ۱۶۳ اور صفحہ ۱۷۴ ؛ صفحہ ۱۶۶ اور صفحہ ۱۷۹ کا باہمی مقابلہ مذکورہ نتیجے کی تائید کرتا ہے[1] ۔

ان اقتباسات کی روشنی میں یہ نتیجہ اخذ کرنا بے موقع نہیں کہ گلستان سخن کا یہ ابتدائی حصہ یا تو تمام تر صہبائی کی تحریر ہے یا اس کے ابتدائی خاکے کو استاد کے قلم نے یوں شکل و صورت دی ہے کہ یہ اسی کی شخصیت کا غماز ہو گیا ہے ۔

۲۔ صابر نے جیسا کہ خود اپنے تذکرے میں لکھا ہے (صفحہ ۱۷) ابتدا میں حافظ عبدالرحمان خان احسان سے تلمذ اختیار کیا ۔ مدت تک ''افادہ و استفادہ کا ہنگامہ گرم'' رہا اور ''یہ صورت بہم پہنچی کہ ان کے اوقات بیشتر اصلاح تلامذہ میں مصروف ہونے لگے'' اور ''اپنے درد سر کو حضرت استاد کی تخفیف تصدیع کا باعث

---

۱ ۔ گلستان کے صفحات اس مطبوعہ متن کے حوالے سے ہیں اور حدائق البلاغت کا نسخہ مطبع سراجی دھلی کا ہے جس کے متن میں اصل فارسی کتاب اور حاشیے پر صہبائی کا اردو ترجمہ درج ہے ۔ اوپر جہاں کہیں حدائق کا حوالہ دیا گیا ہے اس سے یہی اشاعت مقصود ہے ۔

جانا ۔'' اس سے ''التفات عام لطف خاص'' میں بدل گیا اور استاد کی پوری توجہ معانی و بیان اور عروض و قوافی کے غوامض سکھانے میں بسر ہوگئی ، اور بہ قول صابر ''ایک مدت تک نگاہ لطف میری ہی اصلاح میں ایک طرح سے مصروف رہی ۔'' حافظ احسان کے انتقال کے بعد (جو بہ قول صفیر بلگرامی ۱۲۶۷ھ کا واقعہ ہے) شہزادہ صابر دو برس تک ''اپنے ہی جوش میں موجزن رہے'' اور حافظ احسان کے شاگرد بھی شہزادہ صابر سے اصلاح لینے لگے اور شہزادہ صابر کا نام ''استادی کے ساتھ مشہور ہوگیا[1] ۔''

بہرحال دو برس کے بعد انہیں مولوی امام بخش صہبائی سے رجوع کرنا پڑا اور وہ صہبائی کے حلقۂ تلمذ میں داخل ہوگئے ۔ گویا ۱۲۶۹ھ کے قریب انہوں نے صہبائی کی شاگردی اختیار کی ہوگی ۔ گلستان سخن کا آغاز ۱۲۷۰ھ میں کیا گیا اور ۱۲۷۱ھ کو یہ تذکرہ تکمیل کو پہنچا ۔ گویا مولانا امام بخش صہبائی سے استفادے کی مدت تذکرے کی تحریر تک بہ مشکل پندرہ مہینے ہوتی ہے ۔ اتنے مختصر سے عرصے میں استاد کا اتنا اثر کہ شاگرد کی تحریر پختگی اور روانی میں استاد کی تحریر کا عکس ہو جائے اور شاگرد کا قلم فن کے اسرار و رموز پر اتنی کم مدت میں ایسی دست رس حاصل کرلے جیسی کہ

---

۱ ۔ شہزادہ صابر کا یہ بیان مبالغے سے خالی نہیں ہے اس لیے یہ خود شعرائے دہلی میں بھی اس وقت انہیں کوئی اہمیت حاصل نہ تھی ۔ شیفتہ نے ۱۲۴۸ھ تا ۱۲۵۰ھ میں اپنا تذکرہ ترتیب دیا ۔ ان پر یہ الزام ہے کہ شعرائے دہلی کو اہمیت دی ہے لیکن شیفتہ کا تذکرہ صابر کے ذکر سے خالی ہے ۔

تذکرہ گلستان سخن میں ہے، معجزے سے کم نہیں[1]۔

۳۔ صابر کے بیان کا یہ حصہ قابل یقین معلوم ہوتا ہے کہ اس تذکرے میں جو کلام انتخاب کیا گیا ہے اس کی تدوین کا کام بہت پہلے سے شروع ہو چکا تھا:

''اثنائے مشق میں ریختہ گوئیان پیشیں کا کلام کچھ جزودان حافظہ میں فراہم ہوتا جاتا اور کچھ گنجینۂ بیاض میں انتظام پاتا تھا ... اس عرصہ میں سخن سنجان عصر کا کلام بھی، جوکہ طبیعت کو پسند آتا گیا اور مقصد دل کو بھاتا گیا، اجزائے علیحدہ میں مخزون اور بیاض جداگانہ میں مشحون ہوتا رہا ... ایک مدت کے بعد جو مجموع پر نظر کی تو دفتر سرمایہ فراہم ہوگیا تھا اور بیکراں خزانہ مجتمع۔ گاہ گاہ اپنے خیال میں گزرتا تھا اور کبھی کبھی کوئی دوست بھی تحریک کرتا تھا کہ اس نقود سرہ سے اغماض اور اس زر خالص سے تغافل خوب نہیں۔ ایک ذخیرہ بہ طریق کچکول کے جمع کر لیا جاوے اور ہر مقام میں نام قائل کا بہ طور عنوان کے ترقیم کیا جاوے ... لیکن هجوم موانع اور کثرت مشاغل سے یہ آرزو حاصل نہ ہوتی تھی۔ حسن اتفاق سے ... فرزند سعادت مند محمد عمر سلطان ... کو شعر کا شوق دامن گیر ہوا ... اس کی تربیت اب پیش نہاد ہوئی

۱۔ ہاں فارسی کلام پر احسان کی زندگی میں صہبائی سے ضرور اصلاح لیا کرتے تھے۔ (گلستان سخن صفحہ ۱۲۱)

... خرد کامل نے دفتر انداز وا کیا ... ایک کتاب فراہم کر کے شعرائے معنی آفریں کا تذکرہ ہو ... ایک معجون غریب مرکب ہوگئی ... جناب افادت مآب مولوی امام بخش صہبائی مدظلہ العالی کی خدمت میں حاضر ہوا ... عرض کیا ... کہ سرانجام اس امر دشوار کا کم استعداد سے معلوم ، اگر کم ترین تلامذہ کی تحریر خلعت اصلاح سے مشرف ہو جایا کرے تو یہ مشکل آسان اور یہ رشتہ سر درکم نمایاں ہو جاوے ۔ بارے عرض نیاز شعار کی زیور قبول سے آراستہ ہوئی ، حلیۂ اجابت سے پیراستہ ہوئی ۔''

(گلستان سخن ، صفحہ ۱۷ تا ۲۶)

یکم شعبان ۱۲۷۰ھ کو اس تذکرے کی باقاعدہ داغ بیل پڑی جس میں صرف معاصر شعراء سے سروکار رکھا گیا ہے اور ابتدا میں ایک دیباچہ ہے ، جس میں زبان کا ارتقاء فصیح اور غیرفصیح الفاظ و کلمات کی بحث ، علم عروض و قافیہ اور اقسام نظم کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے ۔ یہ تذکرہ ۱۲۷۱ھ میں اختتام کو پہنچا ۔ ماہ شوال ۱۲۷۱ھ کا اخیر تھا کہ مطبع مرتضوی میں بہ اہتمام حافظ محمد غیاث الدین شائع ہوگیا ۔

۴۔ مذکورہ بالا تفصیل سے اندازہ ہوتا ہے کہ تذکرے کا 'اصل متن' (جس میں شاعروں کا حال ہے) تحریر کے وقت تک کئی مرحلوں سے گزر چکا تھا اور اس کا ابتدائی خاکہ گمان غالب ہے کہ صابر ہی کا تیار کردہ ہو؛ نظر ثانی میں کہیں کہیں استاد صہبائی نے ترمیم کی ہو تو عجب نہیں ، ورنہ ان شعرائے اردو کے بارے میں

صابر اور صہبائی کے خیالات میں بین فرق موجود ہے۔ انتخاب دواوین میں صہبائی نے بعض معاصر شاعروں کو بھی شامل کیا ہے اور ان کے حالات لکھ کر کلام کے بارے میں اپنی رائے دی ہے، یہ رائے صابر کی درج کردہ آرا سے مختلف ہے۔ یہ اختلافات ایک دوسرے کے محاذ میں ملاحظہ ہوں:

انتخاب دواوین	گلستان سخن
''نصیر، شاہ نصیرالدین تخلص نصیر عرف میاں کلو ولد شاہ غریب کہ مشاہیر شعراء دہلی سے تھا بلکہ بہت سے شاعران زبان اردو ساکنین دہلی اسی مغفور سے تلمذ ریختہ گوئی کا کرتے تھے اور یہی صاحب عالم حیات میں اپنے تئیں مرزا محمد رفیع سودا اور میر تقی میر پر فائق سمجھتے تھے۔ بہرکیف ریختہ گوئی میں دست قدرت اچھی رکھتے تھے۔ اواخر عمر میں دہلی سے حیدر آباد دکن مہاراجہ حاتم وقت راجہ چندو لال	شاہ نصیر، نصیر تخلص، شہ سوارعرصۂ سخنوری،فارس مضمار معنی پروری، نخل بند حدیقۂ کمال، بانیٔ بنائے افضال، سخن سنج، سخن گو، میاں کلو، مشہور بہ شاہ نصیر الدین خلف الصدق شاہ غریب سجادہ نشینی پر جہاں مرحوم کی اسی کی ذات بابرکات سے آسمان سا اور خلافت اس عارف مغفور کی اسی کی نہاد خیر بنیاد سے خورشید سایہ تھی، اور یہ مرحوم و مغفور وہ ہے کہ اس کا مزار پر انوار محلہ روشنی پورہ میں کہ ایک

کی خدمت میں مشرف ہوئے
اور وہاں ہی اس جہان فانی
سے رحلت کی ۔ یہ چند اشعار
بہ طور یادگار تذکرہ مصنفہ
حکیم فاضل و افضل میر
قدرت اللہ مرحوم تخلص قاسم
سے اور اور جانے سے لیے
گئے ۔" (ص ۱۷۸)

محلہ محلات مشہور شاہجہان
آباد نزہت آباد سے ہے ،
زیارت گاہ صاف باطنان پاک
نہاد ہے ۔ بہر کیف شاہ
موصوف ہر چند استعداد علمی
سے بہرہ ور نہ تھا بلکہ سواد
بھی چنداں روشن نہ تھی ،
لیکن روشنئ طبع خدا داد
سے خلوت دل میں ہزار شمع
معنی بزم افروز تھی ۔ کیا
مرد میدان سخن وری تھا
کہ بارہا ہنگامۂ مشاعرہ میں
حریف ہنوز انشاد اشعار سے
فارغ نہیں ہوا کہ اس نے
اس کوتاہ مدت میں شمع
مقابل رکھ کر اشعار
سوزاں تراز شعلہ شمع بہ قدر
دو تین غزل کے لکھ کر
مشتاقان سخن کے گوش گزار
کر دے ۔ بیشتر تشبیہہ نو
اور استعارۂ جدید بہم پہنچانے
میں مصروف رہتا ہے اور
شعر طرز صائب پر کہتا ہے ۔
بلندی تلاش سے مشاعرے
میں کسی کی غزل کو اس

کی غزل پر تفوق نہ ہوتا
تھا ۔ سنگلاخ زمینوں کو
دعوی داران کمال میں سے
اس کے سوا کوئی بےسپر نہ
کر سکتا ۔ ایک بار سفر
لکھنؤ اختیار کیا ؛ جس دن
یہ شہ سوار عرصۂ سخن اس
گل زمین میں وارد ہو کر
کاروان سرا میں فرود آیا ،
دفعتاً درد گردہ میں مبتلا
ہوا ۔ قضا را خبر ورود فاش
اور ہوس مطارحہ ہر ایک
کے دل میں گرم تلاش ہوئی ۔
ان ایام میں مصحفی اور
انشاء اللہ خاں اور مرزا
قتیل اور جرأت چار بالش
حیات پر متمکن تھے ۔ سب
کے مشورے سے آٹھ مصرعے
مشکل زمینوں میں طـرح
ہوئے اور اس مبتلائے
کوفت سفر کے پاس پہنچے ۔
اتفاقاً مشاعرے میں تین دن
باقی رہے تھے ۔ معاذاللہ سخت
مشکل واقع ہوئی ۔ زمین وہ
سنگلاخ، طے راہ اس درد والم

میں دشوار ، لیکن غیرت
کے تقاضے نے مامور اور
اسی عرصۂ قلیل میں اس
فرمائش کے سرانجام میں
مجبور کیا ۔ ان میں سے ایک
کا ردیف قافیہ 'چمن سرخ ترا'
اور 'دھن سرخ ترا' اور
دوسرے کا 'فانوس ہیں گویا'
اور 'جالینوس ہیں گویا'
صیغۂ جمع تھا ۔ اس مہم
ضروری سے فارغ ہو کر
صرف اپنی طبع کے تقاضے سے
ایک اور غزل کا فکر کیا کہ
اس کا ردیف اور قافیہ 'چمن
کی مکھی' اور 'کفن کی
مکھی تھا' ، حسن اتفاق یہ
ہے کہ اس کی شہرت کی
کشش نے اکثر ساکنین
شہر لکھنؤ کو اس کے
حلقۂ شاگردی میں کھینچ لیا
تھا ۔ روز معہود ایک
جم غفیر تلامذۂ اعتقاد کیش
کا ساتھ لے کر بساط مشاعرہ
پر قدم رکھا ۔ کملائے فن
نے جب اس زور طبع اور

تیزیٔ فکر پر اطلاع پائی ،
صلۂ تحسین و آفرین سے شاد
کیا اور حق انصاف ادا کیا ۔
یہ تحسین و آفرین کہ اس
شیریں کلام کی خوبیٔ سخن
نے ان بزرگ واروں سے
بزور لی تھی ، اور پھر اس
غوغاے محشر نما کے ساتھ
اہل اعتساف کو ناگوار
ہوئی ، ایک کج طبع ستیزہ خو
نے کہ شاگردان مصحفی
کے زمرے سے تھا ، باآواز
بلند کہا کہ ''شاہ صاحب
فی الواقعہ ان آٹھوں غزلوں
کی داد حیزّ قدرت سے خارج
ہے ، لیکن نویں غزل میں
'مکھی' کی ردیف سے نفیس
مزاجوں کا جی متلاتا ہے ۔''
اس یکہ تاز عرصۂ ظرافت نے
بدیہہ کہا کہ ''لطیف
طبعان نفیس مزاج تو اس
مـوائد لـذیـذہ کے نعما سے
لذت ستاں اور کام یاب ہیں ،
لیکن غالب ہے کہ علیل
نہادان صفراے حسد کو

جوشِ غیرت سے ڈاک لگ جائے۔'' اس کی شہرت میں مدعیان سخن کو ایسا خمول تھا جیسے فروغ آفتاب میں چراغ کو۔ اس مقام میں حق کو ہاتھ سے نہیں دینا چاہیے۔ کوئی اس کلام سے یہ نہ سمجھے کہ اس زمانے میں کسی کا پایۂ شاعری اس کو نہ پہنچتا تھا۔ حاشا و کلا اس بزرگ کا کلام عام فہمی کے سبب سے کم استعدادان تنک مایہ کے ذہن میں بہت جم جاتا اور سہولت فہم سے ہر کس و ناکس کی زبان حرف تحسین سے ہنگامۂ قیامت برپا کرتی۔ اور معاصرین کا کلام از بس کہ خواص کی تحسین کے لائق تھا، خواص ہر زمانے میں قلیل ہوتے ہیں، نافہموں کے نزدیک اس کے سخن پر فائق معلوم نہ ہوتا تھا۔ 'العاقل تکفیه الاشارة'، اکثر شاہ زادگان والا شان اورامرائے بلند مکان

اس کے فیض شاگردی
سے بہرہ یاب تھے بلکہ
شاہجہان آباد میں بیش تر
شعرائے عالی طبع اور موزوں
طبعان تیزفہم مثل شیخ ابراہیم
ذوق اور محمد مومن خاں مومن
تخلص اور میر حسین تسکین
اوائل حال میں اسی کی
شاگردی سے مشرف تھے۔
الحاصل اطراف ہندوستان
جنت نشان کی سیر و سیاحت
سے کام یاب اور جس سرزمین
میں وارد ہوا، وہیں کے
شعرائے شیریں کلام سے
معرکہ آرا ہوا۔ چند بار
حیدر آباد میں جا کر راجہ
چندو لال مختار سرکار
وزیر الممالک آصف جاہ
نظام الملک والیٔ دکن کی
قدر شناسی سے صلۂ نمایاں
پایا۔ آخرکار اسی سر زمین
میں مضمون مرگ باندھا
اور سوس بہشت کی زبان سے
حرف تحسین جا سنا۔ سلسلہ
اس کی شاعری کا ملک الشعراء

مرزا رفیع سودا تک پہنچتا ھے ، اس طرح سے کہ یہ شاگرد ھے مائل کا اور وہ قائم سے مستفیض اور قائم سودا کا شاگرد بلا واسطہ تھا ۔" (ص ۴۳۷ تا ۴۴۰)

ممنون

ممنون تخلص ، نظام الدین نام ، بیٹا سید قمر الدین منت تخلص کا ھے ۔ اس کی اصل قصبہ سونی پت اور مولد و منشاء شاھجہان آباد ۔ کسب فنون اپنے والد بزرگ وار سے کیا ۔ مدت تلک لکھنئو میں رھا ، ایک زمانہ جرگہ شعراء پایۂ تخت حضور والا کے تھا ۔ چناں چہ پیش گاہ خلافت سے فخر الشعراء خطاب عطا ھوا ۔ من بعد ضلع اجمیر میں پیش گاہ کمپنی بہادر سے عہدہ صدر الصدوری پر ممتاز رھا ، مگر آج کل بہ باعث ضعف اعضا

ممنون

ممنون تخلص ، یگانۂ عصر و وحید روزگار ، زبدۂ کملائے ھر دیار ، والیٔ اقلیم سخن وری ، مالک ملک معنی پروری ، ھم آغوش معانیء بکر ، ھم دوش شاھدان فکر ، چاشنی گیر مضامین دل نشیں ، میر نظام الدین خلف ملک الشعراء میر قمر الدین منت غفر اللہ لھما ۔ اوصاف اس کامل الصفات کے حوصلۂ تحریر سے افزوں اور حد تقریر سے بیروں ھیں ۔ ریختے میں ایک طرز تازہ اختراع کی اور حق یہ ھے کہ بہ موجب اس فحوا کے 'کل جدید لذیذ' اس کی لذت

اور بینائی کے خانہ نشین یعنی شاہجہان آباد میں وارد ہے۔ اوس کے کلام کی طرز نہایت دل چسپ اور شیریں ہے۔ غرض کہ گلشن فصاحت کا بلبل ہزار داستان اور چمن بلاغت کا طوطی شکر فشاں، اس واسطے یہ چند اشعار بہ طور نمونہ کے اوس کے دیوان سے انتخاب ہوئے۔'' (ص ۱۹۱، ۱۹۲)

کے رو بہ رو نعمائے موایدِ قدما سے جی سیر ہوگیا، پیش گاہ عنایت سلطانی سے فخر الشعراء خطاب، اور دبستان لطف ازلی میں حضرت رحمان سے تلمذ کا انتساب۔ طبیعت لآلی شاہ وار سخن کی نیساں، دل گوہر آب دار معانی کا عماں، بلندیٔ فکر سے کنگرۂ عرش پست اور نشۂ معانی سے اہل سخن کی طبیعتیں مست، شوخیٔ غزل کے سامنے جتوانوں کی طبع خجل، متانت قصیدہ کے رو بہ رو پیروں کی وضع منفعل، نمک کلام ایسا کہ ہر چند اجتماع مداد کثرت صنع کی امداد سے سعی کرے، زبان قلم کا زخم التیام نہ پاوے، اور شیرینی ادا ایسی کہ اگرچہ حیلۂ حسد طلاقت لسان کی کمک سے اهتمام کرے، جز چارۂ خاموشی ہاتھ نہ آوے۔ نقطہ اس کی غزل میں

سوز وگداز کے اثر سے رنگ گل
اور طراوت شبنم پیدا کرے،
اور دھان دوائر مضمون
شور و فغاں سے ہنگامۂ قیامت
برپا ۔ تراکیب فارسی کو
زبان ریختہ سے ایسا ارتباط
بخشا کہ کمال آشنائی سے
بے گانگی کا اثر نہیں پایا جاتا ،
اور معانیٔ درست کو الفاظ
قریب الفہم سے اس طرح
جلوہ دیا کہ ماہ سی روز کی
مانند کوتہ نظر بھی اس
کے نظارے میں دھوکا نہیں
کھاتا ۔ کور سوادان کم فہم
کہ اس کے سخن بلند
کے معانیٔ غریب اور مضامین
دل فریب اور نکات باریک
کو سمجھ نہیں سکتے ، خود
اس کی طرف التفات نہیں
کرتے ، اور ارباب فہم کہ
سواد روشن اور طبع سلیم
رکھتے ہیں ، غرابت
تشبیہہ و استعارات اور
دور آہنگیٔ تلمیح و اشارات
اور متانت تراکیب اور

رشاقت اسالیب اور برجستگیٔ
نکات اور بلندیٔ ابیات میں
تو کچھ سخن نہیں کر سکتے
لیکن اس غرض سے کہ
ناخن دقت کی کاوش اور
طبیعت رسا کا دخل ظاہر ہو،
کہیں کہیں سرقے کے ساتھ
متہم کرتے ہیں ۔ یہ بزرگوار
خیال نہیں کرتے کہ ایسا
سخن سنج پر مایہ کہ اگر
اس کے صندوق سینہ کو وا
کریں ، گنجینہ تحت العرش
کے مقابل دوسرا خزینہ شہار
میں آئے ، معانی پیش پا
افتادۂ چند کو کس امید پر
زمین بے گانہ سے التقاط
کرتا اور ان سے کس
افزونی کی توقع پر اپنا
خزانہ بھرتا ۔ سخن چینوں
کی عنان طبیعت اگر تعصب
کے ہاتھ نہ ہوتی ، اس کلام
میں احتمال توارد کو راہ
دے کر معذور رکھتے اور
باقی سخن کے لطف سے طبع
انصاف کو مسرور۔ اور اگر

سرقے کو بھی تسلیم اور
اس پاک دامن کو ناکردہ
گناہ سے ماخوذ کریں ، تو
بھی اگر حد اعتدال سے تجاوز
اور دائرۂ انصاف سے
خروج وقوع میں نہ آئے تو
ان دو چار شعر کے سوا باقی
کلام کو دیکھیں اور انصاف
سے نظر کریں کہ اتنا سرمایہ
کس صاحب قدرت کو حاصل ہوا
ہے؟ غزلوں کا ہجوم غزالان
دشت ختن سے پیشتر، قصیدوں
کا انبوہ کوکبۂ سلاطین سے
اکثر، مصرعہ ہائے رباعی سے
عناصر اربعہ کے مانند ابعاد
ثلاثہ مشحون ، اور ابیات
قطعۂ تضعیف بیوت شطرنج
کی طرح شمار سے افزوں ۔ مدت
مدید تک نواح اجمیر میں
عہدۂ صدر الصدوری پر مامور
رہا ۔ آخر ضعف پیری کے
سبب سے اس مشغلے سے
دست کش اور شہر
شاھجہان آباد میں خانہ نشین
ہوا ۔ دس گیارہ برس کا

عرصہ ہوا کہ سفر آخرت اختیار کیا ۔

(ص ۳۷۸ تا ۳۸۰)

مومن

حکیم محمد مومن خاں ، تخلص مومن ۔ فن شاعری میں مشاہیر دہلی میں اور نجوم و رمل میں بہت دست قدرت رکھتے ہیں ۔ غرض کہ ہر فن میں یعنی زبان فارسی اور عربی اور عروض اور قوافی وغیرہ میں کامل ہیں اور صاحب دیوان ۔

(ص ۲۷۸)

مومن

مومن تخلص ، سخن سنج بے عدیل محمد مومن خاں مرحوم غفراللہ لہٗ۔ زمین سخن اس کی بلندیٔ فکر سے رشک افلاک اور اوج فلک اس کے علوطبع کےمقابل پستیٔ خاک ۔ عروس معنی اس کے حجلۂ طبع میں شوخ و برجستہ، راز غیب اس کے سینۂ قلم میں سر بستہ ، خامہ اس کے سوز معنی سے نخل طور ، اور ورق اس کے فروغ مضامین سے مطلع نور ، مصرع آہ اس کی غزل عاشقانہ میں تضمین اور اسرار یقین اس کے ابیات عارفہ میں گوشہ گزیں۔ سخن سنجان عصر ہرچند بالا دویٔ فکر سے عرش تاز تھے ، لیکن جو کہ یہ والا نگاہ اپنی ہمت عالی کے اوج

سے سب کے احوال پر نگاہ
کرتا تھا ، ہر سر بلند اس
کو پست اور ہر بزرگ اس
کو خورد نظر آتا اور
وہ بے تصنع اس کا نام اسی
پندار کے موافق زبان پر
لاتا ۔ اور ہر چند مساحان
اقلیم کمال منازل دور و دراز
طے کر کے نشیب و فراز
راہ سے واقف اور راہ بیراهۂ
سخن سے آگاہ تھے لیکن بس
کہ یہ چابک خرام کمال
پیش بینی سے مراحل بے شمار
باقی پاتا تھا ، ان کو کاهل
قدم اور شکستہ پا جان کر
بے اختیا ریش خند کرتا
اور ان تیز قدموں کو
نقش ہائے نارسا تر بتاتا ۔
جو کہ کوتاہ بینان روزگار
اس والا پائگی اور علوهمت
سے آگاہ نہ تھے ، اس کی نگاہ
کو عیب میں اور اس کی
زبان کو خردہ گیر تصور
کر کے زبان سرزنش دراز
اور طومار شکوہ دراز کرتے ۔

ایک دیوان ضخیم کہ اصناف
سخن پر مشتمل اور اس کے
سامنے فصاحت سحبانی خجل
ہے ، اور مثنویات متعددہ مثل
قصۂ غم اور شکایت ستم ،
قول غمیں اور تف آتشیں ،
اس قادر الکلام سے صفحۂ
روزگار پر یادگار ہیں ۔ ہر
چند زبان اردو میں تو علم
یکتائی بلند ہی تھا لیکن کمال
مہارت فارسی سے کوس
'لمن الملک' کی صدا نے ہند
سے فارس تک پہنچ کر طوطی
ہند و بلبل شیراز کو
دم بہ خود کر دیا تھا ۔
غزل ہائے فارسی کاغذ پارہ
ہائے پراگندہ پر مثبت اور
بالفعل محبت طبیعی اور قرابت
قریبہ کے تقاضے سے اس کی تبییض
میر عبدالرحمان آہی تخلص ،
خلف میر حسن تسکین کے
عہدۂ اہتمام میں ہے ۔ اور جو
کہ وحید عصر نسیج اوحد
جالینوس زماں ، بقراط آواں ،
حکیم احسن اللہ خاں

سلمہ الرحمان کو شفائے
مرضٰی کے اہتمام سے قدم
بڑھا کر احیائے اموات اور
معجزۂ مسیحائی کی ترویج
پیش نہاد ہے ، قریب ہے
کہ وہ دیوان منصۂ طبع میں
جلوہ گر ہو کر شہرت تمام
پیدا کرے ۔ اتفاقات قضا و
قدر سے ایک روز ایک
مکان کے بام بلند پر عروج
معنی کے تصور میں تھا
کہ ناگاہ لغزش پا نے اوج
سخن سے پستیٔ زمین کی طرف
مائل اور مضمون پیش پا
افتادہ کی جانب متوجہ کیا ۔
ہر چند اس بام کی بلندی
چنداں پایہ نہ رکھتی تھی ،
لیکن کچھ آسمان کی کج روی
اور کچھ زمین کی ناہمواری
سے دست و بازو میں ضرب شدید
پہنچی ۔ اس شدت الم میں
اس حادثۂ جاں کاہ کی تاریخ
یہ پائی ، گویا پاؤں کا پھسلنا
بام معنی کی نرد بان تھا :

مومن فتاد از بام گفتم چه رفت گفتا
خود با خروش گفتم بشکست دست و بازو

چند ماہ انواع شدائد نے
رنج دیا کہ ان کا تحمل حد
بشر سے خارج تھا۔آخرالامر
اسی سال میں کہ بارہ سو
اٹھسٹ (اڑسٹھ) ھجری تھی،
سفر آخرت اختیار کر کے
وابستگان جگر فگار کے دل
کو رنج اور داغ میں مبتلا
اور حوران فردوس کو سعادت
استقبال سے مستعد کیا ۔ اس
امر ناگزیر کے کئی مہینے کے
بعد نواب مصطفےٰ خاں
بہادر شیفتہ تخلص کہ انسان
صورت و ملک سیرت ہیں،
رویاے صادقہ میں دیکھتے
ہیں کہ گویا مومن خاں کا
خط آیا ہے اور اس کے خاتمے
پر خط سبز سے مرقوم ہے
''مومن اهل الجنة'' ۔ وسعت
رحمت سے کیا بعید ہے کہ
جوش دریاے مغفرت نے اس
مستحق کرامت کے دامن کو
لوث عصیاں سے پاک کر
دیا ہو ۔ صدق اللہ عزو جل
قال عذابی اصیب آمن اشاء و

رحمتی وسعت کل شئ :

ابر رحمت سخت بے پروا خرام است اے صدف

تا کدامی قطرہ ایں جا باز گرداند عناں

(ص ۳۸۹-۹۱)

ذوق

ذوق تخلص ، شیخ محمد ابراهیم
نام ، دهلوی ۔ خطاب
خاقانی ہند ۔ تیس برس کے
عرصے سے ملازم درگاہ
حالت ولی عہدی سے شاہ حال
دهلوی کے هیں ، اور فن شعر
میں بهی ابتدائی عمر سے
مصروف هیں ۔ اب اس
زمانے میں خصوصاً دهلی میں
کوئی ان کے مقابلے کا نہیں اور
اکثر مشاعروں میں اوس کی
آتش زبانی کے آگے اور شعراء
مثل خس و خاشاک کے
جلتے هیں اور اس کے الفاظ

ذوق

ذوق تخلص ، طوطی شکرستان
شیریں زبانی ، بلبل چمن زار
رنگیں بیانی ، صیرفی نقود کمال
دستہ بند رنگینئی مقال ، بانی بناے
فصاحت ، میزاب گلشن بلاغت ،
فارس مضمار سخن وری ،
شہ سوار عرصۂ معنی پروری ،
مسند نشین ایوان دانش و
آگاهی ، استاد حضرت ظل
سبحانی ، شیخ ابراهیم مخاطب
بہ خاقانی ہند ۔ سایۂ تربیت
ظل سبحانی میں شب جوانی
کو صبح پیری تک پہنچا دیا
اور رضاے مرشد آفاق میں

برجستہ کے رشک سے جب کہ وہ محفل مشاعرہ میں غزل پڑھتا ہے، شرمندہ ہو کر بے تابانہ کف افسوس ملتے ہیں ۔ لہذا یہ چند اشعار جو ایک بیاض میں تھے ، بہ طریق یادگار لکھے جاتے ہیں ۔

(ص ۲۴۹ تا ۲۵۰)

اپنی ہوائے نفسانی کو یک قلم مٹا دیا ۔ خسرو روزگار کی بدولت جس قدر درجہ اعتبار کا بلند ہوا ، مرتبہ پندار کا پست ، اور جتنا دبستان کمال میں ہوشیار ہوا مے کدۂ عرفان میں مست ۔ کوہ اس گراں قدر کے پلۂ وقار میں کاہ ، آفتاب روشن اس صاف دل کے فروغ ضمیر کے مقابل سیاہ ۔ بلندیٔ مرتبہ کو لباس خاکساری میں ایسا چھپایا تھا کہ جیسے گرد میں آسمان ، رعونت تونگری کو فقر میں ایسا دبایا تھا جیسے زمین کے نیچے گنج شائیگان ۔ ۔ ۔ سبحان اللہ اس تازہ گفتار کی طبیعت کیا گلشن سراسر بہار اور کیا گلزار سراپا نگار تھی کہ فضلہ اس کا سبزہ و ریاحین سے بہتر اور خاشاک اس کا بنفشہ و سنبل سے خوش تر ۔ ہجوم قافلۂ معنی سے ہر بیت

میں معانی کثیر منزل گزیں ،
اور کثرت ورود مضامین
سے ہر مصرعے میں مضامین
متعدد گوشہ نشیں ۔ ہر چند
کثرت انواع سخن سے خود
ترتیب دیوان کی طرف
التفات نہیں کی ، لیکن اکثر
احبائے صداقت کیش اور
تلامذۂ اخلاص اندیش ان
اشعارگوھر نثار سے بڑی بڑی
بیاضیں فراھم رکھتے ھیں
اور شب و روز مانند فرزند
عزیز کے سینے سے منضم
۔ ۔ ۔ ماہ صفر سنہ بارہ سو
اکھتر ھجری میں مرض اسہال
نے اشتداد اور 'اعراض
گوناں گوں' نے امتداد بہم
پہنچا کر لشکر طبیعت پر
شب خون کیا ۔ اور ضعف
سابق اس مرض کا سر بار اور
اس علت کا علاوہ تھا ۔
باوجودیکہ زبان کو یارائے
حرف زنی اور لب کو طاقت
جنبش باقی نہ تھی ، صفائے
باطن اور جلائے آئینہ ضمیر

کے اقتضا سے جو جو نگار خانۂ
جہان قدس سے افاضہ ہوتا
تھا ، بے اختیار انفاس فیض
اقتباس کے ہم راہ محفل اظہار
میں جلوہ گری کرتا تہا ۔
اس کے نفس مطمئنہ کو
مبدأ فیاض سے کیا نسبت خاص
تھی کہ وہ واردات غیبی جن
سوانح سے مشعر تھیں ان کا
ظہور جلوہ گاہ وقوع میں
بے تکلف معائنہ ہوا ۔ اسی
اثناء میں گنجینہ داران
خزانۂ تحت العرش نے یہ
گوہر بے بہا اس جوہری
سخن پر عرض کیا :

کہتے ہیں آج ذوق جہاں سے گزر گیا
کیا خوب آدمی تھا خدا مغفرت کرے

اور طرفہ یہ ہے کہ جب
وہ دن گزر گیا اور شب
چہار شنبہ آخری ماہ صفر
نے (بہ آں کہ اس کی حیات
سے ہنوز ایک رمق باقی تھی)
نقاب سیاہ چہرۂ روزگار پر
ڈال دی ، کشادہ پیشانی

خراب آباد عالم صوری سے دل اٹھا کر مسبحان صومعۂ نیل گوں کے هم پا گلشن جناں کی طرف راهی هوا ۔
(ص ۴۴۲، ۴۳، ۴۴، ۴۶)

ناسخ

ناسخ تخلص ، شیخ امام بخش نام، لکھنوی ۔ تمام عمر لکھنئو میں بسر کی ۔ ایک دفعه وهاں کے حاکم سے کچھ رنجیده هو کر اله آباد کو چلا گیا ، پھر وهاں سے کان پور میں آیا ۔ بعد اوس کے زمانه جو موافق هوا ، وطن میں پھر گیا ۔ اب دو تین برس هوئے که اس جہان فانی سے طرف عالم جاودانی کے رحلت کی ۔ الغرض که ناسخ ناسخ تھا ۔
(ص ۲۱۲)

ناسخ

ناسخ تخلص ، سنج سخن بے عدیل و نظیر ، شیخ امام بخش ناسخ ، ساکن خاک لطافت بنیاد لکھنئو ۔ مشاهیر شعرائے خوش سخن اور نام آوران کامل فن سے تھا ۔ اس کے فکر سے معنی کو تاب و بہا اور اس کی زبان سے الفاظ کو رونق و صفا ۔ ذهن کی صفائی یوسف رخان غیب کا آئینه ، قلم کا شگاف ارباب کشف کا سینه ۔ رسائی فکر گوهر وحی صندوق سینۂ جبریل سے تاراج کر لیتی تھی اور صید افگنیٔ غور نخچیر وقت کو کمین گاه گوش قارون سے آماج کر لیتی ۔

وحشی مضمون ہنوز دام خرد
میں صید نہیں ہوا کہ اس کے
اندیشے کی کمند نیم تاب کی
کشاد میں صحرائے عدم کی
اس سرحد میں پہنچ کر حائل
گردن ہوجاتی تھی ، اور طائر
معانی اب تک عقل فعال قفس
میں قید نہیں کہ اس کی طبیعت
کی رسائی ایک پرواز میں
آشیانۂ غیب مطلق سے شکار
کر لاتی تھی ۔ معنئ پست
اس کی طبع کی اوج بخشی سے
بلند اور الفاظ مکروہ اس کی
تراکیب کے حلیے سے دل پسند ۔
اگر غریب نواز نہ ہوتا معنی
کی طرف اس قدر التفات نہ
کرتا ۔ اور اگر آشنا پروری
منظور نہ ہوتی الفاظ کی
اتنی رعایت نہ کرتا ۔
معنئ مبتذل اس کے تصرف سے
غریب اور اوج فلک اس کے
فکر کے سامنے نشیب ۔ گرسنہ
چشمان ہنر اس کے مائدۂ سخن
سے زلہ بردار، دعوے داران
کمال اس کی شوکت الفاظ

سے پائمال ۔ اہل انصاف اس
کو استاد مانتے ہیں اور
ارباب فہم اس کے شعر کو
سحر جانتے ہیں ۔ متانت مزاج
سے مضامین شوخ باوجود آمد
کے آورد کے محتاج ، اور تمکین
طبیعت سے معانیٔ برجستہ کو
خلوت خیال سے دروازۂ لب
تک آنے میں تکلیف کی احتیاج ۔
ہر چند طریقۂ مختار اس کا
تمثیل ہے اور فی الواقع اس
طرز میں بے مثل و عدیل
ہے ، شعر عاشقانہ بھی اگر
بے اختیار زبان قلم نکل گیا ہے
شعلۂ شمع کی طرح سے پروانہ
طینتوں کی طبع میں آتش افگن
اور برگ گل کی مانند عندلیب
مزاجوں کو ناخن بہ دل
زن ہے ۔ اخیر عمر میں غلبۂ
خرافت سے جرأت کی وضع کو
اختیار اور معاملہ بندی کو
قصد کیا اور ایک 'دفتر
پریشاں' نام اسی طرز کے
اشعار سے مشحون اور اسی
ڈھنگ کے ابیات سے مالا مال

اٹھا ۔ ہر چند جرأت کی
شاعری کا حال جیسا ہے ،
اہل بصیرت اور ارباب بصارت
کہ کامل استعداد اور سکۂ سخن
کے نقاد ہیں ، خوب جانتے
ہیں ، لیکن جو کہ ہمیشہ
مضامین بوس و کنار اس کے
منہ چڑھے ہوئے اور مدام
اس کی فکر سے ہم کنار تھے
اور یہ اس ہوس کے دام میں
نوگرفتار ۔ یہ تقلید خوب بن
نہ آئی اور بعض مقام میں
یہ تو ناز و انداز میں محو ہوا
اور شاھد معنی نے اس کو
غافل کر کے بے باکانہ
حجلہ گاہ ابیات سے اپنے گھر
کی راہ لی

''حفظت شیئاً و غابت عنک اشیاء''

لیکن درد مندان سخن جانتے
ہیں کہ اتنی نا سرہ کاری سے
اس کے نقد کمال کو بٹا نہیں
لگتا۔ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ
بود و باش خطۂ خوش آب و
ہوائے لکھنئو سے دل گرفتہ
ہو کر الہ آباد کی سر زمین

میں نشیمن اختیار کیا ، لیکن
بعد ایک عرصے کے کان پور
میں آیا اور وہاں وقفۂ
آسائش کر کے پھر وطن
مالوف میں منزل گزیں ہوا ۔
اور جب تک آغوش لحد میں
آرام نہ کیا ، اس گل زمین
سے قدم باہر نہ نکالا ۔ اس
کے سفر آخرت کو تخمیناً آٹھ
سات برس کا عرصہ ہوتا ہے ۔
(ص ۲۱۳-۲۱۵)

گلستان سخن کے یہ اقتباسات شعرا کے بارے میں زیادہ تفصیلی اور گہری معلومات کے علاوہ انتخاب دواوین کی بیان کردہ آرا سے مختلف بھی ہیں ؛ خصوصاً ممنون اور ناسخ کے بارے میں جن خیالات کا اظہار ہوا ہے وہ صہبائی کے مقابلے میں زیادہ وقیع ہیں اور اس بدلے ہوئے ذوق کی نمائندگی کرتے ہیں جو صابر اور اسی عمر کے بعض دوسرے نقادان فن کے ہاں جلوہ گر ہے ۔ گلستان سخن میں شعراء کے حالات و کوائف بھی صہبائی سے جداگانہ ذوق کے آئینہ دار ہیں ۔ اب ہم یہ نتیجہ نکالنے میں حق بجانب ہیں کہ گلستان سخن کا اصل متن صہبائی کی اصلاح سے مزین تو ہوگا لیکن صابر کا اپنا تالیف کردہ ہی سمجھنا چاہیے ۔ ہاں دونوں کے اسلوب میں مشابہت ضرور ہے اور اسلوب کی مشابہت کا سبب اصلاح ہو سکتا ہے ؛ لیکن نفس مضمون استاد اور شاگرد کا جدا ہے ۔

(۳)

گلستان سخن کی مختلف حیثیتوں کے بارے میں قاضی عبدالودود صاحب نے معاصر میں جو کچھ لکھا ہے اس میں سے بعض ضروری اجزاء ذیل میں پیش کیے جاتے ہیں :

(۲) گلستان سخن میں ۵۴۰ شعرا کے مستقل تراجم ہیں۔ مسلمان ۴۸۲، ہندو ۵۶، عیسائی ۲ اور ان میں عورتیں صرف دو ہیں اور دونوں مسلمان (پہلی یقینی طور پر ، دوسری قیاساً) مسلمانوں میں ایسے شعرا جن کے فارسی اور اردو دونوں زبانوں کے اشعار تذکرے میں ہیں ۱۶ ہیں . . .

ایسے شعرا جن کا صرف فارسی کلام ہے، ۲۳ ہیں۔ باقی وہ ہیں جن کا صرف اردو کلام دیا گیا ہے۔ ہندوؤں میں صرف ایک شاعرکا اردو فارسی کلام تذکرے میں درج ہے، ۱۷ کے صرف فارسی اشعار ہیں۔ اور ایسے شعرا جن کا صرف اردو کلام ہے، ۳۸ ہیں۔ عیسائیوں اور عورتوں کے صرف اردو اشعار ہیں۔

(۳) مقامی حیثیت سے دیکھیے تو دہلی، جہاں کے ۳۷۵[1] شعرا تذکرے میں ہیں ، اور تمام مقامات پر غالب ہے ، لکھنؤ کے صرف ۱۶ شعرا قابل شمول سمجھے گئے ہیں ، باقی شعرا دوسرے مقامات کے ہیں جن میں غالباً سب سے زیادہ آگرے کے ہیں۔

سری رام کا یہ قول تو صحیح نہیں کہ مصنف نے دہلی سے باہر قدم رکھنا عار سمجھا ہے لیکن یہ ضرور صحیح ہے

۱- بعض اوقات یہ فیصلہ مشکل ہے کہ کون شاعر کہاں کا ہے- میں- بعض صورتوں میں قیاس سے بھی کام لیا ہے۔

کہ بہ کثرت بیرونی مشاہیر مثلاً برق ، رشک ، صبا ، نوازش وغیرہ نظرانداز کردیے گئے ہیں۔ دہلی کے بارے میں مصنف کو ایک حد تک دعویٰ تھا لیکن وہاں کے بھی متعدد خوش گو شعرا (مثلاً مجروح ، ظہیر ، انور وغیرہ) کسی نہ کسی وجہ سے گلستان سخن میں داخل نہ ہو سکے ، ہاں ایسے لوگ جس کا صابر و صہبائی سے تعلق ہے (خواہ ان کی مشق چند روز ہی کیوں نہ ہو) تذکرے میں شامل ہیں۔

(۴) زمانۂ تالیف تذکرہ میں دہلی کے ہر طبقے کے لوگ شعر گوئی کی طرف مائل تھے اور صوفیہ ، اوباش اور رند مشرب ، امرا اور بازاری ، بادشاہ اور شاہ زادے سب کو اس کا ذوق تھا۔ تیموری خاندان کے شعرا جن کا اس تذکرے میں ذکر ہے ، [illegible] ہیں۔

(۵) اس امر سے کہ پہلے تذکرے کا نام آثارالمعاصرین رکھا گیا تھا ، یہ نہ سمجھا جائے کہ اس میں صرف وہی شعرا ہیں جو اصطلاحی معنی میں صابر کے ہم عصر تھے ، اس لیے کہ اس میں فراق و قاسم وغیرہ ہیں جو صابر کیا صہبائی کے بھی ہم عصر نہیں کہے جا سکتے۔

(۶) گلستان سخن (مقدمہ مقصد) میں دہلی کے جن اساتذہ کا خاص طور پر ذکر کیا گیا ہے ان میں وہ بھی ہیں جو زمانۂ تالیف سے بہت قبل وفات پاچکے تھے (نصیر ، ممنون) اور وہ بھی جو اس قدر کم عمر تھے کہ شاید صہبائی کے خاص حلقے سے باہر انہیں استاد نہ سمجھا جاتا ہو (مثلاً سوز)۔ آزردہ کا ذکر سب سے علیحدہ کیا ہے اور انہیں سب سے بڑھایا ہے لیکن یہ غالباً مصلحت کی بنا پر

ہے ۔ نہ وہ اس کے مستحق ہیں اور نہ صہبائی و صابر انہیں واقعی اتنا بڑا سمجھتے ہوں گے ۔

تذکرے کا آغاز بھی انہیں سے ہوا ہے (حالانکہ مقررہ قاعدے کے مطابق آباد سے ہونا تھا) ۔ اساتذہ کی تعریف میں بڑے مبالغے سے کام لیا ہے اور کہیں کہیں صاف معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کھل کر بات نہیں کہنا چاہتا ، یا کم از کم اس کی ذمہ داری خود قبول کرنا نہیں چاہتا ؛ مثلاً مومن کی خود بینی کا ذکر ۔ اظہار رائے میں ذمہ داری کا احساس کار فرما نظر نہیں آتا ۔ صہبائی سوز و صابر کی آواز گری (پروپیگنڈہ) تالیف تذکرہ کی سب سے بڑی غرض معلوم ہوتی ہے ۔

(۷) بعض غیر مشہور شعرا کے حالات میں واقعہ نگاری سے کام لیا ہے لیکن بیشتر مشاہیر کے متعلق جو کچھ لکھا ہے وہ نہ ہونے کے برابر ہے ۔ تاہم بہت سی کام کی باتیں اس تذکرے میں ملتی ہیں اور آزاد نے آب حیات میں اس سے کئی جگہ کام لیا ہے (مثلاً حالات شاہ نصیر) ، گو اس کا اعتراف نہیں کیا ۔ یہ تذکرہ سخن شعرا کے بھی ماخذوں میں ہے ۔ خود اس تذکرے میں گلشن بے خار کے سوا کسی تذکرے سے کوئی بات نہیں لی گئی ، بعض اور تذکروں کا ذکر اس میں ضرور ہے ۔

(۸) گلستان سخن میں التزاماً تلمذ کا ذکر نہیں ، خاص خاص شعرا کے شاگردوں کی تعداد جو مجھے اس کتاب سے معلوم ہوئی ، یہ ہے : صہبائی ۳۸ (اس میں درسیات پڑھنے والے بھی شامل ہیں) نصیر ۲۹ ، احسان ۳ ، ذوق ۲۲ ،

مومن ۲۱ ، مشیر ۱۵ ، صابر ۱۴ ، غالب (بہ شمول حزیں) ۱۲ ، ممنون ۸ ، . . . سوز ۳ ، تنویر ۳ ، آزردہ ۲ ، عارف ۲ ، ثابت (موخرالذکر کے بارے میں لکھا ہے کہ اولاد تیموریہ میں بیشتر اسی صاحب طبع کی شاگردی سے ممتاز ہیں) ۔

واضح رہے کہ میں نے احتیاط سے گنا ہے لیکن شمار کرنے میں غلطی کا احتمال ہے میں نے صرف ان شعرا کو لیا ہے جن کے بارے میں صراحتاً لکھا ہے کہ کس کے شاگرد ہیں ۔ اپنے معلومات یا قیاس سے کام نہیں لیا ۔ اگر کسی شاعر کو ایک سے زیادہ استادوں سے تلمذ ہے تو اس کا شمار سب استادوں شاگردوں میں کیا گیا ہے ۔

(۹) واقعات جب بیان کیے جاتے ہوں کتاب میں زیادہ تر ایسے لوگوں کا ذکر ہو جنھیں جاننے کے مواقع حاصل ہیں تو اغلاط زیادہ نہیں ہو سکتے ، لیکن دھلوی شعرا ہوں یا بیرونی ، تھوڑے بہت اغلاط ان کے متعلق موجود ہیں ؛ مثلاً سرور کے استاد کا تخلص سامی لکھا ہے حالاں کہ یہ ساق ہے (تذکرۂ سرور) میر ببرعلی انیس کا نام میر پیرعلی لکھا ہے ۔

اور تذکـــرہ نگاروں کی طرح گلستان سخن کے مؤلف نے بھی حالات کی فراھمی میں میں زیادہ زحمت اٹھانی گوارا نہیں کی اور سرسری طور پرجو کچھ معلوم ہو سکا ہے پیش کر دیا ہے ؛ مثلاً حزیں دھلوی کے متعلق لکھا ہے کہ اسے عارف سے تلمذ تھا ، غالب ہے کہ اب غالب سے اصلاح لیتے ہوں گے ۔ خلاصہ یہ کہ ولی عہد کے نوکر تھے بہ آسانی تحقیق کی جا سکتی تھی کہ وفات عارف کے بعد کس کا تلمذ اختیار کیا تھا ۔

(۱۰) شاعروں کے تراجم کے ساتھ جو ان کے اشعار ہیں ان کی تعداد یہ ہے : فارسی ۹۲۹ - سید کے دو مصرع (و مادہائے تاریخ) مزید برآں، اردو ۳۶۱۴ ، مخمس کے ۲۶ بند - ان کے علاوہ مقدمے میں جو اشعار ہیں وہ اس تعداد میں شامل نہیں - ذاتی تعلقات کی بنا پر ایسے لوگوں کے اشعار بھی بھر دیے ہیں جن کے اشعار کچھ بلند پایہ نہیں - غلط انتساب کی صرف ایک مثال اس وقت میرے علم میں ہے :

ہوا ہے ابر ہے ساقی ہے مے ہے پر اک تو ھی نہیں افسوس ہے ہے

یہ میر انیس کی طرف منسوب ہے لیکن تذکرہ قدرت اللہ شوق میں جو میر انیس کی ولادت سے قبل کی تالیف ہے ، ایک گمنام شاعر کے نام سے ہے -

(۱۱) کتاب کی عبارت نامانوس عربی و فارسی مفردات و مرکبات سے مملو ہے اور اس میں ایک جملہ بھی ایسا نہیں جس میں اردو کا لطف ملتا ہو - بے نمک استعارات ، خنک تشابیہہ ، دور از کار کنائے، مزید برآں ظاہر ہے کہ اس صورت میں بے ارادہ حقیقت سے انحراف ہو جانے کا بہت کچھ احتمال ہے اور ایسا ہوا ہے -

(۱۲) مقدمے میں بہت سی غیر ضروری باتیں ہیں لیکن جس زمانے میں لکھا گیا ہے اس لحاظ سے غنیمت ہے - توافق لسانین پر مؤلف کی نظر ہے ، اگرچہ غلط مثالیں بھی دی ہیں - لفظوں کی اصل معلوم کرنے کا بھی شوق ہے ، اگرچہ اس میں بھی بعض جگہ دھوکا کھایا ہے - دساتیر سے متعلق طویل بحث ہے - دساتیر سے واقفیت ظاہر ہوتی ہے

مگر یہ تعجب کی بات نہیں کہ اپنے معاصرین کی طرح مؤلف کو بھی یہ خیال نہ ہوا کہ یہ جعلی ہے۔ اور حواشی وغیرہ میں جن کتابوں کا ذکر ہے یا تو ان کا وجود ہی نہیں یا یہ بھی جعلی ہیں اور شکل اول میں اقتباسات محض فرضی ہیں[1]۔

(۴)

قاضی صاحب کے ان اقتباسات سے گلستان سخن کی اہمیت پر کافی روشنی پڑتی ہے۔ صابر نے اگرچہ مشاعروں کے حالات دینے میں زیادہ محنت سے کام نہیں لیا، تاہم اپنے معاصرین کے بارے میں انھوں نے بعض نئی معلومات ضرور مہیا کی ہیں۔ مثلاً دلی میں منعقد ہونے والے بعض مشاعروں کے بارے میں ہمیں باخبر کیا ہے۔ چناں‌چہ مندرجہ ذیل مشاعروں کا حال گلستان سخن سے معلوم ہوتا ہے:

صفحہ ۲۲۹: مشاعرۂ مدرسۂ غازی الدین کا ذکر اور آشفتہ کے انتقال کا واقعہ۔

صفحہ ۲۶۴: مشاعرۂ دیوان خانۂ والد مرزا وجیہ الدین اختر۔

صفحہ ۳۱۷: مشاعرۂ مدرسۂ غازی الدین کا تفصیلی

۱۔ غالب نے قاطع برہان میں ایک معلم (صریح اشارہ یہ صہبائی) کے بارے میں لکھا ہے کہ وہ خویشتاب اور زندہ رود کے مطالعے کا فخریہ ذکر کرتا ہے حالاں‌کہ ان سے فارسی نہیں آسکتی (صہبائی اس کا مدعی نہیں)۔ صہبائی کی کسی کتاب میں جو ان کے نام سے چھپی ہے اور میری نظر سے گزری ہے ان کتابوں کا ذکر نہیں اور غالب نے گلستان سخن ہی کو دیکھ کر قاطع میں ان پر الزام لگایا ہے۔

ذکر اور شاہ نصیر کا طرحی غزلیں کہنا ۔
صفحہ ۴۱۵ : مشاعرۂ دربار عام ۔
صفحہ ۴۹۴ : مجلس مشاعرہ ۔
صفحہ ۵۳۱ : مشاعرہ بر مکان شیفتہ ۔

اس کے علاوہ اس تذکرے کی تاریخی اہمیت بھی ہے اس زمانے میں استاد شاگرد کی روایت بڑی اہمیت رکھتی تھی ۔ اس لیے جا بجا مختلف شعرا کے اساتذہ کا بھی پابندی کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے ۔ اس لحاظ سے اپنے دوسرے معاصر تذکرہ نگاروں میں یہ تذکرہ نمایاں حیثیت رکھتا ہے ۔

اس کی دوسری خوبی یہ ہے کہ اس میں شعرا کے حسب نسب کو بھی بنیادی اہمیت دی گئی ہے ۔ اگرچہ تذکرہ نگار اس بات کا پابند نہیں کہ ہر معاصر کے بارے میں جو تحریر تذکرہ سے پہلے یا دوران میں فوت ہوا ہے ، پابندی کے ساتھ سنۂ وفات دے ، لیکن بعض شعراء کے حال میں صابر سنہ بھی درج کر گئے ہیں ، جس سے مورخ کے لیے آسانی پیدا ہو گئی ہے ۔

اس تذکرے کی تیسری خوبی یہ ہے کہ لکھنے والے نے شخصیت نگاری کو خاص اہمیت دی ہے ۔ چناں چہ اپنے بعض معاصر شعراء کے بارے میں ان کی آرا دل چسپ ہیں ، مثلاً :

صفحہ ۲۵۸ : احمد ۔ مروت و دوست نوازی میں یکتائے زمانہ ۔

صفحہ ۲۶۵ : ارشاد ۔ درویش صاف طینت ، پاک نہاد ۔
صفحہ ۲۷۱ : اشکی ۔ فکر خوش ، طبع رسا ، ذہن سلیم ،

اطوار حمیدہ ، عادات پسندیدہ ایک ذات میں جمع ہیں۔

صفحہ ۱۷۵ : امین ۔ باوجود ان کمالات کے حلم مجسم اور ہمہ تن اخلاق ۔ ان کے لب کو برگ گل کی طرح سے کبھی تبسم سے اور ان کی پیشانی کو شگوفے کی مانند شگفتگی سے خالی نہیں پایا ۔

صفحہ ۲۷۸ : امیر ۔ تقریر شستہ اور گفتگوے شائستہ اور روزمرۂ صاف پر قادر تھا ۔

صفحہ ۲۸۱ پر میاں اوج کا خاکہ کمال فن کا ثبوت ہے ۔

صفحہ ۳۷۶ : جلیس ۔ مرد سپاہی وضع ، مودب ، کم گو تھا ۔

صفحہ ۳۷۴ : داغ ۔ صاف دل ، نیک نہاد ۔

صفحہ ۲۱۸ : آباد ۔ ہم صحبتاں آوارہ مزاج کے اختلاط سے تحصیل کمال کی طرف قاطبتاً توجہ نہیں ۔

صفحہ ۲۱۹ : آتش ۔ بہ اعتبار تخلص کے آتش تھا ، بہ اعتبار تواضع کے خاک ؛ بہ اعتبار تن سست تھا ، بہ اعتبار فکر کے چالاک ۔

صفحہ ۲۲۶ : آزاد ۔ خوش فکر ، ذکی الطبع ، شوق علم تصوف نے ضمیر حقیقت تخمیر پر استیلا پایا ہے ۔ جوان خوب صورت ، وجیہہ ، رند مشرب ، بے باک مزاج ، آزاد وضع ، گویا اسم با مسمٰی ہیں ۔

صفحہ ۲۳۶ : آصف ۔ مرد صاحب اخلاق و رنگیں صحبت ۔

صفحہ ۲۳۷ آفی ۔ یاد حق میں مشغول ... آزادانہ بسر کرتے ہیں اور بیشتر اوقات سیاحت و سفر خصوصاً زیارت اولیا میں گزارتے ہیں۔

اشراف پرستی کے اس زمانے میں جب حسب نسب کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہو گئی تھی ۔ مغلیہ تمدن کے باقیات میں سلیقے اور آداب مجلس کو بڑی شہرت ملی ۔ گلستان سخن کا مرتب بھی مغلیہ تمدن کی مٹتی ہوئی قدروں کا امانت دار ہے ۔ مختلف شعرا کی شخصیتوں میں وہ مجلسی زندگی کے اصول تلاش کرتا ہے اور ان کی مدد سے ہمیں اس معاشرتی فضا کی جھلک دکھاتا ہے ، جس کے ٹوٹے ہوئے رشتے تاریخ ، مکتوبات ، تذکروں وغیرہ میں بکھرے ہوئے ملتے ہیں ۔ اس لحاظ سے گلستان سخن اردو تذکروں میں خاص اہمیت رکھتا ہے ۔ جن شعرا کا ذکر اس میں کیا گیا ہے ان میں سے اکثر کے ساتھ مرتب کے تعلقات تھے اس لیے اس کی بیان کردہ معلومات قابل اعتبار ہیں اور آخری مغلیہ دور کو سمجھنے میں ان سے بڑی مدد ملتی ہے ۔

(۵)

ڈاکٹر سید عبداللہ صاحب نے اپنی کتاب شعرائے اردو کے تذکرے میں قدیم تذکروں کی مختلف خصوصیات کا جائزہ لینے کے بعد تذکرہ نگاری کو ارتقاء کے اعتبار سے دو بڑے طبقوں میں تقسیم کیا جو یہ ہیں :

طبقۂ اول : قدیم طرز کے تذکرے :

(الف) دبستان میر : یعنی وہ تذکرے جو میر تقی میر کی خصوصیات تذکرہ نگاری کا تتبع کرتے ہیں ۔ واقعات

میں اختصار اور اصلاح سخن ان تذکروں کے امتیازات ہیں ۔ مثلاً :

(۱) نکات‌الشعرا میرتقی میر (۲) تذکرۂ ریختہ گویان ، فتح علی حسینی ۔ (۳) مخزن نکات ، قائم (۴) تذکرہ میرحسن دھلوی (۵) مصحفی کے تذکرے ۔

(ب) دبستان میر کے خلاف رد عمل :۔ یہ رد عمل میر کی اختصار پسندی کے خلاف ہے اور اس کا نتیجہ اختصار کی بجائے ''جامعیت بہ لحاظ اسماء و افراد ہے ۔'' عیارالشعـراء اس جامعیت کا بڑا نمائندہ ہے ۔ جامعیت پسند تذکروں کی فہرست یہ ہے :

(۱) عیارالشعراء ، ذکا ۔ (۲) عمدۂ منتخبۃ ، اعظم‌الدولہ سرور (۳) مجموعہ نغز ، حکیم قدرت اللہ قاسم ۔ (۴) گلشن بے خار ، شیفتہ ۔ (۵) گلستان بے خزاں ، باطن ۔

طبقۂ ثانی : جدید اثرات کے حامل تذکرے :

(الف) ان تذکروں میں سوانحیت کا رنگ غالب ہے ۔ ان میں صرف منتخب شعراء کے مفصل حالات زندگی ملتے ھیں اور واقعات کی تاریخیں بھی معین کی گئی ھیں ۔ ان تذکروں کے نام یہ ھیں :۔

(۱) گلزار ابراھیم ۔ (۲) گلشن ھند علی لطف ۔

(ب) دتاسی ، کریم الدین اور صہبائی کے تذکرے ۔ ان کی خصوصیت یہ ھے کہ ان میں سوانحیت کے ساتھ ساتھ

یہ کوشش بھی کی گئی ہے کہ اردو شاعری کا ارتقاء
بھی مطالعے میں آ جائے ۔

(ج) آب حیات ، آزاد ۔ تذکرہ نویسی میں لٹریری ہسٹری
کا رنگ ۔ بعد کے بیشتر تذکرہ نویس اس معاملے میں
مولانا آزاد کا تتبع کرتے ہیں ۔"

(شعرائے اردو کے تذکرے ، ڈاکٹر سید عبداللہ
صفحہ ۱۲-۱۳) ۔

گلستان سخن اس تقسیم میں طبقۂ ثانی کی ب شق میں
آتا ہے ۔

(۶)

اردو شعرا کے تذکروں میں فارسی تذکروں کی طرح
ایک ہی روایت چلتی رہی ہے جس کے بارے میں اب تک بعض
غلط فہمیاں ادباء میں رائج ہیں ۔ چناں چہ تذکروں کا
جائزہ لیتے ہوئے پروفیسر کلیم الدین احمد "اردو تنقید
پر ایک نظر" میں اس روایت کا خاص طور پر مذاق
اڑاتے ہیں ۔ ان کی رائے میں اردو تذکرے عبارت آرائی کا
شکار ہیں اور ہر جگہ الفاظ کا سیلاب رواں ہے[۱] ۔ ڈاکٹر
عبادت بریلوی کی رائے میں مشرق میں تنقیدی نظریات کا
کوئی منظم،مسلسل اور مربوط سلسلہ نہیں ملتا[۲] ۔ اسی طرح
ڈاکٹر عبدالقیوم "تنقیدی نقوش" میں ہمارے تذکروں میں
تنقیدی شعور کی کمی کا رونا روتے ہیں ۔ لیکن ان صاحبوں

---

۱ ۔ اردو تنقید پر ایک نظر ۔ طبع اول ، صفحہ ۱۸ ۔
۲ ۔ اردو تنقید کا ارتقاء ۔ صفحہ ۶۲ ۔

کی آراء زیادہ قابل لحاظ نہیں ہیں ، اس لیے کہ انھوں نے اردو تذکروں کو اس دور کی ادبی اور معاشرتی فضا سے الگ کرکے دیکھا ہے ۔ ان تذکروں میں بیان کیے گئے تنقیدی خیالات کی صحت یا عدم صحت کو زیر بحث لایا جا سکتا ہے ، لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا کہ اردو شاعروں اور ادیبوں میں سرے سے تنقیدی شعور ہی موجود نہیں ، درست نہ ہوگا ۔ مسیح الزماں صاحب نے قدیم تذکروں کا جائزہ لیتے ہوئے یہ بالکل بجا کہا ہے :

"کون کہہ سکتا ہے کہ غدر سے پہلے کے اردو شاعروں میں تنقیدی شعور نہیں تھا ۔ اتنا ضرور ہے کہ وہ ایک ایسے دور میں پیدا ہوئے تھے جب خیال سے زیادہ الفاظ پر زور دیا جاتا تھا ۔ جب بات کہنے کا طریقہ بات سے زیادہ اہم سمجھا جاتا تھا ۱ ۔"

اردو تذکرہ نگاروں کے ہاں یہ تنقیدی شعور مختلف ادوار میں یکساں قوی نہیں رہا ۔ میر تقی میر اور ان کے معاصرین کے ہاں الفاظ پر خیالات کو فوقیت حاصل ہے اور وہ تنقیدی اصطلاحات ، جنھیں پروفیسر کلیم الدین احمد 'الفاظ کا سیلاب' کہتے ہیں ، غیر محتاط طریقے پر استعمال نہیں ہوئیں ؛ بلکہ ہر لفظ کا ایک مقرر اور معین معنی ہے ، جس کے حوالے سے میر اور ان کے ساتھی اپنا ما فی الضمیر ادا کرتے ہیں ۔ یہ دوسری بات ہے کہ ان کے بنیادی تصورات محدود ہیں اور اسالیب کی باریکیوں میں یہ لوگ دور تک نکل جاتے تھے ۔ میر کے بعد میر حسن اور

---

۱ ۔ اردو تنقید کی تاریخ ، جلد اول ، صفحہ ۱۵۸۔

ان کے معاصرین کی تذکرہ نگاری کا زمانہ آتا ہے، جب تنقیدی سے سوانحی حصہ زیادہ اہم ہو گیا اور تذکروں میں حالات و واقعات نے تنقید سے زیادہ اہمیت حاصل کر لی - لیکن اس زمانے میں بھی عروض و معانی و بیان اور صنائع بدائع کے متعارف سانچے تنقیدی آراء میں دخل انداز رہے - اس تنقیدی روایت میں بھی تبدیلی آئی - مصحفی اور ان کے ساتھیوں نے غزل کی غنائی روایت کو خصوصی اہمیت دی - یہ نیا تنقیدی شعور اردو تذکرہ نگاری کی قدیم روایت میں نئے باب کا اضافہ کرتا ہے - تنقید اب معاشرتی فضا سے ہم آہنگ رہ کر تنقیدی شعور کی تربیت میں لگی رہی - یہی وہ زمانہ ہے جب فورٹ ولیم کالج میں تذکرہ نگاری کا ایک اور دبستان وجود میں آتا ہے جس نے سوانحی رنگ کو زیادہ نکھار دیا - یہ نیا انداز تذکرہ نگاری مسلسل نہ رہ سکا، تا آنکہ دلی اور لکھنؤ میں تذکرہ نگاری کا وہ انداز شروع ہوا جس میں شعراء کی تعداد کو زیادہ اہمیت حاصل ہوئی - اسی زمانے میں گلشن بے خزاں، عیارالشعراء، خوش معرکۂ زیبا، سراپا سخن اور عمدۂ منتخبہ وغیرہ لکھے گئے - یہ قدیم دبستان تذکرہ نگاری کا آخری زمانہ ہے جب معاشرتی زندگی میں زوال پذیر عناصر کی کثرت کی وجہ سے، نیز زبان پر ضرورت سے زیادہ توجہ ہو جانے کے سبب، دلی اور لکھنؤ کی شاعری اور ادب متاثر ہونا شروع ہو گئے تھے - دلی اور لکھنؤ کے اس دور کی تذکرہ نگاری کا عام رجحان سوانحی حصے پر توجہ کی بجائے شخصیت اور تنقید کی طرف زیادہ ہو جاتا ہے - گویا اس مرحلے پر اردو تذکرے شخصیت نگاری اور

سوانح نگاری کے اوصاف سے متصف ہو کر اردو تنقید میں ایک نئے رجحان کی نشان دھی کرتے ھیں ۔ شعرا کی شخصیت کے بارے میں رائیں تذکروں میں عام ہو جاتی ھیں ، استادی شاگردی کے سلسلے اھمیت حاصل کر جاتے ھیں اور تنقید میں لفظی گرفت اور مناظرے اور مناقشے زیادہ اھم ھو جاتے ھیں ۔ چناں چه شعراء کی وفات کے سنین بھی غیر محتاط صورت میں قلم بند ھونے لگے ۔ اس دور کے تنہا محتاط تذکرہ نگار عبدالغفور خاں نساخ ھیں جنھوں نے 'سخن شعراء' میں شاعروں کی تاریخ وفات کو اکثر احتیاط کے ساتھ درج کیا ھے ۔ سبب شاید یه ھے که نساخ دلی اور لکھنؤ کے شہروں سے بہت دور زندگی بسر کر رھے تھے اس لیے وہ ان شہروں میں پروان چڑھنے والی بعض قباحتوں سے بچ گئے ۔ مجموعی اعتبار سے یه دور سماجی اور سیاسی زوال کا ھے ۔ معاشرتی زندگی کی ابتری کا اثر تذکروں پر بھی پڑا ۔ اب تذکروں میں تنقیدی رائیں گروہ بندی کا شکار ھو جاتی ھیں ۔ شیفته اور ان کے معاصرین کی تحریریں اس طرح کے خارجی عوامل سے خالی نہیں ھیں جو معاشرتی زندگی کی بربادی اور بد نظمی کو آشکار کرتے ھیں ۔ شیفته البته الفاظ کے استعمال میں Under tone کو مد نظر رکھتے ھیں ۔ ان کے تذکرے کی عبارتیں بظاھر غیر محتاط عبارت آرائی محسوس ھوتی ھیں لیکن در حقیقت لفظوں کے اس بے دریغ استعمال کی تہه میں بعض دوسرے ضمنی اور ذیلی اشارے بھی پائے جاتے ھیں جن سے شیفته کا تذکرہ ایک دل چسپ دستاویز بن گیا ھے ، ورنه اس آخری دور کے قدیم رنگ کے تذکرہ نگاروں کے ھاں الفاظ کا سیلاب

پایا جاتا ہے ، اور یہ سیلاب (جس کے خلاف ڈاکٹر عبادت ، کلیم الدین احمد وغیرہ نے زہر اگلا ہے) کچھ کچھ ان کتابوں تک بھی جا پہنچا ہے جنھیں جدید اثرات کے حامل تذکرے کہا جاتا ہے ۔ ان نئے تذکروں میں سوانحیت کے ساتھ ساتھ اردو شاعری کے ارتقا کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے ، اور ایک حد تک تنقید کی آن گم شدہ کڑیوں کو بھی جوڑنے کی کوشش کی گئی ہے جو اس دور کے ادبا کے لیے بالکل سامنے کی چیزیں تھیں اور جنھیں عام طور پر قلم بند نہیں کیا جاتا تھا ، لیکن آج ہمارے لیے ان کڑیوں کی موجودگی کے بغیر قدیم تنقیدی روایت کو سمجھنا خاصا مشکل ہوتا ۔

تذکرہ نگاری کی یہ ترمیم شدہ روایت جس کا آغاز گارسیں دتاسی ، کریم الدین ، صہبائی اور گلستان سخن کے مرتب نے کیا ہے ، شاعری کے تاریخی ارتقا کو مد نظر رکھتی ہے اور مختلف دور کے شاعروں کو ایک خاص پس منظر میں پیش کرتی ہے ۔ اس سے اردو تذکرہ نگاری میں ایک نئے دور کا آغاز ہوتا ہے ۔ یہ دور کچھ تو نئی فضا کی خوبیاں رکھتا ہے اور کچھ اس میں قدیم زوال پذیر تمدنی زندگی کے آثار پائے جاتے ہیں ۔

ان تذکروں کا ڈھانچا بہ قول مسیح الزمان :

''تذکروں سے الگ تاریخ ادب کے ڈھنگ پر ہے ۔
یہ تصور دتاسی کا مرہون منت ہے جس کا
سوچنے کا ڈھنگ اور تجزیے کا طریقہ اردو کے

دوسرے تذکرہ نگاروں سے مختلف تھا اور اسی وجہ سے اس نے اردو ادب کی ایسی تاریخ لکھی جو بہت کچھ مغربی طرز کی تھی جس میں مبالغہ کم اور بیان واقعہ زیادہ تھا[۱] ۔"

دتاسی کی یہ احتیاط اس کے اپنے مقلدین کو بھی صرف ایک حد تک متاثر کر پائی ، اور بہ شمول کریم الدین ، ان تذکرہ نگاروں سے واقعات کی صحت کا اہتمام زیادہ نہیں ہو سکا ۔ ان دانش مندوں کی تنقیدی آراء ایک حد تک جچی تلی ہونے کے باوجود لفاظی اور لفظوں کے بے ضرورت استعمال کی طرف راغب ہے ۔ ان کی اکثر تنقیدی اصطلاحات مبہم اور غیر معین ہیں ۔ گلستان سخن اس لحاظ سے اپنے معاصر تذکروں سے علیحدہ ہو جاتا ہے کہ اس میں معاصرین سے سروکار دکھا گیا ہے ۔ اس فاضل تذکرہ نگار کی توجہ شعرا کی شخصیت اور ان کے استادی شاگردی کے سلسلوں کی طرف زیادہ رہی ، تنقیدی رائے میں وہ ، اپنے دور کا ہونے کی وجہ سے ، معروضی انداز اختیار نہیں کر سکا ، اس لیے اس کی بیان کردہ آراء مجموعی طور پر زیادہ وقیع نہیں ہیں ۔ چنانچہ جن عبارتوں اور تنقیدی اصطلاحوں میں شعراء پر تنقید کی گئی ہے وہ مبہم اور غیر واضح بھی ہیں ۔ چند مقامات پر البتہ ان کی رائے میں بھی وہی انداز آ گیا ہے جس کی وجہ سے ہم میر اور ان کے معاصرین کے تذکروں کو خاص اہمیت دیتے ہیں ۔ اس لحاظ سے اس تذکرے کا سلسلہ اپنے دور سے قدیم تر تذکروں کے ساتھ جا ملتا ہے ،

---

(۱) اردو تنقید کی تاریخ ، پہلی جلد ، صفحہ ۱۲۳ ۔

تا ہم دوسرے قدیم تذکروں کے مقابلے میں اس میں شعر کی ماہیت ، تخلیقی عمل ، شعری روایت اور انتقاد کا سرمایہ کم ہے ۔ سبب شاید یہ ہے کہ مولوی امام بخش صہبائی باوجودیکہ دہلی کالج سے متعلق تھے اور شاعری کا جو تعلق قدیم نظام معانی و بیان کے ساتھ تھا ، نیز شعری عمل میں زبان کو جو اہمیت حاصل ہوتی ہے ، اس سے ایک حد تک واقف تھے اور انہوں نے اپنے انتخاب دواوین میں نہ صرف شعرا کے زمانی قرب کو قائم رکھا ہے بلکہ شاعری سے متعلق بعض مسائل کو بھی دیباچے میں بیان کر دیا ہے ۔ پھر بھی ان کے ہاں تاریخ نگاری ہی کا پلہ بھاری ہے ۔ گلستان سخن کا حالات والا حصہ بگہان غالب ان کے شاگرد کی تالیف ہے ، اس لیے شعرا کا حال اس عیب سے خالی نہیں ۔ کتاب کے شروع میں فن شعر سے متعلق جملہ معلومات درج ہیں اور یہ احساس ہوتا ہے کہ تذکرہ نگار شعری سرمائے کو ایک نئے زاویے سے دیکھ رہا ہے ۔ اس کے باوجود یہ نقطۂ نظر شعرا کے حال میں آ کر ایک بڑی حد تک سرد پڑ جاتا ہے ۔ اس اعتبار سے یہ تذکرہ اپنے دور کی دونوں متضاد تحریکات کے زیر اثر ہے کہ ایک طرف اس میں گارسیں دتاسی کی قائم کردہ روایت کی جھلک موجود ہے اور دوسری طرف اس کا تنقیدی مزاج اپنے دور کی زوال آمادہ روایت سے منسلک ہے ۔

سوانحی حصے پر اگرچہ اس تذکرے میں زیادہ توجہ نہیں کی گئی لیکن بعض دوسری ضمنی معلومات کی وجہ سے گلستان سخن کا مرتّب ضرور اپنے بعض دوسرے ہم عصر

تذکرہ نگاروں سے سبقت لے گیا ہے ۔ تذکرے کی اہمیت کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ اس سے غالب اور ان کے معاصرین کے بعض تنقیدی رجحانات اور ذوق ادب کی بعض بدلتی ہوئی صورتوں کا سراغ ملتا ہے ۔ اس لیے آخری دور کے تذکروں میں گلستان سخن کو ایک اہم حیثیت حاصل ہے ۔

تذکرہ گلستان سخن

(حصہ اول)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پلا ساقی مجھے جام مئے ناب
کہ دل سینے میں ہے جوں برق بے تاب

کر اس مے کے لیے پیدا وہ انگور
کہ ٹپکے اُس سے جوں مَے خونِ منصور

وہ مے ظاہر میں گو آب خنک ہو
پہ بجلی اُس کی اک موج تنک ہو

تجلی اُس کی ہو گر پرتو افگن
جلا دے طور کا سارا وہ خرمن

پری کی طرح ہو مینا میں مستور
پہ جوں خورشید دے عالم کو اک نور

نہ کچھ تنہا وہ نقد جام جم ہو
چراغِ دیر ہو شمعِ حرم ہو

اُسی سے پر ہوا ہو صبح اور شام
جُنید و شبلی و منصور کا جام

رہے دائم وہ جوں عشق جگر جوش
جنوں کی راہ بر اور رہ زن ہوش

ہر اک جرعہ ہو اُس کا جان منصور
ہر اک قطرہ شرار آتش طور

یہ کچھ پر زور ہو وہ صاف گل رنگ
کہ موج اُس کے دل مینا پہ ہو سنگ

اگر ہے صاف اگر درد اُس سے اک جام
پلا دے مجھ کو اے غارت گر کام !

کہ میرے دل سے معنی جوش زن ہے
زباں کو گرمئی شغل سخن ہے

اگر سیراب ہو جام مئے ناب
نہال گلشن معنی ہو سیراب

کر ایسا جام مے سے مجھ کو سر مست
کہ دل سے محو ہو سب نیست اور ہست

سدا رہوے زباں پر حمد کا ذکر
نہ رہوے دل کو جز توحید کچھ فکر

چمن چمن حمد اور گلشن گلشن ثنا کے لائق وہ بہار پیرا ہے ، جس کی نسیم قدرت نے سمن رویوں کے رخسار کو گل سے شگفتہ تر کیا اور مسلسل مویوں کی زلف کو سنبل سے آشفتہ تر ۔ اُسی چمن آرائے قدرت کا ایجاد ہے کہ چشم نرگس باوجود نابینائی کے باز اور سرو با وجود پا درگل ہوے کے آزاد ہے ۔ سوسن اُس کی رازداری سے باوجود دہ زبانی کے خاموش اور زبان بر قفا ۔ اُس کے نفاذ امر سے با وصف نافرمانی کے اطاعت میں سخت کوش ۔ اُس کے نیسان عطا سے صدفِ گُل گوھر شبنم سے آبستن اور اُس کے کان سخا سے خاک چمن زر جعفری کے مخزن ۔ سبحان اللہ کثرت کو آئینۂ وحدت کیا ، اور دُوئی کو مظہر عینیت بنایا ۔ نظر تحقیق میں قطرہ و موج و حباب کی اصل آب ہے اور نگاہ تامل میں شرار اور شعلۂ سرکش کی وھی آتش ہے کہ رگ ہرسنگ میں

مثل خون جاری ہے اور وہی بہار ہے کہ ریشۂ ہر نہال
میں مثل آب ساری ہے ۔ ہاں مگر تفاوت مراتب کا
درمیان ہے اور یہ تفاوت مثل ذرہ و آفتاب عیاں ہے ۔ مظہرتام
وہ یگانہ ہے کہ معنئی لولاک اُس کی وسادۂ عظمت سے
ایک طراز ہے اور سیر افلاک اُس کی شوخی کی سمند
کا ایک انداز ہے ۔ انا افصح رنگ ہے اس کے گلزار مقال
کا، اور انا املح نمک ہے اُس کے خوان جمال کا ۔ قاب قوسین
گواہ ہے کہ 'ما عرفناک' صرف سلوک ہے طریقۂ انکسار
میں اور 'انا احمد' بلا میم شاہد ہے کہ لااحصی ض
اہتمام ہے اخفائے اسرار میں ۔ خاکی کو اُس فلک مرتبت
کے مدارج نعت پر صعود کرنا ایسا محال ہے جیسے
گرد ضعیف کو آسمان پر جانا ۔ اور انسان کو اُس ملائک شیم
کے اوصاف میں لب کھولنا اس طرح دشوار ہے جس طرح
بندے کو خالق کا راز زبان پر لانا ۔ حق یہ ہے کہ
نہ ادائے حمد کے لائق زبان ہے اور نہ گزارش نعت کے
سزاوار بیان ۔

پس واجب ہے کہ بارگاہ معبود میں ادائے سجود اور
پیش گاہ نبوت میں گزارش درود کی سعادت حاصل کرکے
کارکنان مملکت شریعت اور پیشوایان راہ طریقت یعنی
چار یاران خلافت مرتبت کے حق میں رحمت کی استدعا
کرے اور پھر فکر تیز پا اور اندیشۂ رسا کی اعانت سے ایسے
دست‌گیر خلائق اور دست‌گرفتۂ خالق کا ثنا طراز ہو کہ اس
عہد میں بعد خلفائے راشدین کے چاربالش خلافت پر
جاگزیں ہے اور ایوان ریاست میں مسند نشیں ، یعنی گوہر
دریائے سلطنت و تاج داری افسر فرق سعادت و بختیاری زیبندۂ

ارائک ہفت کشور ، طرازندۂ تخت و افسر، بانی بنائے معدلت ، مروج قواعد نصفت ، محئی مراسم عدل و داد ، ماحئی آثار ظلم و بے داد ، تیزئی تیغ شجاعت و بسالت ، صفائی آئینۂ عظمت و جلالت ، مسند آرائے قصر دولت و اقبال ، چمن پیرائے گلشن جاہ و جلال رفعت مرتبت ، معالی منزلت ، نقاوۂ دودمان صاحب قرآنی ، سلالۂ خاندان گورگانی ، رافع لوائے انصاف ، ھادم بنائے اعتساف ، حضرت ظل‌اللہ ابوظفر محمد سراج الدین بہادر شاہ خلد اللہ ملکہ و سلطانہ و افاض علی‌العالمین برہ و احسانہ ۔ دریا اُس کے عہد انصاف میں ساحل کی بیخ کنی کے جرم پر حلقۂ موج سے پا بہ زنجیر ، صحرا اُس کی عدالت کے دور میں خار کی پرورش کی گناہ پر آبلہ پایوں کے نقش قدم سے شکنجے میں اسیر ۔ اُس کی سیاست نے چوروں کی سازش سے رنگ حنا کو دست‌گیر کیا اور اُس کی ہیبت نے حصار چمن میں نافرمان کو فرمان پزیر ۔ فضائے چرخ اُس کی پیش گاہ کی وسعت کے آگے ایک کف دست اور اوج فلک اس کے آستانے کی رفعت کے سامنے پست ۔ چوب درباں درفش کاویانی کے روکش ، دست و پائے اعدا چاوشان بارگاہ کے ھاتھ میں گرفتار کش مکش ۔ اُس کا ادنیٰ غلام دارا کو ایسی شکست دے کہ سکندر رشک سے مرجاوے اور اُس کا کم تر بندہ ضحاک سے ایسا انتقام لے کہ فریدوں غیرت سے منہ نہ دکھاوے ۔ شیر نے اس کے نہیب سے خانۂ روباہ میں پناہ لی اور گرگ نے اس کی دہشت سے گوسپند کے مقابل صحرا کی راہ کی ۔

از بس کہ حیز ظل الٰہی کے سایہ میں تربیت پائی ھے ، ظل ھما کو اُس کے فرق بلند تک جرأت کرنے میں عین خجالت

ہے ، اور چوں کہ پایہ سریر کا فرق عرش سے بالا تر ہے
چوب سدرہ و طوبیٰ کو سامان تخت کے مہیا کرنے میں
ندامت ہے ۔ اقبال اُس کی ملازمت سے سر بلند اور دولت
اس کے آستانے سے ارجمند ۔ فضاے بزم میں شعلہ ہر
شمع فروزاں کا رقص ناہید سے نشاط انگیزتر اور میدان رزم میں
موج ہر ریگ رواں کے خنجر سے خوں ریز تر ۔ دست سخا
ایسا سحاب ہے کہ ہر قطرہ اُس کا گوہر سیراب ہے اور
تخت مرصع ایسا باغ ہے کہ ہر گل اُس کا گوہر شب چراغ
ہے ۔ اہل روزگار گنجینۂ سخا سے ایسے کام یاب کہ شبنم
گوہر سے وظیفہ خوار اور گل زر سے روزینہ دار ہے اور
خلق خوان عطا سے ایسی سیر کہ غنچۂ نرگس صحن مزعفر
کی طرف آنکھ نہیں کھولتا اور گل سوسن دعوت شگفتگی
میں باوجود صلاۓ نسیم کے اُس زبان درازی پر منہ سے نہیں
بولتا ۔ دامن سائل کا اُس کے سیل عطا سے ایک گرداب ہے

آب گوہر سے موّاج اور کشکول ہر گدا کی اُس کے خزینۂ بخشش
میں کثرت جواہر سے رشک افسر و تاج ۔ رخ اعدا کا
گل زرد اُس کی شمشیر کی بہار طرازی سے گلگوں اور
تن خصم کی رود خشک اُس کے خنجر کی نیرنگ سازی سے
جوے خوں ۔ صبح اُس کی پیش گاہ ادب میں ضبط نفس میں
مجبور اور آفتاب اُس کی روشن دلی کی خجالت سے پردۂ شب
میں مستور ۔ قیامت نمونہ ہے اس کی مہابت کا اور
محشر نقشہ ہے اس کی سیاست کا ۔ پنجۂ آہنیں اُس کے زور دست
سے موم اور وجود اعدا اُس کے صدمۂ گرز سے معدوم ۔
چمن میں نسیم بغیر اس کی اجازت کے زر گل کو ہاتھ نہ
لگا سکے اور صحرا میں بدوں اس کے حکم کے ایک تنکا

نہ اُٹھا سکے ۔ اُس کے عہد انصاف میں دریا تیغ موج سے نہنگ کو تہدید کرتا ہے کہ آشنا کشی سے باز آوے اور صحرا گزر گردباد سے خار کو ڈراتا ہے کہ آبلہ پایوں کی خون ریزی سے ہاتھ اُٹھاوے ۔ اگر دبیر فلک اُس کے سریر گردوں نظیر کے جواہر آب دار کو تسبیح کواکب پر ابد تک شمار کرے اور فرض و تقدیر کی اعانت سے لاتعین کو تعین اعتبار کرے ، ایک پایے کی ترصیع کا حساب انجام کو نہ پہنچاوے اور اگر محاسب وہم اُس کے تاج آسمان معراج کے لآلی شاہ وار اعداد غیر متناہی کی وساطت سے گنے اور عمر برہما کو بقدر تکرار انفاس اس حساب میں صرف کرے اُس کے نیم گوشے کے موتیوں کے شمار میں عاجز آوے ۔ یارب جب تک آسمان ہم صورت تخت اور آفتاب ہم شکل تاج ہے تخت شاہنشہی سے آسمان کو رفعت اور تاج حضرت ظل الٰہی سے آفتاب کو عزت رہے ۔

مدح وارث تاج و نگیں ، والئی مملکت زمان و زمین ، ولی عہد خلیفۂ حق ، سزاوار خلافت مطلق

ایک شب کنج مسکنت کو چراغ فکر نے منور کیا تھا اور گوشۂ فقر کو شمع معانی نے خانۂ آفتاب سے روشن تر ۔ قوافل معنی کی آمد و رفت فرشتوں کی فوج سے افزوں تر تھی اور خلوت ضمیر افراط مضامین سے گنجینۂ جواہر سے مشحون تر ۔ کبھی بلبل خامہ عندلیب خوش الحان سے ہم نوا اور کبھی طوطئ نفس قمرئ سجع خوان سے ہم صدا ۔ ناگاہ نسیم صبح گہ نکہت ریاحین سے ہم آغوش اور روائح مشک سے ہم کنار ، خلوت دماغ میں نافہ کشا ہوئی اور بزم مشام میں عطر بار ۔ صیقل انبساط نے

آئنۂ صفائے وقت سے زنگ زدائی کی اور شاہد نشاط نے
گوشۂ طبیعت سے جلوہ نمائی ۔ جذبۂ پیام لاریبی جادۂ گریباں
کی طرف راہ بر ہوا اور شوق تیز پا صحرائے خیال میں
ہم سفر ۔ فضائے گلشن قدس کو دل کشا دیکھا اور
ہوائے چمنستان غیب کو جاں فزا ۔ کہیں شاہدان اقدس شاہد
جلوہ‌گری کرتے تھے اور خوب رویان رنگیں جامہ دل بری ۔
ایک ہنگامۂ روا رو گرم تھا اور موکب دوا دو ی آزرم ۔
حیرت نے خلوت چشم میں بساط آرائی کی اور تعجب نے
گوشۂ خاطر میں پردہ کشائی ۔ بے تابئی شوق ۔ پنجۂ شرم سے
دامن جھٹک کر بڑھایا اور ایک گل رخسار نازک دماغ
کے سامنے آیا مگر حرف آشنا کان میں آوے اور پردۂ تحیر
چہرۂ نگاہ سے اٹھ جاوے ۔ سبب کیا ہے کہ انجمن آرایان
جمال گرم شب‌گیر ہیں اور چمن طرازان حسن آہنگ سفر میں
ہم صفیر ۔ وہاں تو جس کو دیکھا نگاہ لطف سے زیادہ تر
آشنا پایا اور پیام دوست سے زیادہ تر دل ربا ۔حیرت کہتی
تھی کہ اس بیگانۂ دیار میں اس قدر آشنا کب بہم پہنچائے
تھے اور اس ناشناسا ملک میں اتنے آشنا رو کس دن ہاتھ
آئے تھے ۔ اس وضع بے اختیاری اور اس مخمصۂ اضطراری
سے آن عروسان وفا شعار کا لب تبسم سے آشنا ہوا اور آن
کا خندہ کنایہ آمیز ہوش ربا ۔ تب تو ایک حیرت طاری
ہوئی کہ آیا میرا ہی دل ہوش سے بے گانہ ہے یا آن نازنینان
مشعبد صفت کی طبیعت ستم ظریفی میں یگانہ ۔

آخر آواز آشنا گوش آشنا ہوئی اور صدائے دل نواز
رہ بر مدعا کہ ہم وہی گل رویان سمن اندام ہیں کہ تیری
صریر قلم کی صلا پر اس وادئی دور و دراز میں مرحلہ پیما

ھیں اور تیری محفل خـیال کے عزم میں اس قـدر تیزپا ۔ کیا تو نے بزم سخن کو داور دادگر کے تفرج کے واسطے نہیں آراستہ کیا اور خوان معنی کو خدیو عدالت گستر کی ضیافت طبع کے لیے نہیں پیراستہ کـیا ؟ اُسی محفل آرائی کی تقریب ھے کہ ملک نزاکت کے لطیف نہاد اُس نقل و حرکت میں بے اختیار ھیں اور اُسی بزم پیرائی کا سبب ھے کہ گلشن لطافت کے نازک دماغ اس بادیہ نوردی میں ناچار ھیں ۔ ''فی الواقع کیوں کر ایسی بزم کا شوق دامن گیر اور کس طرح ایسی انجمن دل پزیر نہ ھو کہ صابر صاحب سلیقہ اُس کا میزبان ھو اور داور روزگار اُس کا مہمان ۔ وہ داور جس کی صیت کرم پژمردگان گلشن عالم کی خاطر کو ایسا شگفتہ کرتی ھے جیسے غنچے کو باد نسیم اور اُس کی سموم قہر سرکشان وادئی روزگار کے دلوں کو اس طرح جلاتی ھے جیسے اھل کفر و ضلال کو نار جحیم ، یعنی حامی امم ، ماحئی ستم ، قاسم ارزاق عباد ، ناظم ماموزۂ بلاد روشن سواد صحیفہ تقدیر ، نقش‌بند صحایف تدبیر ، چمن طراز دولت و اقبال ، گل‌دستہ بند بہارستان جاہ و جلال ، زیبندۂ مسند خلافت پناھی ، طرازندۂ تخت شوکت دست گاھی ، ھادم اساس کفر و عصیاں ، قامع بنیان سرکشی و طغیاں ، ولی عہد حضرت ظل الٰہی سزاوار لقب عالم پناھی ،

مرجع شجاعت پیشگان ، صاحب تہوّر مرزا فتح الملک بہادر دام اقبالہ' و ضاعف اجلالہ' کہ جہاں اُس کے سایۂ حمایت میں تقلب ادوار سے مامون ھے اور عالم اُس کے حصار عنایت میں حوادث روزگار سے مصؤن ۔ سوال ہنوز لب تک نہیں آیا کہ اُس کے گنجینۂ کرم سے زر و جواھر نے قدم بڑھا

کر استقبال کیا اور حرص سے اب تک اظہار مطلب نہیں
ہوا کہ نعمت الوان نے اُس کے خوان عطا سے خود پہنچ
کر زبان سوال کو لال کیا ۔ شجاعت اُس کی شیری سے
دلیر ، ہوس اُس، کی زیادہ بخشی سے سیر ۔ اگر کسی کو
پردۂ تقدیر سے اپنی خدمت کے واسطے طلب کرے ہنوز
کاتب قدرت اُس کی لوح پیشانی پر کوئی حرف لکھنے نہ پاوے
کہ سرعت امتثال سے یک راست اُس کے آستانے پر چلا آوے ۔
گل اگر اُس کے سامنے ہاتھ پھیلاوے زر سے مالا مال
ہو جاوے ۔ بس کہ اس کے حسن انتظام سے کسی نے
مطلوب گم نہیں کیا ۔ باغ بان نے قمری کی زبان سے بھی
آج تک کوکو نہیں سنا ۔ کہاں غور اسی باغ بان پر تہدید
ھے کہ باوجود دل نہ دینے کے فریاد صنوبر کا کیا سبب
ھے اور داغ لالہ کا کیا باعث ؟ کہاں رعیت بروری سے شبنم کو
پاس بانئی باغ عطا کی ، تا کہ چشم نرگس کثرت بیداری سے
بیمار نہ ہو جاوے اور نہایت پردہ داری سے زبان سوسن کو
ساکت کر دیا تا کہ باغ بان سے گل چین کی چغلی نہ کھاوے ۔
باغ بان کو حکم ھے کہ گربۂ بید[1] باغ میں نہ لگاوے
تا کہ طیور کی طبیعت نام گربہ سے سراسیمہ نہ ہو جاوے
اور نسیم کو تاکید ھے کہ گل آفتاب شب کو نہ کھلاوے
تا کہ دن کے شبے میں نرگس کے خواب راحت میں خلل
نہ آوے ۔ اعدا کا گلوئے تشتہ قطرۂ پیکاں سے سیراب
ہو سکتا تھا ۔ زیادہ بخشی سے آب تیغ کی رو بہا دی اور
خصم کے دعوئی لاطایل کا ابطال حرف گلوگیر کمند سے
ممکن تھا ، اظہار غلبہ کے واسطے زبان خنجر سے برہان قاطع

---

۱ ۔ بید کی ۱۷ قسموں میں سے ایک قسم 'گر بہ بید' ھے

سنا دی ۔ دشمن اگرچہ نخوت فرعونی رکھتا ہو اُس کے اژدھائے شمشیر کے سامنے نہیں آ سکتا اور عدو ہر چند دیو سفید ہو اُس کی تیغ رستمی کے آگے سر نہیں اٹھا سکتا ۔ حق یہ ہے کہ اوصاف حمیدہ اور محامد پسندیدہ اس سرفراز عالم کے ظرف تقریر میں نہیں آ سکتے اور حوصلۂ تحریر میں نہیں سما سکتے۔ مناسب یہ ہے کہ سررشتۂ ثنا کو دعا پر تمام کروں کہ آمین گوش بر آواز ہے اور اجابت ارتکاب درنگ سے شکوہ طراز ۔ الٰہی جب تک دعائے نیم شبی میں اثر اور آہ سحری میں تاثیر رہے ، روئے زمین مانند انگشتر اوس کے زیرنگیں اور خصم سرکش مثل صید زبوں دست‌گیر رہے ۔

احوال مصنف اور سبب تالیف کتاب

قلم نے جب خالق آسمان و زمین کے نقود حمد سے دامن اوراق کو مالا مال کر لیا اور خلاصۂ ماؤطین کے جواہر نعت سے گنجینۂ کتاب کو مملو کر دیا ، خداوند روئے زمین کی مدح سے سخن کو مزین کیا اور وارث تاج و نگین سلطنت کی ستائش سے کلام کو رشک چمن ، اب سررشتۂ گفتگو کو اُن مراتب سے کوتاہ اور پیک فکر کو عرض مطلب کے میدان میں روبراہ کرتا ہے کہ محتاج رحمت خالق ، احقر افراد خلائق باوصف شاہ زادگی خادم ارباب فضل و افضال ، با وجود صاحب عالم بندۂ اہل کمال اضعف عباد ، نا شناسائے بلاد ، قادر بخش ، صابر تخلص ، ابن صاحب عالم و عالمیان ، زبدۂ ملک زادگان والائے شان ، فلک مرتبت ، آسمان رفعت ، جم اقتدار ، فریدون اعتبار ،

فخر دودۂ گورگانی ، شرف خانوادۂ صاحب قرآنی ، صاحب والا پائے گاھی ، سالک ازمۂ عالم پناھی ، مرجع اکابر عالم ، مرزا مکرم بخت بہادر رفع اللہ قدرہ ، و جلالہ، و ضاعف دولتہ و اقبالہ، خلف یگانۂ دودمان سلطنت نشان مرزا خورد بہادر تغمدہ اللہ بغفرانہ ابن سرکردۂ خانوادگان دولت قرین ، مرزا اعزالدین بہادر مرحوم کہ مہیں برادر زیبندۂ تخت و سریر حضرت عالم گیر ثانی اور فرزند ارشد کیوان ھمم ، برجیس شیم فریدوں علم ، جمشید حشم ، مرزا معزالدین جہاں دار شاہ بادشاہ مغفور کے تھے -

بدو شعور اور ابتدائے تمیز سے عمر عزیز کو نقدھنر و جوھر کمال کی جستجو میں صرف کرتا تھا اور از بسکہ فیض الہی نے گنجینۂ نامتناھی سے گوھر گراں ارزش دریافت اور جوھر گراں بہائے ادراک عطا فرما کر صغرسن میں اشباہ و امثال سے ممتاز کیا تھا ۔ منظر شاخ میں گل کو جلوہ گر دیکھا اور خلوت ریشہ میں برگ و بار کو مشاھدہ کرتا ۔ نقطے سے خط اور خط سے سطر کا مضمون سمجھ لینا دشوار نہ تھا اور تخم سے ریشے اور ریشے سے نہال کا حال دربافت کرنا کچھ کار نہ تھا ۔ چشم دریافت سے زنگ میں وہ صورت دیکھتا کہ سکندر آئینۂ مصفا میں اور رسائی طبیعت سے سفال میں وہ کیفیت پاتا کہ جمشید جام جہاں نما میں ناخن فکر لغز و چیستاں کی گرہ آسان کھل جاتی اور طبع رسا دقایق اور غوامض کو جلد پہنچ جاتی ۔ طبیعت کو مناسبت ایسی تھی کہ اگر عبارت میں الفاظ غیر متعارف سنگ راہ نہ ہوتے دقت معانی کی مزاحمت پیش نہ جاتی اور ذھن کو رسائی اس قدر تھی کہ اگر حذف و تقدیر کی افراط سخن کو حد اھمال

تک نہ پہنچا دیتی ، پیچ و خم راہ بے منزل مقصود تک پہنچنے میں کچھ خرابی وقوع میں نہ آتی ۔ جوں جوں نقد ہنر کا عیار کامل ہوتا جاتا اقران و امثال کو رشک حاصل ہوتا جاتا ۔

اوائل حال میں ہرچند نہ شعر کی کیفیت سے آگاہ تھا اور نہ عروض و قافیہ کی حقیقت سے مطلع ۔ اکثر اثنائے گفتگو میں شاہد سخن زیور موزونی سے آراستہ ہوتا تھا اور نگار کلام حلیۂ وزن سے پیراستہ ۔ جب رفتہ رفتہ نہال استعداد نے نشوونما پائی اور رشتۂ سواد خوانی نے رسائی ، فہم خدا داد نے خود رہ بری کی کہ ایسا انتظام زیور کلام ہے اور اس قدر قیود کلام کے واسطے مایۂ انتظام اور یہ صرف اس سبب سے تھا کہ کلام منظوم کے طرز و طور کو ملحوظ اور اُس انداز کو خزانۂ خیال میں فراہم کرتا جاتا ۔ جوں جوں کتب درسی میں اصناف سخن نظر میں آتے ایک پردہ اٹھتا جاتا اور یوں منکشف ہوتا کہ کلام موزوں میں مدارج کثیر جلوہ نما ہیں اور مراتب بے شمار چہرہ کشا اور تراکیب الفاظ و طریق تشبیہ و وضع استعارہ و اسلوب کنایہ و طرز خطاب و انداز جواب و آسامئی عاشق و صفات معشوق سے تو تحصیل کے وقت ہر مقام میں طبیعت آشنا ہوتی ہی جاتی تھی ۔ ان سب مراتب کے فراہم ہونے سے طرفہ معجون نے ترکیب پائی اور عجیب کیفیت کی مفرح ہاتھ آئی ۔ قدرت کو اور ہی قدرت جلوہ‌گر ہوئی اور طاقت میسر ، استعداد خداداد اور تمیزمادر زاد نے سب اسباب کو اپنے اپنے محل میں اور ہر پیرایے کو اپنے اپنے مقام میں صرف کرنا شروع کیا ۔ کبھی ایک مصرع کو دوسرے مصرع سے بطریق بیت کے ربط دیتا اور

کبھی بیتوں کو بطور غزل اور قطعات کے اور گاہ مصرعوں کو مسمط کے طرز پر فراہم کر لیتا، اور گاہے ابیات کو بطورمثنویات کے ۔ لیکن ان سب مراحل میں نہ زور طبیعت کے سوا راہ بر اور نہ فکر خود پسند[1] کے سوا ہم سفر ۔

ابتدا میں تو ہم زادوں کے سوا کوئی رازدار نہ تھا لیکن رفتہ رفتہ اغیار بھی اس سودا سے مطلع ہوئے اور گو کہ نوزادگی و خوردسالی کے لحاظ سے اُس کلام کو کسی بابے میں شمار نہ کرتے لیکن کبھی کبھی پیشانی کی شگفتگی اور سر کی جنبش سے معلوم ہوتا کہ غالباً یہ تازہ جنوں دلوں میں ناخن زن اور سروں میں شورش[2] افگن ہے ۔ اس خیال سے یہ مالیخولیا پک گیا اور یہ تصور جم گیا ۔ ہر چند خطوط کتاب سے تو سواد روشن کرتا، لیکن اس صناعت میں ہمہ تن مصروف ہو کر روز و شب اس شغل سے فارغ نہ رہتا ۔

اکثر احباب راست اندیشں رہ بری فرماتے کہ فارسی غیروں کی دوکن کا سرمایہ اور بےگانوں کی تجارت کی[3] متاع ہے اُس کے کہاں کو عمر طویل چاہیے اور بلبل نوایان گلشن ایران میں سے کوئی خوش نوا دلیل ۔ زبان اردو اگر صاف و شستہ میسر آوے فارسی اُس کے سامنے بے فروغ، اور دری اُس کے آگے بے رواج ہو جاوے ۔ اندازگوئی کی تکرار دل میں جائے گیر اور وہ نصیحت دل پزیر ہوئی

---

۱ ۔ نسخہ مطبع مرتضوی ۱۲۷۱ میں جودپسند ہے۔ نسخہ مطبوعہ نول کشور میں خود پسند ہے جو صحیح معلوم ہوتا ہے۔ نسخہ طبع اول میں کتابت کی غلطی معلوم ہوتی ہے۔

۲ ۔ نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ھ میں 'سوزش' ہے۔

۳ 'کا' (نول کشوری اڈیشن)

ریختہ گویان ماضی و حال کا کلام فراہم کیا اور ارباب کمال کا سخن بہم پہنچایا ۔ یہ ہوس گویا ایک آگ تھی کہ ہوائے طبع سے بھڑک اٹھی ۔ پائے شوق رسا ہوا اور شاہد سعی نقاب کشا ۔ ذوق صحیح کی اعانت اور مناسبت طبیعت کی مدد سے چند روز میں سخن نے ایک رنگ پیدا کیا اور کلام نے ایک آب و تاب بہم پہنچائی ۔ فکر کا سر بلند ہوا اور طبیعت کا زور دو چند ۔

لیکن یہ معاملہ بعینہ اس زور آور شناگر کے حال سے مشابہ تھا کہ ایک معرکہ کشتی گیران رستم توان کے تماشے سے دو چار بند یاد کر لاوے اور دوسرا آب ورزان ماہر کی تقلید سے رفتہ رفتہ دست و پا مارنے میں مشق بہم پہنچاوے لیکن نہ وہ حریفان کار آموزدہ کے مقابلے کی تاب لا سکتا ہے اور نہ یہ لطمۂ امواج کے صدمے سے جان بچا سکتا ہے ۔ ناگاہ خود بخود خیال آیا کہ جب تک کوئی راہ بر نہ ہوگا منزل مقصود میں پہنچنا محال ہے ۔ انسان کی آنکھ اپنے عیب میں نابینا ہے کہ اپنا عیب ہرچند جلی ہو اس کی نظر میں ناپیدا ہے؛ خصوصاً عیوب شعر کہ اس کی قباحتیں قائل کی نگاہ میں ہم رنگ ہنر ہوتی ہیں اور اپنی تصنیف کی برائیاں سر بہ سر خوبیوں کے لباس میں جلوہ گر ۔ اور یہ بات کیوں کر نہ ہو کہ شعر شاعر کا فرزند ہوتا ہے اور فرزند ناخلف ہی کیوں نہ ہو باپ کی نظر میں ارجمند ہوتا ہے ۔ استغفراللہ نسبت فرزندی و پدری کو اس معاملے سے کیا مناسبت اور اس کو اس سے کیا مشابہت کہ باپ کو فرزند سے علاقۂ جسمانی

ہے اور شعر کو شاعر سے تعلق روحانی ۔ بیٹے نے وجود پدر کے دریا سے ایک قطرے کے سوا کیا تحصیل کیا؟ اور شعر نے ہر فکر کے ساتھ شاعر کی روح کا مادہ تحلیل کیا ہے ۔ کسی خوش مقال نے کیا خوب زمزمہ پیرائی اور عجب لطف کی نغمہ سرائی کی ہے :

ہر کہ سخن را بہ سخن ضم کند
قطرہ از خون جگر کم کند

اگر یہ خزف ریزہ جوہرئ سخن کی نگاہ میں لعل و گوہر سے بہتر نہ ہوتا اپنے سرمایۂ زندگی کو اُس کے بیع و شرا میں کب کھوتا ۔ جب یہ مقدمہ ذہن میں مستحکم ہوگیا ، رہنما کی تلاش ہوئی اور اس تلاش میں کیا کیا جان و دل کو خراش ہوئی ۔ غیرت نے یہ سمجھایا کہ ایسے کی شاگردی کا حلقہ اپنے کان میں ڈالیے اور ایسے یگانۂ روزگار کی اُستادی کا نام زبان سے نکالیے کہ اُس کی جامعیت میں کسی کو کلام نہ ہو اور طالب اُس پیر طریقت کی بیعت کے بعد اوروں کی جستجو میں بدنام نہ ہو ۔

بعضے سخن سنجان معنی رس کو تو اس طرح پایا کہ ہر چند دقایق فن سے آگاہ اور غوامض صناعت سے واقف تھے لیکن اُن کی زبان قلم حرف نستعلیق سے چنداں آشنا نہ تھی اور بعض کو ایسا دیکھا کہ گو جودت فکر اور تیزئ طبیعت سے اُن کے کلام کی خوبی دل میں ناخن زن اور سخن کی ملاحت زخم شوق پر نمک پاش تھی لیکن کم استعدادی سے معرکۂ نکتہ‌گیری اور ہنگامۂ دقیقہ سنجی میں دانش پیشگان کمال کی محتاج اور بجز فصاحت الفاظ اور چرب و نرمئ زبان

کے اور سرمایہ کچھ نہ رکھتے تھے۔ بیشتر مجالس سخن میں ان مدعیان تہی دست کا حال یہ دیکھا کہ جو کچھ رسائی طبیعت اور اعانت مشق سے بےتکلف زبان پر آ گیا اگر اسی گوہر بے بہا کو کسی کان دست گہ دریا دل نے مغالطے کی راہ سے بے آب کہہ دیا یہ کم مایہ گو کہ اپنے عندیے میں اس کے لطف و نفاست سے بے اعتقاد نہ ہوئے، با وصف چرب زبانی اور گستاخ بیانی کے اس متاع نفیس کی آب و تاب کو جلوہ نہ دے سکے اور سچ یہ ہے کہ مایۂ علم طبیعت رسا کے واسطے پر و بال ہے اور صرف حسن طبیعت اور تیزئ فکر کی امداد سے عرش کمال پر ارتقا محال ہے۔ ایسے بے سرمایوں کی رونق و بہا انہیں بے مایگان کوتاہ دست کی محافل میں جلوہ نما ہوتی ہے کہ بے سرمایگی کو سرمایہ اور کم مایگی کو مایہ تصور کرتے ہیں۔ والا دانش مندان مآل اندیش جانتے ہیں کہ اتنی زبان درازی حریف غالب کے حملے کا جواب اور اس قدر سخن سازی زور مندان زبردست کے حربے کی سپر نہیں ہو سکتی۔

ہاں تا سپرنیفگنی از حملۂ فصیح
کورا جز ایں معاملۂ مستعار نیست

ان دونوں فریق سے طبیعت نا خوش ہوئی اور جستجو عنان کش۔ شوق کا بار بار یہ تقاضا تھا اور آرزو کا ہر نفس یہ اقتضا کہ جادۂ جستجو میں گام زن ہو اور راہ طلب میں عنان افگن۔ ملک الٰہی فراخ ہے اور پائے سعی گستاخ۔ آخر قائد توفیق راہ بر ہوا اور گوہر مراد میسر، کہ جناب مستطاب یگانۂ جہاں، خلاصۂ نوع انسان، حافظ

---

۱ نسخہ مطبوعہ ۱۲۹۹ نول کشور میں اس جگہ شعر لکھا ہوا ہے

حافظ عبدالرحمان خان احسان علیہ الرحمۃ والغفران کی خدمت سراپا افادت میں راہ پیدا ہوئی اور منزل مقصود ہویدا۔

از بس کہ طبیعت وحشی طینت اہل روزگار کا حال دیکھنے سے بدگمان ہو رہی تھی، ابتدائے ملازمت میں اطمینان طلب ہوئی لیکن جس قدر دکان سوال وا ہوتی تھی، متاع جواب مہیا ہوتی تھی۔ طرز افادہ سے راہ شکوک مسدود ہوگئی اور وساوس خاطر کی شور انگیزی مفقود۔ ایک دو صحبت میں بنائے اعتقاد نے استحکام پایا اور سر رشتۂ استفادہ نے انتظام۔ پھر تو شفقت باطنی جوش میں آئی اور سیل کرم خروش میں۔ دقائق سخن کیا کچھ معلوم ہوئے اور غوامض فن کس قدر مفہوم۔ ثمرۃ الفواد سخن سے خامی نکل گئی اور کجی راستی سے بدل گئی۔

مدت تک افادہ و استفادہ کا ہنگامہ گرم رہا۔ برکت تعلیم اور یمن التفات سے نکتہ گیران غیور اور کج خاطران پژوہ کو خوردہ گیری کی مجال نہ تھی اور اگر خبث اور حسد سے گہ گہ سلسلۂ اعتراض متحرک ہوتا تو زبان جواب لال نہ تھی۔ یاران ہم نشین کو بجائے ہم سری کے اعتقاد برتری کا دل نشین ہوا اور یاران ہم نفس کو دعوئ ہم پائی سے خیال پیش قدمی کا خاطر میں جا گزیں۔ اب تو یہ صورت بہم پہنچی کہ اس کم ترین کے اوقات بیش تر اصلاح تلامذہ میں مصروف ہونے لگے اور عنان توجہ اکثر انھیں اخلاص مادان پاک اعتقاد کی رہ نمائی کی طرف معطوف۔ اپنے درد سر کو حضرت استاد کی تخفیف تصدیع کا باعث جانا اور اپنی تکلیف کو جناب ممدوح کے آرام کا سبب

پہچانا ۔ جناب مستطاب نے بھی جب کم ترین تلامذہ کو اس خدمت گزاری میں مصروف پایا ، التفات عام کو لطف خاص سے بدل فرمایا ، دقائق و غوامض اوقات خاص میں تعلیم کیے اور شرایف ازمنہ اور نفایس آوان اسی عقیدت کیش کی تربیت میں تقسیم کیے ۔ گہ زبان ہندی و فارسی کی تصحیح میں سعی فرماتے اور گہ صنایع سخن اور بدایع فن کی تفہیم میں متوجہ ہوجاتے ۔ معانی و بیان سے بہ قدر استعداد آگاہ ہوگیا اور عروض وقافیہ میں حتی‌الوسع صاحب دست گہ ۔ مساعدت روزگار کا شکر کیوں کر ادا ہوسکتا ہے کہ ایک مدت تک نگاہ لطف میری ہی اصلاح میں ایک طرح سے مصروف رہی اور زمام التفات میری ہی تربیت کی طرف معطوف ۔ روز بہ روز بہار سخن تازگی پاتی تھی اور شہرت کمال بلند آواز گی ۔

آخرالامر ''کل شیئی ھالک'' کا مضمون واضح ہوا اور ''کل نفس ذایقۃ الموت'' کا مفہوم لایح ، یعنی آس ذات ملکی صفات نے رخ مقدس کو آلایش جسمانی سے مصفا کیا اور عرش رحمت کے سائے میں خیمہ استراحت کو برپا ۔ میرا حال اس مصیبت سے تباہ ہوگیا اور چشم جہاں بیں میں عالم روشن سیاہ ۔ درد و اندوہ کا شکیب سے چارہ کیا اور دل نازک کو سنگ خارہ ۔ جو کہ یہ شوق ایک ناسور ہوتا ہے اور انسان عادت و جبلت میں مجبور ، زبان اس گفتگو سے باز نہ آئی اور طبیعت نے اس تردد سے آسائش نہ پائی ۔ زور استعداد اور فیض صحبت استاد سے اس سلسلے کو منقطع اور اس شغل کو مرتفع نہ کیا ۔ دو برس تک یہ چراغ اپنی ہی آتش سے روشن رہا اور یہ دریا اپنے ہی جوش میں موج زن ۔

تلامیذ حضرت مغفور جو کہ اس کم بضاعت کے حق میں حسن اعتقاد رکھتے تھے، اپنا کلام مجھ کو دکھاتے رہے اور اپنے سخن کو میری ہی نظر اصلاح میں لاتے رہے ۔ مجھ کو یہ خیال ہوا کہ جب تک نقد ہنر آستادان دقیقہ رس اور روشن ضمیران صبح نفس کی نظر کیمیا اثر سے نہ گزرے قابل اعتبار نہیں ہوتا ؛ اور گوہر بے بہا جب تک جوہریان مبصر کی نگاہ میں پسند نہ آوے ، سرمایۂ افتخار نہیں ہوتا ؛ اپنے کلبۂ تاریک میں بزم مشاعرہ آراستہ کی اور محفل مذاکرہ پیراستہ ۔ نازک دماغان سخن فہم کو اس انجمن کی رونق افزائی کے واسطے مکلف ہوا اور علمائے محقق اور تحاریر مدقق کو اپنی ژاژخائی اور اپنے تلامذہ کی نغمہ پیرائی پر مطلع کیا ۔

مقصد اصلی یہ تھا کہ شاگردان جناب مرحوم میں کم ترین شاگردان کا نام آستادی کے ساتھ مشہور ہوگیا ہے ، اور مشاہیر شعرا میں سخن وری اور نکتہ پروری کے ساتھ مذکور ۔ ایسا نہ ہو پردۂ پندار کا چہرہ ادراک کی نقاب بن جاوے اور غفلت کی شامت اور نافہمی کی نحوست سے نقد ناسرہ رواج نہ پاوے ؛ متاع کاسد کو اپنے گمان فاسد میں جنس عالی جانے اور قماش نامقبول کے عیوب کو نہ پہنچانے ۔ آہو گیران نکتہ چیں ، دیدۂ عیب بیں کو باز کریں اور حرف گیران خباثت منش زبان سرزنش دراز ، لیکن بزرگان بلند حوصلہ نے صلۂ تحسین سے شاد کیا اور عالی نگاہان انصاف مند نے حرف آفرین سے یاد ۔ آن کی بلند حوصلگی سے قطع نظر خبث طینتان عیب پسند کو بیش تر خاموش پایا اور اس عرصے میں حرف طعن و تشنیع آن کی

زبان پر نہ آیا ؛ خواہ اس سبب سے کہ یہ کلام بے سرانجام غایت کم رتبگی سے نہ قابل خطاب تھا اور نہ لائق عتاب ، اور خواہ اس وجہ سے کہ کریم نہادان صاف طینت کی برکت سے آن کے ضمیر اعتساف پزیر میں بھی فی الجملہ راستی کو راہ ہو گئی تھی اور طبیعت چاشنئی انصاف سے آگاہ ۔

ہر چند آس مقدمے سے شاگردان صاف دل کو تو بہ نسبت سابق کے اعتقاد اس کم بضاعت کا دوبالا ہو گیا لیکن اس نافہم کو جو گمان کہ اپنے باب میں بے استعدادی اور ہیچ مدانی کا تھا ، کم نہ ہوا ، کہ رتبہ اس فن شریف کا عالی اور درجہ اس ہنر کا متعالی ہے ۔ اس دشت ناپیدا کنار کی نہایت متصور نہیں اور کسی تیز رفتار کی نظر میں اس صحرائے بے منتہائی کی غایت جلوہ‌گر نہیں ۔ اس دریائے مواج میں کسی قدر شناوری کی جاوے ، ساحل ہاتھ نہ آوے ۔ ناچار پھر رہنما کی تلاش میں ساعی ہوا اور خضر راہ کی طلب میں داعی ۔ مشاہیر شاہ جہان آباد کو اپنی وضع پر آزمایا ۔ اُستاد مرحوم کے فیض تربیت سے کسی کی نقد سرہ کو اپنے زر ناسرہ سے کامل عیار تر نہ پایا ۔ سعی پاشکستہ ہوگئی اور ہمت دل خستہ ، طبیعت کو افسردگی بہ ہم پہنچی اور خاطر کو پژمردگی ؛ بہ یک ناگہ دعا کا اثر ظاہر ہوا اور جمال اجابت باہر ، سروش بخت نے رہبری کی اور شاہد مدعا نے جلوہ‌گری ، یعنی خلوت ضمیر سے ندا آئی اور پردۂ دل سے صدا کہ اے گم کردہ راۂ تدبیر! کس طرف جلو ریز ہے اور کون سی راہ میں سبک خیز؟ ؟

ترسم نہ رسی بہ کعبہ آئے اعرابی
کیں رہ کہ تو می روی بہ ترکستان است

راہ راست میں عناں گسل ہوا اور ان اطوار سے خجل۔
جناب مستطاب یکتائے جہان و یگانۂ دوران بانئ بنائے
سخن پیرائی مولوی امام بخش صہبائی کو کہ حیات استاد
مرحوم میں اسی مالک ازمۂ کمال کی خدمت میں گاہ بے گاہ
اصلاح اشعار فارسی کا اتفاق ہوا ہے، کس واسطے مآب مآرب
کمال اور مرجع مقاصد فضل و افضال نہیں ٹھہراتا ؟ اور
اسی خضر راہبر کی جناب میں سر نیاز کیوں نہیں جھکاتا ؟
کہ کمال کو یہیں سے سر بلندی اور ہنر کو یہیں سے
ارجمندی ہے۔ دقائق علوم اور غوامض فہوم کے عقدے جس
طرح اس صاحب اقتدار کے ناخن فکر سے کھلتے ہیں
کسی حلّال مشکلات سے صورت نما نہیں ہیں ۔ اس سخن کا
گوش سے آشنا ہونا اور دیدۂ دل کا وا ہونا ۔ سخن پردازی
و غزل طرازی کے وقت اکثر شکایت چرخ اور گلۂ روزگار
سے زبان آشنا ہوتی تھی ؛ اب تو بار خجالت سے سر نہیں
اٹھتا کہ کس طرح کی نعمت غیر مترقب سے کام جان کو
لذت گیر اور حصول مقاصد سے کیا کیا منت پذیر کیا ہے۔

زبان فارسی میں تو بلبل نوایان اصفہان کو ابھی
لیاقت سخن فہمی کی حاصل نہیں۔ ریختہ میں شستگئ بیان
اور پاکیزگئ زبان اور بلندئ معنی اور متانت الفاظ ایسے
مشاہدہ ہوئے کہ تلف اوقات سابق پر افسوس ہوا اور
تضییع عمر گزشتہ پر تاسف۔ مساعدت روزگار کو مغتنم جان
کر ریختہ اور فارسی دونوں کی اصلاح اسی ایک جامع کمالات
کی خدمت سے لیتا ہے اور جواہر معنی کو اسی آفتاب
ضمیر کے استفادے سے آب و تاب دیتا ہے ؛ حتا کہ جب سے
اسی آستانے سے مستفید ہوا ہوں، استعداد کو ترقی اور

طبیعت کو قوت روز افزوں ہے ۔ پہلے سخن بلندی کے آسمان پر تھا ، اب عرش سے برتر ہے ؛ اول کلام تازگی سے گلزار تھا ، اب روضۂ خلد سے ہمسر ہے ۔ سبحان اللہ! کیا طرز اصلاح ہے ، شعر بے معنی ایک لفظ کی تبدیلی سے معنئی غریب پیدا کرتا ہے اور مضمون بیت کا اندک تقدیم وتاخیر عبارت سے اور ہی لطف ہویدا کرتا ہے ۔ جب کسی لفظ کی جگہ اور لفظ رکھ دیا ، عقل دشوار پسند نے انصاف کیا کہ فی الواقع اسی لفظ کی جائے خالی تھی اور جب کسی معنی میں تصرف فرمایا ، فکر بلند نے اعتراف کیا کہ حقیقت میں حشمت کلام کو اسی منصب عالی کی تلاش میں زار نالی تھی ۔

اے صابر سخن طراز ! سامعان نازک مزاج کی گوش خراشی سے باز آ اور مناسب وقت سخن سرائی کر اور سررشتہ اختصار کو ہاتھ سے نہ دے کہ طول کلام باعث سرگرانی ہے اور اطناب سخن مایۂ چین پیشانی ۔ ارباب شوق اور اصحاب ذوق پر واضح کرتا ہے کہ اثنائے مشق میں ریختہ گویان پیشیں کا کلام کچھ جزوودان حافظہ میں فراہم ہوتا جاتا تھا اور کچھ گنجینۂ بیاض میں انتظام پاتا تھا کہ قدما کا افادہ سرمایۂ استعداد ہوتا ہے اور تہی دستان سخن کے واسطے گوہر مراد ۔ ارتقائے معنی بہ دون اس سُلّم کے محال ہے اور جلائے الفاظ بغیر اس صیقل کے وہم و خیال ۔ ہر چند آردو اپنی زبان ہے لیکن جب تک قادر کلامان بلند خیال کا سخن پیش نظر نہ ہو ، نہ تراکیب کو متانت حاصل اور نہ اسلوب کو رشاقت ۔ اس عرصے میں سخن سنجان عصر کا کلام بھی جو کہ طبیعت کو پسند آتا

گیا اور جس قدر دل کو بھاتا گیا ، اجزائے علیحدہ میں مخزون اور بیاض جدا گانہ میں مشحون ہوتا رہا ۔

ایک مدت کے بعد جو مجموع پر نظر کی تو دفتر دفتر سرمایہ فراہم ہو گیا تھا اور بے کراں خزانہ مجتمع ۔ گاہ گاہ اپنے خیال میں گزرتا تھا اور کبھی کبھی کوئی دوست بھی تحریک کرتا تھا کہ اس نقود سرہ سے اغماض اور اس زر خالص سے تغافل خوب نہیں ۔ ایک ذخیرہ بہ‌طریق کچکول کے جمع کر لیا جاوے اور ہر مقام میں نام قائل کا بطور عنوان کے ترقیم کیا جاوے کہ شوق سرشتان معنی شناس کے واسطے سیرگاہ غریب اور ارباب ذوق کے لیے نزہت گاہ عجیب بہم پہنچے گی ، لیکن ہجوم موانع اور کثرت مشاغل سے یہ آرزو حاصل نہ ہوتی تھی ۔ حسن اتفاق سے قرۃالعین ارجمندی ، جگر گوشۂ دل پسندی ، لخت دل ، پارۂ جگر ، سرور سینہ ، نور بصر ، مایۂ نشاط ، باعث انبساط ، راحت جان ، آرام جنان ، فرزند سعادت مند ، محمد عمرسلطان طال عمرہ و زاد قدرہ کو شعر کا شوق دامن گیر ہوا ۔ سخن آفریں نے اس نور چشم کو اس خورد سالی میں کہ سنین عمر ہنوز تیرہ چودہ سے متجاوز نہیں ہوئے ، ایسا ذہن رسا اور فہم کامل دیا ہے ، باوجودیکہ نکات سخن اور قواعد فن سے اب تک آگاہ نہیں ، محض موزونئی ذاتی اور مناسبت طبعی سے ہر زمین میں شعر بدیہہ موزوں کرتا ہے اور اس کی طبیعت خداداد موافق استعداد کے تلاش مضمون اور معنی یابی سے معرّا نہیں ۔ یگانۂ کملائے جہان آباد حضرت استاذ مدظلہ العالی کی نظرتربیت سے امید قوی ہے کہ یہ نونہال گلشن سعادت رفتہ رفتہ میوۂ کمال سے بار آور اور اثمار ہنر سے مثمر

ہو جاوے ۔ یہ نو باوۂ باغ تمنا اشعار رنگین اور ابیات متین
کی جستجو کرتا تھا اور ہر ایک سے اس گنج باد آورد
کی آرزو ۔

میری خاطر کو گوارا نہ ہوا کہ خوان نعمت مہیا
اور مہمان عزیز اغیار سے سر گرم التجا ۔ اس کی تربیت اب
پیش نہاد ہوئی اور بیاض چشم و سواد مردمک صرف کاغذ
و مداد ۔ لیکن مستشار موتمن یعنی خرد کامل فن نے دفتر
انداز وا کیا اور ساز پند و نصیحت مہیا کہ اس سعی کا
اتلاف عمر کے سوا کیا ثمر ہے ؟ اور اس کوشش کا
تضییع اوقات کے سوا کیا بار و بر ، یعنی اس تدوین میں سوائے
نقل محض کے سود کس تجارت کا ہے اور اس تالیف میں بہ‌جز
حکایت صرف کے حصول کس منفعت کا ؟ ایک کتاب فراہم
کر کہ شعرائے معنی آفرین کا تذکرہ ہو اور یک کارنامہ
مرتب کر کہ تماشائیان عبرت بیں کے واسطے تبصرہ ہو ۔
ہرچند اس وضع کی تحریر میں بھی اشعار بے‌گانہ سے گریز نہیں
لیکن جو کہ راقم کی عبارت ملک خالص ہے ، نقل محض باقی
نہ رہی ، اور تالیف و تصنیف سے ایک معجون غریب مرکب
ہو گئی ۔ طوطئی ہندوستان ، خسرو شیریں زبان نے کیا
دل کش نغمہ سرائی کی ہے :

بارى آں نیک نہ‌باشد کہ بگویند فلانے
زیور عاریہ دارد کہ دراں ملک نہ‌دارد

اوروں کے سرمائے پر ناز کرنا اور غیروں کے زور پر
لاف زن ہونا اہل ہمت کا عار ہے ، اور قوی دستان غیور
کے نزدیک سبک اور خوار ۔ حاتم کے صلائے عام کی حکایت

سے قصہ خواں کو کیا نفع ؟ اور رستم کے سر ننجے کی
کہانی سے افسانہ گو کو کیا شرف ؟ فرزند اگر ترکۂ پدری
پر تکیہ کرے ، ننگ خاندان ہے اور برادر اگر فضیلت برادر
پر افتخار کرے ، ارزل دودمان ہے ۔ ظرفا نے ایسے پسر ناخلف
کی شان میں ایک مثل کہی ہے اور خوب کہی ہے
کہ ہر شام کو ایک شغال بہ آواز بلند کہتا ہے کہ
"پدرم سلطان بود" سب شغال سرزنش کرتے ہیں کہ
"ترا چہ؟"۔ کتب اخلاق میں مسطور ہے کہ اگر کسی
نسب فروش کا باپ حاضر ہو کر کہے کہ جس شرف پر
تجھ کو ناز ہے ، وہ میرا کمال ہے ، نہ تجھ بد خصال کا تو
یہ بے مایہ ناچار صامت ہو جائے گا اور جواب سے ساکت ۔

اس مصلحت کو سرمایۂ راہ کر اور نامۂ کاغذ کو
سیاہ ، لیکن پیشینیوں کے حال سے تعرض نہ کر اور اس
طومار طویل‌الذیل سے درگزرا[1] کہ حسن خداداد مشاطہ کا
محتاج نہیں اور نمائش آفتاب میں آئینے کی احتیاج نہیں ۔ کیا
جوش و خروش سودا اور طمطراق میر اور نالۂ درد کا ایسا
حال ہے کہ اگر تیری سخن سنجی کی بہار تحریک نہ کرے
تو اس میں نقصان آجاوے ، اور دوسرے یہ کہ اکثر کتابیں
ان کے احوال سے مالا مال ہیں کہ عالم ان کے مطالعے سے
مستفید اور ان کے سیر دل ہائے بستہ کی کلید ہے ۔ ان بلند ناموں
کے اوصاف کا اس روزگار میں درج تذکرہ کرنا تکرار میں
محسوب ہے اور نازک مزاجوں کو تکرار نا مرغوب ہے ۔
اس تکرار لاطایل سے پرہیز کر اور نقل کے اعادے سے گریز
کر ۔ معاصرین کا حال کیا کم ہے ، اگر لکھا جاوے اور ان

---

۱ ۔ نول کشوری نسخے میں یہ لفظ نہیں ہے۔

تازہ خیالوں کا کلام کس قدر دل‌چسپ ہے ، اگر پڑھنے میں آوے ۔ ہر چند یہ نصیحت دل پذیر اور ہوس دامن‌گیر ہوئی لیکن اسی وقت حضرت استادئی استاد الانامی ، مسند نشین دار الامارت یکتائی ، جناب افادت مآب مولوی امام بخش صہبائی مد ظلہ العالی کی خدمت میں حاضر ہوا اور پیش نہاد کو عرض کیا اور مکرر معروض ہوا کہ سر انجام اس امر دشوار کا کم استعداد سے معلوم ، اگر کم‌ترین تلامذہ کی تحریر خلعت اصلاح سے مشرف ہو جایا کرے تو یہ مشکل آسان اور یہ رشتہ سر در کم نمایاں ہو جاوے ۔ بارے عرض نیاز شعار کی زیور قبول سے آراستہ ہوئی اور حلیۂ اجابت سے پیراستہ ۔

میں نے جب یہ لطف اپنا مُعین اور اکرام ممد دیکھا ، کمر ہمت کو چست کیا اور عزم رسا کو درست اور سال ایک ہزار دو سو ستر ہجرت مقدسہ ما صدق لولاک ، علت غائی ایجاد افلاک ، رسول‌الثقلین ، سرور خافقین ، سید عالم صلی‌اللہ علیہ و سلم کے ماہ شعبان کی پہلی تاریخ تھی کہ قلم چابک رقم کو اس کام پر مہیا کیا ، اور خامۂ گرم رفتار کو اس راہ میں تیزپا ۔ شفقت استاد پر نازاں ہوں کہ ہر چند رفتار قلم سعی فکر سے شتاب رو تر تھی اور شب و روز کی محنت اور شام و سحر کی کوشش سے جزو کے جزو فراہم ہو کر اس شاگرد نواز کی نگاہ عاطفت کے کمال تدقیق نظر اور تعمق‌فکر کے ساتھ گزرتے تھے لیکن اس تحمل مشقت پر جبین میں چین اور ابرو میں شکنج کا نام نہ تھا ، اور اب تک جاّزۂ قلم کی سیر لا ینقطع ہے ۔ عالم‌الغیب آگاہ ہے کہ اس دشت ناپیدا کنار کی نہایت کب نظر آوے اور اس بحرز خاّر

کا ساحل کسب پایا جاوے ۔ شفقت شاگرد پروری سے
اُمید ہے کہ اس شاہد دل‌ربا کا قامت حلیۂ اصلاح سے ایسا
آراستہ ہو کہ نازک نہالان چمن حسن اُس کی غیرت سے
برگ خزان سے پژمردہ تر ہو جاویں ، اور شمع رویان
بزم جمال اُس کے رشک سے نقاب خجالت میں منہ چھپاویں ۔

انجمن آرایان کمال پر واضح ہو کہ اس تالیف غریب
اور تدوین دل فریب میں ایسا التزام کیا ہے کہ خطۂ
مینو بنیاد شاہ جہان آباد صانہا اللہ عن الشر و الفساد میں جس
قدر سخن سنجان رنگیں بیان اور موزون طبعان شیریں زبان
ہیں ، کملائے صاحب سداد سے لے کر نومشقان کم‌استعداد
تک بالاستیعاب کہنا تو مبالغۂ شاعرانہ سے خالی نہیں ،
جہاں تک رفتار تلاش درماندہ نہ ہووے اُن کا ذکر اس
کتاب میں مندرج اور اُن کا کلام ان اوراق میں مندمج ہو
اور معنی شناسان دور دست میں سے مشاہیر کامل ہنر مثل
آتش و ناسخ اور بعضے اور خوش فکران بلند خیال خوا
انہیں دونوں سخن گویان بےعدیل سے استفادہ کیا ہو ، خواہ
کسی اور بے گانۂ فن سے ساز وبرگ کمال کو آمادہ کیا ہو ،
اُن سے تو یہ گنجینۂ دانش بالضرور مملو ہو ۔ لیکن طبع
آزمایان غیر مشہور اگر کسی تقریب سے انجمن اطلاع میں
راہ کریں تو جواد قلم اُن کی سہہی میں مضایقہ نہ کرے
اور شعرا کے تراجم میں تخلص کو عنوان قرار دے کر حرف
اول کو باب مقرر کیا ، اور نظارگیان کتاب کی آسانی کے
واسطے دوسرے حروف میں بھی حروف تہجی کی نظم طبیعی کے
موافق رعایت منظور رکھی تاکہ عدم انتظام سے
اصحاب‌شوق کی طبیعت مشوش اور پریشان ، اور ارباب ذوق

کی خاطر متردّد اور حیران نہ ہوجاوے ، اور اشعار ہر شاعر کے اگر متعدد اور کئی ردیف سے بہم پہنچیں ، تو آن کی تقدیم اور تاخیر آن ہی[1] ردیفوں کی رعایت سے عمل میں آوے ، تاکہ اس درہمی برہمی سے حسن ترتیب خلل نہ پاوے ۔ اس شاہد دل ربا اور اس عروس رعنا کا نام ''آثار المعاصرین'' رکھا تھا کہ اس تالیف کی غایت نام ہی سے معلوم اور اسم ہی سے مفہوم ہوجاوے ؛ لیکن یگانۂ افاق ، زبدۂ اصحاب وفاق محمد نظام‌الدین جوش تخلص سلمہ‌اللہ تعالیٰ نے 'گلستان سخن' ، نام تاریخی اس کا تجویز کیا اور نامۂ اتحاد مضمون کے وساطت سے شہر لطافت بہرکول سے لکھ بھیجا ۔ ہر چند یہ تصنیف بارہ سو ستر ۱۲۷۰ھ میں شروع ہوئی ہے ، اور اس نام سے بارہ سو اکہتر چہرہ کشا ہیں ، لیکن جو اختتام اس کتاب کا سال آئندہ سے پہلے ممکن نہیں معلوم ہوتا اس واسطے یہی نام مقرر کیا اور ''شروع کتاب گرامی'' ۱۲۷۰ھ آغاز کتاب کی تاریخ ہاتھ آئی ۔ موافق اعمال تماشائیان دشوار پسند کو توفیق عطا کرے کہ جب اس گلزار شاداب کی تفرج میں مشغول ہوں ، لطف ازہار و ریاحین سے چمن آرا کے حق میں حرف تحسین زبان پر لاویں اور اگر احیاناً کوئی خار نظر میں کھٹکے ، چشم پوشی و اغماض کو کار فرماویں —

به پوش اگر به خطائے رسی و طعنه مزن
که هیچ نفس بشر خالی از خطا نه بود

بلبل نوایان مشکیں نفس کہ شعلۂ آواز سے جان افسردہ

---

[1] - نول کشوری نسخے میں 'انہیں' ہے۔

کو دانۂ سپند کر دیں اور شرینئی سخن سے تلخئی عمر کو شکر و قند۔ اگر اس گلشن سیراب کو نظر التفات سے تماشا، اور اس بحر طولانی میں فکر رسا کی دستیاری سے شنا فرماویں گے تو دریافت کریں گے کہ ہر گوشے میں نسیم الطاف الٰہی سے کس قدر گل‌ھائے شگفتہ مہیا ھیں اور ہر ساحل پر ابر عنایت ازلی سے کیا کیا گوھر ناسفتہ جلوہ‌نما۔ شوخئی معنی معشوقان شنگول کے انداز سے دلربا تر اور تازگیٔ عبارت محبوبان گل رخسار کے چہرے سے مطرّا تر۔ مُردوں کو اس سے عمر دوبارہ حاصل اور زندوں کو زندگیٔ جاوید کا نقد واصل، گم ناموں کو ناموری اور پست مرتبوں کو برتری، بےکاروں کے واسطے مشغلہ ھے اور تاریک رویوں کے لیے مشعلہ۔ تہی دستوں کے حق میں گنج باد آورد ھے اور علیل مزاجوں کو چارۂ درد۔ طرفہ بزم ھے کہ آشنا و بے گانہ تک اس میں فراھم ھیں اور غریب ھنگامہ ھے کہ دوست و دشمن تک اس میں بہم ھیں۔ ارباب اس بزم کے گویا اور خموش اور حاضرین اس ھنگامے کے ساکت اور پر خروش۔ عجب سحر پرداز ھے کہ غایبوں کو مد نظر کردیتا ھے اور طُرفہ معجز طراز ھے کہ دوروں کو نزدیک تر کردیتاھے۔ بیاض اوراق کی آئینہ گیتی نما ھے اور سواد سطور کی دیدۂ بصیرت کا توتیا۔ سکندر نے تاریکی میں ہزار تگ‌و‌دو بر رہبریٔ خضر سے چشمہ حیوان نہ پایا، اور اس سواد میں ہر کاھل کوش نے میرے قلم کی سعی سے حیات ابدی کا سرمایہ بہم پہنچایا۔

اے خامۂ ھرزہ سرا اس قدر زبان درازی خوب نہیں اور طبائع نازک کو اتنا لاف و گزاف مرغوب نہیں۔ سخن کوتاہ

کر اور اظہار مطالب سے کاغذ کو سیاہ ۔ احباب متقاضی ہیں کہ اس دیباچے کے ذیل میں اول تحقیق زبان اردو اور وجوہ استعمال الفاظ فصیح اور ترک کلمات غیر فصیح مرقوم کی جاوے کہ ریختہ گویان تحقیق طلب کو نقد بصیرت ہاتھ آوے ، اور بعد اس کے حد شعر اور تحقیق موجد اشعار اور بعض فواید عروض و قافیہ اور تعریف اقسام نظم بھی مسطور ہو کہ مبتدیان فن کو سبب استفادہ اور منتہیان سخن کو سامان ازدیار تحقیق آمادہ ہو ۔ جو کہ باوجود کم استعدادی کے مجال سرتابی نہیں رکھتا ؛ حتی‌الامکان ہمہ تن مصروف ہوتا ہوں کہ گرسنہ چشمان نعمت تحقیق کے واسطے اگر خوان الوان مہیا نہ کر سکوں گا ، بارے نان جویں کے احضار میں تو مضایقہ نہ ہوگا ۔ ناچار اس مقدمے کا نام تبصرہ رکھتا ہوں اور اس کو ایک مقدمے اور تین مقصد میں منقسم کرتا ہوں :

مقدمہ - زبان کے معنی اور اس امر کی تحقیق میں کہ آغاز آفرینش میں زبان ایک تھی یا متعدد ، اور اگر ایک تھی تو اول کون سی زبان موجود ہوئی[1] ؟ اور پھر کس طرح سے مختلف زبانیں بہم پہنچیں ۔

مقصد پہلا - زبان اردو کی تحقیق اور وجوہ استعمال الفاظ فصیح اور ترک کلمات غیر فصیح ۔

مقصد دوسرا - حد شعر اور موجد اشعار، اور عروض و قافیہ کے بعض فواید کا ذکر بہ طریق اجمال ۔

مقصد تیسرا - ذکر اقسام نظم اور ہر ایک کی تعریف ۔ التوفیق من الموفق المنعام و ھو میسرالمقصد و المرام ۔

---

۱ -نول کشوری نسخے میں 'تھی' ہے ۔

مقدمہ

زبان کے معنی اور اس امر کی تحقیق میں کہ آغاز آفرینش میں زبان ایک تھی یا متعدد ؟ اور اگر ایک تھی تو اول کون سی زبان موجود ہوئی؟ اور پھر کس طرح سے مختلف زبانیں بہم پہنچیں ؟

جو کہ اس مقام کے تحقیق کے واسطے بھی تمہید مقدمہ سے ناگزیر ہے ، خامۂ خام رقم جواہر آب دار معانی گجینہ طبع سے طبق عرض پر رکھتا ہے ، اور ارباب دانش والا اور اصحاب دیدۂ بینا پر واضح کرتا ہے کہ اقتضائے حکمت کاملہ بانئی بنائے ایجاد اور حاکم محاکم کون و فساد نے چاہا کہ جلوہ گاہ افراط و تفریط یعنی ظہور حیوان و نبات و جماد میں ایک نتیجہ معتدل پیدا کرے ، تا نہ افراط کی نحوست سے نظم عالم خراب و مہمل رہے ، اور نہ تفریط کی شامت سے پیش رفت امور معطل ۔ لعبت قدسی طینت اور پیکر نورانی صورت کو تاج خلافت و تشریف علم سے آراستہ کر کے پردۂ مشیت سے جلوہ گر کیا ، اور سریر صندل کو خاک پر متمکن فرما کر سررشتۂ قبض و بسط امور کو اس کے دست تصرّف میں دیا ۔ علم ازلی کی پیش بینی سے اس جوہر قدسی کو آب و رنگ ، ادراک کلی و جزئی سے رونق بہا عطا فرما کر ایسا آئینۂ مجلّی اور مرأت مصفّا بنایا کہ پردۂ ارزنگ نگار عقول سے تماثیل رنگا رنگ علوم اس جلوہ گاہ غریب میں عکس افگن ہو ۔ اور نقیر و قطمیر امور میں ایسی جزو رسی مرحمت کی کہ تمکین نشست اور جرأت قیام ہر مقام میں انہیں احکام کے موافق درست نشین اور

گام زن ۔ اُس فروغ کو عقل نظری کے نام سے پہچانتے ہیں
اور اس دریافت کو عقل عملی جانتے ہیں ۔ جلب نفع کے
واسطے آز و حرص دی اور دفع مضرت کے لیے قوت غضب
عطا کی ، یعنی یہ متحمل بار امانت اور متمکن سریر خلافت
اگر نہ امور کلیہ سے آگاہ اور نہ مہمات جزئیہ سے صاحب
انتباہ ہو اختلال تدبیر سے انتظام مختل ہو جاوے اور
بست و کشاد مہمل اور اگر مرغوب کی طلب جلوہ‌نما یا
منافر سے نفرت نقاب کشا نہ ہو ، مادہ حیات انقطاع پاوے
اور اسباب حشمت برہم ہو جاوے ۔

ان سب صورتوں میں اظہار ما فی‌الضمیر ضرور ہے
اور اعلان مرغوبات میں مجبور ؛ کس واسطے کہ خفیات
باطن پر سوائے عَلّامُ الغُیوب کی پے نہیں لے جا سکتا اور
خبایائے ضمائر سے بہ جز جان آفرین کے کوئی آگاہی نہیں پا
سکتا ۔ پس مصلحت سنج امور نے ہوائے انفاس کو فضائے
سینہ میں جنبش دی اور راہ گلو سے فوت آمد و شد عطا کی۔
لیکن اس راہ ہموار کو فی‌الجملہ پیچ و خم سے خالی نہ
رکھا کہ وہ ہوا ان مخارج میں کسوت حروف سے تقطیع
حاصل کرے اور حسن سخن کو کامل ، تاکہ امر و نہی کا
اظہار بے تکلف ہو اور ملائم کی طلب اور ناملائم کی امتناع
کا اعلان بے تصلف اور ہوش مندان آگاہ دل جانتے ہیں کہ
جب تک حروف کی ماہیت اور اُس کے ایجاد و ابداع کی
کیفیت صفحۂ بیان میں جلوہ‌گر نہ ہو ، طالبان کمال کو صورت
اطمینان اور تسلیٔ قلب و جنان متصور نہ ہو ۔

ناچار اس سیاہ قلم کو رنگ آمیز کرتا ہے اور اس
مشغلہ سراپا فروغ کو نوربیز کہ حرف ایک کیفیت کا

نام ہے، وابستہ ہے ایک اور کیفیت سے اور یہ کیفیت ہوا
کے ساتھ قائم ہے کہ ایک عنصر ہے عناصر چہارگانہ میں
سے ۔ جب دو سخت چیزوں کو ایک دوسرے سے الگ
کریں اور اس حالت کو عربی میں قلع کہتے ہیں یا ایک
دوسرے پر ماریں اور اس حالت کو قرع کہتے ہیں تو
بالضرور اُن دونوں کے درمیان جو ہوا ہے، پانی کی طرح
متموج ہو جاوے گی اور اُس تموج سے آواز پیدا ہو گی۔
بعضوں نے آواز کی تعریف سبب قریب سے کی ہے اور بیان
کیا ہے کہ آواز ہوائے متموج کا نام ہے اور بعضوں نے
سبب بعید سے اور قلع یا قرع ہی کو آواز کہا ہے یعنی
اول قلع یا قرع واقع ہوتا ہے اور پھر ہوئے درمیانی میں
تموج بہم پہنچتا ہے اور تموج سے آواز ۔ پس قلع و قرع آواز
کے واسطے سبب بعید اور تموج ہوا سبب قریب ہے کہ
اس میں اور آواز میں واسطہ نہیں ۔ بہ خلاف قلع اور قرع کے
کہ تموج کا واسطہ متحقق ہے ۔ جب آواز کی ماہیت دریافت
ہوئی، اب سنا چاہیے کہ مطلق آواز کو اور کیفیتیں عارض
ہوتی ہیں کہ ایک کو دوسری سے ممتاز کر دیتی ہیں ۔
جیسے زیروبم اور غنہ یا گرانی گلو سے بہم پہنچنا اور ایک
اور کیفیت خاص بہ واسطہ مخارج کے اجزا ہوا کے تقطیع سے
آواز کو عارض ہوتی ہے؛ جیسے دو زیر یا دو بم یا دو
غنہ یا دو آواز کا گلوے گراں سے حاصل ہونا؛ اس کیفیت
خاص کا نام حرف ہے ۔

اس بحث کے بعد توضیح مقام کے واسطے کہا جاتا ہے
کہ اول ہوا کو بہ سبب تموج کے ایک کیفیت عارض ہوتی
ہے جس کو آواز کہتے ہیں اور آواز سے ایک اور کیفیت

متعلق ہے؛ مثلاً دو زیر اور دو پیش وغیرہ، اور اس کیفیت کو
حرف کہتے ھیں ۔ پس حرف کہ کیفیت خاص ہے ، صوت کے
ساتھ وابستہ ہے اور صوت قایم ہے ھوا کے ساتھ ۔ جب یہ
تفصیل معلوم ھوئی ، حرف کی تعریف کے معنی واضح ھوگئے ۔
بو علی سینا اسی کیفیت خاص کو جو صوت کو عارض ھوتی
ہے ، حرف کہتا ہے ، اور بعضے اُس صوت ھی کو حرف کہتے
ھیں ، اور بعض محققین مجموع صوت و کیفیت کو حرف ٹھہراتے
ھیں ، نہ ایک کو ۔ حرف کی ماھیت کا بیان تو یہ ہے جو
زبان قلم اُس سے نغمہ پیرا ھوئی ۔

اب معلوم کیا چاھیے کہ زبان اکثر طوائف کے
عدد حروف میں باھم مخالف ہے ، یعنی کسی میں اٹھائیس حرف
ھیں اور کسی میں چوبیس اور کسی میں کم یا بیش ۔
جو کہ طوائف بنی آدم اور اصناف اشرف مخلوقات عالم نہ اس
کثرت سے ھیں کہ اُن کے بعض کا شمار حیطہ وھم و خیال
میں گنجائش پزیر ھو سکے اور سوا اس کے بعض ایسے ھیں
کہ اُن کی زبان کی تحقیق سے اس کتاب کے ناظرین کے حق
میں فائدہ معتد بہا متصور نہیں ہے ۔ ناگزیر زبان عربی و فارسی
و ھندی کے حروف کا حال برسبیل اجمال مذکور ھوتا ہے
کہ اکثروں کو اُن دو زبانوں پر نظر اور روشن سوادی
میسر ہے اور زبان ھندی تو گویا بہ منزلہ موضوع کتاب ھی
کے متصور ہے ۔

زبان دانان عرب بنائے کلام کو اٹھائیس حرف پر
رکھتے ھیں ۔ اگر ھمزہ کو الف سے ممتاز نہ کریں و الّا
انتیس پر ۔ اور شیریں کلامان فارس چوبیس اور کج مج

زبانان هند تیئیس پر ۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ فارسی میں آٹھ حرف یعنی ثاء مثلثه اور حا و صاد و طا وعین مہملات اور ضادو ظا معجمتیں اور قاف مستعمل نہیں ہیں ۔ اور بے اور جیم اور زائے اور کاف تازی میں ایک صفت گرانی کی اور زیادہ کر کے چار حرف اور یعنی پے اور چے اور ژے اورگاف اختراع کیے۔ جب آٹھ کے حذف کے بعد حروف باقی پر چار زیادہ کیے جاویں ، چوبیس صورت پزیر ہوں گے۔ اس صورت میں آٹھ مخصوص عربی اور چار مخصوص فارسی اور بیس مشترک مقرر ہوئے اور لام الف جو الف[1] جو حرف مشہور ہے ، اس کے باب میں اقوال مختلف ہیں ۔ بعضے یہ کہتے ہیں کہ شمار حروف میں ہمزۂ اول اور الف ہائے ہوز کے بعد واقع ہے اور جو کہ الف دائم السکون ہے ، اور جب تک کسی اور سے مرکب نہ ہو ساکن کا تلفظ محال ہے ، ناگزیر لام سے ترکیب دے کر 'لا' پڑھا ، اور لام کی خصوصیت کی وجہ یہ ہے کہ لام اور الف میں اتحاد قلبی ہے ، یعنی الف کا دل لام ہے اور لام کا دل الف ؛ جو کہ یہ اتحاد اور کے ساتھ نہ تھا ، لام کو اس کی ہمراہی کے ساتھ مختص کیا ۔ اور بعضے یہ لکھتے ہیں کہ زبان فارسی میں ہمزہ کا وجود نہیں ۔ قدما نے چاہا کہ اس نکتے پر اشعار کریں؛ پس حروف تہجی میں ہمزہ پر 'لا' لکھ دیا ۔ عوام از بس کہ نشۂ غفلت سے نہ اس ترکیب سے واقف تھے ، نہ اس نکتہ سے آگاہ ، ایک حرف علیحدہ سمجھ کر لام الف کہنے لگے اور یہی مشہور ہو گیا ۔

اور ان دونوں قولوں میں تامل ہے ؛ اول میں اس وجہ

۱- نسخہ مطبوعہ نول کشور میں 'الف جو' نہیں ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ نسخہ طبع اول میں یہ زاید کتابت ہو گیا ہے ۔

سے کہ شمار کے وقت اسماء حروف زبان پر آتے ہیں، نہ مسمے
تاکہ تلفظ الف کا بہ سبب سکون کے دشوار ہو۔ اور دوسرے
میں اس صورت سے کہ فارسی میں وجود همزه کا نہ ہونا
تحکم ہے کہ اسمائے حروف عرب سے ماخوذ ہیں۔ اور محققان
تازی خط ساکن مستقیم کو کہ بے ضغطہ ہو، الف کہتے
ہیں اور متحرک یا اُس ساکن کو جو ضغطے سے پڑھا جاوے
همزه نام رکھتے ہیں۔ اور فارسی میں ساکن بے ضغطہ اور
متحرک بعینہ موجود ہیں۔ اول جیسے 'کاروبار' اور 'ما وشما'
اور دوسرا جیسے 'اگر' اور 'ابر'۔ غایت یہ ہے کہ ساکن ضغطہ دار
اس زبان میں نہیں ہے۔ پس اُس تعریف کے موافق ایک کو الف
اور دوسرے کو همزه کہنا مناسب ہوا۔ اور کتب قواعد فارسی
کہ قدما فارس نے تصنیف کیے ہوں، قطعاً نایافت ہیں۔
تاکہ اُن کے قواعد مقرره کا حال معلوم اور اصطلاحات
کی حقیقت مفہوم ہو۔ اور علاوہ اس کے ہر گہ آٹھ حرف اور
بھی فارسی میں نہیں ہیں، اشعار کی تخصیص اسی ایک کے
ساتھ بےوجہ ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ دانش پژوهان والا فطرت
نے بعد وضع مفردات کے چاہا کہ مبتدیان کم سواد کو
فی الجملہ کیفیت ترکیب سے آگاہ کریں، ان دو حرفوں کو
مرکب کیا اور اس خیال سے کہ اگر جمیع مفردات کے آخیر
میں رکھا جاوے، شاید نظر ناظر کی اس سے غافل اور لحاظ
لاحظ کا، زائل ہو جاوے۔ کیف ما اتفق اثنائے حروف میں
رکھ دیا اور اختصاص لام کی وہی وجہ ہے کہ مرقوم
ہو چکی۔

فایده: حروف مفرده کے واسطے واضع نے ایسے اسماء
وضع کیے ہیں کہ وہی حرف اُن اسماء کا جزو اول واقع

ہوتا ہے ، برخلاف الف کے کہ وہ ساکن ہے اور اگر آغاز اسم اُس سے ہو تو ابتدا ساکن سے لازم آوے ، ناگزیر اس اسم کو ہمزے کے ساتھ شروع کیا اور یہاں سے لازم آتا ہے کہ ہمزہ ہائے ہوز سے اغلاط مشہورہ سے ہے اور اصل اُس کی بھی ہمزہ ہوگی ، تاکہ اُس کا نام بھی اُس کے مسمی سے آغاز کیا جاوے ۔

لطیفہ : ہرگہ الف نے باوجود اس بے حرکتی اور دور دست واقع ہونے کے ہمزے پر یہ تطاول کیا ، تو یہ اُس قوت حرکت پر اپنے آپ کو دراز دستی سے معاف نہ رکھ سکا ، لیکن جو کہ الف کو اکثر حروف نے پائمال تعدی کر کے اپنے آستانے کا ملازم کر لیا تھا ، ہمزہ اُس کے تاراج سے مایوس ہوئی[1] اور حق ہمسائگی فراموش کر کے ہائے بے چارہ پر دست غارت دراز کیا ۔

اس ضیافت طبع کے بعد حقیقت شناسان معنی کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ بعضے بائے تازی اور جیم تازی اور ذال معجمہ اور ثا اور غین معجمہ اور کاف تازی کو بھی زبان فارسی میں نہیں شمار کرتے ، لیکن یہ حکم سوائے دال اور غین معجمتین کے اور حرفوں میں نہایت سخافت سے قابل التفات نہیں ، اس واسطے کہ حروف اربعہ زبان ژند و پاژند میں موجود ہیں ۔ اور جو کہ یہ زبان تغیر سے مصون ہے ، قلب کا احتمال بھی مرتفع ہے ۔ بائے موحدہ جیسے بسریا کبریا کے وزن پر ، گوشت حیوانات بسیا سین مہملہ ساکن اور یائے تحتانی الف کے ساتھ شراب انگوری ، بسیم نسیم کے وزن پر لذیذ اور خوش مزہ ، بیل نیل کے وزن پر چاہ ، بیتاسیا کے وزن پر خانہ ، کد با کاف مفتوح اور دال مہملہ ساکن سے دروغ ، اور جیم جیسے جیپا یائے معروف اور بائے فارسی سے ہیزم ،

[1] - نول کشوری نسخے میں ''ہوا'' ہے ۔

جاتن نون سے پہلے تائے فوقانی خدا جا تو نتن تائے فوقانی اور واؤ معروف اور تائے فوقانی درمیان دونوں کے اور نون اول مکسور ۔ آنا ترجمہ آمدن کا جاسوتن سین مہملہ مضموم اور واو معروف سے ۔ رکھنا ترجمہ داشتن کا جاکو نتن کاف تازی سے ۔ لانا ترجمہ آوردن کا ، اور فا جیسے آذر باف ، اور مزاسفند اور اردیراف تین موبدوں کا نام ۔ زفاک زاے تزی سے ، ابر بارندہ آفرنکن ژند پاژند کے اکیس نسک یعنی اقسام میں سے ایک نسک کا نام اور کاف جیسے جا کونتن جو سابق مرقوم ہوا ۔

لیکن ذال معجمہ اور غین معجمہ میں ایسا لغت کہ اُس کے[1] تغیر و تبدیل سے محفوظ ہونا قریب بہ یقین ہو ، اب تک ہاتھ نہیں لگا ۔ الفاظ مستعملہ میں احتمال اصالت و قلب دونوں کا متصور ہے ، اور قول ارد شیر زردشتی کا آذر کے باب میں مطلق ذال معجمہ کے نہ آنے پر دلالت نہیں کرتا ، کیوں کہ وہ ژند پڑھنے کے وقت یہ کہتا تھا کہ لفظ ژند و استا میں ذال معجمہ سے نہیں آیا ، نہ یہ کہ ژند و استا میں ذال معجمہ کہیں نہیں آئی[2] اور قافیہ 'تعویذ' کا 'تمہید' اور 'عید' کے ساتھ اس پر دلالت نہیں کرتا کہ جو ذال معجمہ زبان فارسی میں نہیں ہے ، تو تعویذ گو اگرچہ عربی ہے ، اپنی زبان کے موافق دال مہملہ سے استعمال کیا ۔ اور جب دال سمجھ لیا تو اُس کا قافیہ اُنہیں لفظوں کے ساتھ کیا جن میں دال مہملہ تھی ، کس واسطے کہ کیوں نہیں جائز ہے کہ موافق قاعدۂ مشہور کے جس کا بیان

۱- نول کشوری نسخے میں "اُس کا" ہے۔
۲- نول کشوری ایڈیشن میں "آیا" ہے۔

مفصل آتا ہے ، مہملہ کو معجمہ کرکے اپنے کلام میں استعمال کرلیا ہو اور دال اور ذال کے تفرقے کا قاعدہ کہ حروف مدہ اور حروف متحرک کے بعد صحیح ہو یا حرف علت ذال معجمہ ہوتی ہے۔ جیسے 'باذ' اور 'بوذ' اور 'دیذ' اور 'کنذ' اور 'نموذ' اور حرف ساکن صحیح کے بعد مہملہ جیسے 'گرد' اور 'درد' دلالت کرتا ہے وجود حرف مذکور پر ، اور ظاہر ہے کہ اگر وجود اس حرف کا اس زبان میں نہ ہوتا ، قاعدہ مقرر کرنے کی کچھ احتیاج نہ ہوتی۔ اور اوحدالدین انوری کا نسق کلام بھی وجود ذال ہی پر دال ہے۔

رباعی

دستست بہ سخا چوں یدبیضا بہ نموذ
از جود تو بر جہاں جہانے افزوذ
کس چوں تو سخی نہ ہست ونہ خواہد بوذ
گو قافیہ دال شو زہے عالم جوذ

اور یہی سبب ہے کہ باد اور شاد کا قافیہ نفاذ کے ساتھ کرتے ہیں ، لیکن جو کہ ایسے حروف جن کے تلفظ میں التباس ہے ، جیسے ضاد اور ظا کو زائے تازی سے التباس ہے اور ثا اور صاد کو سین سے اور عین کو الف سے ، سوائے عربی کے اور زبانوں میں نہیں آتے۔ قیاس چاہتا ہے کہ جو ذال زے سے مشابہ ہے ، اغلب کہ حروف فارسی سے نہ ہو۔

فائدہ : حروف تہجی کے واسطے اٹھارہ صورتیں معین کی ہیں

اور آن میں سے بعض صورتیں التباس اور اشتباہ سے خالی نہیں ، لیکن یہ اشتباہ دو طرح ہے ؛ ایک فقط مسمیٰ کی صورت خطی میں ، اور یہ بھی دو وضع پر ہے ؛ اول حالت انفراد اور ترکیب دونوں میں جیسے جیم ، اور دوسرے فقط ترکیب میں ، جیسے فے اور قاف اور نون ۔ اس اشتباہ کا ازالہ اسم کے تلفظ سے ممکن ہے ، اور دوسرے مسمی کی صورت قطعی[1] اور تلفظ اسم دونوں[2] میں صاد و ضاد و طا و و ظا و عین و غین ۔ ان میں سے نقطہ دار کو منقوطہ اور معجمہ کہتے ہیں اور بے نقطہ کو مہملہ ۔ اور بعضی صورتیں کہ باہم اشتباہ اور التباس رکھتی ہیں ، ایسی ہیں کہ سب منقوطہ ہیں ۔ اس واسطے جس میں ایک نقطہ ہے مثلاً با ، اُس کو موحدہ کہتے ہیں اور جس میں دو ہیں پس اگر نقطے اوپر ہیں ، جیسے تا اُس کو مثناۃ فوقانی اور اگر نیچے ہیں ، مثلاً یا ، اُس کو مثناۃ تحتانی کہتے ہیں ۔ اور جن حرفوں کے مقابل حروف اربعہ مخصوصہ فارسی ہیں اُن کو حروف عربی اور تازی کہتے ہیں ؛ جیسے با اورجیم اور زا اور کاف ، اور ان کے مقابلوں کو فارسی اور عجمی ۔ یعنی پے اور ژے اور چے اور گاف ۔ اور کبھی ازالۂ اشتباہ کے لیے حروف ابجد کی طرف منسوب کرتے ہیں ، جیسے تائے قرشت اور حاے حطی مثلاً ۔ اور صاحب طبعان دقیقہ شناس پر ظاہر ہو کہ اعجام حرف پر نقطہ رکھنے کو کہتے ہیں اور حرف نقطہ رکھنے سے بری ہے ۔ پس اُن کا اعجام اور اہمال خط کے اعتبار سے ہے ، نہ اُن کی ذات کے ؛ جیسے کہ صراح میں ہے ''حروف المعجم معناہ حروف الخط

۱۔ نول کشوری نسخے میں ''خطی'' ہے۔
۲۔ نول کشوری نسخے میں ''دون'' ہے

المعجم کما تقول مسجد الجامع و صلوة الاولی ای مسجد الیوم الجامع و صلوة الساعت الاولی“۔ یعنی حروف معجم کے معنی یہ ہے کہ نقطہ دار خط کے حرف جیسے ’مسجد الجامع‘ اور ’صلوة الاولی‘ ، یعنی روز جامع کی مسجد اور پہلی ساعت کی نماز ، کیوں کہ جامع اور اولٰی صفت ہے اور صفت کی طرف اضافت جائز نہیں ۔ پس جب تک تقدیر یوم اور ساعت کی نہ کریں ، معنی کلام کے کرسی نشین نہ ہوں ۔ اور بعض وقت سب حروف تہجی کو حروف معجم کہتے ہیں ۔

شیخ ابوالفضل ابن مبارک خطبۂ مرقع میں اس تسمیہ کی وجہ لکھتا ہے کہ اعجام ازالۂ اشتباہ کو کہتے ہیں اور جیسے کہ وجود نقطہ سے ازالۂ اشتباہ میسر ہے ، اُس کے عدم سے بھی متصور ؛ یہاں تک اُس کے کلام کا حاصل ہے ، اور ظاهرا یہ کلام مخدوش ہے ، کس واسطے کہ یہ وجہ چاہتی ہے کہ تسمیہ اُنھیں حرفوں کے ساتھ مخصوص ہو جن کے التباس میں نقطے کے وجود و عدم کو دخل[1] ہو نہ اور حروف میں ، اور حال یہ ہے کہ لام اور میم مثلاً بھی تسمیہ میں شریک ہیں اور شاید اس تسمیہ میں مجاز ہو، یعنی بہ اعتبار بعض کے کل کا نام معجم رکھ دیا ۔ واللہ اعلم بالصواب ۔

حروف زبان عربی و فارسی کی بحث سے فارغ ہو کر حروف زبان ہندی کا حال بیان کیا جاتا ہے کہ اس زبان میں حروف بست و هشت گانہ سے بارہ حروف مستعمل نہیں اور وہ یہ ہیں: ثاے مثلثہ اور حا و صاد اور طا اور عین مہملات اور خا اور ذال اور ضاد اور ظا اور غین معجمات اور فا اور قاف ، اور بجائے ثاے مثلثہ اور صاد مہملہ کے سین ، اور بجائے حاے حطی کے هاے هوز ، اور بجائے طا کے

---

۱ - نول کشوری نسخے میں ”داخل“ ہے ۔

تائے فوقانی ، اور بجائے ذال اور ضاد اور ظائے معجمہ کے زائے معجمہ ، اور بجائے عین مہملہ کے الف ، اور خا کے کھ یعنی کاف مخلوط الہا ، اور بجائے فا کے پھ یعنی بائے فارسی مخلوط الہا ، اور بجائے قاف کے کاف تازی استعمال کرتے ہیں۔ ان حروف بست و ہشت گانہ سے بعد حذف بارہ حروف کے سولہ باقی رہے ؛ یہ سب عربی و فارسی اور ہندی میں مشترک ہیں۔ اور پے اور چے اور ژے اور گاف کو کہ اُن کو حروف تازی کے مقابل فارسی کہتے ہیں ، یہ بھی استعمال کرتے ہیں۔ لیکن تین حروف اس زبان میں زیادہ ہیں ٹے اور ڈال اور ڑا ، اُن کو بہ سبب ثقل زائد کے مثقلہ ہندی کہتے ہیں۔ بس مجموع تیئیس حرف ہوتے ہیں۔

جب ماہیت اور کیفیت ایجاد حرف اور حال تعداد حروف میں زبان خامہ نغمہ زن ہو چکی تو اب سنا چاہیے کہ ہر شخص اجرائے کار و نظم امور ضروری میں دوسرے کا محتاج ہے اور دوسرا اُس کی امداد و اعانت میں جب سعی کر سکتا ہے کہ اُس کے مافی‌الضمیر سے آگاہ ہو ؛ بس ناگزیر ضرورت ہوئی ایسی چیز کی کہ اُس کے وسیلے سے دل کی بات کا اظہار آسان ہو۔ اس واسطے الہام ربانی اور سروش غیبی کی رہ بری سے ہر کوئی اس امر میں مصروف ہوا کہ چند حروف کو باہم ترکیب دے کر اشیائے مطلوبہ اور امور مقصودہ کے ساتھ اُن کو اختصاص دے۔ اگرچہ بعضے امور میں حرکات اعضا جیسے کسی کو بلانے یا چلے جانے کے واسطے ہاتھ کی حرکت ، اور اسی طرح اور اشارات متقرری سے ادائے مدعا ممکن تھا ، لیکن ان اشارات سے مطالب مضمر کا اظہار اس وسعت کے

ساتھ صورت پزیر ہونا متعذر تھا ۔ ناچار ہر غرض کے واسطے الفاظ ، موضوع اور اس محل کے ساکنین ایک دوسرے کی اصلاح سے مطلع ہوتے گئے ، یہاں تک کہ ان الفاظ کو اپنی اغراض مختلفہ میں استعمال کرکے باہم ہم کلام ہونے لگے ۔

اس مطلب کے بعد یہ امر استفسار کے قابل ہے کہ جس قدر معانی تعقل میں آتے ہیں ، آیا ان سب کے واسطے الفاظ موضوع ہوئے ہیں یا بعض کے؟ ظاہر یہ ہے کہ ہر معنی کے واسطے لفظ موضوع نہ ہو، کیوں کہ ہم بعض معنی تعبیر میں کبھی تغیر آواز کے محتاج ہوتے ہیں ، مثلاً لفظ 'خیر' صرف تغیر آواز سے معانی متعدد کا فایدہ دیتا ہے ، یعنی جب کسی کے کلام سے تعجب ناشی ہو تو کہتے ہیں 'خیر' خاے معجمہ کے ساتھ نفس کو دراز کھینچ کر ، اور یہی صورت ہے جب کہ کسی کی بات کو قبول کرلیں۔ لیکن ان دونوں مقام میں نفس کے کھینچنے کی کیفیت جدا ہے ، اور یہ صاحب زبان پر آشکار اور الفاظ سے تعبیر اُن کیفیات کی دشوار ہے ، اور مثلاً کسی کو کہیں 'جا' اور ایسی تاکید منظور ہو کہ سامع یہ سمجھ لے کہ اگر میں نہ جاؤں گا تو قائل ناراض ہوگا ، اس وقت فتحۂ جیم کو بہت کھینچیں ، اور اگر اس قدر تاکید منظور نہ ہو تو فتحہ کو زیادہ نہ کھینچیں ۔ اور کبھی حرکات اعضاء کی طرف احتیاج ہوتی ہے ، مثلاً انکار کے وقت مکرر انگشت یا سر کو اشکال مخصوصہ کے ساتھ حرکت دینا یا کسی خط منحنی کی تعبیر کے واسطے کہ کسی ہیئت خاص پر ہو، انگشت کو ہوا میں ایسی طرح سے کھینچنا کہ اس ہیئت پر دلالت کرے ۔ الفاظ بے شمار اور مواضع استعمال بےحساب ہیں ۔ ان کا احاطہ دائرۂ امکان سے خارج اور حیز بیان

سے باہر ہے ۔

اگر ان چیزوں کے مقابل لفظ ہوتے تو اس تکلف کی طرف احتیاج نہ ہوتی ؛ اور اُس کے اسباب کئی ہیں ۔ یا تو یہ ہے کہ تعبیر اُس کی الفاظ سے خود محال ہے ، جیسے لفظ 'خیر' وغیرہ میں یا اُس کی طرف احتیاج بہت کم واقع ہوتی ہے یا وہ شے اس بلاد میں نہیں ہے ؛ اسی واسطے 'حمام' کے واسطے ہندی میں کوئی لفظ موضوع نہیں ہے کیوں کہ ہندوستان میں اس طرح غسل کرنے کی رسم نہیں ۔ اور اسی طرح سے 'تنور' کے مقابل کوئی لفظ نہیں کیوں کہ جو شرائط کہ پخت طعام میں مذہب ہنود کے موافق چاہیے ، 'تنور' میں متصور نہیں ۔ اور جب 'تنور' کی طرف احتیاج نہ ہوئی ، اس کی رسم بھی اس دیار میں نہ ہوئی ۔ خان آرزو کہتا ہے کہ 'بھٹ' جو 'تنور' کو کہتے ہیں ، مجاز ہے ، اور اصل میں بھٹ وہ چیز ہے جس میں نخود وغیرہ بریاں کریں اور مراد اُس سے بھاڑ ہے جو کہ شیوع اسلام سے تنور کا رواج ہند میں ہوا ، اُس کو من حیث التشبیہ بھٹ کہنے لگے ۔ مولف کہتا ہے کہ شاید اسی سبب سے طباخ کو ہندی میں بھٹیارا کہتے ہیں ۔ بہر کیف امام فخرالدین رازی اور اُس کے اتباع کا یہی مذہب ہے ، اور اس پر ایک دلیل عقلی بھی قایم کرتے ہیں کہ معانی غیر متناہی ہیں اور الفاظ متناہی ، کیوں کہ مرکب ہیں حروف سے اور حروف متناہی ہیں ، اور جو متناہی سے مرکب ہوگا ، متناہی ہوگا پس متناہی سے غیر متناہی کا حصر محال ہے ، اور اگر حصر ممکن ہو تو مدلولات کی تناہی لازم آوے ۔

فائدہ : عباد ابن سلیمان الضمیری کی رائے ہے کہ الفاظ اور مدلولات میں مناسبت طبیعی ہوتی ہے اور وہی مناسبت واضع کو باعث ہے کہ اُس لفظ کو اُسی معنی کے واسطے وضع کرے ، اور اگر یوں نہ ہو تو ترجیح بلا مرجح لازم آوے -

نقل ہے کہ کسی نے ایک شخص سے جو اُس رائے کو مستحسن جانتا تھا ، پوچھا کہ ارغاغ کے کیا معنی ہیں؟ اس نے جواب دیا کہ مجھے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایسی چیز کو کہتے ہوں کہ اُس میں بہت خشکی ہو اور شاید وہ پتھر ہو - اور حال یہ ہے کہ ارغاغ پتھر ہی کو کہتے ہیں جیسے کہ جلال الدین سیوطی نے ''مزہر'' میں لکھا ہے - لیکن خان آرزو مثمر میں لکھتا ہے کہ کتب معتبرہ فارسی میں یہ لفظ اس معنی میں نہیں آیا اور بعضے حواشی سے نقل کیا کہ لغت تبریزی ہے - بہر کیف جمہور کو اس رائے میں انکار ہے ؛ اس واسطے کہ اگر یہ بات درست ہوتی ، ہر کوئی ہو لغت کو سمجھ لیتا اور ایک لفظ معنئی متضادہ کے واسطے موضوع نہ ہوتا - جیسے 'فراز' کشادن و بستن اور 'قرو' حیض و طہر اور 'جون' اسود وابیض ، لیکن ہر کسی کا نہ سمجھنا شاید اس سبب سے ہو کہ ہر کوئی اُس مناسبت کو نہیں پہنچ سکتا - چناں چہ وہ مناسبات کہ علمائے عربیت الفاظ اور مدلولات میں ثابت کرتے ہیں ، مسلم ہے اور ہر کوئی اُس کو فہم نہیں کر سکتا ، اور جب تک اُس کو نہ بتائیں اس پر اطلاع نہیں ہوتی - اور ممکن ہے کہ اُس لفظ کو دونوں معنئی متضاد کے ساتھ مناسبت ہو لیکن یہ رائے سخافت سے خالی نہیں ؛ کیوں کہ ہم اختیار رکھتے ہیں کہ ایک لفظ

جو بہ معنی سنگ سخت کے موضوع ہو ، اپنی اصطلاح میں بہ‌معنی شے ملائم کے ٹھہرا لیں ، حالاں کہ اگر اس کو شے ملایم کے ساتھ کچھ مناسبت ہوتی تو واضع اول اس کو اضداد سے ٹھہراتا ۔

اس فوائد جزیلہ اور مطالب جلیلہ کی تحریر کے بعد اصل مطلب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں کہ یہ الفاظ موضوعہ جو محال مختلفہ اور مواقع متعددہ میں اداے مطلب اور اظہار مدعا کے واسطے رابطۂ ترکیب سے التیام اور حسن تربیت سے انتظام پا کر زبان زدۂ خاص و عام ہوتے ہیں ، اُن کو زبان کہتے ہیں ۔ جب زبان کے معنی دریافت ہوئے تو اب تحقیق اس امر کی کی جاتی ہے کہ آغاز آفرینش میں ایک زبان تھی یا متعدد ؟ اور اگر ایک تھی تو اول کون سی زبان موجود ہوئی ؟ اور پھر اختلاف السنہ کس طرح سے وقوع میں آیا ؟ لیکن تحقیق ان امور کی ایک مقدمے کی تمہید پر موقوف ہے ۔

اسرار فہمان کارگہ تکوین و ایجاد اور رموز دانان مبدء و معاد کہ دیدۂ خرد روشن و چشم بصیرت باز رکھتے ہیں ، اگر پردۂ تعصب کو چشم بند اور حسد و اعتساف کو نقاب چہرہ تحقیق نہ کریں ، تو یہ نکتہ مضمون پیش پا افتادہ ہے کہ ہر فرد بشر فروغ گوہر خرد اور پرتو چراغ عقل سے چاہتا ہے کہ شبستان معرفت حضرت آفریدگار تعالیٰ شانہ میں راہ پاوے اور خواب غفلت سے انتباہ ۔ اس واسطے صرف تحصیل مواد معاش میں منہمک اور تکمیل مراتب دنیا میں مستغرق نہ ہو کر شرایف اوقات اور نفائس ازمنہ کو شناخت مبداء وجود اور ہم راہی راہ معاد میں رفص

کرتا ہے اور نہیں چاہتا کہ دیدۂ و دانستہ راہ ضلالت میں
گام‌زن اور جادۂ مقصود میں عنان افگن ہو ۔ ناگزیر جس
کو خواہ گواہی شواہد عقل و خرد ، خواہ دلالت رہنمایان
سبل ارشاد سے اکتساب کیا ہے ، اگر اس صراط مستقیم سے کسی
کو انحراف یا ان ضوابط محکم اور قواعد راسخہ کی شہادت
سے کجی و اعتساف بہم پہنچے ، تو جو لوگ اس طریق محمود
کی حراست کی توفیق رکھتے ہیں اس کی سرزنش میں اتفاق
اور اس کی تنبیہ میں اجتہاد کرتے ہیں اور جو کہ ارباب
رائے روشن اور اصحاب طبائع سلیمہ کہ دقائق اور غوامض
میں نکتہ رس اور نکتہ یاب ہیں ، اس امر خاص میں متفق اور
اس طریقے کی منزل مقصود تک پہنچنے میں متیقن ، اور حصول
نتائج میں شریک ، اور ریاضت شاقہ اور ترک لذات اور تصفیۂ
قلوب کا اہتمام ، اورذمائم خصال سے پاک ہونے کا جہد
اور خلوت اور جلوت میں ایک طرح سے تحقیق حق کی سعی ،
اور شوائب جسمانی سے سربراہ[1] ہونے کی جستجو پیش نہاد
رکھتے ہیں ، عقل صحیح کیوں کہ باور کرے گی کہ یہ
سب مراتب ریا سے اور یہ تمام امور مصلحت سے صورت‌پزیر
ہوئے ہوں ، اور قاطبۂ راہ صواب سے منحرف ہو کر
طریقۂ ضلالت میں ساعی اور اضلال عباد میں داعی ہوں ۔

ظاہر اور صریح ہے کہ رحمت عامہ حضرت آفریدگار کی
شامل جمیع عباد ہے ، اور نہیں چاہتی کہ اس سعادت کونین
کو ایک طائفے کے ساتھ اختصاص دے کر مابقی پر دائرہ
حصول کرام کا تنگ کردے ۔ وہی ایک جلوہ ہے کہ
مختلف پردوں سے صورت نما ہے اور وہی ایک شاہد ہے کہ

---

[1] نول کشوری نسخے میں "مبرا" ہے۔

هر رند و پارسا کی نگاہ میں نقاب کشا ہے۔ دراصل راہ تحقیق صائب تبریزی کس دل ربائی سے نغمہ سرا ہے۔

گفتگوے کفر و دین آخر بہ یک جا می کشد
خواب یک خواب است، باشد مختلف تعبیر ہا

اور کیوں کر نہ ہو کہ نفس ناطقہ انسانی اسی چشمۂ فیض کا ایک قطرہ اور اسی دریاے کرم کا ایک رشحہ ہے۔ قطرے کی نم چشمے ہی کا نتیجہ اور رشحے کی طراوت دریا ہی کا فیض ہے۔ کیا عجب ہے کہ وہی معلم اسرار نیرنگ عالم قدسی سے ہر طائفے کو طرق گوناگون میں رہ‌نما اور روش ہاے مختلف کی طرف رہ بر ہوا ہو، اور رہ‌نمایان سبل اور ہداۃ طرق کہ اسلاف و اخلاف طوایف و امم کو ان کی پیروی کا دعویٰ اور ان ہی کی اقتدا کا ادعا ہے۔ پیرایۂ مناسبت خاص سے محلی اور اختصاص تمام سے مشرف ہو کر اس شاہد لاریبی کے پیام سے حرف سرا ہوے ہوں۔ آخر پیشوایان راہ ہدایت و یقین کہ وحی آسمانی و الہام ربانی کو گوہر گوش کر کے، نقد قبول سے صاحب نصاب اور حکم محکم نص قطعی سے راہ روان طریقۂ اسلام کے اعتقاد میں خلوت قرب میں باریاب ہیں، طرق مختلف میں گام زن اور طوائف خاص کی رہبری سے ممتاز تھے۔ گو کہ اب چہرہ دستیِ آفتاب ظہور مظہر تام، زبدۂ نتائج لیالی و ایام، باعث ایجاد نشائین، علت ابداع کونین، فخر عالم، شرف بنی‌آدم صلی اللہ علیہ وسلم سے بسان کواکب صبح گاہی مستور اور مثل انجم سحری بے نور ہیں۔ اگر اصناف عباد پیام معبود برحق سے کام‌یاب نہیں، اصول مذہب گوناگون کی ایجاد کا کیا سبب ہے؟ ہنود سے لے کر مجوس تک توحید حضرت

واجب الوجود کو اصل اصول جانتے ھیں اور وساطت انبیا کو ضروریات سے پہچانتے ھیں۔ گواپنی اصطلاح میں ایک اوتار نام رکھے اور دوسرا وخشور۔ بتوں کی پوجا اور آتش و اجرام کی پرستش توحید کے منافی نہیں کہ یہ دونوں لفظ ھندی و فارسی میں تعظیم و عبادت میں مشترک ھیں۔ خواص گروہ اول بیشوایان طریق کے پیکر کے سامنے رکھنے کو تصور کے قبیل سے شمار کرتے ھیں اور کملائے طائفہ آخری اجرام نورانی کو سمت قبلہ کی جائے اختیار کرتے ھیں۔

غایت یہ ھے کہ مصلحت سنج عباد آرائندۂ کون و فساد نے ملت حنیفہ بیضا کو مرجع خلف اور ماحئی آثار سلف کر دیا۔ صدمہ گرز غزاۃ سے سنگ اصنام ریزہ ریزہ ھو گیا اور آب شمشیر مجاھدین سے حرارت آتش افسردہ۔ اس ملت روشن کے فروغ کے سامنے کواکب ابدی الخفا اور آفتاب بے نوروضیا ھے۔ مومنین کا طالع کیا بلند ھے کہ ایسے آفتاب کی روشنی میں لمعات انجم سے بے نیاز ھوگئے اور ایسے نور کی گرمئی ھنگامہ میں آتش سے مستغنی۔ نہ اس طریق کے راہ رو کو چراغ ید بیضا کی احتیاج اور نہ اس دارالشفا کا مریض باد مسیحا کا محتاج۔ حصول اس دولت کا اور وصول اس نعمت کا اسی امت کے نصیب میں تھا۔ الحمدللہ علیٰ ذالک و ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء۔

بعد اس طول کلام اور اطناب سخن کے منتظران مقصود کے گوش گزار کیا جاتا ھے کہ ھر گاہ ملل مذکور اور مذاھب مسطور میں احتمال راستی و درستی نے راہ ھویدہ کی اور آن کی واقعیت نے بارگاہ امکان میں جائے پیدا کی، تو کیا عجب ھے کہ آن کے اخبار کو بیرایۂ صدق سے قاطبۃً

معرا سمجھ کر احتمال وقوع سے خالی نہ جانیں اور بعض حکایات کو کہ قبول عقل و اختیار خرد سے ظاھرا دور دست ھیں ، خوارق و کرامت پر محمول کریں ۔ لیکن با ایں ھمہ سررشتہ بعضے امور کا تفاوت روایات اور تبائن عبارت سے ایسا نایافت ہے کہ چارہ سازیٔ فکر رسا ھر چند اس کی تلاش میں سرگرداں ھو ، سوائے حیرت و سراسیمگی کے کچھ ثمر اور سوائے سکوت کے کوئی مفر بہم نہ پہنچے ۔ 'یک ان مقدمات دور ازکار سے حال ہے آغاز آفرینش اور بتدائے تکوین و ایجاد عالم کون و فساد کا ، کہ جب اختلاف اقوال رواتؔ[1] اور تضاد روایات پر نظر پڑتی ہے ، دشوار پسندان دور یاب کا فہم پیچ و خم راہ سے طرفہ پریشانی حاصل کرتا ہے ۔

دریں داستان داورے ھا بسے ست
مرا گوش برگفتۂ ھر کسے ست

براھمہ ھند کہ سرمایۂ عقل‌ودانش سے تونگر اور نصاب کمال سے بہرہ ورھیں ، کیفیت آفرینش میں اٹھارہ طرح سے روایت کرتے ھیں ۔ استیعاب اقوال سے خوف اطناب مانع اور بیم دراز نفسی‌عنان‌گیر ہے ؛ ناگزیر دو تین قول لوح اظہار پر مرتسم اور آئینۂ عرض میں منطبع کرتا ہے ۔

پہلا قول :

پہلا قول یہ ہے کہ گیتی آفرین نے اول ایک قدسی نہاد انسان صورت ملک سیرت برھما نام کو خلوت عدم سے عرصۂ ایجاد میں جلوہ گر کیا اور اس نے اپنی خواھش سے

۱- نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ھ میں ''روایات'' ہے ۔

چار فرزند موجود کیے - ایک کو سنگ اور دوسرے کو سنندان اور تیسرے کو سناتن اور چوتھے کو شنکر[۱] کہتے تھے - ان چاروں سے فرمائش کی کہ ایجاد عالم اور تکوین مکونات میں ساعی ہوں، لیکن ازبس کہ قوت تیزیہ آن پر غالب اور تمام توجہ مبداء ایجاد کی طرف مصروف تھی، خسایس عالم تشبیہ کی جانب ملتفت نہ ہوئے - ناچار خشم‌گیں ہوکر اپنی پیشانی سے ایک صورت سراپا سیرت ظاہر کی کہ اس تقدس نژاد جلالت نہاد کو مہادیو کہتے ہیں، لیکن اس میں بھی نہایت جلالت شان اور علومکان سے کہ تنزیہ وتندیس کو منتضی تھی، آن امور کے التفات کی قابلیت نہ پائی - اپنی خواہش سے دس فرزند اور پیدا کیے اور آن کے بعد اپنے ہی بدن سے ایک مرد اور ایک عورت موجود کی - مرد کو ''من'' کہتے ہیں اور عورت کو ''سترکاوان'' دونوں سے سلسلہ آفرینش کا آغاز ہوا - ہندی زبان میں انسان کو 'منش' اسی واسطے کہتے ہیں کہ 'من' کے ساتھ منسوب ہیں جیسے زبان فارسی میں آدم کی نسبت سے آدمی -

دوسرا قول :

دوسرا قول یہ ہے کہ کارپرداز امور نے عورت کی صورت میں جلوہ کیا کہ اس کو مہا لچھمین کہتے ہیں اور اس میں تین گن ہیں 'ست' اور 'رج' اور 'تم' - جب آفرینش عالم کا متصد مصمم ہوا 'تم' کی دست آویز سے اپنی ایک اور صورت بنائی کہ اس کو 'مہاکلی' اور 'مہا مایا' کہتے ہیں اور 'ست' کے وسیلے سے ایک اور شکل بہم پہنچائی کہ اس کو 'سرستی' کہتے ہیں - پھر اس کی فرمائش سے ہر ایک

۱- نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ھ میں ''سنتکما'' ہے-

نے ایک مرد اور ایک عورت پیدا کی ۔ مہا لچھمین سے برہما مرد کی صورت اور سری عورت کی صورت پر جلوہ آرا ہوئی اور مہا کالی سے مہا دیو اور ساوتری جس کو مہابدیا اور کام دھین بھی کہتے ہیں ۔ اور سرستی سے بشن اور کوری ۔ بعد اس کے کوری کا ازدواج مہادیو سے اور سری کا بشن سے اور برہما کا تری سے کر دیا اور برہما اور ساوتری سے ایک بیضہ پیدا ہوا ، مہا دیو نے اس کو دو ٹکڑے کیا اس میں سے دیوتا اور دیت یعنی واکس اور نفوس قدسی اور انسان اور باقی اور جان دار اور روئیدگی اور کوہ پیدا ہوئے ۔

تیسرا قول:

تیسرا قول جو عمدہ اقوال اور سورج سدھانت میں کہ کئی لاکھ برس کی تالیف کی ہوئی کتاب اور علم نجوم کا مرجع اور مآب ہے ، مرقوم ہے ، یہ ہے کہ ست جگ کے آخر میں ایک شخص میدیت نام صفحۂ[1] ظہور میں جلوہ گر ہوا اور اس نے جو آفرینش اور نیرنگیٔ روزگار کو دیکھا ، بس کہ ان امور سے شناسا نہ تھا، متحیر ہوا ، اور اس عقدۂ سربستہ کی کشائش میں سعی کی ۔ کئی ہزار برس تک اپنی خواہش کو آفریدگار تعالی شانہ کے جناب میں عرض کرتا رہا ، جب محنت حد سے گزرگئی اور مدت طویل سپری ہوئی ، شاہد مطلق صورت جمیل میں اس پر ظاہر ہوا اور مطلب کا سوال کیا ۔ منتظر عطیہ غیبی نے عقدۂ خاطر کو وا کیا اور زبان عجزبیان کو حرف مدعا سے تر صدا کہ اختر و افلاک کیا ہیں؟ اور آتش و باد و آب و خاک کیا؟ عرض سائل پیرایۂ اجابت سے آراستہ ہوئی اور حلہ قبول

۱- نسخۂ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ھ میں ’’صفحہ‘‘ ہے ۔

سے بیراستہ کہ تو ایک مدت تک فلاں معبد میں متوقف
ہو اور عرض نیاز سے متصف - ایک قدسی پیکر تیری نظر
میں جلوہ فرما ہوگا اور تیری مشکلات سے عقدہ کشا''۔
اتفاقا ست جگ کے انجام ہونے کے قریب وہی ہمایوں فال
ایسی شکل و شمایل سے کہ پری کو حیران کرے اور
ملک کو سرگردان ، اُس کی نگاہ میں جلوہ گر ہوا اور اپنے
غبار قدم سے چشم انتظار کے واسطے توتیائے بصر - ہر
سوال نے پیرایۂ جواب سے آرائش پائی اور ہر نقصان نے
زیور کمال سے پیرائش - اس نے جب دامن استعداد کو
ذخائر کمال سے مالا مال دیکھا اور خاطر مضطرب کو
مستمال ، ایک کتاب تصنیف کی کہ ''سورج سدھانت'' نام اور
الی الان احکام نجوم کو اُسی کے قواعد وضوابط سے انتظام ہے -
اس کتاب دانش خطاب کی لوح اوراق پر مرتسم ہے
کہ نگارندۂ الواح طبائع اور رسام نقوش آثار نے ایک کرۂ زرین
کہ اندر سے خالی اور باہر سے لطافت و صفا سے لبریز ہے ،
دو علیحدہ ٹکڑوں سے پیدا کرکے اپنے نور کو اُس پر
جلوہ دیا اور وہ عالم میں آفتاب کے نام مشہور اور نیراعظم
کے اسم سے مذکور ہوا - اُس نے برھما کو پیدا کیا ، برھما
کی وساطت سے چار بید نے ظہور پایا اور علم و دانش نے
دستور - پھر چاند اور اکاس اور ہوا اور آگ اور پانی اور
خاک کو اُسی تربیت سے پیدا کیا - اور اکاس سے مشتری ،
اور ہوا سے زحل ، اور آگ سے مریخ اور پانی سے زہرہ اور
خاک سے عطارد کو پیدا کیا -

ان اقوال کی تفصیل کے بعد مرقوم کیا جاتا ہے کہ
ضبط تواریخ حکمائے ہند سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ نہ عالم کی

ابتدا ہے اور نہ عالموں کے واسطے آغاز ہویدا۔ ان کے اعتقاد
میں گردش روزگار کا مدار چار دور پر منحصر ہے اور
ہر دور کو جگ کہتے ہیں۔ پہلے دور کا نام 'ست جگ' ہے،
اُس کی مدت سترہ لاکھ اٹھائیس ہزار اور عمر طبیعی انسانوں
کی اس دور میں ایک لاکھ برس کی ہے۔ دوسرے دور کا نام
'ترتیا ہے' اور اس کی مدت بارہ لاکھ اور چھانویں ہزار اور
عمر طبیعی آدمیوں کی اس دور میں دس ہزار سال کی۔ تیسرے
دور کا نام دواپر اور اس کی مدت آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار،
اور عمر طبیعی مردم روزگار کی اُس وقت میں ہزار برس
کی ہے۔ چوتھے دور کا نام کل جگ ہے، اور مدت اس کی
چار لاکھ بتیس ہزار اور عمر طبیعی اس زمانے کے آدمیوں
کی سو برس کی ہے۔

جب یہ حال دریافت ہو چکا تو اب سننا چاہیے کہ
حضرت آفریدگار ہر ایک چند مدت میں ایک تجرد منش
دانش نہاد کو دیار عدم سے دارالملک ہستی میں جلوہ‌گر فرماتا
ہے تاکہ خالق و مخلوق میں واسطہ اور ایجاد ممکنات کا سبب ہو۔
صفحۂ سادہ روزگار نقوش بدائع سے مرتسم ہو جاوے اور
شیرازۂ کتاب صنعت کا ملیتم، دوائر افلاک مرکز عناصر سے
مربوط ہوں اور بسیط و مرکب کا سلسلہ ایک دوسرے
سے منوط واسطے اس کا نام برہما ہے اور اُن کا اعتقاد
یہ ہے کہ یہ چاروں جگ اس طول مدت کے ساتھ جب
دو ہزار مرتبہ انجام کو پہنچیں تو ایک شبا روز کے حساب
میں محسوب اور ایسے تین سو ساٹھ شبا روز کو ایک برس
اور ایسے سو برس کو برہما کی عمر اعتبار کرتے ہیں۔
جب اس طرح کے سو برس سرے اور یہ مدت دراز منقضی

ھو جاوے ، برھما جلوہ گاہ وجود سے خلوت عدم میں خرام کرے اور بستر نیستی پر آرام ۔ اس کے بعد جس وقت داعئ‌ایجاد و تکوین ابداع عالم کا اقتضا کرے ، اسی صفت کے ساتھ ایک اور برھما کو خلعت وجود سے مشرف اور حلیہ ھستی سے مزین فرما کر مسند ظہور اور چار بالش شہود پر متمکن کرے تاکہ بزم امکان پھر اُسی ترتیب سے آراستہ ھو جاوے اور نہال افرینش اُسی سرسبزی کے ساتھ پیراستہ ۔ اس دیار کے کملا کا یہ اعتقاد ھے کہ جس قدر برھما بزم ھستی میں جلوہ گر ھو کر پھر دشت نیستی میں گام زن ھوئے ھیں ، دائرہ شمار سے افزوں اور حد حصر سے خارج ھیں ۔ لیکن ظن و تخمین سے کہتے ھیں کہ برھماے حال ھزار و یکم اور آج تک اُس کے سنین عمر سے تقریباً پچاس برس اور نصف روز گزرا ھے ۔ کہتے ھیں کہ برھما کی تمام عمر بشن کی چشمک کی مقدار سے مساوی ھے ۔

مرزا بیدل علیہ‌الرحمۃ کتاب ''چارعنصر''میں ایک برھمن کی حکایت کی تقریب سے لکھتے ھیں کہ ھر قوم کے کاملین کے واسطے اصطلاح خاص ھے کہ کند فہمان مدرسۂ دانش اُس تعبیر سے منزل مقصود پر لے جاویں[1] اور پیچ و خم راہ سے دھوکا نہ کھاویں ۔ یہ دانش اندوز مرتبۂ وجوب کو بشن کہتے ھیں اور عقل اول کو برھما ۔ حکمت شناس دقیقہ فہم جانتا ھے کہ ایجاد و ابداع بے توسط عقل اول محال ھے اور جہد عقل بدون افاضہ فیاض مطلق وھم و خیال ۔ جب حضرت واجب ایجاد و تکوین کی طرف سے چشم پوشی اور اغماض کو کارفرماتا ھے ، نتائج آثار کا نقش محو

۱- نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ھ میں ''پہنچ جاویں'' ھے ۔

ہو جاتا ہے ۔ طائفہ ریاضت کیش و تجرد اندیش ، یعنی سیوڑہ طرفہ اقوال حیرت افزا اور حکایات ہوش ربا کہتے ہیں ، کہ عقل اُس راہ میں نیم قدم اور فکر اُس طریقے میں ایک گام نہیں رکھ سکتے ۔ ذکر اُن کا منتج وحشت اور تصور اُس کا مثمر حیرت ہے ۔ اس گروہ ندرت بیان و غرابت بتیان کے نزدیک زمانہ دو قسم ہے ۔ ایک اُسرپنی یعنی ایسا زمانہ کہ ابتدا میں شادی ہو اور انتہا میں اندوہ و نا امرادی ۔ دوسرا اُت سرپنی ، یعنی برعکس اول کہ انتہا میں شادمانی ہے اور ابتدا میں اندوہ و خلل ۔ اور ہر قسم کے چھ حصے ٹھہرا کر ہر حصے کو ''آرہ'' کے نام سے مشہور کرتے ہیں ۔ اور ہر آرے کو اُس کے خواص کی مناسبت سے ایک اسم خاص کے ساتھ مذکور ۔

پہلا آرہ قسم اول کا سکھ مان سکھ مان ، یعنی ایسا زمانہ کہ فرحت متوالی اور مسرت متواتر بخشے ، اور اُس کی مدت چار کوڑا کوڑ ساگر ہے ۔ اور دوسرا آرہ سکھ مان یعنی خوش حالی اور فراغ بالی کا زمانہ ۔ اور اس کی مدت تین کوڑا کوڑ ساگر ہے ۔ تیسرا سکھ مان دکھ مان کہ عین خوش حالی میں رنج و ملال نیش زن ہو اور ہنگامہ شادگمی میں اندوہ و کلال دل شکن ۔ اس کا زمانہ دو کوڑا کوڑ ساگر تک ممتد ہوتا ہے ۔ اور افراط تنگ دلی سے غیرت حرمان ابد ۔ چوتھا دکھ مان سکھ مان کہ اوقات اندوہ میں بے غمی دیتا ہے ، اور آوان ملال میں خرمی ۔ اور اس کی مدت بیالیس ہزار کم ایک کوڑا کوڑ ساگر ہے ۔ اور اندوہ زدائی و غم ربائی میں عیش متواتر کے برابر ۔ پانچواں دکھ مان، یعنی رنج و ملال اور عہد اندوہ و کلال ۔

یہ زمانہ اکیس ہزار سال کی امتداد رکھتا ہے اور درد و مصیبت کی بنیاد ۔ چھٹا دکھ مان دکھ مان کہ تواتر غم اور تکاثر الم سے منتج ملال ۔ اور مدت اس روزگار کدورت آثار کی بھی اکیس ہزار سال ہے ۔

قسم دوم کے آرہ ، یعنی حصوں کے بھی یہی نام ہیں لیکن تفاوت اس قدر ہے کہ اس کا پہلا آرہ قسم اول کے چھٹے آرے کے ساتھ اور اس کا دوسرا آرہ اس کے پانچویں کے ساتھ نام و درازئی مدت میں مشارکت رکھتا ہے ، اور تیسرا اس کے چوتھے سے اور چوتھا اس کے تیسرے سے موافقت ۔ اس کا پانچواں اس کے دوسرے سے ہمسر ، اور اس کا چھٹا اس کے پہلے کے برابر ۔ ان کے گمان میں قسم اول کے آرے پنجم سے کچھ اوپر دو ہزار برس منقضی اور اب تک اسی قدر سال سپری ہوئے ہیں ۔

ارباب خرد پر روشن ہے کہ محاسبان ہند سو ہزار کو لاکھ کہتے ہیں اور دس لاکھ کو ایوت اور دس ایوت کو کروڑ کہتے ہیں اور سو کروڑ کو ارب اور دس ارب ایک کھرب ہے اور دس کھرب ایک نکھرب ، دس نکھرب مہاسروج اور پدم کے ساتھ موسوم ہے اور دس پدم سنکھ، اور دس سنکھ سمندر کے نام سے معدوم اور سمندر کو کورا کور بھی کہتے ہیں ۔ اس حرف سرائی کے بعد ایک اور افسانۂ حیرت فزا مذکور ہوتا ہے ۔ کہتے ہیں کہ ایک جگہ پسر و دختر توام پیدا ہوتے ہیں ۔ وہاں کے ساکنین جنگلی کے لقب سے مشتہر اور دیار دہلی کے اطفال خورد سال کے سر کے بال ان جنگلیوں کے سر کے بال سے چھانوس حصہ کندہ تر ہیں ۔ اگر ان کے سات دن کے مولود کے سر کے بال کہ کوئی بال

اُس سے زیادہ باریک اور غایت باریکی میں اس کے ساتھ شریک نہیں ، اجزائے لایتجزیٰ کے ساتھ تقسیم کیے جاویں ، اور اُن اجزا سے ایک چاہ جس کا طول و عرض و عمق چار چار کوس کا ہو پر کریں ، اور سو برس کے بعد ہزارواں حصہ اُن اجزا کا اُس چاہ سے نکالیں ، جتنی مدت میں وہ چاہ اس طریق سے خالی ہو جاوے ، اُس مدت کو پلوپم کہتے ہیں ۔ جب پلوپم سے دس کورا کور گزریں ، جس کا حال مسطور اور سمندر کے نام کے ساتھ مذکور ہوا ، اُس مدت کو ساگر کہتے ہیں ۔ ان کے نزدیک ادوار مذکور کی کمیت حیطۂ بیان سے مبّرا اور حلیۂ تقریر سے معرّا ہے ۔

کہتے ہیں کہ ہر آرے میں چوبیس آدم کتم عدم سے عرصۂ وجود میں جلوہ طراز ہوتے ہیں اور مدت معہود کے بعد پھر جادۂ دارالملک نیستی میں عنان انداز ۔ ان میں سے اول کا نام آو ناتھ اور رگھو ناتھ ہے ۔ یہ اعجوبۂ کارگاہ تقدیر پچاس کروڑ لاکھ ساگر تک کارگزاری انتظام آفرینش میں ساعی رهتا ہے ۔ اور اخیر کا نام مہادیو[۱] ہے اور وہ بیس ہزار سال تک ترویج امور مکونات میں داعی رہتا ہے ۔ اُس کی مدت سے آج تک دو ہزار تین سو برس گزرے ہیں ۔ اور ''نفائس الفنون'' میں تاریخ خطائی سے منقول ہے کہ آدم ابوالبشر کے عہد سے آج تک کہ سات سو پینتیس سال هجری ہیں ، آٹھ سو ترے سٹھ[۲] ہر دن اور نو ہزار آٹھ سو برس منقضی ہوئے ۔ اور دن ان کی اصطلاح میں دس ہزار برس کو کہتے ہیں ۔

۱- نول کشوری نسخے میں ''سہابیر'' ہے۔
۲- نسخۂ نول کشور میں ترسٹھ دن ہے ۔

خامۂ خام رقم جب ان حکایات ندرت خیز اور روایات حیرت انگیز کو لکھ چکا ، اندیشۂ رسا اور فکر تیز پا چاہتا ہے کہ ہنوز ہنگامۂ نیرنگی کو پایان پذیر نہ کرے۔ اور اسباب تعجب اور سامان شگفتی کے فراہم کرنے سے ہاتھ نہ اٹھاوے اور ایسے نقوش غریب اور تماثیل پردۂ خیال سے جلوہ گر کرے کہ بینندگان عجائب روزگار کو حیرت اور شنوندگان غرائب اسمار کو وحشت ہو۔

طرفہ تر ایسی ہی کہوں ایک بات
ہنستی ہے سن سن کے جسے کائنات

گروہ دانش پژوہ فرسندا جی ، یعنی امت اولین پیغمبر عجم کہ ان کو سپاسی و پارسی و ایرانی و ایزدی و یزدانی و آبادی و ہوشی و انوشک و آذرہوشنگی و آذری بھی کہتے ہیں ، یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ جہان کو جہاں آفرین سے وہ نسبت ہے جو نور کو آفتاب عالم تاب سے ازل سے ہے اور ابدالآباد رہے گا۔ امتداد سلسلۂ کون و فساد اور تسلسل ادوار عالم ایجاد کے باب میں نقل عجیب اور حکایت غریب مسموع ہے کہ نہ عقل کو اس کے سرا پردے میں بار ہے اور نہ خرد کو اس کی خلوت راز میں گزار ۔ یعنی اول ایک کوکب کواکب ثابتہ سے دارالملک عالم میں بادشاہ اور بسیط گیتی میں کشور خدا ہو کر ہزار سال تک تنہا فرمان روائی کو کاربند ہوتا ہے اور حکم رانی کے منصب سے ارجمند ۔ اس کوکب کو نخستین شاہ کہیں گے ۔ جب مدت معہود انجام کو پہنچے ثابتہ دوسرا مرتبۂ وزارت سے ممتاز ہو اور اجرائے امور عالم میں بادشاہ نخستین کے ساتھ انباز ، اور اس کو نخستین دستور کہیں گے ۔ جب اس کی

شرکت و انبازی کو ہزار برس گزریں ثوابت میں سے اور ایک کوکب مسند دستوری پر تمکن اختیار کرے، اور بہ دستور ہزار سال تک کون فساد کو آشکار۔ پھر اس کے عزل کے بعد ایک اور ستارہ منصوب ہو اور وہی امور اس کے ساتھ بھی منسوب؛ تا بہ حدے کہ ہر ثابتہ ایک ایک ہزار سال منصب وزارت سے امتیاز پاوے۔ اور جب ان نورانی پیکروں کی حکومت و انبازی کا سلسلہ منقطع ہو جاوے، زحل اس منصب سے سربلندی حاصل کرے اور اس مرتبے سے ارجمندی۔ رفتہ رفتہ قمر دستور ہو جاوے اور کاروبار گیتی اس کی بہ دولت انتظام پاوے۔ اب نخستین شاہ کا دور منصرم اور نخستین دستور شاہ دوم ہو کر ہزار برس تک تنہا جہان و جہانیوں کے کار کا منتظم ہو۔ جب یہ ہزار برس منقضی ہوں، ہر ثابتہ و سیارہ بہ دستور سابق دستوری بجا لاوے اور ہزار ہزار سال نوبت بہ نوبت اپنا منصب انجام کو پہنچاوے۔ ان سب کے بعد نخستین شاہ کہ بالفعل مرتبۂ خدیوی و خسروی سے معزول ہے، اس وزارت پر مستعد ہو اور نظم عالم کے واسطے متعہد۔ اب شاہ دوم کا دور بھی انجام کو پہنچے اور عہد سلطنت انصرام کو؛ آخرکار قمر بادشاہ ہو اور ثابت و سیار اس کی وزارت سے صاحب جاہ۔ کوتاہی سخن کوئی کوکب باقی نہ رہے کہ خسروی و دستوری کی نوبت اس تک نہ پہنچے۔

جب سب کواکب سلطنت و وزارت سے کام یاب ہو چکیں اور ان نقود سے صاحب نصاب، یہ چرخ منتہی ہو اور یہ دور منقضی۔ اس دور اعظم کو فارسی میں ''سہین چرخ'' کہتے ہیں۔ اس چرخ کے بعد نخستین شاہ کا کوس سلطنت

پھر بلند صدا ہو اور وہی ہنگامہ دستوری و خسروی کا برپا ۔ اس وقت لعبتہ باز قدرت بازیٔ اول کی بساط کو درہم کر دے اور تماثیل نخستین کو معدوم ؛ ان حالات کے نقوش کو محو کر دے اور ان آثار کے رسوم کو نامعلوم ؛ نہ زید و عمرو کی منازعت ہنگامہ آرا ہو اور نہ آشنا و بےگانہ کا لطف و عتاب پردہ کشا ۔ رنگ کی دل فریبی نگاہ تماشا کی عنان کشی سے باز آوے اور بو کی عطر سائی دماغ شوق کے صلا سے ہاتھ اٹھاوے ۔ نہ ناز نوک مژہ سے دشنہ گزار اور نہ نیاز جراحت سینہ سے بے قرار ۔ بلبل کہاں کہ ہوائے گل سے آتش نالہ شعلہ زن ہو اور گل کہاں کہ بلبل کی خرمن سوزی کے واسطے برق افگن ہو :

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روے گل سیر نہ دیدیم و بہار آخر شد

لیکن از بس کہ تکوین و ایجاد کا نقش لوح ارادہ ازلی سے ، اور ابداع اور اختراع کا حرف صفحۂ مشیت لم یزلی سے یک قلم محو نہیں ہوتا ، کارپرداز عالم اور مصلحت سنج امور شتابندگان دور اول سے ایک مرد اور ایک عورت بساط حیات پر جلوہ فرما رکھتا ہے ، تاکہ ان دونوں برگزیدہ بارگاہ مبدع کل سے ظہور نتائج صورت پزیر ہو اور ہنگامہ گیر و دار گرم ۔ وضع لاحق کی سابق سے موافق ہوگی اور طرز اخیر کی اول سے مطابق ، یعنی اس دور کے آدمی وہی نام و نشان و گفتار و کردار اور وہی و عادت و شکل و شمایل رکھتے ہوں کہ مردم دور سابق کو واہب حقیقی کے گنجینۂ احسان سے عطا ہوئی تھی ۔ گویا ہر سفیر ملک عدم نے اپنا ساز و سامان

تو شک خانۂ تقدیر میں امانت رکھ دیا تھا اور ہنگام معاودت میں اس امین بے ضنت سے واپس کر لیا۔

ز بس تنگی بہ ہم افشردہ است اجزاے امکاں را
ہماں ماضی بہ استقبال ہر دل ریش می آید

ہشیار خرامان عرصۂ تحقیق کو معلوم رہے کہ ان سخن سنجان اعجوبہ طراز کی مراد یہ ہے کہ اس دور کے آدمیوں کی وضع اور طرز اور صورت و شکل مردم دور سابق سے مشابہ اور مشاکل ہوگی ؛ نہ یہ کہ وہی افراد بعینہ صحرائے عدم سے باز گشت اور گل زمین وجود میں مکرر گل گشت کریں، اجزا آں اجسام متلاشی کے فراہم ہو جاویں ، اور ارواح سابقہ انھیں اجساد سے ملاقی۔ حاشا و کلا کہ یہ ان کے عقیدے کے موافق محال اور ان اجزائے ریختہ کا اجتماع اور اس علاقہ گسیختہ کا تعلق وہم و خیال ہے۔ نفوس کاملہ کہ سروشان عالم بالا کے مرتبے کو پہنچ گئے ہیں، استیفائے مراتب اور تکمیل مدارج کے بعد کس طرح پھر اجسام کثیر[1] سے تعلق اختیار کر سکتے ہیں۔

ابتدا اور انقطاع ادوار کی اس نسق پر ہے جو مسطور ہوئی اور آغاز و انجام روزگار کا اس طرز پر ہے جو مذکور ہوا ، وگرنہ افراد انسانی کو نہ ابتدائے زمانی جلوہ گر ہے اور نہ انتہا اور کران متصور۔ اس دور کے آدمیوں کا مبداء مہ آباد نام برگزیدۂ ایزدی و مقبول جناب صمدی ہے کہ طریقہ معہود کے موافق مردم دور سابق سے باقی رہا اور ذریات لاحقہ کے وجود کا سبب

۱- نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ھ میں ''کثیف'' ہے۔

ہوا ۔ انسان ضعیف البنیان دریافت نہیں کرسکتا کہ مہین چرخ اس سے پہلے کتنی دفعہ گردش کر چکا ہے اور اس کے بعد کب تک بازگشت اور معاودت میں سرگرم رہے گا ، اور یہ بھی دشوار ہے کہ دور اعظم کی مدت کو محاسب ادراک کی وساطت اور دبیر وہم کے ذریعے سے احاطۂ حصر و حوزۂ شمار میں لا کر زمانۂ معہود کو عدد معین سے تعبیر کرے ۔ جب کہ کواکب ثابتہ ظرف تعداد میں گنجائش پزیر نہ ہوں، اُن کے خسروی اور دستوری کی مدت کس طرح حصر و شمار میں آسکے ؟ اور اُس زمانے کے تعین ظرف اظہار میں کیوں کر سما سکے ۔ سیاران گلشن دور حال میں سے بعض کی کامرانی کا زمانہ مذکور ہوتا ہے کہ مشتاقان حقائق و سوانح جب اس احوال ندرت طراز سے آگاہ ہوویں گے ، قادر لم یزل کے ساحت قدرت کو وسیع اور صانع بے ابتدا کے عرصۂ ایجاد و اختراع کو فصیح[1] جان کر ، زمزمۂ ''قالوا بلا'' سے لب کو آشنا اور ''بیدہ ملکوت کل شی'' کے نغمے سے زبان کو تر صدا کریں گے۔ تبارک الذی بیدہ الملک و ھو علی کل شئی قدیر * ہر چند مورخان پیشین اور نامہ نگاران باستانی اس حال کو ایسی تفصیل سے لکھتے ہیں کہ اگر باد بہاری نفس اور اوراق اشجار زبان ہو جاوے تو البتہ احتمال ہے کہ وہ افسانہ اتمام اور وہ قصہ اختتام کو پہنچے ۔ لیکن ان اوراق کا کیا ظرف اور ان صحائف کا کیا حوصلہ ؟ جس قدر مناسب مقام ہے ، لوح اظہار پر مرتسم اور صفحۂ بیان پر مرقوم ہوتا ہے ۔

جب دور سابق تمام ہوا اور لوح وجود پر نقوش فنا

۱- نول کشوری نسخے میں ''فسیح'' ہے ۔

نے ارتسام پایا ، ایک مرد قدسی نژاد مہ آباد نام اور ایک عورت نیک سرانجام کہ نعمت زنا شوئی سے کام یاب تھی ، لباس ہستی سے عاری نہ ہوئی ، اور جو کہ عالم کون و فساد کے امور کا منتظم رہنا ایزد کام بخش کو منظور نہ تھا ، یہ نیک نہاد زمان قلیل میں اس قدر کثرت اولاد اور وفور احفاد سے لذت ستاں اور حصول نتائج سے کامراں ہوا کہ شعاب جبال کے حوصلے دامن صحرا کی وسعت نے افراد ناس کی بود و باش پر تنگی کی ۔ مشارب اور مطاعم اور ملابس اور تمام صنائع اور مکاسب ان کے سود اور منافع کے واسطے عقل خدا داد کی استعانت سے ایجاد کیے اور بلاد و قریے اور مساکن اور ماوا آباد طوائف مردم کو چار قسم قراردیا :

قسم اول : موبد و زہاد کہ آئین دین و قوانین ملت کی محافظت حراست میں سرگرم رہیں اور ان کا لقب برما اور برمن اور ہورستار ٹھہرایا ۔

قسم دوسری : بادشاہ اور پہلوان کہ جہاں داری و حکومت آن کی ذات سے منتظم اور شیرازۂ امور بلاد آن کے رشتۂ عدالت و محابت سے ملتیم رہے اور آن کا لقب چترمان اور چترمن اور چتری اور نورستار مقرر کردیا ، کیوں کہ یہ لوگ خداوند چتر ہوتے ہیں اور چتر سرداری اور ناموری کی علامت ہے ۔

قسم تیسری : کشاورز اور اہل زراعت اور بیشہ‌ور اور ارباب حرفت ۔ آن کا نام باس تجویز کیا کیوں کہ باس بسیار کو کہتے ہیں اور یہ فرقہ سب فرقوں سے کثرت

میں زیادہ ہوتا ہے اور باس آبادی کو بھی کہتے ہیں
اور آبادی ممالک انہیں کے سبب سے ہوتی ہے اور ان کو
سورستار بھی کہتے ہیں۔

قسم چوتھی ایسے آدمی کہ پیش کاری اور خدمتگری
کے کام کو سر انجام دیں اور نوکری و ملازمت کے
امور کو انتظام ۔ ان کا لقب سودین و سوی و سود
تشخیص کیا ۔ کس واسطے کہ یہ فرقہ سود و تن آسانی کا
سبب اور آسائش خلائق کا باعث ہے اور ان کو رورستار
بھی کہتے ہیں۔ بعد اس کے نوکر اور بادشاہ اور خادم اور
آقا میں فرق پیدا ہوا اور خرد و بزرگ میں تفاوت ہویدا۔

تقریباً یاد آگیا کہ تواریخ ہنود میں بھی ان چار طائفہ
کا نام تلفظ میں انہیں اسامی کے قریب ہے ، اگر چہ
معنی کے اعتبار سے بعض میں مخالفت ہے یعنی
طائفۂ اول کو برھمن اور دوسرے کو چھتری اور تیسرے کو
بیش اور چوتھے کو شودر کہتے ہیں۔ اول شین معجمہ
اور آخر رائے مہملہ ۔

سخن مختصر یزدان سخن آفرین نے مہ آباد پر ایک
کتاب نازل کی ''دساتیر'' نام کہ جمیع علوم و فنون اور ہر
زبان کے لغت اس میں مرقوم تھے اور ایک زبان اور تھی
کہ اہل روزگار سے کسی کی زبان اس سے مشابہ نہ تھی ۔
مہ آباد ـ ' اصناف امم کو ایک ایک زبان تعلیم کرکے
اطراف عالم میں جس جگہ مناسب و لائق سمجھابھیج دیا؛ اسی
واسطے ہر ملک کی زبان جدا نہ اور ہر دیار کی گفتگو
علیحدہ ہوگئی لیکن راقم تذکرہ نے کتاب ''دساتیر'' کو

دیکھا اور ابتدا سے انتہا تک ورق ورق کی سیر کی اصل اس کتاب کی ایک صحیفہ ہے آٹھ سات ورق کا کہ مجوس کے اعتقاد میں یزدان نےہمال نے مہ آباد پر نازل کیا ۔ باقی تیرہ صحیفے اور ہیں کہ جی افرام سے لے کر ساسان پنجم تک ہر ایک کے واسطے نازل ہوئے اور ایک پند نامہ کہ سکندر ابن داراب کے واسطے ابراہیم زردشت کی دعا سے زردشت کے پاس نازل ہوکر شاہان ایران کی تحویل میں رہا اور وقت معہود میں سکندر کو پہنچا ۔ یہ صحائف و پند نامہ صحیفہ مہ آباد کے ساتھ شامل ہے ۔ اب مجموعہ صحائف و پند نامہ کو ”دستاتیر کہتے ہیں“ ۔ زبان اس کی تو البتہ کسی زبان سے مشابہ نہیں ، اسی واسطے اس کو ”فراتین نواد“ یعنی آسمانی زبان کہتے ہیں لیکن نہ مختلف زبانوں پر مشتمل ہے اور نہ علوم متنوعہ پر محتوی ؛ ہاں کوئی کوئی فقرہ بے شبہ مسئلۂ حکمت پر اشتمال رکھتا ہے ۔

ساسان پنجم نے جو ان سب کا ترجمہ زبان فارسی میں کیا ۔ ساسان نخست کے صحیفے میں بیشتر اور باقی صحائف میں بعض بعض جگہ براہین حکمیہ کو ایراد کیا ہے ، سو وہ ساسان کی عبارت ہے نہ کتاب سماوی ، مگر یہ کہ وہ جلد علیحدہ ہو کہ علوم گوناگوں اور لغات مختلفہ پر مشتمل اور تقالیب روزگار اور تصاریف ادوار سے نایاب ہے ۔ اس جملۂ معترضہ کے بعد لکھا جاتا ہے کہ بعد مہ آباد کے تیرہ اور پیغمبر مبعوث ہوئے کہ ان کو بھی آباد کہتے ہیں ۔ ترجمہ آباد کا پیغمبر ہے ، اسی واسطے پیغمبر نخست کہ مرتبے میں ان سب سے بزرگ تھا ، مہ آباد کے نام سے موسوم ہوا ۔ پیغمبران مذکور اور وخشوران مسطور کے بعد ان کے

فرزندوں نے مسند ہدایت اور وسادۂ ارشاد پر تمکن پایا
اور ہمیشہ اپنے اوقات کو رہنمائی خلق و رضامندیٔ خالق
میں صرف کیا ۔ مہ آباد کے ذرّیات کہ اُن کو مہ آبادی
کہتے ہیں، ایک مدت تک اُسی راہ میں گام زن اور اُسی طریق
میں سرگرم رہے اور عالم کو عدل و داد کے ساتھ آراستہ
رکھتے تھے ۔ ایسا شخص کہ آبادیوں کی سلطنت و حکومت
کا سلسلہ اُس پر منتہی ہوا ، آباد اراد نام رکھتا ہے ۔
اتفاقاً ترک و تجرید کا شوق اُس کا دامن گیر ہوا اور
کاروبار سلطنت سے دفعۃً ہاتھ اٹھا کر گوشۂ عزلت اختیار کیا ۔
اُس کے عزلت گزیں ہوتے ہی انسان حیوان سیرت ہوگئے
اور آدمی وحوش سیرت ۔ باہم جدال و نزاع شروع ہوئے
اور خوں ریزی نے ایسا شیوع پایا کہ اگر آسیا سیلاب خون
سے گردش کرتی ، کچھ عجب نہ تھا ۔ اُس وقت آبادیوں کا
عہد سپری اور اُن کی دولت و اقبال کا زمانہ منقضی ہوا ۔
اس خاندان رفیع‌الشان میں سوزاد سال تک دولت و حشمت
ملازم‌در اور حکومت و سلطنت فرماں بر رہی ۔ زاد ایک
مرتبہ ہے مراتب اعداد سے ، خامہ خام رقم اُس کی تفصیل
کا متعہد اور قلم چابک نگار اُس کی توضیح میں سرگرم ہے ۔

مخفی نہ رہے کہ اس طائفے کی اصطلاح میں سال دو
قسم کا ہے ۔ فرسال اور کرسال ۔ فرسال وہ ہے کہ کوکب
جب بروج دوازدہ گانہ کو ایک بار طے کرے اُس کو
ایک دن شمار کریں اور ایسے تیس دن کو مہینا اور
ایسے بارہ مہینے کو برس ؛ مثلاً دورۂ زحل کی مدت تیس برس
میں اتمام پاتی ہے اور بارہ برجوں کی سیر اختتام ۔ پس
تیس برس کو ایک دن شمار کرتے ہیں اور ایسے

تیس دن کو کہ نو سو سال متعارف ہوتے ہیں ، ایک مہینا اور ایسے بارہ مہینے کو کہ دس ہزار آٹھ سو برس متعارف ہیں ، ایک برس اعتبار کرتے ہیں اور اسی پر قیاس کیا چاہیے اور کوکب کے دورے کو اور ستارے کے ایک دورے کا نام کرسال ہے ۔ پس جس مدت تک ہر برج میں سیر کرے ، وہ مدت ایک مہینے کی قرار دی جاتی ہے ؛ مثلاً زحل بارہ برجوں کو تیس برس میں طے کرتا ہے اور ہر برج کو اڑھائی برس میں ؛ پس اس حساب کے موافق تیس سال ایک کرسال ہے اور اڑھائی برس ایک مہینا اور اسی پر قیاس کیا چاہیے اور کواکب کے دورے کو ، اور جس طرح سال کو فرسال اور کرسال کہتے ہیں ، مہینوں اور دنوں کو فرمہ اور فرروز اور کرماہ اور کرروز کہتے ہیں ۔ جب یہ مہم فیصل ہوئی تو اب سنا چاہیے کہ جس وقت دس ہزار آٹھ سو برس متعارف کہ زحل کا ایک فرسال ہے ، ہزار میں ضرب دے جائیں اور اس کا حاصل ضرب کہ ایک کروڑ آٹھ لاکھ برس متعارف ہیں ، پھر ہزار میں ضرب کریں تو اس کے حاصل ضرب کو کہ دس ارب اسی کروڑ سال متعارف ہیں ، فرد کہتے ہیں اور ہزار فرد کو ورد اور ہزار ورد کو مرد اور ہزار مرد کو جاد اور تین ہزار جاد کو واد اور دو ہزار واد کو زاد کہتے ہیں ۔

بعد اس کے مرقوم ہوتا ہے کہ جب عالم کا حال تباہ اور جہان کا طور خراب ہو گیا ، چند آدمی کہ ہدایت الٰہی اور اعت خرد سے ستودہ کرداری اور راست گفتاری سے کام یاب اور بزرگ آبادیوں کی کتاب سے بہرہ مند تھے

جی افرام کے پاس گئے ۔ اس مرد سنجیدہ کو آباد اراد کا
بیٹا قرار دیتے ہیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آباد اراد
کے بعد اُس کے کمال کو کوئی نہیں پہنچتا ۔ گویا آباد اراد
جی افرام کا پدر معنوی ہے ۔ وگرنہ اُس سے اُس کے عہد تک
مدت مدیدکا فاصلہ اور زمانۂ ممتد کا تفاوت ہے اور یہی حال
ہے شاہ کلیو وغیرہ کا جن کا احوال مذکور اور صفحۂ اظہار
پر مسطور ہوتا ہے ۔ آبادیوں کی زبان میں 'جی' پاک کو
کہتے ہیں ، جوکہ اس کی پاکی و طہارت حد کمال کو
پہنچ گئی تھی اس واسطے 'جی' کے ساتھ ملقب ہو گیا ۔
بہرکیف اُن لوگوں نے اُس سے التجا کی کہ اپنے وجود
سراپا جود سے تخت حکومت کو مشرف کر اور
ارشاد و ہدایت پر کمر باندھ کہ ان گم کردہ راہوں کی
اصلاح جلوہ گر نہ ہوگی ، جب تک تو ہمت خیر طلب کو
مصروف نہ کرے ، اور ان بدکرداروں کا راہ پر آنا
متصور نہیں ، جب تک تو عنان توجہ معطوف نہ کرے ، اور
ہدایت و ارشاد کے فضائل آبادیوں کی کتاب سے اُس کے
سامنے نقل کیے ، لیکن ازبس کہ اہل روزگار کے اختلاط سے دل
گرفتہ تھا ، اس بارگراں کا تحمل ناگوار ہوا اور ان کے التماس
کو قبول نہ کیا ۔ ناگاہ سروش مبارک پی کہ[1] یہ طائفہ بہمن
اور اہل اسلام جبریل کہتے ہیں ، پیام ایزدی لایا اور
اس امر کے سرانجام میں حضرت حق کی رضامندی کا مژدہ
سنایا ۔ ناچار فرمان پزیر ہوا اور اہل روزگار کے حق میں
دستگیر ۔ اُس کے تابعین کو 'جیان' کہتے ہیں ، جیون کا
سلسلہ جس پر منقطع ہوا ، اُس کا نام جی الاد ہے ۔

۱۔ نول کشوری نسخے میں "کہ" نہیں ہے۔

اس نیک نہاد نے بھی ترک دنیا کا قصد کیا اور آشنا و بیگانہ سے روپوش ہوا ۔ رفقا اور ندیموں نے جی الاد کو نہ مشکوے خسروی میں پایا اور نہ عبادت گہ میں : برھم ہوئے اور اھل عالم کا کار تباہ ۔ جیون کے خاندان میں ایک اسپار سلطنت نے قیام کیا ، اس اصطلاح سے واقف ھونا ناگزیر ھے ۔ سو ہزار کو سلام کہتے اور سو سلام کو سہار اور سو سہار کو اسپار اور سو اسپار کو رادہ اور سو رادہ کو آرادہ اور سو آرادہ کو راز اور سو راز کو آراز اور سو آراز کو ی آراز کہتے ھیں ۔ مردم پرھیزگر نے جب جہان کا حال زبوں دیکھا شائی کلبو سے کہ جی الاد کا فرزند معنوی اور خلف روحانی تھا ، التجا کی ؛ اس نے قبول کیا اور انتظام جہان میں گرم ھوا ۔ اس کے تابعین کو شائی کہتے ھیں ۔ شائیوں کے سلسلے کا اخیر شائی مہبول ھے ۔ ان کے خاندان میں ایک سہار تک سلطنت رھی اور سہار کا حال مراتب کی تفصیل میں مرقوم ھوا ۔

مختصرا شاہ مہبول کے بعد یاسان فرمان الٰہی سے مسند ھدایت پر متمکن ھوا ۔ یاسانیوں کے سلسلے میں سب سے اخیر یاسان اجام ھے ۔ ان کی سلطنت ایک کم سو سلام تک ممتد ھوئی ۔ یاسان اجام کے بعد کیومرث کہ اس کو گل شاہ کہتے ھیں ، فرمان ایزدی سے انتظام عالم میں مصروف ھوا ۔ اس کو گل شاہ اس واسطے کہتے ھیں کہ جب سلطنت کی نوبت کیومرث تک پہنچی ، عمارت و زراعت و باغ وغیرہ سے سوائے گل ، یعنی زمین کے کچھ باقی نہ تھا ۔ جو کہ سوائے زمین کے اس وقت اس کے تصرف میں کچھ نہ تھا ، اس لقب سے ملقب ھوا ، یعنی

بادشاہ زمین ۔ اور جو کہ مردم روزگار کی تربیت و اصلاح میں پدر مشفق کی طرح سے سعی کی تھی ، اُس کو پدر مردم اور ابوالبشر بھی کہتے ہیں ۔

اس خاندان کے بادشاہ چار فرقے ہیں ۔ پیش‌دادی، کیانی، اشکانی ، ساسانی، اور ان سب سے اخیر پسر شہریار یزدجرد ہے کہ بعد اُس کی سلطنت فارس فرق اسلامیہ کے تصرف میں آئی اور ملک و مال چندیں ہزار سالہ غازیان جلادت شعار کے نصیب ہوا ۔ الحمدللہ ثم الحمدللہ ان سلاطین کی سلطنت چھ ہزار چوبیس برس پانچ مہینے تک ایک طرح پر باقی رہی ، نیر اقبال تاباں اور کوکب دولت درخشاں رہا ؛ آخر غیرت الٰہی نے اُس نیر کو خسوف ابدی اور اُس کوکب کو احتراق سرمدی سے بے نور کر دیا اور آفتاب جہاں تاب شریعت غرا اور خورشید عالم افروز ملت بیضا کو ایسا روشن کیا کہ شبستان گیتی کی رونق و بہائے فروغ روز سے باج لیا ۔ نور ہدایت، فروغ ایمان سے تاریکیٔ جہل و ظلمت کفر روز بروز محو ہوتی جاتی ہے ۔ یکاد زیتہا یضی و لو لم تمسسہ نار نور علی نور یہدی‌اللہ لنورہ من یشاء

آں آفتاب دیں کہ ز نور ہدایتش
خورشید شرع برفلک اشتہار تافت

ہر چند حساب بے حساب ہنود سے خرد کو سرگردانی ہے اور عقل کو پریشانی ہے لیکن جب اس سلسلۂ غیر متناہی اور اس سیر لاینقطع کا تصور خاطر دشوار پسند کے نصب‌العین ہوتا ہے ، استعجاب غریب بہم پہنچتا ہے ۔ آبادیوں کی سلطنت کی مدت سو زاد سال مقرر ہے اور جیسے

اول مذکور ہوا دس ارب اسی کروڑ برس کا نام فرد ہے اور جب اس کو ہزار میں ضرب کریں تو اس کے حاصل ضرب کا نام ورد ، اور ورد کے ہزار میں ضرب کرنے سے مرد ، اور وہ اسی ضرب سے جاد اور ہزار جاد سے واد حاصل ہوتا ہے ، اور دو ہزار واد کو زاد کہتے ہیں ۔ دس ارب اور اسی کرور برس ان ضروب کثیرہ کے بعد کس شمار کو پہنچتے ہیں اور یہی حال ہے اور سلطنتوں کا جو آبادیوں کے بعد مذکور ہوئیں ۔ کون سا عاقل تجویز کر سکتا ہے کہ ایسے خاندان موجود ہوئے ہوں کہ ان کا عہد دولت و اقبال اس امتداد کو پہنچا ہو ۔ عمر برہا اس دریائے ذخار کے ایک قطرے میں غرق اور اس ہنگامے کے زور و شور کے آگے ۔ نام و نشان ہو جاتی ہے ۔ یہ شعر اسی مقام کے مناسب ہے :

بسے در شگفتے نمودن طواف
عنان سخن را کشد در گزاف

اگر خیال کیا جاوے کہ یہ سب امور اختلاط عقل اور مالیخولیا کے نتائج سے ہیں ، فرزانگان ایران دیار کی دانش وری اور حکمت پیشگی کہ اس کے فروغ کے سامنے روشن طبعان یونان کی حکمت اشراق کا چراغ تار اور اس کی استقامت کے مقابل مشائیت کی راہ ناہموار ہے ، ابا کرتی ہے کہ ہرگز ایسے حکمت اندوزان کامل خرد لغو سخن سرا نہیں ہوسکتے اور قطعاً ایسے صفا کیشان راست اندیش حرف پوچ و پادر ہوا زبان پر نہیں لاسکتے ۔ حکمائے فارس کے دانش نامے ہرچند اس زمانے میں یک قلم نایاب ہیں ، لیکن چند رسائل مختصر کہ نامہ نگر کی نظر سے گزرے ، ان دانش مندان

خردور کی عظمت شان اور رفعت مکان پر شاہد عدل و گواہ صادق ہیں ۔

رسالہ ''خویش تاب'' نام میں کہ موبد ہوش کی تالیف اور ترجمہ ہے ، اس رسالے کا کہ حکیم بانع رس موبد صبح نفس زندہ ناگردان ساسان پنجم پیشتاب نے اثبات حضرت واجب‌الوجود میں خسرو پرویز کے امر سے مرتب کیا تھا ، ساسان پنجم کے اوصاف میں مرقوم ہے کہ ایک حکیم دانش ور نے دارالملک مصر سے ساسان پنجم کے مناظرے کے واسطے سفر کیا اور ساسان آباد میں کہ اس بانع خرد کا مفر اور اس نادرہ فن کا مستقر تھا وارد ہوا ۔ جس خانقاہ میں ساسان درس و تدریس کرتا تھا ، وہاں کے دربان کی بانوے خانہ ایک کنیز رکھتی تھی ۔ اتفاقاً وہ حکیم اس رات کو اسی کنیز کے شوہر کے پاس مہمان ہوا اور یہ نہ جانتا تھا کہ اس عورت کو ساسان سے کیا علاقہ ہے ۔ مادر کنیز نے اس حکیم سے پوچھا کہ تو کس شہر میں رہتا ہے اور اس دیار میں کس ارادے سے وارد ہوا ، چاہیے کہ انسان کو سفر خورد یعنی حرکات بدنی سے یہ غرض ہو کہ اس سیر و حرکت کے ذریعے سے سفر آخرت کا زاد راہ تحصیل کرے نہ زخارف دنیوی کہ وہ سراسر ناپائدار ہے اور اس کا تعلق حضرت مبداء تک پہنچنے سے مانع ہے۔ حکیم نے جو اس تقریر کو سنا ، متحیر ہوا اور اس کو ماہر علوم اور جامعۂ فہوم سمجھ کر یکا یک متحیر رہ‌لیا اور پوچھا کہ واجب کا فعل قدیم ہے، یا حادث ؟ عورت نے جواب دیا کہ حادث وہ ہے کہ زمانی ہو اور زمانہ فلک‌الافلاک کی حرکت کو کہتے ہیں ؛ جو کہ واجب اس سے برتر ہے تو چاہیے کہ واجب

قدیم ہو۔ حکیم نے پھر پوچھا کہ واجب تک بھی فنا راہ پاسکتی ہے؟ عورت نے کہا نہیں، کس واسطے کہ ممکنات موجود ہیں اور یہ بدون فاعل کے موجود نہیں ہو سکتے، کہ معلول بدون علت کے رہ نہیں سکتا،، حکیم نے اعتراض کیا کہ باپ بیٹے کی علت ہے اور باپ کے بعد بیٹا باقی رہتا ہے۔ عورت نے کہا کہ باپ بیٹے کے سبب کا جزو ہے، نہ علت، کس واسطے کہ اگر مادر سترون اور عقیمہ ہو، بیٹا باوجود باپ کے موجود نہیں ہوتا اور واجب الوجود علت تامہ ہے ممکنات کی، جیسے آفتاب علت ہے روز کی۔ حکیم نے[1] دل میں سوچا کہ جب ایک عورت فہم و ادراک میں یہ پایہ رکھتی ہے، ساسان سے مناظرہ کرنا میری حد سے زیادہ ہے: اور ساسان کی خدمت میں عقیدت واردات سے متوجہ اور اس سے بہرہ اندوز ہوا۔

اگرچہ یہ مقالات ایسے نہیں کہ ان سے ساسان پنجم کی منزلت کا استدلال کیا جاوے، لیکن مقصود یہ ہے کہ ساکنان ساسان آباد ساسان کے قرب و جوار سے فیض یاب ہوکر اس مرتبۂ بلند اور اس پایۂ ارجمند کو پہنچ گئے تھے، خاصان درگہ اور مخصوصان بارگہ کا تو کیا ذکر ہے؛ یہاں تک ترجمہ ہے اس کتاب دانش خطاب کا۔ اس قصۂ طویل کے کہنے سے راقم کی غرض یہ ہے کہ ایسے دانش پژوہان والا خرد کہ ان کی دانش و حکمت کا پایہ اقاصی واوانی کے نزدیک مسلم ہو، اس گروہ حکمت پژوہ کا سرسری و بے اصل حرف سرا ہونا محل تردد اور مقام توقف ہے اور اگر یہ کہیں کہ فی الواقع نہ مہ آباد عرصہ امکان میں موجود ہوا اور نہ مہ آبادی اور

۱- نول کشوری نسخے میں ” نے “ نہیں ہے۔

جی افرام وغیرہ کے توابع حلیۂ ہستی سے محلی ہوئے ان کا ذکر افسانۂ محض اور افترائے صرف ہے ، کیا عجب ہے کہ کسی مصلحت سے اس قدر حرف و حکایت موضوع ہوگئے اور ایسے طویل لاطایل قصے مصنوع تو یہ تاویل نہ تسلی افزا ہے اور نہ تسکین بخش ۔ مہ آباد اور سائر وخشوران آباد نام سے لے کر جی افرام وغیرہ تک ہر ایک سے حکمت مشائی و اشراک میں کتب مبسوطہ یادگار اور متداول ارباب شہر و دیار ہیں ۔ اگر وہ لوگ موجود اور ان کے کلام سے دفتر دفتر مملو اور وہ نسخے مدارس ارباب دانش میں فراہم نہ ہوتے ، متاخرین کی کتابیں ان مسائل سے کیوں کر مالا مال ہوتیں اور اقوال بے شمار ان کے صحائف میں کہاں سے منقول ہوتے ۔

تین رسالے راقم کے پاس ہیں ، ایک رسالہ ''خویش تاب'' کہ اس کا حال اول مذکور ہوا ۔ دوسرا ''زردست افشار'' داد بوبہ ابن ہوش آئین کا کہ ترجمہ اس رسالے کا حکیم ہوش کوئی شاگرد بے واسطہ ساسان دوم نے حکمت الہٰی میں ہرمز ابن نوشیروان کے امر سے تصنیف کیا اور خسرو پرویز نے براہین کشفیہ و نظریہ کی دریافت کے واسطے حکیم آذر کشسپ سے پڑھا ۔ تیسرا زندہ رود خوشی خویش کا کہ ترجمہ ہے اس رسالے کا کہ حکیم زندہ آزرم نے نفس ناطقہ کی معرفت میں خسرو پرویز کے عہد میں جمع کیا اور ''چشمۂ زندگی'' نام رکھا ۔ ان رسالوں کے مشاہدے سے معلوم ہوتا ہے کہ حکمائے فارس کے علم نے حکمت یونان کو آب خجالت میں غرق کر دیا ہے ، نہ افلاطون کو ان کے سامنے یارائے زبان درازی

نہ ارسطو کو اُن کے روبرو مجال سخن طرازی ۔ ان رسالوں میں انھیں دانش کیشان قرون دور و دراز کے اقوال بے حد و شمار منقول اور رہبر فہم و ادراک اور قائد نفوس و عقول ہیں ۔ اور اگر یہ کہا جاوے کہ البتہ وہ لوگ بھی بزم وجود میں جلوہ طراز ہوئے اور اُن کی کتابیں بھی مجالس اہل ہوش میں موجود ، لیکن درازیٔ مدت اور طول زمانہ سخن سازی محض اور افسانہ طرازی صرف ہے تو پیش گہ خیال میں یہ صورت جلوہ گر ہوتی ہے کہ قطع نظر اس سے کہ حکمت طرازان صاحب وقار نے زبان حقایق بیان کو ناحق و نا روا ایسے سخن بے صرفہ[1] سے آشنا کیا کہ عاقل وابن ہنق کو بھی اُس کے قبول میں توقف کے سوا کچھ متصور نہ ہو ۔ دقیقہ سنجان بالغ رس کو کہ دعویٔ بے دلیل کو صحیفۂ قبول میں بار نہیں دینے کون سی ضرورت دامن گیر ہوئی کہ ایسے امور سرسری کو بے توقف و تردد مان لیا اور بے چون و چرا مسلم رکھا ۔ اب تک کوئی حجت مقبول اور دلیل معقول بہم نہ پہنچی کہ سائل کی تسلی کے موجب اور مجیب کی تحقیق پر دال ہو ۔ نہ انکار اس وادی میں پیش جاتا ہے اور نہ اقرار اس بزم میں بار پاتا ہے ، طرفہ تماشا ہے :

زنی بہ تیغم و فریاد از شریعت عشق
کہ آرمیدن کفر است و اضطراب گناہ

سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم

جنگ ہفتاد و دو ملت ہمہ را عذر بنہ
چوں نہ دیدند حقیقت رہ افسانہ زدند

مصنف ''نفائس الفنون'' نے ''تاریخ'' خطائی سے نقل کیا کہ

---

[1] - نسخہ نول کشور میں ''صفہ'' ہے ۔

عہد آدم سے سات سو پینتیس ہجری تک آٹھ سو ترسٹھ دن اور نو ہزار آٹھ سو برس منقضی ہوئے ہیں اور دس ہزار برس کو دن کہتے ہیں اور حساب متعارف کے موافق وہ سب دن اور اعداد باقی چھیاسی لاکھ اور انتالیس ہزار آٹھ سو برس ہوتے ہیں۔ بعض اجلہ کرام اور اکابرعظام کا قول اسی منظر سے جلوہ نما اور اسی پردے سے چہرہ کشا ہے۔ امام ناطق بہ حق جعفر صادق سے منقول ہے کہ حضرت ابوابشر علی نبیناوعلیہ الصوۃ والسلام سے پہلے عرصۂعالم میں کئی ہزار آدم نے خرام کیا ہے اور شیخ ابن عربی نے کہ کبار اولیا و عظام ارباب صفا سے ہے لکھا ہے کہ کچھ دور نہیں کہ ہفتہ ربانی ، یعنی سات ہزار برس کے بعد کہ عبارت ہے سیارات سبعہ کی مدت سلطنت سے ، ایک آدم کی نسل منقطع ہو جاوے اور دوسرا آدم عرصۂ وجود میں جلوہ فرماوے۔

شیخ موصوف اور شیخ سعدالدین حمویہ کی تصانیف سے منقول ہے کہ روز ربانی ہزار برس کا ہوتا ہے اور روز الٰہی پچاس ہزار برس کا ، لیکن نہ انقطاع نسل کی کیفیت مذکور ہے اور نہ دوسرے آدم کی توالدی یا تولدی ہونے کا حال مسطور۔ لیکن ممکن ہے کہ کبھی اسباب سماوی سے طوفان حادث ہو اور وہ زمینیں کہ عمارت کی صلاحیت رکھتی ہیں اور حیوانات متنفسہ کی مسکن ہو سکتی ہیں ، فاطبۃً پانی میں غرق ہو جائیں اور ایک متنفس باقی نہ رہے ؛ پس سلسلہ توالد اور تناسل کا منقطع ہو جائے گا۔ اور جو کہ مصلحت تقدیر ایجاد و تکوین میں داعی اور حدوث ابدان او تعلق ارواح میں ساعی ہے ، حفظ نوع کے واسطے

اب انسان تولد ہے حادث ہوں گے نہ توالد سے اور نوع بشر کی اس طرح سے موجود ہونے کی امتناع پر کوئی برہان نہیں ہے بلکہ اکثر حیوان کا تولد معاینہ ہے؛ مثلاً موے آدمی سے مار، اور انجیر سے عقرب، اورکاوخ سے موش، اور باران سے غوک۔ اور اس بات سے کہ مدت مدید سے آج تک حدوث انسان اس وضع پر وقوع میں نہیں آیا، لازم نہیں آتا کہ مطلقاً نہ ہو؛ اس واسطے کہ شاید یہ امر کسی ایسی وضع معین پر موقوف ہو کہ اس کا تکرر سال ہاے دراز میں صورت پزیر ہو، اور کیا عجب ہے کہ عالم میں ایسے حوادث مدت دراز کے بعد کئی دفعہ ظہور میں آئے ہوں، بلکہ جو توالد اور تناسل حرکات ارادیہ پر موقوف ہے اور حرکات ارادی ضروری نہیں، پس حفظ نوع کے واسطے انسان تولدی کا قائل ہونا ضرور ہوا۔

یہ مطلب حاصل ہے شیخ الرئیس بوعلی سینا کے قول کا کہ مصنف ''اخلاق جلالی'' نے ''شفا'' سے نقل کیا ہے۔ اس صورت میں کیا عجب ہے کہ ان حوادث سے یک لخت ایک سلسہ منقطع ہو کر انسان تولدی سلسلہ آخری کا مبداء مقرر ہو جاوے۔ یہ تقریر تعدد آدم اور مدت متطاولہ میں اس سلسلے کے منقطع ہونے کی توجیہ ہے، اور انقطاع نسل کی کیفیت اور آدم کی تولدی ہونے کے تئیں سلسلہ اس کلام دور دراز کا دال ہے، صرف اشرف مخلوقات عالم امکان یعنی انسان بلند مکان کے کون وفساد پر، نہ اول مخلوقات، اور واسطہ اولی خالق و مخلوق کی ایجاد پر۔ پس دانش‌اندوزان ایران دیار خردمندان یونان زمیں سے اتفاق رکھتے ہیں کہ کار پرداز مصالح کائنات نے

بے واسطہ عقل اول کو موجود کیا اور اس کے توسط سے دوائر افلاک سے لے کر مرکز خاک تک لوح وجود پر مرتسم ہوا اور تکوین و ایجاد کا سامان منتظم۔ جو کہ اس مبحث کا آغاز گرم نفسان آتش کدہ فارس کے اعتقاد پر مبنی ہے، اس مقصد کے دلائل اور براہین بھی انھیں کی کتب سے منقول ہوں تو اقتضاے مقام سے انسب اور تقاضاے محل کے اقرب ہے۔ ''ناگزیر زردست افشار'' سے کہ عقول عشرہ کی بحث میں رسالۂ عجیب اور عجالۂ غریب ہے، دو چار سطر صفحہ بیان پر مرقوم ہوتی ہیں۔

بادان ابن شہنشہ فلک جاہ جمشید خورشید کلاہ نے اپنی تصانیف میں لکھا ہے کہ واجب تعالی ایسا واحد ہے کہ اس میں اصلاً تکثر کو راہ نہیں؛ نہ ذاتاً نہ صفاتاً۔ ذاتاً اس واسطے کہ تکثر عبارت ہے ترکیب سے، ترکیب کا مستلزم احتیاج ہونا عیاں ہے اور ذات میں احتیاج کا ہونا مستلزم امکان۔ اور صفاتا اس واسطے کہ اگر اس کے واسطے کوئی صفت ہو تو جو کہ حضرت واجب الوجود کل اشیاء کا فاعل ہے اپنی صفت کا فاعل بھی چاہیے وہی ہو اور موصوف اپنی صفت کا قابل اور منفعل ہوتا ہے؛ پس واجب بھی صفت کا قابل اور منفعل ہوا۔ اس صورت میں وہی فاعل صفت کا ہوا اور وہی منفعل اور یہ ممکن نہیں کہ جو چیز فاعل ہو وہی چیز منفعل بھی ہو۔ فاعلیت کی حیثیت سے مفعول کو مستلزم ہے اور قابلیت کی حیثیت سے مستلزم نہیں اور یہ محال ہے کہ ایک چیز کسی شے کو مستلزم ہو اور وہی مستلزم نہ ہو۔

پس اس دلیل سے معلوم ہوا کہ حضرت آفرید گار تقدس

و تعالیٰ واحد حقیقی ہے اور اُس میں کسی طرح سے ''نہ
بیشی اور[۱]'' نہ کثر کو بار ہے اور نہ کثرت اور تعدد کو
گزار - جی افرام لکھتا ہے کہ نورالانوار یعنی حضرت آفریدگر
سے سوائے نور کے جوھر ظلمانی یا ھیئت ظلمانی یعنی عرض حاصل
نہیں ھو سکتا ، اور اگر ظلمت کا حصول ممکن ھو تو جو کہ
نور کا اقتضا اور ہے اور ظلمت کا اور ، چاھیے ان دونوں
اقتضائے مختلف کے واسطے اُس ذات مقدس میں دو جہت ھوں ،
اور اس صورت میں لازم آوے گا کہ نور الا نوار موجب نور
اور موجب ظلمت سے مرکب ھو اور یہ محال ہے ، کیوں کہ
وہ بسیط حقیقی ہے اور اُس کی ترکیب کسی طرح سے صورت پزیر
نہیں - پس نورالانوار سے حصول ظلمت کا بلا واسطہ
ممکن نہ ھوگا - اس کی تقریر اور طرح سے یہ ہے کہ نور اپنے
نور ھونے کی حیثیت سے غیر نور کا اقتضا نہیں کرتا اور اگر
کرے تو چاھیے کہ دونوں کے اقتضا کی جہت علاحدہ ھو ،
کیوں کہ جب تک جہت اقتضا کی مختلف نہ ھو گی ، اقتضا کا
اختلاف محال ہے - اور جب اُس نے غیر نور کا اقتضا کیا تو
لازم آیا کہ اُس میں دو جہت ھوں ؛ اور جو کہ بسیط ہے
دو جہتیں ھونا بھی اس کا محال ہے - یہ برھان دو چیز کے
استحالے میں کافی ہے ، خواہ دونوں نور ھوں ، خواہ دونوں ظلمت ،
خواہ ایک نور ھو اور ایک ظلمت - بادان خرد ور دانش پرور
کہتا ہے کہ اول واجب تعالیٰ سے عقل پیدا ھوئی ، کیوں
کہ ثابت ھوچکا ہے کہ واجب الوجود واحد حقیقی ہے اور
اُس سے ایک چیز کے سوا صادر نہیں ھو سکتا - اگر ایک سے
زیادہ صادر ھو تو اس کی ذات میں تکثر لازم آوے -

۱ - نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ ھ میں ''بہ بیشی اور تکثر'' ہے -

پس حضرت واجب الوجود سے جو اول خلعت وجود سے مشرف ہوگا ، ایک جوہر ہوگا مادے سے مجرد یعنی عقل صرف ، فارسی میں اس کو خرد ناب اور ہوش تنہا کہتے ہیں اور یہ بات اپنے محل میں مذکور ہوچکی ہے کہ مقولے دس ہیں نو عرض ہیں اور ایک جوہر اور یہ ہو نہیں سکتا کہ موجود اول عرض ہو، کس واسطے کہ عرض کا وجود جوہر سے بعد ہوتا ہے؛ پس محال ہے کہ جوہر سے پہلے موجود ہو اور یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ وہ جوہر کہ اول موجود ہوا غیر عقل ہو کیوں کہ جوہر پانچ چیزیں ہیں : مادہ اور صورت اور جسم اور نفس اور عقل ۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ جوہر مادہ ہو یا صورت ، اس واسطے کہ نہ مادہ بدون صورت کے موجود ہوتا ہے اور نہ صورت بغیر مادے کے اور جسم بھی نہیں ہوسکتا ہے ، اس واسطے کہ جسم مرکب ہوتا ہے اور مرکب کا صدور واحد حقیقی سے محال ہے اور نفس بھی نہیں ہوسکتا کیوں کہ وجود نفس کا جسم سے پہلے ممکن نہیں ۔ جب یہ چاروں چیزیں نہ ہوئیں تو ناگزیر وہ جوہر کہ موجود اول اور صادر نخست ہے ، عقل ہی ہوگی اور حکیم جاماسدان ابن یادان نے اس مطلب کی تحقیق میں تقریر دور و دراز کی ہے کہ یہ مختصر اس کی گنجائش کے سزاوار نہیں ، لیکن بعد طول کلام کے لکھتا ہے کہ اس تقریر سے ثابت ہوا کہ معلول اول ایسا ممکن موجود ہے کہ نہ جسم ہے نہ جسم کا جزء اور نہ وجود اور تاثیر میں جسم یا جسمانی کا محتاج ہے اور یہ نہیں ہے مگر عقل ۔

ایک اور محل میں مرقوم کیا ہے کہ جب ثابت ہوا کہ مبداء اول حضرت واجب جل قدرتہ سے پہلے پہل عقل اول صادر ہوئی ۔

پس اب سنا چاہیے کہ عقل اول میں تین جہت موجود ہوئیں ۔ اول وجود نفسی ۔ دوم وجوب بالغیر ، سوم امکان ذاتی ۔ بہ اعتبار وجود نفسی کے کہ کمال شرافت سے مشرف ہے ، عقل ثانی کو موجود کیا کہ وہ بھی بہ اعتبار ذات اور صفات کے مادے کی احتیاج کے نقص و عیب سے پاک ہے اور وجوب بالغیر ہرچند اس اعتبار سے کہ غیر کے سبب سے ہے ، قدرے خساست سے خالی نہیں ، لیکن جو کہ بہ سبب وجوب کے جوہر شرافت رکھتا ہے ، اس کے وسیلے سے فلک الافلاک کا نفس موجود کیا کہ وہ بھی اگرچہ بہ سبب اس کے کہ کمال اور وجود کے حصول میں مادے کا محتاج ہے ، نوعی خساست رکھتا ہے ، لیکن جو کہ بذاتہ مادے کا محتاج نہیں ہے ، صاحب شرافت ہے اور امکان ذاتی کی وساطت سے کہ صفات فرومایہ کا منبع اور حاجات خسیسہ کا چشمہ ہے ، اسی آسمان کا جسم آمادہ کیا کہ وہ ذات اور صفات میں مادۂ ہیولانی[1] کا محتاج ہے ۔ اسی طرح ان تینوں جہت کے اعتبار سے ایک ایک عقل اور نفس اور تن آسمانی مہیا کیا ۔ عقل دہم کہ آسمان اخیر سے فراتر ہے ، عناصر بسیطہ کو صورتیں اور اعراض اور صفات مختلفہ کا اضافہ کرتی ہے ، کیوں کہ اس میں حرکات افلاک اور اتصالات کواکب اور اختروں کے اوضاع سے بہت استعدادیں حاصل ہوئی ہیں اور اس افاضے کے اعتبار سے اس کو عقل فعل کہتے ہیں ۔ بادان ایک مقام میں لکھتا ہے کہ عقل میں دو جہت ہیں : وجوب اور امکان ؛ اس کے وجوب سے عقل موجود ہوئی اور امکان سے آسمان ۔ اسی طرح سلسلہ ایجاد کا آسمان اخیر اور عقل فعال تک منتہی ہوا ۔

اس تقریر سے واضح ہوتا ہے کہ عقول دس ہیں

۱- نول کشوری نسخے میں ہیولاتی ہے ۔

اور آسمان نو ، لیکن حکیم وارستہ از قیود سیمرغ کے کلام سے عقول اور افلاک کی کثرت مفہوم ہوتی ہے ۔ پوشیدہ نہ رہے کہ یہ شخص حکیم کامل اور مرتاض بے عدیل تھا ۔ بس کہ ترک علائق اور افنائے نفس میں اقران و امثال سے سبقت رکھتا اور جہان و جہانیاں سے دوری ، اس مناسبت سے سیمرغ عنقا کے ساتھ ملقب ہو گیا ۔ دستان ابن سام یعنی زال سیمرغ زاد اس واسطے کہتے ہیں کہ جب سام نے اس کو بعد متولد ہونے کے شعاب جبال میں پھینک دیا ، یہ حکیم اس کے حال سے مطلع ہو کر تربیت میں سرگرم ہوا اور اس کی قامت استعداد کو حلیۂ علم و دانش سے آراستہ کیا ۔ یہ حکیم دانش پژوہ کہتا ہے کہ جب میں نے تن عنصری کو اپنے اختیار سے چھوڑا اور عالم علوی کو چشم بصیرت سے دیکھا تو یہ معلوم ہوا کہ عقل اول اور عقل دوم کے بیچ میں بہت سی عقلیں ہیں اور فلک الافلاک اور فلک ہشتم کے بیچ میں بہت سے آسمان ، کواکب ثابتہ کے واسطے علیحدہ علیحدہ آسمان ہیں اور کہتا ہے کہ میں نے جان کی آنکھ سے دیکھا کہ ان کی حرکت فلک ہشتم کی حرکت کے برابر ہے ۔

ساسان پنجم کی تقریر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ عقول جو حد حصروشمار سے خارج ہیں اور ہیں ، نہ وہ عقول کہ سیمرغ کے کلام سے معلوم ہوئیں ۔ وہ تقریر یہ ہے کہ جو چیز نہ جسم ہے ، نہ جسمانی ، دو قسم ہے : ایک وہ کہ اجسام سے تعلق رکھتی ہے ، یعنی نفس اور دوسری وہ کہ اجسام سے تعلق نہیں رکھتی ، یعنی عقل اور انواع کی تربیت عقل سے متعلق ہے ۔ پس عقل دو قسم ہوئی ؛ ایک وہ

جس کا سلسلہ اول مذکور اور عقول عشرہ کے نام سے مشہور ہے ، اور دوسری یہ عقول کہ مربی انواع ہے - اس حساب سے عقول کی تعداد دائرۂ حصر سے خارج ہوئی - اے سخن سرا ! جولان طبیعت کو جلوہ ریز اور شب دیز قلم کو مہمیز نہ کر کہ اس گفتگوئے وحشت افزا اور دعاوئ محال سیما سے آسودہ خاطروں کو اضطراب عجیب اور آرمیدہ دلوں کو توحش غریب بہم پہنچتا ہے - ان اقاویل دشوار نما کو محفل قبول میں کیا بار اور ان حکایات دور و دراز کو بارگاہ اجازت میں کیا گزار - انھیں باتوں کا ذکر کر جن سے اہل روزگار کی طبع مالوف ہے ، اور اسی حرف کو زبان پر لا جس کی طرف احباب کی توجہ معطوف ہے - گو کہ جیسا یہ خیال میں نہیں آتا کہ سلسلہ توالد کا ایسا طویل ہو کہ رسائی فکر اور بلوغ ادراک اس کے تصور کی راہ میں نقش قدم کی طرح نیم گام نہ اٹھا سکے - یہ بھی باور نہیں ہوتا کہ یہ سررشتہ ایسا کوتاہ ہو کہ پیر گردون کے خرقے کی ایک دوخت اور ادوار فلک کی کتاب کے نیم شیرازہ میں کفایت نہ کرے - کران سے کران تک روئے زمین کا آدمیوں سے مالا مال اور قاف سے قاف تک سطح خاک کا انسانوں سے مملو ہونا ، حرفہ ہائے غیر متناہی کا حدوث اور علوم بے شمار کا ایجاد اور پھر ہر حرفے میں فروغ بے حد حساب کا اختراع اور ہر علم میں دقائق نا محصور کا ابداع اس زمانۂ قصیر میں کیوں کر متصور ہے -

ہیہات ہیہات یہ کیا گفتگوے جنون انگیز اور تقریر ہذیان آمیز ہے - اسلام کا دعوی اور الحاد و زندقہ کی گفتگو ، دین داری کا لاف اور گبر و مجوس کے معتقدات کی جستجو -

جب ایک ''حرف'' کن سے عرش و فرش مہیا ہو سکتے ہوں ، ان مہرۂ چند کا بساط زمین پر منتشر اور ان منصوبۂ چند کا حریفان تیز فکر کی خاطر میں القا کرنا ، اس امتداد مدت میں جس کو ہم پست فطرتان کوتاہ دست اس قدر کارو بار کے ساز و سر انجام کے واسطے کافی نہیں سمجھتے، کیا دشوار ہے ۔ بساط زمین فراخ اور شرق تا غرب ہر گل زمین میں احاد ناس کے کثرت حصر و شمار سے افزوں، نفس ناطقہ ادراک کلی و جزی میں سرگرم ، کار پردازان حواس اپنے اپنے کام میں مستعد ، جلب منفعت اور دفع مضرت میں قوائے شہوی و غضبی کے منہمک ہونے سے احتیاج ہر طرح کے امور کی شدید ؛ نیک و بد کی تمیز مصاحب دایمی ، مصالح کار کا وفور بے حد اسباب تجربہ بے حساب ، اختراع صنایع اور ایجاد بدایع کا شوق برسر دست ، ذخابر درہم و دینار معین اور دریا دلی با دوستی صرف اموال میں محرک ۔ شگفت کیا ہے کہ ہر ہر مقام میں اس قدر غرائب پیدا اور اتنے عجاب[1] ہویدا ہوگئے ۔ خصوص کہ طوائف امم میں سے ہر فرقہ ایک ایک امر خاص کی مناسبت کے ساتھ اس طرح سے مجبول ہے کہ اس کے نزدیک اس کے سوا جو چیز ہے ، نا مقبول اور اس کے غیر کی طرف التفات غیر معقول ہے ۔

ہر یکے را بہر کارے ساختند
میل آں اندر دلش انداختند

اب مبداء آفرینش کا حال جس طرح سے مورخین اسلام نے کتب سیر میں ضبط اور طبائع خاص و عام نے زیور قبول سے موشح کیا ہے ، لوح اظہار پر مرتسم ہوتا ہے ۔ مشتاقان سوانح قدیم و جدید پر واضح ہو کہ احادث نبوی

۱- نسخۂ نول کشور میں عجائب ہے ۔

علی قائلہ افضل الصلوۃ و اکمل التحیات سے اول مخلوقات سے تعین میں مختلف اقوال دریافت ہوتے ہیں۔ کہیں ''اول ماخلق اللہ نوری'' واقع ہے یعنی جو چیز کہ خدائے عزوجل نے پہلے مخلوق کی ہے ، وہ میرا نور ہے ۔ منقول ہے کہ جابر انصاری رضی اللہ عنہ نے کہ فضل و دانش میں اقران و امثال سے ممتاز اور قبول اسلام سے پہلے علماء یہود و نصاریٰ سے مبداء آفرینش میں اقاویل متباینہ سن کر تسلیٔ خاطر کے واسطے ہداۃ سبل کے طالب تھے ، اسلام سے مشرف ہو کر جناب افصح العرب و العجم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اے چاشنی گیر موائد علم لدنی ! صانع قدیر نے سب سے اول کس چیز کو پیدا کیا ؟ نعمت جواب سے کام یاب ہوئے کہ اے جابر! تیرے پیغمبر کے نور کو ، اور کسی حدیث میں نور کی جگہ قلم اور کسی میں لوح اور کہیں روح کا لفظ وارد ہے ۔ اگرچہ اختلاف روایت اس تعین میں خلل انداز ہے لیکن تحقیق کے بعد معلوم ہوا کہ یہ اختلاف تعدد اسما کے قبیل سے ہے ، نہ تعدد مسمی کے اور اسما کے تعدد سے مسمی متعدد نہیں ہو جاتا ۔ یہ سب اسم ہیں ایک ہی ذات کے اور لقب ہیں ایک ہی حمیدہ صفات کے"۔

جب یہ معلوم ہو چکا تو اب سنا چاہیے کہ حضرت مبداء جلت اسماؤہ نے نور محمدی پر کہ اس کو جوہر بیضا کہتے ہیں ، صفات جلالی و جمالی کے ساتھ تجلی کی اور ان دونوں صفات کے اثر سے وہ نور دو قسم ہوگیا ۔ ایک سے تو نہایت لطافت و صفا اور روشنی و ضیا نقاب کشا تھی اور دوسری سے اس کی نسبت کچھ کمی کے ساتھ جلوہ نما ۔ اول نور کے لقب سے مشہور ہوا اور دوسرا نار کے نام سے مذکور ۔

نور سے اشخاص شریفۂ علویـہ اور کواکب اور آسمان اور ارواح انبیاء و اولیاء اور اصحاب یمین کی آفرینش وقوع میں آئی، اور نار سے جن اور اجناس سفلیہ اور اصحاب شمال کی ارواح نے امتیاز پائی ۔ اس تقریر سے واضح ہوا کـہ نور حضرت شریعت پناہ خالق و مخلوق میں واسطہ اور ماسوائے اللہ کے آفرینش کے علت ہے ۔ نہ افلاکیوں کا وجود اُس کے فیض کے بغیر جلوہ‌گر اور نہ خاکیوں کا ظہور اُس کے وسیلے کے بدون میسر ۔ فرشتے کـو اُس کے جمال کی شمع سے نور اور پری کو اُسی کی آتش جلال سے گرمئی ہنگامـۂ ظہور ۔ محققین اُس نور پاک اور مصداق ''لولاک لماخلقت‌الافلاک'' کو موجود منبسط مطلق کہتے ہیں کـہ اُس کا انبساط اور اطلاق اعم ہے ؛ نہ اس کو کسی نوع خـاص کے سـاتھ اختصاص ہے اور نـہ وہ ایک جنس کے سـاتھ خاص ۔ بلکہ عام ہے کـہ ہر شے اُس کے افاضہ سے کام‌ران اور ہر ذایقہ اس کی نعمت سے لذت ستان ۔ نہ کسی حد معین میں منحصر اور نـہ کسی صفت خـاص میں منضبط ۔ حـادث کے ساتھ حادث ہے اور قدیم کے ساتھ صاحب قدم ۔ مجرد کے ساتھ مجرد ہے اور مجسم کے ساتھ مجسم ۔ جوہر کی مصاحبت میں جوہر ہے اور عرض کے پردے میں عرض کے نام سے جلوہ‌گر ۔ احدیت اور واحدیت میں واسطۂ اولیٰ ہے اور واجب اور ممکن میں برزخ کبریٰ ۔ بہ اعتبار اصـل کے احـدیت اور وجـوب کے ساتھ معروف ہے اور بـہ اعتبار فیود کے واحـدیـت اور امکان سے مـوصوف ۔ عرفی شیرازی نے اسی مطلب عظمیٰ کی طرف اشارہ کیا ہے :

تا مجمع امـکان و وجـوبت نـہ نـوشتند
ـ۔ رد متعین نشـد اطلاق اعـم را

جب مخلوق اول متعین ہوگیا اور واسطۂ اولیٰ اور برزخ کبریٰ مبین ، تو اب چاہیے کہ اس خوان فیض کے ریزہ خوار اور اس مائدۂ احسان کے زلہ بردار ، یعنی واردان مہمان سرائے روزگار کہ اس علت کے معاول اور اس سبب کے مسبب ہیں، بزم بیان میں حاضر اور فل ذکر میں باریاب ہوں ۔ لیکن مقصود اصلی راقم حروف کا یہ ہے کہ شائستہ خلافت دارالخلافۂ عالم ابوالبشر آدم علیہ‌السلام کے خلقت کی کیفیت مبین کرے اور ظہور انسان کی مدت کر متعین ، لیکن یہ مطلب ایک تمہید کا خواستگر ہے اور اس مدعا کو ایک توطیہ سے ناچار ۔

بر انگیزم حدیث از ہر کرانہ
کہ آرم حرف او را درمیانہ

پوشیدہ نہ رہے کہ حضرت آفریدگار تعالیٰ شانہ نے جزو ناری سے ایک روشن گوہر کو فروغ حیات سے منور فرما کر مثل شمع بزم ہستی میں جلوگر کیا ۔ ابن عباس رضی‌اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اسم اس کا 'سوما' اور لقب 'جان' ہے اور اسفار آدم میں مسطور ہے کہ اس کا نام طارنوس تھا ۔ بہر کیف جو کہ جن اس کی اولاد ہیں ، ابوالجان کے کے لقب سے مشہور ہے ، جیسے کہ آدم ابوالبشر کے نام سے مذکور ۔ طارنوس عطاے شریعت سے ممتاز ہوا اور منصب حکومت سے سرفراز ۔ اس کی اولاد ثوابت کے تین دور تک کبھی اطاعت الٰہی کے صلے میں رحمت سے کام یاب اور کبھی نافرمانی کے مکافات میں مورد عتاب[1] ۔ ظاہرا دور ثوابت عبارت ہے فلک‌الثوابت کے دور سے کہ ستر برس

۱- نول کشوری نسخے میں ''عقاب'' ہے۔

میں ایک درجہ طے کرتا ہے اور جو کہ درجات فلکی تین سو ساٹھ ہوتے ہیں تمام دور کی مدت پچیس ہزار دو سو اور تین دور پچھتر ہزار چھ سو برس ہوئے۔ دور ثانی میں بیلنا حاکم نامور تھا اور دور ثالث میں مارنوس بذنداء داد و گستر اور ہر ایک شریعت جدید سے نامی اور منصب امر و نہی سے گرامی - تیسرے دور کے بعد آسی عصیان کے مکافات میں منتقم حقیقی نے ملائک کو آن پر مسلط کیا : اکثر قتل ہوئے اور کچھ کچھ فرمان پذیر ، بعضے جزائر وصحرا میں فرار ہوگئے اور بعضے اسیر ۔

اتفاقاً ابلیس انھیں اسیروں کے سلسلے میں گرفتار تھا اور ثمرۂ رشد و تمیز سے تازہ برخوردار ۔ ملائک کے ہمراہ صعود آسمان سے سر بلند ہوا اور آسی زمرۂ قدسی میں نشو و نما پا کر تقرب آلٰہی سے ارجمند ، آخر الامر معلم الملکوت ہوگیا اور علم و دانش میں مسلم الثبوت ۔ تکلم اللطائف میں لکھا ہے کہ عرش کے نیچے منبر یاقوت پر بیٹھ کر مجلس وعظ گرم کرتا اور نور کا ایک علم¹ آس کے سر پر نصب ہوتا ۔ جب زمین پر قوم بنی جان میں کفر و عصیان نے ظہور پایا اور ظلم و تعدی نے وفور ، جناب صمدیت سے راہ رخصت اور فوج فرشتگان ہمراہ لے کر وارد ہوا اور دفعات چند میں ارباب استقلال کو مقہور اور اور اہل تمرد کو زیرو زبر کیا ۔ بس کہ کمالات علمی و عملی میں ممتاز تھا اور اب امور سلطنت میں استقلال دیکھا ، دود نخوت دماغ میں متصاعد ہوا اور بخار تکبر صاعد ۔ آپ کو مستحق خلافت سمجھ کر بہ مقرر کیا کہ اگر

۱- نسخہ مطبوعہ نول کشور میں یہ لفظ "حلم" ہے۔

امر سلطنت اور کی طرف منتقل ہو، میں اس کی اطاعت نہ کروں۔ لیکن اب تک ملائک سے وہی ارتباط تھا اور فرشتوں سے وہی اختلاط۔ کبھی آسمان پر جاتا اور کبھی زمین پر چلا آتا، تا بہ حدے کہ ظہور خلافت آدم منصۂ مشیت میں جلوہ گر ہوا اور طنطنہ کوس ''انی جاعل فی الارض خلیفہ'' سے گوش حاسد کر۔ نخوت شیطانی نے بغی و عناد کو سینۂ ابلیس میں مشتعل کردیا اور اثر صحبت و تاثیر اختلاط نے اتنا کام کیا کہ حرف ''اتجعل فیہا من یفسد فیہا'' زبان ملائک سے آشنا ہوا اور ''نحن و نسبح مسبحان ملاء اعلیٰ'' کے استحقاق کے اظہار میں بلند صدا۔ لیکن جواب ''انی اعلم'' سے سعادت ذاتی جوش میں آئی اور عروس اہلیت آغوش میں۔ حرف دعویٰ سکوت سے ہم آغوش ہوا اور نازونیاز سے ہم دوش۔ جبرائیل و میکائیل، نوبت بہ نوبت مامور ہوئے کہ ایک قبضۂ خاک بساط زمین سے فراہم کریں تا کہ اس مادۂ ظلمت سے پیکر نورانی مہیا ہو کر تاج خلافت سے سرفراز اور خلعت سلطانی سے ممتاز ہو، لیکن زمین نے آپ کو اس منزلت عالی کے سزاوار نہ پا کر امتناع کیا اور حضرت خالق الکائنات کی عظمت و جلال کی سوگند سے متوسل ہو کر مقصود سے کام یاب نہ ہونے دیا۔

آخرالامر عزرائیل نے تمام روے زمین سے اجزاے مختلف الالوان کو فراہم کر کے مکہ و طائف کے درمیان رکھ دیا اور سال ہا سال رحمت الٰہی کا باران اس مشت خاک پر برسا۔ دست قدرت آفریدگر نے اس کا خمیر طیار[۱]

۱- نسخہ مطبع مرتضوی دہلی ۱۲۷۱ھ میں، اس جگہ اور آئندہ ہر ایک جگہ 'طیار' لکھا ہے۔

کیا اور حکمت بالغہ کا اظہار ۔ کس قدر اسرار قدرت اُس لعبت بوالعجب میں ودیعت رکھے اور کیا کچھ عجائب صنعت اُس پیکر غریب میں امانت ۔ کتب تواریخ سے ثابت ہے کہ تخمیر اس خاک تیرہ رنگ اور صقالت اُس آئینہ سراسر زنگ کی چالیس برس میں اتمام کو پہنچی اور جمعیت اُن اجزاے پریشان کی انتظام کو ۔ جس قدر روح لطیف کو جسم کثیف میں نفوذ ہوتا تھا ، رگ و ریشہ ظہور میں آتے تھے اور شرائین و اعصاب رنگ پکڑتے جاتے تھے ۔

منجمین کہتے ہیں کہ جب روح آدم قالب خاکی میں داخل ہوئی ، جمعے کا دن اور محرم کا عاشورہ تھا ۔ برج جدی کا درجۂ اول اُس وقت افق شرقی کے برابر تھا اور اُس درجے میں زحل اور حوت میں مشتری اور حمل میں مریخ اور اسد میں قمر جلوہ‌گر اور بعضے کہتے ہیں کہ اُس وقت سواے عطارد کے سب کواکب بیت الشرف میں فراہم تھے اور سعادات فلکی کے اسباب منتظم۔ سرفرازان عالم‌الملکوت نے جب اس مشت خاک میں اور ہی عظمت و جلال دیکھا ، باہم تذکرہ کیا کہ ہر چند بہانہ جوئی لطف کریم نے خاکیٔ ضعیف کو مسند امتیاز پر متمکن کیا ، لیکن علم و فضل میں ہم بالاتر ہیں اور دانش و معرفت میں ہم والاتر ۔ عَلّامُ‌الغُیُوب نے دلبستان مکرمت میں حضرت خلافت مرتبت کو گنجینۂ اسما پر متصرف اور وقوف اسرار سے متصف فرما کر آدم و ملائک کو امتحان گاہ میں حاضر کیا ۔ سواد خواندن لوح محفوظ کی زبان پر ''لَاعِلْمَ لَنَا'' کے سوا کچھ نہ آیا اور وہ ابجد خوان مکتب اسرار خدمت بجا لایا :

سب پہ جس بار نے گرانی کی
اس کو میں ناتواں اٹھا لایا

تعلیم اسما کی تحقیق میں محققان تحریر کو اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ واقف اسرار نے اشیاے عالم کے نام سے اس برگزیدۂ مکونات کو آگاہ کیا اور بعض لکھتے ہیں کہ لغات مختلفہ پر اس کو صاحب انتباہ کیا۔ کوئی اسماء سے صحف منزلہ اور امور مقدرہ کی معرفت مراد رکھتا ہے اور احوال مستقبلہ واقفیت۔ کسی کے نزدیک خواص اشیاء مراد ہیں اور کسی کے عندیے میں ملائک کے اسما۔ ''والعلم عنداللہالحکیم و ہو علی کل شئی علیم'' ۔ اس وقت حکیم علی الاطلاق کی حکمت بالغہ نے اقتضا کیا کہ مقربان بارگاہ صمدیّت اس مجمع مکرم انسی و ملکی کو سجدہ کریں۔ روشنان قدسی نہاد تو انقیاد بجا لائے لیکن نخوت ذاتی ابلیس کی عناں گیر ہوئی اور شرارت جبلی ہم صفیر کہ آتشی و خاکی کے نہاد کا کیا مقتضا ہے اور ''خلقتنی من نار و خلقتہ من طین'' کا کیا مدعا۔ آخر ابا اور استکبار سے خوار ہوا اور طوق لعنت سے گراں بار ، سچ ہے :

درختے کہ تلخ است آں را سرشت
گرش برنشانی بہ باغ بہشت

ور از جوے خلدش بہ ہنگام آب
بہ بیخ انگبیں ریزی و شہد ناب

سرانجام گوہر بکار آورد
ہماں میوۂ تلخ بار آورد

اس قدسی سرشت کی سکونت بہشت میں مقرر ہوئی اور اُس عشرت کدۂ غریب میں آرام گہ میسر لیکن مصلحت الٰہی نے وقت خواب آدم کے پہلوے چپ سے حوّا کو پیدا کیا اور حیلۂ وحشت زداے ہویدا ۔ آخر اُس مستورۂ ناعاقت اندیش نے اغواے ابلیس سے شجرۂ ممنوعہ کی طرف دست طمع دراز کیا اور اس بالغ رس کامل خرد کو بھی اس کام میں اپنا انباز ۔ اُس درخت کے تمتع کا ثمرہ یہ ہوا کہ خرابۂ دنیا کی خاک اڑانی نصیب ہوئی اور وہ طبیعت نازک تحمل مصائب سے ناشکیب ۔ سبحان اللہ ذریات بلند ہمت نے لذات جسمانی کی طلب میں ایسا انہماک ، اور ہوا جس نفسانی کے سرانجام میں وہ استغراق بہم پہنچایا کہ پدر بزرگوار پر سبقت لے گئی ۔ ہر ایک کی زبان حال اس مقال سے گویا ہے :

پدرم روضۂ رضوان بدو گندم بفروخت
ناخلف باشم اگر من بجوی نفروشم

ابن عباس سے روایت ہے کہ حضرت آدم اُس جہان کے ایام کے حساب سے عصر سے غروب آفتاب تک بہشت میں رہے اور بعضوں کے نزدیک پانچ سو برس دنیا کے کہ وہاں کا نصف روز شمار کیا جاتا ہے ، لیکن محققین کو جنت آدم کے تعین میں اختلاف ہے ۔ ابو ہریرہ اور حذیفہ یمانی اور ابو مالک اشجعی وغیرہم کا قول یہ ہے کہ وہ بہشت جنت الماوا ہے اور عبداللہ ابن عباس اور سفیان ابن عتبہ وغیرہما کا یہ مذہب ہے کہ جنت الماوا کے غیر ہے ۔ اُن کی دلیل یہ ہے کہ اس جگہ آدم علیہ السلام شجرہ معینہ کی احتراز سے مکلف ہوئے اور نوم استراحت کے ساتھ

مشتغل اور جنت الماوا نہ محل نوم ہے اور نہ موضع تکلیف۔ علاوہ اس کے اگر جنت موعود ہوتی تو دخل ابلیس کا اس مکان مقدس میں نہ ہوتا ۔ مگر ان لوگوں میں بھی اختلاف ہے ۔ بعضے کہتے ہیں کہ یہ بہشت آسمان میں تھی ، کس واسطے کہ اگر آسمان میں نہ ہوتی ہبوط کا لفظ حضرت آدم کے حق میں وارد نہ ہوتا اور بعضے کہتے ہیں زمین پر تھی اور ممانعت شجرہ کی یہیں وقوع میں آئی ۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ جب حضرت آدم علیہ‌السلام کا وقت رحلت قریب ہوا ، اپنی اولاد سے انگور بہشتی طلب کیے اور یہ لوگ اس کی تحصیل میں سرگرم ہوئے ۔ اثنائے راہ میں ملائک سے ملاقات ہوئی اور ان کی ممانعت پدر مشفق کی وفات قریب سمجھ کر معاودت کی ۔ اگر وہ بہشت زمین پر نہ ہوتی یہ لوگ اس ثمر کی تلاش میں کمرہمت کو چست نہ باندھتے ۔ امام ابوالحسن فاریابی نے کتاب اسولہ جامعہ میں لکھا ہے کہ یہ جنت دیار فلسطین میں تھی ۔ رسالۃالحیوان کے ترجمے میں کہ اکیسواں رسالہ اخوان‌الصفا کا ہے مرقوم ہے کہ یہ بہشت ایک باغ ہے کہ کوہ یاقوت کی بلندی پر مشرق کی طرف واقع اور ایسا بلند ہے کہ حیوان اور انسان کو وہاں تک رسائی ممکن نہیں ۔ اور قدرت کاملہ حضرت آفریدگار سے فصول اربعہ میں ہوا معتدل اور درخت سرسبز اور انہار جاری اور شاخیں کثرت اثمار سے گراں بار ۔ اور ہبوط کے واسطے بلندی ضرور نہیں بلکہ اہبطو امصرا کلام ملک‌العلام میں وارد ہے ۔ یہ خلاصہ ہے روضۃالصفا کا کہ خامہ شکستہ ارقام نے طباع واقعہ طلب کی ضیافت کے واسطے ثبت اوراق کیا ۔

اب سنا چاہئے کہ ارباب تاریخ کو اس امر میں تو

اتفاق ہے کہ حضرت آدم نے کوہ سراندیپ پر نزول کیا لیکن حوّا میں اختلاف ہے ۔ بعضوں کے نزدیک ہبوط حوّا کا جدہ میں واقع ہوا اور بعضوں کے نزدیک مزدلفہ میں ۔ لیکن اس میں شک نہیں کہ ایک مدت دراز کے بعد آدم و حوّا کی ملاقات کوہ عرفات پر واقع ہوئی اور جو کہ اُس مقام میں باہم تعارف وقوع میں آیا ، اس واسطے اُس کوہ کو عرفات کے نام سے موسوم کیا ۔ اور پھر کوہ سر اندیپ کی طرف معاودت کی اور توالد و تناسل کے سلسلے نے درازی پائی ۔ حبیب‌السیر میں لکھا ہے کہ عمر اس نبی مرسل کی بعد ہبوط دنیا کے ہزار برس کی ہوئی اور اُن کی حیات میں کثرت اولاد کی نوبت چالیس ہزار تک پہنچ چکی تھی ، لیکن صلبی صرف بیس[1] پسر اور انیس دختر اور بعضوں کے نزدیک اکیس پسر اور بیس دختر تھیں اور روضۃالصفا میں انیس پسر اور انیس دختر بھی مسطور ہیں اور لفظ آدم میں اختلاف ہے ۔

بعض اہل تحقیق کا قول یہ ہے کہ آدم اسم عجمی ہے جیسے آذر اور شالخ اور عبداللہ ابن عباس سے منقول ہے کہ آدم اس واسطے کہتے ہیں کہ ادیم ارض ، یعنی روے زمین سے مخلوق ہوئے تھے اور بعضوں نے سمرت لون کو وجہ تسمیہ قرار دیا ہے ۔ پس ادمہ سے مشتق ہوا اور بعض کہتے ہیں ادمت‌الشیئین سے مشتق ہے ، یعنی مخلوط کیا میں نے دو چیزوں کو ۔ غالباً خلط اشیا سے اس جگہ اجزائے منفرقہ زمین کا مخلوط ہونا مراد ہے کہ تخمیر آدم

۱۔ نول کشوری نسخے میں ''تیس'' ہے۔

آن سے وقوع میں آئی اور اس کتاب حکمت کے شیرازے نے جمعیت پائی ۔ اس تقریر سے واضح ہوتا ہے کہ لفظ آدم عربی ہے نہ عجمی ۔ اور یہ جو امام نودی نے تہذیب الاسماء واللغات میں لکھا ہے کہ سوائے آدم اور صالح اور شعیب اور محمد صلی اللہ علیہ و سلم کے سب انبیا کے نام عجمی ہیں اس کی تائید کرتا ہے ۔ اور روضۃالصفا میں صحف ادریس سے منقول ہے کہ جب حق جل اسمہ نے چاہا کہ بسیط عالم میں نوع انسان کو ظاہر کرے ، روئے زمین سے ایسا شخص پیدا کیا کہ اس کو زبان سریانی میں مابوس کہتے تھے ۔

اور حوّا کی وجہ تسمیہ کے باب میں ثعالبی سے منقول ہے کہ لوگوں نے حضرت آدم سے حوّا کے نام کی وجہ پوچھی حضرت نے فرمایا چونکہ وہ میرا ایک جز ہے اور مخلوق حی سے پیدا ہوئی اس واسطے اس کا نام حوا ہوا ۔ جب آغاز آفرینش کی کیفیت مرقوم ہو چکی ، اب اہل ہوش پر ظاہر اور اصحاب خرد پر روشن کیا جاتا ہے کہ خلقت انسان کی مدت میں روایات متعدد اور اقوال مختلف منقول ہیں ۔

محمد جریر طبری نے لکھا ہے کہ حضرت ابوالبشر سے فخر بنی آدم تک بعضے چھ ہزار تیرہ برس کہتے ہیں اور بعضے پانچ ہزار نو سو برس ۔ اور ایک اور مقام میں لکھا ہے کہ علماء یہود کے موافق ایام ہجرت تک چار ہزار چالیس برس تین مہینے منقضی ہوئے اور احبار نصاری کی روایت کے موافق پانچ ہزار ایک سو بہتر برس گزرے ۔ اور عبداللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ آدم سے طوفان تک دو ہزار دو سو چھپن اور طوفان سے خلیل حضرت رحمان ابراہیم

علیہ الصلوۃ والسلام تک ایک ہزار آناسی برس اور اس
حضرت سے جناب موسیٰ علیہ السلام تک پانسو پینسٹھ اور
آن سے حضرت سلیمان تک پانسو چھتیس اور سلیمان سے
ذوالقرنین تک سات سو ستر اور اس سے حضرت عیسیٰ
علیہ السلام تک تین سو انہتر برس گزرے ۔ پس آدم سے عیسیٰ
علیہ السلام تک پانچ ہزار پانسو بائیس برس منقضی ہوئے ۔
اور ابوالفتح ناصرین محمد الحسینی نے کتاب معارف میں وھب
بن منبہ سے روایت کی ہے کہ عمر اس جناب کی ہزار برس
کی ہوئی اور آن کے انتقال سے طوفان تک بائیس سو بیالیس
اور طوفان سے نوح علیہ السلام کی وفات تک ساڑھے تین سو
اور یہاں سے حضرت ابراھیم علیٰ نبینا و علیہ افضل الصلوۃ
کی وفات تک بائیس سو چھیالیس اور آن کی وفات سے موسیٰ
علیہ السلام تک سات سو اور آن سے حضرت داؤد تک
پانسو اور داؤد سے حضرت عیسیٰ تک گیارہ سو اور
حضرت عیسیٰ کے آسمان پر صعود کرنے سے مفخر عالم افضل
بنی آدم صلعم کی ولادت با سعادت تک چھ سو بیس برس
منقضی ہوئے ۔

اس تقدیر پر آدم سے طلوع نیر آسمان کرامت یعنی
ولادت اکمل البریت تک آٹھ ہزار سات سو اٹھاون برس
ہوتے ہیں اور حمزہ ابن حسین اصفہانی نے کہ اس کی
سخن دانی کا اشتہار رقم خوانان صفحۂ خاک سے لے کر روشن
سوادن لوح محفوظ تک بلند صدا ہے ، اس طرح سے روایت
کی ہے کہ خلقت آدم سے ولادت نوح تک ایک ہزار چھپن
اور آن کی ولادت سے ابراھیم علیہ السلام کی ولادت تک
ایک ہزار آٹھ سو نوے اور یہاں سے حضرت یعقوب کے

مصر میں تشریف لانے تک دو سو نوے اور یہاں سے اُس جناب کی وفات تک سترہ اور اسرائیل کی فوت سے بیت المقدس کی بنا تک چار سو اسی اور پھر اُس خانۂ نورانی کی تخریب تک چار سو دس اور پھر اُس زمانے تک کہ فاروق حق و باطل عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اُس مکان مقدس کو مفتوح کیا ، ایک ہزار پانسو چون برس گزرے۔

اس روایت کے موافق آدم سے ہجرت مقدسہ تک پانچ ہزار چھ سو ستانوے برس ہوتے ہیں ۔ اور افضل المتاخرین مولانا کمال الدین حسین خوارزمی نے مقصد اقصیٰ میں لکھا ہے کہ افضل کائنات اشرف المخلوقات علیہ اکمل التحیات کی ولادت کرامت انتما سے حضرت عیسیٰ تک چھ سو بیس اور یہاں سے حضرت داؤد تک بارہ سو اور داؤد سے موسیٰ تک پانچ سو اور ان سے حضرت ابراہیم تک سات سو ستر اور ابراھیم علیہ السلام سے طوفان تک ایک ہزار چار سو بیس اور پھر آدم تک دو ہزار دو سو چالیس برس منقضی ہوئے ۔ اس صورت میں میلاد مکرمت نہاد سے آدم تک چھ ہزار ساڑھے سات سو برس کا عرصہ گزرا ۔ واللہ اعلم بحقیقۃ الحال ۔

جب قلم شکستہ رقم حال آفرینش کو حسب استعداد تحریر کر چکا تو اب چاہیے کہ اس بات کی تحقیق کرے کہ اول ایک زبان تھی یا کئی ۔ دقیقہ سنجان باریک بیں جانتے ہیں کہ مواضع اور محال مختلفہ میں آغاز آفرینش سے علیحدہ علیحدہ زبانوں کا بہم پہنچنا بدون اس کے کہ کوئی زبان بعد تصرفات کثیرہ کے متغیر ہو جاوے ، یا الفاظ اور کلمات جدید موضوع ہو کر زبان سابق ''کیف ما اتفق نسیاً منسیاً''

ہو جاوے ، جب ممکن ہے ہر ہر دیار میں اولاً جماعت کثیر بہم پہنچ گئی ہو ، جیسے بارش کے اثر سے گیاہ اور حشرات الارض یا ہر ہر قطعۂ زمین میں ایک ایک ابوالبشر متولد ہو کر ہر ہر جگہ جدا جدا توالد اور تناسل کا سبب ہوا ہو ۔ اُس کی توضیح یہ ہے کہ جب ہر دیار میں ایک جماعت کثیر بہم پہنچ گئی یا ہر جگہ ایک ایسا شخص بہم پہنچا کہ سائرالناس اُس کی اولاد اور ذریت ہوئی تو جو کہ اظہار مطلب اور تبیین مدعا کے واسطے ناگزیر ہے اور بہ سبب بعد مسافت کے جماعت آخریٰ سے ملاقات صورت پذیر نہیں کہ تکلم میں اُس کی تقلید کرے ، ناچار ہر جماعت وضع الفاظ میں سرگرم ہو کر ایک ایک زبان ایجاد کرتی گئی ۔

بس یہ زبان ہر جگہ علیحدہ اور دوسری زبان سے مغائر ہو گئی ۔ ہر چند عقل اس طرح کی پیدائش سے چنداں ابا اور امتناع نہیں کرتی بلکہ حشرات و ہوام کی خلقت دلالت کرتی ہے کہ اگر افراد مردم اور احاد ناس بھی اسی طرح سے مسند وجود پر متمکن ہو گئے ہوں تو کیا بعید ہے ، جیسے بو علی سینا کا قول منقول ہوا ۔ لیکن عادت البتہ ایسے امور غریبہ کو دائرۂ امکان سے خارج اور جادۂ قبول سے بعید سمجھ کر قطعاً اُس کے اقبال کے واسطے سر فرو نہیں کرتی ۔ اور نقل تو مخالف سے ہو یا موافق سے ، صریح اس مدعا کے بے اصل و سرسری ہونے پر داعی اور اس کے خلاف کی راہ میں ساعی ہے ۔ ہنود برہما کو مبداء آفرینش جانتے ہیں اور دانش اندوزان ایران دیار ہر دور کے آغاز میں ایک مرد اور ایک عورت کے باقی رہنے کا ادعا اور اُس سے توالد و تناسل کے سلسلے کے ممتد ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں ۔ اُن کی کتابوں

میں صریح مرقوم ہے کہ ہر چند آباء علوی آسمان اور امہات سفلی عناصر ہیں لیکن ہم کو یہی پہنچا ہے کہ ایک سے دوسرا پیدا ہو۔"

اہل اسلام کے نزدیک تو ظاہر ہے کہ آدمیوں کی نسل کا سلسلہ سر حلقۂ افراد بریات آدم صفی‌اللہ علیہ و عنی نبینا افضل التحیات تک منتہی ہوتا ہے۔ جب مبداء احاد ناس اور افراد مردم کا ایک شخص ہوا تو ضرور ہے کہ اس کی ذریت بھی اولاً اس کی زبان سے بہرہ مند اور اسی کے کلام سے مستفید ہوگی۔ گو بعد مرور دہور کے اختلاف لغات اور تغایرالسنہ وقوع میں آگیا۔ اس صورت میں لازم آتا ہے کہ اول آفرینش میں ایک ہی زبان ہو لیکن تعین اس زبان کی خیبے دشوار اور نہایت دور از کار ہے۔ ہنود کی کتابوں سے ہر چند اس امر کی تصریح تو دستیاب نہیں ہوتی لیکن براھمہ اسی بات پر البتہ اتفاق رکھتے ہیں کہ چاروں وید کہ زبان سنسکرت میں احکام‌الٰہی پرمشتمل اور اوامر و نواھی پر محتوی ہیں، انہیں الفاظ کے ساتھ برھما کی زبان سے صادر ہوئے ہیں۔ اس روزگار سے اس جزو زمان تک کچھ تغیر اور تبدل کو اس میں راہ نہیں ہوئی۔ اس سے یہ خیال گزرتا ہے کہ عجب نہیں کہ منّ اور ستر ذکانی کہ برھما کے بدن سے موجود اور آدم و حوا کی طرح سے اور آدمیوں کی پیدائش کی سبب ہوئی، برھم سے سنسکرت ہی کو حاصل اور ان کی ذریت نے انہیں الفاظ سے تکلم کیا ہو، لیکن یہ قوم اس پر بھی متفق ہیں کہ سنسکرت دیوتاؤں کی زبان ہے، نہ آدمیوں کی۔ اور مجوس

کے اعتقاد میں آغاز اس دور کا مہ آباد سے ہے اور مہ آباد جو کہ پہلے ہی دور کے آدمیوں کا بقیہ تھا ، غالب ہے کہ اسی دور کے آدمیوں کی زبان سے متکلم ہوتا ہو اور وہ محقق نہیں کہ کیا ہے اور جو کہ مجوس کے اعتقاد میں دساتیر کتاب سماوی اور مہ آباد پر نازل ہوئی ہے اور کتاب منزل چاہیے کہ خلق کی زبان میں ہو تاکہ احکام الٰہی سے بخوبی آگاہ اور امر و نہی سے کماھی مطلع ہو جاویں۔ احتمال ہے کہ اس وقت کی زبان یہی زبان دساتیر ہو ، پھر اس میں تغیر و تبدیل نے راہ پائی اور مختلف زبانیں پیدا ہوگئیں ۔ زبان فارسی کا اس زبان سے بیش تر الفاظ میں مطابق اور قاطبۃً ترکیب نحوی میں موافق ہونا بھی اسی بات پر دال ہے۔ اس مقام میں ترکیب نحوی کی تطبیق کی تفصیل اطناب سخن اور تطویل کلام کا موجب ہے ۔ ناچار چند لفظ دونوں زبانوں کے مرقوم ہوتے ہیں۔ مشتے نمونہ از خروارے ۔ پوشیدہ نہ رہے کہ دساتیر میں بعضے لفظ ایسے ہیں کہ فارسی میں بعینہ استعمال ہوتے ہیں اور بعضے فی الجملہ تغیر اورتبدیل کے ساتھ ۔

قسم اول : را علامت مفعولیت کاف بیانیہ گر مفید فاعلیۃ جیسے ھر ششگر یعنی بخشائش گر ۔ ندہ علامت اسم فاعل، جیسے برشندہ بہ مغنی بخشائندہ۔ یارد بہ معنی تواند۔

قسم دوم : آسد الف ممدودہ اور سین اور دال مہملتین سے یعنی باشد، آسمام آسمان ، افسرید الف ممدودہ اور فا سین اور رائے مہملہ اور یائے تحتانی اور دال مہملہ کے ساتھ آفرید کہ مشتق ہے آفریدن سے ۔ اسپ الف اور سین مہملہ اور پائے فارسی کے ساتھ صرف ربط کہ فارسی میں است

تائے قرشت کے ساتھ مستعمل ہے۔ اس کے قیاس پر لاسپ یعنی نیست کہ حرف رابط ہے، لام نفی کے ساتھ اور لاسپند نیستند، آکام آغاز، انتام الف اور نون اور تاے قرشت اور الف اور میم کے ساتھ انجام۔ انتا ماند الف اور نون اور تاے قرشت اور الف اور میم اور الف اور نون اور یاے حطی اور دال مہملہ کے ساتھ انجام۔ ماندتیم تاے قرشت اور یاے حطی اور میم کے ساتھ تن یعنی بدن۔ جم اور جد یہ دونوں لفظ بہ معنی جزو کے ہیں کہ حرف استثنا ہے۔ جمیم جذیں، جہاخ آخر میں خاے معجمہ جہان، جمین جیم تازی مفتوح سے کمین اے کمینہ، جم جیم فارسی مضموم سے چون، چمین چنیں، چیم چہ، دشمر یعنی دشمن۔ دم در کہ حرف ظرف ہے، دمان در آن یعنی حرف ظرف اسم اشارہ کے ساتھ۔ دن تن۔ زمر یان زاے تازی اور میم اور راے مہملہ اور یاے فارسی اور الف اور نون کے ساتھ مہربان۔ سامی سین مہملہ کے ساتھ سو۔ ستام ستان یعنی حرف کثرت جیسے فہ هوشستام، وہ جاے کہ جس میں فرشتے بہت ہوں یعنی آسمان۔ سفاسف دو سین مہملہ سے سراسر، شاے شین معجمہ کے ساتھ جاے۔ شاشتن دو شین معجمہ کے ساتھ، دانستن فہ بہ کے حرف الصاق ہے، فہام بان یعنی فائے موحدہ الصاق اسم اشارہ کے ساتھ۔ فہین بعد فا کے ھاے ہوز باین۔ کمد یعنی کند اور اس کے قیاس پر لہ کمد یعنی نکند۔ کیام کدام۔ کید اور کیدہ کرد اور کردہ کہ مشتق ہیں کردن سے۔ گاش کاف فارسی سے کوش۔ گرخ کاف فارسی مکسور اور رائے مہملہ ساکن اور خاے معجمہ کے ساتھ۔ گرد کاف فارسی مکسور اور را اور دال مہملتین کے ساتھ یعنی شہر۔ لہ دوام نتوان لاد

ھاے مختفی کے ساتھ اور بدون ھا کے حرف نفی ہے - ابہ مازند ندارند - مرادام یزدان - مہنام بہنام کہ جس کو بہمن یعنی عقل اول اور جبریل کہتے ھیں - میناس مینو یعنی بہشت - زد نام - وفتن واو سے گفتن - وفتہ ھد گفتہ شد - وزلہ وزنہ - وراور سراسر - ویرد واو سے گیرد - ھز ھاے ھوز سے از کہ ترجمہ منْ کا ھے - ھانچیم انچہ - ھام آن ھاید آید - ھىن ھائے ھوز مضموم سے شدن - اس کے قیاس پر لہ می ھود، نمی شود - ھو ھاے ھوز اور سوسین مہملہ کے ساتھ ضمیر غائب ھے کہ فارسی میں اس کی جاے اور الف کے ساتھ مستعمل ھے - ھیشام ایشان ، ھیر ھیچ - ھر چند یہ زبان اور زبانوں کا ماخذ مقرر نہ کی جاوے، لیکن اس تطابق کی دلیل غالب کہ زبان فارسی کا ماخذ اسی زبان کو تجویز کرے -

مگر عمدہ قباحت یہ ھے کہ ان کی کتابوں میں مرقوم ھے کہ یزدان نے مہ آباد پر ایک کتاب نازل کی ''دساتیر'' نام اور اس میں ایک زبان تھی کہ زمینوں کی کسی زبان سے مشابہ نہ تھی ، اس کو آسمانی زبان کہتے ھیں - یہ قول کہ وہ زبان زمینوں کی کسی زبان سے مشابہ نہیں ، اس بات پر دلالت کرتا ھے کہ ''دساتیر'' کے نزول سے پہلے بھی اور زبانیں موجود تھیں اور اگر غور کیا جاوے تو تطابق کی دلیل سے اس کو فارسی کا ماخذ ٹھہرانا بھی چنداں قوت نہیں رکھتا - ممکن ھے کہ یہ تطابق امر اتفاقی ھو ، یعنی اتفاق یہ ھوا کہ دونوں زبانوں میں بعضے الفاظ کی وضع مطابق واقع ھوئی -

اور نظر غور سے ملاحظہ کیا جاوے تو زبان ھندوی

میں گرانی و سبکی کے اعتبار سے زمین آسمان کا فرق ہے اور حال یہ ہے کہ جس قدر ان دونوں زبانوں میں الفاظ کا تطابق اور کلمات کا توافق پایا جاتا ہے، کم کسی زبان میں ہوگا؛ مثلاً آدہ الف ممدودہ اور دال مخففہ اور ہائے مختفی سے، دو چوب بلند کہ زمین میں گاڑیں اور ایک چوب اس پر نصب کریں جانوروں کی نشست کے واسطے۔ ہندی میں اس کو اڈا الف مفتوح اور دال ہندی مشدد اور الف کے ساتھ کہتے ہیں۔ افیون اور اپیون اور ہاپو ہندی میں بھی ہاپو ہے۔ اسکورہ کاسۂ گلی، ہندی میں سکورہ ہے۔ باب دونوں بائے تازی سے پدر اور ہندی میں باپ ہے، اخیر میں بائے فارسی۔ تال طبق برنجی، ہندی اس کی تھال ہے۔ چیچو پستان، ہندی میں چوچی کہتے ہیں۔ چلیدن رفتن، ہندی، میں چلنا۔ چندن اور چندل بمعنی صندل کہ ہندی میں بھی چندن ہے۔ خیش خائے منقوطہ اور یائے مجہولہ اور شین منقوطہ سے جامہ بافتہ اور ایسی کتان کہ اس کے تار گندہ ہوتے ہیں اور موسم گرما کے لباس سے ہے، ہندی میں کھیس کاف تازی مخلوط الہا سے کہتے ہیں۔ شنا فارسی میں تیرنے کو کہتے ہیں اور ہندی میں سنان سین مہملہ اور دونوں سے تمام بدن کے دھونے کو کہ جسے عوام اشنان الف اور شین معجمہ کے ساتھ کہتے ہیں۔ طوطی جانور معروف اور ہندی میں توتا کہتے ہیں۔ لنکوتہ لنگی۔ غایت یہ ہے کہ ہندی میں خفائے نون اور فتحہ تائے مثلثہ سے اس لئے لنگوٹ کہتے ہیں کہ صرف پس و پیش کے ستر کو کافی ہو۔ ناف معروف ہندی میں نابھ ہے۔

مخفی نہ رہے کہ اس قسم کے ہزارہا لفظ پیش نظر ہیں کہ ان کی تحریر موجب تطویل اور تطویل باعث ملال خاطر ہے ۔ بہر کیف یہ تو متحقق نہیں کہ مہ آباد اور اس کے ذریت کی زبان کیا تھی لیکن بعضوں کو ایک شاعر کے کلام سے کہ آبادیوں کے زمانے میں تھا ، یہ وہم ہوا ہے کہ اس وقت کے آدمیوں کی زبان پہلوی تھی ، واللہ اعلم بالصواب ۔ اور اس کا حال مقصد دوم میں جس جگہ موجد اشعار کا حل لکھا جائے گا ، مفصل مرقوم ہوگا ۔

ہوشیار مغزان مکتب تحقیق پر واضح ہے کہ ہنود اور مجوس کے مذہب کے موافق تو کچھ متحقق نہیں ہوتا کہ ابتدائے آفرینش میں کیا زبان تھی جیسے کہ مقالات سابقہ سے منکشف ہوا ، لیکن اہـل اسلام کے مذہب کے موافق کہ افراد سلسلہ ناس کا مبداء حضرت آدم علیہ السلام کو مقرر کرتے ہیں ، احتمال ہے کہ کوئی جادہ منزل مقصود تک پہنچ جاوے ۔ اگرچہ اختلاف رواۃ سے یہ راہ بھی سرگردانی و تردد سے خالی نہیں ۔ سیفی عروضی شروع کتاب عروض میں لکھتا ہے کہ اہل علم کا اس بات پر اتفاق ہے کہ حضرت ابوالبشر آدم علی نبینا و علیہ السلام کی زبـان سریـانی تھی لیـکن قـدوۃالمحققین افضل المحدثین شـاہ عبدالعزیز دہلوی قدس سرہ العزیز تفسیر عزیزی میں حضرت آدم کے حال میں لکھتے ہیں کہ ابن عساکر نے مجاہد سے روایت کی ہے کہ جب اُن کو جنت سے اخراج کا حکم ہوا حضرت جبرائیل اور حضرت میکائیل نے اُن کے سر سے تاج اتار لیا اور کمر سے کمربند کھول لیا اور زبان عربی کو اُن سے سلب کر کے زبان سریانی اس کی جگہ جاری کی ۔ جب

توبہ قبول ہوئی پھر حکم ہوا کہ زبان عربی میں کلام کیا کریں ۔

اس روایت کی قوت سے معلوم ہوتا ہے کہ اول زبان عربی موجود ہوئی اور سریانی اس کے بعد ، اور حوّا کی وجہ تسمیہ بھی جو سابق میں ہوئی ، زبان آدم کے عربی ہونے پر دلالت کرتی ہے ، اور جو کہ وہ حضرت زبان عربی کے سلب ہونے کے بعد سریانی سے متکلم ہوتے تھے ، ان کے نام میں دونوں احتمال ہیں ۔ پس یہ بات جو "تاریخ خمیس" میں "معالم‌التنزیل" سے نقل کی ہے کہ یعرب ابن قحطان اول آن لوگوں کا ہے جو عربی سے متکلم ہوئے اور اسی طرح قول صاحب "منتخب‌اللغات" کا ضعف سے خالی نہیں ، مگر اس کی توجیہ یوں کی جاوے کہ اگرچہ حضرت آدم کو زبان عربی میں تکلم کرنے کا حکم ہوا لیکن ان کی اولاد میں وہی زبان سریانی جو عربی کے سلب ہونے کے بعد شائع ہوئی تھی،باقی رہی اور پھر جب اولاد میں عربی کا شیوع ہوا تو اول یعرب اس سے متکلم ہوا ، لیکن طرفہ حیرت دامن‌گیر ہے کہ بعد ہبوط کے مدت دراز تک بود و باش اور تکثیر اولاد بلکہ ابن عباس کی روایت کے موافق نقد حیات محصلان تقدیر کو تفویض کرنا جناب آدم علیہ السلام کا ہند میں ہوا ، اور زبان عربی اور سریانی آن دیار دور دست میں شائع ہوی کہ ہند سے وہاں تک پیک خیال کا پہنچنا بھی صعوبت سے خالی نہیں ، اور اس سے عجیب تر یہ ہے کہ خاص ہندوستان میں ایسی زبانیں شائع ہوں کہ ثقل و گرانی سے عربی اور سریانی کے ساتھ مناسبت تو کیا بلکہ آن زبانوں کے تنفظ کرنے والوں کی زبان پر تلفظ بھی سخت و دشوار

بلکه دور از کار ہے ۔ حق یہ ہے کہ اسرار الٰہی
انسان ضعیف البنیان کیا آگہ ہو اور رموز غیبی سے خالی
عجز نہاد کیوں کر مطلع ہو ۔

تو خرد می نشنوی بانگ دھل را
رموز سر سلطان را چہ دانی

اب اختلاف السنہ کی کیفیت جس طرح اپنے گنجینۂ
استعداد میں فراہم رکھتا ہے، لکھتا ہے کہ اختلاف ایک
زبان کا دوسری زبان سے دو قسم ہے ۔ ایک یہ کہ پہلی
زبان میں آہستہ آہستہ اس طرح کا تصرف وقوع میں آوے
اور رفتہ رفتہ ایسا تغیر و تبدل راہ پاوے کہ مرور ازمنہ
اور صروف دہور کے بعد وہ زبان اور ہی صورت میں جلوہ گر
ہو کر اس زبان سے اجنبیت پیدا کرے اور دوسرے یہ
کہ بے اس کے کسی زبان کے الفاظ میں تصرف اور
تغیر وقوع میں آیا ہو، ہر ہر معنی کے واسطے الفاظ جدید
موضوع کیے جاویں اور اس خطے کے رہنے والے ایک
دوسرے کی اصطلاح سے واقف ہو کر ان الفاظ سے باہم
تکلم اور تخاطب کرنے لگیں ۔

قسم اول کی کیفیت اس طرح سے ہے کہ قرب زمانۂ آفرینش
میں کہ ہنوز روے زمین افراد ناس سے مملو ہونے نہ پائی تھی
کہ ایک طائفہ مثلاً کسی قطعے کی بود و باش ترک کر کے
اور سرزمین دور دست میں ساکن ہوا اور اس جگہ کاروبار
کشت و زراعت اور انتظام امور میں مصروف ۔ اور یہ بات
واضح ہے کہ اشیاے عالم میں سے ہزارہا چیزیں ایک جگہ
ایسی ہوتی ہیں کہ ان کا نشان دوسری جگہ پایا نہیں جاتا ۔ اس

خطے میں اس طرح کی اشیا بہت دیکھی گئیں ۔ جو کہ اُس مقام میں سوا اُس طائفے کے اور کوئی نہ تھا کہ اُن اشیا کے نام سے ان کو خبر دیتا ، ناگزیر اُن کے واسطے کچھ نام اپنی طرف سے اختراع کیا ، اور زبان سابق کے الفاظ بھی ازمنۂ متطاولہ کے بعد متغیر اور متبدل ہو کر اور صورت میں جلوہ‌گر ہوتے گئے ، اور اسی طرح ایک اور طائفہ اور سمت کی طرف راہی ہو کر کسی اور خطے میں مقیم ہوا اور وہاں اُس کو بھی یہی صورت پیش آئی ۔ اگرچہ یہاں بھی وہ چیزیں موجود تھیں کہ طائفہ اولیٰ کے مسکن میں پائی گئی تھیں ، جو کہ یہ لوگ اُس طائفے کی اصطلاح سے واقف نہ تھے ، ان اشیا کے واسطے کچھ اور نام وضع کر لیے ۔ اسی واسطے ایک چیز کا نام امکنۂ متعددہ میں ایک دوسرے سے مخالف ہوتا ہے ، مثلاً ایک جوہر کو کہیں ہیرا کہتے ہیں اور کہیں الماس ۔ اور اگر اُن اشیا کے سوا تھیں تو ان کے واسطے بھی کچھ اسما معین ہو گئے ، اور کبھی اس طرح سے اتفاق ہوا کہ امتداد مدت سے کوئی لفظ وضع کرنے کی احتیاج ہوئی اور جو الفاظ زبان زد تھے ، اُن میں بھی تغیر اور تبدل راہ پایا گیا ، یہاں تک کہ طوائف عالم میں ایسی زبانیں رائج ہو گئیں کہ نہ اُس سے یہ مطلع ہو سکے ، نہ اُس سے وہ ۔ ہم اپنی ہی زبان میں ملاحظہ کریں کہ باشندگان دھلی نیشکر کو گنا کاف فارسی مفتوح اور نون مشدد اور الف سے اور دہاقین اور مردم دور دست گانڈا کاف فارسی اور الف اور نون غنہ اور ڈال متقلہ اور الف سے کہتے ہیں ۔ اسی پر قیاس کیا چاہیے اور زبانوں کے الفاظ کو ۔

اور دوسری قسم کی کیفیت یہ ہے کہ مثلاً حادثہ طوفان

سے کوئی متنفس باقی نہ رہا اور انسان تولدی مسند وجود پر قدم رکھ کر توالد اور تناسل کا سبب ہوا ، جیسے پہلے مرقوم کیا گیا ، تو اس صورت میں یہ شخص گفتگو کے واسطے اپنی طرف سے وضع الفاظ میں ساعی ہوگا اور ہر ہر چیز کے واسطے ایک نام معیّن کرتا جائے گا ، اور جب اس سے ذریت موجود ہوگی بالفعل تو وہ بھی انھیں الفاظ کے ساتھ تکلم کرے گی اور مدت تک یہی ایک زبان رائج رہے گی - لیکن جب کثرت خلائق سے انتشار مردم وقوع میں آوے اور ہرطائفہ ایک ایک سمت میں[۱] پراگندہ ہو کر دیار مختلف میں قیام اختیار کرے ، ہر ایک کو وہی صورت پیش آوے گی کہ قسم اول میں مذکور ہوئی - اختلاف السنہ کی یہ دو صورتیں وہ ہیں جن کو قیاس اقتضا کرتا ہے ، لیکن جو کہ کتب تواریخ یا اور مذہب کی کتابوں میں مرقوم ہے ، اس کے خلاف ہے - تقاضاے مقام داعی ہے کہ اس کی تحریر سے بھی ہاتھ نہ کھینچیے اور طالبان شوق پرست کو کہ سوانخ غریب اور وقایع دل فریب کے واسطے گوش بر آواز رہتے ہیں ، ان مقالات عجیب سے مسرور کرے -

سابق مرقوم ہو چکا ہے کہ یزدان سخن آفرین نے اولین پیغمبر عجم آباد پر ایک کتاب نازل کی ''دساتیر'' نام کہ ہر دانش اور تمام زبانوں پر مشتمل تھی - صاحب دبستان مذہب مجوس کی کتب سے نقل کرتا ہے کہ مہ آباد نے ہر طائفے کو ایک ایک زبان سکھا کر ہر ہر جگہ بھیج دیا تا کہ فارسی اور ہندی اور رومی اور باقی اور زبانیں ظہور میں آئیں - توریت کے گیارھویں باب میں حضرت نوح علیہ السلام کی اولاد کی شان میں مرقوم ہے کہ "اول

۱- نول کشوری نسخے میں 'میں' نہیں ہے -

سارے جہان کے آدمیوں کی ایک زبان اور ایک بولی تھی ۔ اتفاقاً جس وقت مشرق سے سفر کیا زمین سنعار میں ایک صحرا دیکھا ۔ یہ لوگ وہاں ٹھہرے اور آپس میں کہا کہ آؤ اینٹیں بنا کر آگ میں پکاویں اور اپنے واسطے ایک شہر اور ایسا ایک برج بناویں کہ اس کا سر آسمان سے لگے اور نام پیدا کریں ۔ خداوندتعالیٰ نے نزول فرمایا تاکہ اس شہر اور برج کو دیکھے اور یہ مصلحت ٹھہرائی کہ یہ گروہ متفق ہے اور زبان بھی ایک رکھتے ہیں اور اس امر کو کیا چاہتے ہیں ؛ اب جس کام کے کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں ، اس سے باز نہ آویں گے ، ان کی زبان میں خلل ڈالنا چاہیے تاکہ ایک دوسرے کی بات کو نہ سمجھے ۔ اس طرح پر حق تعالیٰ نے ان کو تمام روے زمین میں پراگندہ کر دیا اور شہر بنانے سے باز رہے ۔ اسی واسطے اس جگہ کا نام بابل ہوگیا کہ خدا نے اس جگہ تمام جہان کے آدمیوں کی زبان میں خلل ڈالا اور وہیں سے سب کو تمام روے زمین پر پراگندہ کر دیا ۔'' یہاں تک توریت کا ترجمہ ہوا ۔

مصنف ''تاریخ خمیس'' نے ''معالم التنزیل'' سے نقل کیا ہے کہ ''اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو تمام لغت تعلیم کیے ؛ پھر اس حضرت نے اپنی اولاد میں سے ہر ہر شخص کے ساتھ ایک ایک لغت میں کلام کیا ۔'' انتہی کلامہ ۔ مراد لغت سے زبان ہے ۔ روضۃ الصفا میں حام بن نوح علیہ السلام کے حال میں مرقوم ہے ''کہ ان کی اولاد میں اٹھارہ زبانیں پیدا ہوگئی تھیں ، ہر فرقہ ایک ایک زبان سے تکلم کرنے لگا ۔ جو ہر فرقہ ایک دوسرے کی زبان سمجھتا نہ تھا ، نا چار اس نواحی میں پراگندہ ہوگئے اور ہر گروہ نے ایک ایک شہر بنا لیا ۔ اور

سام بن نوح کے حال میں تواریخ کی بعضی کتاب سے نقل کیا ھے
کہ جو کہ سام بن نوح کی اولاد کی زبانیں اس طرح مختلف
ہوگئی تھیں کہ آنیس زبانوں میں کلام کرتے تھے اور کوئی
قوم ایک دوسرے کی زبان سمجھتی نہ تھی، ھر ایک علیحدہ
علیحدہ نواحی میں جابسے ۔ اور نمرود علیہ اللعنۃ کے آسمان
کی طرف صعود کرنے کے حال میں مرقوم کیا ھے کہ نمرود
کے حکم سے سال ھاے دراز میں ایسا منارۂ بلند تیار ھوا
کہ مرغِ وھم اُس کی بلندی تک پرواز نہیں کر سکتا تھا ۔
ایک روز نمرود اُس منارے پرچڑھا اور وھاں سے آسمان کو
اُسی قدر بلند دیکھا جتنا زمین سے بلند دیکھا تھا ، ناچار
پشیمان ھو کر اُتر آیا ۔ دوسرے دن وہ منارہ گر پڑا اور
اُس سے ایسی آواز مہیب پیدا ھوئی کہ سب بے ھوش ھوگئے ۔
جب ھوش میں آئے اپنی اپنی زبان بھول گئے اور ھر قوم کی
زبان علیحدہ ھوگئی ۔ چنانچہ لکھا ھے کہ بہتّر زبانیں ان
لوگوں میں پیدا ھوگئیں ۔ جو کہ اختلاف السنہ اُس سرزمین
میں بہم پہنچا تھا ، اس واسطے اُس اقلیم کو بابل کہنے لگے ۔''
''روضۃ الصفا'' کا ترجمہ تمام ھوا ۔

عقلاے باریک بین خوب جانتے ھیں کہ اختلاف السنہ کی
کیفیت جس طرح کہ بہ حسب قیاس مرقوم ھوئی ، شائستگی
قبول اور صلاحیت پزیرائی رکھتی ھے والّا باقی گفتار دور از
کار اور اقوال غرابت اشتمال جو کتب تواریخ سے منقول ھوئے ،
سوائے اس کے کہ رطب و یابس چند ذخیرہ اوراق ھو کر
سیاحان ممالک سخن کے واسطے ایک مشغلہ بہم پہنچاوے ،
اور کسی طرح سے برومند نہیں کرتے ۔ بہر کیف مقدمہ اس
تبصرۂ جلیلہ کا اتمام کو پہنچا ۔ اب وہ وقت ھے کہ

خامۂ تیز رفتار مقصد اول کی تحریر میں سرگرم ہو اور مطلب اہم کی تسطیر میں مستعد ۔

مقصد پہلا

زبان اُردو کی تحقیق اور وجوہ استعمال الفاظ فصیح اور ترک کلمات غیرفصیح

دانش مندان فہیم پر مخفی نہیں ہے کہ اوائل روزگار میں دلی کے رہنے والوں کی زبان صرف ہندی تھی ، جس کو ''بھاکھا'' کہتے ہیں ۔ اور جو کہ قدیم سے یہ ممالک راجا ہائے ذوی الاقتدار کی حکومت سے حکام ممالک بیگانہ کی تعدی سے محفوظ تھے ۔ اور اطراف و جوانب کے آدمیوں کی سکونت اس دیار میں اس کثرت سے وقوع میں نہ آئی تھی کہ اُن کی زبان کے لغت اس زبان میں مخلوط ہو کر یہاں کی بولی کو اپنی اصل سے متغیر کر دیتے ، اس واسطے وہ زبان خالص ہندی تھی ۔ لیکن جب کہ بادشاہان دین دار اور سلاطین تہور شعار نے ترویج ملت اور ترقئ دین کے واسطے کمر ہمت کو چست کیا ، اور نیرّ رخشان اسلام سے شبستان ہند منور ہوا ، اطراف دور دست کے لوگ جو اُن سلاطین بلند ہمت کی رکاب دولت سے انتساب رکھتے تھے ، اس خطے کے دارالسلطنت ہو جانے کے سبب سے ہیں سکونت پذیر ہوئے اور سلسلہ توالد و تناسل کا اُن سے جاری ہوا اور علائق کی کثرت وقوع میں آئی اور یہ پائے بندی توطن کا باعث ہوئی ۔ باشندگان قدیم کو ان کے ساتھ اختلاط بہم پہنچا اور ہم زبانی کثرت سے عمل میں آئی ۔ ناگزیر ان کی زبان کے الفاظ اُن کی زبانوں میں مخلوط ہونے لگے ۔ اور جو کہ بادشاہان اسلام

مختلف دیار سے وارد ہوئے، مثل سلطان محمود غزنوی اور غوری اور لودھی اور سلاطین چغتائی، ہر ملک کی زبان کے لغت نوبت بہ نوبت اس زبان میں داخل ہوتے گئے ۔ رفتہ رفتہ زبان ہندی اپنی اصل پر نہ رہی اور السنۂ مختلف سے مل کر لباس نو میں جلوہ‌گر ہوئی ۔ جو کہ یہ لوگ اردوے معلیٰ سلاطین کے متعلقین سے تھے اہل ہند آن الفاظ مخلوط کو زبان اردو کہتے تھے ، یعنی یہ الفاظ جو ہماری زبان میں مل گئے ہیں ، سلاطین کے اردو کی بولی کے ہیں ، لیکن رفتہ رفتہ یہ زبان تازہ کہ مجموع الفاظ ہندی و لغات السنہ مختلفہ سے بہم پہنچی تھی ، زبان اردو کے اسم سے مسمی ہوگئی ۔ پھر کثرت استعمال سے ''زبان'' کا لفظ محذوف ہو کر اس زبان کا نام خود ''اردو'' ہوگیا ۔ اس کا نظیر ہے بغرا اور پرویز کا لفظ کہ بغرا نام ہے ایک بادشاہ کا بادشاہان ترکستان سے ، اس نے ایک قسم کی آش اختراع کی تھی اور اس کو آش بغرا کہتے تھے ۔ اب آش کا لفظ محذوف ہوگیا اور وہ آش بغرا کے نام سے مشہور ہو گئی ۔ اور پرویز زبان پہلوی میں ماہی کو کہتے ہیں ۔ جو کہ خسرو شکار ماہی کو دوست رکھتا تھا ، اول خسرو پرویز کے لقب سے ملقب تھا پھر مرور ازمنہ اور انصراف دھور کے بعد لفظ خسرو محذوف ہو کر اس بادشاہ کا نام پرویز مشہور ہوگیا ۔

جب اردو کی حقیقت دریافت ہوگئی تو اب سننا چاہیے کہ زبان کا حال اوائل میں ایسے طعام سے مشابہ تھا کہ ناواقفان سر طریق اشیائے مختلفہ سے تیار کریں ، جو کہ ہر چیز کے اندازے سے مطلع اور ہر شے کے اختلاف کی کیفیت سے آگاہ نہیں ہیں ، تو بے شک و شبہ اول وہ طعام بے مزہ اور دور

ازکار ہوگا ۔ لیکن جب اس کے پکانے کا بار بار اتفاق ہو اور ہر دفعہ اجزا کی کمی و بیشی عمل میں آوے تو قوت ممیزہ طعم سابق اور مزۂ حال سے ایسا نتیجہ معتدل حاصل کرے کہ اس سے بہتر متصور نہ ہو ۔ اسی طرح یہ زبان بھی روز بہ روز تراش و خراش پیدا کرتی گئی ، ہر زمانہ میں اس شاہد[1] دل فریب نے زیور تازہ سے آرائش پائی اور ہر عہد میں خلعت جدید سے زینت بہم پہنچائی ۔ چشم تماشا کشادہ ہے اور ساز امتیاز آمادہ ، سابقین کا کلام پیش نظر ہے ، چشم انصاف سے دیکھیں کہ سابق و لاحق میں کس قدر تفاوت جلوہ گر ہے ۔ روز مرہ اہل سخن کا ولی کے زمانے میں کیا تھا اور سودا و میر کے عہد میں کیا ہوگا ، لیکن ادراک کافی اور تمیز وافی نے اس تقطیع پر قناعت اور اس انداز پر بس نہ کی اور ہر لمحہ شوق کا یہ تقاضا تھا :

مشاطہ را بگو کہ بر اسباب حسن دوست
چیزے فزوں کند کہ تماشا بما رسد

درنہ رفتہ رفتہ کوس فصاحت کا طنطنہ گوش ملائک تک پہنچا اور ہنگامۂ بلاغت کا غلغلہ سقف فلک تک بلند ہوا ۔ اس آئینے نے اور ہی جلا پائی اور اس گوہر نے اور ہی صفا ، فصحائے بالغ رس ہر طرف بساط ہستی پر خراماں ہوئے اور شعرائے روشن نفس ہر جانب عرصۂ وجود میں گرم جولاں ۔ ان سخن سنجان معنی شناس کی بلند نامی نے نام آوران عہد سابق کے آوازے کو پست کر دیا اور ان بلبل نوایان خوش نوا کے زمزمے نے باریک بینان انصاف دوست کو مست ۔ نہ ان کے نغمے کے مقابل نوائے عندلیب

۱- نول کشوری نسخے میں "مشاہدہ" ہے ۔

کو رواج اور نہ ان کے سجع کے روبرو قمری کی حرف زنی کی احتیاج ۔ ہر چند منعم بے منت کا خوان افاضہ فراخ ہے اور اس مائدۂ عام پر ہر گرسنہ چشم کا دست ہوس دراز لیکن رسم قدیم ہے کہ خواص و عام میں تفاوت مراتب جلوہ نما ہوتا ہے اور دور و نزدیک میں فرق پردہ کشا ۔ خوان سالار نعمائے فیض کی تربیت نازک طبعان حضرت شاہ جہاں آباد کی طرف اور ہی التفات سے معطوف ہے اور توجہ خاص ان کی شان میں اور ہی طرح سے مصروف :

اطفال مجسطی آفرینند اوباش شفا در آستینند

اگر اس بزم دل کشا کے نغمہ طرازان عندلیب گفتار میں سے دو چار خوش نوایوں کے معجز طرازی کی کیفیت کا زمزمہ نوازش میں آوے ، قانون مقام شناسی سے خارج نہیں ہے ۔ نمک چشی مائدۂ معانی و بیان حافظ عبدالرحمن خان احسان نے خوان سخن کو ایسا آراستہ کیا کہ نہ سبزان ہند کے حسن میں وہ ملاحت ہے اور نہ خوبان خلخ و نوشاد کی ادا و انداز میں وہ ملاحت[۱] ۔ صاحب گفتار دل پزیر شاہ نصیر نے تشبیہ و استعارے کو اس طرح سے رتبہ اعجاز کا بخشا کہ لب کی تشبیہ نے برگ گل کو گویا کر دیا اور قامت کے استعارے نے سرو کو خراماں ۔ فخرالشعرا میر نظام الدین ممنون کی لطافت سخن اور صفائی کلام کی صفت سے نقش مسطر سلک گوہر ہو جاتا ہے اور صفحۂ کاغذ آئینۂ گیتی نما ، خاقانئی ہند شیخ ابراہیم ذوق کی غزل طرازی سے حسن خوبان کی شان بلند اور اس سخن سنج کی قصیدہ گوئی سے ممدوح کا پایہ ارجمند ؛ معنی نوار سخن طراز مرزا اسداللہ خاں غالب

۱- نول کشوری نسخے میں ”حلاوت“ ہے۔

کا کلام ہے یا اعجاز مسیحا اور اس سحر بیان معجز تبیان کا قلم ہے یا عصائے موسیٰ ۔ یکہ تاز کشور فصاحت محمد مومن خان مومن نے سخن کو ایسی نزاکت دی کہ پرنیان اس کے سامنے خارا ہے اور معنی کو وہ فروغ بخشا کہ آفتاب اس کے رو برو بے نور و ضیا ہے ۔ بلند پایہ بارگاہ عزت و شان نواب مستطاب محمد مصطفیٰ خان شیفتہ ہی کی مرتبہ افزائی کا طفیل ہے کہ سخن کا سر آسمان سے ٹکر کھاتا ہے اور پائے فکر عرش سے فرو نہیں آتا ۔ کشور خدائے فضل و هنر نواب معلیٰ القاب محمد ضیاءالدین خان نیر نے زمین سخن کو آسمان بنا دیا اور سواد حرف کو خورشید درخشاں ۔

ان کامل عیاران بالغ خرد کے مدارج کمال پر جب نظر پڑتی ہے ، خلوت ضمیر سے ندا آتی ہے اور عرش خیال سے وحی کہ ہر ابتدا کے واسطے نہایت ہے اور ہر آغاز کے واسطے انجام ۔ کمال ان دقیقہ سنجان والا رتبت کے طفیل سے نہایت کو پہنچ گیا اور سخن ان باریک بینان بلند مرتبت کی وجہ سے اپنی غایت کو ، کمال کی رفعت شان انھیں کی منزل طبیعت میں متوقف ہے اور سخن کی بلندی مرتبت انھیں کی خلوت ضمیر میں معتکف ۔ ھیہات ھیہات ! زبان کیا بے صرفہ سرا ہے اور یہ حرف کس قدر پوچ و با در ھوا ۔ مبدأ فیاض پر بخل کی تہمت باندھنی کس کی تجویز ہے اور ایسے ابر کرم کو تراوش سے خالی جاننا کیا عقل وتمیز ہے ؛ ھنوز محیط کرم جوش میں ہے اور دریائے عطا خروش میں ، چشم خرد کو باز کر اور ھوش و تمیز کو جلوہ طراز کہ رافع رایات بلند خیالی ، آبیار گلشن رنگین مقالی ،

بلبل چمن زار سخن طرازی ، طوطیٔ شکرستان
هنربردازی ، زیب و سادہ معنی آرائی ، فرزند ارجمند حضرت
صہبائی ، صاحب طبع سلیم ، مولوی عبدالکریم سوز تخلص
سلمہ اللہ تعالیٰ کا سخن سپہر برین کے آوج پر جلوہ فرما ہے
اور سطح عرش پر بساط آرا - بلندیٔ معنی اس سخن طراز
بے عدیل کی سلّم فکر کے شکر سے سبک دوش اور زبان سخن
اس معنی نواز کی نعمت تربیت کے سپاس سے خاموش نہیں
ہو سکتی - فصاحت کو اس کی طبیعت رسا کی مدد سے بلاغت
پر ناز ہے اور بلاغت کو اس کی فکر تیزپا کی رہ بری سے
حد کمال سے آگے قدم بڑھانے کا انداز ہے - باوجودیکہ اس
نادرۂ فن کے سخن کا مرتبہ کس قدر بلند ہے لیکن بلند ہمت
ہنوز اس پایہ والا کے حصول اور اس منزل عالی کے وصول
پر قانع نہ ہوکر ہر ساعت ارتقائے مدارج کی داعی اور
اعتلائے مراتب میں ساعی ہے - سچ یہ ہے :

همت به هیچ مرتبه راضی نمی شود

ایزد معنی آفرین اس آبیار گلشن کمال کے نخل استعداد
کو اشجار خلد سے زیادہ بارور کرے اور اس چمن طراز
حدیقۂ افضال کے نہال افاضہ کو طوبیٰ سے زیادہ سایہ گستر
کہ گل زمین دہلی اس خرد زمان میں اسی کی جوئبار طبیعت
سے گلشن ہے اور اس شبستان کا چراغ اسی کے شعلۂ فکر سے
روشن - جب ایسے کملائے اصمعی زبان اور فصحائے سحبان
بیان بساط وجود پر جلوہ‌گر ہوں تو فضائے جہان آباد کو
عراق و خراسان پر کس طرح ناز نہ ہو - حق یہ ہے کہ
فصاحت اس خطۂ لطافت بنیاد میں آسمان سے برستی ہے اور
زمین سے اگتی ہے - ایوان یہاں کے ابیات بلند ہیں اور

خشت و سنگ الفاظ متین طاق اور محراب دوایر خوش ترکیب ہیں اور نقس و نگار مضامین رنگین ۔ اس گلشن جنت آئین میں درخت فصاحت کی یہ تازگی اور ریاض بلاغت کی یہ سیرابی مقام تعجب اور محل شگفت نہیں کہ یہ نہال انھیں باغبانان گلزار ہنر کا دست نشان ہے اور یہ ریحان انھیں نخل بندان گلشن کمال کی سعی سے شگفتہ و ریّان ۔

ارباب دانش پر مخفی نہیں ہے کہ زبان آردو کا رواج مصاحبت بیشگان پایۂ تخت شاہی سے آغاز ہوا تھا اور انھیں نونہالان چمن زار کمال کا جہد اس حدیقہ سیراب کا چمن طراز ، ہمیشہ اس گل زمین میں تصرف مالکانہ کو کام کرتے رہے اور اس ایوان رفیع کی مرمت و آرائش میں اہتمام ۔ رفتہ رفتہ اس کے حسن و بہا نے کمال پایا اور اس کی زیب و زینت نے ایک جمال بہم پہنچایا ۔ روز بہ روز ترقی جلوہ گر رہی اور ہر بار اس دولت روز افزوں میں زیادتی متصور ۔ جو کہ گرسنہ چشمان دوردست زلہ ربائے محض اور گدائے صرف تھے اور موائد حضور سلطانی کے نمک چش اس دست پخت کے مالک ، وہ فقط ریزہ چند پر متصرف اور یہ ہر طرح کے تصرف کی راہ میں سالک ۔ آخرکار ان کی سعی نے یہ رنگ دکھایا اور آن کا نہال جہد یہ ثمر لایا ۔

اندیشہ اس تجسّس میں تھا اور فکر اس تلاش میں کہ بہارستان کمال میں ایسا بھی کوئی گلشن آرا ہے کہ نخل بندان گل زمین جہان آباد گل چینی ہنر میں اس کے محتاج ہوں اور گل دستہ بندیٔ فصاحت میں اس کے پیرو ۔ قائد بخت رہبر ہوا اور اس مرجع کل کا آستانہ میسر ۔ فارسی کو اس آستانے کا ملازم پایا

اور اردو کو اُس دروازے کا چاکر۔ فارسی کو وهیں سے اعتبار یعنی جامع علوم، رهبر فہوم، بانی بنائے کمال، موجد مراسم فضل وافضال، مفتی چارملت، مسندالیه شش جهت، شگفتگی بخش خاطر هائے افسرده، مولوی محمد صدرالدین آزرده ـ خامۂ سخت منفعل هے که اُن دو وصف[1] کو تعداد اوصاف کی سلک میں اس طرح سے منسلک کیا که گویا اُس جامع کمالات کے فضائل انهیں دو چیز میں منحصر هیں اور حال یه هے که هر کمال کا مرجع اُسی کی ذات حمیده صفات هے اور هر فضیلت کا منبع اُسی کی طبیعت والا درجات لیکن محل کا تقاضا اور مقام کا اقتضا کشان کشان جادۂ گستاخی میں عنان افگن هوا اور سوئے ادب کی راه میں گام زن ـ حق یه هے که اُسی کے ابر عنایت طبیعت کی نیسانی سے دلی کی خاک چمنستان شیراز سے رنگین تر هے اور اُسی منبع لطف کی عمانی سے اس خطے کا آب اصفہان کے زنده رود سے شیرین تر ـ شوق سخن سرائی هنوز چاهتا هے که اس زمزمه پیرائی سے لب بند اور اس گفتگو کے مقابل خاموشی کو پسند نه کرے ـ

لیکن نوسبقان[2] مکتب کمال کا افاده ناچار عنان کش اور هر نفس متقاضی هے که جب زبان اردو کی اصل یهی خاک پاک مقرر هوئی اور اسی گل زمین کے اهل کمال کی پیروی جادۂ مقصود میں راه بر تو اب لازم هے که اُن الفاظ کی تفصیل مرقوم هو که فصحا کی دارالضرب تمیز میں سکۂ امتیاز سے نامی هیں اور بلغا کی بارگاه قبول میں خلعت اعتبار سے گرامی تاکه متتبع کو رشد و تمیز حاصل هو جاوے اور هر ناقص فطرت اُس سرمایۂ امتیاز کے حصول سے کامل ـ

---

۱ ـ نول کشوری نسخے میں دو ''صفت'' هے ـ

۲ ـ نسخه مطبوعۂ نول کشور میں یه لفظ ''توسقان'' هے ـ

لیکن اول معلوم کیا چاہیے کہ فصاحت لغت میں کشادہ سخن اور درست مخارج ہونے کو کہتے ہیں ، جیسے صراح میں مرقوم ہے اور سخن عام ہے ، خواہ کلمہ ہو خواہ کلام - جو کہ کشادہ سخن اور درست مخارج ہونا وصف صاحب سخن اور صاحب مخارج کا ہے ، شخص کو فصاحت کے ساتھ متصف کرتے ہیں اور کہتے ہیں ''شاعر فصیح ۔'' شاعر کی فصاحت عبارت ہے ایسے ملکے سے کہ اس کے سبب سے الفاظ فصیح کے ساتھ مقصود کے بیان کرنے پر قادر ہو جاوے اور جو کہ کشادگی اور درستی سخن کا وصف ہے ، کلمہ و کلام کو بھی فصیح کہتے ہیں مثلاً کلمۂ فصیح اور کلام فصیح اور قصیدۂ فصیح ۔ فصاحت کلمہ یہ ہے کہ اس کے حرفوں کا تلفظ زبان پر گراں نہ ہو یا وہ کلمہ ایسا نہ ہو کہ وحشی اور غیر مانوس ہونے کے سبب سے خواہ قیاس اور قوانین متعارفہ کی مخالفت سے معنیٔ مقصود پر دلالت ظاہرہ نہ رکھتا ہو ۔

امر اول عبارت ہے درستی مخارج سے اور امر ثانی کنایہ ہے کشادگیٔ سخن سے ؛ کس واسطے کہ جو لفظ غیر مانوس اور قیاس و قوانین متعارفہ کے مخالف نہ ہوگا ، فہم معنی میں صعوبت واقع نہ ہوگی اور کشادگیٔ سخن اسی کا نام ہے اور فصاحت کلام یہ ہے کہ وہ قواعد نحوی سے معرّا یا ایسے امر پر مشتمل کہ اس سے فہم معنی دشوار ہو جاوے ، یا ایسے کلمات سے مرکب نہ ہو کہ ان کے اجتماع سے تلفظ میں گرانی بہم پہنچے ۔ گو کہ ہر کلمہ بجائے خود فصاحت رکھتا ہو اور ان امور ثلثہ سے خالی ہونے کے باوجود اس سخن کے الفاظ بھی بجائے خود فصیح ہوں ۔

جب یہ دریافت ہو گیا تو اب سننا چاہیے کہ فصاحت کلمے میں آن امور ثلثہ کو تنافر حروف اور غرابت اور مخالفت قیاس لغوی کہتے ہیں اور فصاحت کلام میں ان چیزوں کو ضعف تالیف اور تعقید اور تنافر کلمات کے ساتھ مسمّیٰ کرتے ہیں - تنافر حروف کی مثال عربی میں مستشزرات اور فارسی میں ششدر اور ہندی میں ٹٹی ، کس واسطے کہ دوشین اور دوتاے منقلہ کا اجتماع تلفظ میں گرانی پیدا کرتا ہے اور غرابت کی مثال عربی میں سیف مسرّج یعنی تلوار کہ روشنی اور فروغ میں چراغ کے مانند ہو یا وہ تلوار جو سریج کے ساتھ نسبت رکھتی ہو اور سریج سین مہملہ مضموم اور راے مہملہ مفتوح اور یاے تحتانی ساکن اور جیم تازی سے نام ہے ایک آھن گرکا کہ سیف آس کے ساتھ منسوب ہوتی ہے اور فارسی میں مدیندن اور مکیدن اور عمریدن اور ابابکریدن اور دیریدن یعنی مدینے اور مکے اور عمر اور ابابکر کی زیارت کرنی اور کسی کام میں درنگ کرنی اور ہندی میں جیسے سودا نے ایک قصیدے میں پھڑکنت اور چٹکنت اور ڈپٹنٹ اور کھسکنت ، پھڑکنے اور چٹکنے اور ڈپٹنے اور کھسکنے سے اشتقاق کیا ہے -

اور مخالفت قیاس لغوی کی مثال عربی میں ''اجلل'' فک ادغام سے بجاے اجل کے کہ واضع سے ادغام کے ساتھ ثابت ہے اور فارسی و ہندی میں اس قسم کے الفاظ نظر سے نہیں گزرے - مثال ضعف تالیف کی عربی میں اضمار قبل الذکر لفظاً اور معناً اور حکماً اور فارسی میں رم وحشت ، کس واسطے کہ معنی وحشت کے رم ہے اور اضافت کسی چیز کی مثل کی طرف جائز نہیں - اسی قبیل سے ہے استعمال ایسے الفاظ کا کہ

اہل زبان کا روزمرہ اس استعمال پر مساعدت نہ کرتا ہو ، جیسے مرزا بیدل کے کلام میں خرام کاشتن اور امیر خسرو دہلوی کے شعر میں ازگرۂ اوچہ میرود کیوں کہ کاشتن کا اطلاق خرام پر مسموع نہیں ہے اور اہل زبان کا محاورہ از کیسۂ اوچہ میرود ہے نہ از گرۂ اوچہ میرود اور ہندی میں سحر ہو جائے بجائے تڑکا ہو جائے کے اور ہاتھ پاؤں پھولنے کی جگہ دست و پا پھولنا اور محاورۂ فارسی کا بعینہ ترجمہ کرنا مثلاً حقہ پینے کے معنی میں حقہ کھینچنا اور ستار بجانے کے محل میں ستار مارنا ۔

تعقید دو قسم ہے : ایک یہ کہ لفظوں میں تقدیم یا تاخیر یا حذف اس طرح سے واقع ہو کہ معنی مراد کا سمجھنا صعب اور دشوار ہو جاوے ۔ اس کو تعقید لفظی کہتے ہیں ، جیسے 'تیغ سے زخمی ہوگیا' کی جگہ 'زخمی ہو تیغ سے گیا' ۔ دوسرے یہ کہ الفاظ کے معنیٔ لغوی سے مقصود کی طرف ذہن منتقل نہ ہو اور یہ بات اکثر لوازم کے بعد اور قراین دالہ کے خفا کے سبب سے ہوتی ہے ، جیسے کسی شخص نے یہ مضمون شعر فارسی میں موزوں کیا ہے کہ

اگر زنبور عسل تیرے چمن حسن میں آ بیٹھے
تو کچھ عجب نہیں کہ گل شمع سے گلاب کھینچیں

اور کسی نے یہ مضمون باندھا ہے کہ

جس وقت کہ باد صبا نے خاکستر پروانہ کو
چمن میں بلبل نالاں کے روبرو ڈال دیا تو مگس
خندہ زن ہوئی اور ابر خجالت سے تر ۔

گل شمع سے گلاب حاصل ہونے کا یہ سبب ہے کہ حسن

رخ میں ہے اور رخ کو گل باندھتے ہیں؛ پس جب حسن سے
زنبور منتفع ہوئی ، اس میں مادہ گلاب کا حاصل ہو جائے گا
اور اس سے شہد پیدا ہوگا اور اس شہد کے موم سے شمع
بنے گی ، پس گلاب کا مادہ زنبور سے شمع تک منتقل ہوتا چلا
آوے گا اور 'خندۂ مگس' اور 'خجالت ابر' کا یہ سبب ہے
کہ مگس سے شہد حاصل ہوا تھا اور شہد کے موم سے شمع بنی
اور پروانہ اس کے عشق میں جل کر خاکستر ہو گیا اور ابر
کے برسنے سے گل پیدا ہوا اور اس پر بلبل عاشق تھی ۔ چو
کہ پروانہ کا جل کر خاکستر ہونا کمال عشق پر دال ہے
اور بلبل کا عشق میں زندہ رہنا خامی پر ، پس مگس اپنے
متعلق کے عاشق کے کمال سے مسرور ہوئی اور ابر اپنے متعلق
کے عاشق کی خامی سے شرمندہ ۔ جب تک یہ مناسبات بیان
نہ کیے جاویں ، ان دونوں مضمونوں کا سمجھ میں آنا دشوار
ہے ۔

اور تنافر کلمات کی مثال ہے 'قرب قبر' ؛ یہ دونوں
لفظ ہر چند علحدہ علحدہ فصیح تھے لیکن ان کا اجتاع
گرانی کا سبب ہو گیا ۔ جب فصاحت کی ماہیت اور اس
کی اقسام پر آگاہی حاصل ہو گئی تو اب معلوم کیا چاہیے کہ
زبان کے ساتھ فصاحت بھی ہر زمانے میں جدا اعتبار پیدا کرتی
جاتی ہے ۔ بعضے الفاظ اوائل میں زبان خواص پر جاری تھے
اور ان کا استعمال بالاتفاق سخن سنجان بالغ خرد کے نزدیک
مقبول اور پسندیدہ تھا ۔ متاخرین نے یا ان میں فی الجملہ
تصرف یا قطعاً ترک کیا ۔ اب اگر وہی الفاظ ہماری زبان
پر آئیں تو جو لوگ ادراک اور تمیز میں پایۂ بلند رکھتے
ہیں ، ان کو گراں اور موجب تنفر طبیعت سمجھتے ہیں ۔

اور یہ گرانی خواہ بہ اعتبار واقع کے ہے، خواہ اس سبب سے کہ ہم کو اُن الفاظ سے اُنس باقی نہیں رہا اور ظاہر امر ثانی ہے، کس واسطے کہ ہم دیکھتے ہیں کہ اردو میں بعضے الفاظ ہندی ایسے مستعمل ہیں کہ حالت انفراد میں مکروہ اور ترکیب میں مقبول ہیں، مثلاً 'بھلا' 'اچھے' کی جگہ اور 'چنگا' 'تندرست' اور 'مانس' 'آدمی' کی جگہ علیحدہ استعمال کریں اور یوں کہیں کہ 'وہ چیز بھلی' یا 'وہ مکان بھلا ہے'، اور 'وہ شخص چنگا ہے'، یا 'ایک مانس آیا تھا'، تو کس قدر مکروہ اور ناگوار معلوم ہوگا اور 'بھلا آدمی' اور 'بھلا چنگا' اور 'بھلا مانس' فصیح اور مستعمل ہے اور بعضے الفاظ فارسی مفرد مکروہ اور جمع مرغوب ہیں، مثلاً یوں نہیں کہتے کہ 'صد آدمی اور لکھ آدمی آئے تھے' بلکہ 'صدہا آدمی اور لک ہا آدمی آئے تھے۔ یہ صرف اسی سبب سے ہے کہ اُس طرح مانوس نہیں اور اس طرح مانوس ہیں، اسی واسطے کہتے ہیں کہ الفاظ مانوس الاستعمال چاہییں۔

اس صورت میں اہل زبان کو تو یہ چاہیے کہ بنائے سخن اُن الفاظ پر رکھیں کہ عہد حال میں مستعمل ہوں، اگرچہ قدما نے اور طرح سے استعمال کیا ہو۔ ان کو صرف اپنی جماعت کے روز مرہ کی طرف رجوع کرنا صحت محاورہ کے واسطے کافی ہے اور مقلد اور متتبّع کو اہل زبان کے محاورے کی تلاش ضروری[1] ہے، تاکہ نقد سخن بوتۂ امتحان میں کامل عیار اور میزان قبول میں صاحب اعتبار ہو جاوے اور یہ معلوم رہے کہ متتبّع اور مقلد سے فقط اور سک کا آدمی مراد نہیں ہے بلکہ جب اہل شاہ جہاں آباد کی زبان

---

۱ - نول کشوری نسخے میں ''ضرور'' ہے -

اصل اور منشاء قرار دی گئی ہے تو ہند کے اطراف کے لوگ اگرچہ اکبر آباد و بنارس حتیٰ کہ کان پور اور لکھنؤ کے رہنے والے ہوں، سب دائرۂ تقلید اور احاطۂ تتبّع سے خارج نہیں ہو سکتے ۔ پس باشندۂ شاہ جہان آباد کو استعمال الفاظ اور اختیار روز مرہ میں صرف اپنے محاورے پر اعتماد چاہیے نہ اطراف کی زبان اور نہ قدما کے استعمال پر اور متتبّع کو چاہیے کہ نہ اپنی زبان کا پیرو ہو اور نہ قدما کا بلکہ اس خاک پاک کے روز مرہ کو عیار سخن اور میزان ہنر قرار دے کر اس زبان کی جادۂ تقلید سے انحراف اختیار نہ کرے ۔ جو کہ متتبّعان زبان فارسی کی عادت اس طرح کی دیکھی جاتی ہے کہ محاورہ و استعمال الفاظ میں کلام قدما کی سند کو کافی جانتے ہیں تو جو لوگ مسالک نفس الامر سے ناواقف ہیں بعضے مقام میں پہلے شعرا کی اتباع سے روزمرہ کے خلاف گامزن ہوتے ہیں؛ چنانچہ بعضوں نے شعر سودا کے دست آویز سے خلش کو مذکر استعمال کیا، سودا کا شعر یہ ہے:

زباں ہے شکر میں قاصر شکستہ بالی کے
کہ جس نے دل سے مٹایا خلش رہائی کا

اور یہ نہیں جانتے کہ ہندی نژادان فارسی خوان کو تحقیق محاورۂ حال سے دو امر مانع ہیں: ایک یہ کہ بہ سبب بعد مسافت کے اس دیار دور دست میں پہنچ کر اہل زبان سے بلاواسطہ تحقیق نہیں کر سکتے اور دوسرا یہ کہ زبان دانان عہد حال کا کلام ان امکنۂ بعیدہ سے یہاں تک پہنچ نہیں سکتا ۔ اقتضائے مقام چاہتا تھا کہ کہاں فصیح اور غیر فصیح بہ تفصیل لکھے جاویں تا کہ مقلدین سراپا انصاف مستفید اور متتبّعین بے اعتساف مستفیض ہوں لیکن

اطناب سخن مانع ہوا۔ ناچار اسی قدر افادے پر اختصار کیا اور چاہا کہ مقصد ثانی کی راہ میں گام زن ہو، لیکن بعضے احباب متقاضی ہوئے کہ اگر اس فائدۂ جلیلہ سے مستفیضان شوق سرشت محروم رہے، بارے وہی الفاظ اس جگہ لکھے جاویں کہ اپنی اصل سے جدا ہو کر زبان آردو میں مستعمل اور کچھ کچھ عوام اور بعض خواص کی زبان پر جاری ہیں، تاکہ ''مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ'' کا مضمون متحقق اور شوق استفادہ فی‌الجملہ حصول مرام کا سپاس دار ہو۔ ناگزیر ہر چند اس قسم کے لفظ غیرمتناہی اور حصر و شمار سے افزوں ہیں لیکن مختصراً چند لفظ مرقوم کیے جاتے ہیں کہ ''مشتے نمونہ از خرمنے'' مشہور اور زبان خاص و عام پر مذکور ہے۔

اول وہ لفظ جو مستعمل ہے اور اس کے بعد اس کی اصل مرقوم ہوتی ہے: 'ابا' الف مفتوح اور بائے مشدد مع الالف سے 'پدر'؛ اب لفظ عربی سے 'اترانا' 'اطراء' ہمزہ مکسور اور طائے مہملہ مع الف سے ستائش میں مبالغہ کرنے کو کہتے ہیں؛ 'اجوائن' دوائی مشہور، 'جوانی' جیم مکسور سے، 'اخ تھو'، ہائے مخلوط سے، اخ و تف یا 'اخ' و 'تھو' ضم ہائے ہوز سے، 'ارداوہ' آردابہ، یعنی 'آرد پانی میں خمیر کیا ہوا کہ گھوڑوں کو کھلایا جاوے، لیکن اب خصوصیت 'آرد' کی باقی نہیں رہی۔ 'افراتفری' 'افراط 'تفریط' 'آلی بالی' 'آرے بلے' اور بعضے 'آلے بالے' کی جگہ 'ٹالے بالے' بھی کہتے ہیں، 'اما' یعنی مادر 'ام' ہے کہ لفظ عربی ہے۔ بانھ گیر، با رگیر، بجاز، پارچہ فروش، بزاز۔ 'پجاوہ ہائے' فارسی اور جیم تازی وہ جگہ جس میں خشت پکائی جاوے۔ 'پژادہ پویش' یائے تحتانی سے، 'بوش' یعنی

'دورشو'- بھارکس ھاے مخلوط اور آخر سین مہملہ، ارابہ کلاں بارکش - بھنی بھنی متوسط الحال مثلاً آواز بھنی بھنی یا رنگت بھنی بھنی، بین بین - بھانا اور بھننی نون مشدد سے آلہ سنگ تراشی فانہ- تارتلا لام مشود سے تارطلا، ٹاٹ بافی تار بی ھے، تشنہ بمعنی طعنہ تشنیع ھے، تانا مقابل بانے کے شاید اصل اس کی تار یا تان نون سے ھو کہ تار کا مبدل ھے. جیسے اس مصرعے میں ع ''تا خلعت وجود ترا بود و تان کند'' اور شاید کہ لفظ جداگانہ ھندی ھو - تپسی باے فارسی اور سین مہملہ مع الیا سے مجاھدہ، غالباً تپاس سے بنا لیا ھے کہ تبس فارسی میں گرمی کی ھلاکت سے بےخود ھونے کو کہتے ھیں اور جو کہ یہ لفظ زبان بھاکا میں مستعمل ھے، غالب کہ توافق لسانین کے قبیل سے ھو - تھوک شاید لفظ تھو کے کے ساتھ کاف لاحق ھوگیا ھے اور ھاےھوز کو مخلوط استعمال کرلیا ھے- توتیہ تمہید توطیہ، توبہ تنسوا توبۃالنصوحا، تانشہ ساز معروف طاس، چلمچی چیلابچی یاے تحتانی درمیان جیم فارسی اور لام کے اور باے فارسی درمیان الف اور جیم فارسی دوم کے اور یہ لفظ ترکی ھے- جازم جاجم دو جیم سے، جھک جھک بک بک، جق جق و بق بق، مولوی روم فرماتے ھیں:

اهل دنیا کافران مطلق اند

روز و شب در جق جق و در بق بق اند

'جھکندن' عجب نہیں کہ 'جان کندن' سے بنایا گیا ھے، جھاڑو جاروب میں تصرف ھوا ھے یا جارو میں کہ اس کا مخفف ھے- خیر سلا لام مشدد سے خیروصلاح ھے، خشخت بارچۂ چار گوشہ کہ جامے کی بغل کے نیچے یا تنبان میں لگاتے ھیں - خشتک، دم درود، دم ودود، دائی دایہ، راج معمار

زرجاله زاله، زری،گوٹه زری کہنه، زلفی زرفین، زرغل جرغل که لفظ عربی ہے سڑک رائے مثقله ہندی سے راہ بزرگ، شرک[1] شین معجمه سے، لفظ عربی سوز فاخته تل معروف اصول فاخته سنبل خار اور سنبل کہار سم الفار، سریش سریشم، شروا شوربا، شوله طعام معروف شله، شتا تائے مشدد سے زن بے حیا شطاح، صدقه سله سین مہمله اور لام مشدد سے، صدقه و صله صلاح صلاء، طعنه منه لفظ سنه مہنته ہے تائ مصدری سے بمعنی خواری کے ضعن تشنعه طعن و تشنیع، طعن طروز طعن و طنز، غرقش غرنبش، قلانچ مفلس قلاش قبور قربوس یعنی کوهرزین، کھو دہائے مخلوط سے سود کے وزن بر خوید، کھیسه کیسه، کلانچ کاف مضموم اور نون غنه درمیان لام اور جیم فارسی کے جست قلاچ، کھوسه، ہائے مخلوط سے بے ریش کوسه، مگنهم میم مضموم اور کاف فارسی مشدد اور ہائے مخلوط سے مبہم، معریز مہمیز، میدرزن بمعنی جس کو سوتیلی ماں کہتے ہیں ما یدر، مکهنا ہائے مخلوط سے مقنع نوبنات رسم معروف نبات نوج نون مفتوح اور واو ساکن اور جیم تازی سے غالباً نعوذ سے بنایا ہے که صیغهٔ متکلم مع الغیر ہے، ہونق احمق، ہنق حقیقت میں ابن ہنق ہے، ہمام دسته هاون دسته۔

ان الفاظ کی تحریر سے فارغ ہو کر دوسرے مقصد کی طرف ملتفت ہوتا ہوں که منتظران مقصود کی شکایت سے نجات اور طالبان اختصاردوست کے طعنے سے رہائی حاصل ہو۔

۱۔ نسخه مطبوعه نول کشور ۱۲۹۹ھ میں ''شریک'' ہے۔

مقصد دوسرا

حد شعر اور موجد اشعار اور عروض و قافیہ کے بعض فوائد کا ذکر

دانش مندان خبیر پر واضح ہو کہ از بس یہ مقصد چار مطلب پر اشتمال رکھتا ہے ، ان مطالب کو چار فصل میں مسطور کرتا ہوں اور ہر فصل کو مطلب کے نام سے مذکور۔

پہلا مطلب حد شعر : جاننا چاہیے کہ شعر لغت میں جاننے کو کہتے ہیں یعنی دانستن اور اصطلاح میں کلام موزوں مقفیٰ کو ۔ جو کہ شعر کی تعریف کے تین جز ہیں کلام اور موزوں اور مقفی ، کلام اور وزن اور قافیے کے معنی کا بیان واجب ہوا تاکہ تعریف کما ینبغی دل نشین اور خاطر سامع میں جا گزین ہو جاوے ۔ اس واسطے لکھا جاتا ہے کہ کلام علم نحو کی اصطلاح میں ان دو کلمے یا زیادہ کا نام ہے کہ اسناد رکھتے ہوں ، یعنی ایسی نسبت کہ مخاطب کو بعد سکوت قائل کے فائدۂ تامہ حاصل ہو جاوے ۔ اور اس کو مرکب مفید بھی کہتے ہیں ، جیسے زید قائم ہے ۔ لیکن تعریف مذکور میں یہ معنی مراد نہیں بلکہ کلام سے مطلقا الفاظ بامعنی مراد ہیں ، اسناد پر مشتمل ہوں یا نہ ہوں ۔ اسی واسطے بعضے اس تعریف میں بجاے کلام کے الفاظ بامعنی ایراد کرتے ہیں تا مرکب غیر مفید بھی ، بشرط وزن و قافیہ ، شعر کی تعریف مین داخل رہے جیسے یہ شعر :

وہ شوخ ستم کیش کہ اغوائے عدو سے
عاشق کی دم مرگ بھی بالین پہ نہ آیا

اور یہ تاویل اس واسطے ہے کہ اگر معنی اصطلاحی

مراد ہو تو چاہیے کہ یہ مرکب تتمہ عبارت کے ساتھ ایک شعر ہو اور حال یہ ہے کہ وہ دو شعر ہوں گے نہ ایک شعر - اس واسطے کہ عرف میں ہر واحد کو شعر کہتے ہیں - اگرچہ احتمال ہے کہ ان دو عبارت موزوں سے ایک کو بہ اعتبار مجاز کے شعر کہتے ہوں ، نہ بہ اعتبار حقیقت کے ، لیکن مذہب جمہور اول ہے نہ ثانی اور لفظ عام ہے کسی زبان سے ہو ، اگرچہ وہ صاحب زبان اس کلام موزوں کو اور نام سے اشتہار دے ، مثلاً دوہرہ اور کبت کہ اس اصطلاح کے موافق اطلاق شعر کا ان پر صحیح ہے ، جیسے کلام یعنی مرکب مفید کا اطلاق عبارت سنسکرت پر بھی درست ہے گوکہ زبان ہند میں اس کو اشلوک کہیں اور وزن سے اس مقام میں وہ ہیئت مراد ہے کہ حرفوں کی حرکات اور سکنات اور آن حرکات اور سکنات کے عدد و مقدار کی تنسب سے اس طرح پر حاصل ہو کہ نفس کو اس کے ادراک سے ایک لذت خاص بہم پہنچے - اور جیسے الفاظ عام تھے ، وزن بھی عام ہے ، یعنی شعر خواہ وہ اوزان رکھتا ہو کہ عرب نے آن میں شعر کہے ہیں ، خواہ اور کوئی وزن - اگر یہ بات نہ ہوتی تو لازم آتا کہ وہ اشعار کہ بحور مخصوصہ اہل فارس میں موزوں ہوں ، شعر نہ ہوں اور یہ خلاف مشہور ہے - یہ قول بھی اسی پر دال ہے کہ دوہرہ اور کبت پر اطلاق شعر صحیح ہے - یہاں سے معلوم ہوا کہ ابواسحاق زجاج کا قول ، یعنی 'جو اوزان عرب پر نہ ہو شعر نہیں ہے' قبول کی صلاحیت نہیں رکھتا اور محققین کے نزدیک وزن میں قصد اور تعمد معتبر ہے اور تعمد سے مراد یہ ہے کہ وزن بالذات مقصود ہو اور بلاغت کلام

بالعرض ، نہ یہ کہ بلاغت کلام بالذات مقصود ہو اور وزن بالعرض جیسے بعضی آیات کلام الٰہی اور احادیث حضرت ختمی پناہی کہ اُن میں مقصود بالذات یہ ہے کہ اداے معنی کلام بلیغ سے وقوع میں آوے اور احداث وزن اس میں بالعرض ہے یا متوسطین کی طرح بے بحسب عادت کلام کریں اور اتفاقاً وہ کلام موزوں واقع ہو جاوے، جیسے کہ ہم الکن زبانان دبستان بیان اور پا شکست گان زوایاے امکان کا کلام کہ گہ گہ حلیۂ وزن سے محلی ہو جاتا ہے اور ہم کو اس کے وزن سے تکلم کے وقت قطعاً آگاہی نہیں ہوتی ۔ اس معنی پر سکاکی علیہ الرحمۃ نے عروض مفتاح میں تصریح کی ہے ۔ پس یہ دونوں قسم حد شعر سے خارج ہیں ۔

اور قافیہ وہ چند حرف ہیں کہ فقط اشعار کے اخیر میں جیسے قدما کا مذہب ہے ، یا مصاریع اور اشعار میں سے کسی کے اخیر میں جیسے متاخرین کا اعتقاد ہے، بے استقلال اور واجب التکرار سے ہوں ، یعنی ان کی تکرار سے ،گزیر نہ ہو ، مثلاً اشعار یا مصاریع کے اخیر میں ''اقرار'' اور ''کار'' واقع ہو۔ ان میں الف اور رائے مہملہ کی تکرار ناگزیر ہے ۔اگرچہ ''اقرار'' کے کاف اور ہمزے کے مقابل دوسرے لفظ میں کوئی حرف ہو یا نہ ہو اور بے استقلال کی قید سے ''اقرار'' کی راے اول اور''کار'' کا کاف قافیے کی تعریف سے خارج ہو گیا ، کس واسطے کہ اگر حروف مکرر کا استقلال معتبر ہو ، تو ردیف تعریف قافیہ میں داخل ہو جاوے کہ وہ یا مستقل ہوتی ہے یا مستقل کے حکم میں ۔ اگر کوئی کہے کہ ردیف متحداللفظ و المعنی ہوتی ہے اور قافیے میں اختلاف معتبر ہے ، تو ہم کہتے ہیں کہ محققین کے نزدیک ردیف میں اتحاد معنی ضرور نہیں ۔ اس

واسطے کہ لفظ ''چنگ'' مثلاً بعد قافیے کے بے شک ردیف ہے اگرچہ دونوں جگہ معنی مختلف رکھتا ہو۔

جب یہ بحث معلوم ہوئی تو اب اس تعریف کے قیود کا فائدہ دریافت کیا چاہیے کہ قید کلام سے ایقاع یعنی تال اور عبارت ۔ معنی اور موزونی کی قید سے نثر اور قافیے کی قید سے کلام موزوں ۔ قافیہ شعر کی تعریف سے خارج ہو گئے ۔ کس واسطے کہ عبارت نثر اگرچہ معنی اور قافیہ کھتی ہو لیکن بحسب اصطلاح اس کو شعر نہیں کہتے اور یہی حال ہے قیود باقی کا ۔ حاصل یہ ہے کہ ان قیود سے جو قید مفقود ہو جاوے ، اس عبارت پر شعر کا اطلاق صحیح نہ ہو گا اور وزن میں تعمد و قصد کے اعتبار سے آیات و احادیث اس تعریف سے خارج ہو گئیں اور جو کہ ان دونوں کلام معجز نظام میں وزن اولاً و بالذات مقصود نہیں ہے ''ماعلمناہ الشعر'' وارد ہوا یہ مطلب ہے اس عبارت کا کہ جناب مستطاب استادی و مولائی مولوی امام بخش صہبائی سلمہ اللہ تعالی نے رسالہ ''وافی'' میں قلم جوہر رقم سے تحریر فرمائی۔

دوسرا مطلب ذکر موجد اشعار : بعضے ارباب تواریخ لکھتے ہیں کہ ایجاد شعر کا حضرت آدم علی نبینا و علیہ السلام سے وقوع میں آیا ہے ۔ جس وقت قابیل نے ہابیل کو قتل کیا حضرت با برکت نے اس کے مرثیے میں چند شعر فرمائے ۔ جو کہ وہ اشعار عربی ہیں ، عبارت اردو میں ان کا ایراد مناسب معلوم نہ ہوا ۔ وہ اشعار کثرت شہرت سے اس مقام کی تحریر سے مستغنی ہیں ۔ اس قول کے موافق صائب[1] تبریزی کہتا ہے :

---

۱ - نول کشوری نسخے میں ''صاحب'' ہے ۔

هر که اول شعر گفت آدم صفی الله بود
طبع موزوں حجت فرزندے آدم بـود

ور ''تذکرۂ دولت شاہی'' میں مرقوم ہے کہ ابو علی مسکو یہ رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب ''داب‌العرب و الفرس'' میں اس قصیے کو اس طرح سے بیان کیا ہے کہ حسین ابن علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میرے باپ یعنی حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہ کوفے کی مسجد جامع میں تھے - اھل شام میں سے ایک شخص نے کھڑے ھو کر کہا کہ اے امیرالمومنین پہلے کس نے شعر کہا ہے؟ آپ نے فرمایا ''آدم علیہ السلام نے'' - اس نے پوچھا ''وہ کون سے شعر تھے؟'' فرمایا ''جب حضرت آدم آسمان سے زمین پر نازل ھوئے تو زمین کی خاک اور وسعت اور ھوا کو دیکھا اور قابیل نے ھابل کو قتل کیا، پس شعر کہا اور ان اشعار کو اس کے آگے نقل کیا'' - تاریخ خمیس کے مصنف نے لکھا ھے کہ ابن اثیر نے کتاب ''کامل التواریخ'' میں اور ''زین‌القصص'' وغیرہ کے مصنفوں نے حضرت آدم کے اشعار نقل کیے ھیں - لیکن صاحب ''کشاف'' نے کہا ھے کہ اسناد اشعار کی اس حضرت نبوت مرتبت کی طرف کذب محض اور افترائے بحت ہے - اور امام فخرالدین رازی نے صاحب ''کشاف'' کی تصدیق کی - اور ''معالم‌التنزیل'' میں ان اشعار کی نقل کے بعد مذکور ہے کہ میمون ابن مہران نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ جو شخص کہتا ھے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے شعر کہا ہے، اس نے اللہ اور اللہ کے رسول پر بہتان باندھا، کس واسطے کہ ھمارے حضرت صلعم اور سب انبیاء شعر کی نہی میں داخل ھیں، مگر جب کہ قابیل نے ھابیل کو قتل

کیا ، آدم علیہ السلام ۔ نے سریانی میں اس کا مرثیہ کہا اور شیث نے اپنے بیٹے سے فرمایا کہ اس کو یاد رکھ تاکہ ہماری اولاد میں متوارث ہو اور یہ عبارت نقل ہوتی چلی آئی حتیٰ کہ یعرب ابن قحطان کے پاس پہنچی اور وہ زبان سریانی اور عربی دونوں میں کلام کرتا تھا اور عربی میں اول تکلم اسی نے کیا ہے اور شعر بھی کہتا تھا ۔

''قاموس'' میں مرقوم ہے کہ عربی میں پہلے پہل ۔ یعرب بن قحطان نے تکلم کیا ہے ۔ اس نے جب مرثیے کو دیکھا اس میں تقدیم و تاخیر کر کے دو شعر موزوں کیے اور چند بیتیں اور زیادہ کر دیں ۔ یہاں تک خمیس کی عبارت کا ترجمہ ہے ۔ اس عبارت سے اس قدر معلوم ہوتا ہے کہ وہ مرثیہ کہ الفاظ سریانی میں حضرت آدم کی زبان سے صادر ہوا ، نثر تھا اور یعرب نے اس کو عربی میں موزوں کیا اور یہ معلوم نہ ہوا کہ اشعار کا موجد بھی وہی ہے ۔ لیکن سیفی نے اپنی کتاب ''عروض'' میں قاسم ابن سلام بغدادی رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ شعر عربی اول یعرب بن قحطان نے کہا اور شمس فخری اصفہانی کہ اساتذۂ قدیم اور ثقات علم عروض سے ہے ، ''معیار جمالی'' میں قاسم بن سلام بغدادی سے صریح تر روایت کرتا ہے کہ بعد طوفان کے زبان عربی یعرب بن قحطان سے منتشر ہوئی ، جو کہ اس کو اسجاع اور قوافی کی طرف نہایت التفات تھی ، فقرات عربی کہنے میں جو جو مصرعے موزوں ہو جاتے ، اپنی تیزی فہم سے ان کو معلوم اور موزوں اور نا موزوں میں تمیز کرتا اور بدیہ دو شعر عربی کہ کر ایک مجلس میں کہ اس قبیلے کے اکابر اور اعیان جمع تھے ، پڑھے ، سب نے کہا

''ما هذاالترتیل الذی ما انا شعرنا بک قبل یومنا هذا'' یعنی یہ کیا ترتیب کلام ہے کہ ہم نے تجھ سے ایسا سخن اج سے پہلے نہیں سنا ۔ اُس نے جواب دیا ''وانا ایضاً ما شعرت بہ من نفسی قبل یومی ہذا'' یعنی میں خود بھی آج سے پہلے اُس در مطلع نہیں ہوا ۔ جو کہ بے واسطہ تعلیم و تعلم کلام منظور پر شعور ہوا ، اس کلام کا نام شعر اور قائل کا نام شاعر ہوگیا۔ یہاں تک ترجمہ ''معیار جمالی'' کا اور جو کہ اکابر قبیلہ اور یعرب کے کلام میں کلام منظوم کے باب میں ''ما شعرنا'' اور ''ما شعرت'' وارد ہوا، شایداس مناسبت سے اُس کا نام شعر مشہور ہو گیا ہو ۔ بہر کیف اس سے یہ دریافت ہوا کہ اشعار عربی کا موجد وہی ہے ، نہ یہ کہ شعر کا وجود اُس سے پہلے مطلق نہ تھا ۔

اور ''تذکرۂ مرات الخیال'' میں مرقوم ہے کہ ایک طائفے کا یہ مذہب ہے کہ یمن میں ایک شخص اشعرابن سبا نام عربیت میں مہارت تام رکھتا تھا ، اکثر کلام اس کی زبان سے موزوں صادر ہوتے ؛ جو کہ اس کا نام اشعر تھا اس کے مقولات کا نام شعر ہوگیا، پھر جب اوروں نے اُس وضع پر سخن طرازی کی، اس پر شاعر کا اطلاق کیا ۔ اس وقت سے یہ حرف رائج ہو گیا ۔ اس سے معلوم ہوا کہ عربی شعر کی ابتدا اشعر سے اور شعر کا نام اس کے اسم سے مشتق ہے، واللہ اعلم بالصواب ۔ شمس فخری نے حضرت آدم کے ساتھ ان اشعار کے منسوب نہ ہونے کی وجہ ''معیار جمالی'' میں یہ بیان کی ہے کہ ان کی زبان سریانی تھی ۔ اگر شعر گوئی کی روایت صحیح ہے تو انھوں نے وہ بیتیں زبان سریانی میں کہی ہوں گی اور اہل تواریخ نے عربی میں ترجمہ کر لیا ، انتہیٰ ۔ ظاہرا

یہ وجہ کافی نہیں، کس واسطے کہ ابن عساکر کی روایت سے اصل زبان آدم کی عربی ہے، جیسے مقدمہ میں مزکور ہوا۔

اور تواریخ میں منقول ہے کہ شعر فارسی کی ابتدا بہرام گور سے ہے، اس کی وجہ یوں منقول ہے کہ ایک عورت صاحب جمال دلارام نام کہ نکتہ دان اور بذلہ سنج تھی، بہرام کے پاس شکارگاہ میں حاضر تھی۔ بہرام نے اس کے سامنے شیر کو گرفتار کیا اور غایت تفاخر سے یہ مصرع اس کی زبان پر گزرا:

منم آن پیل دمان و منم آن شیر یلہ

جوکہ اکثر یوں اتفاق ہوتا تھا کہ جوکہ بہرام کہتا، دلارام بدیہہ اس کا جواب دیتی، اس وقت بہرام نے کہا کہ تو اس کا جواب بھی دے سکتی ہے؟ دلارام نے یہ مصرع موزوں کیا: ع

نام بہرام ترا و پدرت بو جبلہ

اشعار فارسی کی اصل یہی بیت ہے اور سیفی نے لکھا ہے کہ شعر فارسی کی ابتدا ابو حفص حکیم سغدی سے ہے۔ اس کی بیت اول یہ ہے:

آھوے دشتی است در کوہ چگونہ دودا
چون ندارد یار بی یار چگونہ رودا

اور شمش فخری نے ''معیار جمالی'' میں لکھا ہے کہ اکابر عصر نے بہرام کو شعر کے کہنے سے منع کیا کہ جو بنائے شعر کذب پر ہے بادشاھوں کو سزاوار نہیں کہ حرف دروغ سے زبان کو آلودہ کریں اور اس کو اس شغل سے

باز رکھا ۔ بعد اُس کے شعر فارسی ابو حفص حکیم سغدی نے کہا ۔ لیکن خان آرزو نے ''مثمر'' میں ''دبستان مذاہب'' سے نقل کیا ہے کہ آبادیوں کے زمانے میں ایک بادشاہ تھا فرھوش نام ۔ اس کے عہد میں سخن پیوند یعنی شعرا بے قیاس تھے ۔ ان میں سے سات شاعر ایسے تھے کہ ھفتے میں ایک ایک روز اس کے سامنے اشعار گزرانتے تھے ۔ وہ بادشاہ روز یک شنبہ میں کہ اُس کو خورشید روز کہتے ھیں ، حمام کر کے عیکل آفتاب میں گیا اور بعد پرستش کے گھر آیا ۔ ایک شاعر شندوس نام ھمراہ تھا ۔ جو کہ بادشاہ یزدانیوں کے مذھب کے موافق زندبار یعنی حیوانات غیر موذی کے قتل کرنے سے مجتنب تھا ، اُس کے کھانے کے واسطے خشکہ اور ماش مقشر کی دال حاضر کی ۔ اس نے شندوس سے پوچھا کہ یہ کھانا کس طرح کا ہے ؟ شندوس نے دال کے حق میں کہا کہ شاید کفارۂ گناہ کے واسطے برھنہ ھوئی ہے ۔ بادشاہ نے خوش ھوکر اس کے دھن کو جواھر سے پر کر دیا ۔ اُس بادشاہ کی بی بی شکر نام بھی حاضر تھی ۔ شاعر پر عاشق ھوئی اور شب کے وقت کسی حیلے سے اس کے گھر گئی ۔ اتفاقاً بادشاہ بھی آگاہ ھو کر متعاقب وھیں پہنچا ۔ شاعر نے اول بہت عذر کیا اور بعد اُس کے کہا کہ عورت کسی سے خوف نہیں کرتی ، عورت سے ڈرنا چاھیے ؛ تو فرھوش سے بادشاہ کو چھوڑ کر مجھ سے نوکر کے ساتھ مواصلت کی طالب گر ہے ۔ ناچار عورت مایوس ھو کر اپنے گھر چلی آئی ۔ صبح کے وقت شندوس دربار میں حاضر ھوا ، بادشاہ نے اُس سے کہا ''اگر سچ نہ کہے گا ، مارا جاوے گا ۔ تو نے یہ کیا کہا تھا کہ عورت کسی سے نہیں ڈرتی'' ۔ شندوس نے جواب دیا کہ :

زن شاہ است در داوٗر گردا
گزر کرد و نہ دارد بیم از کس

بادشاہ اس بات سے خوش ہوا اور 'شکر' اس کو عطا کی ۔ داور شاپور کے وزن پر شجاعت اور گردا کاف فارسی سے فردا کے وزن پر دریائے محیط کو کہتے ہیں۔ ترجمہ اس کتاب کا تمام ہوا ۔ اس سے معلوم ہوا کہ بہرام سے پہلے بھی شاعر موجود تھے بلکہ اگر آبادیوں کی سلطنت کا زمانہ جیسے کہ مقدمے میں مذکور ہوا ، پایۂ اعتبار میں رکھا جاوے ، آدم ابوالبشر علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پہلے وجود شعرا کا متحقق ہوتا ہے ، اعوذ باللہ من ھفوات اللسان و اباطیل البیان :

سخن گو چو گوہر بر آرد فروغ
چو نا باور افتد نماید دروغ

تیسرا مطلب عروض میں : جاننا چاہیے کہ عروض ایسا علم ہے کہ اس سے شعر کا صحیح اور سقیم دریافت ہوتا ہے ۔ شمس فخری نے ''معیار جمالی'' میں لکھا ہے ''عروض مشتق ہے عارض سے اور عارض وہ شخص ہے کہ لشکر کو بادشاہ پر عرض کرے ۔ جو کہ شعر کے نیک و بد کا عرض شاعر پر اس علم سے ہوتا ہے ، اس کا نام عروض مقرر کیا ہے'' اور سیفی نے کتاب عروض میں لکھا ہے ''عروض مکۂ معظمہ کا اسم مبارک ہے ۔ جو کہ خلیل ابن احمد اسی خاک پاک میں علم عروض کے ساتھ ملہم ہوا تھا ، تیمناً اس علم کا نام عروض رکھا ۔'' ان دونوں کتاب میں نام کی وجہ متعدد مذکور ہیں ، لیکن راقم نے اختصار کی رعایت سے انہیں دو قول

پر قناعت کی۔

مخفی نہ رہے کہ شعر کلام موزوں ہے جیسے کہ دریافت ہوا اور ہر موزوں کو میزان سے ناگزیر ہے کہ اُس کے وسیلے سے وزن اشعار کا معین ہو جاوے۔ اس واسطے علم عروض کو شعر کے واسطے میزان مقرر کیا ہے اور ماہیت وزن کی اول دریافت ہو چکی ہے۔ وزن کے دریافت کی کیفیت یہ ہے کہ چند الفاظ معین کیے ہیں، اُن کو ''ارکان شعر'' کہتے ہیں اور اُن الفاظ کو لفظ ''فعل'' سے مشتق کیا ہے۔ اس واسطے کہ جو فا اور عین اور لام اوزان صرفی میزان ہے، اقتضاے مناسبت سے چاہا کہ اوزان عروضی کی میزان بھی اسی لفظ سے اشتقاق کی جاوے کہ اُن حروف کا جامع ہوتا کہ تسمیہ میزان کا اُن کلمات پر لفظاً اور معناً راست آ جاوے اور اس اشتقاق کی مناسبت سے ان الفاظ کو افاعیل اور تفاعیل بھی کہتے ہیں۔ جب یہ بات معلوم ہوگئی تو اب جاننا چاہیے کہ افاعیل بہ اعتبار صورت کے آٹھ ہیں اور بہ اعتبار واقع کے دس، لیکن اس کی کیفیت کما ینبغی جب دریافت ہوگی کہ ان کے اجزا پر اطلاع حاصل ہو۔

پوشیدہ نہ رہے کہ ارکان اور افاعیل کی ترکیب تین جزو میں منحصر ہے: ایک دو حرفی اور یہ یا اس طرح سے ہے کہ اول متحرک ہو اور دوسرا ساکن، جیسے گر اور بر، یا دونوں متحرک ہوں جیسے ''ار'' الف اور رأ مہملہ مفتوح سے۔ اس دو حرفی جز کو سبب کہتے ہیں۔ اس واسطے کہ سبب لغت میں رسن ہے اور رسن غالباً دوتا ہوتی ہے۔ قسم اول کو سبب خفیف کہتے ہیں کہ ایک متحرک سے آغاز کر کے دوسرے ساکن پر توقف کرنا تلفظ میں سبک

ہے اور دوسری قسم کو سبب ثقیل کہ تلفظ دونوں متحرک کا بہ نسبت اول کے گراں ہے ۔ دوسرا سہ حرفی اور یہ بھی یا اس طرح ہے کہ دو حرف متواتر متحرک اور تیسرا ساکن ہو ، جیسے بکن ، یا دو متحرک میں ایک ساکن فاصل ہو جیسے قال فعل ماضی ، اس جزو کو وتد کہتے ہیں اور وتد لغت میں میخ ہے ۔ جو کہ میخ بہ نسبت رسن کے زیادہ قوی ہوتی ہے اور کلمہ سہ حرفی بھی دو حرفی سے قوت میں زیادہ ہے ۔ اس واسطے اس نام سے مسمّٰی ہوا ۔ اول کو وتد مقرون اور وتد مجموع کہتے ہیں کہ دو متحرک باہم اور نزدیک ہیں اور دوسرے کو وتد مفروق کہ ایک ساکن نے دو متحرک میں فرق کر دیا ہے ۔ تیسرا چہار حرفی یا پنج حرفی کہ تین یا چار حرف متواتر متحرک اور چوتھا یا پانچواں ساکن ہو ، جیسے ''بکنی'' یا ''بدل من'' لام کے کسرے سے اس کو فاصلہ کہتے ہیں اور فاصلہ لغت میں ستون ہے ۔ یہ معنی کتب عروض سے منقول ہے ، والّا کتب لغت سے مستفاد نہیں ۔ بہر کیف جو کہ ستون میخ سے قوی تر ہے ، اس واسطے اس جز کو فاصلہ کہا اور شاید فاصلہ اس واسطے کہتے ہیں کہ ستون میخ سے دراز ہوتا ہے اور یہ کلمہ بھی سہ حرفی سے دراز تر ہے اور جو کہ یہ جز دو قسم ہے ، چہار حرفی کو کہ پنج حرفی سے با اعتبار ایک حرف کے کم ہے ، فاصلہ صغریٰ کہتے ہیں اور پنج حرفی کو چہار حرفی سے باعتبار ایک حرف کے زیادہ ہے 'فاصلہ کبریٰ' اور ابراہیم بن عبدالرحمان عروضی اول کو فاصلہ صاد سہملہ سے کہتا ہے ، اور دوسرے کو فاضلہ ضاد منقوطہ سے ۔ اس واسطے کہ فضل لغت میں زیادتی ہے اور پنج حرفی

باعتبار ایک حرف کے زیادہ ہے اور ابن خباز کہتا ہے کہ بعضے ان دونو قسم کو فاضلہ ضاد معجمہ سے کہتے ہیں ، کہ دونو وتد سے فضل اور زیادتی رکھتے ہیں ۔ اول باعتبار ایک اور دوسرا باعتبار دو حرف کے ۔ لیکن امتیاز کے واسطے چہار حرفی کو صغریٰ اور پنج حرفی کو کبریٰ کے ساتھ مقید کرتا ہے ۔ پوشیدہ نہ رہے کہ بعضے فاصلہ کو جز علحدہ شمار نہیں کرتے ۔ بلکہ کہتے ہیں کہ فاصلہ صغریٰ سبب ثقیل اور سبب خفیف سے مرکب ہے اور فاصلہ کبریٰ سبب ثقیل اور وتد مقرون سے ۔ پس اجزائے ارکان واقع میں دو ہیں ۔ لیکن ماہران فن اور واقفان سخن پر واضح ہے کہ یہ تسمیہ اصطلاحی ہے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ فاصلہ آن اجزا سے واقع میں مستفاد نہیں ہے ۔ اہل فن نے بطریق توسیع کے یہ اصطلاح مقرر کی ہے کہ سبب ثقیل کے بعد جب سبب خفیف یا وتد مجموع واقع ہو تو اس کو فاصلہ کہیں ، جیسے متفا بحر کامل اور علتن وافر میں اور اگر کوئی سبب وتد مفروق کے ساتھ مرکب ہو تو آن اجزا کو انہیں کے نام سے مذکور کریں ۔ مثلاً فعلات ضم تا سے اور فاع لاتن اور مستفع لن منفصل ۔ جب یہ معلوم ہو چکا تو اب سننا چاہیے کہ ان اجزا کی تخصیص کی وجہ اسامی مذکورہ سے کیا ہے ؟ کس واسطے کہ ایک سے دوسرے کا قوی تر ہونا رسن اور میخ اور ستون میں منحصر نہیں ہے ۔

پوشیدہ نہ رہے کہ شعر کو عرب صحرا نشین کے گھر سے تشبیہ دے کر بیت کہتے ہیں ۔ اور ان کا گھر موی اور پلاس کا ہوتا ہے اور اس گھر کے اجزا میں سے رسن

اور میخ اور ستون ہے ۔ اس واسطے اجزا بیت کو ان اسامی
کے ساتھ مسمیٰ کیا ۔ اس تمہید کے بعد مبین ہوتا ہے کہ
ارکان دہ‌گنہ یہ ہیں : فعولن ، فاعلن ، مفاعلین ، فاعلاتن ،
فاع لاتن ، مستفعلن ، مستفع‌لن ، مفاعلتن ، منفعالن، مفعولات،
تائے مضموم سے ، بغیر تنوین خا سے ، یعنی فعولن اور
فاعلن وتد مجموع ، اور سبب خفیف سے مرکب ہے ، اور
سباعیات سے مفاعیلن، اور فاعلاتن، متصل اور مستفعلن متصل
اور ایک وتد مجموع اور دو سبب خفیف سے اور فاع‌لاتن
اور مستفع‌لن اور مفعولات وتد مفروق اور دہ سبب خفیف
سے ۔ اس واسطے فاع اور تفع کی عین کو سبب سے منفسل
لکھتے ہیں ، کہ جز وتد مفروق کا سبب سے اتصال پاکر
وتد مجموع کا موہم نہ ہو اور متفاعلن اور مفاعلتن وتد
مجموع اور فاصلہ صغریٰ سے کہ عبارت ہے ، مجموع سبب
ثقیل اور خفیف سے ۔

اس بحث سے معلوم ہوا کہ فاصلہ کبریٰ یعنی وہ جز
کہ سبب ثقیل اور وتد مجموع سے مرکب ہے اصول سے
نہیں ہے ، بلکہ افاعیل مزاحف سے بہم پہنچتا ہے ، جیسے
فعلتن کے مستفعلن سے بعد خبن اور طے کے حاصل ہو ۔
کس واسطے کہ چہار حرکت کا متوالی ہونا گرانی لفظ کا
موجب ہے ، اور لفظ ثقیل اصول میں مقرر کرنا شائستہ نہ
تھا ۔ البتہ فروع میں اس قدر گرانی متحمل ہے ۔ بعد اس بحث
کے واضح ہوگیا کہ دونوں فاعلاتن حروف و حرکات کی
کمیت میں ایک ہیں ۔ لیکن باعتبار کیفیت کے متفاوت ہیں۔
اور اسی طرح دونوں مستفعلن اور ان ارکان میں وتد مفروق
کے اختیار کرنے کا سبب یہ ہے کہ لات مفعولات کا

انفکاک بحور کے وقت مضارع اور مجتث اور خفیف میں
فاع لاتن کا پہلا جز اور مستفعلن کے درمیان واقع ہوتا ہے۔
جو کہ وہ وتد مفروق ہے تو ان دونوں ارکان کو بھی
اسی وتد پر مشتمل قرار دیا گیا۔ اس مرام کی توضیح یہ
ہے کہ اربابِ فن نے ارکان بحور کے واسطے ایسے الفاظ
اختیار کیے ہیں کہ ان کے اجزا کی تقدیم و تاخیر سے ایک
رکن دوسرے رکن کی صورت حاصل کرتا ہے، اور ایک
بحر دوسری بحر کی۔ امر اول کو انفکاک ارکان اور دوسرے
کو انفکاک بحور کہتے ہیں اور آسانی تفہیم کے واسطے
ہر امر کے لیے دائرے معین کیے ہیں کہ طالب کاہل کوش
اس راہ میں درماندہ اور نابلد اس وادی میں سراسیمہ
نہ ہو جاوے۔ مثلاً فعولن کی لن کی تقدیم اور فعو کی
تاخیر سے فاعلن اور فاعلن کے علن کی تقدیم اور فا کی تاخیر
سے فعولن صورت پذیر ہے۔ ان دونوں ارکان کو ایک دائرہ
سے قرار دیا ہے اور فاعلاتن اور مستفعلن متصل اور
مفاعلین ایک دائرہ اور متفاعلن اور مفاعلتن ایک دائرہ
سے۔ اس قرار پر جب مفعولات کی لات کو مقدم اور مفعو
کو موخر کیا جاوے تو لات و مفعو حاصل ہوگا۔ جو کہ
لات وتد مفروق ہے فاع لاتن میں کہ اسی کے وزن پر ہے۔
فاع وتد مفروق مقرر کیا گیا اور جب مف کو موخر اور
عولات کو مقدم کریں عولات مف حاصل ہوگا۔ اسی واسطے
مستفع لن میں کہ یہ بھی اس کے وزن پر ہے تفع کو
وتد مفروق ٹھیرایا اور دونوں کے عین کو لام سے جدا لکھا،
تا معلوم رہے کہ یہ دونوں ارکان علا اور عان سے مرکب
نہیں ہیں۔ جو کہ ایک رکن ارکان بحر سریع سے مفعولات

ہے اور مضارع اور مجتث اور خفیف سریع سے منکف[1] ہوتا ہے ، اس واسطے ان بحور میں ارکان مفروق مقرر کیے گئے ہیں ، نہ مجموعی اور قدما مثل صاحب ابن عباد اور زمخشری صاحب قسطاس سوائے مفعولات کے کسی رکن میں وتد مفروق کے قائل نہیں - اس صورت میں انفکاک بحور اس طرح سے کہ بحور نسبہ میں فاعلاتن اور مستفعلن متصل حاصل ہو رسوز مکتوسہ سے ہے اور اس کی تقریر اس مختصر میں گنجائش پذیر نہیں -

اس مقدمہ دور و دراز کے بعد سامعان سخن سنج کے گوش گزار کیا جاتا ہے کہ ان ارکان عشرہ اور افاعیل دہ گانہ سے انیس بحر حاصل ہوتے ہیں ، کہ اشعار عرب و عجم کی بنا ان پر موسسؔ اور عدد اوزان آن میں منحصر ہے - وہ بحور یہ ہیں : متقارب آٹھ بار فعولن ، متدارک کہ اس کو رکض بھی کہتے ہیں ، آٹھ بار فاعلن ، رجز آٹھ بار مستفعلن ، ہزج آٹھ بار مفاعیلن ، کامل آٹھ بار متفاعلن ، رمل آٹھ بار فاعلاتن ، وافر آٹھ بار مفاعلتن ، اور عرب رجز سے وافر تک بنائے اشعار چھ رکن پر رکھتے ہیں - سریع مستفعلن مستفعلن مفعولات دوبار ، مقتضب مفعولات مستفعلن مفعولات مستفعلن دوبار ، طویل فعولن مفاعیلن چار بار ، مدید فاعلاتن فاعلن چار بار ، بسیط مستفعلن فاعلن چار بار ، خفیف فاعلاتن مستفع لن فاعلاتن دوبار ، مجتث مستفع لن فاعلاتن چار بار مضارع مفاعیلن فاع لاتن چار بار ، منسرح مستفعلن مفعولات چار بار - جدید اور اس کو غریب بھی کہتے ہیں فاعلاتن فاعلاتن مستفع لن دوبار ، قریب مفاعیلن مفاعلن فاع لاتن دوبار ،

---

۱ - نول کشوری نسخے میں ''منفک'' ہے -

مشاکل فاعلاتن مفاعیلن مفاعیلن ـ عرب بحر منقضب سے مفعولات دوم اور مجتث سے مستفعلن دوم اور مضارع سے فاعلاتن دوم اور منسرح سے مفعولات دوم حذف کرکے مسدس استعمال کرتے ہیں ـ معلوم کیا چاہیے کہ ان انیس بحر سے پانچ بحر یعنی طویل اور مدید اور بسیط اور وافر اور کامل مخصوص عرب سے[1] ہیں کہ فارسیوں نے بعد اختلاط اور مزاولت اشعار عرب کے تقلیداً ان اوزان میں شعر کہے ہیں ، اور تین بحر یعنی جدید اور قریب اور مشاکل فارسی کے ساتھ مخصوص ہیں ، اور گیارہ مشترک ـ

پوشیدہ نہ رہے کہ خلیل ابن احمد جب اوزان عرب میں تجسس کافی اور تفحص شاق عمل میں لایا ، اوزان شعر کے ضبط کے واسطے پندرہ بحر مرکب کیں ، اور جو جو بحر کہ انفکاک میں مشترک تھیں اُن سب کو ایک ایک دائرے میں رکھا ـ چونکہ بحر متقارب کے ساتھ کوئی بحر شریک نہ تھی اس کو ایک دائرے میں رکھ کر اُس دائرے کا نام مفردہ مقرر کیا ـ ابوالحسن اخفش نے جب اُس میں نظر کی فعولن کے سبب کو وتد سے مقدم رکھ کر بحر متدارک کو حاصل کیا ، اور متقارب کے ساتھ دائرے میں رکھ دیا ـ اور شمس فخری نے 'معیار جمالی' میں لکھا ہے کہ اس بحر کو ماہران علم عروض نے خلیل ابن احمد کے دو سو برس کے بعد استخراج کیا ـ جدید کو بوزرجمہر اور قریب کو مولانا یوسف عروضی نیشا پوری نے پایا اور مولانا تتبع اوزان فارسی میں خلیل ابن احمد سے پایہ کم نہیں رکھتا ـ

---

۱ ـ نول کشوری نسخے میں 'سے' نہیں ہے ـ

فارسی میں علم عروض اول اسی نے تصنیف کیا ہے۔
شمس فخری نے لکھا ہے کہ مولانا یوسف نے جب بحر
سریع کی ترتیب کو ملاحظہ کیا، مفتعلن اول کے وتد
مجموع یعنی علن کو مفتعلن ثانی کے وتد مفروق یعنی مفت
کے ساتھ پیوند کرکے مفاعیل لام مضموم سے حاصل اور اجزا
کی تقدیم و تاخیر سے مفاعیل مفاعیل فاع لات مرکب کیا۔
هر چند به ترتیب بعینه مالوف طبائع نه تھی، لیکن جو
که اس کا اخرب فی الجمله مطبوع تھا، اس کو ایک بحر
ٹھیرا کر بحر سریع کے همراه دائرے میں رکھ دیا۔ یہاں تک
ترجمه تھا شمس فخری کے قول کا لیکن جب که اس بحر کا
استخراج سریع مزاحف سے مقرر کیا جاوے تو نا گزیر کہا
جاوے گا کہ مفاعیل اور فاع لات کا حصول جو کہ مفاعیان
اور فاعلاتن سے اقرب تھا، اس کے اجزا دو مفاعیان اور ایک
فاع لاتن مقرر کیے۔ صریح یه ہے اس کا انفکاک بحر سریع
سالم سے وقوع میں آیا تاکه مفاعیان اور فاع لاتن بعینہا
حاصل هو جاویں، کس واسطے که علن مستف مفاعیلن اور
لات مفعوفاع لاتن کے وزن پر ہے اور اس جگه سے معلوم
هوا که فاع لاتن اس بحر کا منفصل ہے۔ اور واضح هو که
بحور ثلثه میں مستفع لن اور فاع لاتن منفصل ہے، کس
واسطے که بحر جدید میں مستفع لن رکن ثالث کے عولات
اور رکن اول کے مس کے پیوند سے حاصل هوا ہے، اور بحر
قریب کا حال مرقوم هو چکا، اور مشاکل میں فاع لاتن
سریع کے رکن اول یعنی مستفعلن کے مستف کے ساتھ لات
کے پیوند سے حاصل هوا۔ بحور شعر کی ترکیب کا طریق
بھی اس جگه مرقوم کرنا ناظرین کتاب کی بصیرت کے

واسطے مستحسنات بل واجبات سے ہے ۔ اور جو کہ اس امر میں علامہ زمخشری صاحب قسطاس کا بیان دل چسپ ہے ، اسی کو نذر احباب کرتا ہوں ۔

معلوم کیا چاہیے کہ ترکیب بحور میں عروضیوں نے چار طریقے اختیار کیے ہیں : اول یہ کہ ایک ہی جزو کی تکرار سے حاصل کیا اور وہ سات بحرہیں : متقارب ، متدارک ، رجز ، ہزج ، کامل ، رمل ، وافر ۔ دوسرا یہ کہ ایسے اجزا کو باہم مرکب کیا ہے کہ وہ نسق واحد کے اعتبار سے حکم واحد میں ہیں ، مثلاً ''مستفعلن اور مفعولات کہ اسباب دونوں میں مقدم اور وتد موخر ہے ، اگرچہ ایک کا وتد مجموع اور دوسرے کا مفروق ہے ۔ اس طرح کی دو بحرہیں سریع اور منتضب ۔ تیسرا یہ کہ ایسے خماسی و سباعی کو مرکب کیا کہ اگر سباعی سے زیادتی کو ساقط کریں تو خماسی کے ہم وزن باقی رہ جاوے ۔ یہ امر فعولن اور مفاعیلن اور فاعلن اور مستفعلن اور فاعلاتن میں واقع ہے ۔ کس واسطے کہ اگر مفاعیلن اور فاعلاتن کے اخیر اور مستفعلن کے اول سے سبب ساقط ہو جاوے ، تو ایک سبب اور وتد باقی رہے اور وہ نہیں ہے مگر فعولن اور فاعلن ، ایسی تین بحرہیں طویل ، مدید ، بسیط ۔ چوتھا یہ کہ ایسے سباعیات کو باہم پیوند دیا کہ ایک سبب کے حذف سے خماسی کے وزن پر باقی رہے ۔ یہ امر فاعلاتن اور مستفعلن اور مفاعیلن واقع ہے ، اس واسطے کہ تن اور مس اور لن کی اسقاط سے فاعلا اور تفعلن اور مفاعی رہتا ہے کہ فاعلن اور فعولن کے وزن پر ہے ۔ اس قسم کے تین بحرہیں خفیف ، مجتث ، مضارع ۔ یہاں تک زمخشری کے قول کا خلاصہ مسطور ہوا ۔

اب معلوم کیا چاہیے کہ یہ حال ہے سولہ بحر کا ۔ سوا آن تین بحر کے کہ فارسی کے ساتھ مخصوص ہیں ، یعنی جدید ، قریب ، مشاکل ، ان میں دو طریق ہیں : اول یہ کہ وتد درمیان دو سبب کے واقع ہو جیسے بحر جدید میں ۔ دوسرا یہ کہ وتد دو سبب سے مقدم ہو جیسے قریب و مشاکل میں ، گو کہ اول میں مستفع لن اور ان دونوں مین فاع لا تن وتد مفروق رکھتا ہے اور باقی ارکان وتد مجموع ۔ سابق مسطور ہو چکا ہے کہ جو بحور کہ انفکاک میں شریک ہیں ، آن کو ایک دائرے سے قرار دیتے ہیں ۔ اب جاننا چاہیے کہ بحور شانزدہ‌گنہ کے واسطے پانچ دائرے مقرر کیے ہیں ، ایک دائرہ طویل اور مدید اور بسیط کے واسطے ، اس دائرے کو مختلفہ کہتے ہیں ۔ دوسرا دائرہ وافر اور کامل کے واسطے ، اس دائرے کو مؤتلفہ کہتے ہیں ۔ تیسرا دائرہ ہزج اور رجز اور رمل کے واسطے ، اس دائرے کو مجتلبہ کہتے ہیں ۔ چوتھا دائرہ سریع اور منسرح اور خفیف اور مضارع اور مقتضب اور مجتث کے واسطے ، اس دائرے کو مشتبہہ کہتے ہیں ۔ پانچواں دائرہ متقارب اور متدارک کے واسطے ، اس دائرے کو متفقہ کہتے ہیں ۔ اور جو کہ جدید اور قریب اور مشاکل سریع سے حاصل ہوتے ہیں ان کے واسطے دائرۂ جدا گانہ ضرور نہ ہوا ۔ پس ان تینوں کو بھی دائرۂ مشتبہہ سے قرار دیا چاہیے ۔

اس مقام میں ازدیاد بصیرت کے واسطے ایک دائرے کے انفکاک پر اشارہ کیا جاتا ہے تاکہ باقی کو آس پر قیاس کریں ۔ معلوم کیا چاہیے کہ اگر بحر وافر کے فاصلے سے شروع اور وتد پر تمام کریں ، یعنی علتن مفاعلتن مفاعلتن مفا

بحر کامل حاصل ہو جاوے ، اور اگر بحر کامل کے وتد سے شروع اور فاصلے پر تمام کریں یعنی علن متفاعلن متفاعلن متفا وافر بہم پہنچ جاوے ۔ ہوشیار مغز فطن کو اسی قدر اشارہ کافی ہے و الاّ نابلدان کوچۂ دانش تو اگر خضر قائد طریق ہو رہ روشن کو پردۂ ظلمات سے کم تصور نہ کریں گے ۔

پوشیدہ نہ رہے کہ اشعار ان بحور نوزدہ گانہ میں موزوں کرنا بغیر اس کے کہ کچھ تغیر ان کی صورت کذائی میں راہ پاوے ، نازک طبعان لطیف نہاد کو ناگوار اور ندرت طرازان غرائب پسند کو ناخوش معلوم ہوتا ہے ۔ اس واسطے کبھی بعض رکن اور کبھی سب ارکان میں کسی طرح کے تغیر کو راہ دے کر ہر ہر بحر سے اوزان مختلفہ حاصل کرتے ہیں ، کہ شعر اُن اوزان میں دل کش اور نظم اُس وضع پر دل پسند ہو جائے ۔ اس جگہ ان تغیرات کی کیفیت سے آگاہ کرنا بھی ناگزیر ہے ۔

دریافت کیا چاہیے کہ جو تغیر کہ ارکان بحور اور تفاعیل اوزان میں واقع ہوتے ہیں ، عروضیوں کی اصطلاح میں ان کو زحاف کہتے ہیں ، زاء معجمہ کے کسرہ سے ۔ اور زحاف جمع زحف کی ہے ، زاء معجمہ کے فتح سے کہ اس کے معنی لغوی اصل سے دور پڑنا ہے ۔ اسی واسطے جو تیر کہ نشانہ سے دور گر پڑے اس کو سہم زاحف کہتے ہیں ۔ اس میں شک نہیں کہ جس رکن میں کچھ تغیر واقع ہوگا تو وہ اپنی اصل پر نہ رہے گا ، گویا اصل سے دور گر پڑا ۔ اور عروضیوں کی عادت یہ ہے کہ اُس تغیر کو زحاف کہتے ہیں ۔

لفظ جمع کے ساتھ نہ زحف اگرچہ تغیر مفرد ہو ، اور اس کی جمع ازاحیف کرتے ہیں ، اور زحف نقصان وزن کو ، مثلاً اگر کہیں کہ اس بیت میں زحاف ہے تو مراد یہ ہے کہ اس کے تمام ارکان یا بعض میں تغیر ہے ، اور اگر کہیں کہ بیت میں زحف ہے تو یہ مراد ہے کہ اس کے وزن میں نقصان ہے ۔ اور جس رکن میں زحاف ہو اس کو رکن مزاحف کہتے ہیں ، اور جس میں نہ ہو اس کو سالم ۔ اب جاننا چاہیے کہ تغیر تین طرح ہے : زیادت حرف یا نقصان حرف یا نقصان حرکت ، اور اوزان عجم میں کمی پانچ حرف تک ممکن ہے ، جیسے مفاعیلن سے لن باقی رہ کر فع سے بدل جاوے ۔ اس کی تفصیل بیان زحافات میں معلوم ہو جاوے گی ۔ اب زحافوں کی تفصیل و تفسیر میں سرگرم ہوتا ہوں ۔ ازاحیف ارکان چھیالیس ہیں ۔ تین تیس مصطلح عرب اور تیرہ مصطلح عجم ۔ جو کہ مصطلح عرب میں یہ ہیں ، قبض . قصر ، حذف ، خبن ، کف ، شکل ، خرم ، خرب ، شتر ، قطع ، شعیث ، طی ، وقف ، کشف ، صلم ، اسباغ ، اذالہ ، خبل ، تلم ، ثرم ، عصب ، عضب ، عقل ، نقص ، قطف ، جم ، قصم ، عقص ، اضمار ، کبل ، وقص ، جزل ، ترفیل ۔ ان الفاظ کے معنی لغوی و اصطلاحی بیان کیے جاتے ہیں ۔ قبض : اس کا ترجمہ فارسی گرفتن اور اصطلاح میں ساقط کرنا سبب خفیف کے دوسرے حرف کا جو رکن کا پانچواں حرف واقع ہوا ہو جیسے فعولن سے نون اور مفاعیلن سے یائے تحتانی ۔ اول سے فعول ضم لام سے باقی رہے گا اور دوسرے سے مفاعلن اور اس رکن کو مقبوض کہتے ہیں ۔ قصر : لغت میں کوتاہ کرنے کو کہتے ہیں ، اور اصطلاح میں اس سبب خفیف سے کہ آخر

رکن میں واقع ہو ، ساکن کے اسقاط اور اس کے ماقبل کے ساکن کرنے کو کہتے ہیں ، جیسے فعولن سے فعول اور مفاعیلن سے مفاعیل اور فاعلاتن سے فاعلات ، لام اور تاے ساکن کے ساتھ ، اور جو کہ قاعدہ مقرری ہے کہ اگر بعد تغیر کے لفظ غیر مستعمل باقی رہے تو اس کو حتی الوسع ایسے لفظ سے بدلتے ہیں کہ لفظ مستعمل اور اس کے وزن پر ہو ۔ پس مفاعیل کو فعولان اور فاعلات کو فاعلان سے بدل کر دیا ، اور بعضے مفاعیل اور فاعلات بھی استعمال کرتے ہیں ۔ اس رکن کو مقصور کہتے ہیں ۔ حذف : ترجمہ اس کا بریدن اور اصطلاح میں اخیر رکن سے سبب خفیف کے ساقط کرنے کو کہتے ہیں ۔ پس فعولن سے فعو اور مفاعیلن سے مفاعی اور فاعلاتن سے فاعلا باقی رہا ، اور موافق قاعدے کے فعل اور فعولن اور فاعلن سے مبدل ہوا ؛ ان ارکان کو محذوف کہتے ہیں ۔ خبن : خای معجمہ سے کپڑے کے کنارے کا موڑنا ، اور اصطلاح میں اس سبب خفیف کا ساکن گرانا کہ رکن کا حرف دوم ہو ، جیسے فاعلاتن سے فعلاتن اور مستفعلن سے متفعلن باقی رہا ، اور مفاعلن سے بدلا گیا ۔ ان ارکان کو مخبون کہتے ہیں ۔ کف : باز رکھنا اور اس ساکن ہفتم کو گرانا کہ سبب خفیف کا دوسرا حرف ہو ۔ پس فاعلاتن سے فاعلات ضمۂ[۱] تاے فوقانی سے باقی رہے گا ۔ اس رکن کو مکفوف کہتے ہیں ۔ شکل : گھوڑے کے ہاتھ اور پاؤں کو شکال سے باندھنا اور رکن میں خبن اور کف کا اجتماع ۔ پس فاعلاتن سے فعلات ضمۂ تا سے باقی رہے گا ، اور

---

۱ ۔ نول کشوری نسخے میں 'ضمیر' ہے ۔

اس کو مشکول کہتے ہیں ۔ خرم : لغت میں پردۂ[1] بینی کا کاٹنا اور رکن کی اول سے وتد مجموع کے پہلے حرف کو ساقط کرنا ۔ لیکن یہ تسمیہ مفاعیلن کے ساتھ مختص ہے اور فعولن میں ثرم ثاے مثلثہ اور مفاعلتن میں عضب ضاد معجمہ کے ساتھ کہتے ہیں ، جیسے کہ بعد اس کے بیان ہوگا ۔ مفاعیلن باقی رہ کر مفعولن سے بدل جائے گا اور اس رکن کو اخرم کہتے ہیں ۔ خرب : خاے معجمہ کے ساتھ ویران کرنا اور کان کا چیرنا اور اصطلاح میں خرم اور کف کا جمع کرنا ۔ پس مفاعیلن سے فاعیل ضم لام سے باقی رہ کر مفعول سے مبدل ہو جاے گا اور اس رکن کو اخرب کہتے ہیں ۔ شتر : عیب کرنا اور خرم اور قبض کا اجتماع ۔ پس مفاعیلن سے فاعلن باقی رہتا ہے ۔ اس رکن کو اشتر کہتے ہیں ۔ قطع : کاٹنا اور آخر رکن میں وتد مجموع کے ساکن کو ساقط کر کے ما قبل کا ساکن کرنا ۔ پس مستفعلن سے مستفعل لام ساکن کے ساتھ باقی رہ کر مفعولن سے بدل جائے گا ۔ لیکن فاعلاتن میں یہ زحاف بعد حذف کے واقع ہوتا ہے ، کیوں کہ بعد اسقاط تن کے وتد اخیر رکن شمار کیا جاوے گا ۔ پس فاعل باقی رہ کر فعلن سے کہ عین ساکن کے ساتھ ہے ، بدل جاوے گا ۔ مگر یہ اصطلاح فارسی کی ہے ، اور یہ زحاف وتد میں ایسا ہے کہ قصر سبب میں اس رکن کو مقطوع کہتے ہیں ۔ تشعیث : لغت میں آشفتہ اور ژولیدہ ہونا ، اور اصطلاح میں رکن فاعلاتن کے وتد سے ایک متحرک کا ساقط کرنا ، یا وتد کے ساکن کو ساقط کر کے متحرک کو ساکن کرنا ، یا خبن کے ساتھ الف کو ساقط کر کے عین کو

---

۱ ۔ نول کشوری نسخے میں 'پرہ' ہے ۔

ساکن کرنا ۔ پہلی صورت میں یا فاعاتن باقی رہے گا ۔ اس واسطے کہ لام حرف اخیر سے مشابہ ہے اور اخیر محل حوادث ہوتا ہے ۔ یہ مذہب ہے خلیل ابن احمد عروضی رحمت‌اللہ علیہ کا یا[1] فالاتن باقی رہے گا ۔ اس جگہ اسقاط عین خرم کی مشابہت سے ہے اور یہ مذہب ہے اخفش کا ۔ اور دوسری صورت میں فاعلاتن لام ساکن کے ساتھ قطع کی مشابہت سے اور یہ مذہب قطرب کا ہے ۔ اور تیسری صورت میں فعلاتن عین ساکن سے اضمار کی مشابہت سے ۔ یہ مذہب زجاج کا ہے ۔ اس مذہب کو بہ نسبت اور مذاہب کے قوت زیادہ ہے ، کس واسطے جو وتد کہ رکن کے بیچ میں واقع ہو ، اس سے کچھ گرانا عروضیوں کی عادت کے خلاف ہے ۔ اور خرم کی تشبیہ کا اعتبار کرنا بے وجہ ہے ، کس واسطے کہ خرم اس وتد میں آتا ہے کہ رکن کے اول میں ہو اور قطع اس وتد میں جو رکن کے اخیر میں ہو اور فاصلے کے متحرک اول کا ساکن کرنا بحر کامل میں معہود ہے ، جس کو اضمار کہتے ہیں ، اور اس کا بیان آوے گا ۔ جب تک تغیر معہود ممکن ہو غیر معہود میں ارتکاب کرنا معقول نہیں ۔ بہر کیف اس کی جگہ مفعولن رکھیں گے ۔ حاصل تشعیث کا یہ ہے کہ فاعلاتن سے مفعولن بہم پہنچے ، کس طرح سے ہو اس رکن کو مشعث کہتے ہیں ۔ طے : لغت میں لپیٹنا یعنی نوردیدن اور اصطلاح میں اسقاط سبب خفیف کے اس ساکن کا رکن میں حرف چہارم واقع ہو ۔ پس مستفعلن سے مستعلن اور مفعولات سے مفعلات باقی رہ کر مفتعلن اور فاعلات سے بدل جاوے گا ۔ اس کو مطوی کہتے ہیں ۔ وقف :

---

۱ ۔ نول کشوری نسخے میں 'یا' نہیں ہے ۔

باز استادن اور اصطلاح میں تای مفعولات کا اسکان ـ اس کو موقوف کہتے ہیں ـ کشف : اس میں دو لغت ہیں ، شین معجمہ سے برہنہ کرنا اور سین مہملہ سے پاشنہ پٹھے کا کاٹنا ، لیکن علامۂ زمخشری صاحب 'قسطاس' کے نزدیک شین معجمہ سے تصحیف ہے ؛ بہر کیف تاے مفعولات کے اسقاط کو کہتے ہیں ـ یہ رکن مفعولن کے ساتھ بدل جاتا ہے اور مکشوف کے ساتھ مسمیٰ ہوتا ہے ـ صلم : جڑ سے کن کاٹنا اور معنی اصطلاحی[1] میں اختلاف ہے ـ صاحب 'قسطاس' اور صاحب اسمعیل عباد اور صاحب 'شرح عروض' اندلسی وغیرہم کہ عروضی عرب ہیں ، آخر رکن سے وتد مفروق کے اسقاط کو کہتے ہیں ـ اس صورت میں یہ زحاف مفعولات کے ساتھ مختص ہوا ، اور بعضے عروضیان فارسی مثل مولانا یوسف عروضی اور شمش الدین قیس فاعلاتن میں حذف اور قطع کی جمع کرنے کو کہتے ہیں ـ پس فاعل لام ساکن کے ساتھ باقی رہا ـ بہر صورت فعلن سے بدل جائے گا ـ شمش فخری نے عروضیان فارس کا مذہب نقل کرکے اعتراض کیا ہے کہ ہم تشعیث میں کہہ چکے ہیں کہ جو وتد رکن کے بیچ میں ہو ، اس میں تصرف جائز نہیں ـ پس یہ قول مناسب نہ ہوا ـ مولف تذکرہ کہتا ہے کہ یہ اعتراض مہمل ہے ـ کس واسطے کہ حذف کے بعد وتد اخیر رکن کا حکم پیدا کیا ، اور منع جب ہے کہ وتد کا درمیان ہونا بالفعل متحقق ہو جیسے تشعیث میں ـ لیکن سوائے مولانا یوسف اور شمس قیس کے اور عروضی اس اجتماع کو قطع کے نام مخصوص کرتے ہیں ، جیسے کہ سابق مرقوم ہو چکا ـ بہر کیف

---

۱ ـ نول کشوری نسخے میں 'اصطلامی' ہے ـ

جس رکن میں صلم واقع ہو اس کو اصلم کہتے ہیں ۔
اسباغ : اور تسبیغ لغت میں دراز کرنا اور اصطلاح میں ایک حرف ساکن کا زیادہ کرنا اس سبب خفیف پر کہ اخیر رکن ہو ۔ پس فاعلاتن اور مفاعیلن سے فاعلاتان اور مفاعیلان حاصل ہوتا ہے ، اور فاعلاتان کو کہ غیر مستعمل ہے ،

فاعلیان سے بدل دیتے ہیں ۔ اس رکن کو مسبّغ تنعیل سے اور مسبغ افعال سے کہتے ہیں ، اور بعضے اس زحاف کو اشباع شین معجمه اور عین مہمله کے ساتھ کہتے ہیں ۔ گویا ایک کی زیادتی سے رکن سیر ہو گیا ۔ پس اس رکن کو مشبغ شین معجمه سے کہیں گے ۔ اذاله : ذال معجمه کے ساتھ دامن کا لٹکانا اور اصطلاح میں اس وتد میں ایک حرف کے زیادہ کرنے کو کہتے ہیں کہ اخیر رکن ہو جیسے مستفعلان اور متفاعلان ، اس رکن کو مذال کہتے ہیں ۔ ثلم : ثای مثلثه کے ساتھ کسی چیز میں رخنه پڑنا اور فعولن کے فا کا گرانا تاکہ عولن باقی رہ کر فعلن کے ساتھ بدل جاوے ، اور اس رکن کو اثلم کہتے ہیں ۔ ثرم : ثای مثلثه اور رای مہمله کے ساتھ آگے کے دانتوں کا ٹوٹنا اور اصطلاح میں ثلم اور قبض کا اجتماع ، تاکہ فعولن سے عول ضم لام کے ساتھ باقی رہے اور فعل سے بدل جاوے ۔ اس رکن کو اثرم کہتے ہیں ۔ یہ دونوں زحاف یعنی ثلم اور ثرم حقیقت میں خرم اور خرب ہیں ، لیکن فعولن میں اس نام کے ساتھ مسمی ہوتے ہیں ، جیسے خرم کی بحث میں مبین ہو چکا ۔ خبل : خای معجمه اور بای موحده کے ساتھ ، لغت میں عقل کی تباہی اور اصطلاح میں خبن اور طے کا اجتماع ۔ پس مستفعلن سے متعلن تا اور عین متحرک کے ساتھ فاصلۂ صغریٰ

باقی رہ کر فعلتن سے بدل جائے گا ۔ اس رکن کو مخبول
کہتے ہیں ۔ عضب : عین مہملہ اور ضاد معجمہ کے ساتھ
بز کی شاخ کا ٹوٹنا اور مفاعلتن سے حرف اول کا اسقاط ۔ پس
فاعلتن باقی رہ کر مفتعلن کے ساتھ بدل جاوے گا ۔ اس رکن
کو اعضب کہتے ہیں ۔ عصب : عین اور صاد مہملتین کے
ساتھ ستور کا باریک میان ہونا کرسنگی سے ، اور مفاعلتن
کے لام کا ساکن ہونا ۔ پس مفاعیلن کے ساتھ بدل جاوے گا۔
اس کو معصوب کہتے ہیں ۔ عقل : شتر کا زانو رسی سے
باندھنا اور لام مفاعلتن کا اسقاط کہ مفاعتن باقی رہ کر
مفاعلن سے بدل جاوے ۔ اس کو معقول کہتے ہیں ۔ نقص :
کم کرنا اور کف اور عصب کا اجتماع ۔ پس مفاعلتن سے
مفاعلت تاے مضموم کے ساتھ باقی رہ کر مفاعیل سے بدل
جاوے گا ؛ اس کو منقوص کہتے ہیں ۔ قطف : قاف اور طای مہملہ
کے ساتھ درخت سے میوہ توڑنا اور حذف اور عصب کا اجتماع ۔
پس مفاعلتن سے مفاعل لام ساکن سے باقی رہ کر فعولن سے
بدل جاوے گا ؛ اس رکن کو مقطوف کہتے ہیں ۔ قصم :
قاف اور صاد مہملہ سے ، آگے کے دانتوں کا ٹوٹنا اور عصب
اور عضب کا جمع ہونا ۔ اس زحاف سے مفاعلتن فاعلتن لام
ساکن سے ہو جاتا ہے اور اس کی جگہ مفعولن رکھتے ہیں
اور اس کو اقصم کہتے ہیں ۔ جم : گوسپند کا بے شاخ
ہونا ، اور عضب اور عقل کا اجتماع ۔ اس صورت میں
مفاعلتن سے فاعتن رہ کر فاعلن سے بدل جاوے گا ۔ اس کو
اجم کہتے ہیں ۔ عقص : عین مہملہ اور قاف اور صاد
بے نقطہ سے ، شاخ گوسپند کا پیچیدہ ہونا اور عضب اور
نقص کا اجتماع ۔ پس مفاعلتن سے فاعلت لام ساکن اور تاے

مضموم سے باقی رہ کر مفعول سے بدل جاوے گا ، اس کو اعقص کہتے ہیں ۔ اضار : ستور کی کمر کا باریک ہونا ، اور تاے متفاعلن کا اسکان ۔ پس وہ رکن مستفعلن سے بدل جاوے گا اور اس کو مضمر کہتے ہیں ۔ وقص : قاف اور صاد مہملہ سے گردن کا توڑنا اور اضمار اور خبن کا اجتماع ۔ پس متفاعلن کی تاے فوقانی اضمار سے ساکن اور خبن سے ساقط ہو کر مفاعلن حاصل ہوگا ؛ اس رکن کو موقوص کہتے ہیں ۔ کبل : باے موحدہ سے بند کرنا ، اور خبن اور قطع کا اجتماع ۔ پس مستفعلن ہوجاوے گا ۔ اس کو مکبول کہتے ہیں ۔ جزل : جیم اور زای تازی سے کاٹنا اور طی اور اضمار کا اجتماع ۔ اس زحاف سے متفاعلن متفعلن رہ کر مفتعلن سے بدل جاتا ہے ؛ اس کو مجزول کہتے ہیں ۔ ترفیل : دامن دراز کرنا اور سبب خفیف ایسے وتد مجموع پر زیادہ کرنا کہ آخر رکن ہو تاکہ مستفعلن اور متفا مستفعلاتن اور متفاعلاتن ہو جاوے ۔ اس کو مرفل کہتے ہیں ۔ یہاں تک بیان تھا آن ازاحیف کا کہ مصطلح اہل عرب ہیں[1] ۔

اب بیان ان زحافوں کا کیا جاتا ہے کہ اہل فارس کے مصطلح ہیں ۔ جدع : جیم تازی اور دال اور عین مہملتین سے مفعولات کے دونوں سبب خفیف کو ساقط کرکے تائے فوقانی کا ساکن کرنا ۔ اس کی جگہ فاع رکھیں گے اور اس رکن کو مجدوع کہتے ہیں ۔ ہتم : حذف اور قصر کا اجتماع ، پس مفاعیلن سے مفاع باقی رہ کر فعول سے مبدل ہو جاوے گا ۔ اس کو اہتم کہتے ہیں ۔ جحف : اول جیم تازی اور

---

۱ - میں ، (نسخہ مطبوعہ مطبع مرتضوی دہلی ۱۲۷۱ھ)

دوم حائے مہملہ فاعلاتن میں سے ۔ اول خبن کے ساتھ الف
کو گرانا ، تا کہ فعلاتن باقی رہے ، پھر فاصلے کا بھی ساقط
کرنا ، پس تن باقی رہ کر فع سے بدل جائے گا ؛ اس کو
مجحوف کہتے ہیں ۔ تخلیق : خائے معجمہ کے ساتھ بعینہ خرم
ہے مگر یہ کہ خرم جب کہتے ہیں کہ بیٹ کے رکن اول
میں واقع ہو اور تخلیق جب کہ سوائے رکن اول کے اور
کسی رکن میں ہو ۔ پس مفعولن صدر میں اخرام اور حشو
میں ، مثلاً فجنق کے نام کے ساتھ مسمی ہوتا ہے ۔ سلخ : فاع
لاتن مفروق سے دونوں سبب کو ساقط کرکے وتد مفروق
کی عین کا ساکن کرنا ، اس کو مسلوخ کہتے ہیں ۔ طمس :
فاع لاتن مفروق سے دونوں سبب کو ساقط کر کے جو باقی رہے
یعنی فاع ، اس کے عین کا گرانا ؛ پس فاع کو فع سے بدلیں
گے ۔ اس کو مطموس کہتے ہیں ۔ جو عروضی کہ فاع لاتن
مفروق کے وجود کے قائل نہیں ہیں ، ان کے نزدیک اس زحاف
کا بھی وجود نہیں ہے ۔ جب : مفاعیلن سے دونوں سبب کا
ساقط کرنا ، پس مفا فعل سے بدل جاوے گا ۔ اس رکن کو
مجبوب کہتے ہیں ۔ زال : خرم اور هتم کا اجتماع ، پس
مفاعیلن سے میم بہ‌سبب خرم کے ساقط ہوئی ، اور بسبب هتم کے
کہ حذف اور قصر کی جمع ہوتی کو کہتے ہیں ۔ دوسرا سبب
خفیف تمام اور سبب خفیف اول سے یائے تحتانی ساقط ، اور
عین ساکن ہو کر فاع باقی رہا ۔ اس کو ازل کہتے ہیں ۔
نحر : جدع اور کشف کا اجتماع ، پس مفعولات سے لا باقی رہ
کر فع سے بدل جاوے گا ، اس کو منحور کہتے ہیں ۔
رفع : اس رکن سے کہ دو سبب خفیف اس کے اول ہوں ، ایک
سبب کا ساقط کرنا ، پس مستفعلن سے تفعلن باقی رہ کر فاعلن

سے بدل جاوے ؛ اس کو مرفوع کہتے ہیں - ربع : فاعلاتن میں
حذف اور قطع سے فاعل حاصل کر کے خبن کے ساتھ الف کا
گرانا ، پس فعل باقی رہے گا ؛ اس کو مربوع کہتے ہیں -
تبر : جب اور حزم کا اجتماع ، پس فاعیلان سے عیلن بسبب
جب کے اور میم بسبب حزم کے[1] ساقط ہو کر فا باقی رہے گا
اور فع سے بدل جاوے گا ؛ اس کو ابتر کہتے ہیں - صاحب
قسطاس فاعلاتن میں حرف اور قطع کے اجتماع کو تبر
کہتا ہے - اس صورت میں فاعل باقی رہ کر فعلن سے بدل
جاوے گا - حذف ساقط کرنا وتد کا ، پس مستفعلن سے
مستف باقی رہ کر فعلن سے بدل جاوے گا - جب ازاحیف
عرب و عجم کا بیان ہو چکا تو اب سننا چاہیے کہ ارکان
مزاحف کا اسم اس زحاف سے یا افعل کے وزن پر مشتق ہوتا
ہے ، یا اسم مفعول کے وزن پر مجرد ہو ، یا مزید فیہ اول
جیسے ابتر اور اہتم اور ازل وغیرہا ، اور دوم جیسے مقصور
اور مقطوع اور مشعث اور مسبغ مشدد یا مسبغ بدون تشدید
اور نہ دال اور بعد اس کے ان چند چیزوں کا بیان کیا جاتا
ہے کہ ان سے آگاہ ہونا واجبات اور ان پر مطلع ہونا
مغتنمات سے ہے -

پوشیدہ نہ رہے کہ بیت کے مصرع اول کے رکن اول کو
صدر اور ابتدا کہتے ہیں اور اس کے رکن اخیر کو عروض
اور دوسرے مصرع کے رکن اول کو مطلع کہتے ہیں ،
اور اس کے رکن اخیر کو ضرب اور عجز اور بعضے اسی
مصرع کے رکن اول کو ابتدا کہتے ہیں ، نہ مصرع اول
کے اور اگر صدر اور عروض یا مطلع اور ضرب کے بیچ میں

۱- نول کشوری نسخے میں ' کہ ' ہے -

کوئی رکن ہو ، اس کو حشو کہتے ہیں ۔ سالم وہ ہے کہ
اس کے ارکان میں زحاف واقع نہ ہوا ہو ۔ صحیح
اس بیت کو کہتے ہیں کہ اس کے عروض و ضرب میں
نقصان نہ ہو ۔ نقیص وہ بیت ہے کہ اس کے ارکان میں
زحاف نے راہ پائی ہو ۔ تام وہ بیت ہے کہ اس کے صدر
میں زحاف نہ ہو ، اگرچہ عروض اور ضرب میں نقصان ہوا
ہو ۔ وافی وہ بیت ہے کہ تجزیہ سے سالم ہو گو کہ اس
میں تجزیہ جائز ہو ۔ معتدل وہ بیت ہے کہ عروض اور
ضرب ایک طرح کی ہوں کہ حروف اور حرکۃ میں کچھ
تفاوت نہ ہو ۔ موفور وہ بیت ہے کہ اس کے اول میں وتد
ہو اور وہ وتد خرم سے سالم رہے ، پس موفور اخرم کا
ضد ہے ۔ معرا وہ بیت ہے کہ اس کے عروض اور ضرب
میں بطریق اشتباع اور اذالہ اور ترفیل کے کچھ زیادہ نہ
کریں ۔ مجنہ مو وہ بیت ہے کہ اصل دائرے سے دونوں
مصرعوں کے آخیر سے ایک ایک جزو کم کریں ۔
مشطور وہ بیت ہے کہ اصل دائرے سے نصف کم کریں، مثلاً
مثمن کو مربع کریں ۔ منہوک وہ بیت ہے کہ اصل دائرے
سے دو ثلث کم کریں ، جیسے منسرح سے کہ مستفعلن مفعولات
مستفعلن دو بار ہے ، چار رکن کم کرکے بیت کی بنا دو رکن
مستفعلن مفعولات پر رکھیں ، مثلاً ''من بشری البادنجان'' عربی
میں اور کہ ''می‌خرد بادنجان'' فارسی میں ایک بیت ہے ۔ اول
مستفعلن مفعولان اور دوسری مفاعلن مفعولان کے وزن پر ۔

بعد ان مراتب کے لازم ہے کہ اوزان رباعی کا حال
مجملاً مرقوم ہو ۔ معلوم کیا چاہیے کہ رباعی کے اوزان
ہزج مثمن سے ماخوذ ہیں اور وہ اوزان دس رکن سے ترکیب

پاتے ہیں ۔ ایک ان میں سے سالم ہے یعنی مفاعیلن اور نو مزاحف اور وہ یہ ہیں : مفعولن اخرم ، مفعول اخرب ، مفاعیل مکفوف ، مفاعلن مقبوض ، فاعلن اشتر ، فعول سکون لام سے اہتم فعل مجبوب ، فاع ازل ، فع ابتر ۔ ان ارکان دہ‌گانہ سے چوبیس وزن حاصل ہوتے ہیں ۔ بارہ ایسے کہ ان کے اول مفعولن اخرم اور بارہ ایسے کہ ان کے اول مفعول اخرب ہے اور ان اوزان کا رکن اخیر ان چار رکنوں میں سے ایک ہوتا ہے ۔ فعول فعل فاع فع ۔ اگر رباعی ان اوزان پر نہ ہو اس کو اصطلاح میں رباعی نہ کہیں گے ، اور جائز ہے کہ ہر مصرع رباعی کا اوزان مختلفہ رکھتا ہو یا سب ایک وزن پر ہوں ۔ اور عادت عروضیوں کی یہ ہے کہ ان اوزان کے واسطے دو شجرے معین کرتے ہیں ۔ ایک شجرہ ان بارہ وزن کے واسطے جن کے اول مفعولن اخرم ہے ۔ اس کو شجرۂ اخرم کہتے ہیں ، اور دوسرا شجرہ ان بارہ وزن کے واسطے جن کے اول مفعول اخرب ہے ۔ اس کو شجرۂ اخرب کہتے ہیں ۔ راقم ان دونوں شجرہ کو مرقوم اور مثالیں ہر وزن کے بنابر اختصار کے حذف کرتا ہے ۔

شجرۂ اخرم

مفعولن

مفعول مفاعیل فعول فعَل

فاعلن مفاعیلن فاع فع

مفاعیل فعول

فعَل

مفعولن مفعولن فعلن فع

مفعولن مفعولن فعلن

مفعولن مفعولن فعلن فع

شجرۂ اخرب

مفعول

مفاعیلن مفعول فعول فعَل

مفاعلن مفاعیل فعول فعَل

مفاعیلن فاع فع

مفعول مفاعیل

مفاعیل فعول

فعَل

مفاعیلن فعلن

فاع

مفاعیلن مفعولن فعلن فع

معلوم ہو کہ تقطیع شعر کا طریق از بس کہ مشہور اور موزون طبع کو طریقہ اس کا معلوم ہے ، اس واسطے اس جگہ طول کلام سے حذر کیا اور اس کی تحریر کو لا طایل سمجھا ۔

چوتھا مطلب:

قافیہ : اس میں بھی کمال اختصار پر نظر ہے کہ طول عبارت سے طبیعت سامع ملول اور خاطر نازک رنجیدہ نہ ہو۔ اس میں ایک مقدمہ اور کئی فصل ہیں ۔

مقدمہ تعریف قافیہ میں :

طالبان کمال پر مخفی نہ رہے کہ قافیہ ایسے حروف و حرکات کا نام ہے کہ اواخر ابیات یا اواخر مصاریع میں واجب‌التکرار یا مستحسن‌التکرار ہوں ، اور قید اخیر کا فائدہ یہ ہے کہ شعرائے فارس تاسیس اور دخیل کو ، مثلا مستحسنات بدیعی کے قبیل سے جانتے ہیں ، نہ یہ کہ قافیہ کے متحقق ہونے میں ان سے چارہ نہیں ۔ ہر چند اس صورت میں ذکر ان حروف کا تعریف قافیہ میں ضرور نہ تھا لیکن جو کہ شعرائے عرب کے نزدیک ماہیت قافیہ کی جزو ہیں ، عروضیان فارسی نے ان کی تقلید سے ان کو بھی اجزائے قافیہ کے ساتھ محسوب کر لیا ہے ۔ پس ان حروف کو حروف قافیہ سے شمار کرنا بہ عتبار مجاز کے ہے ۔

فصل حروف قافیہ : جاننا چاہیے کہ قافیہ کے نو حرف مشہور ہیں ۔ روی ، تاسیس ، دخیل ، ردف ، قید ، وصل ، خروج ، مزید ، نایرہ ۔ روی : حرف آخر قافیہ جیسے کاروبار

کی ری اور تغافل اور تجاھل کا لام اور کم اور دم کی میم ، لیکن کا ھے حروف زایدہ کو بہ تکلف روی قرار دے کسر حرف اصلی کے ساتھ مشابہ کر دیتے ھیں ، جیسے دیں اور زریں کہ نون غنہ حرف زاید ھے کہ یاے نسبت کو لاحق ھو گیا ھے ، اور عالم یعنی ما سوائے اللہ اور حالم ای حال من ۔ تاسیس وہ الف ھے کہ روی سے پہلے اور روی اس میں ایک حرف متحرک واسطہ ھو جیسے جاھل اور کاھل کا الف ، اور ھاے ھوز کا نام دخیل ھے اور دخیل کا اختلاف درست ھے ۔ کس واسطے کہ جاھل کا قافیہ عادل کے ساتھ روا ھے ۔ یہ ضرور نہیں کہ ھر قافیہ میں وہ ھی حرف بعینہ مکرر ھو اور یہ دونوں واجب التکرار نہیں ۔ اس واسطے عادل کا قافیہ دل کے ساتھ بھی درست ھے ۔ ردف ساکن ماقبل مفتوح اور واو ساکن ماقبل مضموم اور یائے ساکن ماقبل مکسور کہ حرف روی سے پہلے بلا واسطہ واقع یا حرف ساکن واسطہ ھو ۔ اول جیسے کار اور بار اور دور اور شور اور دیر اور زیر ، اور دوم جیسے کاست اور ماست اور دوست اور پوست اور زیست اور چیست ۔ لیکن جاننا چاھیے کہ جب ردف اور روی میں حرف ساکن واسطہ نہ ھو تو الف اور واو اور یا کو مطلقاً ردف کہتے ھیں ، اور جب حرف ساکن واسطہ ھو تو ان تینوں حرف کو ردف اصلی اور اس ساکن کو ردف زاید کہتے ھیں ۔ اور ردف زاید چھ حرف ھوتے ھیں جیسے اس بیت میں مذکور ھیں :

ردف زاید شش بود ای ذو فنون
خای و رای وسین و شین وفا و نون

مثلاً تاخت اور باخت ، توخت اور سوخت ، ریخت اور بیخت تینوں حرف کے ساتھ ۔ کارد اور آرد حرف الف کے ساتھ ، کاست

اور ماست اور دوست اور پوست اور چیست اور زیست ، تینوں حرف کے ساتھ ۔ کاشت اور داشت فقط الف کے ساتھ اور یافت اور تافت اور کوفت اور روفت ، ماضی روفتن کی کہ رفتن اس کا مخفف ہے اور شکیفت اور فریفت تینوں حرف کے ساتھ ، اور ماند اور افشاند فارسی میں سوائے الف کے اور حرف کے ساتھ دیکھا نہیں گیا ، لیکن الفاظ ہندی میں واؤ اور یا کے ساتھ بھی پایا جاتا ہے ۔ جیسے بوند بہ معنی قطرہ اور توند بہ معنی شکم بزرگ اور نیند بہ معنی خواب اور گیند بہ معنی گوی ۔ غایت یہ ہے کہ واو یا ایک میں معروف اور دوسرے میں مجہول ہے ۔ اور ردف اصلی دو قسم ہے ، معروف اور مجہول ۔ معروف وہ واو اور یائے تحتانی ہے کہ اس کے پہلے ضمہ اور کسرہ خالص ہو ، جیسے نور اور حور اور میر اور پیر اور مجہول وہ کہ اس کی پہلی حرکت خالص نہ ہو ، جیسے زور اور شور اور دیر اور زیر ۔ اور معروف اور مجہول کا جمع کرنا متقدمین کے نزدیک بعض میں درست اور بعض میں نادرست ہے ۔ اس کا بیان خوف اطناب سے اس مختصر میں مناسب نہیں ۔ لیکن متاخرین کے نزدیک مطلقاً ناجائز ہے اور باوجود جائز نہ ہونے کے کوئی ایسا نہیں کہ اس سے احتراز کرتا ہو ۔ جوکہ اس کے امثلہ واضح اور مشہور ہیں اس واسطے مثال کا لکھنا امر زاید معلوم ہوا ۔ قید : سوائے حروف ثلثہ مذکورہ کے وہ حرف ساکن ہے کہ روی سے اول بغیر واسطے کے واقع ہو ۔ پس قید میں واو ماقبل مفتوح اور یائے ماقبل مفتوح اور تمام حروف صحیح داخل ہوگئے ، مثلاً دور اور غور اور سیر اور دیر فتحہ اول کے ساتھ اور درد اور زرد اور پست اور مشت ۔ اختلاف اس حرف کا نہایت مکروہ ہے اور طبایع سلیم پر نہایت گراں ، لیکن

اگر قریب المخرج ھو تو البتہ چنداں گرانی محسوس نہ ھو ، جیسے شہر اور بحر ۔ وصل وہ حرف زاید ھے کہ روی کو لاحق ھو ، جیسے بارش اور خارش ۔ خروج وہ حرف ھے کہ وصل کو لاحق ھو ۔ مزید وہ حرف ھے کہ خروج کو لاحق ھو جیسے دانائی اور توانائی کہ نون روی اور الف وصل اور پہلے یا خروج اور دوسری مزید ۔ نایرہ وہ حرف جو کہ مزید کو لاحق ھو ۔ اس کی مثال قوافی فارسی میں بیشتر پائی جاتی ھے ، جیسے گفتم شاں و سفتم شاں کہ یا وصل اور میم خروج اور شین مزید اور الف و نون نایرہ ۔

فصل حرکات قافیہ : معلوم کیا چاھیے کہ حرکات قافیہ چھ ھیں : رس ، اشباع ، حذو ، توجیہ ، مجری ، نفاذ ۔ رس : الف تاسیس کے پہلے حروف کی حرکت مثلاً جاھل اور کامل کے جیم اور کاف کا فتحہ اشباع دخیل کی حرکت ضمہ ھو یا فتحہ یا کسرہ مثلاً تجاھل اور تغافل ، داور اور خاور ، کافر اور مسافر ۔ حذو : ردف اور قید کے ما قبل کی حرکت مثلاً دار اور دور اور دیر کی حرکات ثلثہ اور گرد اور درد کا فتحہ ۔ توجیہ : روی ساکن کے ما قبل کی حرکت جیسے بر اور سر کی بائے موحدہ اور سین مہملہ کا فتحہ ۔ لیکن اشباع اور توجیہ میں فرق نہیں رھتا ، کس واسطے کہ جاھل کی ھائے ھوز کی حرکت پر یہ بھی صادق آتا ھے کہ ما قبل روی ساکن کے حرکت ھے ۔ پس توجیہ میں یہ قید بڑھانی چاھیے کہ ما قبل روی کی حرکت بشرطیکہ وہ ما قبل حرف دخیل نہ ھو ۔ مجری : روی کی حرکت جب کہ کسی حرف کے ملنے سے متحرک ھو جاوے ، مثلاً بارش کی رے کا کسرہ ۔ نفاذ : وصل کی حرکت جیسے بارش اشک کی شین کا کسرہ ۔ اور اگر

خروج اور مزید بھی متحرک ہو جاوے تو ان کی حرکات کو بھی نفاذ کہتے ہیں ۔ جیسے دانائے دل دونوں یائے تحتانی کے دونوں زیر اور نایرہ اگر ایک حرف ہو جیسے گفتہ ایم اور سفتہ ایم تو وہ ضرور ہے کہ ساکن ہو اور اگر ایک سے زیادہ ہو تو جونسا حرف متحرک ہوگا ، اس کی حرکت کو بھی نفاذ کہیں گے ، جیسے بردستیمش میں حرکت میم کی ۔ کس واسطے کہ دال روی اور حرف رابط کا سین وصل اور تائے فوقانی خروج اور یائے تحتانی مزید اور میم متحرک اور شین ساکن نایرہ ہے ۔

فصل عیوب قافیہ کے بیان میں : جاننا چاہیے کہ ہرچند عیوب قافیہ کہ جن سے شاعران نازک کلام کو احتراز چاہیے، بہت ہیں لیکن از بس کہ راقم اوراق کی نظر اختصار پر ہے ، عیوب مشہورہ پر اکتفا کرتا ہے ۔ وہ عیوب یہ ہیں : اقوا ، اکفا ، سناد ، ایطا ، معمول ۔ ان عیوب کا بیان یہ ہے کہ اقوا حذو اور توجیہ کے اختلاف کو کہتے ہیں ۔ حذو کا اختلاف کئی طرح ہے ۔ ایک یہ کہ ہر جگہ حرکت ردف کی ہو ، لیکن جداگانہ ، مثلاً دار اور دور اور دیر ، یہ اختلاف قطعاً جائز نہیں ۔ دوسرا یہ کہ ایک جگہ حذو ردف کا ہو اور دوسری جگہ قید کا ، خواہ قید حرف صحیح ہو ، جیسے شور اور شعر ، خواہ حروا علت ما قبل مفتوح ہو ، جیسے دور بضم دال اور دور بفتحہ‌ف‌دال ، یا دیر بہ کسرہ دال اور دیر بفتحہ دال ۔ یہ صورت روی ساکن کے ساتھ کسی طرح روا نہیں اور نہ کسی ۔ استعمل کی ہے ۔ لیکن حرکت روی کے ساتھ بعضوں کے کلام میں پائی جاتی ہے ، گو کہ درست یہ بھی نہیں ہے ۔ جیسے طوسی

اور فردوسی ۔ تیسرا یہ کہ ایک جگہ حذو ہو اور دوسری جگہ حذو نہ ہو ، جیسے کار اور گر ، اور اختلاف توجیہ جیسے مقتل اور محفل ۔ لیکن جب روی متحرک ہو جاوے تو ما قبل روی کی حرکت کا اختلاف روا ہے ۔ جیسے بے دلی اور بے کلی اور ہم سری اور عنصری ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حرکت روی کی صورت میں وہ حرکت توجیہ نہیں ہے اور جب توجیہ نہ ہوئی تو حرکات قافیہ میں سے نہ ہوئی اور جب حرکات قافیہ سے نہ ہوئی تو اس کا اختلاف قافیہ کا عیب نہ ہوا ۔ اکفا : حرف روی کا اختلاف جیسے آب اور باد سناد اختلاف ردف جیسے جان و دہن ۔ ایطا : تکرار قافیہ یہ دو طرح ہے ۔ خفی اور جلی ۔ ایطائے خفی یہ ہے کہ تکرار ظاہر نہ ہو جیسے آب اور گلاب ، کس واسطے کہ گلاب بہ سبب کثرت استعمال کے ایک کلمہ معلوم ہوتا ہے اور اسی قبیل سے ہے تاے مصدر کلمات عرب میں جیسے منت اور الفت اور رفعت ۔ اور ایطاے جلی یہ کہ تکرار ظاہر ہو ، جیسے دولت مند اور خرد مند ، ستم گر اور فسوں گر ۔ اور جو قافیہ کہ ایطاے جلی پر مشتمل ہو اس کو قافیہ شایگان کہتے ہیں ۔ پس ایطا عیب قافیہ ہے اور شایگاں قافیہ معیوب ہے ۔ لیکن معلوم کیا چاہیے کہ ایطا جب ہے کہ مطلع کے پہلے مصرع کا قافیہ مکرر نہ ہوا ہو بلکہ مکرر مطلع کے مصرع ثانی یا اور ابیات غرا کا قافیہ ہو ۔ کس واسطے کہ مطلع کے پہلے مصرع کی تکرار کو رد مطلع کہتے ہیں نہ ایطا ، اور رد مطلع عیوب میں داخل نہیں اور اس کی وجہ طول چاہتی ہے ، اس واسطے اس کے بیان سے اغماض کیا ۔ معمول : وہ قافیہ ہے کہ کلمہ قافیہ ہونے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو ، مگر بعد تصرف کے

افیه ھوجاوے ۔ اور یہ تصرف دو طرح ہے : ایک تحلیل کے ساتھ ، یعنی ایک کلمے کے دو جزو کر کے ایک کو قافیہ ٹھیراویں اور دوسرے کو ردیف ؛ مثلاً بنا قافیہ کی الف پر ھو اور ردیف منفی ، جیسے 'تجھ سا نہ تھا' اور 'کیا نہ تھا' اور ان کے ساتھ 'مےخانہ تھا' قافیہ کریں ۔ پس مےخانہ کے دو جزو کر کے 'مےخا' کو قافیہ اور 'نہ' کو ردیف میں محسوب کیا ۔ اور دوسرا ترکیب کے ساتھ ، یعنی دو کلمہ کو ایک کلمہ قرار دے کر قافیہ کریں ، مثلاً قافیہ 'خانہ تھا' اور 'شانہ تھا' اور 'دانہ تھا' ھو اور 'کیا نہ تھا' ان کے ساتھ استعمال کریں ۔ پس ظاھر ہے کہ لفظ 'نہ' اور 'کیا' کو ایک کلمہ قرار دے کر 'خانہ' وغیرہ کے ساتھ قافیہ کیا ہے ۔ لیکن اھل تمیز پر واضح ھو کہ معمول عیب قافیہ نہیں بلکہ قافیہ معیوب ہے ، جیسے شایگان ؛ اور عیب قافیہ تحلیل یا ترکیب ہے ۔ مگر عادت ارباب فن کی یہ ہے کہ شمار عیوب میں لفظ معمول مذکور کرتے ھیں ۔

فصل روی کے احوال میں : روی دو قسم ہے : مقید اور مطلق ۔ روی مقید روی ساکن کو کہتے ھیں ، جیسے کار اور بار ۔ اور روے مطلق روی متحرک کو ۔ اور اگرچہ جمہور اسی روی متحرک کو مطلق کہتے ھیں کہ بہ سبب وصل کے حرکت حادث ھوئی ھو ، جیسے بارش اور خارش کی راء مہملہ کا کسرہ ، لیکن راقم کے نزدیک وہ روی بھی مطلق ہے کہ اس کی حرکت اضاف یا صفت سے حاصل ھو ۔ جیسے 'کار خلق' اور 'یار خلق' اور 'کار نیک' اور 'یار نیک' ۔

فصل اوصاف اور القاب قافیہ کے بیان میں : جو

قافیہ کہ سوائے روی کے اور کوئی حرف قافیہ نہ رکھتا ہو اس کو مجرد کہتے ہیں ، جیسے سر اور بر ، اور اگر اور حرف رکھتا ہو تو اس حرف کے ساتھ ملقب ہوتا ہے ، جیسے کار اور یار قافیہ مردف اور ابر اور صبر قافیہ با حرف قید اور جاہل اور کاہل قافیہ موسس ۔ ان امور کی تفصیل اس قدر ہے کہ یہ مختصر اس کی گنجایش نہیں رکھتا ۔ اس واسطے اس سے اغماض انسب معلوم ہوتا ہے ۔ اگر کسی کو اس امر کا اشتیاق دامن گیر ہو تو رسالۂ جناب افادت مآب استادی و مولائی مولوی امام بخش صہبائی سلمہ‌اللہ تعالیٰ کا مطالعہ کرے کہ مطالب اس میں اس کیفیت کے ساتھ ہیں کہ اس کی توصیف حیطۂ بیان سے خارج ہے ۔

فصل ردیف کے بیان میں : ردیف وہ کلمۂ مستقل ہے کہ بعد قافیے کے مذکور ہو ۔ خواہ متحدالمعنی ، خواہ مختلف‌المعنی ۔ قسم اول : جیسے لفظ 'نہ تھا' اس شعر میں :

قتل عاشق کسی معشوق سے کچھ دور نہ تھا
پر ترے عہد سے آگے تو یہ دستور نہ تھا

اور قسم دوسری جیسے اس شعر میں :

رہنے نہ اگر غیر سے دیتے تمہیں باہم
اس طرح سے ہوتے نہ کبھی تم سے جدا ہم

قافیہ 'با' اور 'جدا' ہے اور ردیف 'ہم' ، لیکن مصرع اول میں بہ معنی یک دگر ہے اور دوسرے میں ضمیر متکلم ۔ اور کبھی ردیف لفظ غیر مستقل بھی ہوتی ہے ، جیسے قافیہ معمول میں ۔ اس کی مثال کی کچھ حاجت نہیں ۔

فصل حاجب کے بیان : واضح ہو کہ حاجب وہ لفظ مستقل ہے کہ بیت اگر ایک قافیہ رکھتی ہو تو اس قافیے سے پہلے اور اگر ذو قافیتین ہو تو ان دونوں قافیوں کے بیچ میں مکرر واقع ہو ۔ اول کی مثال یہ شعر ہے :

بس کہ درد و غم ہے سے شوارد یاں اے ریا رکا
اشک کا آنکھوں میں رہتا ہے بندھا اے یار تار

اور مثال دوسرے کی یہ شعر :

کس کے لب پر دل سے آہ سرد آتی ہے سدا
کان میں ہر دم جو اک پر درد آتی ہے صدا

ہر چند کتابوں میں حاجب کی یہ ہی دو صورتیں مذکور ہیں لیکن ایک صورت اور بھی خیال میں آتی ہے ۔ کہ ذو قافیتین میں دونوں قافیوں سے پہلے واقع ہو جیسے اس شعر میں :

غیروں کو جب سے تجھ پہ ہوا اختیار یار
عاشق تری نظر میں ہوا بے اختیار یا

مقصد تیسرا

اقسام شعر اور ان کی تعریف کے بیان میں

معلوم کیا چاہیے کہ نظم کئی قسم ہے : فرد ، رباعی ، غزل ، قصیدہ ، نسیب ، قطعہ ، مثنوی ، مسمّط ، ترجیع ، مستزاد ۔ ہر چند نسیب شعر کی قسم علیحدہ نہیں ہے بلکہ قصیدہ کا جزو ہے کہ باعتبار ایک حیثیت کے باقی اشعار سے ممتاز ہے ، اور اسی طرح سے مستزاد کہ بعضے اصناف شعر مثل فرد اور رباعی اور غزل ایک صورت خاص میں اس اسم کے ساتھ مسمی ہوجاتے ہیں ، اور حال اس کا اپنے اپنے محل میں مشروحاً دریافت ہوجاوے گا ۔ آسانی فہم اور مبتدیوں کی تفہیم کے واسطے اقسام میں داخل کر کے ہر ایک کا بیان علیحدہ کیا جاتا ہے ۔

فرد :

فرد ایک شعر کو کہتے ہیں کہ کوئی اور شعر اس کے همراہ نہ ہو ، خواہ دونوں مصرعے مقفیٰ ہوں ، خواہ مصرع آخر ۔ مثال اس کی ظاہر ہے ۔

رباعی :

رباعی دو بیت کا نام ہے ، خواہ مصرع اول اور ثانی اور رابع ہم قافیہ ہوں ، خواہ چاروں مصرع ۔ اور رباعی کے واسطے چوبیس وزن خاص معین ہیں کہ ان کا بیان عروض میں ہو چکا ہے ۔ اس نظم کی دو بیت پر بنا ہونے کی وجہ یوں لکھتے ہیں کہ جس وقت شاعر نے یہ وزن اختراع

کیا ، اُس وقت نہایت فرحت اور انبساط میں تھا اور زہرہ اور عطارد میں نظر تسدیس یا تثلیث اور آفتاب و مشتری میں نظر تثلیث تھی ، اور خاص و عام اس وزن سے نہایت محظوظ تھے ۔ اس ۔ ٘ اس نظم میں دو بیت پر اختصار کیا تاکہ طول سخن سامع میں ملال پیدا نہ کرے ۔ مثال قسم اول کی یہ رباعی میر کی :

چپکا چپکا پھرا نہ کر تو غم سے
کیا حرف سخن عیب ہے کچھ محرم سے
آخر کو رکے رہتے جنوں ہوتا ہے
اے میر کوئی بات کیا کر ہم سے

اور مثال قسم ثانی کی یہ رباعی میر کی :

ہجراں میں کیا سب نے کنارا آخر
اسباب گیا جینے کا سارا آخر
نہ تاب رہی نہ صبر و یارا آخر
آخر کو ہوا کام ہمارا آخر

غزل و قصیدہ :

غزل ایسے چند بیت متحد الوزن کو کہتے ہیں کہ بیت اول کے دونوں مصرع کا قافیہ باقی ابیات کے مصرع اخیر کے قوافی کے ساتھ متحد ہو ۔ بیت اول کو مطلع کہتے ہیں ، اور یہ ہی تعریف ہے قصیدے کی ، لیکن فاصل اور فارق از دونوں میں یہ ہے کہ غزل بارہ تیرہ بیت سے متجاوز نہیں ہوتی اور قصیدے کے واسطے نہایت نہیں ہے ۔ مگر غالباً

سو ڈیڑھ سو بیت سے زیادہ نہیں کہتے ، اور اس زمانے میں غزل بیس پچیس بیت تک بھی کہتے ہیں ۔ اور غزل و قصیدہ میں اس طرح سے فرق کرتے ہیں کہ اگر مضمون ہر بیت کا مختلف یا عاشقانہ ہو تو اس کو غزل جانتے ہیں ، اور اگر مدحت یا نصایح اور مثل ان کے ہو تو قصیدہ ۔ اور متاخرین غزل میں تخلص یعنی نام شاعر کا مقطع میں ، اور قصیدے میں جس بیت میں چاہتے ہیں ذکر کرتے ہیں ، اور قدما غزل میں بھی نام کو مقطع کے ساتھ مخصوص نہیں کرتے تھے ۔ اور بہتر یہ ہے کہ مضمون غزل عاشقانہ ہو تا کہ لفظ غزل کی مناسبت باقی رہے ، کس واسطے کہ غزل لغت میں عورتوں سے باتیں کرنے کو کہتے ہیں اور قصیدہ مغز غلیظ کو کہتے ہیں؛ جو کہ عادت قدما کی یہ تھی کہ قصیدے میں الفاظ متین جو ممدوح کے تحشم اور علوّ شان پر دلالت کریں ، استعمال کرتے تھے ، اس نام کے ساتھ موسوم کیا ۔

نسیب :

چند بیت کا نام ہے کہ قصیدے میں مقصد سے پہلے بطور تمہید کے مذکور کریں ۔ اور جو کہ ان ابیات اور اشعار مدح وغیرہ میں کوئی واسطہ چاہیے ، بعد آن ابیات کے ایسے ایک دو بیت ہوتے ہیں کہ مقصد کی طرف متوجہ ہونے پر دلالت کرتے ہیں ۔ ان بیتوں کو عربی میں تخلیص اور فارسی میں گریز گاہ کہتے ہیں ، نسیب کو تشبیب بھی کہتے ہیں ۔ اور جو کہ نسیب لغت میں عورتوں کے باتیں کرنے کو کہتے ہیں اور تشبیب ذکر ایام شباب کو ، غالباً اوایل حال میں یہ بیتیں صرف عاشقانہ ہوتی ہوں گی ،

پھر رفتہ رفتہ اور مضامین مثل شکایت روزگار یا فخریہ وغیرہ سے بھی مشتمل ہونے لگیں ۔ راقم غزل و قصیدہ کی مثال سے نسیب کی مثال پر قناعت کرکے سودا کے اُس قصیدے سے جو بسنت خان کی مدح میں لکھا ہے ، نقل کرتا ہے :

کل حرص نام شخصے سودا پہ مہرباں ہو
بولا نصیب تیرے سب دولت جہاں ہو

گر اشرفی روپے کی خواہش ہو تیرے دل میں
ظاہر ترے پہ ہر جا گنجینۂ نہاں ہو

لعل و گہر کی ہووے تجھ کو اگر تمنا
مصرف کے بیچ تیرے اشیاء بحر و کاں ہو

عمدہ تو اس قدر ہو سرکار بیچ تیرے
مور و ملخ سے زاید خیل ملازماں ہو

جاہ و جلال یاں تک دیوے تجھے زمانہ
جب ہو تری سواری صد فیل پر نشاں ہو

گر ملک چاہتا ہے تو تخت بیچ تیرے
ہندوستاں سے لے کر اور تا بہ اصفہاں ہو

آگے تو کیا کہوں میں دل چاہتا ہے تیرے
قبضے میں لے زمیں سے اور تا بہ آسماں ہو

سن کر یہ حرف بولا سودا کہ قدر و رتبہ
کب اشرفی روپے کا نزدیک عاقلاں ہو

یہ تو برے ہیں اتنے آفاق میں کہ جن کو
کیسے سے دور کیجے کام اپنا تب رواں ہو

عمدہ تو وہ کوئی ہے نزدیک فہم جس کی
اہل کمال آگے دنیا میں عز و شاں ہو

نام و نکو سے بہتر دنیا میں کیا نشاں ہے
یہ بھی کوئی نشاں ہے جو فیل پر رواں ہو

لعل و گہر جو پوچھو پتھر ہیں اور پانی
رتبہ نہ ان کو پیش ارباب ہمتاں ہو

ملکوں کی سر زمیں سے حاصل یہی ہو آخر
دو مشت خاک جس میں اک مشت استخواں ہو

ارض و سما کا ہونا قبضے کے بیچ اپنے
ہے دعوئ خدائی کیوں کر مجھے گماں ہو

جو کچھ کہا ہے تو نے تجھ کو یہ سب مبارک
میں اور میرے سر پر میرا بسنت خاں ہو

قطعہ :

ابیات متحدۃ الوزن و القافیہ ہیں بدون مطلع کے ۔ پس اگر مطلع ہو اور ابیات حد قصیدہ سے کم ہوں تو غزل ہے والّا قصیدہ ۔ مثال اس کی یہ قطعہ سودا کا ہے نواب شجاع الدولہ کی تہنیت سالگرہ میں :

گتھاؤ ہوئے یہ اقبال و بخت کا تیرے
الٰہی تا بدم حشر یہ گرہ نہ کھلے

رہے فلک پر درخشندگی میں تا میزاں
تو روز سالگرہ اپنی موتیوں سے تلے

عروج ہو ترے اعدا کا یوں تنزل میں
کہ جیسے مہر کی تابش سے کوہ برف گھلے

مثنوی :

وہ ابیات ہیں کہ وزن سب کا متحد اور قافیہ علیحدہ ہو ، لیکن ہر بیت کے دونوں مصرع قافیہ رکھتے ہوں ۔ چند بیت مثنوئ میر سے بطریق نمونہ کے مرقوم ہوتے ہیں :

ہے قابل حمد وہ سر انداز
جو سب میں ہوا ہے جلوہ پرداز

اس کو مئے حسن سے چکھایا
ہستی کا نشہ اسے پلایا

پی اس نے شراب خود پرستی
طاری ہوئی اس پہ زور مستی

وہ مست شراب ناز ہے فرد
خورشید ہے اس کا جام پرورد

ہے گردش چشم اس کے افسوں
پھر جائے ہے جس کے ساتھ گردوں

عالم ہے قرابۂ مئے خام
ہے دور سپہر گردش جام

مشہور جہاں جو کیف و کم ہے
بے نشہ جو ہووے تو ستم ہے

وہ مست نیاز ہے حرم میں
وہ رفتۂ ناز ہے صنم میں

ہے آب رخ زمانہ اس سے
روشن ہے تمام خانہ اس سے

مسمط :

مسمط وہ چند مصرعے ہیں کہ وزن و قافیہ میں متفق ہیں ہمراہ ایسے ایک مصرع کے کہ وزن میں ان مصارع سے موافق اور قافیے میں مخالف ہوتا ہے ، اور گہ گہ یہ مصرع بھی ان مصارع کے ساتھ قافیے میں اتحاد رکھتا ہے ، اور یہ امر اس مسمط کے پہلے بند سے ظاہر ہے کہ اس کے چند مصرعے مطلع غزل کے ساتھ الحاق کیے جاویں ۔ مصنف 'مناظرالانشا' لکھتا ہے کہ مولانا وحید تبریزی کے رسالے میں کہ عروض اور قافیہ اور بدیع پر مشتمل ہے ، مرقوم کہ مسمط چار مصرع سے دس مصرع تک ہوتا ہے ۔ پس یہ تعریف مربع اور مخمس اور مسدس اور مسبع اور مثمن اور متسع اور معشر کو شامل ہے ؛ یہاں تک کلام اس کا منتہی ہوا ۔ لیکن مثلث بھی پایا جاتا ہے ۔ اور جاننا چاہیے کہ جب ابیات مسمط کے مکرر ہو جاویں تو چاہیے کہ اخیر کے مصرعے قافیے میں متحد ہوں ۔ مثلث اور مربع اور مخمس کی مثال مرقوم ہوتی ہے کہ کثیر الوجود ہے اور باقی میں اشعار کم پائے جاتے ہیں ۔ مثلث میر کا :

کیا کہوں میں عاشق و معشوق کا راز و نیاز
ناقہ را می رانـد لیلیٰ سوئے خلوت گہ ناز
ساربان در رہ حدی می‌خواند و مجنوں می‌گریست

مربع ایک بند مرثیہ قاسم رضی اللہ عنہ کا تصنیف سودا کا :

گرد اُس کے براتی سر و سینے پہ سے ملے خاک
سب چاک گریباں کیے با دیدۂ نم ناک
فریاد و فغاں ان کی سے بر گنبد افلاک
نے اشک تھا مرد کا یہ دیکھ نہ زن کا

مخمس سودا کا :

مجھے تو زور ہے ساقی کی یہ ادا بھائی
کہ پہلے جام کی مے خاک پر چھڑکوائی
جو پوچھا میں تو کہا مجھ سے سن یہ سودائی
چو با حبیب نشینی وبادہ پیمائی
بیاد آر محبان بادہ پیما را

ترجیع :

مصنف ''مناظر الانشا'' نے اس کی تعریف اس طرح کی ہے کہ ترجیع وہ شعر ہے کہ حصہ کیا جاوے ایسی بیت کے ساتھ کہ اس کے ہر مصرع میں قافیہ ہو ، اور ہر حصہ اُس کا چند بیت صاحب مطلع ہوتے ہیں کہ وزن اور قافیے میں اتحاد رکھتے ہوں ۔ اس حصہ کرنے

والی بیت کو بند ترجیع کہتے ہیں ۔ اور وہ بند غالباً ہر
جگہ ایک ہی بیت ہوتی ہے اور گاہ گاہ غیر اول کی اور
بند چاہیے کہ ابیات سابق سے با عتبار معنی کے مرتبط ہو ۔
اور شمس فخری معیار جمالی میں لکھتا ہے کہ ترجیع کئی
قسم ہے ۔ اول یہ کہ شاعر پانچ یا سات یا نو یا گیارہ بیتیں
جس وزن اور قافیہ اور ردیف میں چاہے کہے ، اور بعد
ان کے ایک اور بیت لاوے ، کہ اُس قافیہ اور ردیف پر نہ
ہو ۔ اور پھر اسی قدر بیتیں کہ پہلے کہیں تھیں ، کہہ کر
ایک اور بیت لاوے ۔ اسی طرح سے آخر تک تمام کو
پہنچا دے ۔ اُن ابیات کو خانہ اور اس بیت کو بند کہتے
ہیں ۔ دوسرے یہ کہ بعد ہر خانہ کی ابیات کے بند آئے ہوں کہ
قافیہ اور ردیف میں اتحاد رکھتے ہوں ۔ اگر ابیات بند کو
جمع کریں ایک قطع ہو جاوے ۔ تیسرے یہ کہ بند ہر جگہ
ایک ہی بیت ہو ۔ چوتھی قسم یہ ہے کہ سب خانوں کی
ردیف ایک اور قافیہ مختلف ہو یا بالعکس ؛ یہاں تک شمس
فخری کا کلام تمام ہوا ۔ مؤلف کہتا ہے کہ صاحب
'مناظر الانشا' کے لکھنے سے کہ بند گاہ گاہ غیر مکرر ہوتا ہے ،
اور اقسام اربعہ مذکورہ کی پہلی اور تیسری قسم کی عبارت
سے یہ معلوم ہوا کہ ترکیب بند بھی ترجیع کی ایک قسم
ہے ۔ اور ماہران فن پر واضح ہے کہ ترکیب بند انھیں
اشعار کو کہتے ہیں کہ ان دونوں صورتوں میں سے کسی
صورت پر ہو ، اور شمس فخری کے اس قول سے کہ اگر ان
ابیات کو جمع کریں تو ایک قطعہ ہو جاوے ، معلوم ہوتا
ہے کہ بند کے دوسرے ہی مصرع میں قافیہ ہو ، نہ یہ کہ
پہلا بند بہ شکل مطلع کے اور باقی ابیات غزل کے

طور پر ۔ اور شعرائے قدیم و حال کے کلام کا مشاہدہ بھی
اسی کی تائید کرتا ہے اور دو بیت پر بھی خانہ کی بنا
رکھتے ہیں ۔ اس روز گار میں یہ اشعار مسدس کے نام سے
مشہور ہیں ۔ اس مقام میں کچھ مثالیں مرقوم ہوتی ہیں ۔

قسم اول : یہ ترجیع بند مولوی عبدالکریم سوز تخلص
خلف الصدق جناب استادی مولوی امام بخش صہبائی عم نوالہ کا :

یاد ایام کہ باہم تھی محبت منظور
عیش و عشرت ہی سے رہتا تھا سدا دل معمور

لب پہ آتا ہی نہ تھا حرف فراق و ہجراں
نہ جدائی کا وہاں ذکر نہ یاں کچھ مذکور

نہ اسے شوق کہ کیجے ستم و جور و جفا
نہ یہ کچھ جبر ہمیں پر کہ سہیں ظلم ضرور

واں ہوا ظلم تو اک ناز سمجھ کر اس کو
یاں سہا جور تو الفت کا سمجھ کر دستور

بے قراری کا نہ تھا دل میں کہیں نام و نشاں
نہ یہ تھی سینے میں سوزش نہ جگر میں ناسور

اتنی بے صبری و بے طاقتی و بے ہوشی
نہ یہ دل میں نہ وہ جاں میں نہ وہ سر میں مستور

نہ غم و درد سے پایا کبھی دن کو تاریک
نہ کبھی رات کو اندوہ سے دیکھا دیجور

دور تھا یوں ہی کبھی درد و غم و حسرت سے
جیسے اب عیش و مسرت سے ہوا ہوں مہجور

دل سے ارمان مرے رہتے تھے سب پاس ہی پاس
یاس و افسوس سدا جان سے تھے دور ہی دور

دل میں ہوتی تھی نہ اس طرح کی سوزش پیدا
جان رہتی تھی خنک اپنی مثال کافور

مجھ کو ہر وقت کے جلنے سے سروکار نہ تھا
اور جلاتا بھی اگر مجھ کو تو وہ پرتو نور

طور کی طرح جلاتی تھی تجلی مجھ کو
میں جو تھا طور کی مانند تو وہ جلوۂ طور

'ارنی' شوق میں کہہ بیٹھ کے موسیٰ کی طرح
'لن ترانی' کے اگر امر سے ہوتی مامور

تو یہ منظور نہ تھا اس کو کہ اپنے رخ کو
رکھے پردے ہی میں نظارگیوں سے مستور

بلکہ مقصود تو واں کرکے بہم راز و نیاز
شوق دیدار کو تھا صرف بڑھانا منظور

کام لب کرتے تھے کیا کیا نہ مسیحائی کا
نرگسی چشم سے ہوتا جو کبھی مین رنجور

میرے سینے میں جو تھا عیش تو تھا عیش میں دل
تھا وہ گنجینۂ عشرت تو یہ اس کا گنجور

اس طرح سے مجھے تھی جانے کسی کے دل میں
کہ بنایا ہمہ تن تھا مجھے گویا کہ مسرور

اس کی آنکھوں میں سمایا تھا کچھ اس طرح کہ میں
گوئیا تھا ہمہ بینائی چشم و ہمہ نور

جاں کو پاتے تھے جو تن میں تو بصد عیش و نشاط
دل کو جب دیکھتے سینے میں تو کیا کیا مسرور

یک قلم محو ہوا تھا یہ غم و درد و الم
کہ ٹھکانا ہی نہ لگتا تھا کہیں پاس نہ دور

اور دریائے مسرت میں یہ تھی موج زنی
عشرت و عیش کا اس طور سے تھا جوش و وفور

کہ اگر زخم بھی آتا تھا بدن پر کوئی
باندھ لاتا تھا اسی وقت وہ بھر کر انگور

بندھ کے انگور ٹپکتی تھی مئے عیش و نشاط
اور اس مے سے نشہ عیش کا رکھتا تھا ظہور

جان حاسد پہ برستی تھی پڑی نار پہ نار
دل پہ یاں اپنے اترتا تھا سدا نور پہ نور

اتنی سی بات پہ آپے سے گئے اپنے نکل
اتنے سے عیش پہ ہم ہو گئے کیسے مغرور

اتنی جمعیت خاطر پہ لگے یوں کہنے
کہ کوئی ہم کو پریشان کرے ، کیا مقدور

اور نہ سمجھے کہ زمانہ ہے بڑا شعبدہ باز
اس کے آگے نہیں چلتا ہے کسی کا بھی غرور

اس کی نیرنگی سے اک خلق جہاں ہے ناچار
اس کی بے رحمی سے ہے ایک زمانہ مجبور

دیکھتا ہے کہیں جس خانۂ دل کو آباد
اس کے ڈھا دینے میں کرتا ہی نہیں ہے یہ قصو

خاک میں سب کو ملا کر نہ رکھا نام و نشاں
نہ رہا روم میں قیصر تو نہ چیں میں فغفور

ہوتے اس کے ستم و جور سے کیوں کر آگاہ
پاتے کس طرح سے اس شعبدہ بازی پہ شعور

کہ کبھی جور فلک سے نہ ہوئے تھے عاجز
اور کبھی قہر سے اس کے نہ ہوئے تھے مقہور

کبھی گرداب الم میں نہ پڑے تھے آ کر
نہ کیا تھا کبھی دریائے صعوبت سے عبور

یاں بھی کی آخر وہی شعبدہ بازی آغاز
کہ ہر اک اپنی ہے عادت سے جہاں میں مجبور

یعنی وہ راز کہ تھا لاکھ طرح سے پنہاں
کر دیا بات کی ہی بات میں سب پر مشہور

کھل گئی عشق کی غیروں پہ حقیقت جس دم
لگ گئی آگ انھیں سن کے یہ ذکر و مذکور

میرا آزار انھیں ٹھیر گیا مد نظر
میری ایذا ہوئی ہر طرح سے ان کو منظور

اور ہر ایک نے چاہا کہ بلا سے کچھ ہو
مار ہی ڈالیں اسے جان سے حتی المقدور

شہد کا شہد گیا ہاتھ سے اپنے ہیہات
اور چبھی مفت رگ جاں میں نیش زنبور

چل سکا مجھ پہ نہ جب اور کوئی بس ان کا
میرے تکلیف کے دینے سے رہے سب مجبور

تفرقہ ڈال دیا مجھ میں اور اُس میں ایسا
لفظ مہمل سے ہو جس طرح سے معنی مہجور

اُن کے بہکانے سے یوں حرف وفا میٹ دیا
جیسے تھا ہی نہ کبھی لوح پہ دل کی مسطور

دم کے دم میں وہ یہ بگڑا کہ کہوں کیا ہمدم
اتنی مضبوط محبت پہ خلاف دستور

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدم و بہار آخر شد

تھی عجب نام خدا حسن کے اُس گل کی بہار
حسن و خوبی کا شگفتہ تھا وہ گویا گلزار

دل نے چاہا کہ یہاں کا بھی تماشا کیجے
ورنہ ہوگا یہ مزا مفت نصیب اغیار

ہاتھ ملنے کے سوا کچھ بھی نہ حاصل ہوگا
اور چلی جائے گی یوں ہی یہ بہار آخر کار

میں بھی سمجھا کہ اگر دل کا نہ مانا کہنا
تو یہ دل ہی کہیں ہو جاوے نہ مجھ سے بیزار

دل ہی بیزار جو ہوگا تو خرابی ہوگی
جاں بھی تنگ اُن کے ہو جائے گی پھر رو بہ فرار

دل کے کہنے کو ہر اک طرح مقدم جانا
اور ہوا سیر و تماشے کے لیے میں تیار

کر کے ہر ایک سے ہر طرح رسائی پہنچہ
ایسے کوچے میں کہ تھا واں کا پہنچنا دشوار

اور وهاں جا کے پهر اک طرز سے اک حیلے سے
جس کا منظور نظارہ تها کیا واں بهی گذار

جا کے دیکها تو وہ دیکها کہ نہ دیکها نہ سنا
واں جو پایا تو یہ پایا کہ کروں کیا اظہار

بهر گیا نور سا آنکهوں میں یکایک جو مری
هو گیا دیکھ کے حیرت سے میں نقش دیوار

آنکھ کہتی تهی کہ اب طاقت نظارہ ہے طاق
دل یہ کہتا تها کہ یاں سے هی نہ هٹیو زنہار

نظر شوق کا ایما کہ اسے بت کہیے
اور پہن لیجیے الفت میں اسی کی زنار

عقل کہتی تهی کہ ہے اس میں فرشتے کا ظہور
عشق کہتا تها کہ دے دیجے خدا اس کو قرار

کسر شاں اس کی جو بت کہیے ، خدا کہیے تو کفر
اس کے حق میں تو کہیں کیا کہ ہے کہنا دشوار

اور اگر کہیے تو اتنا هی زباں سے کہیے
کہ خدا جانے وہ کیا تها نہیں کهلتا اسرار

نہ خدا تها نہ بشر تها نہ ملک تها نہ پری
اور جو دیکهو تو ز سر تا بہ قدم پر انوار

اس قدر مایۂ خوبی ، پہ وفا بهی کچھ تهی
بے وفائی کا نہ تها نام کو ذکر و اذکار

هو گیا ربط نظر ملتے هی ایسا باهم
کہ جہاں میں کہیں دیکها نہ سنا هو زنہار

لیک تھی کچھ تو حیا مانع نظارۂ شوق
اور تھے کچھ خلل انداز رقیب و اغیار

کبھی یہ ڈر کہ کہیں جائے مقدر نہ الٹ
نہ زمانے کے کہیں هوویں مبدل اطوار

کبھی یہ خوف کہ اس عیش و مسرت میں بہم
تفرقہ ڈالے نہ لا کر کوئی چرخ دوّار

تھے بھرے سینے میں یاں تک تو غم و درد و الم
اور اس طرح سے تھا دل پہ هجوم افکار

منع نظارہ کے تھے اتنے تو ساماں موجود
نظریں پر اس پہ بھی هو رهتی تھیں آپس میں دوچار

چند مدت تو یوں هی شرم و حیا میں گذری
اور هوئی خلق پہ آپس کی نہ الفت اظہار

بے غرض یوں رہے ظاهر تو کہ گویا کچھ بھی
نہ تعلق آسے مجھ سے نہ مجھے اس سے هے کار

اور باطن میں جو دیکھو تو وهی شوق وصال
وهی نوبت وهی صورت وهی الفت وهی پیار

بعد چندے جو آٹھا شرم و حیا کا پردہ
نہ رها مانع نظارۂ باغ دیدار

اب زمانے کا نہ کچھ خوف نہ کچھ بیم رقیب
نہ نصیبے کی طرف سے کوئی کھٹکا زنہار

رہ گئے بلبل و گل دونوں بہم گلشن میں
نہ وہ خاطر میں خلش ارر نہ دامن میں وہ خار

چند مدت تو اس انداز سے گذری اوقات
پھر نئے سر سے آسی غم نے کیا دل میں گذار

یعنی اس رخ پہ ابھی کھلنے بھی پائی تھی نہ آنکھ
کہ لگے ہونے عیاں ، خط کے سے کچھ کچھ آثار

نہ رہیں حسن کی ، پہلی سی تر و تازگیاں
نہ رہی آئینہ ساں پہلی سی تاب رخسار

زلف سنبل تھی ، مگر کچھ تھی پریشانی اور
نہ وہ اگلی سی خم و چم تھی نہ ویسی طرار

نہ وہ پیشانی میں چیں اور نہ چیں میں وہ مزا
نہ وہ مژگاں کی کجی ، اور نہ وہ ابرو خم دار

چشم اس کی وہی نرگس تھی پہ حیران حیران
نگہ اک مے تھی مگر جس سے کہ افزوں ہو خمار

لب تھے اک غنچۂ سر بستہ ، سو اب وا دیکھے
تھی جو سو سن سی زباں ، ہو گئی کیسی طرار

نہ وہ غفلت ، نہ تغافل ، نہ وہ پہلی سی حیا
نہ وہ شوخی ، نہ وہ باتیں ، نہ وہ لطف گفتار

نہ وہ عشوہ ، نہ وہ غمزہ ، نہ وہ ناز و انداز
نہ ادائیں ، نہ اشارے ، نہ کرشمے ہر بار

نہ وہ پنجہ ، نہ وہ ساعد ، نہ وہ بازو ، نہ وہ دوش
نہ وہ گردن ، نہ وہ سینہ ، نہ وہ ناف آئینہ دار

نہ وہ زانو ، نہ وہ ساقیں ، نہ وہ پائے رنگیں
نہ وہ قد اور نہ وہ قامت ، نہ وہ طرز رفتار

اس کی رفتار قیامت تھی، پر از فتنہ و شور
جس سے عشاق پہ آتی تھی، قیامت ہر بار
اب نہ وہ آپ قیامت نہ کچھ اس میں فتنے
نہ وہ آفت نہ وہ محشر نہ وہ شورش زنہار
کثرت گل سے شگفتہ تھا گلستاں جس جا
پل کے پل میں نظر آنے لگے واں خار ہی خار
مجھ کو آتا ہے، اسی بات پر ہر دم رونا
مٹ گئی دیکھتے ہی دیکھتے، کیسی یہ بہار
حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد

قسم ثانی میر کا

عمر گذری، ہو چکا آسودگی کا روزگار
رنج و محنت کے تئیں، آرام سے ہے ننگ و عار
معرکہ ہے یک طرف، دونوں ہوئے ہیں سامنے
زخم دل کی یہ ہنسی، وہ گریۂ بے اختیار
مجہلہ ہے گتھ رہے ہیں اک طرف کتنے جو یہ
صبر سے بے طاقتی، دل اور درد بے شمار
عاشقی جب کی تھی میں نے تب نہ تھیں یہ خواریاں
کیا کہوں کیا کچھ دکھاتا ہے مجھے اب ہجر یار
سینہ دیکھو چاک، منہ ناخن سے سب نوچا ہوا
آنکھیں دیکھو ڈوبی خون میں جی کو دیکھو بے قرار

اے کہ گفتی عشق را درمان ھجران کردہ اند
کش می گفتی کہ ھجراں راچہ درماں کردہ اند

اک کنارے وہ تو جو ھیں گے زمیں کے زیر یاں
خاک پر بسمل پڑے ھیں، کیسے کیسے شیر یاں

دو قدم بر ھے، یہ ھنگامہ، ترے کوچے کے بیچ
آ شتابی کچھ نہیں لگنے کی تجھ کو دیر یاں

منہ بہ کھانے والے تلواروں کے بھوکے موت کے
سیکڑوں یک جا ھیں، وہ جینے سے جو تھے سیر یاں

دھڑ نہیں سر ھی پڑا ھے سر نہیں تو دھڑ ھی ھے
ھیں زیارت کردنی، یہ کشتۂ شمشیر یاں

غم زدے، بے خانماں، بے وارثے، بے کس غریب
زخموں کے دامن لے منہ پر، ھو رھے ھیں ڈھیر یاں

گر تو ھم آئی پے طوف شہیداں دور نیست
گریہ می آید دریں جا راہ چنداں دور نیست

قسم ثالث: اس کی مثال ریختہ میں بر سر دست نہ تھی اس واسطے فارسی مرقوم ھوئی۔

سلمان ساوجی

آئینۂ جمال جاں، گشت لقاے روے تو
آئینہ ندیدہ ام، من بصفای روے تو

برگ گل است در نظر، گو برخ تو اندکے
ماند وگر نماند او، ما و لقاے روے تو

در دو جہان بجان ترا ، خلق همی خرنـد و من
هر دو جہان نہادہ ام نیم بہـاے روے تـو

روے تو دید چشم من ، در پئے دیدہ رفت دل
هست گناہ چشم من نیست جفاے روے تو

چون بربیع روے ابر از کف بادشاہ مـا
در عرق است دم بہ دم گل ز حیاے روے تو

کسریٰ و جم بہ جنب او ، هر دوشہ دروغی اند
حاتم و معن بر درش ، هر دو گدای راستیں

وہ چہ شود اگر شوم ، کشتہ راے چون توئی
صد چو من ار فنا شود باد بقاے چون توئی

جور تو هست دولتے ، کاں نہ رسد بہ هر کسے
کے بہ چو من رسد گہے ، جور و جفاے چون توئی

عشق بہ قدر دان هما قلۂ سر نشیمنش
تا بسرے کہ اوفتد ظل هماے چون توئی

نیست مرا وفا وگر نیز بود ، عجب بود
گر بہ کسے چو من رسد ، بوے وفاے چون توئی

بر سر کوی عاشقی ، شاہ و گدا یکے بود
بادشہی کند کسے ، کوست گداے چون توئی

هست ز آبروی او بر لب جوے سلطنت
سرو جلال و جاہ را نشو و نماے راستن

قسم رابع : یعنی خانہ کو دو بیت پر بنا کرنا بہ طرز ترکیب بند کے - میر :

یاد ایام کی خوبی سے خبر تجھ کو نہ تھی
سرمہ و آئینے کی ، اور نظر تجھ کو نہ تھی
فکر آراستگیٔ شام و سحر تجھ کو نہ تھی
زلف آشفتہ کی سدھ دو دو پہر تجھ کو نہ تھی
شانہ تھا نا بلد کوچۂ گیسو تیرا
آئینہ کاہے کو تھا حیرتیٔ رو تیرا

آگہی حسن سے اپنے تجھے زنہار نہ تھی
اپنی مستی سے تری آنکھ خبردار نہ تھی
پاؤں بے ڈول نہ پڑتا تھا یہ رفتار نہ تھی
ہر دم اس طور کمر میں تری تلوار نہ تھی
خون کاہے کو یہ کوچے میں ترے ہوتے تھے
دل زدے کب تری دیوار تلے روتے تھے

به طور ترجیع بند کے - جرأت :

نہ کیوں کہ روئیے زانوے غم پہ سر کو دھرے
بغل میں کیوں نہ دل اپنا تڑپ تڑپ کے مرے
خبر جو ہوئے اسے تو وہ کچھ خدا سے ڈرے
سو اپنے حال سے آگاہ اس کو کون کرے
نہ قاصدے نہ صبائے نہ مرغ نامہ برے
کسے ز بے کسیٔ ما بمے برد خبرے

غم فراق سے ہے دکھ پہ دکھ الم پہ الم
جگر پہ داغ مژہ اشکبار لب پہ ہے دم

سنائے کون کہے کون اس سے اپنا غم
نہ کوئی یار نہ کوئی رفیق و نے ہم دم

نہ قاصدے نہ صبائے نہ مرغ نامہ برے
کسی ز ۔. کسی ُما نمے برد خبرے

مستزاد :

مستزاد ایسا کلام منظوم ہے کہ اس کے مصرع یا بیت کے بعد اس طرح سے ایک پارہ کلام زیادہ کیا جائے کہ بہ حسب معنی اس نظم سے مرتبط ہو ۔ مگر جاننا چاہیے کہ مستزاد رباعی اور غزل وغیرہ کے مقابل نہیں ہے ، بلکہ رباعی وغیرہ کے ساتھ بھی جمع ہو جاتا ہے ، یعنی رباعی و غزل مستزاد ہوتی ہیں ۔ اور اگر مقابل ہوتے تو ان دونوں کا جمع ہونا محال تھا اور یہ امر کہ وہ پارۂ کلام جو زیادہ کیا جاتا ہے ، نثر ہے یا نظم ؟ ایک بحث دور دراز رکھتا ہے ۔ اس کی تفصیل استادی و مولائی جناب مولوی امام بخش صہبائی سلمہ اللہ تعالیٰ کے رسالۂ قافیہ سے جس کا نام وافی ہے ، دریافت کریں کہ اس سے بہتر کسی کتاب میں مرقوم نہیں ہے ۔ ملخص کلام یہ ہے کہ وہ پارہ بھی نظم ہے ، نہ نثر جیسے کہ بعضوں کا گمان ہے ۔ اس جگہ رباعی مستزاد پر کفایت کرتا ہوں ۔ میر :

کیا کیا آتی ہے اپنے دل میں لیکن   کیا کہیے کہ آہ
محراب میں سر مارئے کب تک تجھ بن   غم ہے جاں کاہ
تو مست گزارہ ہوے غیروں کی جا   چھپ چھپ کر رات
ہم پھیرتے تسبیح رہیں ساری رات   سبحان اللہ ! ! ! !

خامۂ خام رقم اس مقام پر تحریر تبصرہ سے فارغ ہوا ۔
اب چاہتا ہے کہ جادۂ مقصود اصلی یعنی تذکرۂ شعرائے
فصاحت بیان میں سرگرم ہو اور سر انجام امر ضروری میں
آمادہ ۔ بلکہ مولف بے چارہ کی انگشت کو مرکب اور صفحے
کو میدان قرار دے کر قریب تھا کہ جولان کرے ،
ناگاہ خرد دقیقہ شناس نے صدا دی کہ اے حق نا شناس !
تیری طرز تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ اسمائے شعرائے بلیغ
کی تسطیر میں حروف تہجی کی رعایت منظور ہو اور یہی طور
ملحوظ ۔ اس صورت میں کلام وحی نظام ، حضرت سلطنت
پناهی ، ظل الٰہی ، زیبندۂ تخت جم ، پرورندۂ عساکر خدم ،
خلد اللہ ملکہ اور سخن اعجاز مشابہ وارث تاج و نگیں ، ولی عہد
باعزوتمکین ضاعف اللہ جلالتہ و قدرہ ۔ اگر انہیں اسما کی
سلک میں منسلک ہو تو راہ اساءت ادب کس قدر مسلوک
اور قاعدہ دانی کی مخالفت کس قدر مرعی ہو گی اور اگر اس
کی تحریر سے قاطبۃً ہاتھ کھینچا جائے اور اس بحر ذخار سے
ایک قطرہ اور اس چشمۂ بے کراں سے ایک نم بھی ہاتھ نہ
آئے ، تشنہ لبان وادیٔ استعداد کی حسرت اور تفسیدہ دلان
دشت کمال کی آرزو کی شکایت کا کیا جواب ہے ؟ پس مناسب
یہ ہے کہ ان دونوں کلام الہام نظام کو افسر کتاب اور
تاج صحیفۂ بلاغت نصاب کرے کہ سر رشتۂ ادب ہاتھ سے
نہ جائے اور تقاضائے طالب بھی حرف شکوہ زبان پر نہ لائے ۔

چہ خوش بود کہ بر آید بہ یک کرشمہ دو کار

اس واسطے صابر قاعدہ شناس اس پند دل پذیر کو زیور گوش
اور اس نصیحت سود مند کو مفرح ہوش کر کے آغاز کتاب

کو ان لآلی شاہوار اور ان جواہر آب دار سے زینت دیتا ہے ۔

شہی کاں جامع قدر و جلال است
ہنر ور پرور و صاحب کمال است
خدایا بر سر ما زندہ اش دار
چو ذات خویشتن پایندہ اش دار

اشعار گوہر نثار حضرت ظل اللہ ملک سپاہ انجم حشم خورشید عالم مسند آرائے عدل و داد ماحیٔ رسوم جور و بے داد ، منبع لطف و کرم ، ہادم اساس ظلم و ستم ، خسرو گردوں سریر ، بادشاہ فریدوں نظیر ، سلطان معرفت آگاہ ، ابو ظفر محمد سراج الدین بہادر شاہ خلد اللہ ملکہ و سلطانہ کہ کشور سخن میں اکلیم کشایان معنی سے نام ور تر اور نام بلند مقام اس عالم گیر کمال کا جہان نظم میں ظفر ہے :

پیام بر جو اُدھر سے مرا نہیں آتا
تو کیا کہوں کہ مرے دل میں کیا نہیں آتا

غریق بحر محبت پہ تیرے کیا گزری
کسی سے سننے میں کچھ ماجرا نہیں آتا

نہ ہو فراق میں جب تک کہ خوب بے مزگی
وصال یار کا ہرگز مزا نہیں آتا

موڑا نہ کبھی منہ تری شمشیر جفا سے
میرا سا کسی کا بھی جگر ہو نہیں سکتا

کبھی جا کر نہ پھرتا میں گلی میں خوب رویوں کی
اگر مجھ کو نہ میرا یہ دل مضطر لیے پھرتا

نہ تھا کچھ دور تو رستہ بہت اُس یار کے گھر کا
مگر ہم کو ہماری ناتوانی نے تھکا مارا

جانے دو جاتا ہے گر عمر رواں کا کارواں
ٹھیر جائے گا کہیں آخر کہاں تک جائے گا

دام سے صیاد! مرغ ناتواں چھوٹا تو کیا
یہ نہیں اُمید اُڑ کر آشیاں تک جائے گا

میں اور دوں دل اپنا کسی کو ترے سوا
تیرا خیال یہ کدھر اے نازنیں گیا

اسیران قفس کا دم ہوا ہوتا ہے حسرت سے
چمن سے کب کوئی جھوکا نسیم صبح کا آیا

حرف تلخ اُس لب شیریں سے مزا دیتا ہے
چھیڑ کر کرتے ہیں ہم اس لیے دشنام طلب

دام بلائے زلف میں کچھ بے طرح سے دل
جا کر پھنسا ہے دیکھیں رہائی ہو کس طرح

ہمیں ہے ایک اُسی گل عذار سے اخلاص
اُسے ہزار سے اُلفت ہزار سے اخلاص

جو دیکھوں بزم میں اُس شوخ جنگ جو کی طرف
چھری کو دیکھ کے دیکھے مرے گلو کی طرف

کیا ستم ہے وہ صریحاً ہم پہ کرتے ہیں ستم
اور کہتے ہیں کہ یہ لطف و کرم کرتے ہیں ہم

گو بن گیا ہوں سوکھ کے کانٹا سا میں حقیر
لیکن کھٹکتا اب بھی ہوں چشم حسود میں

کوہ کو پانی نہ کر اے نالۂ خارا گداز
مارنے سر سے ہمیں دو چار پتھر اور ہیں

اے خدنگ یار کیوں سینے سے نکلا جائے ہے
ہم ترے رہنے کو اپنے دل میں گھر دیتے تو ہیں

جلد آ کہیں اے رشک مسیحا کہ یہ ہے حال
پانی ہیں چواتے ترے بیمار کے منہ میں

میں باغ دل کشا میں بھی تجھ بن گرفتہ دل
ہوں اس طرح کہ جیسے گنہ‌گار بند میں

تسلی ہم کو ہو جاتی ہے جس دم غیر کے منہ سے
شکایت ہم تری اے دل ربا طناز سنتے ہیں

دیکھ تو ہجر کی شب کیوں کر ترے سوختہ جاں
شمع کی طرح سے رو رو کے سحر کرتے ہیں

یہاں تو کہتے ہیں لائیں گے ہم کچھ اس کو کہہ سن کر
وہاں جا کر مرے ہمدم نہ کہتے ہیں نہ سنتے ہیں

کہے دیتی ہیں نگاہیں ہی تمھاری سب کچھ
کیا ہوا گر نہیں تم کہتے حیا سے کچھ ہو

سینے پہ دھر کے دیکھ ذرا ایک بار ہاتھ
یہ حال ہے کہ اچھلے ہے دل چار چار ہاتھ

میرا دل رمیدہ ہوا کب کسی کا صید
قسمت سے آ گیا ہے ترے یہ شکار ہاتھ

وفور گریہ نے میرے بچا لیا ورنہ
جلا چکی تھی مری آہ شعلہ بار مجھے

بلا سے دل کو وہ لے جائے پر کچھ ایسا ہو
کہ جان ہاتھ سے اس شوخ فتنہ گر کے بچے

خانۂ دل کا مرے ہے عشق تجھ کو اختیار
رنج و غم درد و الم جو کچھ ہے تیرا اور وہ ہے

اللہ اللہ رے ان بتوں کا غرور
یہ خدائی نہیں تو پھر کیا ہے

کلام ؔرحی نظام

قائم مقام حضرت خلافت پناہی ، بانیٔ بنائے سلطنت دست گاہی ، ولی عہد داور روز گار ، والئی شہر و دیار ، آشنائے بحر تدقیق ، غواص محیط تحقیق ، مستجمع عز و اجلال ، مرجع دولت و اقبال ، وارث تاج و نگین شہر یاری ، مستحق تخت و افسر کام گاری ، شائستۂ تفاخر ، مرزا فتح الملک بہادر دام اقبالہ و ضاعف اجلالہ کہ وجود با جود اس منبع فضل و افضال کا از بس کہ ایک رمز ہے رموز پردۂ غیب سے اور ایک سر ہے اسرار عالم لا ریب سے ، بمقتضا اس کے : 'الاسماء تنزل من السماء' حاملان عرش سخن نے اس عرش تاز کمال کا نام نامی رمز مقرر کیا کہ اسم با مسمیٰ کا مصداق مہیا ہو ، اور دعویٰ با دلیل جلوہ نما :

مانا کہ نہ دل لے کر تو مجھ سے وفا کرتا
پر دل کی تسلی کو وعدہ تو کیا کرتا

طرز رفتار نے تری ظالم
رفتہ رفتہ مجھے تمام کیا

دل گرفتہ ہو خوش سیر لالہ زار سے کیا
غرض ہے غنچۂ تصویر کو بہار سے کیا

وہ لے گئے ہیں خدا جانے کس طرح دل کو
دیا ہے میں نے انہیں اپنے اختیار سے کیا

انقلاب دھر سے اک ہم رہے خانہ خراب
ورنہ عالم بارھا بگڑا ہے اور بن بن گیا

تم رہو اور مجمع اغیار
میرا کیا ہے ہوا ہوا نہ ہوا

پھر تمھارے ستم اُٹھانے کو
رمز اچھا ہوا برا نہ ہوا

ہم کو مارا ترے تغافل نے
مفت نام اجل خراب ہوا

میں جو رسوائے زمانہ ہو گیا
اُس کی شہرت کو بہانہ ہو گیا

جا پڑے ہم کوچۂ جاناں میں رمز
بارے اپنا بھی ٹھکانہ ہو گیا

دل بے تاب ہو کیا تجھ سے رفاقت کی اُمید
کون ہوتا ہے برے وقت میں جو تو ہوگا

اور صورت سے کیا غرض اے رمز
ہے پسند اپنے یار کی صورت

غم کے آثار خوشی میں بھی ہیں دیکھو موجود
جو کہ ہنستے ہیں بہت اشک بہاتے ہیں بہت

جل گیا پروانہ تو یہ بھی سحر تک ہے تمام
فاصلہ اک شب کی شب کا درمیاں رکھتی ہے شمع

جس میں نہ جذب ہو نہ اثر ہو نہ درد ہو
اس دل کو رکھ کے سینے میں پھر کیا کریں گے ہم

بے تابیوں سے اس دل خانہ خراب کی
کیا کیا کیا ہے اور نہ کیا کیا کریں گے ہم

غصے کی کہاں ان کے ہمیں تاب ہے اے رمز
مر جائیں اگر دیکھیں انہیں چیں بہ جبیں ہم

اسلام و کفر دونوں سے قطع نظر کریں
تنگ آگئے کشا کش دیر و حرم سے ہم

ہوئی صورت نہ کچھ اپنی شفا کی
دوا کی مدتوں برسوں دعا کی

درد فراق ، فکر عدو ، طعن دوستاں
اس ایک جان پر مری کیا کیا بلا نہیں

وصل کی شب حشر کا دن ہو تو شاید کچھ کہیں
اس قدر شکوے ہیں دل میں اس ستم گر سے ہمیں

اے دل بے تاب اتنا اضطراب !
صبر تجھ پر اور تو میں کیا کہوں

خو کردۂ رفتار ترا بعد قیامت
یہ بھی تو نہ جانے کہ قیامت ہوئی کس دن

کیوں نہ دوں زخم کو جگہ دل میں
کیا یہ قاتل کی یادگار نہیں ؟

ہم کو کیا غیر کے آنے کی خبر
چغلیاں نقش قدم کھاتے ھیں

دل کہیں دے بیٹھو ہو اے رمز تم جس روز سے
طور ھی کچھ آپ کے اے بندہ پرور اور ھیں

یاں یہ حالت کہ دم لبوں پر ھے
واں وہ غفلت کہ کچھ خیال نہیں

تم نہ تھے غیر کے گھر میں شب کو
بس چلو یوں ھی سہی جانے دو

اس کے آنے کی اگر کوشش میں
جان جائے تو چلی جانے دو

منہ دکھانا ھے خدا کو اک دن
اے بتو اتنی خودی جانے دو

تیر مارا ھے تو ظالم تو چھری بھی پھیر دے
یہ بھی حسرت رہ نہ جائے اس ترے نخچیر کو

پیٹوں جنوں میں سر کو کہ رو کوں سرشک کو
تھاموں قلق میں دل کو کہ رکھوں جگر پہ ھاتھ

معلوم ھوگی داور محشر کے سامنے
پرسش ھوئی جو مجھ سے کسی داد خواہ کی

اپنا نہ جانتے تھے جو اے رمز تم اسے
کیوں جان ایک غیر کے پیچھے تباہ کی

چھیلنے کو زخم ، ناخن تو خدا نے دے دیے
پر مجھے اب پُر نمک کوئی نمک داں چاہیے

الٰہی موت تو ہوگی مگر یوں ہو تو بہتر ہے
کہ سر ہو پاؤں پر قاتل کے اور سجدے میں دم نکلے

شوق کہتا ہے کہ چل اور ضعف سے
اٹھ نہیں سکتا قدم کیا کیجیے

حشر تک ہے مرا ترا جھگڑا
کیا ابھی انفصال ہوتا ہے

یاد بت میں عمر گذری یاں تو رمز
کیا کہو گے واں خدا کے سامنے

یا تو وہ رہتے تھے میرے دل میں رمز
یا کیا گھر اس میں آس کے تیر نے

کیوں نہ لب حسرت سے کاٹوں میں کہ میرے سامنے
بوسہ اس لب کا لیا جام شراب ناب نے

دل لے تو گئے ہیں وہ ہمارا
پر دیکھیے اس کو کیا کریں گے

کاٹ دے اس کو بھی تو اے قاتل
لگ رہی گردن اک ذرا سی ہے

اپنے رہنے کا ٹھکانا اس گلی میں ہو نہ ہو
رمز اس کے دل میں پر اپنا ٹھکانا چاہیے

کیا جانے آج دل کو مرے ہو گیا ہے کیا
پہلو میں یار اور اسے اضطراب ہے

رمز ھیں صورت پہ اس کی شیفتہ
آپ کی صورت تو دیکھا چاھیے

ھاتھوں سے تیرے بچا نہ وہ بھی
اک رمز تھا جاں نثار ھے ھے

آغاز تذکرہ

آغاز تذکرہ

راقم رنگیں نگار، صابر عجز شعار جب صفحۂ اوراق کولالیٔ آب دار و گوہر شاہوار یعنی اشعار درر نثار حضرت ظل سبحانی خلیفۂ ربانی - اور افکار جواھر نگار، قایم مقام سلطان، ولی عہد خلیفۂ دوران خلداللہ ملکہما سے زیب وزینت دے چکا، اب اقتضائے مقام دامن گیر ہے کہ تحریر تذکرہ میں کمر ہمت کو چست اور عزم سخن سنجی کو درست کرے - ناگزیر شب دیز قلم کو اس میدان وسیع میں جولان دیتا ہے اور تیمناً جناب مستطاب معلی القاب ملک العلما، مرجع الفضلا، حامئی شرع خاتم انبیا، ماحئی آثار بدع و اھوا، عیار افزائے کمال، چاشنی گیر فضل و افضال، جامع ضدین دنیا و دین، مولانا و بالفضل اولانا مولوی محمد صدرالدین دامت برکاتہ کے کلام معجز انتظام سے آغاز کتاب کو رونق پذیر کرکے سعادت کونین حاصل کرتا ہے -

زہے بلندیٔ نامش کہ تاج تارک نظم

چو ویحک و زہے وحبذا وھاں آمد

باب الالف

الف ممدودہ

* * *

آزردہ

آزردہ نام بلند مقام اس مجمع مفاخر و معانی کا ہے
کہ فضل و کمال اس کے سایۂ حمایت میں اگر فرق دانش
افلاطونی پر ٹھوکر مارے ، تاج افتخار سے مشرف کرے ،
اور علم و ہنر اس کی طبیعت رسا کی اعانت سے اگر ارسطو
کی بلندیٔ کمال کو خاک مذلت پر کھینچے، فلک اعتبار پر
پہنچا دے ۔ اندیشہ اگر فلک نہم کے اوج تک پہنچے ، اس کے
ایوان جاہ کے کنگرے کو ہزار فرسخ سے مشاہدہ کرے ،
اور فکر اگر لا مکان سے سو مرحلہ آگے جائے اس کے شہ سوار
کمال کا غبار کروڑ قدم اس طرف سے نظر آئے ۔ یعنی
افضل فضلائے روز گار ، اکمل کملائے شہر و دیار زبدۂ
نتائج سعود افلاک ، اسوۂ شتابندگان عرصۂ خاک ، قدردان

ہنر ، مرتبہ شناس ہنرور، مرجع معانیٔ رنگین و مضامین دل نشین ، مولانا و بالفضل اولانا مولوی مفتی محمد صدرالدین کہ اس جزو زمان میں عہدۂ صدر الصدوری کی مسند آن کے زیور تمکن سے ممتاز اور ان کے قصر عدل و انصاف کو ایوان نوشیرواں پر ناز ہے ۔ علم اگر ان کے گوشۂ طبیعت میں معتکف نہ ہوتا ، سبک تازیٔ جہل سے پامال ہو جاتا ، اور کمال اگر ان کی ذات سے شرف نہ لیتا ، سر اعتبار کو اوج فلک تک نہ پہنچاتا ۔ فکر رسا ان کا اگر مجمل سے تفصیل طلب ہو ، قطرۂ آب کے نقطے سے سطور امواج اس قدر پیدا کرے کہ ریگ صحرا اس کے شمار میں کافی نہ ہو ، اور دانۂ ریگ میں پشتۂ خاک کا اتنا ھجوم نظر آوے کہ اگر قطرات بحر اور رشتۂ موج تسبیح بنے اس کے حساب کے واسطے وافی نہ ہو ۔ ھیہات یہ کیا نافہمی ہے کہ اسے جامع معقول و منقول اور حاویٔ فروع و اصول کو کہ مجلس علم و کمال اور بارگہ تکمیل و اکمال میں علمائے تحریر اور کملائے بے مثل و نظیر امید استفادہ میں گوش بر آواز اور تحصیل کمالات ، اور استیعاب فواید سے کہ کتاب افادات سے ایک حرف اور نسخۂ ارشادات سے ایک نقطۂ بیش تصور نہیں کیا جاتا ہے ۔ ہنگامۂ دعویداران ہنر میں ممتاز ہیں ۔ چار بالش منصب بلند یعنی تحقیق مسائل علوم اور تدقیق غوامض فہوم پر متمکن دیکھنا اور انظار فلک گزار ارو افکار آسمانی سیر کی سفارت سے نامہ نگران وحی و الہام کے بیان سے لمحہ لمحہ کامیابی کو مشاہدہ کرنا ، اور ان مراتب علیا اور مدارج والا سے مطلق غافل گزرنا ، یعنی نہ آسمان ہیئت و نجوم کی معراج کا وصف اور نہ زمین

طبیعیات کی سیر کی مدح ، نہ منطق کی زبان آوری کا حال ، اور نہ سر رشتۂ بلاغت کی رسائی کا کا وا گو یہ ، نہ شبستان حکمت اشراق کی چراغ افروزی کا مذکور ، اور نہ عرصۂ مشائیت کی غبار انگیزی کا ذکر ، نہ حدیث کی حکایت اور نہ تفسیر کا بیان ، نہ فقہ کی مہارت کے اوصاف میں اپنی طرف سے اجتہاد ، نہ اوروں کی تقلید ، نہ توصیف اصول میں ریشہ دوانی ، اور نہ تعریف فروع کا شاخ و برگ ، اور پھر اس گوھر بے بہا کو سلک شبہ میں منسلک کرنا ، یعنی شعرا کی عداد میں معدود رکھنا اور یہ خیال نہ کرنا کہ شاعری کیا چیز ہے کہ ان مراتب بلند میں حساب کی جاوے ۔ اگرچہ آن مدارج میں سے کمتر ھی شمار میں آوے ۔ شناسائے سوانح نزدیک و دور اور دانائے حقائق امور کو خیالات محض اور وھمیات صرف سے وصف کرنا نقاشئی نگار خانۂ ارژنگ کو نقش روئے آب اور مشاھدات ھنگامۂ بیداری کو تخیلات عالم خواب سمجھنا ہے ۔ لیکن دانش مندان فہیم جانتے ھیں کہ جب خداوند مرتبۂ شریف صنعت خسیس کو اختیار کرتا ہے ، اگرچہ اس صنعت سے اس کے مدارج بلند کو گونہ تنزل حاصل ھو جاتا ہے ، لیکن اس کی بلندی مراتب سے اس صنعت کا سر آسمان سے ٹکر کھاتا ہے ۔ ھر چند نسبت شاعری سے ان کو ننگ و عار ہے ، لیکن شاعری کو ان کے ساتھ منسوب ھونا پایۂ اعتبار اور مایۂ افتخار ہے ۔

او اگر نام زد ننگ شد از ذلت شعر
شعر از عزت او نیک بر آمد ز ذلل

اس محل میں ایسی بلند منقبت کا ذکر کرنا بلندئی پنۂ

سخن کا اظہار اور علو مرتبۂ شاعری کا اشتہار ہے۔ نہ اظہار شاعری سے ممدوح کا پایۂ اعتبار بڑھانا، یا فن سخن کے وسیلے سے اس کے مرتبۂ امتیاز کو آسمان پر پہنچانا۔ اگر شعر اُس سے بلند مرتبہ نہ ہو جاتا شعری نسبت شعر سے آسمان برین تک نہ پہنچتا اور اگر نظم اُس سے آرایش نہ لیتا، عقد ثریا مناسبت نظم سے نثر کواکب میں آب و تاب نہ پاتا۔ جو کہ بیان اوصاف اور تبیین مدائحِ خامۂ خام رقم کی مجال سے خارج ہے، ناگزیر اشعار ریختہ و فارسی سے کچھ کچھ تیمناً تختۂ کاغذ پر مرتسم کرتا ہوں، کہ اس عالی درجات کے بلندیٔ مراتب پر اس کے سخن کا دلالت کرنا گویا اُس کے اوصاف کو اسی کی زبان معجز بیان سے سماعت کرنا ہے۔

اشعار ریختہ

جمع طوفان و چشم تر مسرف
اب مصارف کا، کچھ حساب نہیں

دھو دیا سب کو دیدۂ تر نے
وہ نہیں درس، وہ کتاب نہیں

کاش مقبول ہو دعائے عدو
کیا کروں وہ بھی مستجاب نہیں

تیری آنکھوں کے دور میں، کیا کیا
سحر رسوا نہیں، خراب نہیں

اب تو اس چشم تر کا چرچا ہے
ذکر دریا نہیں، سحاب نہیں

مختصر حال چشم و دل، یہ ہے
اس کو آرام اُس کو خواب نہیں

عشق بازی کا منہ چڑانا ہے
اب وہ موسم نہیں شباب نہیں

جوں سرا پائے یار آزردہ
تیرے دیواں کا انتخاب نہیں

گھر سے گھبرا کے، کھلے بالوں ہر اک کھٹکے پر
کیوں نکل آتے ہو دھوکے میں، جو بے تاب نہیں

پہلے آثار حیا بھی، نہ گئے تھے اتنے
جیسے آنکھوں میں تری اب اثر خواب نہیں

ہزار شیوے ہیں پنہاں کہ جی ہی جانے ہے
تری نگہ کا تغافل ہے اک جواب نہیں

نکلنا ہوا دل سے دشوار کیوں
یہ ہے آہ، کچھ اس کا پیکاں نہیں

کسی کی سی کہنے لگے اہل حشر
کہیں پرسش داد خواہاں نہیں

یہ ہاتھ اس کے دامن تلک پہنچے کب
رسائی جسے، تا گریباں نہیں

فلک نے بھی سیکھے ہیں تیرے سے طور
کہ اپنے کیے سے پشیماں نہیں

نالوں سے میرے کب تہ و بالا جہاں نہیں
کب آسماں زمین و زمیں آسماں نہیں

آنکھوں سے دیکھ کر تجھے سب ماننا پڑا
کہتے تھے جو ہمیشہ چنیں ہے چناں نہیں

اس بزم میں نہیں کوئی آگاہ ورنہ کب
وان خندہ زیر لب ، ادھر اشک نہاں نہیں

افسردہ دل نہ ہو در رحمت نہیں ہے بند
کس دن کھلا ہوا در پیر مغاں نہیں

لب بند ہوں تو روزن سینہ کو کیا کروں
تھمتا تو مجھ سے نالۂ آتش عناں نہیں

ملنا ترا یہ غیر سے ہو بہر مصلحت
ہم کو تو سادگی سے تری یہ گماں نہیں

اے دل تمام نفع ہے سودائے عشق میں
اک جان کا زیاں ہے ، سو ایسا زیاں نہیں

بے وقت آئے دیر میں کیا شورشیں[1] کریں
ہم پیر و پیر[2] مے کدہ بھی نوجواں نہیں

کشتی کسی طرح سے نہیں ، یہ شب فراق
شاید کہ گردش آج تجھے آسماں نہیں

آزردہ ہونٹ تک نہ ہلے اس کے روبرو
مانا کہ آپ سا کوئی جادو بیاں نہیں

شب جوش گریہ تھا مجھے یاد شراب میں
تھا غرق میں تصور آتش سے آب میں

قسمت تو دیکھ کھولی گرہ کچھ تو رہ گئے
ناخن ہمارے ٹوٹ کے بند نقاب میں

۱ - نسخہ دوم میں شوروشین (ص ۱۱۴) -
۲ - نسخہ اول میں 'ہم پر' (ص ۱۱۶) نسخہ دوم میں 'ہم پیر' صحیح (ص ۱۱۴) -

یارب یہ کس نے چہرے سے اُلٹا نقاب جو
سو رخنے اب نکلنے لگے آفتاب میں

میں اور ذوق بادہ کشی لے گئیں مجھے
یہ کم نگاہیاں تری بزم شراب میں

تحقیق ہو تو جانو کہ میں کیا ہوں قیس کیا
لکھا ہوا ہے یوں تو سبھی کچھ کتاب میں

یہ عمر اور عشق ہے آزردہ جاے شرم
حضرت یہ باتیں پھبتی ہیں عہد شباب میں

مبتذل دوست بنایا نہ اُسے کیوں اول
جس نے اُس شوخ کی نظروں میں کیا خوار مجھے

نہ اُٹھی بیٹھ کے خاک اپنی ترے کوچے میں
ہم نہ یاں دوش ہوا کے بھی کبھی یار ہوئے

صبح لے آئینہ اُس سج کو دکھایا ہم نے
رات اغیار سے ملنے کے جو انکار ہوئے

کچھ تعجب نہیں گر اب کے فلک ٹوٹ پڑے
آج نالے جو کوئی اور بھی دو چار ہوئے

کامل اس فرقۂ زہاد سے اٹھا نہ کوئی
کچھ ہوئے تو یہی رندان قدح خوار ہوئے

مصر میں آج تجھے دیکھ کے پچھتاتے ہیں
سادہ لوحی سے جو یوسف کے خریدار ہوئے

پروانہ وار ہے حد پرواز شعلے تک
جلنے ہی کے لیے مجھے یہ بال و پر ملے

عالم خراب ہے نہ نکلنے سے آپ کے
نکلو تو دیکھو خاک میں کیا گھر کے گھر ملے

دل نے ملا دیں خاک میں سب وضعداریاں
جوں جوں رکے وہ ملنے سے ہم بیشتر ملے

باہم ملاپ تھا پہ ترے دور حسن میں
یہ رسم اٹھ گئی کہ بشر سے بشر ملے

اشعار فارسی

ساقی به لعل لب مددی کن که بے کم است
ناخوش شوی زبہشتی نا تمام ما

شعله کان طور بسوزید و به متوسلی نگرفت
جوهر قابل من بین که تن و جانم سوخت

هیچ گه چرخ جفا پیشه نمی ساخت بمن
شکر ایزد که ز آه شرر افشانم سوخت

بزم افروز شبستان نشدم آن شمعم
بخت خوابیده سرخاک شهیدانم سوخت

هر نگه کان بت ترسا بچه درکارم کرد
آتشے بود کزو خرمن ایمانم سوخت

کو نسیمی که ز یثرب وزد و سبز کند
خاست از هند سمومے که گلستانم سوخت

گر ز آتش سخنی هیچ کالم نه فروخت
لیک آزرده ازو جان حسودانم سوخت

بجز وصال تو دیگر امید نتوان داشت
اگر امید به بخشائش خداوند است

بگوش گل کہ رساند پیام بلبل زار
در آں حدیقه که در بر رخ صبا بند است

بہ گونہ گونہ نزاکت قد تو جلوہ نما است
چوں آں دقیقه که در خاطر ادا بند است

حسن کے راہ زن کافر و دیں دار نبود
آفت سبحه بلائے بت و زنار نبود

'رب ارنی' ز لب هستیٔ من بر می زد
'لن تراقی' ادب آموز طلب گار نبود

عشق بے پردہ تماشائے جمالش می کرد
همچو بے خود زمئے وعدۂ دیدار نبود

دست تا بند نقابش برساندم مردم
سعی خوش بود مگر بخت مدد گار نبود

صحبتے بود عجب دوش میان من و یار
صد شکایت به لب و رخصت اظهار نبود

گرد غم جز دل ناشاد محلے نه گزید
ورنه آئینۂ ما مائل زنگار نبود

در باغ جور تازه که از باغباں رسد
اول به بلبلان کهن آشیاں رسد

زاهد بیا و موت شهیدان عشق بیں
کیں مرگ را نه زندگیٔ جاوداں رسد

'طوبیٰ لک' از ملائک رحمت رسد بگوش
هر دم ندائے 'ارجعی' از آسماں رسد

غیرت نگر که لذت زخم خدنگ آو
دل را قبول نیست که از دل به جان رسد

اے دل خموش باش بہجران که حکم نیست
تاثیر در قلمرو آه و فغان رسد

خواهم دم دعا به دعا نا گریستن
شد بس که بے اثر به دعا ها گریستن

دل قطره قطره خون شد و از چشم برچکید
تاراج داده مشغلۂ ما گریستن

جز چون تو سنگ دل نتواند شد از دگر
نگریستن بحال من و نا گریستن

از اشک ریزیٔ مژه خالی نه شد دلم
خواهم چو زخم از همه اجزا گریستن

موجے بزن که تر کنم ابر بهار را
اے دیده تا کجا به مدارا گریستن

یا رب نگاه بوالهوسم ده که شد مرا
در بزم او حجاب تماشا گریستن

ای دل بیا که خاک کنیم ابر و برق را
از تو به خون طپیدن و از ما گریستن

آباد

آباد تخلص نوجوان یوسف جمال محمد یعقوب علی
خلف محمد اسحاق خان ساکن قدیم شاهجهان آباد که مصر حسن

میں زلیخا منشان دل سوختہ کے نزدیک کوئی اس سے زیادہ عزیز نہیں ۔ ہم صحبتان آوارہ مزاج کے اختلاط سے تحصیل کہاں کی طرف قاطبۃً توجہ نہیں ہے ۔ لیکن موزونئی طبیعت سے گہ گہ بطریق آمد نہ آورد کے شعر یا مصرع زبان سے نکل جاتا ہے ۔ اس کے دو تین شعر ایک آشنا کی زبان سے مسموع ہوئے :

اس کے قامت کی یاد میں ہم نے
مصرع سرو انتخاب کیا
تو نے دریا میں اک نگاہ کے ساتھ
قطرۂ آب کو شراب کیا
ان خراباتیوں کی صحبت نے
تجھ کو آباد ! کیا خراب کیا

آتش

آتش تخلص ہے عاشق دل سوختۂ سخن خواجہ حیدر علی لکھنوی کا ، طوطیٔ خوش لہجۂ شکرستان سخن اور بلبل رنگیں نوائے گلشن معنی تھا ۔ مضامین شوخ اس کے الفاظ پاکیزہ میں متمکن ، جیسے آئینے میں سیماب ۔ اور معانیٔ رنگین اس کی عبارت میں جاگزیں ، جیسے مینا میں شراب ۔ نکتہ ہائے برجستہ اور اشارات دور اور زبان پاکیزہ اور عبارت شستہ اور رنگینیٔ معنی اور شوخیٔ مضمون اور غرابت تشبیہ اور تازگیٔ طرز ، ایک بزم میں ہنگامہ آرا اور ایک منظر سے چہرہ کشا ہیں ۔ بہ اعتبار تخلص کے آتش تھا ۔

به اعتبار تواضع کے خاک ؛ به اعتبار تن کے سست تھا ، به اعتبار فکر کے چالاک ۔ مشق سخن کو کہنہ کر دیا تھا اور طرز سخن کو جدید ؛ طبیعت کو گنجینہ کیا تھا اور قلم کو کلید ۔ دیوان فصاحت بنیان اس کا انواع سخن سے مملو ہے اور ہر سخن جان نوازی میں باد مسیحا اور آب حیات سے ہم پہلو ۔ نقل ان اشعار کے اہل مذاق کی ضیافت طبع کے واسطے مایدۂ اوراق پر چنے جاتے :

بل نہ نکلا تری زلفوں کا صنم شانے سے
واقعی زور نہیں پنجۂ شل میں ہوتا

چھوڑتا میرے گریباں کو نہیں دست جنوں
کیا یہ اس کو کسی محبوب کا دامن سمجھا

خانۂ زنجیر سے مثل صدا اڑتا ہوں اب
یاد آتا ہے کف پا میں کھٹکنا خار کا

خم ندامت سے کیا محراب میں کعبے کی سر
گردن زاهد سے بوجھ اٹھا نہ جب زنار کا

آہ و نالے سے سوا چرچا خموشی کا ہوا
پاس رسوائی نے ہم کو اور رسوا کر دیا

سمجھتے تھے نہ ہم اتنا دراندار اے جنوں تجھ کو
گریباں سے تعلق ہو گیا موقوف دامن کا

سبک وضعوں کا احساں کھینچنا ہے داغ پیشانی
نشاں مٹتا ہے روئے زخم سے کب تار سوزن کا

مفسدے جو کہ ہوں اس چشم سیہ سے کم ہوں
فتنہ پردازی جسے کہتے ہیں فن ہے کس کا

درماں سے اور درد ہمارا ہوا دو چند
مرہم سے داغ سینے میں ناسور پڑ گیا

بڑا شور سنتے تھے پہلو میں دل کا
جو چیرا تو اک قطرۂ خوں نہ نکلا

چال ہے مجھ ناتواں کی مرغ بسمل کی تڑپ
ہر قدم پر ہے یقیں یاں رہ گیا واں رہ گیا

نہ جانتا تھا غضب ہے نگہ کا تیر اے دل
تجھی کو سامنے آفت رسیدہ ہونا تھا

آ کے سینے سے لبوں پر دم اٹکتا ہے عبث
ٹھیرنا اچھا نہیں جب ہو ارادہ دور کا

کیا اثر ہو مری آہوں سے بتوں کے دل میں
صدمہ کھینچے نہ رگ سنگ کبھی نشتر کا

غرور عشق زیادہ غرور حسن سے ہے
آدھر تو آنکھ پھری دم ادھر روانہ ہوا

سامنے ہوتی نہیں اُس شمع رو کے اپنی آنکھ
اے صبا محفل سے پروانے کی خاکستر اٹھا

تشنۂ دیدار مجھ سا دوسرا کوئی نہیں
سب سے پہلے مجھ کو اے ہنگامۂ شر اٹھا

حلاوت کچھ تو ہے جو دے کے اپنی جان شیریں کو
مزا چکھتے ہیں مردم جاں کنی کی تلخ کامی کا

بے حجابوں کا مگر شہر ہے اقلیم عدم
دیکھتا ہوں جسے ہوتا ہے وہ عریاں پیدا

فاتحہ پڑھنے کو آئے قبر آتش پر نہ یار
دو ہی دن میں پاس الفت اس قدر جاتا رہا

رواں رکھتا ہے خوں آنکھوں سے ہجر اک مہر تاباں کا
شفق آلودہ رہتا ہے ہلال اپنے گریباں کا

کون ہے جو تری دوری میں نہیں مرتا ہے
ایک گھر رہنے دے نہ گی شب ہجراں آباد

اے کہاں کش! ہے کشش سے دل کی اُمید قوی
تیر پہلو سے مرے نکلے تو پیکاں چھوڑ کر

کوچے سے یار کے نہ صبا دور پھینک اسے
مدت کے بعد آئی ہے خاک اپنی راہ پر

مشتاق اہل میکدہ ہیں یاں کرم کرے
ابر سیہ کا لطف نہیں خانقاہ پر

کوچۂ یار میں سائے کی طرح رہتا ہوں
در کے نزدیک کبھی ہوں کبھی دیوار کے پاس

بہت خراب رہا میکدے میں اے آتش
خدا پرست ہے چل خانۂ خدا کی طرف

سپرد کس کے مرے بعد ہو امانت عشق
اٹھائے کون یہ بار گراں نہیں معلوم

پسے دل اس کی چتون پر ہزاروں
موئے بے ساختہ پن پر ہزاروں

آشنا معنی سے صورت آشنا ہوتا نہیں
آئینہ دل کی طرح سے حق نما ہوتا نہیں

زہر کھاتے ہیں طلب گار شہادت قاتل
ہاتھ سے تیرے ترے بے سرو پا جاتے ہیں

تھی آرزو کہ تجھے گل کے روبرو کرتے
ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے

پیام بر نہ میسر ہوا تو خوب ہوا
زبان غیر سے کیا شرح آرزو کرتے

آذر

آذر تخلص ، ذوالفقار علی خاں ابن حیات علی خاں ابن معتمد الدولہ احمد علی خاں ابن نواب یعقوب علی خاں جو شاہ ولی خاں وزیر احمد شاہ بادشاہ کے بھائی اور بادشاہ کی طرف سے شاہ جہان آباد کے قلعہ دار تھے ۔ ذوالفقار علی خاں موصوف شعر کی اصلاح مرزا اسد اللہ خاں غالب سے لیتا ہے جو کہ نوجوان و شوخ طبع ہے ، بہ مقتضائے ''الاسماء تنزل من السماء'' تخلص بھی مناسب مزاج کے واقع ہوا ہے ۔ یہ چند شعر اس کے لکھے جاتے ہیں :

مرے ستانے نے کام اس سے اک جہاں کے لیے
جو میں نہ ہوں تو نہ ہو گردش آسماں کے لیے

شکر پر واں زبان کٹتی ہے
شکوہ کرنے کی کیا مجال ہمیں

ہوئے ناخوش بتاں ، دیکھا جو مجھ کو
خدنگ غمزہ نے ، گویا خطا کی

آرزو

آرزو تخلص ، میرزا علاؤ الدین عرف ،میرزا کالے خلف میرزا منور بخت ولد میرزا فیروز بخت ابن حضرت شاہ عالم بادشاہ غازی نور اللہ مرقدہ' اگرچہ نو مشق و کم گو ہیں ، لیکن خوش فکر و تیز[1] فہم ہیں ۔ فن سخن میں استفادہ راقم ہیچمدان سے ہے ۔ یہ چند شعر اُن کے انتخاب ہو کر لکھے گئے :

پھنکے ہے آگ سے ہر دم یہ آسماں کیسا
چڑھا ہے زور پہ اب نالۂ و فغاں کیسا

صبا تو کیا ، نفس صبح دے ہے مجھ کو اُڑا
ہوا ہوں روز کے صدموں سے ناتواں کیسا

لگائیں ہاتھ بھی جھوٹوں تو یوں کہے بلبل
کہ آج لوٹے ہے گل چیں یہ گلستاں کیسا

نہ ان کو سننے کی طاقت نہ مجھ کو کہنے کی
سنے ہے کون ، کہے کون اور بیاں کیسا

کسی کے حال کی مجھ کو خبر نہیں مطلق
تڑپ رہا ہے پڑا ایک نیم جاں کیسا

کرے ہے پند ہمیں پند گو خدا کی شان
کہاں کا آج ہمارا یہ غم گسار آیا

رو رو کے خون اُس نے بھی حسرت نکال لی
عاشق کا تو نے خوں نہ بہایا تو کیا ہوا

---

۱ ۔ نسخہ اول 'تیر' ، نسخہ دوم 'تیز' ۔

یہاں بے خودی ہے مانع نظّارہ ہم نفس
اس نے جمال اپنا دکھایا تو کیا ہوا

آزادگاں کو مانع وحشت نہیں ہے قید
زلفوں میں تم نے دل کو پھنسایا تو کیا ہوا

ہے وہی غفلت اور وہی بے نیازیاں
احوال دل گر اُس کو سنایا تو کیا ہوا

تری حاجت نہیں کچھ جانے نہ جانے کی کہ اب
تجھ سے آگے میں وہاں آپ صبا جاتا ہوں

آرزو مے کی مجھے کیا ہے کہ ساقی ہردم
اُن نگاہوں سے ہی سرشار ہوا جاتا ہوں

نگاہوں کے ملاتے ہی نہ تھا گویا کہ سینے میں
عجب ہے دل کے لینے کا ہی ڈھب اُس شوخ پرفن کو

آخر اُس آھوے رم خوردہ کو لایا ہی نہ کھینچ
میرے اس جذبۂ الفت کے اثر کو دیکھو

رہتا ہے غم سدا ترے اس مبتلا کے ساتھ
گویا کہ آشنا کو ہے ربط آشنا کے ساتھ

زاھد نہ توڑ بت کو کہ اُس کا ھی ہے ظہور
کرتا ہے کیا معاملہ ناداں خدا کے ساتھ

اس پر بھی بد دماغ وہ ہوتے ہیں یا نصیب
ہر چند بات کہتے ہیں ہم التجا کے ساتھ

واں بے نیازیوں سے نہیں کچھ خیال بھی
ہم لب کو کس امید پہ کھولیں دعا کے ساتھ

اس کو لڑائیوں کا کہاں ضعف سے دماغ
کیجے نہ جنگ آرزوے مبتلا کے ساتھ

محفل میں تو اعدا کو بلایا مرے آگے
اور باتیں بنانے لگے کیا کیا مرے آگے

آئینہ ہی لے بیٹھے ہے یہ چھیڑ تو دیکھو
محفل میں جب آتا ہے خود آرا مرے آگے

احباب جو کچھ حال مرا کہویں تو کہوے
لے بیٹھو ہو تم ذکر کہاں کا مرے آگے

ہے ایک بوسے پہ سودا ہمارے دل کا کہ ہم
لحاظ نفع و خیال ضرر نہیں رکھتے

روز یوں ہی وصل میں لازم ہے تم کو گفتگو
شوق بڑھتا ہے زیادہ آپ کی تکرار سے

بعد مرنے کے بھی اس کی ہے تمنا باقی
سر تو باقی نہیں اور ہے وہی سودا باقی

فارغ البال ہوئے تم مجھے دے کر بوسہ
ابھی سو طرح کا ہے آپ سے دعویٰ باقی

آرزو کو بھی نہ افسوس قضا نے چھوڑا
عاشقوں میں ترے اک یہ ہی رہا تھا باقی

آزاد

آزاد تخلص، مرزا اعظم شاہ پسر مرزا عادل ابن مرزا سلیمان شکوہ بہادر مرحوم، خوش فکر و ذکی الطبع

شوق علم تصوف نے ضمیر حقیقت تخمیر پر استیلا پایا ہے۔ جوان خوب صورت، وجیہ، رند مشرب، بے باک مزاج، آزاد وضع، گویا کہ اسم بامسمیٰ ہیں۔ یہ چند شعر ثمرۂ طبیعت معرفت کوش اُس کے معرض بیان میں آئے:

گھبرائے گا کیا جی مرا تنگئی قفس سے
سو بار بھی کیا ہو کے گرفتار نہ آیا

وہ اور ہیں جن کی شب ہجراں کو سحر ہے
یاں شام ہوئی حشر کی، اور یار نہ آیا

ہم یہ سمجھے[1] تھے چھپائے گا گنہ گاروں کو
پر بہت تنگ ہی محشر ترا داماں نکلا

آزاد کو مت پوچھو کیا اس کا ٹھکانا ہے
جس کوچے میں دن گذرا واں شب بھی رہا ہوگا

آزاد چپکا رہنا آٹھوں پہر برا ہے
پھٹ جائے گا کلیجا کچھ بات بھی کیا کر

عجب اعجاز ان آنکھوں نے دیکھا چشم قاتل میں
کہ اک تیر نگہ اور آکے بیٹھے لاکھ کے دل میں

تمہارا جذبۂ الفت جو لے جائے تو لے جائے
وگرنہ کام کیا ہم بے خودوں کا روز محشر میں

وہ بن سنور کے ترا بیٹھنا وہ شرمانا
وہ دیکھ آئینہ کہنا کہ دیکھنا مجھ کو

---

۱ - 'سمجھتے' نسخہ اول (ص ۱۲۲) میں ہے جو غلط ہے 'سمجھے' نسخہ دوم (ص ۱۲۰)۔

یہ تو کہیے کہ ملے گا مجھے مرقد میں تو چین
یا وہاں بھی ہے کوئی فتنہ اٹھانا باقی

یہاں آہ بھی لب تک آ نہ پہنچے
کیوں کر کرتے ہیں لوگ نالے

آزاد تیرے پاس نہ زر ہے نہ زور ہے
تجھ سے کوئی ملے تو کس امید پر ملے

آشفتہ

آشفتہ تخلص ، گلاب سنگھ متوطن شاہجہان آباد ، قوم کھتری ، عین آغاز شباب و عالم نوخاستگی میں شہید خنجر مژگان یار اور زخمی تیغ ابروے دل دار تھا ۔ سینۂ سوزاں داغ عشق سے لبریز اور دل صد چاک زخم محبت سے گل خیز ۔ وہ رخسار کہ موج نسیم کے لطمے سے ارغوان سے زعفران ہو جاتا تھا ، یاسمن زرد ہو کر زخم ناخن کی سعی سے چاہتا تھا کہ عندلیب مزاجوں کی نظر میں پھر گل احمر[1] کے لباس میں جلوہ نما ہو ۔ اور وہ آنکھ کہ خواب مستی میں طلب گاران سینۂ چاک کے حال سے غافل ہے ، معشوق سست پیماں کے انتظار میں دیدۂ عشاق سے بے خواب تر ہو کر شکوہ گزاران تغافل کے سامنے حجاب سے نہ ہوتی کہ شاید طرز نیم خوابی اسی حیلے سے پیدا ہو ۔ خار مژہ آب گریہ سے ایسا تر کہ نہ کسی سینے کے پار گذرتا اور نہ کسی دل میں خلش پیدا کرتا ۔ نہ شانے کو جبین زلف تک رسائی اور

---

۱ ۔ نسخہ اول (ص ۱۲۳) 'پھر گلی حمر' ، نسخہ دوم میں 'ھر گل احمر' ۔

نــہ سرسے کــو منظر چشم سے خود نمائی ۔ ہر دم کے زلف سلجھانے میں کاہل کوشی اور ہر وقت کے سرمہ لگانے میں اغماض اور چشم پوشی ۔ خرام نــاز صحرا نــورد دیٔ وحشت سے بدل گیا اور رنگ عشرت دل میں خون ہو کر یک بــار چشمۂ چشم سے آبل گیا ۔ خم ابــرو ہم وضع تسلیم شــوخیٔ رفتــار، نقش قــدم سے ہم صحبت و نــدیم طبیعت یاد معشوق میں اشعار عاشقانہ سے لگنے لگی ، اور آنکھ تصور جمال میں ہر بہانے سے لگنے لگی ۔ زلف وبــال ہو گئی اور خواب خیال ۔ بعد آس ستم گاری و خنجر گــذاری کے تطاول چرخ نے ایسا بے بس کر دیا کــہ جب اور پر بس نہ چلا خنجر آبدار سے آپ اپنا سر کاٹ کر راہ دلــدار میں نثار کــر دیا ۔ یہ ایک سانحۂ غریب ہے کہ قلم کی زبان آس کے بیان سے چاک ھــوتی ہے اور طبیعت نــاقل کی اس حکایت سے درد ناک ۔ ھــر چند اس واقعے کــو پچیس بــرس کے قریب گذرے لیکن دل ھاے اندوہ‌گین پر وہ غم آج تک تازہ ہے اور طبائع درد مند میں وہ الم بے انــدازہ ۔ شعر ریختہ میں گو کسی ماھــر فن سے مشورہ نــہ تھا ، لیکن جــودت فکر اور سلامت طبع سے چاشنی کلام راست مــزہ تھی اور وضع معاملہ بندی کی ایسی دل چسپ تھی کــہ اگر آس کے اشعار کی بیاض عاشق مزاجوں کے سینے سے الگ نــہ ہو تــو کچھ عجب نہیں ۔ جن دنوں میں غازی الدین خاں کے مدرسے میں کــہ شہر کے دروازۂ اجمیری سے باھر واقع ہے ، طالب علمان مدرسہ بزم مشاعرہ ترتیب دیتے تھے ، راقم تــذکرہ نے آس گل رخسار کــو آسی مشاعــرے میں دیــکــھــا ، اور آس

عندلیب گفتار کو آن ہم نفسوں میں بولتےسنا ۔ ان چند اشعار کی تحریر میں خامہ ہم نوائے نوحہ ماتم اور ہم آواز نالۂ غم ہے :

پوچھتے کیا ہو کہ شب آشفتہ کیوں کر مر گیا
اس میں کیا باقی رہا تھا بندہ پرور مر گیا

جان دی عاشق نے تیرے شب کو اک نالے کے ساتھ
آدمی تھا آخرش صدمے اٹھا کر مر گیا

ہے جدائی میں زبس آشفتہ جینے سے بہ تنگ
سن ہی لوگے اک نہ اک دن پھوڑ کر سر مر گیا

بچتا نہیں ہے جو کہ ہے بیمار عشق کا
یا رب نہ ہو کسی کو یہ آزار عشق کا

ترا شکوہ کبھو لب پر نہ آیا
پہ تجھ کو رحم اے کافر نہ آیا

نہ سوئے ہم شب وعدہ سحر تک
نہ آیا تو ہی ظالم پر نہ آیا

اسی غم نے رلایا ہم کو بھر عمر
کہ تجھ کو بولنا ہنس کر نہ آیا

نہ کر آشفتہ اتنا شکوہ ہر دم
نہ آئے وہ جفاجو گر نہ آیا

گو دعا کے ہی لیے ہو، ہے[۱] خدا کا تو خیال
کیا بنے گی گر کبھی وہ بدگماں پا جائے گا

---

۱ - نسخہ ۲ (ص ۱۲۲) ہوئے ۔

ہائے یہ غیروں سے کہنا اُس کا رک رک کر کہ اب
مجھ کو مت چھیڑو کہیں آشفتہ یاں آ جائے گا

بالکل ہی اس نے کھول دیا سب پہ راز عشق
کم ظرف اپنے دیدۂ گریاں کو کیا کہوں

زلفوں سے بھی زیادہ کیا رخ نے دل پہ جور
کافر جو تھے سو تھے پہ مسلماں کو کیا کہوں

درد دکھ جو جہاں پر[1] آتے ہیں
وہ مری ایک جاں پر آتے ہیں

اک نہ آنے سے تیرے اے ظالم
شکوے سو سو زباں پر آتے ہیں

ایک اس کے دیکھنے نے کر دیا عالم کو قتل
یہ تری ابرو ہے یا عیدالضحیٰ کا چاند ہے

رکھا سر پاؤں پر اُس کے تو بولا
کہ تو بھی بے سرو پا کس قدر ہے

دم کا مہماں ہے اور آشفتہ
بے خبر تجھ کو کچھ خبر بھی ہے

آشفتہ

آشفتہ تخلص ، حکیم منور علی متوطن شاہجہاں آباد ۔ فن طب میں حکیم غلام حیدر خاں اور فن سخن میں مومن خاں مومن تخلص سے تلمذ رکھتے ہیں ۔ طبیعت کی

---

۱ - نسخہ ۲ (ص ۱۲۳) پہ

رسائی اور فکر کی استقامت اور ذہن کی تیزی احاطۂ بیان سے خارج ہے ۔ یہ چند شعر ان کے نتائجُ افکار ہیں :

اجل تو نے کیا کیسا مجھے شرمندہ قاتل سے
تماشا تھا اُسے میرے تڑپنے کی اذیت کا

ہم وحشیوں کا گھر ہے کہ لڑکوں کا کھیل ہے
دن میں ہزار بار بنا اور بگڑ گیا

کانٹا سا ہو گیا تھا مرا سوکھ کر بدن
لاشہ اُلجھ کے دامن قاتل میں رہ گیا

بہت روئے تو اپنی جان کھوئی
کسی کا ہم نے بتلاؤ لیا کیا

ایک بھی اس نے نہ لکّھا مرے نامے کا جواب
آخر کار وہ مکتوب بنا کر بھیجا

غیر اچھا ہے یا برے ہیں ہم
اپنے دل ہی سے پوچھیے صاحب

سر پہ اور آنکھوں پہ ہے ناصح نصیحت آپ کی
پر کروں کیا دل پہ میرا کچھ نہیں ہے اختیار

نے قتل کا خیال اُنہیں اور نہ موت کو
قسمت میں کیا خدا مری مرنا لکھا نہیں

آبلہ پائی سے یہ رتبہ ہوا حاصل کہ بس
ہم زمیں کیا آسماں پر بھی قدم رکھتے نہیں

اللہ رے یاوریٔ طالع
ٹھکرا کے چلے وہ مرے سر کو

غش ہوں گے ہم آشفتہ تاب رخ جاناں سے
پوچھے گا قیامت میں بے ہوشوں سے کیا کوئی

ابھی دل ربائی کو کیا جانتا ہے
ستم کو وہ بد خو ادا جانتا ہے

سنا تھا ہم نے آشفتہ کو کوئی دم کا مہماں ہے
کئی دن ہو گئے اس کو نہ مرتا ہے نہ جیتا ہے

آشفتہ

آشفتہ تخلص ، امر ناتھ پنڈت نوجوان وجیہ ، خوش اخلاق ، خوش فکر ، اصلاح شعر کی تنویر سے لیتا ہے۔ بیشتر مشاعرے میں وارد ہو کر اپنے کلام سے مشتاقان سخن کو مسرور کیا ہے ۔ یہ چند اشعار بطریق یاد گار لکھے جاتے ہیں :

غیر ممکن ہے کہ چھوٹے اس سے اے آشفتہ دل
حلقۂ دام بلا حلقہ ہے زلف یار کا

نزع میں دیدار جاناں کا میسر ہو گیا
اپنا مرنا مجھ کو جینے کے برابر ہو گیا

کون سے روز رلایا نہ غم یار نے ہائے
کون سے روز مری چشم پہ داماں نہ ہوا

تن پہ جب پنجۂ وحشت نے نہ چھوڑا اک تار
تو دیا دشت جنوں نے مجھے داماں اپنا

ان دنوں تم جو ہو آشفتہ پریشاں خاطر
کس پہ ہوش آپ نے کھوئے ہیں کہاں دل آیا؟

بجلی میں بھری اُس کی ہنسی کی ہے شرارت
اور ابر نمونہ ہے مرے دیدۂ تر کا

آشفتہ بزم یار میں ساقی بنا ہے غیر
کیوں کر پیوں کہ کرتی ہے ٹکڑے جگر شراب

کی ہوگی اُس نے بادہ کشی بزم غیر میں
تلخی رہی جو میری زباں پر تمام رات

یاد آ گئی وہ جنبش ابرو تو کیا کہوں
رکھ لی گلے پہ رات کو بے اختیار تیغ

بھیج دو خاک پر شہیدوں کی
پھینکتے کیوں ہو فرش خواب کے پھول

درماں نہیں مریض محبت کا اے طبیب
اچھے نہ حشر تک کبھی ہوں گے دوا سے ہم

میرا بھی دل ہے زلف کو آہستہ کھولیے
زلفوں کی طرح دل بھی نہ جائے بکھر کہیں

جن کے باعث سب کی نظروں سے گرے
اُن کے کچھ بھی ہم نہ آئے دھیان میں

دیکھ کر ہوئے گا اُس آفت جاں کو کیا حال
جس کے بن دیکھے ہی بے تاب ہوا جاتا ہوں

لگا بیٹھا حنا وعدے کی شب جاناں کف پا کو
جلاتی آتش غم ہے مرے دل کی تمنا کو

دل میں آشفتہ ہے بتوں کا خیال
لب پہ باتیں ہیں پارسائی کی

میں تو شکوہ نہیں کرتا ہوں غم فرقت کا
تم ہی کرتے ہو گلے مجھ سے مری جاں الٹے

کوے جاناں دو قدم ہے ناتوانی دل نہ چھوڑ
گو قدم اٹھتا نہیں پر کچھ تو ہمت چاہیے

آشوب

آشوب تخلص ، میر امداد علی خاندان سیادت سے تھا ۔ لیکن عنایت سلطانی سے لقب خانی کا اُن کے آبا و اجداد میں اب تک چلا آتا ہے ۔ خوش اخلاق ، نیک طینت ، دوست و دشمن کے ساتھ ایک وضع سے بسر کرنا ہم نے سوائے اس صاف ضمیر کے اور میں نہیں دیکھا ۔ ابتدا سے انتہا تک اپنے سخن کو میر نظام الدین ممنون کی نظر اصلاح سے گذرانا اور اُستاد کی طرز پر اس طرح سے چلا کہ اُن کے شعر پر استاد کے سخن کا اشتباہ ہوتا تھا ۔ گویا دو منہ میں ایک زبان تھی ۔ واقعے میں یہ ہے کہ مدد فکر بلند اور اعانت طبع رسا اور کمال استعداد علمی فراہم ہو کر اُس سخن سنج کے کلام کو آسمان تک لے گئیں ۔ یہ چند شعر اُس کے مرقوم ہوتے ہیں :

گنہ کے بوجھ سے محشر تلک پہنچ نہ سکے
اسی میں پردہ رہا ہے گناہ گاروں کا

دل کو سمجھے تھے کہ اُس بزم سے لے آئیں گے
ہائے اپنا بھی ہوا واں سے پھر آنا مشکل

عذر جفا کے کب تلک تم کرو ہم گلہ کریں
وصل کی رات کم رہی آؤ معاملہ کریں

پاس آلودگیٔ دامن قاتل نہ گیا[1]
کس قدر ذوق تپیدن سے پشیمان ہوں میں

دل کہیں ، دیدہ کہیں ، صبر کہیں ، تاب کہیں
ہائے کتنا شب ہجراں میں پریشان ہوں میں

آصف

آصف تخلص ، میرزا محمد باقر ، شیرازی مولد ۔ تجارت کے وسیلے سے ہندوستان کی آمد و رفت کا ایسا اتفاق ہوتا ہے کہ جیسے کوئی گھر سے بازار جاتا ہو ۔ مرد صاحب اخلاق و رنگین صحبت ۔ اتفاق ورود بیشتر دارلخلافہ اکبر آباد میں ہوتا ہے ۔ فارسی میں فکر شعر کرتا ہے ۔ یہ دو شعر اُس کے مسموع ہوئے :

صبح وصل ترا شب آمد و نیست
شام ہجر ترا سحر چہ علاج

با ہر کہ دل کشید ترا جام مے بکش
من می کشم زجام دل خویشتن صبوح

آغا

آغا تخلص ، آغا مرزا ، خلف مرزا ابراہیم شوکت ، چالیس پینتالیس کا سن و سال اور مرد با اقبال ہے ۔ سنا گیا کہ اصل میں باشندۂ شاہجہان آباد ہے لیکن بالفعل سواد کانپور اُس کی

---

۱ ۔ نسخہ ۱ و ۲ میں 'گیا' ہے 'کیا' چاہیے ؟

اقامت سے بہشت بریں پر نازاں ہے۔ یہ شعر اس کا مسموع ہوا:

کل اس تلک پہنچ تو گیا تھا پہ ہم دمو
کچھ مجھ کو چپ سی لگ گئی ایسی کہ کیا کہوں

آفی

آفی تخلص، نواب احمد یار خان خلف الصدق نواب فلک جناب، زبدۂ رؤسائے عالی تبار، سلالۂ خاندان عز و وقار نواب محمد امیر خاں مرحوم والئی ٹونک، کہ یہ ملک بالفعل نواب مستطاب وزیر الدولہ بہادر مہین فرزند نواب مرحوم و برادر حقیقی اس بلند مرتبت کے زیر نگیں ہے۔ بس کہ جذبۂ الہٰی عناں گیر اور لطف رؤف مطلق دستگیر ہوا، محبت دنیائے دوں سے کنارہ کر کے خاطر کو یاد حق میں مشغول اور طبیعت کو مرضیات ایزدی میں مصروف کیا۔ آزادانہ بسر کرتے ہیں اور بیشتر اوقات سیاحت و سفر، خصوصاً زیارت اولیا میں گزارتے ہیں۔ گہ گہ موزونیٔ طبیعت کے اقتضا سے شعر فارسی آن کے چشمۂ طبع سے تراوش کرتا ہے۔ یہ دو چار شعر ان کی زبان فصاحت بیان سے مسموع ہوئے:

بہ عشق روے تو درباختم دل و جاں را
بکار زلف تو کردم متاع ایماں را

حیات کشتۂ تیغ تو گر دہند بخضر
خو روز چشمۂ فولاد آب حیواں را

گداے کوچۂ جاں بخش گل رخاں آفی
بہ نیم جو نخرد قصر باغ رضواں را

بسے گذشت کہ از گل خبر نمی شنوم
دلے نماند مگر بلبل خوش الحان را

آگاہ

آگہ تخلص ، سید محمد رضا معروف بہ احمد مرزا ، مرد خوش مزاج ، نیک نہاد۔ فن ریختہ گوئی کو مرزا اسداللہ خاں غالب تخلص سے کسب کیا ہے۔ یہ چند شعر اُس کے نتائجِ افکار سے ہیں۔

ہجر کے ہاتھوں کچھ ایسا زیست سے بیزار تھا
غیر کے بدلے بھی کل مرنے پہ میں طیار تھا

کیوں نہ چلنے میں قیامت ہو ترے اے فتنہ جو
شور محشر سے زیادہ ہے تری رفتار کا

اُسی کی یاد میں سب عمر ہم نے کاٹی ہائے
جسے خیال ہمارا نہ ایک بار آیا

گھر غیر کا ہو راہ میں یہ بھی مری قسمت
لایا تو اُسے جذبہ محبت کا یہیں تھا

اُس کے دامن کو نہ دے جنبش تو اے باد صبا
مجھ غبار ناتواں کی مفت بربادی نہ کر

کھینچ لا یار کو مرے گھر تک
کچھ اگر جذبہ اے محبت ہے

آہی

آہی تخلص ، اشرف خاندان سیادت ، اعد دودمان شرافت ،

کوکب سعد آسمان علا ، سرو بستان مجد و بہا ، روشن ضمیر، صافی نہاد ، صادق الوعد ، راسخ الاتحاد ، از ھمہ بر کنار و باھمہ درمیان ، جواد الدولہ سید احمد خاں کہ اول تو اپنی استعداد و استحقاق اور خلق کی دعاے نیم شبی و نالہ ھاے سحری کے ذریعے سے مسند فصل خصومات مردم شاھجہاں آباد یعنی عہدۂ منصفی پر حکام روز گار کی طرف سے متمکن ھو کر متظلمان عالم اور ستم رسیدگان جہاں کی داد دھی میں مصروف ، اور تحصیل مثوبات آخروی میں مشغوف تھے ، اور اب انجور کے جذبے اور ضعفاے دور دست کی دعاے تہ دلی کی کشش سے منصب صدر امینی سے ممتاز ھو کر شہر بجنور میں کہ حضرت شاھجہان آباد سے چار روزہ مسافت رکھتا ھے ، آوازۂ عدل و داد کو گوش ملائک تک پہنچایا ھے ۔ خامۂ دو زبان متحیر ھے کہ اوصاف متعددہ اور حماید بے شمار کس طرح ظرف کوچک الفاظ میں گنجایش پائے اور وہ گنجشائگاں کیوں کر کتاب کے حوصلۂ تنگ میں سمائے ۔ ایک طرف بزرگیٔ نسب اور شرافت حسب دامن گیر خیال ھے کہ اس گفتگو کے وسیلے سے فرق سخن کو آسمان تک پہنچائے ، اور ایک جانب اصابت تدبیر اور رزانت رائے اور طینت نیک اور خیر خواھیٔ خلق اور رضا جوئیٔ خالق تقاضا کرتی ھے کہ ان سخنان راستی بیان کو زبان گفتگو سے آشنا کر کے غافلان دور دست کو محکمۂ انصاف اور دیوان احقاق حق کی راہ پر ڈال دے ۔ کبھی تہذیب نفس اور حسن اخلاق اور خلوص محبت اور رسوخ صداقت ، چشمۂ وداد کی صفائی ، مراسم اتحاد کی بے ریائی کہتی ھے کہ سوا اس حرف کے کچھ زبان پر نہ لائے ، تا نومشقان مکتب محبت کو رھنمائی

اور نو نیازان درس خانۂ عشق کو ہدایت ہو جائے ، اور کبھی بے تکلفی کی طرز اور بے ساختگی کی وضع منافی ہے کہ اگر اس طرز و طور کو طراز بیان نہ بخشیے ، آئینۂ اوصاف نگاری بے تمثال اور جلوۂ یار فروشی بے دیدار رہے گا ۔ ارباب تکلف کو لباس نفاق سے معرا اور اہل انصاف کو عطر وفاق سے نافہ کشا کرنا اس تدبیر کے سوا ممکن نہیں ۔ اور خامۂ بے چارہ کس کس کا بار اپنی گردن پہ لے اور اس زبان بریدہ سے کیا کیا کہیے ؟ ان اوصاف سے قطع نظر جو کہ کمال مجسم اور فضل متشکل ہو ، کیوں کر کوئی اس کے بیان محاسن سے عہدہ برا ہو ؟ میں اس مجمع مفاخر کے ذکر نسب اور بیان حسب پر قناعت کرتا ہوں تا کہ بہ مقتضائے ماقلّ و دلّ اصل کا حسن خوبیٔ فرع پر دلالت کرے ۔ ہوشیار خرامان عرصۂ روزگار پر ظاہر ہے کہ آبائی اجداد اس جلیل الشان کے عہد دولت مہد اکبری میں ہرات سے وارد ہندوستان ہوئے ، اور اس اقلیم کے ملوک داد پیشہ اور خسروان انصاف اندیشہ کی قدر دانی اور آدم شناسی سے مناصب جلیلہ سے سرفراز رہے ۔ بعض کو انتظام صوبۂ کشمیر اور بعض کو کار سیاسات صوبۂ بذرا[1] کا مفوض ہوا ۔ عالم گیر ثانی کی پیش گاہ سلطنت سے منصب ہزاری ذات و پانسو سوار اور خطاب جوادالدولہ جواد علی خاں ان کے جد امجد میر ہادی کو مرحمت ہوا ۔ پھر آن کے والد ماجد سید محمد تقی خاں بہادر پر یہی منصب اور یہی خطاب مسلم رہا ۔ جب اس سید عالی نسب نے

---

۱ - نسخہ ۱ ، اور ۲ ، میں 'سیاسات صوبۂ بذر' ہے شاید صوبۂ ہذا یا صوبۂ بیدر ہو ؟ (فائق)

اس دار فانی سے رحلت کی تو خطاب موروثی نے اس مجمع محاسن کی طرف باز گشت کی ۔ ان کے جد مادری نواب دبیرالدوله ، امین الملک ، خواجه فریدالدین احمد خان بہادر مصلح جنگ پہلے سرکار انگریز سے توسل شائسته رکھتے تھے ، اور پیش گاہ گورنمنٹ ہند سے سفارت شاہ ایران پر معمور ہوئے، اور اپنے حسن تدبیر سے انگریز اور بادشاہ ایران میں عہود اور مواثیق کو دل خواہ استحکام دیا ۔ انگریز کی طرف سے اس امر خطیر کے صلے میں ایک عہدۂ جلیله کے ساتھ نامزد ہوئے ، یعنی مملکت 'اوا' میں پولیٹیکل اجنٹ ہو گئے ۔ بعد مدت حضرت شاہ جہان آباد میں آئے اور بادشاہ جم جاہ اکبر شاہ ثانی کی نظر عنایت سے سرفراز ہو کر عہدۂ وزارت سے مشرف ہوئے ۔ اس رفعت مکان علی الشان کے حق میں حکام زمانه کی قدر شناسی آس پہلے اعتبار کے علاوہ اور آس افتخار پر مزید ہے ۔ بعد آس کے خامۂ مقطوع اللسان لکھتا ہے که بعد سر انجام مہام خلایق کے اگر اوقات فرصت میں کچھ شغل ہے تو علوم شریفه اور فنون لطیفه کی طرف میل کرنا ، اور غوامض و دقایق کی طرف توجه فرمانی ۔ ایک رساله ابطال حرکت زمین میں ایسا خوب لکھا ہے که اگر زمین موافق زعم اهل فرهنگ کے متحرک بھی ہو تو آس کی متانت براهین اور استحکام دلایل سے متحیر ہو کر نقش پا کی طرح حرکت سے باز رہے گی ۔ اور زمانۂ سابق میں ایک کتاب زبان اردو میں شاہ جہان آباد اور یہاں کے نواحی کی عمارتوں کے حال میں لکھی ہے ، مسمّی به 'آثار الصنا دید' اور مکانات عجیبه اور عمارات غریبه کے نقش مصور مانی کار کے قلم سے آس کے ہر صفحے پر منقوش ہیں۔

اب پھر ہمت عالی کی تحریک سے اطراف سواد شاہجہان آباد کو از سر نو بے سپر کیا اور تحقیقات سابقہ پر ایسا کچھ زیادہ کر دیا کہ غالباً اب اس پر زیادتی متصور نہیں۔ بہ سبب ان اشغال جلیلہ اور امور نبیلہ کے مضامین خیالی اور وہمی کی طرف کم متفت ہوتے ہیں۔ لیکن جو کہ موزونیٔ طبع ذاتی ہے، گہ گہ کسی تقریب حسن سے شعر گوئی کا اتفاق ہوتا ہے۔ یہ چند شعر زیب ترقیم کر کے گوش سامعین کو ممنون کرتا ہے:

شاہد رعنائے دہر زینت دیگر گرفت
دلبر زیبائے باغ چہرہ بزیور گرفت

تاک ز بالیدگی مے کدہ بنیاد کرد
ساقیٔ ما از نشاط جام بکف در گرفت

ہم ز پئے شاہدان حجلہ بر آراست باغ
ہم پئے سودائے مے غنچہ بکف زر گرفت

شب بہ فروزندگی طعنہ بہ نوروز زد
شام بہ تابندگی خردہ بہ خاور گرفت

آہیٔ خستہ جگر گشت چو مداح شاہ
جایزہ را خامہ اش تاج ز عبہر گرفت

اختر نحسم نگر چو ز نحوست رہد
گر ز یکے عقدہ رست عقدۂ دیگر گرفت

جود تو وقف سخن، بذل تو صرف ہنر
ہر چہ کفت بر فشاند جملہ سخن ور گرفت

دل در خم گیسوے پریشان تو پابند
جان ہاے دو عالم ہمہ خواہان تو پابند

گر راز بجویند ز سر رشتۀ جاں ھا
موے ز سر طرۀ پیچان تو یابند

طومار شفاعت چو دم حشر کشایند
حرفیست که از دفتر دیوان تو یابند

باشد به جمعیّت خاطر به دم حشر
آناں که سر زلف پریشان تو یابند

خاکم چو بجویند به میدان قیامت
افتاده بهر گوشۀ داماں تو یابند

سحرے که بود غیرت اعجاز مسیحا
رمزیست که در نرگس فتّان تو یابند

آھی

آھی تخلص ، میر عبدالرحمن پسر میر حسین تسکین ، جوان متین ، صاحب اخلاق حمیدہ و اطوار پسندیدہ ، وجاھت ظاھری کا بیان کروں یا خوبی ھاے معنوی کا ذکر زبان پر لاؤں ۔ کمال ذھانت سے ھر فن کے ساتھ ایک مناسبت تام ھے ۔ کتب درسیه جناب استادی مولانا و مخدومنا مولوی امام بخش صہبائی سلمه الله تعالیٰ سے تمام و کمال پڑھیں ھیں اور فن معما کو نہایت تحقیق و تدقیق کے ساتھ جناب موصوف سے حاصل کیا ۔ فہم اس فن کا جیسا اس صاحب ذکا کو دیکھا گیا ، کم کسی کو ھوگا ۔ گاہ گاہ فکر شعر بھی کرتا ھے ۔ یه شعر اس کے نتائج افکار سے ھیں :

ھے غلط دھوم که نکلا تھا وہ گھر سے باھر
شہر میں چاک کسی کا تو گریباں ھوتا

دیکھا تھا اگر اُس کو ھم بزم رقیبوں سے
تو چاھیے تھا قاصد جیتا نہ پھرا ھوتا

تمھارے حسن میں گرمی نہیں ھے
اگر ھوئے تو وا بندقبا ھو

دل لیے جاتی ھیں حوریں نزع میں اے ھمدمو
سامنے رکھی مرے تصویر جاناں چاھیے

کھل گیا دروازۂ جنت بھی اپنی گور میں
پر دل وحشی یہ کہتا ھے بیاباں چاھیے

مژدہ اے شوق طپیدن خلق میں ھے آج دھوم
زھر میں خنجر کو وہ اپنے بجھا کر لے گئے

اٹھ کہیں ھے آمد آمد اُس ستمگر کی وھاں
اھل محشر مجھ کو یہ مژدہ سنا کر لے گئے

واعظا خلد سے لا خانہ خمار میں رکھ
قدر واں مے کی ھے جس جا کوئی مے خوار ھے

کچھ تمھیں بھی خبر ھے آھی کی
لوگ کہتے ھیں مر گئے کب کے

سب کو خبر ھوئی مرے حال تباہ کی
اٹھ جائے گی جہاں سے اب رسم چاہ کی

شکوہ کہاں کا کیسا گلہ جی نکل گیا
شرما کے یار نے جونہی نیچی نگاہ کی

الف مقصورہ

اثر

اثر تخلص ، عبدالرزاق فرزند عبدالرحمان تمنا تخلص ، نوجوان ذہین ، خوش اخلاق ۔ شاہجہان آباد میں بہت مدت تک آستادی مولوی امام بخش صہبائی سلمہ اللہ تعالی کی خدمت میں حاضر رہ کر فن فارسی اور مدرسۂ سرکار انگریزی میں علوم ریاضی کو تحصیل کیا ۔ جو کہ نہایت موزوں طبع ہے ، شعر اردو بہت لطف و پاکیزگی کے ساتھ کہتا ہے ۔ یہ شعر اس کے اشعار سے انتخاب ہوئے :

پہلو میں درد ، سینے میں چاک ، اشک آنکھ میں
مجھ سے تو کہہ اثر کہ ترا دل لگا کہیں

ترا ہر ایک سے ملنا بت وفا دشمن
کرے گا دیکھیے کس کس سے آشنا مجھ کو

مجھے تو جلنے پہ بھی زندگی غنیمت ہے
فلک نے مثل چراغ اب بجھا دیا مجھ کو

ہوئی بدولت ضعف آہ سے بھی خاطر جمع
اثر پہ جس کے کچھ ایک اعتبار تھا مجھ کو

گر چال کا نام آتے ہی آتی ہے قیامت
مضموں تری رفتار کا باندھا نہ کریں گے

خواہش ہے میرے دست جنوں کو بہار کی
اور آرزو ہے آبلۂ پا کو خار کی

کیا جانتا تھا وہ کہ ستم کیا ہے جور کیا
باتیں یہ سب ہیں اس دل الفت شعار کی

وحشت تو دیکھیو کہ پس مرگ بھی مرے
جنگل میں اڑتی پھرتی ہے مٹی مزار کی

ہوں کامیاب لعل لب یار سے عدو
حسرت نہ نکلی آہ دل سوگوار کی

تم اور عیش و بادہ و اغیار ہم نشیں
ہم اور مصیبت آہ یہ شب ہائے تار کی

اے حضرت اثر کہیں عاشق ہیں آپ جو
یوں خاک اڑاتے پھرتے ہیں ہر کوہسار کی

۔۔۔میں اور یار، اور شب ماہتاب ہے
یا رب مجھے خیال ہے یہ، یا کہ خواب ہے

اے چشم اس کے سامنے رو کر نہ ہو سبک
انساں کی آبرو جو ہے موتی کی آب ہے

پامال غیر ہے مری نعش اس گلی میں آج
مر کر بھی خاک پر مری کیا کیا عذاب ہے

سوزش سے حشر تک وہ زمین ہو کبھی نہ سبز
جس جا ہمارے آبلۂ پاء کا آب ہے

عشق بتاں میں خاک بسر ہے تو اب اثر
دنیا خراب اور ترا دیں بھی خراب ہے

ایک دن فاتحہ پڑھتا تھا کسی قبر پہ وہ
حیلہ ایک اور بھی باقی ہے سو مر دیکھیں گے

احسان

احسان تخلص ، زبدۂ کملاے روزگار، اسوۂ نتائج قرون و ادوار ، بانیٔ بناے سخن وری ، گلشن پیراے حدیقۂ معنی پروری ، طراز وسادۂ کمال ، زیب مسند جلال و جمال ، مسند الیہ فضل و افضال ، جامع مراتب تکمیل و اکمال ، مصدر علم و معدن حلم ، حامیٔ افاضل زماں ، معاذ پناہندگان جہاں ، مرجع مآرب طلاب ہرفن ، مآب کشور خدایان سخن عیار افزاے نقد ہنر ، عیار گیر معنی پروران سخن گستر ، استاد سلاطین زمان ، شاگرد حضرت رحمان حافظ عبدالرحمن خان خلف مقبول انام ، قدوۂ عظام ، استاد و مختار سرکار مرشد زادۂ آفاق ، صاحب عالم مرزا فرخندہ بخت بہادر مرحوم ابن حضرت شاہ عالم بادشاہ سہرور حافظ غلام رسول مغفور ۔ اس جناب فیض مآب کے اخلاق پسندیدہ احاطۂ تقریر سے بیروں اور اوصاف حمیدہ حوصلہ تحریر سے افزوں ہیں ۔ اگر علم و فضل کی توصیف زبان پر آئے ، اس آفتاب سے ایک ذرہ اور اس کتاب سے ایک حرف حوصلۂ گفتگو میں نہ سمائے ۔

هر چند کلام قدما کی مزاولت سے صنایع لفظی کی طرف اکثر عنان توجہ اور طبیعت فیض طویت ایسے امور غرابت دستور کی جانب نہایت مالوف تھی ، اور ارباب ذوق جانتے ہیں کہ اس طرح کی قیود صفائی کلام اور آمد سخن سے مانع اور ایمائی سیاق اور روانئی عبارت سے عائق ہوتی ہیں ، لیکن اہل انصاف کہ طبیعت کو جوں آئینہ صاف اور ضمیر آفتاب تنویر کو بے اعتساف رکھتے ہیں ، بے شائبہ تکلف فرمائیں گے کہ اتنی تکلیف پر سخن کتنا بے تکلف تھا ۔ اور باہمہ پابندیٔ الفاظ معنی کی تلاش ایسی تھی کہ گلشن قدس کا چمن ان کے فکر کی دست درازی سے گل و بار سے ایسا خالی ہو گیا تھا کہ عالم کے گل چینان سخن کو سوائے چند برگ سبز کے کہ اس سیار چمن زار معنی کے قابل التفات نہ تھے ، کچھ ہاتھ نہ لگتا تھا ۔ اور بلندیٔ کلام کا یہ حال تھا کہ اگر سقف آسماں اسی قدر اور مرتفع ہوتی ، اس والئی اقلیم ہنر کی بام سخن کا طرہ خوف مزاحمت سے خاطر خواہ بلند نہ ہو سکتا ۔ انواع سخن میں ایسی قدرت کہ جس صنف کلام پر نظر پڑتی ہے ، یہ ہی خیال میں آتا ہے کہ یہ صاحب کمال اپنے فن میں یگانہ اور اسی طرز میں یکتائے زمانہ تھا ۔ غزل میں اگر اشعار عاشقانہ ہیں ، گویا عشاق جگر فگار کی آہ کا دخان ہیں کہ بے اختیار دیدۂ بے درد کو بھی نم ناک کر دیتے ہیں ، اور اگر ابیات عارفانہ ہیں ، یوں معلوم ہوتا ہے کہ روشن ضمیران صاف طینت کے دل کا سویدا ہیں کہ اسرار خفی اور انوار جلی رازدانان معنی کی نگہ میں آن سے جلوہ گر ہوتے ہیں ۔ قصیدے میں اگر تشبیب ہے ، طرز توطیہ اور انداز تخلیص اعجاز گوینده پر دلالت

کرتی ہے : اور ادر مدح ہے ، شوکت الفاظ اور طمطراق معنی سے رتبۂ ممدوح کو آسمان سے ہم رفعت کرتی ہے ۔ طرز سخن بے نظیر اور انداز کلام دل پسزیر ۔ بیت بیت ابرو سے جانفزا تر ، مصرع مصرع زلف سے دل ربا تر ۔ کمال مہارت عروض سے دریافت کیا کہ مصرع زلف خوباں بحر طویل میں موزون ہے ، اور نہایت روشن سوادی سے معلوم فرمایا کہ بیاض گردن محبوباں اشعار باریک سے مشحون ہے ۔ تعمق فکر سے صفحۂ سادۂ رخسار پر خط نانوشتہ کا مضمون ظاہر اور تیزیٔ ذہن سے لوح پیشانی پر بیت ابرو کے معنی باہر ۔ مذاق سخن فہمی لذایذ معنوی سے محظوظ اور صندوق سینہ جامعیت علوم سے لوح محفوظ ۔ اجتماع بلندی مدارج معنوی اور ارتقاع معارج صوری ، یعنی والاے تبار اور علوء مراتب کمال اور فخر استادی سلاطین صاحب اقبال اس سر گروہ ارباب ہنر کی ذات میں منحصر ہے ۔ حضرت شاہ عالم بادشاہ اور حضرت معین الدین اکبر شاہ بادشاہ نوراللہ مضجعہما سے لے کر حضرت خلافت پناہ سلطنت دست گاہ محمد سراج الدین بہادر شاہ خلد اللہ ملکہ و سلطانہ تک ادب آستادی سے روز و سب ان کی تعظیم و توقیر کے سررشتہ کو ہاتھ سے نہ دیتے تھے ، اور مراعات حفظ مراتب میں فروگذاشت نہ کرتے تھے ۔ شاہ زادگان والا تبار اگر مرتبۂ ظاہری اپنے آبا کی بدولت پاتے تھے ، مرتبۂ معنوی ان کے طفیل سے بہم پہنچاتے تھے ۔ اور اگر ربع مسکون میں ناموری اپنے اجداد کی اعانت سے پیدا کرتے تھے ، زمین سخن میں کوس نیک نامی ان کی امداد سے بلند صدا کرتے تھے ۔ ہر چند بہ مقتضاے شاگرد پروری اور تلمیذ نوازی کے نگاہ تربیت

کسی سے دریغ نہ فرماتے ، لیکن اس فحوا کے موافق 'القلب یہدی الی القلب' از بس کہ آئینۂ عقیدت گرد کدورت سے پاک تھا ، جس قدر نظر الطاف صابر سینہ صاف پر مصروف اور جتنی عنان اشفاق راقم اوراق کی طرف معطوف تھی ، کم کسی کی جانب گمان میں آ سکتی ہے ۔ اور لطف اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ ذرے کو آفتاب بنا دیا اور سر خاک کو آسمان پر پہنچا دیا ۔ کور سواد کو روشن سواد کیا اور مغموم یاس کو حصول مقاصد سے شاد ۔ جو اس کم بضاعت کا سرمایۂ استعداد ہے ، اسی صاحب نصاب تونگر دل کی دولت سے ہے ، اور جو اس ذرۂ بے تاب کو موجب نازش اور منشاء افتخار ہے ، اسی آفتاب ضمیر کی وساطت سے ہے ۔ سرو ہرچند موزونئی ذاتی رکھتا ہو ، باغبان کی شکر تربیت سے کیوں کر سر اٹھا سکتا ہے ، اور غنچہ اگرچہ طیب انفاس سے خود بہرہ رکھتا ہو ، باد صبا کی توجہ کا سپاس کیوں کر بجا لا سکتا ہے ۔ ہر چند عرصہ کئی سال کا ہوا کہ وجود فیض آسود اس سرگروہ اہل سخن کا صفحۂ روزگار سے معنی نایاب ہو گیا ، لیکن اس حلال مشکلات کا سخن اس ہیچ مدان کی طبیعت سے ویسا ہی عقدہ کشا ہے ۔ جب وہ واقعۂ جان گزا اور نائبۂ حسرت فزا یعنی سفر ناگزیر اس سیاح قیافی تقدس کا طالبان صداقت منش کی محرومی کا سبب اور مستفیدان عقیدت نہاد کی ناکامی کا باعث ہوا ، توجہ باطنی کہ کم ترین تلامذہ کے باب میں اختصاص رکھتی تھی ، پردۂ غیب میں جوش زن ، اور وفور افاضات اور کثرت افادات کا بدرقہ لے کر اس ننگ دودمان کمال کی اعانت کی طرف متوجہ ہوئی ۔ یعنی وہ فیض حسب اقتضائے مقام اس

طرح سے گنجینہ کشا ہوا کہ نقد ہنر سکہ خانۂ استعداد میں تاریخ وفات حضرت افادت مرتبت مرحوم کے نقوش سے چہرہ آرا ہوا ۔ اس تاریخ کی نقاب سے بارہ سو ست سٹھ سال ہجرت جلوہ گر اور بصیرت افزاے اہل ہنر ہے :

تنگناے دہر فانی سے ہوں دل برداشتہ
ہے جنوں انگیز و حسرت خیز یہ وحشت سرا

رفتہ رفتہ ساکنان خاک ہیں گرم سفر
راہ چلنے میں نہ دن کا فکر نے ڈر رات کا

دانہ ہاے سبحہ کی مانند اجل کے ہاتھ سے
متصل ہے ایک کے پیچھے روانہ دوسرا

حضرت انساں کہ وہ تھے گلستان دہر میں
طوطی شکر مقال و عندلیب خوش نوا

قدوۂ ارباب فضل و اسوۂ اہل کمال
قبلۂ اصحاب علم و کعبۂ اہل صفا

معدن فرزانگی استاد شاہنشاہ عصر
عمدۂ ارکان دولت پیشواے اصفیا

نسخۂ ارشاد و عرفان آیت لطف و کرم
معنی تامیذ رحماں صورت جود و سخا

ہائے اس مصباح ظلمت سوز بزم دہر کو
صرصر جور اجل نے کس طرح گل کر دیا

اس کے مرنے سے جدھر دیکھو ادھر کس کس طرح
حسرت و اندوہ کا ہنگامہ برپا ہو گیا

عین ہنگام الم میں صابر دل گیر نے
اپنے دل کو نہام کر با صد غم و با صد بکا
کی رقم اُس معدن احسان کی تاریخ وفات
دل[1] گیا بیٹھ آہ جب عالم سے احسان اُوٹھ گیا
۱۲۶۷ھ

جو کہ استفادۂ صحبت اُس زبدۂ اہل سخن کا جور فلک سے مفقود ہوا ، ناچار اس قرطاس فیض اقتباس کو اُس کے کلام تقدس انجام سے مزین کرتا ہے ، تاکہ اہل خرد اسی موائد فوائد اور فرائد عوائد سے کام ستان اور زینت پذیر ہوویں ، اور انصاف پیشگان راستی گزین اور ارباب بصیرت پر ہویدا ہو جائے کہ پاکیٔ زبان اور تلاش معنی اور رشاقت اسلوب اور بلندیٔ کلام اور غرابت تشبیہ اور خوبیٔ استعارہ اور دل چسپئی عبارات اور دل ربائیٔ اشارات یہی ہے ، جو اس سخن سے جلوہ گر اور اس نظم میں پیش نظر ہے :

دل میں تیرا تھا تصور کہ وہیں آئے رقیب
لٹ گیا ہاتھ سے دیووں کے پرستان میرا

سوئے بہ کون ہے اپنا ، مگر یہ سنگ مزار
برائے نام فقط اب سر مزار رہا

میں اپنے شیشۂ دل پر ہوں غش کہ جس میں مدام
ترے خیال سے پریوں کا ہے دذار رہا

---

۱ - نسخہ دوم (ص ۱۳۲ مطبع نول کشور ۱۸۸۲ء) میں اعداد تاریخ ۱۲۶۸ء لکھے ہیں ، نسخہ اول میں نہیں لکھے ہیں - صابر نے لفظوں میں ۱۲۶۷ لکھے ہیں ؛ غالباً آہ کے دو الف مان کر ۱۲۶۸ھ لکھے ہیں جو صحیح نہیں - ایک الف شمار ہوگا اور اُوٹھ میں واؤ شمار کیا گیا ہے - (فائق)

کبھی شادی کبھی غم ہے یہی عالم ہے عالم کا
مہ عیدالضحلی گذرا تو چاند آیا محرم کا

کلیجا مجھ سے کانپے ہے سدا نار جہنم کا
کہ طوفاں نیم قطرہ ہے سرشک چشم پرنم کا

اگر ہو اتفاق آپس میں، تنگی بھی گذر جائے
گذارا ایک پیراھن میں ہے بادام توام کا

ہم کو کفن آسی کا لازم ہے ماہ رویاں
الفت کا پر تواسا، ہم نے کتاں میں دیکھا

تمھارے قد سے ہیں قائم قیامتیں کیا کیا
اٹھیں ہیں بیٹھے بٹھائے یہ آفتیں کیا کیا

پھرا عدم سے کوئی اب تلک نہ اکتا کر
خدا ہی جانے وہاں ہیں فراغتیں کیا کیا

گلے سے لگتے ہی جتنے گلے تھے بھول گئے
وگرنہ یاد تھیں ہم کو شکایتیں کیا کیا

جو ذکر کل کا کیا میں نے منہ چھپا کے کہا
تجھے بھی یاد ہیں احساں حکایتیں کیا کیا

بجھی جو شمع تو پروانوں پر ہوا روشن
کہ بعد مرگ کوئی آشنا نہیں رھتا

مجھ کو کہیے میں آنکھوں سے ضبط گریہ کروں
مرا قصور نہیں دل مرا نہیں رھتا

ہماری جـان پہ گرتی ہے برق غم ظالم
تجھے تو سہل سا ہے شغل مسکرانے کا

ہماری چھاتی پہ پھرتا ہے سانپ سا احسان
وہاں ہے شغل آسے زلف کے بنانے کا

نام تیرا ہے ورنہ اے عنقا
ہے نشاں ہم سے بے نشانی کا

کل تک تو ترے کوچے میں احساں تھا مری جاں
پر آج جو ڈھونڈھا تو وہ بیمار نہ پایا

سخت نادانی کی احساں جو کہا عاشق ہوں
بھید کہتا ہے کسو سے کوئی دانا دل کا

آثار گر یہی ہیں ترے ظلم کے تو میں
سر کو پٹک پٹک پس دیوار جی چکا

احساں وہی نہ ہوئے کہ تیری گلی سے آہ
اک شخص خاک و خون میں لپٹا ابھی گیا

مرتے مرتے بھی نہ اک بار تجھے دیکھ لیا
اس قدر بھی نہ مری جان قضا نے چاہا

ہم کو نہ مدرسے ہی میں تجھ بن ملال تھا
جب مے کدے میں آئے تو واں بھی کلال تھا

کل اپنے دوست دار سے تم تھے رکے ہوئے
کیا دل پہ دشمنوں کے تمھارے ملال تھا

مری برباد احساں آبرو کی
لگے آگ اس کو دل ہے خاک اپنا

پہنچ اے اجل کہ لب پر اٹکا ہے کام جاں کا
حامی ہے کون تجھ بن آفت رسیدگاں کا

یہ شام ہجر آئی ، شامت زدہ کہاں سے
ہو روسیاہ ایسے ناخواندہ میہماں کا

پیک اجل ٹھہر جا چلتا ہوں میں بھی یعنی
پیغام خود سنوں گا یاران رفتگاں کا

دل بھر کے کبھو ہم کو مکھڑا نہ دکھا جانا
گر خواب میں بھی آنا ٹھوکر سے جگا جانا

سرو سے قمری پھرے ہے بگڑی بگڑی باغ میں
کیا شگوفہ تو گیا سروخراماں چھوڑ کر

نہ چھوڑ زوجۂ شیخ اب تو شیخ کا اخلاص
اگرچہ پیر ہے پر ہے مرید با اخلاص

گو مر چکا ہوں پر دل مضطر کے ہاتھ سے
میرے نصیب میں نہیں آرام اب تلک

احساں میں جس کے نام پہ دیتا ہوں اپنی جاں
وہ جانتا نہیں ہے مرا نام اب تلک

میں تڑپتا ہوں غم عشق بتاں میں احساں
حکما فضل الٰہی خفقاں کہتے ہیں

دو ہی دن کے عشق میں احساں یہ صورت بن گئی
منہ پہ وہ رونق نہیں چہرے پہ وہ لالی نہیں

کہیے کیا، کیوں طفل اشک اپنے گلے کے ہار ہیں
اس زمانے کے تو کچھ لڑکے بھی ناہموار ہیں

یہ شیشہ اور یہ گولی ہے آج اے ساقی
لڑھادے تو بھی انہیں خم کو جو لڑھاتے ہیں

خفا مت ہو مجھ کو ٹھکانے بہت ہیں
مرا سر رہے آستانے بہت ہیں

بہت دور ہے اپنے نزدیک تو بھی
تجھے یاد کافر بہانے بہت ہیں

کشش دل کی ہی کام آتی ہے ورنہ
فسوں سیکڑوں ہیں فسانے بہت ہیں

پلائی مے رمضاں میں نہ مجھ کو اے ساقی
بڑے عذاب سے کٹتے ہیں نہ ثواب کے دن

کہتے ہیں پلٹ گیا وہ رہ سے
تقدیر الٹ گئی ہماری

کیا کام کسی سے ہم کو احسان
ہم اور یہ بے کسی ہماری

بیٹھ اے آہ! بس خدا نہ کرے
تجھ کو فرصت ہو سر اٹھانے کی

احمد

احمد تخلص ، مولوی احمد علی نام ، مدرس مدرسۂ فارسی شاہجہان آباد ۔ ہر چند جمیع علوم میں دست گاہ تم ہے ، لیکن فن طبابت میں یدطولیٰ اور تشخیص امراض میں حدس صائب ایسی کہ بیماریٔ نرگس کی علت اور سوسن کی گنگیٔ زبان کا سبب دریافت کرنا ایک کار سہل ہے ۔ سوائے تکمیل مدارج علمی کے اخلاق پسندیدہ اور اوصاف حمیدہ اس طرح اس مجمع کمالات کی ذات میں فراہم ہیں کہ کتب اخلاق

اگر تمام عالم سے محو ہو جاویں ، اُس کی گفتار و کردار سے ہر کتاب کے بدلے ایک اور کتب خانہ متن و شرح کا بہم ہو سکتا ہے ۔ گاہ گاہ فکر شعر بھی دامن گیر ہے ، یہ چند شعر لکھ کر نظر احباب سے گذرانتا ہے :

ساقی بیا باجام مے این لطف در جنت کجا
آن جا بہار دیگر و این جا بہار دیگر است

اختر امیّد از برج جلال آمد پدید
نیر اقبال بر اوج کمال آمد پدید

شکر ایزد را کہ نخل آرزو شد پُر ثمر
کوکب تابندہ با جاہ و جلال آمد پدید

احمد

احمد تخلص ، مرزا احمد بیگ عمِ زادۂ مرزا فاضل بیگ۔ مرد خوش خلق ، نیک اطوار ، عزایم خوانی و تسخیر اجنہ[۱] میں مشہور اور زود اثری اعمال میں السنۂ خلایق پر مذکور ہے ۔ اشعار ریختہ بھی کہتا ہے ۔ یہ چند شعر اُس کی بیاض سے مرقوم ہوئے :

اپنی اپنی گور سے سب دیکھتے ہیں سر اُٹھا
اُس خرام ناز سے کیا فتنۂ محشر اُٹھا

پاؤں پھیلاتا ہے ہر محفل میں کیسا بے دھڑک
طفل اشک اے اہل الفت بے طرح ابتر اٹھا

---

۱ ۔ جن ۔ نسخۂ ۲ نول کشور (ص ۱۳۵)

کس کی مژگاں کا الٰہی ہے مرے دل میں خیال
کہ کھٹکتا ہے مرے سینے میں اک خار نیا

ہوئے جو خاک اُس کوچے میں تو یہ آبرو پائی
لگے سو بار قدموں سے لگے سو بار دامن سے

ہنگام نزع میں بھی ہمیں انتظار تھا
آتا ہے یا نہیں وہ ستم گار دیکھیے

احمد

احمد تخلص ، مرزا احمد شاہ کہین برادر مرزا جمعیت شاہ ماہر ۔ سعادت و اہلیت میں یگانہ اور مروت و دوست نوازی میں یکتائے زمانہ ۔ یہ دو تین شعر اُس نیک نہاد کے نتائجِ افکار سے ہیں :

بہائے بلبل بے دل کا جب لہو صیاد
تو کیوں نہ سامنے گل کے ہو سرخ رو صیاد

کہو کہ کیوں کہ ہو اُس سے نباہ کی صورت
کہ بد مزاج ہیں ہم اور تند خو صیاد

بچائے جان کدھر عندلیب زار اے گل
پھریں تلاش میں جب اُس کی چار سو صیاد

احقر

احقر تخلص ، قدوۂ ارباب سخن ، زبدۂ کملائے فن ، قادر الکلام ، بلند مقام ، ممدوح جوان و صبی ، سید غلام نبی

والد ماجد سید آل نبی لاغر تخلص ، علوم متداولہ میں مہارت تام اور دست‌گاہ تمام حاصل ہے ۔ تحقیق فن فارسی اس صاحب کمال سے سربہ آساں ہے اور کمالات کسبی و وہبی میں زبان زد اہل جہاں۔ ہر چند قصداً اور بالذات شعر فارسی کی طرف توجہ اور التفات ہے ، لیکن گاہ گاہ احباب صداقت کیش کی تکلیف اور تلامذۂ عقیدت اندیش کے اصرار سے اشعار ریختہ بھی کمال دل فریبی کے ساتھ اُس کی طبع سے جلوہ‌گر اور ارباب مذاق کی ضیافت طبع کے واسطے مائدہ گستر ہوتے ہیں ۔ یہ دو تین شعر یاد تھے :

نقاش نے قاتل کی جو تصویر کو کھینچا
ابرو کی جگہ پر دم شمشیر کو کھینچا

جس وقت فاتحہ کو اُٹھے دل ربا کے ہاتھ
ماتم سے شل ہوئے مرے اہل عزا کے ہاتھ

روز بازار جنوں ہے پوچھتے ہو حال کیا
کر دیا شہری غزالوں نے بیابانی مجھے

اختر

اختر تخلص ، زبدۂ روسائے جہان محمد صادق خاں ، وطن آبائی اس بلند مرتبت کا خاک نزہت سرشت ہوگلی ہے ، اور چندے حسن اتفاق سے سواد مینو بنیاد لکھنؤ میں تشریف رکھی ۔ اب کہ عرصۂ دراز سے حکام وقت کی طرف سے عہدۂ تحصیل داری پر مامور ہیں ، کسی نواح میں فراغ دل اور طیب عیش کے ساتھ بسر کرتے ہیں ۔ زبان قلم

دشواریٔ اوصاف سے شق ، اور رنگ کاغذ بے شماریٔ مدائح سے فق ہے ۔ نہ ارتفاع مدارج کا بیان صورت پذیر ہے اور نہ گزیدگیٔ اطوار اور پسندیدگیٔ کردار کا حال قابل تحریر ۔ 'تخلقوا با خلاق اللہ' ان کے مصحف حال سے ایک آیت اور اہلیت ذاتی اور مروت جبلی آن کی کتاب اخلاق سے ایک حکایت ۔ ہر چند علوم درسی سے دل خواہ بہرہ مند اور کامیاب ہیں لیکن فن سخن اور دقایق شعر سے ایسے ماہر ہیں ، گویا کہ شخصی کمال کی تشریح میں جالینوس روزگار اور رمز شناسی و نکتہ دانیٔ ہنر میں افلاطون وقت ۔ زبان کس کس چیز کا بیان کرے ؟ نہ برجستگیٔ نکات اور شوخئی اشارات اور خوبئی عبارات اور حسن تشبیہ و استعارات کا حال بیان میں آ سکتا ہے اور نہ متانت تراکیب اور رشاقت اسالیب اور سلاست الفاظ اور ایائی سیاق اور ندرت معنی کا وصف تقریر میں سما سکتا ہے ۔ راقم تذکرہ کو تالیف کے وقت یہی چند شعر دستیاب ہوئے وگرنہ دفتر دفتر درج کتاب کر کے ارباب شوق و احباب صاحب ذوق کی ضیافت طبع اور سہانئی خاطر سے دست کش نہ ہوتا ۔ جو کہ 'مشتی نمونہ از خرمنے' قبول اور دقیقہ سنجان روزگار کی زبان پر مذکور ہے ، ارباب فہم کے نزدیک ایک ذرہ دلیل آفتاب اور ایک نکتہ حجت کتاب ہو سکتا ہے :

کل بن کے شیخ مجتہد عصر ساقیا
دکھلا کے ایک باغ عذاب و ثواب کا

کہنے لگا ز راہ تبختر مجھے بہ طنز
معلوم ہوگا حشر میں پینا شراب کا

ہم نے کہا کہ یہ تو ہیں ہم خوب جانتے
پر کیا کہیں کہ ہے ابھی عالم شباب کا

گستاخی ہو معاف تو اک عرض میں کروں
کیجے نہ آپ مجھ کو جو مورد عتاب کا

تقویٰ ہمارے آگے ہو جب آپ کا درست
اور ہو یقین آپ کے اس اجتناب کا

مے ہو ، کنج باغ ہو ، ساقی ہو ماہ وش
اور واں کوئی مخل نہ ہو باعث حجاب کا

گردن میں ہاتھ ڈال کے وہ شوخ بے حیا
دے ذائقہ زباں سے دہن کے لعاب کا

کھینچے ہنسی سے اپنا وہ منہ سے ملا کے منہ
یہ ریش جس پہ جلوہ ہے رنگ خضاب کا

منت سے یوں کہے کہ ہمارا لہو پیے
گر پی نہ جائے جلد پیالہ شراب کا

اس وقت ہم سلام کریں قبلہ آپ کو
گر آپ خوف کیجیے روز حساب کا

اور امتحاں بغیر تو یہ آپ کا غلام
قائل نہیں ہے قبلہ کسی شیخ و شاب کا

نظر میں جلوہ گر عارض ہے کس خورشید تاباں کا
کہ ہے تار شعاع مہر ہر مو اپنی مژگاں کا

اگر ہے نام کی خواہش تو عنقا کی طرح رہیے
کہ ڈھونڈھے لاکھ کوئی پر نہ ظاہر ہو نشاں اپنا

سبک سار اس قدر رہیے جہاں میں بار ہستی سے
کہ دوش بوئے گل پر بھی نہ ہوئے تن گراں اپنا

خمیازہ کش نہ ہو لب جاناں شراب کا
محتاج کب ہے آب بقا آفتاب کا

دھیان ہے دل کی طرف اُس کی نگاہ ناز کا
شور ہے صید حرم تک جس شکار انداز کا

دل مجھ کو ہائے بے کس و بے چارہ کر گیا
اپنی تلاش میں مجھے آوارہ کر گیا

بن تیرے مرا لب کبھی گویا نہیں ہوتا
بے موسم گل غنچہ کبھی وا نہیں ہوتا

مر کر فراق یار میں دل نام کر گیا
نا کام گو جہاں سے گیا کام کر گیا

کہیں اُس 'عربدہ جو' سے تو نہ بگڑی اختر
سر جھکائے ہوئے کیوں بیٹھے ہو مغموم سے آج

حباب آب جو میں عکس گل ہے یا مجھے ساقی
بلوریں جام میں دی ہے شراب ارغوانی بھر

نہ کیا دل کو ترے ناوک مژگاں سے عزیز
آگے ہمت کے مری کچھ نہیں سہاں سے عزیز

ہماری خاک کو پہنچائے یار کے در تک
اجل کے بعد ہے اتنی ہمیں صبا سے غرض

کبھی بھولے سے ادھر اُس نے نہ کی راہ غلط
جذبۂ دل ہے دروغ اور اثر آہ غلط

جس گل کو آب چشم سے پالا سو اس کی اب
آنکھوں میں ہم کھٹکنے لگے مثل خار حیف

نمود شام خط روئے یار ہے نزدیک
طلوع صبح و وداع بہار ہے نزدیک

جام و صہبا کے تکلف سے مجھے رکھیے معاف
میں ازل سے کیفئی چشم بتان سادہ ہوں

سبزۂ بےگانہ ہوں میں گرچہ طرف باغ میں
لیکن اے باد صبا تیرا ہی میں آوردہ ہوں

ملنا تو ایک بار نہ موقوف ہم سے کر
تا رفتہ رفتہ ہم تری ہجراں سے خو کریں

کشور عشق میں بےکار ہے اعجاز مسیح
لوگ یاں مرگ سے امید شفا رکھتے ہیں

جان دی ہم نے ہوئی تب غم ہجراں سے نجات
عقلا اس لیے کچھ چیز لگا رکھتے ہیں

لوگ جب سنتے ہیں قصے ترے دیوانوں کے
قیس و فرہاد کے افسانے اٹھا رکھتے ہیں

دیا بوسہ دہن کا اس نے ہمت اس کو کہتے ہیں
یہ تنگی اور یہ بخشش سخاوت اس کو کہتے ہیں

خرام ناز سے آسودگان خاک اٹھ بیٹھے
یہ چلنا کیا ہے آشوب قیامت اس کو کہتے ہیں

جگر سینہ و دل ٹھکانے بہت ہیں
ترے تیر کے یاں نشانے بہت ہیں

پس از قتل باقی ہے تشہیر ہونا
رہے جور ہم کو اٹھانے بہت ہیں

کسی نے کہا تم پہ مرتا ہے اختر
کہا اس نے ایسے دوانے بہت ہیں

سیر کیا یاں خاک ہے گل کی پریشانی کو دیکھ
بیٹھ کر ہم بھی کوئی دم مثل شبنم رو گئے

کیا تاسف سے تڑپتے ہیں اسیران چمن
کچھ جو اڑتی سی سنی ہے کہ بہار آئی ہے

اختر

اختر تخلص ، مرزا وجیہ الدین بنایر مرزا سلیمان شکوہ بہادر مرحوم سے ہے ۔ آٹھ نو برس کی عمر میں جدت ذہن اور تیزیٔ طبع کے آثار ناصیۂ حال سے عیاں ہیں ۔ حداثت سن اور کمئی عمر کے سبب حرکات اس کی دل ربا اور طرز گفتگو شیریں ۔ سامعین اس کی طوطی کلامی اور بلبل گفتاری سے نہیں چاہتے کہ وہ نونہال ایک دم سخن سے خاموش رہے ۔ یک چند مرزا پیارے نام رفعت تخلص اور مرزا بلاق بدر تخلص اس نو باوہ گلشن عمر کے عم حقیقی کے اہتمام سے اسی نیک اختر کے والد ماجد کے دیوان خانے میں بزم مشاعرہ مرتب ہوتی تھی ۔ کمال ذہانت اور تیزیٔ طبع اور رسائیٔ فکر سے اکثر اوقات دو چار شعر موزوں کرکے حاضران بزم کے سامنے اس لطافت سے پڑھے تھے کہ اس کے لطف نے ہر وضیع و شریف کو محو کر دیا تھا ۔ یہ دو شعر مجھ کو یاد

رہ گئے تھے ، ناظرین کتاب کی ضیافت طبع کے واسطے مرقوم ہوتے ہیں :

یہ عمر اور عشق کا آزار دیکھنا
اور دل پہ پھر یہ صدمہ شب انتظار کا

واں اس نے بلایا ہے کہ تو رات کو آنا
یاں دن کو نکلنا بھی میسر نہیں ہوتا

ارشاد

ارشاد تخلص ـ درویش صاف طینت ، پاک نہاد مولوی محمد ارشاد حضرت شاہ سلیمان علیہ الرحمة و الرضوان کے مریدان با اخلاص اور طالبان با اختصاص سے تھے ـ اوائل حال میں بعد شرف بیعت کے ایسا جذبہ الٰہی دامن گیر ہوا کہ بیش تر اپنی زبان کرامت تبیان سے بیان کیا کہ میں دیکھتا ہوں کہ دل کاغذ باد کی طرح سے اڑا جاتا ہے ، اور یہ تو اکثر معتبرین کی زبانی مسموع ہوا کہ جو لوگ روز و شب خدمت میں حاضر رہتے تھے ، بعض وقت آن کو ہرگز نہیں پہچانا ـ اور مدت تک یہ حال رہا کہ اصطلاحات علوم سے اگر کوئی لفظ کسی کی زبان پر آ جاتا ، وہ صاحب معنی مطلقاً نہ سمجھتا ـ باوجود اس کے کہ کتب درسی کے مطالب بہت تدقیق کے ساتھ حاضر تھے ، اسی حال میں حضرت مغفرت مآب سے اجازت لے کر مکہ معظمہ کو تشریف لے گئے اور حج کرنے کے بعد مصداق لولاک ، علت غائی ایجاد افلاک ، سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے

روضۂ مطہرہ کے روز و شب ملازم رہے ۔ اسی اثنا میں ایک روز ہوش رفتہ پھر آ گیا اور علم سب حاضر ہو گیا ۔ اکثروں نے علم حدیث ان کی خدمت میں پڑھا اور اسی خاک پاک میں بعد وفات کے مدفون ہوئے ۔ مرزا کریم اللہ نے کہ مرد با خدا تھے ، جب سفر حجاز سے معاودت کرکے وارد شاھجہان آباد ہوئے ، راقم سے یہ قصہ مفصل بیان کیا ۔ اشعار فارسی و عربی و ریختہ تینوں کہتے تھے ۔ اشعار عربی تو بہم نہ پہنچے اور ریختہ اس قابل نہ تھا کہ درج تذکرہ کیا جائے ۔ ایک دو شعر فارسی مرقوم ہوتے ہیں کہ ان بزرگوں کا کلام اگرچہ لفظ پرستان معنی نا شناس کی نظر میں قابل التفات نہ ہوگا ، لیکن ارباب معنی کے واسطے ایک تحفہ ہے عجیب اور ارمغانی ہے غریب ۔

دامن آلودہ میروی زنہار
پاک کن دل زگرد ہستی ہا

مگذر از راہ ایں جہاں غافل
ہوشیاریست بہہ زمستی ہا

اسرار

اسرار تخلص ، حقیقت اندیش ، معرفت کیش مرزا سپہر شکوہ ، ابن مرزا طہماسپ ابن مرزا سلیمان شکوہ مرحوم ۔ ساری عمر تلاش فقرائے باب اللہ میں صرف کی اور زندگی اہنی اولیائے کبار کی صحبت میں بسر کی ۔ راقم آثم کے خسر تھے ۔ اب چند روز ہوئے کہ پردہ دوئی کا اٹھا کر

شاهد وحدت سے ہم آغوش ہوئے۔ مزار پر انوار اس حق پژوہ کا آں سوے دریائے جمن شاہ بڑے کے تکیے میں واقع ہے۔ یہ دو شعر اُس کاشف استاد کے زیب تذکرہ ہوتے ہیں :

وہ جب ہنستے ہیں میں کہتا ہوں یارب
یہ بجلی دیکھیے گرتی کہاں ہے

پھر محو خیال رخ جانانہ ہوا ہے
پھر شیشۂ دل اب تو پری خانہ ہوا ہے

اسیر

اسیر تخلص، سر کردۂ[۱] نوجوانان یوسف لقا، میر مکرم علی ابن میر کرم علی ساکن بریلی۔ عرصۂ دراز ہوا کہ خاک شاہجہان آباد اُس کے پدر بزرگ وار کے یمن قدم سے وادیٔ قدس کا حکم رکھتی ہے۔ گہ گاہ شعر خوش ترکیب اُس کی طبع موزوں سے سرمایۂ نشاط سامعین ہوتا ہے۔ یہ شعر اتفاقاً اُس کی زبان سے مسموع ہوا :

یہ بھی کوئی ادا ہے کہ سو شوخیوں کے ساتھ
باتیں ہیں ہم سے اور نظر اغیار کی طرف

اسیر

اسیر تخلص، سید نہال نبی برادر خرد سید آل نبی لاغر، تحصیل فن فارسی اور مشق سخن اپنے برادر حقیقی سے کی ہے۔ طبیعت شوخ اور ذہن رسا اور سخن متانت آگیں ہے۔ کئی

---

۱ - نسخہ دوم (نول کشور ۱۸۸۲ء، ص ۱۳۹) سرگروہ۔

بار مشاعرے میں آ کر سخن سرا ہوا ہے - یہ چند شعر اس کے نتائجِ افکار سے مرقوم ہوئے:

نہ ملے گا جو کوئی ڈھونڈے گا
بے وفا تم سا ، با وفا ہم سا

گر مرے خوں کا پیاسا وہ نہ تھا اے مجنوں
خار صحرا مرے دامن سے الجھتا کیوں تھا

ہچکیاں بے وقت آتی ہیں اسیر
وقت مردن میں کسے یاد آ گیا

گو بہار آئی چمن میں پر مجھے کیا اے اسیر
میں ہوں اور نظارہ اس کی روزن دیوار کا

جواب نامہ نہ لکھنے سے یہ ہوا ثابت
ارادہ رکھتے ہیں شاید وہ آپ آنے کا

خوں انہیں ہاتھوں سے کتنوں کا ہوا میرے بعد
رنگ لائی ترے ہاتھوں کی حنا میرے بعد

روز کے وعدوں میں مر جائیں گے ہم
یوں ہی گذری تو گذر جائیں گے ہم

آج جامے سے جو باہر ہے اسیر
اس کے ملنے کی سنائی کس نے

خط غیر کا اس شوخ کو آیا مرے آگے
آیا مری تقدیر کا لکھا مرے آگے

بہتر نہیں کسی سے یہ ہر دم کی چھیڑ چھاڑ
کہتے نہ تھے اسیر وہ آخر بگڑ گئے

قاصد ڈرتا ہے ، مانگتے خط
ایسا نہ ہو وہ جواب دے دے

اسیر

اسیر تخلص ، گلزار علی پسر نظیر اکبر آبادی ۔ موزونی کو موروثی جان کر فکر سخن کی طرف بہت متوجہ ہے لیکن باپ کے مرتبے کو اب تک نہیں پہنچا ۔ یہ چند شعر اس کے مرقوم ہوتے ہیں :

بزم میں سوز و گداز اپنے سے فرصت نہ ملی
شمع کو روتے نہ پروانے کو جلتے دیکھا

خط کبوتر کو دیا لاکھ طرح کے ہیں خیال
خاطر وسوسہ پرداز کا دیوانہ ہوں

طائر رنگ حنا ہاتھ سے اڑ جاتا ہے
مرغ بے پر کی بھی پرواز کا دیوانہ ہوں

اک میں ہی نہیں زخمی ابروے ستم گار
خورشید بھی تر خون میں نکلا ہے سحر کو

بے دل کہ جلے سوز سخن میں نہیں ہوتا
خوش بو کے لیے آگ پہ رکھتے ہیں اگر کو

ہو تن سے جدا منزل مقصود کو پہنچے
بے منت پا منزل مقصود کو پہنچے

خدا کو یاد کر اور جام بھر کے لا ساقی
غم زمانہ فراموش ہو تو اچھا ہے

کیوں قناعت نہ کروں چشم گہر بار پہ میں
کشتیٔ در مجھے لب ریز خدا نے دی ہے

کڑوے ہونے میں بھی شیریں دہنوں کے ہے مزا
آن کو تلخیٔ شکر آمیز خدا نے دی ہے

کیا رکھ کے اپنی آنکھوں پہ روؤں میں اے جنوں
دامن میں اپنے دھجی، نہ تار آستیں میں ہے

لاکھوں ہیں زخم پر لب ہر زخم ہے خموش
اتنی دہن پہ بے سخنی ہو تو سیر ہے

اشکی

اشکی تخلص، جگت نرائن کشمیری، ثروت ظاہری اور دست گاہ معنوی سے کامیاب تھا ۔ تیس برس تک حکام وقت کی قدر دانی سے عہدۂ تحصیل داری پر مامور اور ہوشیاری اور کارگذاری میں مشہور رہا ۔ امانت کے ساتھ موصوف اور دیانت میں معروف تھا ۔ اشعار فارسی متانت اور فصاحت کے ساتھ کہتا تھا ۔ قریب پانچ سال کے ہوئے کہ جہان فانی سے رحلت کی ۔ یہ چند شعر بہ طریق یادگار مرقوم ہوئے :

بلبل نہ کند میل بہ گل گر بدن این است
خون در جگر غنچہ فتد گر دہن این است

آمد بسر نعشم و از روے تجاہل
پرسید ز کس اشکی خونیں کفن این است ؟

روز محشر ہمہ نالند بہ پیش حق و من
دامنت گیرم وہم پیش تو فریاد کنم

وعدہ کردی و نرفتی سوے اشکی اکنوں
باز فرما چه بگویم که دلش شاد کنم

دلم برد از کف بت کج ادائے
بیک گردش نرگس سرمه سائے

اشکی

اشکی تخلص ، مرزا غلام محی الدین نام عرف مرزا ممن، خلف مرزا غلام حیدر مغفور نواسۂ شاہ عالم بادشاہ ، اوایل میں فخر الشعرا میر نظام الدین ممنون غفر اللہ له سے مشورہ کرتے تھے اور اب مفتی محمد صدرالدین خان بہادر صدرالصدور دارالخلافه شاہجہان آباد سے استفادہ کرتے ھیں۔ فکرخوش ، طبع رسا ، ذھن سلیم ، اطوار حمیدہ ، عادات پسندیدہ ایک ذات میں جمع ھیں ۔ یہ اشعار اتفاقاً دست یاب ہوئے تھے که مرقوم ہوتے ھیں :

کب دل سے چھٹے عشق تری زلف دوتا کا
دام ازلی وہ ، یہ گرفتار سدا کا

کیا پاس کسی کا ھے که مرتا ہوں و لیکن
شکوہ نہیں کرتا شب ھجراں کی جفا کا

قسمت کو تو دیکھو که پھرا نامه بر اس دم
جس وقت مرے سر په تقاضا ھے قضا کا

آئے تو نه دشمن کے خطر سے مرے آگے
اور مفت میں بد نام کیا نام حنا کا

کچھ وجد نہیں نغمۂ مطرب ہی پہ موقوف
کافی ہے یہاں نالۂ بے ربط درا کا

سجدے میں گرے دیکھ کے تصویر بت اشکی
معلوم ہوا آپ کا خرقہ تھا ریا کا

اشرف

اشرف تخلص ، نواب اشرف حسین خان نواب زادۂ شہر الہ آباد ، بالفعل انقلاب روزگار سے محکمۂ عدالت دیوانی بنارس میں عہدۂ نظارت پر مامور ہے ۔ عز و توقیر اُس والا تبار کی ابنائے دہر میں ایسی ہے جیسے آفتاب کی شان خیل کواکب میں ۔ مشورہ سخن کا مہدی حسین خاں تصدیق تخلص سے کرتا ہے ، لیکن طرز سخن سے ہنوز نو مشقی نمایاں ہے ۔ یہ دو شعر ریختہ اور تین شعر فارسی کے اُس کے سخن سے منتخب ہوئے :

تھمتا نہیں ہے اشک مری چشم زار کا
مشکل ہے ٹوٹنا مرے اشکوں کے تار کا

ہے چرخ پر کبھی تو کبھی کوہ و دشت میں
اک جا نہیں مقام ہمارے غبار کا

بر اُمید وصل مہ رویان عالم تا سحر
داغ دل شمعیست اشرف در شب ہجران ما

تا دست من بدامن جانان نمی رسد
درد شب فراق بہ درمان نمی رسد

پاسخ نمی رسد چون ز یاران رفته باز
افغان ما بشهر خموشان نمی رسد

افضل

افضل تخلص ، بخشی فیض علی خاں پدر عالی مقام آس کا حکیم وارث علی خاں روسائے شہر اکبر آباد سے تھا ، اور اخلاق اس ستودۂ کردار کے حد بیان سے خارج ھیں ۔ اوائل حال میں کسی سرکار میں عہدۂ بخشی گری پر مامور تھا ، مگر اب عدالت دیوانی حکام آگرہ میں عہدۂ وکالت رکھتا ہے ۔ یہ شعر آس کا مسموع ھوا :

تا نرگس جادوے تو دنبالہ کشید است
در دیدۂ آھوے حرم تیر خلید است

اکرام

اکرام تخلص ، حکیم اکرام اللہ خاں خلف الصدق حکیم هدایت اللہ خاں ۔ قدیم سے شاھجہان آباد میں متوطن اور مسجد جامع کے جوار میں ساکن ہے ۔ تحصیل علم طب وغیرہ مولوی سعادت اللہ اپنے عم حقیقی سے کی ہے ۔ یہ دو شعر آس صاحب طبع کے درج تذکرہ ھوئے :

میرے رنج دل کو تم ھرگز نہ پوچھو ، دیکھ لو
جائے آنسوں کی رواں خون جگر ھونے لگا

آرزو وصل کی مٹانی تھی
کیا ھوا گر مٹا دیا دل کو

امانتؔ

امانت تخلص ، میر امانت علی خلف میر کرامت علی ناگوری ۔ اوائل میں سواران رسالہ سکندر صاحب میں منسلک تھا ۔ جب اُس انگریز نے وفات پائی وہ بھی ترک روزگار کرکے خانہ نشین ہوا ۔ بعد چند روز کے کسی اور انگریز کی رفاقت میں اجمیر کی طرف راہی ہوا اور پھر کسی تقریب سے راجا جے پور کی سرکار میں روز گار معقول کے حصول سے کامیاب ہوا ، اور وہیں نقد زندگانی کو محصلان قضا و قدر کے سپرد کیا ۔ یہ چند شعر اُس کے سنے گئے تھے کہ مرقوم ہوئے :

دیکھا نہ حور کو بھی امانت نے آنکھ اٹھا
مارا ہوا تھا کس کی خدنگ نگاہ کا

بہار بھی نہیں آئی کہ جوش وحشت سے
ہمارے پاؤں کو ہے ربط خار صحرا سے

اللہ ری رسائیٔ دست جنوں کہ اب
دامن کی راہ لی ہے گریباں کے چاک نے

ہم مرتے ہیں تشنگی سے ساقی کب سے
ظالم لب جام کو بھڑا دے لب سے

امانت

امانت تخلص ، آغا حسین اُمرائے نامی لکھنؤ سے ہے ۔ ہرچند سخن اُس سخن سنج کا دفتر دفتر میں پہنچا لیکن ناخن بدل زن

کم مشاهدہ ہوا ۔ یہ ایک شعر پسند آیا تھا سو لکھا گیا :

نے کرم ، نے مہر ، نے دیں ، نے مروت ، نے وفا
اسے امانت دل دیا تم نے آسے کیا دیکھ کر

امین

امین تخلص ، مولوی امین الدین شاگرد جناب جنت مآب کمالات انتساب ، مولانا مغفرت نشان ، مولوی عبداللہ خان علوی تخلص ، فنون متداولہ اور علوم متعارفہ کو نہایت تدقیق کے ساتھ خدمت فیض درجت حضرت مرحوم میں تحصیل کیا اور پایۂ تحقیق کو عرش افتخار تک پہنچایا ۔ فن فارسی کو بالفعل ان کی استعداد کامل سے قیام ہے ۔ اشعار فارسی نہایت متانت اور کمال رزانت کے ساتھ کہتے ہیں ، اور اصناف سخن پر قادر ہیں ۔ باوجود ان کمالات کے حلم مجسم اور ہمہ تن اخلاق ، ان کے لب کو برگ گل کی طرح سے کبھی تبسم سے ، اور اُن کی پیشانی کو شگوفے کی مانند شگفتگی سے خالی نہیں پایا ۔ یہ اشعار اُن کے نتائجِ افکار گوہر نثار سے ہیں :

بدست غیر دیدم شب بہ خواب آں زلف پیچاں را
نمی دانم چہ تعبیر است ، ایں خواب پریشاں را

غیر در بزمت مے و جام و رباب و چنگ داشت
دل تپیدن ہائے ما ہم جوش صد آہنگ داشت

در شکستن ہا نشد ، منت کش سنگیں دلاں
شیشۂ ما در بغل نے جنبش خود ، سنگ داشت

راه آمد شد فرو بست است بر تارنفس
کثرت داغ تو جا در سینهٔ ما تنگ داشت

هر چه می خواهی ، بکن هشیار ، یا دیوانه باش
لیک باحق آشنا ، با خویشتن ، بیگانه باش

از خودیٔ خود گذر ، محو رخ یار باش
صورت تصویر شو ، پشت به دیوار باش

خرقهٔ سالوس را ، ترک بگو زاهدا
بیعت خمار کن ، رند قدح خوار باش

نقد صد داغ جگر سوز مهیا کردیم
با سر زلف تو امروز چه سودا کردیم

مورد خشم و عتابیم ، صد افسوس امیں
عقدهٔ راز دل خویش ، چرا واکردیم

تو بر جولان خود اے پیر گردوں نازشے داری
نه دیدستی مگر جولان طفل نے سوار من

امراو علی

امراو علی تخلص ، امراو علی خاں ساکن کول ـ اکثر اکبر آباد میں بود و باش رکھتا اور آزادنہ بسر کرتا ـ قوت حافظہ میں کسی کو اس کے ساتھ مساھمت نہ تھی ـ با وصفے کہ ناخواندہ محض تھا ، چرب زبانی اور قوت لسانی سے حریفان زبردست کا سخن اس کے سامنے سبز نہ ہوتا تھا ـ کمال چالاکیٔ طبع سے صدھا لغت وضع کرتا اور ترکی و

انگریزی و پرتگالی و فرانسیسی کے نام سے ظاہر کرکے یاران هم نشین میں علم همه دانی بلند کرتا ۔ طرفه تر یه هے که اگر کوئی اُن لغات کو ایک عمر کے بعد اُس سے پوچھتا ، اُسی طرح بیان کر دیتا ۔ ستر برس کی عمر میں عالم فانی سے سفر کیا ۔ یه دو شعر اُس کے نتائجِ طبع سے هیں :

نزع میں دیکھا تو بولے ضعف آیا هے اسے
مرگ تک هم سے رهیں کافر کی ٹھٹھے بازیاں

دو پھول اگر کسی نے چڑھائے اڑا دے
باد صبا کو گورغریباں سے لاگ هے

امی

امی تخلص ، روشن بیگ ، خاندان شرافت سے تھا ۔ نفس اُس کا نہایت مہذب اور طبع اُس کی حـلیـهٔ آزادی سے آراسته تھی۔ هرچند بهسبب اس کے که نگاه اُس کی حرف سے آشنا نه تھی ، اسم با مسمٰی تھا ، لیکن طبع روشن اور دل بینا هاتھ لگا تھا ۔ شعر عاشقانه کہتا اور گاه گاه تلاش معنی کی طرف بھی متوجه هوتا ۔ اپنے اشعار شاه نصیر کی نظر سے گذرانتا تھا ۔ یه شعر اُس کا یاد تھا سو مرقوم هوا :

گرمیٔ مے سے زباں پر آبلے پڑتے هیں کیا
اے مغاں اس میں مغیلاں کی بھی پڑتی چھال هے

امیر

امیر تخلص ، مرزا امیر بیگ ، ساکن قدیم شاهجہان آباد ۔

صاحب طبع سلیم اور بالفعل گوالیار میں مقیم ہے ۔ یہ دو شعر اس کے نتائج افکار سے سامعہ افروز ہوئے :

آنکھ وہ کافر کہ قتل عام جس کی اک ادا
لب وہ روح افزا جسے مردے جلانا بات ہے

کب تلک رو کے کہو کوئی کہ تم کو تو امیر
مار مرنا سہل ہے اور زہر کھانا بات ہے

امیر

امیر تخلص ، میر امیر علی ، خلف میر مومن علی ، متوطن قدیم شاہجہان آباد ، شاگرد حکیم عزت اللہ خاں عشق ۔ اگرچہ استعداد علمی کچھ نہ رکھتا تھا لیکن فیض صحبت اہل علم سے تقریر شستہ اور گفتگوئے شائستہ اور روزمرۂ صاف پر قادر تھا ۔ یہ ایک شعر اس کے فرزند ارجمند محمد علی کی زبان سے مسموع ہوا :

ہم کو حاصل کیوں کہ ہو تیرے قد بالا کی سیر
کب میسر ہو سکے ہے عالم بالا کی سیر

انداز

انداز تخلص ، شاہ زادۂ بلند اقبال ، مرزا غلام حسین پسر مرزا ہدایت علی مغفور ۔ علم موسیقی اور مرثیہ خوانی کی مشق کمال کو پہنچائی ہے ۔ گہ گہ فکر ریختہ کرتے ہیں اور شیخ ابراہیم ذوق تخلص علیہ الرحمہ سے اصلاح کا اتفاق

ہوا ہے ۔ یہ چند شعر اُن کے نتائجِ طبع سے مرقوم ہوئے :

حاصل محنت نہ پایا کوہ کن نے عشق میں
قطرہ قطرہ بن گیا زہراب جوئے شیر کا

دیکھیے آگے آگے کیا ہوئے
دل لگی میں تو ہے ابھی سے رنج

بے تکلف کسی سے مت ہنسیے
اکثر آ جائے ہے ہنسی سے رنج

جور و جفا کی اس کے شکایت کریں تو کیا
سو شوخیاں نکلتی ہوں جس کے حجاب میں

انداز یاد عارض جاناں میں روز و شب
سلگی ہے آگ سی دل خانہ خراب میں

نیم بسمل مجھے رکھنے سے تمھیں کیا حاصل
ایک ہاتھ اور بھی خنجر کا لگاتے جاتے

تیور آج اور نظر آتے ہیں ان کے ہم دم
غیر کچھ چپکے ہی چپکے ہیں پڑھاتے جاتے

نہ بہکاتے اگر اغیار ان کو
تو کیا کیا عیش پھر مل جل کے ہوتے

خزاں ہوتی نہ دامن گیر گل کی
نہ دن برگشتہ گر بلبل کے ہوتے

انصاف

انصاف تخلص ، عبدالرحمان خاں ساکن اکبرآباد ۔ راجا بنارس

کی سرکار میں جو بالفعل اکبر آباد میں قیام پذیر ہے ، نوکر
اور اوصاف حمیدہ اس کے وضیع و شریف کی زبان پر ہیں ۔
یہ شعر اس کا مسموع ہوا :

حسد کی آگ سے غیروں کا دل کباب ہوا
ہمارے ساتھ جو کی اس نے بادہ خواری رات

انیس

انیس تخلص ، میر ببر[1] علی پسر میر مستحسن ، پسر
میرحسن ، صاحب مثنوی 'بدرمنیر' ساکن لکھنؤ ۔ خوش فکر
و تیز طبع ہے ۔ ہرچند غزل گوئی میں دست گاہ تمام اور قدرت
مالا کلام ہے ، لیکن غلو اعتقاد آئمۂ عظام سے اوقات عمر
کو مرثیہ گوئی میں صرف کیا اور حق یہ ہے کہ اس نظم
میں فصاحت و بلاغت کی داد دی ہے ۔ تحت لفظ یعنی مرثیہ
بغیر آہنگ موسیقی کے ایسی طرز سے پڑھتا ہے گویا عنان اثر
اس کی صدائے دل سوز کے ہاتھ میں ہے ۔ یہ شعر اس کے
افکار سے مرقوم ہوا :

ہوا ہے ، ابر ہے ، ساقی ہے ، مے ہے
پر اک تو ہی نہیں ، افسوس ہے ہے

اوج

اوج تخلص ، عبداللہ خاں ساکن سردھنا ۔ نوشت و خواند
سے اس قدر بہرہ رکھتا تھا کہ اپنے اشعار کو لکھ لیتا اور

۱ ۔ نسخہ اول (ص ۱۴۸) اور نسخہ دوم طبع نول کشور
۱۸۸۲ء (ص ۱۴۵) میں 'پیر علی' چھپا ہے جو غلط ہے ۔ صحیح
'ببر علی' ہے ۔ (فائق)

اپنے لکھے کو پڑھ لیتا ، لیکن جو کہ اصل طینت میں فکر بلند اور طبیعت رسا واقع ہوئی تھی ، صید مضامین کے واسطے دشت نا پیدا کنار خیال میں جاتا اور تیزیٔ پائے سعی سے اس کا سراغ پاتا ، لیکن اس کی شوخی اور اپنی ناتوانی سے باندھ نہ سکتا ۔ رفتہ رفتہ طبیعت کو کجی کی طرف مائل کیا بلکہ اپنی اعوجاج پر راسخ ہو گئی اور یکتائی کا مضمون ذہن میں جم گیا ۔ اکثر اوقات کملائے فن سخن کی خدمت میں جاتا اور ان مضامین دور دست کو جو اس بے درد کی تعدی سے شکنجۂ الفاظ میں مغرّب ہوتے تھے ، ان کی خدمت میں پیش کرتا ۔ اگر مخاطب اتم[1] مجلس تک لب تحسین کو وا اور فغان آفرین کو بلند نہ رکھتا ، وہ دم اخیر تک شاکی رہتا ۔ مرزا منگو محزون تخلص نے کہ شاہ زادہ صاحب اعتبار ہیں ، اس کو نوکر رکھا اور اپنے کلام کو اس کی نظر اصلاح میں پہنچایا ۔ سبحان اللہ ۔ ع

وزیرے چنیں شہر یارے چناں

مشاعرے میں شعر کو ایسے لہجے سے پڑھتا کہ اس کے خلل دماغ پر دلالت کرتا ۔ بیشتر کاملان سخن بہ طریق ظرافت کے اس کو استاد کہتے اور وہ اس سخن کو واقعی جان کر علم مباہات بلند کرتا ۔ ہمیشہ زمین ہائے سنگلاخ کی تلاش میں رہتا اور مضامین بلند کی فکر میں آسمان پر چڑھتا ۔ لیکن اس بلندی سے ایسا پستی پر گرتا کہ اس کا نالۂ بے طاقتی غالباً گوش قارون سے ہم راز ہوتا ۔ اگر ایسا ذہین استعداد علمی کا بدرقہ رکھتا یا کسی خضر راہ سے ملتا ، البتہ شاعری کے راہ و رسم سے آگاہ ہو کر منزل مقصود کو پہنچ جاتا ۔

۱۔ نسخہ دوم، طبع نول کشور ۱۸۸۲ء (۱۳۶) میں 'اتمام' ہے ۔

عرصہ ایک سال کا ہوا کہ خلوت خاک کو اپنا گوشۂ عافیت بنایا - بہر کیف یہ دو تین شعر اس کے مرقوم ہوتے ہیں :

بہاتا ہے جوش عشق شیریں و شوں میں رونا
ہے آب شور گریہ ، آب زلال اپنا

غیر جنس ایک جگہ رہ کے جو ہوتا ہم جنس
شعلہ آتش کا پر و بال سمندر ہوتا

سخن اپنا نہیں یہ اوج کچھ الہام غیبی ہے
لکھی ہے کاتب قدرت نے موزونی مقدر میں

اوج

اوج تخلص ، لالہ جگل کشور ، قوم کا بت سری باستب[1] ساکن شاہجہان آباد ، شاگرد جناب آستادی مولوی امام بخش صہبائی - مرد نیک نہاد ، صاف طینت ، سینہ محبت کا گنجینہ دل وفاق کے واسطے منزل - شعر فارسی کا فکر کرتا ہے - یہ چند شعر اس کے افکار سے انتخاب ہوئے :

ببازارش نبردم زاں متاع طاعت خود را
کہ می بینم گراں آں جا بہاے جنس عصیاں را

بخونم پنجہ زد رعنا سوارے کز جفا ہر دم
حناے پاے گلگوں میکند خون شہیداں را

گل زخمی بفرق اوج زد شمشیر گل روے
کہ پر گل میکند رنگ رخش جیب گلستاں را

آں کیست کہ بازت کشد از راحت عاشق
تو خود نہ پسندیدۂ آرام دل ما

۱ - نسخہ دوم (ص ۱۳۶) میں 'باستپ' ہے -

شد عمر و ہماں تیرگیٔ بخت فزون است
با زلف تو ہم دوش بود شام دل ما

یک آہ تواند ز فلک دود بر آرد
ایمن مشو از تیزیٔ صمصام دل ما

در سزاے خم شکستن محتسب را سر شکن
گر بپاداش گناہے[1] دست رس باشد ترا

ایجاد

ایجاد تخلص ، شاہ زادۂ بلند مرتبہ ، عالی درجہ ، صاحب ذہن متین مرزا رحیم الدین پسر مرزا حسین بخش سلمہ اللہ ۔ طبیعت مضموں خیز ، چاشنی سخن انگبیں ریز ؛ بناۓ کلام استوار ، گوہر الفاظ آب دار ؛ خاطر ظرافت پسند ، زبان بذلہ گو ، دل الفت پیوند ، قدم راہ صدق و صفا میں سرگرم تگا پو ۔ راقم کے ساتھ باوجود قرابت کے محبت صمیمی و اتحاد قلبی ہے ۔ فن سخن میں مجھی سے استفادہ ہے اور جوکہ اُستادی حضرت صہبائی کی التفات ان کی طرف بہت ہے ، اکثر اوقات ان کی غزل اُس حضرت کی نظر سے بھی مزین ہوتی ہے ۔ یہ چند شعر اُس وداد کیش کے تحریر ہوتے ہیں :

بت خانے میں تھا یا کہ میں کعبے کے قریں تھا
اے زاہد نادان تجھے کیا میں کہیں تھا

ہر چند کہ میں دوست کے ہمراہ نہیں تھا
پر دل وہ بلا ہے کہ جہاں تھا یہ وہیں تھا

---

۱ ۔ نسخہ اول میں 'گناہ سترس' ہے ۔

ہے ہے غلط اندازیٔ عیار ستم گر
جس جا پہ مرا دھیان گیا واں وہ نہیں تھا

اللہ رے تری شرم کہ آیا نہ نظر اور
مدت سے مرے پاس تو اے پردہ نشیں تھا

توڑا ہے یہ کچھ آپ کو میں نے کہ جہاں میں
ثابت نہ رہا نام کا جو میرے نگیں تھا

دیکھو تو مری ضد کہ کسی شب وہ ستم گر
آیا بھی تصور میں تو دشمن کے قریں تھا

اب آئے وہ اب جاں کو ہوئی میرے تسلی
تھا دھیان یہ اور لب پہ دم باز پسیں تھا

دو دن میں ہوا حال یہ اس کا کہ مری جان
دیکھا تو وہ ایجاد ہی گویا کہ نہیں تھا

شب جا کے وہاں اپنا تو کچھ دل سا بھر آیا
سب تھے تری محفل میں پر ایجاد نہیں تھا

ملے دلے ہوئے آئے تھے اس طرف کہ نہ تھی
تمھارے اگلی سی زیور میں آب داری رات

یہ کس خلش کا تقاضا رہا کہ تا دم صبح
کچھ آپ ہی آپ رہی دل کو بے قراری رات

لب اس کے زخموں پہ چھڑکا کیے نمک جوں جوں
نگاہ دل پہ کیا کی سناں گزاری رات

لے اب جنازے پہ ایجاد کے تو چل ظالم
تری ہی یاد میں تھا وقت دم شماری رات

تیرے خنجر کے شکر نے قاتل
کی ہے زخموں سے سو زبان ایجاد

اس فصل میں کھولیں گے جو زنداں کے نہ در کو
مر جائیں گے دیوانے ترے پھوڑ کے سر کو

یہ باتوں میں بہلائے وہ دل چھین کے لے جائے
کیا یاد ہیں ڈھب لب کو ترے اور نظر کو

کیا کیا نمکین لب کا تبسم ہے نمک ریز
ہنس ہنس کے جو وہ دیکھتے ہیں زخم جگر کو

ہم کو نہ اٹھا بزم سے اپنی کہ مری جاں
ہم آپ ہی بجھ جائیں گے جوں شمع، سحر کو

سب یار ہوئے منزل مقصود کو راہی
اب ہم بھی کچھ آمادہ کریں ساز سفر کو

لخت دل سوزاں بھی ہیں کچھ آنسوؤں کے ساتھ
دامن سے نہ تو پونچھیو، اس دیدۂ تر کو

ظالم ہیں سزا وار تو کچھ لطف کے ہم بھی
دیکھو کبھی تم ایک نگہ سے ہی ادھر کو

لگے ہم سے نظر اپنی چرانے
وہ سمجھے جس گھڑی لطف نظر کو

سبب سمجھا جو بیماری کا وہ شوخ
نہ آیا پھر کبھی میری خبر کو

نظر کی برق مجھ پر ہی گرے گی
وہ دیکھے گو ادھر کو یا ادھر کو

سکھایا دخت رز کو منہ چھپانا
کوئی کیا روئے جان شیشہ گر کو

جتنی ہو پلا دے کہ پیاسا ہوں میں ساقی
ظالم میں سمجھتا نہیں کم اور زیادہ

جتنے ترے پیش آتے ہیں ہم عجز سے آتنی
بڑھتی ہے تری مشق ستم اور زیادہ

اتنے سے ترے تھمنے میں نکلے ہے یہ حسرت
اے اشک ذرا لطف سے تھم اور زیادہ

کتنا ہی کروں خشک پہ یہ دامن تر ہائے
خجلت سے ہوا جائے ہے نم اور زیادہ

کرتے ہیں مرا چارۂ غم جس قدر ایجاد
اتنا ہی یہ ہوتا ہے الم اور زیادہ

باب الباء الموحّدہ

باقر

باقر تخلص ، میر باقر علی ابن میر علی حسن ساکن نواح جون پور ۔ مدت مدید سے لاہور اور اطراف پنجاب میں تلاش معاش کی تقریب سے ساکن ہے ۔ طرز سخن سے معلوم ہوتا ہے کہ موزونئ اشعار صرف حدت ذہن اور تیزئ طبع کا نتیجہ ہے ۔ جو کہ وہ کلام فی الجملہ راہ پر ہے ، اگر حلیۂ اصلاح سے آراستہ ہوتا تو تہذیب معقول پا جاتا ۔ یہ دو چار شعر اس کے نتائجِ طبع سے ہیں :

اگر وہ شب کو نہ آئے تو کیا کیا ہم نے
یہی نہ ، اُن کے نہ وعدہ کا اعتبار رہا

چکھائیں گے تجھے نازک مزاجیوں کا مزا
اگر ذرا ہمیں دل پر کچھ اختیار رہا

تلاش میں ترے دامن کی اے رمیدہ مزاج
صبا کے ساتھ ہی پھرتا مرا غبار رہا

تجھے تو مشغلہ اغیار سے رہا تا صبح
تری بلا سے کسی کو گر انتظار رہا

بحر

بحر تخلص ، میر امداد علی نام ۔ صاحب استعداد ہے اور ایجاد معانی اور ابداع مضامین میں قدرت ذاتی رکھتا ہے ۔ وضع کلام سے دریافت ہوتا ہے کہ فکر تیز گرد اُس کا جادۂ طرز شو کنائے بخاری میں گام زن ہے ۔ شاگردان ناسخ سے گوئے سبقت اور خوش فکران لکھنؤ سے قصب السبق لے گیا ہے ۔ یہ شعر اُس کا یاد تھا ، سو لکھا گیا :

بعد مدت مقر وعدہ خلافی وہ ہوا
کھل گیا قفل دہن یار کا جھوٹا ہو کر

بدر

بدر تخلص ، میر بدرالدین ، ساکن قدیم کرنال ۔ سنا گیا کہ پدر بزرگوار اُس نیک نہاد کا ایام شباب میں نہایت زورآور و رستم تواں تھا ۔ بمقتضائے ''الولد سر لابیہ'' یہ مرد میدان شجاعت بھی توانائی جسمانی میں یگانۂ عصر تھا ۔ بہت مدت ہوئی کہ زور آزمائی اجل نے اُس کی پشت کو خاک گور سے آشنا کیا ۔ باوجودے کہ اقتضائے سپاہ گری طبیعت پر غالب تھا ، لیکن جو کہ موزونئی طبع خدا داد تھی ، گاہ گاہ فکر سخن بھی دامن گیر ہوتا تھا ۔ ایک دو شعر جو مسموع

ہوئے ، شاہد عادل ہیں کہ اُس کی زبان فصاحت سے خالی نہ تھی :

کس مژہ کی یاد تھی ہمدم کہ شب تا صبح یاں
ہر نفس کے ساتھ دل میں خار سا کھٹکا کیا

کس کا خواہاں ہے کہ دل قافلۂ اشک کے ساتھ
دم بدم سینے سے آنکھوں میں چلا آتا ہے

بدر

بدر تخلص ، مرزا بلاق ابن شاہ زادۂ کام گار میرزا نصیر الدین بہادر - جوان وجیہ ، خوش اخلاق ؛ شعر گوئی میں مشورہ مرزا پیارے رفعت تخلص سے ہے - یہ چند شعر اس کے تحریر ہوئے :

سن لینا ایک دن کہ اُسے غم نے کھا لیا
غم کھائے گا یونہی جو یہ غم خوار آپ کا

لب تک بھی میرے وا نہیں ہوتے کہ کچھ کہوں
منہ دیکھتا ہوں میں دم گفتار آپ کا

اے بدر گاہ گاہ ہے اب تک تو درد دل
پکڑے کہیں نہ طول یہ آزار آپ کا

اپنی ہی پرسش میں ہوگا ختم وہ ہنگامہ سب
گر قیامت میں ہمارے حال کا دفتر کھلا

اک کشتیٔ طوفاں زدہ گردوں کو بنایا
اللہ رے گریہ مرے اس دیدۂ تر کا

تو نہ آتا ، تری آواز تو آیا کرتی
گھر بھی قسمت سے ترے گھر کے برابر نہ ہوا

گھٹا نہ خاک ہوئے پر بھی کچھ وقار اپنا
ہمیشہ دوش صبا پر رہا غبار اپنا

کہتا وہی ہے اور محبت بتوں سے کر
کہتا ہوں جس سے حال دل بیقرار کا

در بدر مجھ کو لیے پھرتی ہے دل کی وحشت
گاہے گاہے ترے کوچے میں بھی آ جاتا ہوں

وہ لب اور اُن سے مجھ کو جلانے کی آرزو
جن کو دعا بھی دوں تو کہیں یوں کہ مر کہیں

میں اگر جاؤں تو نکلے مطلب دل کچھ نہ کچھ
میرا جانا اور ہے ، قاصد کا جانا اور ہے

کیا ڈر ہے جو چرخ ستم ایجاد غضب ہے
اپنی بھی یہ آہ دل ناشاد غضب ہے

جادو ہے نگہ ، غمزہ ستم ، چال قیامت
انداز ترا قہر ہے ، بیداد غضب ہے

چارہ گر کھینچ لے اس دل کو بھی پیکاں کے ساتھ
گر یہی دل ہے تو دل بھی نہیں درکار مجھے

برق

برق تخلص ، نجم الدین ، قاضی زادہ ۔ ساکن سکندر آباد
کہ شاہجہان آباد سے پچیس کوس کے فاصلے پر واقع ہے ۔

نوجوان خوش مزاج ، شوخ طبع ۔ سخن کے ساتھ اس کو مناسبت تام اور شعر کی طرف توجہ مالا کلام ۔ شعر ریختہ گاہ گاہ کہتا ہے اور اچھا کہتا ہے ۔ اب صدر دیوانی آگرہ میں عہدۂ جلیل پر مامور ہے ۔ یہ اشعار اس کے مرقوم ہوئے :

کیا کیا اڑی ہیں جیب و گریباں کی دھجیاں
ہاتھوں سے جب کہ یار کا داماں نکل گیا

آج ارمان مرے دیدۂ تر کا نکلا
کہ ہر اک اشک لیے لخت جگر کا نکلا

ہم سمجھتے تھے کہ جنت میں لگے گا کیا جی
بارے کچھ اس میں تو نقشہ ترے گھر کا نکلا

گر کوئی محشر میں پرساں ہو تو فریادی ترے
ہر دہان زخم سے لیں کام نفخ صور کا

گر یہی ہے شوق پابوسی تو بعد مرگ بھی
ٹھوکریں کھاتا پھرے گا لاشہ اس رنجور کا

میری خاطر پھر دکھا عالم رخ پر نور کا
غش سے موسی نے نہیں دیکھا ہے جلوہ طور کا

کیا لگی پھرتی ہے اس پائے نگاریں سے بہار
جس جگہ اس نے قدم رکھا گلستاں ہو گیا

صورت گل چاک چاک اپنا جگر ہے برق یاں
چارہ گر کو فکر ہے ٹکڑے گریباں ہو گیا

وہ اشک کیا ہے جس میں کہ لخت جگر نہیں
کیا ہے وہ آستین کہ لوہو میں تر نہیں

رشک عدو و حسرت وصل ، آرزوے مرگ
صدمہ ہے کون سا جو مری جان پر نہیں

بسمل

بسمل تخلص ، گوہر تاج ارجمندی ، طراز وسادۂ بخت مندی ، محمد عبدالحکیم، فرزند دل بند جالینوس الزماں ، بقراط دوراں حکیم پیر بخش سلمہ اللہ تعالیٰ اور برادر زادۂ حقیقی استادی حضرت صہبائی مدظلہ العالی ۔ فن فارسی میں سلیقۂ معقول حاصل اور تحصیل علم طب میں بہ جان و جنان مایل ۔ جوان وجیہ ، خوش قیافہ ، فصیح زبان ، صاف دل ، پاک طینت ، ثمرۂ جوانی سے متمتع اور حلاوت کامرانی سے لذت چش ۔ آئینۂ خاطر کی صفائی سے پرو گیان ضما پر بے نقابی میں ناچار ہیں اور فکر رسا کی دور گردی سے وحشی نژادان اسرار صید ہونے میں بے اختیار ۔ اہلیت اور صلاحیت اس قدر کہ گویا مجموعۂ اخلاق اور فرق تا قدم نسخۂ وفاق ہے ، اور استعداد خدا داد کا یہ حال کہ اس کے کلام جواہر نظام میں خوبیٔ معنی اور خوش اسلوبیٔ تراکیب اور تنگ درزیٔ[1] کلمات اور رشاقت تشبیہ اور حسن استعارہ حد طاقت بشری سے باہر ہے ۔ اللہ تعالیٰ یوماً فیوماً جودت ذہن اور قوت طبع میں افزایش کرے ۔ یہ اشعار اس مجمع محاسن کے نتایج افکار سے لکھے جاتے ہیں :

نوائے بلبل و بوئے چمن تو آجاتی
قفس کے گر مرے نزدیک گلستاں ہوتا

---

۱ ۔ نسخہ اول میں 'تنک درزی' غلط ہے ۔

اگر نہ تیغ نگہ سے اسے بچاتا میں
تو ہر حذف کے لیے آج دل کہاں ہوتا

نہ اتنا بدگماں ہو تو نہ تڑپیں گے نہ تڑپیں گے
خدا کے واسطے منہ کھول زخموں پر نمک داں کا

مری بالیں پہ وقت نزع لاؤ ایک دم اس کو
رہے گا حشر تک سینے میں ورنہ داغ ارماں کا

تعجب ہے تمہاری شان سے کچھ حال تو کہیے
کہاں تم حضرت بسمل کہاں رستہ بیاباں کا

قصہ سنے ہے کون عذاب و ثواب کا
ساقی شتاب دے مجھے ساغر شراب کا

میں اور روز و شب کی اٹھانی مذلتیں
یارب برا ہو اس دل خانہ خراب کا

لائے گا سر پہ دیکھیے کیا کیا قیامتیں
رخ سے یکایک اس کا الٹنا نقاب کا

ہے آج کون بام پہ جلوہ نما جو یوں
اڑتا ہے رنگ میری طرح ماہتاب کا

دیر و حرم میں جا کے جو دیکھا بہ چشم غور
پایا کچھ ایک رنگ عذاب و ثواب کا

کردیں گے ہم زمانۂ پیری کو صرف زہد
اب کیوں نہ مے پییں کہ ہے عالم شباب کا

ساقی ہے اور شراب ہے اور یار ماہ وش
اور اس پہ لطف دے ہے ترشح سحاب کا

انداز تو یہی رہے ظالم ترے ، تو گھر
اُجڑے گا آج کل کسی خانہ خراب کا

کعبہ اگر بنا ہے اسی سنگ سے تو کیا
زاہد کو بت کدے سے سبب اجتناب کا

عہد شباب حضرت بسمل ہے مئے پیو
جھگڑا سنا کرو نہ کسی شیخ و شاب کا

چین دیتا ھی نہیں آٹھ پہر میں اک دم
آفت جان ہوا ، یہ دل مضطر نہ ہوا

دیکھ دینا نہ بتوں کو تو دل اپنا بسمل
یہ وہ ھیں جن کے کوئی ھاتھ سے جاں بر نہ ہوا

ہزار حیف کہ سمجھے نہ تم ھمیں اور ھم
ھمیشہ کرتے رہے دل تلک نثار اپنا

شب فراق میں آئے اجل شتاب کہیں
کہ کر رہے ھیں عدم والے انتظار اپنا

ھم ایسے کیا تھے کہ یوں سہتے طعنۂ اغیار
پہ کیا کریں کہ نہیں اس میں اختیار اپنا

بتوں سے دل کے لگانے کا ہے ثمر بسمل
کہ ھاتھ سے ہے دیا مفت اعتبار اپنا

کس شوق سے پہنچے ھم اے پیر مغاں تجھ تک
پر خوبیٔ طالع سے ماہ رمضاں آیا

میں کیا کہ خبر اُس کو اپنی بھی نہیں ھم دم
کم بخت یہ دل اپنا آیا تو کہاں آیا

کیا بنتی ہے اب دیکھیں بلبل کے دل و جان پر
پھر خار نظر آئے پھر وقت خزاں آیا

وحشت سی برستی ہے آوارہ سے پھرتے ہو
دل آپ کا اے بسمل سچ کہیے کہاں آیا

دیرو مسجد میں خرابی پڑ گئی دل کی طرح
جس طرف سے او بت کافر گذر تیرا ہوا

حضرت بسمل کی حالت دیکھ کر بولا یہ قیس
پیر و مرشد خیر تو ہے آپ کو یہ کیا ہوا

ستم کے کرنے سے تم کو نہ کچھ حیا آئی
ستم اٹھانے سے ہم کو نہ ننگ و عار آیا

یقیں نہ تھا مجھے کچھ فتنۂ قیامت کا
یہ تیرے قد کو جو دیکھا تو اعتبار آیا

عاشقوں پر ترے کب حشر سا برپا نہ ہوا
اک قیامت ہوئی ظالم ترا چلنا نہ ہوا

ساقی ہے آرزو کہ ترے لطف سے کبھی
بیٹھیں جو شام سے تو پییں تا سحر شراب

صبر و قرار و تاب و تواں سب چھٹے رفیق
اک دل یہ رہ گیا ہے سو کیا کیا اٹھائے دل

دزدیدہ ان نگاہوں نے شاید چرا لیا
آتی نہیں ہے پہلو سے میرے صدائے دل

دل نام کو تھا اپنے سو وہ بھی نہیں ہے اب
مدت ہوئی کہ داغ ہے بر میں بجائے دل

شیخ ! مے کو برا بتاتے ہو
اس کا تم کو مزہ چکھائیں گے ہم

ناصحا ! توبہ ، لیے خدا کا نام
دل لگانے سے باز آئیں گے ہم ؟

جنوں نے کچھ نہیں باقی رکھا اب جیب و داماں میں
کہ میں کچھ ان دنوں اس طرح سے بیکار پھرتا ہوں

مرے شوق شہادت کو تو دیکھو اس کے کوچے میں
خود اپنے قتل کی خاطر لیے تلوار پھرتا ہوں

مجھے ڈر ہے کہیں عالم نہ ڈوبے جوش طوفاں سے
لیے جوں ابر ساتھ اب دیدۂ خونبار پھرتا ہوں

نہ جی چاہے ہے کعبے کو نہ بتخانے کو اے بسمل
کروں کیا اضطراب دل سے میں ناچار پھرتا ہوں

اس بے کسی میں آبلۂ پا تھا اک رفیق
دولت سے خار راہ کی وہ بھی رہا نہیں

بلبل کی طرح سے ہے مرا برق خانماں
وہ گل عذار جس میں کہ بوئے وفا نہیں

سو بار آسماں کو جلایا پہ ہم نشیں
کچھ ان دنوں میں ضعف سے نالہ رسا نہیں

بسمل تم اس پہ دل دیے بیٹھے ہو کس لیے
وہ بت کبھی کسی کا ہوا آشنا نہیں

کیا عشق کا بھی حوصلہ اب ہو چلا ہے تنگ
کچھ ان دنوں وہ سوز نہیں ، چشم تر نہیں

ہر ہر نگہ میں ناز فروشی ہے کس لیے
اپنا تو اب وہ دل ہی نہیں وہ جگر نہیں

قاصد پھرا ہے یوں کہ خدا خیر ہی کرے
میری طرح سے کچھ اسے اپنی خبر نہیں

تاثیر شوق کی مرے حق میں ہوئی ہے زہر
ٹکتا زمین پر قدم نامہ بر نہیں

سن کر مرے فسانۂ ہجراں کو دیر تک
چپ تھا وہ اس طرح سے کہ گویا خبر نہیں

تیرے خدنگ کو نہیں پرواز ہم تلک
گویا کہ اس عقاب کے بازو پہ پر نہیں

ہر ہر جگہ ہے بسمل شوریدہ سر کی دھوم
تیرے جگر فگار کے چرچے کدھر نہیں

گریہ سے میرے کچھ تو بجھی آتش جگر
جاری رکھے خدا مری چشم پر آب کو

اللہ ری غفلتیں کہ ہوئے ہم تو مر کے خاک
اور تم نے اب تلک نہیں الٹا نقاب کو

بہائے خون عاشق کیا اور اس کا خون کیا صاحب
مجھے تم قتل کر کے کس لیے ہو اب پشیماں سے

کسی دن حضرت دل تیرہ بختی گل کھلائے گی
الجھنا روز کا اچھا نہیں ہے زلف پیچاں سے

کھلے گا جس جگہ حق ہم وہیں سر کو جھکائیں گے
نہ ہم کو ربط کچھ کافر سے نے نفرت مسلماں سے

بتوں کا گھر ہے کعبہ سبحہ سے زنار کو رشتہ
کھلا یہ ماجرا زاہد ہمیں تحصیل ایماں سے

گلی کوچے میں پھرنا روز کا اچھا نہیں حضرت
ہوا کیا تم کو اے بسمل جو ہو ایسے پریشاں سے

اے بلبلان باغ! رہائی سے فائدہ
سر پر خزاں ہی آ گئی جب ہم رہا ہوئے

اس کی گرہ بھی کیا مرے دل کی ہے اک گرہ
بند قبا جو ہم سے نہ اک روز وا ہوئے

بسمل انھیں کی یاد میں سب کچھ بھلا دیا
نادان یہ صنم نہ ہوئے کچھ خدا ہوئے

بسمل

بسمل تخلص، حافظ محمد حسین نام، ولد حافظ محمد بخش عرف حافظ ممو، ساکن حویلی خان دوران خان مرحوم، صاحب طبع سلیم و ذہن قویم ہے۔ وجاہت صوری اور حسن معنوی سے بہرہ ور، جمال ظاہری اور کمال باطنی سے کامیاب، علوم رسمی سے بہ قدر ضرورت متمتع، دل نشینیٔ سخن سے گوش شوق کی سیری محال، اور دل چسپیٔ کلام سے بے التفاتی مخاطب کی وہم و خیال۔ اصلاح شعر راقم کے مشورے سے صورت پذیر ہے۔ یہ چند شعر بطور انتخاب کے قالب تحریر میں آئے:

نہ آئے گا یہاں تک اور نہ مطلب دل کے ہوئیں گے
نہ سمٹے گا قیامت تک کبھی دامن تمنا کا

دل تو نے ہم سے آو بت کافر اٹھا لیا
اس نازکی میں بوجھ یہ کیوں کر اٹھا لیا

بارگران عشق فلک سے نہ اُٹھ سکا
کیا جانے میرے دل نے یہ کیوں کر اُٹھا لیا

کیا کام ہے ، بلا سے جو تو ہو اسیر زلف
جب تجھ سے ہاتھ اے دل مضطر اُٹھا لیا

پیر مغاں نے بسمل مے کش کو دیکھ کر
شیشہ بغل میں ، ہاتھ میں ساغر اُٹھا لیا

نیم بسمل کیوں نہ مجھ کو چھوڑتا ہنگام ذبح
یار کو میرے تڑپنے کا تماشا ہو گیا

شکوہ مت کر حال جو بسمل ترے دل کا ہوا
شکر ہے ہر حال میں جو کچھ ہوا اچھا ہوا

گر پڑے گا تو زمیں پر کانپ کر، اے چرخ پیر
نیم نالہ بھی کوئی ہم سے اگر برپا ہوا

میں نہ کہتا تھا نہ ہو رو کش، تو اُس کی زلف سے
اس خطا سے منہ ترا ، مشک ختن کالا ہوا

ہم گئے تھے دل کو لینے وہ طلب کرتے ہیں جاں
دل کو کیا روتے تھے ہم ، اب جان کا رونا ہوا

تم سے دل کی ناز برداری نہ ہوگی ، دل نہ لو
جان من یہ دل بڑے نازوں کا ہے پالا ہوا

دلبری کی بات گو آن میں نہیں ، اے دل مگر
عمر بھر آن سا نہ ظالم بھی مجھے پیدا ہو

یہ کس سیاہ بخت کے گوندھی ہے خون میں
کالا جو تیرے ہاتھ میں رنگ حنا ہوا

بسمل

بسمل تخلص ، نواب امیر حسن خاں ، ساکن دارالامارة کلکتہ ۔ ہر چند دولت دنیا سے اس قدر بہرہ حاصل تھا کہ گدائے محلہ اس کی زکواۃ سے صاحب نصاب ہو کر اپنی بضاعت سے اتنی زکواۃ نکلتا کہ اگر اس کا عشر عشیر خسرو پرویز کو ہاتھ لگتا ، آٹھواں خزانہ اور معمور ہو جاتا ، لیکن مزاج میں مسکینی و تواضع اس درجے پر تھی کہ مثل خم ابرو تسلیم اور مثل سایۂ افتادگی گویا ایک امر سرشتی تھا ۔ دقایق سخن سے کماھی آگاہ اور صنایع و بدایع میں کامل دست گاہ ۔ نظم و نثر میں باوجود صفائی الفاظ اور شستگیٔ عبارت کے تلاش معنی کا مرتبہ نہایت کو پہنچ گیا تھا ۔ جناب اُستادی حضرت صہبائی سلمہ اللہ تعالیٰ کی حامئد اوصاف سن کر اخلاص غائبانہ بہم پہنچایا اور خط و کتابت کے وسیلے سے رابطہ خلت کو بڑھایا ۔ ایک رقعہ الفاظ بے نقط میں آن کی خدمت میں بھیجا تھا ۔ باوجود اس قید کے بے تکلف و آمدنی تھا ، نہ ساختہ و پرداختہ ۔ چند سال ہوئے ہیں کہ دنیائے دوں سے دل اُٹھا کر عالم آخرت کو راہی ہوا ۔ یہ چند شعر بطریق یاد گار مرقوم ہوئے :

سرمۂ خود بچشم کم منگر
دید ہا زیں غبار روشن گشت

شہد ریز و کلام شیرینم
بر لب او مگر لب من گشت

نہ شود اگر بسینہ رہ قاصد نفس گم
دوسہ حرف خوں چکانے ، بلب ارمغاں فرستم

آن قدر از دل صد پاره نماند است بجاے
که باحباب توان رقعهٔ انشا کردن

خال عارض که ته کاکل یار افتاده
مہرۂ زہر بود از لب مار ، افتاده

وہ! چه تیر مژهٔ تیز تو صید انداز است
هم چناں بود به ترکش که شکار افتاده

لالهٔ را خلعت گلگوں ، صلهٔ یک داغ است
بهر من چیست که داغم ز شمار افتاده

بسمل

بسمل تخلص ، رام کشن پنڈت ، مدرس زبان انگریزی ، دقایق فارسی سے بخوبی واقف اور غوامض سخن سے دل خواہ آ گاہ ۔ مقامات کتابی کو کمال تدقیق کے ساتھ حل کیا ہے ۔ تہذیب اخلاق میں بے مثل اور ستودگئی کردار اور درستئی گفتار میں بے نظیر ۔ شعر فارسی خمخانهٔ شیراز کا جوش ، اور سواد رقم سرمۂ اصفہانی سے ہم دوش ۔ یہ چند شعر اس کے نتائج طبع سے ہیں :

سرشک دیدهٔ غماز کشف رازم کرد
فغاں که پرده ز روے غم نہاں برداشت

سنبل مشکیں بود یا زلف عنبر بوے دوست
نافهٔ چین است یا خال رخ نیکوے دوست

ماہ نو ، یا سجده گه عاشقاں ، یا تیغ تیز
یا کماں ، یا نون قوسی، یا بود ابروے دوست

لالۂ گلزار خوبی یا مه اوج کمال
یا بود مہر سپہر دلبری ، یا روے دوست

ایں که بسمل مردگاں را میدهد جانے دگر
یا بود باد مسیحا ، یا نسیم کوے دوست

اگر نه باده ز انگور باغ بخت من است
همیشه چشم تو زیں گو نه مست خواب ازچیست

دل را ز چشم آں بت پر فن نگاه دار
جنس گراں بہا ست ، ز ره زن نگاه دار

چوں غنچه خون دل خورو در حفظ راز کوش
هر دم زباں بکام ، چو سوسن نگاه دار

از لطف چرخ دم نور ار دولتت دهد
خود را ز روبه بازیٔ دشمن نگاه دار

بر چاک هاۓ سینۂ سوزاں رفو مزن
از بہر آه ایں دو سه روزن نگاه دار

سر رشتۂ خرد مده از دست وگم مشو
خود را طفیل رشته چو سوزن نگاه دار

نگاه بر رخ جاناں نمی تواں کردن
نظر به مہر درخشاں نمی تواں کردن

بشیر

بشیر تخلص ، میربشارت علی شاگرد میر نظام‌الدین ممنون ـ

یہ شعر اس کے افکار سے ہے ۔

شاید دل بے تاب کو تسکین ہو اپنے
کھچوا کے رکھوں سینے پہ تصویر کسی کی

بلند

بلند تخلص ، صفدر علی بیگ نام ، ابن مرزا فضل علی بیگ ، قوم مغل ، ساکن لمہ کھاری باولی ۔ مرد قابل ، خوش اخلاق ، پسندیدہ اطوار ، نیک نہادی و صاف دلی میں یگانہ ۔ طرز وفاق اور سیاق آشنا پرستی میں یکۂ زمانہ ، حلم و وقار کو اس کے گوشۂ طبیعت میں منزل آسایش اور نجابت و شرافت کو اس کی نسبت سے زیب و آرایش ، علم حساب میں مہارت تام اور انشا نگاری میں دست گاہ تمام ، خط نستعلیق کی شان خط گل رخاں سے جاں فزا تر اور خط شکستہ کی طرز زلف خوباں سے دل ربا تر ۔ والد اس نیک نہاد کا راجا الور کی سرکار میں علاقہ مدرسیٔ مدرسہ سے ممتاز ہے اور یہ ہوشیار خرام گاہ گاہ قدر دانیٔ حکام وقت سے علاقہ تھانہ داری سے سرافراز رهتا ہے ۔ شعر گوئی کی طرف توجہ تمام مصروف اور طبع آس کی اس فن سے کمال مالوف ہے ۔ اصلاح شعر راقم آثم سے لیتا ہے ، چند شعر آس کے نتایج طبع سے منتخب ہوئے :

یہی مبدا ہے رنج و محنت کا
ذکر مت کیجیے محبت کا

تم سے مل کر بنا نشانہ بلند
درد کا ، رنج کا ، مصیبت کا

تیرے ہرجائی پن نے اے بے مہر
مجھ کو عالم سے شرم سار کیا

وہ ھی بیگانہ وش رہا ہم سے
ہم نے اک عمر جس کو پیار کیا

بے وفا، پیماں گسل، دیر آشنا و زود رنج
جو تجھے ہم نے کہا اے یار زیبا ہوگیا

کچھ وصل کا سا حسرت پنہاں میں ملا لطف
شب میرے تصور میں جو اک پردہ نشیں تھا

روز ھے اس کو میرے قتل[1] کا فکر
غیر سے دھیان ھے سوا اپنا

کچھ نہ کچھ ایذا رہی ھے سوز غم کے ھاتھ سے
مٹ گیا گر آبلہ اک داغ پیدا ھو گیا

رنج و راحت ھے انتہا میں ایک
ھجر میں ھو گیا وصال اپنا

جان و غم میں ھے اک کشاکش سی
آج جھگڑا ھے، انفصال اپنا

جس قدر ہم کو تجھ سے تھی آمید
اس قدر ھی تیرا عتاب رہا

قیس و فرہاد و وامق اور بلند
عشق میں جو رہا خراب رہا

سنیے کیا ناصحوں کی باتوں کو
اب وہ اپنا نہیں دماغ رہا

---

۱ - نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ء میں 'کی' ھے ۔

جاں ہے یہ کچھ کشاکش آزار میں کہ آج
رویا کیا سرھانے مسیحا تمام شب

توبہ تو مدت سے کی تھی ہم نے پراے محتسب
ہوگئی مے کی ہوس کچھ ابرو باران دیکھ کر

اشارے ہیں آن سے جو ہیں کور چشم
ہیں آنکھیں تو اچھی نظر کچھ نہیں

تمھارا جو بیمار تھا مر گیا
تمھیں اے ستم گر خبر کچھ نہیں

جو ہم دل کہیں دبں نہ روکو بلند
تمھارا تو اس میں ضرر کچھ نہیں

ایک بوسے پہ یہ لڑائی حیف
دس نہیں ، سو نہیں ، ہزار نہیں

میرے پہلو میں دل ہے یا بجلی
کہ کسی دم اسے قرار نہیں

سیکڑوں بندۂ خدا مارے
کیا بتوں کے ہی گھر خدائی ہے

آکھڑا آکھڑا ہے مجھ سے دل شاید
اس سے اپنی وھاں جائی ہے

اڑے پھرتے ہیں اپنے سانس کے ساتھ
ہمارا ضعف سے لاغر یہ تن ہے

کہاں وہ اور کہاں دشمن مگر یہ
ہمارا ہی فقط دیوانہ پن ہے

ـ. مرضی اس کے ہاتھ لگاؤں اسے بلند
یہ تاب ، یہ مجال ، یہ قدرت کہاں مجھے

بلبل

بلبل تخلص ، پنڈت گوری شنکر ، متوطن دارالسلطنت لاھور ، نوجوان خوش مزاج ، پسندیدہ اخلاق ، زبان دانی میں اقران و امثال سے ممتاز ہے ۔ صفائیٔ سینہ اور پاکیٔ کلام میں متاخرین سے سرفراز ۔ اتفاقاً وارد شاھجہان آباد ھو کر استادی مخدومی مولوی امام بخش صہبائی سلمہ اللہ تعالیٰ کی خدمت سے مستفید اور اسی جگہ راقم آثم سے ملاقی ھوا ۔ یہ چند شعر اس کی زبان سے مسموع ھوئے :

اگر بہ چشم جہاں نیست عزتے غم را
چرا کنند سر سال ھا محرم را

باوصل خود ز اشک چہ پرسی سبب مرا
چوں شیشہ، گریہ رسم بود در طرب مرا

محو صفاے سینۂ او بود دوش دل
گویا گذر فتاد بہ شہر حلب مرا

از آمدن خطت ز سبزہ
مو بر تن نوبہار برخاست

ما را تپ استخوانیٔ عشق
اے واے کہ در شباب دادند

گشت ویران خانۂ دیوانہ
ھر کجا ویرانۂ آباد شد

به پیری است مرا زینت دگر حاصل
که جامهٔ تن من از شکن آتو دارد

زاهد از محفل صهبا بگریز
ساحل خشک ز دریا بگریز

مردم و باق ست شوق آن میان
استخوانم دسته شد بر خنجرش

من ز شعر کس نه دزدم معنیٔ
لیک از گفتن نفس دزدیده ام

ندیده کسے غیر خال لب او
ز نیلم نگین و ز یاقوت خاتم

گردش چشم ترا دیدم و از کار شدم
بے خود از گردش این ساغر سرشار شدم

دود شمع بۓ پروانه نگردد زنجیر
من چنان در خم آن زلف گرفتار شدم

خامشی ماتم طبع است زبان آور را
کند این نکته سیاه پوشیٔ سوسن روشن

سرم گردد ، اگر اشکے زچشم تر فرو ریزم
شود در گردش از یک قطره آبے آسیاب من

بلبل بفکر جمع زر و مال دل مده
باید که از جهان ، دل جمعی بہم کنی

بنّو

بنّو (اول مفتوح دوم مشدد مضموم اور آخـر مجہول) تخلص اور نام ایک زن خانگی کا ھے کـہ خطہ حسن خیز شاھجہان آباد میں اس جمال کے ساتھ خوبان دل ربا سے کم کسی کو نشان دیتے ھیں ۔ حسن کی صباحت اور کلام کی ملاحت ایک خرمن جان پر بـرق افگن ، دوسری زخم جگر پـر نمک زن ۔ غمزۂ زاویـۂ چشم میں دل ھائے آشفتہ کی تاراج کے واسطے کمین ساز اور اشارۂ گوشۂ ابرو میں جان ھائے مجروح کی غارت گری کے لیے خدنگ انداز ۔ کوچۂ زلف میں دل عشاق کی کثرت سے شانے کی راہ آمد و شد گم ، اور مستئی چشم کے دور میں زاھد کو محراب نماز پائے خم ، نشۂ حسن میں اٹکھیلیوں سے رستہ چلنا اور ھر ھر قدم میں دل خلق کو پاؤں کے نیچے مسلنا ایک عالم رکھتا تھا ۔ اللہ اللہ! کمند ناز کا جذبہ کہ گھر سے ایک قدم باھر نہ جانا اور صید دل کو کوسوں سے کھینچ لانا ۔ اس خاک لطافت بنیاد میں ایک جـوان خـوبرو ، سنبل مـو ، سرو قـامت ، قد قیامت ، گلاب سنگھ نـام آشفتہ تخلص تھا کـہ طـرفین کی کشش سے وہ اُس کے دام زلف میں گـرفتـار اور یـہ اُس کے شوق لب میں جگرخوار ۔ بس کہ طبیعت خداداد اور فکررسا رکھتی تھی ، اس جوان شنگول کے اثـر صحبت سے فکر شعر دامن گیر ھوا ۔ چند روز میں موزونئی طبع کو ایک حسن اور پیدا ھوا اور حسن صورت جمال معنی سے دوبالا ۔ جو کہ یہ بات مسلم ھے کہ معشوق اگر سراپا شوق ھو کر عاشق سے ملے ، عـاشق کی نـاشکـیبائی اُس التفـات کـو تغافل ھی

جانتی ہے - نیرنگیٔ عشق سے ایک روز آشفتۂ آشفتہ خرد نے
عالم بے اختیاری میں ایک خنجر سے مژۂ دشنہ گذار کی تشبیہ
کے خیال میں اپنا گلا کاٹ لیا - چناں‌چہ یہ حال اُس کے ترجمے
میں مفصل مرقوم ہو چکا ہے - جب یہ خبر معشوق وفادار
نے سنی ، رخسار کو طپانچے سے نیلا کیا اور بہ آواز بلند
یہ شعر آشفتۂ جاں باز کا پڑھا :

بچتا نہیں ہے جو کہ ہے بیمار عشق کا
یا رب نہ ہو کسی کو یہ آزار عشق کا

اور پھر دیر تک افراط غشی سے سکتے کا عالم ہو گیا -
بارے جب ہوش آیا ارادہ کیا کہ عاشق کی لاش پر حاضر
ہو لیکن بعض اقارب مانع ہوئے - اس سانحے کے بعد نہ کسی
سے آشنا ہوئی اور نہ کسی کے سامنے نقاب کشا - اسد اللہ خاں
غالب کا شعر کیا مناسب حال ہے :

کی مرے قتل کے بعد اُس نے جفا سے توبہ
ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

تپ غم کا اثر تھا یا کیا تھا ، چھ سات مہینے کے بعد
س سوختہ جاں کو تپ دق عارض ہو گئی اور کچھ علاج
سود مند نہ ہوا - ایک روز شدت مرض میں یہ شعر کہا :

میں تپ غم سے جلوں اور یہ کریں دق کا علاج
ہو سمجھ اُلٹی طبیبوں کی تو اس کا کیا علاج

کہتے ہیں کہ بعد چند روز کے عالم فانی سے ملک باقی
کی طرف راہی ہوئی - درد مفارقت سے اکثر اشعار شوقیہ اور
مضامین ہجر کے ایسے کہے ہیں کہ ان کے سننے سے

درد مندان محبت کے دل کو چوٹ لگتی ہے۔ جو جو راقم تذکرہ کے ہاتھ آئے مرقوم ہوئے :

چھوڑ کر مجھ کو کہاں اے بت گم راہ چلا
تو چلا کیا کہ یہ دل بھی ترے ہمراہ چلا

چھٹ گیا غم سے مرا کشتۂ ابرو مر کر
اک چھری میرے گلے پر بھی مری آہ چلا

نہ تو موت آتی ہے نے زیست کا یارا مجھ کو
ہائے آشفتہ ترے مرنے نے مارا مجھ کو

موت پر بس نہیں چلتا ہے کروں کیا ورنہ
تو نہیں ہے تو نہیں زیست گوارا مجھ کو

اب کسے چین ، کہاں عیش ، کدھر بستر خواب
نہیں مخمل بھی کم از بستر خارا مجھ کو

کیا ہوئی ہائے فغاں کی تری شور انگیزی
لے چلی تجھ کو تو تو نے نہ پکارا مجھ کو

ہے غضب وہ تو مرے اور جیوں میں بنو
موت آ جائے تو ہو عمر دوبارا مجھ کو

لاش آشفتہ کو بے رحموں نے پھونکا آگ سے
آتش غم بھی جوانا مرگ کی کچھ کم نہ تھی

بیتاب

بیتاب تخلص ، سرو حدیقۂ دولت و اقبال ، نواب عباس علی خاں ، خلف نواب مستطاب معالی القاب نواب عبد العلی خاں ، کہین برادر نواب محمد سعید خاں بہادر

رئیس رام پور - رفعت شان کو پستیٔ تواضع کے ساتھ جمع اور سر بلندیٔ مرتبت کو افتادگیٔ اخلاق کے ساتھ فراھم کیا ہے - قلم حیران ہے کہ کس کس خوبی کا بیان کرے ؛ حسن خلق کو لکھے یا جمال صورت کا ذکر کرے - خلق تو محمدی ہے اور جمال یوسفی - رسائیٔ فکر سے کنگرۂ عرش فرسودہ اور بلندیٔ طبع سے رفعت چرخ پست - مضامین شوقیہ سے بلبل نالہ آموز اور کیفیت سخن سے ھوشیار مغزان پارسا طینت سر مست - جب تک شہر کرامت بہر شاھجہان آباد کی زمین اس بلند مرتبت کے نقش قدم سے رشک گلشن تھی ، مومن خاں مرحوم مومن تخلص سے مشورے کا اتفاق ھوتا تھا - جب ریاست رام پور مسند نشینی نواب محمد سعید خاں بہادر سے نامی اور وہ حکومت اس سرور اقبال مند کی ذات سے گرامی ھوئی ، اس نونہال گلشن اقبال نے اس گل زمین کو اپنے قدم بہار توام سے سرسبز و شاداب کیا - اس وقت سے اس زمانے تک سخن گوئی کی بنا کو اپنے ھی زور طبیعت کی اساس پر بلند کیا ہے - جو کہ اشعار اس خوش فکر کے راقم تذکرہ کو کچھ بہم نہ پہنچے، ناچار ''گلشن بیخار'' سے کہ ایک تذکرہ ہے مصنفات نواب مصطفیٰ خاں بہادر شیفتہ تخلص سے ، یہ شعر ان اوراق میں نقل کیا ہے :

آخر فریب کھا کے کیا اس نے مجھ کو قتل
میں نے کہا تھا تم سے اٹھائیں گے مر کے ھاتھ

بیتاب

بیتاب تخلص، کشن نرائن، قوم کھتری، ساکن بنارس۔ راجا شہر نیپال کے اعزہ میں سے ایک دو شخص شہر بنارس میں بود و باش اور عزت و اعتبار کے ساتھ عمر بسر کرتے ہیں۔ یہ موزوں طبع ان دنوں اس بلند مرتبت کی سرکار میں ملازم اور صاحب اعتبار ہے۔ یہ دو شعر اس کے اشعار سے منتخب ہو کر درج تذکرہ ہوئے:

بکھرے بالوں میں ہے یوں ماتھے پہ افشاں کی چمک
جیسے بدلی میں ہو نقشہ کرمک شب تاب کا

پتلیاں آنکھوں کی کب خائف ہوں بحر اشک سے
مردم آبی کو کچھ خطرہ نہیں سیلاب کا

بیتاب

بیتاب تخلص، محمد جعفر علی ساکنان قدیم اکبر آباد سے ہے۔ تحصیل علوم مدرسۂ اکبرآباد میں کی ہے اور بعد امتحان استعداد کے رجمٹ اول کنٹن جنٹ گوالیار میں عہدۂ منشی‌گری پر مامور ہوا۔ اس کے افکار سے یہ شعر ناخن به دل زن پایا گیا که مرقوم کیا[1]:

حضرت بیتاب اور فکر سخن
دل ٹھکانے ہو تو سب کچھ ہو سکے

بیخود

بیخود تخلص، محمد نظام الدین خاں، خلف الصدق

۱۔ نسخہ مطبوعہ نول کشور میں 'ہوا' ہے۔

محمد حیات خاں کہ بالفعل حکام وقت کی طرف سے عہدۂ اسسٹنٹی پر مامور اور شیوۂ راست معاملگی و نیک نہادی میں مشہور ہے ۔ اصلاح شعر ریختہ اپنے والد ماجد سے لیتا ہے ۔ یہ دو شعر اس کے نتائجِ افکار سے ہیں :

رہ گیا پیکاں جو پہلو میں ترا اچھا ہوا
دل لگی کو اور دل پیدا ہوا اچھا ہوا

تھی ہمیں مدت سے اے بیخود اسیری کی ہوس
ہو گیا دل مائل زلف دوتا اچھا ہوا

بیدل

بیدل تخلص ، غلام حسین ، حکیم زادہ ، فن طب سے مناسبت طبعی ہے ۔ شعر میں حافظ عبدالرحمان خاں احسان غفراللہ لہ سے تلمذ رکھتا ہے ۔ یہ چند شعر اس کے نتائجُ افکار سے ہیں :

یار کو پھر دم ناوک فگنی
گاہ دل گاہ جگر یاد آیا

ماہ سے نسبت کا دینا تجھ کو ہے نا منصفی
مہروش تجھ میں اور اس میں فرق ہے دن رات کا

دل کر چکے پہلے ہی نیاز غم فرقت
اب کیا ہے ادھر قصد جو ہے ناز و ادا کا

پاؤں رکتا ہے کوئی کوچۂ جاناں سے مرا
دل کے ہاتھوں نہ گیا آج تو کل جاؤں گا

ھوں میں مدھوش مے عشق بتاں اے بیدل
نہیں ممکن کہ سنبھالے سے سنبھل جاؤں گا

نگہ کی چشم کی زلف دوتا کی
سہے اک دل جفا کس کس بلا کی

کب اس گل کی گلی تک جا سکے ہے
ھوا باندھی ھے یاروں نے صبا کی

بتوں سے ملتے ھو راتوں کو بیدل
تمھیں یہ دن لگے قدرت خدا کی

بیمار

بیمار تخلص ھے شیخ علی بخش ساکن سنبھل کا ۔ فارسی میں استعداد کامل ھے اور ریختہ گوئی میں مہارت تام ۔ الفاظ کی شستگی اور زبان کی پاکی احاطۂ بیان سے خارج ھے ۔ سرکار محمد سعید خاں والیٔ رام پور میں فی الجملہ ناخن بندی وسیلہ تحصیل معاش ھے اور رئیس مذکور کی فرمائش سے کوئی جلد بوستان خیال کی کہ افسانہ ھے عجیب اور داستان ھے غریب ، اردو میں نظم کرتا تھا ۔ معلوم نہیں اختتام کو پہنچایا یا نہیں ۔ یہ اشعار اس کے نتائجؐ ذھن وقاد سے ھیں :

کون پرساں ھے حال بسمل کا
خلق منہ دیکھتی ھے قاتل کا

لب جُو کون سیر کو آیا
موج منہ چومتی ھے ساحل کا

سانس آھستہ لیجیو بیمار
ٹوٹ جائے نہ آبلہ دل کا

بیمار لے چکے ھیں ابھی تو وہ امتحان
کم بخت پھر وفا کا تجھے حوصلا ھوا

جس کسی نے دل دیا اُن کو چھپے چوری دیا
ایک میں کم بخت نادان تھا کہ رسوا ھو گیا

تیر قاتل سے سر شکوہ کہاں رکھتے ھیں
بے زباں صورت سوفار دھاں رکھتے ھیں

کیا سفر کا ارادہ جو بزم جاناں سے
کوئی گلے نہ ملا موت کے سوا مجھ سے

کہیں سنی ھیں یہ نازک مزاجیاں بیمار
کہ اٹھ سکی نہ حسینوں کی التجا مجھ سے

موت سے بھاگنے لگے بیمار
کیا اسے تم شکستہ پا سمجھے

نہ رھنے دے گی وحشت بت کدے میں
اٹھو بیمار جو مرضی خدا کی

ھر روز وہ پھر جاتے ھیں در تک مرے آ کر
کچھ جذب محبت کو لگی ھے نظر ایسی

بیمار کو غفلت ھے بہت خیر نہیں آج
ھر چند کہ تھی حالت غش کل بھی پر ایسی

گیا نہ بزم بتاں میں نہ آپ میں آیا
کہیں نہ ھوں گے زمانے میں نا رسا مجھ سے

اور مطلب آہ سوزاں سے نہیں
خاک ہونے کی تمنا ہے مجھے

حال دل بیمار نہیں ضبط کے قابل
لیکن وہ زباں مجھ کو ہلانے نہیں دیتے

باب الباء الفارسی

پارسا

پارسا تخلص ، منشی فیض پارسا مرد خوش خلق ، نیکو نہاد حافظ کلام‌اللہ تھا ۔ سعادت ذاتی اور اھلیت صفاتی کا بیان خامۂ خام رقم کی مجال سے باھر ھے ۔کثرت زھد و تقویٰ سے اسم با مسمیٰ ھو گیا تھا ۔ حضرت با برکت زبدۂ اولیاء کرام ، اسوۂ کملاے عظام ، مورد رحمت ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرھندی رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد امجاد سے تھا ۔ مدرسۂ شاھجہان آباد میں جو حکام وقت کی طرف سے طالبان کمال کی تربیت کے واسطے معین ھے ، تعلیم فن حساب پر مامور اور اس فن کی مہارت میں مشہور تھا ۔ گاہ گاہ شعر ریختہ بھی کہتا ۔ مدرسہ غازی الدین خان میں جو شہر شاھجہان آباد دروازہ اجمیری کے باھر واقع ھے ، اس بزرگ نہاد کی تکلیف سے بزم مشاعرہ منعقد ھوتی تھی اور چند مدت تک وہ ھنگامہ گرم رھا ۔ مشاھیر شعرائے شیریں سخن شاہ نصیر غفراللہ لہ اور مومن خان مرحوم اور شیخ ابراھیم ذوق مغفور اور ان کملائے قادر سخن کے تلامیذ اور

موزوں طبعان شہر جمع ہو کر شیرینیٔ سخن سے سامعان فہیم کے کام طبیعت کو لذت ستاں اور رنگینیٔ کلام سے مستمعان سخن فہم کے پردۂ گوش کو رشک گلستاں کرتے تھے۔ تقریباً ایک حکایت یاد آئی ہے ، مشتاقان حقائق و سوانح کی ضیافت طبع کے واسطے مذکور ہوتی ہے۔

شاہ نصیر انھی ایام میں سفر لکھنؤ سے معاودت کر کے وارد شاہجہان آباد ہوئے تھے اور پارسائے پارسا طینت کی تکلیف سے شریک مشاعرہ ہو کر دو غزلیں تازہ زمین کہ شعرائے لکھنؤ کی تکلیف سے کہیں تھیں ، اس مشاعرے میں بہ طریق تکرار کے پڑھیں ۔ ایک کا مطلع اور دوسری کا ایک شعر اس مقام میں لکھتا ہوں :

ہم پھڑک کر توڑتے ساری قفس کی تیلیاں
پر نہ تھیں اے ہم صفیرو اپنے بس کی تیلیاں

برہمن اپنے بتوں کو بخدا سجدہ نہ کر
آدم مردہ ہیں بے گور و کفن پتھر کے

بعض احباب نے اس نظم کی افراط تحسین اور کثرت ستایش سے حسد کو کام فرمایا اور اپنے بعض شاگردوں کو ان دونوں زمینوں میں غزل کہنے کی تکلیف کی ۔ خیر الدین یاس تخلص نے دوسری زمین میں ایک شعر خوب کہا تھا :

مرہم سنگ جراحت نے بھرے اپنے گھاؤ
کب کے مشتاق تھے زخموں کے دہن پتھر کے

یہ بات شاہ نصیر کو ناگوار ہوئی اور پہلی زمین میں قریب پچاس غزل کے کہہ کر اپنے شاگردوں کے نام سے مشاعرۂ آئندہ میں پڑھوائیں ۔ اس حرکت سے حسد کا بازار

گرم ہوا اور اس جلسے کے بعد شعرا نے یہ التزام کیا کہ ہر مشاعرے میں اسی زمین میں غزل طرح ہوا ۔ الحاصل کئی مہینے تک 'تیلیوں' کی ردیف کی غزلوں کے سوا اور کچھ نہ کہا اور ان عاشقان سخن کو ایسا سودا ہوا کہ زمین سخن میں مدت تک تنکے چننے کے سوا کچھ کام نہ تھا اور کثرت خس و خاشاک سے کاغذ مسودہ نے کوڑے کا حکم پیدا کیا ۔ غالب ہے کہ اس طرح تازہ کے طفیل سے کسی شاعر کے گھر جاروب میں بھی کوئی تیلی باقی نہ رہی ہوگی ۔ اور لوگ آٹھ نو شعر کے سوا مشاعرے میں نہ پڑھتے تھے ۔ شاہ نصیر کی تلاش پر ہزار آفریں ہے کہ ہر بار دو غزلہ ساٹھ ستر بیت کا پڑھتا تھا اور ہر شاگرد کی غزل اکیس بیس بیت سے کم نہ ہوتی تھی ۔ طرفہ یہ ہے کہ وہ سب غزلیں بھی اسی یکہ تاز عرصۂ سخن کی طبع زاد ہوتیں[1] تھیں ۔ والّا ان کم استعدادوں کی مجال سے اس قدر گرم جولانی جملہ محالات سے ہے ۔ آخرالامر شیخ ابراہیم ذوق نے ایک قصیدہ اسی زمین میں حضرت ظل سبحانی ، سایۂ رحمت ربانی محمد سراج الدین بہادر شاہ خلد اللہ ملکہ کی مدح میں لکھا ۔ اور وہ دن وہ تھے کہ حضرت بادشاہ ہنوز مسند ولی عہدی پر متمکن تھے ۔ کہتے ہیں کہ اس قصیدے میں نہایت شوکت الفاظ اور جودت معانی صرف کی تھی ، لیکن جس وقت وہ قصیدہ پڑھا گیا تھا ، بزم مشاعرہ برہم ہوگئی تھی اور سوائے شاہ نصیر اور دو چار اور سامع کے اس مجلس میں موجود نہ تھا ۔ اس واسطے اس کا لطف زبان زد ارباب شہر نہ ہوا اور بعد چند روز کے وہ جلسہ برہم ہو گیا ۔

---

۱ ۔ جدید قواعد کے مطابق 'ہوتی تھیں' ۔

قصہ مختصر عرصہ چند سال کا ہوا کہ منشی فیض پارسا تخلص نے دامن روح مقدس کو آلایش خاک سے پاک کیا ۔ یہ دو شعر ان کے مسموع ہوئے :

نت ہے فریاد و فغاں ، گریہ و زاری ہے مدام
کاش انساں نہ ہمیں حق نے بنایا ہوتا

کوے الفت کے خاکسار اے دل
مثل آئینہ صاف طینت ہیں

پارسا

پارسا تخلص ہے ایک مرد رند وضع ، اوباش طور ، بے باک طرز غلام علی نام کا ۔ یہ مثل اس جگہ راست آ گئی 'برعکس نہند نام زنگی کافور' اب تک تقاضائے شباب جوش و خروش پر ہے ۔ رفتہ رفتہ کچھ عجب نہیں کہ راہ مستقیم ہدایت پر گام زن ہو کر اسم با مسمٰی ہو جائے ۔ گہ گاہ ہم صحبتان لاؤ بالی سے فرصت پا کر راقم کے پاس آ جاتا ہے اور ایک دو غزل ریختہ کہہ کر لاتا ہے ۔ طرز گفتگو اور صفائی روز مرہ سے پایا جاتا ہے کہ کسی کی اعانت کے بغیر نہ ہوگا لیکن جو کہ آدمی ذہین اور تیز فہم ہے ، کیا عجب ہے کہ وہ کلام صرف اسی کا نتیجۂ فکر ہو ۔ ان دنوں میں ایک فقیر قلندر مشرب کے ہمراہ کسی طرف راہی ہوگیا ہے ، اس واسطے صرف دو تین شعر کہ جزو دان حافظہ میں محفوظ تھے، درج اوراق ہوئے :

جو دوانے ہیں، اس پری رو کے
ان کو کیا کام ہوشیاری سے

آب میں رشک سے ہے غرق گہر
اس کے دندان کی شرم ساری سے

نام کو پارسا ہوں میں لیکن
مست ہوں نرگس خماری سے

پذیر

پذیر تخلص، خلف گلزار علی اسیر اکبر آبادی ۔ اس کے نام سے اطلاع نہیں ۔ سنا گیا کہ باوجود حداثت سن اور نوزادگی کے طبع رواں اور فکر رسا رکھتا ہے ۔ یہ شعر اس کے نتائجِ افکار سے ہے :

دیوانے اپنے جامے سے باہر ہیں سب پذیر
اب فصل گل ہے چاک گریباں ضرور ہے

پریشان

پریشان تخلص، شخص فہیم، عبد الرحیم، مشہور پیر جی از بس کہ صاف طینت ہے، حرفہ ہائے متعارفہ سے آئینہ سازی کو اختیار کیا ہے ۔ شعر کی اصلاح احقر العباد سے لیتا ہے ۔ دو شعر اس کے تحریر ہوتے ہیں :

کیا ہوئی ایسی خطا مجھ سے جو تو نے صیاد
کر کے آزاد کیا پھر کے گرفتار مجھے

دیتے ہو بوسہ دو، نہیں دیتے نہ دو، مگر
اتنی نہیں پسند چنیں اور چناں مجھے

پریشان

پریشان تخلص ، منو لال برھمن ، شاگرد شاہ نصیر ۔ زیادہ اس سے حال اس کا گوش زد نہیں ھوا ۔ یہ دو شعر اس کے افکار سے ھیں :

خوباں کی ادا کوئی کب ناز سے خالی ھے
ھر بات پہ جھڑکی ھے ھر حرف پہ گالی ھے

ھم آئیں تو اٹھ جاؤ غیر آئے تو آ بیٹھو
یہ وضع نئی جاناں کیا تم نے نکالی ھے

پری

پری تخلص ، ایک نوجوان جھمن نام کا ھے شاگردان مرزا رحیم الدین حیا سے ۔ ریختی کا فکر کرتا ھے ۔ سخن کا ربط و ضبط مزے سے خالی نہیں ۔ یہ چند شعر اس کی ریختی کے مرقوم ھوتے ھیں :

دنیا کے مردوے مرے اوپر فدا ھوئے
مجھ آشنا مزاج کے سب آشنا ھوئے

اب کے تو مردوے ھیں دغا باز ، بے وفا
اگلے تماش بین ، خدا جانے کیا ھوئے

دن کو ھی آنا تھا تجھے ماہ صیام میں
درگور مردوے ! مرے روزے قضا ھوئے

پناہ

پناہ تخلص ، محمد پناہ نور باف ، مرید با اخلاص

شاہ آفاق غفراللہ لہا۔ معتبرین کی زبانی سنا گیا کہ بعض اوقات استقبال کی خبر ایسی درست اس کی زبان سے معلوم ہوئی کہ بعد وقوع کے سرمو تجاوز نہ ہوا ۔ گاہ گاہ شعر متصوفانہ کہتا تھا ۔ دس بارہ برس کا عرصہ ہوا کہ قصور فردوس میں خرامش کی ۔ یہ ایک شعر اس کا مسموع ہوا :

موسیٰ کو نظر طور پر آیا تھا وگرنہ
دیکھا تو ہر اک سنگ میں وہ ایک شرر تھا

پورن

پورن تخلص ، پورن سنگھ کاتیہ ، ساکن قدیم شاہجہان آباد ، شاگرد سعادت یار خاں رنگین ۔ علم سینسکرت میں استعداد کامل اور طبابت ہندی میں مہارت تمام رکھتا تھا ۔ مگر بہ سبب بد مزاجی کے مردم بیمار کی طرف کم ملتفت ہوتا ۔ ہدیہ و تحایف کو قبول نہ کرتا ، اور باوجود اس کے کہ قوم کاتیہ سے تھا ، صحبت شراب سے مجتنب رہتا ۔ فارسی میں بھی بہ قدر ضرورت روشن سواد تھا ۔ زبان ریختہ اگرچہ بہت شستہ نہ تھی لیکن بعض شعر سے طرز معنی بندی کی نمایاں ہے ۔ آٹھ دس برس کا عرصہ ہوا کہ جہان فانی سے رحلت کی ۔ راقم نے اس کی بیاض سے یہ چند شعر انتخاب کیے :

ہم نام رہائی سے بیزار ہیں اے ہمدم
دل چاہ زنخداں میں ہے جب سے اسیر اپنا

شمشیر تو وہ ابرو، اس دل پہ چلا بیٹھے
چھوڑ اے نگہ ظالم، تو بھی کبھی تیر اپنا

اس رہ میں روا رو ہی لازم ہے سدا پورن
سامان سفر رکھے طیار فقیر اپنا

بیچ و خم کاکل میں مت جائیو دل شب کو
اس راہ میں تو چل کر ہوئے نہ خجل شب کو

پیام

پیام تخاص ، مولوی امین اللہ کہ سابق فرضیت جہاد میں ایک رسالہ زبان عربی میں تصنیف اور پھر زبان آردو میں آس کا ترجمہ کیا تھا ۔ اور مدت تک غازیان لشکر امام المسلمین ، امیر المومنین ، سید احمد مغفور کے ساتھ شریک حال رہے ۔ اب ان کا حال دریافت نہیں کہ قید حیات میں ہیں یا انتقال کیا ۔ یہ دو شعر آن کے یاد تھے مرقوم ہوئے :

جب کہ اپنی خبر نہ ہو آس کو
آس کو اوروں کی کیا خبر ہووے

پھونکتا ہے مجھی کو نالۂ دل
یار میں بھی تو کچھ اثر ہووے

پیام

پیام تخاص ، مرزا حیدر بیگ ، مولد و منشاء اس کا مغل پورہ ہے کہ ایک معمورہ ہے شاہجہان آباد سے ایک میل کے فاصلے پر ، لیکن اب ایک مدت سے اسی خاک پاک

میں ساکن اور کتخدائی کی تقریب سے یہیں متوطن ہے۔ گہ گاہ شعر ریختہ کہتا ہے اور باوجود کم مشقی کے طبیعت خدا داد کی اعانت سے، چاشنئی سخن مزے سے اور بادۂ کلام لطف سے خالی نہیں۔ یہ دوچار شعر اس کے نتائجِ افکار سے ہیں:

مر جائے بھی کوئی تو تاسف نہ ہو اُسے
پالا پڑا ہے آن کے کس سنگ دل کے ساتھ

اس آہ بے اثر نے کیا کچھ نہ کچھ اثر
کل پوچھتا تھا میری گلی کا نشاں وہ شوخ

دے گا تو کیا جواب نزاکت کہ کل پیام
بے تاب ہو گیا ترا سن کر فغاں وہ شوخ

مرے نالوں سے ہوا سینۂ گردوں افگار
کہ پڑا شام و سحر خون شفق ٹپکے ہے

پیر

پیر تخلص حال، مہاراج سنگھ برھمن، ساکن قدیم متھرا کہ اوایل میں جواں تخلص کرتا تھا۔ چوبھوں کی قوم میں اس قدر کم خوراک شگفت ہے، شبا روز میں ایک وقت تناول طعام کا اتفاق ہوتا ہے اور وہ بھی نوالۂ چند کے سوا طبع کو نا ساز، اور اشیاء نمکین کے سوا سب اطعمہ سے احتراز ہے۔ خط شکستہ کی[1] طرز بہت درست اور جلد نویسی میں چابک اور چست۔ اختلاط اس کا اھل اسلام سے نہایت چسپاں اور شکم بندگان حریص کی صحبت سے گریزاں ہے۔

---

۱ - نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ء میں 'کا' ہے۔

وطن میں گہ گہ اور شاہجہان آباد میں غالب اوقات بود و باش کرتا ہے ۔ احیاناً شعر بھی کہتا ہے ۔ اس کے دو تین شعر ایک دوست نے میرے سامنے پڑھے تھے ، تحریر تذکرہ کے وقت یاد آ گئے :

رات دن کا ہے ترا مشغلہ آرایش زلف
اس سے کیا تجھ کو کہ ہے حال پریشاں میرا

میں وہ خاکستر افسردہ ہوں جوں صبح کو پیر
داغ خورشید ہے اک اخگر سوزاں میرا

قبر پر فریاد یوں کی اپنے تو ہرگز نہ جا
تیرا پیچھا کب چھٹا اس خاک دامن گیر سے

پیرا

پیرا تخلص اور نام ہے ایک سقے کا کہ اکثر بازار چاندنی چوک میں اور کبھی اور کہیں مترددین بازار کو سہل قیمت پر پانی پلاتا ہے ۔ اپنے آپ کو مجرم کا شاگرد بتاتا ہے ۔ یہ شعر اس کا سنا گیا :

شوق گریہ کو کہو روئیے کس پاس کہ اب
نام کو بھی نہ رہا آنکھ میں قطرہ باقی

پیک

پیک کریم اللہ نام ، پہلے زمرۂ چوب داران شاہی میں

ملازم تھا ، اب بسر اوقات نامہ بری اور قاصدی پسر ہے ۔ طبیعت فی الجملہ موزوں رکھتا ہے ۔ یہ شعر اُس کی زبان سے سنا گیا :

شوق سے جب کہ میں آتا ہوں ترے کوچے میں
مجھ سے لیتی ہے صبا تیزیٔ رفتار کو وام

باب التاء

تاب

تاب تخلص ، نمک پاش زخم جگر میر حیدر ، خلف زبدۂ خاندان سیادت میر محبت علی ساکن قدیم پانی پت ۔ لیکن اب عرصۂ دراز سے یہی خاک پاک اس کا مسکن اور یہی حصار عافیت اس کے واسطے نشیمن ہے ۔ علم موسیقی کو دھرم داس نام درویش دل ریش سے اکتساب کیا ہے ۔ اور جو کہ ایام جوانی میں ایسے امور کی قابلیت زیادہ ہوتی ہے اس کی صحبت کے اثر سے آزادی نے کچھ کچھ طبیعت بے پروا میں راہ پیدا کی ہے ۔ اگر اسی طرح چند روز بسر ہوئے ، ترک تعلق اور اختیار تجرید کچھ بعید نہیں معلوم ہوتا ۔ حسن صورت اور حسن صوت دونوں اس مجمع محاسن میں جمع ہیں ۔ گاہ گاہ فکر شعر بھی کرتا ہے ۔ ایک روز اپنی غزل کے دو چار شعر راقم ہیچ مدان کے روبرو آہنگ موسیقی میں ایسی خوش الحانی سے گائے تھے کہ آب کی روانی اور ہوا کی وزش موقوف ہو گئی ۔ مشتاقان دل فگار کے گریہ و آہ سے تعجب ہے کہ وہ اس وقت کیوں کر دریا سے

زیادہ جاری تھا اور یہ کس طرح صر صر سے زیادہ رواں تھی ؟ اس غزل کے دو شعر یاد آ گئے تھے ، بطریق یادگار ان اوراق میں مرقوم ہوئے :

میں تو تھا عاقل زمانے کا پر الفت کے طفیل
کوئی سودائی کہے ہے کوئی دیوانہ مجھے

کثرت دل ہر شکن میں دیکھ ، غیرت سے موا
آفت جاں ہو گیا ، زلفوں کا سلجھانا مجھے

تاب

تاب تخلص ، مرزا الطاف اشرف خلف شاہ زادۂ والا تبار مرزا امداد بخت بہادر ۔ یہ شعر اس صاحب طبع کا سنا گیا :

دیا ہے ہم نے دل اے تاب کس بےمہر کو دیکھو
کہ پروا ہو نہ ہو اس کو اور اس پر اپنا دم نکلے

تابش

تابش تخلص ، محمد جعفر الہ آبادی موطن ، دھلی مسکن ۔ حکام وقت کی قدر دانی سے بیشتر اوقات علاقہ ھائے معقول سے سرافراز رھا ، اب ترک علایق اور اختیار گوشہ نشینی کی سعادت سے کامیاب ہے ۔ گاہ گاہ شعر ریختہ کا فکر کرتا ہے ۔ یہ دو شعر اس کے ایک دوست کی زبانی مسموع ہوئے :

کبھی بن بادہ رہ نہیں سکتے
توبہ کچھ ہم کو ساز گار نہیں

دل میں خوش ہیں عدو پر اے تابش
وہ ستم گر کسی کا یار نہیں

تاثیر

تاثیر تخلص ، حافظ محمد حسین ساکن دھلی ، تلمیذ خدا بخش خاں تنویر ۔ موزوں طبع اور خوش فکر ہے ۔ یہ دو تین شعر اُس کے مرقوم ہوئے :

وہ ہوا پاس تو قابو میں دل اپنا نہ ہوا
ہائے مطلب تو ہوا ، حسبِ تمنا نہ ہوا

بیمار کیا اور بھی اس کم نظری نے
ظالم ہمیں مارا تری بیداد گری نے

بت خانے کے خیال نے کعبہ جھکا دیا
الفت بتوں کی لائی کہاں سے کہاں مجھے

تارک

تارک تخلص ، تارک ماسوا اللہ میر بقاء اللہ ۔ تین بار سفر حجاز کی سعادت سے مستسعد ہو کر دفعۂ چہارم پھر تحصیل ثواب حج کے ارادے سے جہاز پر سوار ہوا تھا کہ ناسازیٔ آب و ہوا سے تپ و لرزہ عارض ہوا اور عین اشتداد مرض میں نماز عشا کے تہیے میں تھا کہ ندائے ''ارجعی''

---

۱ ۔ نسخہ اول (ص ۱۷۱) 'تہیا' ۔ نسخہ دوم (ص ۱۶۷ نول کشور ۱۸۸۲ء) 'تہیہ ۔'

اس کے نفس مطمئنه کے گوش میں پہنچی اور راضی برضا کعبۂ جاں کا احرام باندھ کر کشادہ پیشانی حرم قدس کی طرف راهی هوا 'انا لله و انا الیه راجعون' ۔ یه شعر اس قدسی نہاد ، پاک سرشت کا ایک آشنا کی زبان سے سنا گیا :

میں وہ وحشی ہوں که جوں نکہت گل اے تارک
جب نکلتا ہوں تو کوسوں ھی چلا جاتا ہوں

تایب

تایب تخلص ، شیخ محمد اکرم ، متوطن پنجاب ۔ مدت ہوئی که لباس درویشی بدن پر راست کرکے خاک سر کوچۂ فقر کو خلعت سلطانی سے بہتر سمجھا ۔ دوبار وارد شاهجهان آباد ہو کر راقم تذکرہ کے کلبۂ احزان کو اپنے قدم بہار توام سے رشک ارم کیا ۔ تقدس ذات کو بیان کروں یا محاسن صفحات لکھوں ، مضامین عارفانه هر سخن کے پیرایے میں زبان سے آشنا اور معانیٔ متصوفانه هر حرف کے لباس میں لب پر جلوہ فرما ۔ تیمناً تین چار شعر اس کے افکار سے درج تذکرہ ہوتے ہیں :

پردہ برخسار خویش بسته چه آئی ، مگر
طاقت دیدار نیست تایب دل خسته را

دیده میزند ابت[۱] تا ز خواب بر خیزی
می کند نفس فریاد ، تا شتاب بر خیزی

---

۱ ۔ نسخه اول (ص ۱۷۲) اور نسخه دوم (ص ۱۶۸ نول کشور ۱۸۸۲ء) میں اسی طرح ہے ؟ غالباً 'آبت' ہے کیوں که سوئے ہوئے کو پانی کا چھینٹا دے کر جگایا جاتا ہے ۔ (فائق)

سحر کہ چوں دل زارم شکستی
شب آں عہدے کہ بامن بستہ بودی

باین زودی چہ جستی از بر من
مگر عہدے بہ دشمن بستہ بودی

تپش

تپش تخلص ہے نوجوان خوش مزاج ، پسندیدہ اطوار ، یوسف علی نام کا - ذہن کی رسائی اور فکر کی کاوش اور معنی کی تلاش اور طبیعت کی مناسبت میں اقران و امثال سے ممتاز ہے اور ظرافت و بذلہ سنجی و خوش روی و نازک اندامی میں حریفان ہم نفس سے سر افراز- اصلاح شعر راقم ہیچ مدان صابر عجز طراز سے لیتا ہے - یہ چند شعر اس کے افکار سے ہیں :

ہے رشک کی خوبی کہ ترے کوچے کی جانب
گر خضر کو بھی کہیے تو رہبر نہیں ہوتا

غصہ اٹھا اٹھا کے یوھیں بار بار کا
اے دل ! مزاج تو نے بگاڑا ہے یار کا

اک روز اے تپش کوئی آفت اٹھائے گا
حسرت سے دیکھنا یہ ادھر بار بار کا

اضطراب دل سے کہتے ہیں تپش نے جان دی
روز کے جھگڑوں سے چھوٹا ، مر گیا ، اچھا ہوا

بے طرح پھنس گیا ہے مصیبت میں ہمدمو
آتا ہے رحم اس دل ناکردہ کار پر

دل کھینچتے ھیں اور کسی کو نہیں خبر
کرتی ھیں کام تیری نگاھیں نقاب میں

اظہار عشق ، غیر کے آگے کیا **تپش**
رھتی نہیں تمیز تجھے اضطراب میں

کوئی مر جائے یا کوئی تڑپے[۱]
وہ تو خنجر کو آزما بیٹھے

تحیر

تحیر تخلص ، مولوی غلام مصطفیٰ سہین خلف جناب کمالات مآب عالم تحریر ، فاضل بے مثل و نظیر ، جامع علم و عمل ، معدوم العوض ، مفقود البدل ، گوھر شناس علم الیقین ، مولانا مخدومنا مولوی محمد رفیع الدین غفراللہ لہ هر چند خلاف رسم خاندان علم رسمی سے بہرہ ور نہ تھا لیکن بہ سبب بزرگی آبا ؤ اجداد کے علماء روزگار اس کی خاک قدم کو سرمۂ چشم اور اس کے خاشاک رهگذار کو تاج سر کرتے تھے ۔ ایک عرصہ ھوا کہ سفر آخرت اختیار اور حوران خلد کو اپنے جمال کا محو دیدار کیا ۔ کبھی کبھی اشعار اردو بھی اس کی زبان فیض ترجمان سے سامعہ نواز اھل علم و هنر ھوتے تھے ۔ ازاں جملہ ایک شعر درج تذکرہ ھوتا ہے :

فکر اطفال کو ہے سنگ اٹھا لانے کی[۲]
آمد آمد ھوئی شاید ترے دیوانے کی

---

۱ - نسخہ اول 'تڑپھے' (ص ۱۷۲)
۲ - نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ ھ میں 'اٹھا لانے کی' ہے ۔

تحسین

تحسین تخلص ، محمد حسین خاں ساکن شاھجہان آباد جوان سعادت مند ، کان حیا معدن حلم - چند سال سے کتابیں چھاپنے کا کارخانہ اپنے کاشانۂ دولت میں مقرر کیا اور اس مطبع کا نام مصطفائی رکھا ھے - ھر چند اس شہر میں کثرت مطبع اتنی ھے کہ حوصلہ شمار کا آن کی تعداد سے تنگ ھے لیکن اس ھوشیار طبع کے سلیقہ سے نسخہائے مطبوعہ کی صحت اور درستئی خط مشہور آفاق ھے - پریس اس مطبع کا چرخ فلک ھے کہ ھر جنبش میں آثار عجیبہ اس سے صادر ھوتے ھیں اور سنگ اس پریس کا لوح محفوظ ھے کہ نظر دقایق نگر پر اسرار غریبہ اس سے ظاھر ھوتے ھیں - گہ گہ شعر ریختہ اس صاحب طبع کی صافیٔ طبع سے حکم آئینۂ مجلا کا پیدا کرکے مشتاقان معنیٔ غریب کے سامنے چہرۂ مقصود سے نقاب کشا ھوتا ھے - یہ چند شعر اس کے افکار گوھر نثار کا نمونہ ھیں :

آزار ھوا اس کو ، مگر عشق بتاں کا
بے طور ھے نقشہ دل بیتاب و تواں کا

جب بت سے نہ راضی ھوں تو بتخانہ سے کیا کام
تحسین چلو کعبے کو جھگڑا ھے کہاں کا

اے دل تو عشق کیجو مگر دیکھ بھال کر
عاقل کو چاھیے کہ کرے فکر دور کا

لب کی خوبی میں کیا سخن ہے پر
فتنۂ روزگار ہے[1] آنکھیں

کوئی کیوں کر بچائے جان ہمدم
ایک خنجر گذار ہے آنکھیں

صیاد اس طرح جو نہ گرم عتاب ہو
کیوں آشیاں چمن میں ہمارا خراب ہو

تحسین اُن کو دیکھتے جاتے تو ہو مگر
ایسا نہ ہو کہ جاں کو وہی پھر عذاب ہو

خیال بتاں دل میں رکھتے ہو تحسین
مگر تم بھی، رسوا ہوا چاہتے ہو

ہوئے ذلیل تو عزت کی جستجو کیا ہے
کیا جو عشق تو پھر پاس آبرو کیا ہے

اگر نہیں ہے تجھے ذوق مے کشی تحسین
تو تیرے ہاتھ میں یہ ساغر و سبو کیا ہے

یار کہوے کہ اٹھ مرے در سے
دل یہ کہوے یہیں رہا کیجے

تحسین

تحسین تخلص، علی مولا خاں ساکن شاہ جہان پور
توجوان ظریف مزاج، خوش طبع ہے۔ یاران جلیس سے

---

۱ - نسخہ اول (ص ۱۷۳) پر 'ہے' بجائے 'ہیں' پایا جاتا ہے، بعد میں بھی 'ہے آنکھیں' آتا ہے اور نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ھ میں بھی 'ہے' لکھا ہے۔

سریشم اختلاط اور دوستان موافق سے گرم ارتباط ، حسن و جمال کا یہ عالم ہے کہ اگر اقتضائے جوانی سے خوبان دل ربا پر دل آ جائے ، عاشقی سے معشوقی کی نوبت پہنچ جائے ۔ سخن کی رنگینی گل پر ناز اور کلام کی لطافت گوہر پر زبان دراز کرتی ہے ۔ ہر چند اشعار نازک اس نازک طبع کے بہت مسموع ہوئے لیکن بالفعل سوا اس شعر کے ذخیرۂ حافظہ میں نہ تھا ، ناچار مندرج تذکرہ ہوا :

کیا لکھیں اور ذرا غور کریں آپ اسے
ڈرتے ڈرتے یہ لکھا ہے کہ پڑھیں آپ اسے

تدبیر

تدبیر تخلص ، شیخ محب اللہ ساکن جون پور ، مرد خلیق ، خوش وضع تھا ۔ کسی تقریب سے وارد شاھجہان آباد اور ایک محفل میں راقم سے ملاقی ہوا ۔ ہر چند دو چار شعر اس کی زبان گوہر نثار سے مسموع ہوئے تھے لیکن یہ شعر ناخن بہ دل زن تھا :

اور ہی کچھ ڈھنگ ہے اپنی گرفتاری کا ہائے
یوں تو زلفوں میں تری کس کس کا دل الجھا نہیں

تسکین

تسکین ، زبدۂ خاندان سیادت ، اسوۂ دودمان سعادت ، میر حسین ۔ نسب اس زبدۂ سادات کرام کا میر حیدر قاتل

وزیر فرخ سیر تک پہنچتا ہے ۔ کتب فارسی کو جناب آستادی مولوی امام بخش صہبائی سے پڑھا ہے اور جو کہ طبع نہایت موزوں تھی ، شوق شعر گوئی نے غلبہ کیا ۔ اول اپنے کلام کو شاہ نصیر مرحوم کی نظر اصلاح میں گذرانا ۔ جب کچھ سلیقہ اس فن میں بڑھ گیا ، سر رشتہ اصلاح کا چندے منقطع رکھا ۔ لیکن پھر اپنے سخن کی تکمیل کے واسطے مومن خاں سے اصلاح لینی شروع کی ۔ رفتہ رفتہ مشق سخن کمال کو پہنچی اور طرۂ ایوان سخن کنگرۂ عرش تک ۔ جو کج رفتاریٔ فلک اہل ہنر کی دشمن اور کملاے فن کی عدو ہے ، تلاش معاش کے ذریعے سے سفر رام پور کا اتفاق ہوا ۔ وہاں یا تو یہ آسماں نہیں یا اس وقت یہ نخل سرشت کسی اور امر خطیر کی طرف متوجہ تھا ۔ رئیس رام پور کی قدر شناسی سے سلسلہ نوکری کا بہ قدر رفاہ حال منتظم ہو گیا ۔ اس گل زمین کے شعرا نے پاکیٔ زبان اور خوش فکری کو قبول رکھا ۔ بارہ سو اٹھ ست ہجری میں عالم شباب میں پیر زال دنیا کی صحبت سے بیزار ہو کر حوران بہشتی کی طلب میں روضۂ خلد کی طرف راہی ہوا ۔ اسی سال میں چند روز پہلے مومن و عارف کے سانحۂ ناگزیر سے قدردانان سخن کا سینہ داغ دار اور ہنر شناسوں کا دل افگار ہو چکا تھا کہ یہ واقعہ جان کاہ علاوہ رنج و ملال اور مزید اندوہ و کلال ہوا ۔ قربان علی سالک نے تاریخ وفات اس طرح پائی کہ بہ طریق معما کے ان دونوں سانحۂ جاں گداز پر بھی اشتمال رکھتی ہے مصرع[1] : ارم میں مومن و تسکین و عارف ۔

---

۱ ۔ نسخہ اول (ص ۱۷۴) 'مصرعہ' نسخہ دوم (ص ۱۷۰ نول کشور ۱۸۸۲ء) مصرع ۔

یعنی ان تینوں نام کے اعداد ارم کے اعداد میں شامل ھیں ۔ یہ چند شعر اُس صاحب طبع کے کلام سے انتخاب ھو کر مرقوم کیے گئے ۔

دیکھیں کیا میری طرف یاد ھیں ان کو اپنی
چشمکیں غیر سے کرنی مجھے دکھلا دکھلا

بات کرنے میں جو ھر دم ھے حجاب آئینہ
دیکھتا کیا ھے مجھے بھی تو خود آرا دکھلا

جان دیتا ھے ھر اک بات کو تسکین کر یاد
تم نے کیا اُس کو دیا اپنا سراپا دکھلا

رھنے والوں کو ترے کوچے کے یہ کیا ھوگیا
میرے آتے ھی یہاں ھنگامہ برپا ھو گیا

قسمت تو دیکھ جتنے کیے شکوے ھجر کے
ان کو کہاں رھا گلۂ روزگار کا

کہتے ھیں رنجش ظاھر میں مزہ آتا ھے
یوں ھی تم مجھ سے ذرا ھو کے خفا مل جانا

تمھیں بھی کھولنی زلفیں پڑیں گی
دل گم گشتہ گر اپنا نہ پایا

ھزاروں مرگئے دیکھا جو عالم سوگ میں اس کا
لباس آیا تھا وہ کافر پہن کر میرے ماتم کا

تھا میری طرح غیر کو بھی دعویٔ الفت
ناصح تو اُسے دینے کو الزام نہ آیا

بے بال و پری کھوتی ھے توقیر اسیری
صیاد یہاں لے کے کبھی دام نہ آیا

زندگی ہووے گی کس طور سے یارب اپنی
دم میں سو بار اگر یوں وہ خفا ہووے گا

گھر میں برہم ہے وہ فتنۂ دوراں ہمدم
مجھ پہ طوفان کوئی تازہ اٹھا ہووے گا

آج جو عرش پہ ہے اپنا دماغ اے ظالم
کوئی دشمن تری نظروں سے گرا ہووے گا

اتنی سرخی شفق چرخ میں کس دن تھی مگر
عاشق زار کا کچھ رنگ اڑا ہووے گا

حق کے کہنے سے نہیں ملتی ہے سولی منصور
تونے دعویٰ کہیں الفت کا کیا ہووے گا

جنس دل کی مری کچھ قدر نہ ہوگی افسوس
تم وہ لیتے ہو کہ کردیں جسے اغیار پسند

گر مر کے چھٹے دل کی طپش سے تو عزیزو
تا حشر نہ نکلیں گے کبھی گور سے باہر

کبھی کہتا ہوں وصل مشکل ہے
کبھی کہتا ہوں کچھ محال نہیں

یاں انتظار ہی میں کٹی مجھ کو ساری رات
واں وعدہ کیا کیا تھا انھیں یاد ہی نہیں

وہم آتا ہے مٹا کر خط پیشانی ہائے
اس میں لکھا نہ ہو اس در کی جبیں سائی کو

تھے جن[1] سے گماں دوستی کے
دشمن وہ ہوئے ہمارے جی کے

---

۱ - نسخہ اول (ص ۱۷۵) 'جی سے' نسخہ دوم (ص ۱۷۱) جن سے -

اک خلق ہے تلخ کام سن کر
کیا شور ہیں اپنی بیکسی کے

دل دینے کو قتل ہی سزا ہو
قایل ہیں تمھاری منصفی کے

ہزار طرح سے کرنی پڑی تسلیٔ دل
کسی کے جانے سے گو خود نہیں قرار مجھے

شب وصال میں سننا پڑا فسانۂ غیر
سمجھتے کاش وہ اپنا نہ راز دار مجھے

وہ اپنے وعدے پہ محشر میں جلوہ فرما ہیں
نہیں ہے ضعف سے انبوہ میں گذار مجھے

مرے قصور سے دیدار میں ہوئی تاخیر
نہ دیکھنا تھا تماشائے روز گار مجھے

یہ کہہ کے شب ہجر میں کرتا ہوں تسلی
جو رنج و مصیبت ہے سو انسان کے لیے ہے

تیغ نگہ یار آچٹتی لگی تھی پر
برسوں گذر گئے مجھے آزار کھینچتے

تسلی

تسلی تخلص، میرشجاعت علی شاگرد شاہ نصیر مرحوم -
اوایل حال میں ولولۂ شباب و اقتضائے جوانی سے معاملہ بندی
کی طرف متوجہ اور تلامذہ شاہ مرحوم میں جرأت عصر
مشہور تھا - شعر خوانی کی طرز عاشق پیشگی اور وارستہ

مزاجی پر دلالت کرتی تھی اور شعر پڑھنے کے انداز سے ظاہر ہوتا تھا کہ اپنے حال کا افسانہ کہتا ہے ۔ اب مدت سے ترک ماسوا کر کے اکثر قدم پاک، مورد لولاک صلعم کی زیارت کو غنیمت کبریٰ جان کر اُسی مکان برکت نشان کے گوشے میں نقش پا کی طرح پڑا رہتا ہے ۔ عجب خوش طالعی اس مرد پاک سرشت کی ہے کہ اس کو ایسی درگاہ ملایک سجدہ گاہ کی خاک پاک کا صندل دنیا کے دردسر سے نجات دیوے ۔ یہ دو شعر اس کے یاد تھے جو لکھے جاتے ہیں :

مجھ سے بدنام اُسے لوگ عبث کرتے ہیں
ہم نشیں وہ تو مرے پاس نہ آیا نہ گیا

اس طرح میلے کچیلے تو یہ آفت ہو تم
گر تکلف کرو کچھ پھر تو غضب لاؤ اجی

تسلیم

تسلیم تخلص، حاتم خاں قوم سے افغان اور رؤسائے رام پور اور شاگردان علی بخش بیمار سے ہے ۔ ذہن سلیم اور طبع مستقیم رکھتا ہے ۔ یہ چند شعر اُس کے اشعار سے منتخب ہوئے :

شباب گیسوئے مشکیں کے عشق میں گزری
پھرا کیا میں خطا میں تمام شب بھٹکا

کچھ اُس کے حق میں ہلے ہوں گے وہ لب مے گوں
یہ بات کیا ہے کہ تسلیم بے سبب بھٹکا

پہلے اے غنچۂ گل منہ تو ذرا بنوا لے
کیجیو پھر دہن یار سے نسبت پیدا

کہربا کاہے کو اس طرح سے تنکے چنتا
تیرے دیوانے کی کرتا جو نہ رنگت پیدا

تشنہ

تشنہ تخلص ، محمد علی نوجوان وارستہ مزاج ، درویش وضع ، گاہ عریانی کو اپنا لباس بے تکلف مقرر کرتا ہے اور کبھی لباس کو زیب بدن کر کے اہل روزگار کی تقلید کی راہ میں چلتا ہے - اصلاح شعر کبھی حکیم آغا جان عیش اور کبھی شیخ ابراہیم ذوق مرحوم سے لی ہے - یہ دو تین شعر اس کے مرقوم ہوئے :

نہ ہوں وہ لب جو کھلیں شکوۂ جفا کے لیے
وہ ٹوٹیں ہاتھ جو اٹھیں کبھی دعا کے لیے

ہوئی تھی ایسی کہاں کی صفائی اس بت سے
کہ آسماں نے عوض خاک میں ملا کے لیے

تمھاری ہم کو خبر کیا کہ ایک مدت سے
یہ بے خبر ہیں کہ اپنی خبر نہیں رکھتے

تشہیر

تشہیر تخلص، مرزا مغلی بیگ ، ساکن شاہجہان آباد ، شاگرد غلام مولیٰ عرف مولائی[1] بخش قلق ، جوان نیک نہاد

---

۱ - نسخۂ اول : مولالی - نسخۂ دوم : مولائی -

اور خاندان شرافت اور دودمان نجابت سے ہے ۔ طبیعت رسا اور فکر بلند رکھتا ہے ۔ یہ دو تین شعر اس کے مرقوم ہوئے :

مرے سینے کی آہ آتشیں بھی برق ہے گویا
کہ اک دم میں یہاں پھونکا تو اک پل میں وہاں پھونکا

کیا خاک نشیمن کوئی گلشن میں بناوے
گل خوش ہیں اگر ہم سے تو صیاد غضب ہے

خوبان جہاں یاد رہے تم کو بھی یہ بات
تشہیر بھی کم بخت اک آزاد غضب ہے

تصدیق

تصدیق تخلص ، نواب مہدی حسین خان رئیس جون پور کہ بالفعل بنارس میں عہدۂ تحصیل داری پر مامور اور وضع داری کے ساتھ مشہور ہیں ۔ اشعار فارسی کا فکر کرتے ہیں ۔ یہ دو تین شعر ان کے یاد تھے سو لکھے گئے :

کارم بجاں رسیدہ و جاناں نمی رسد
می میرم و مسیح بدرماں نمی رسد

دریا بآب دیدۂ گریاں نمی رسد
با موج اشک شورش طوفاں نمی رسد

با نالہ ام کہ در چمن از سینہ می کشم
گل بانگ عندلیب خوش الحاں نمی رسد

تصور

تصور تخلص ، نبی بخش نواسۂ شاہ نصیر مرحوم۔ قلم اس کی اہلیت اور اخلاق کو لکھے یا تیزیٔ فکر و جودت طبع کو تحریر کرے یا تاسف جواں مرگی سے بزم احباب کو ماتم سرا بنا دے۔ یہ دو چار شعر اُس کے بطریق یادگار مرقوم کرتا ہے :

اُس کے خیال زلف میں کچھ سوجھتا نہیں
آنکھوں میں اپنی دن شب دیجور ہو گیا

ہم بھی مثال آئینہ ہیں تجھ سے سینہ صاف
دل سے ترے غبار اگر دور ہو گیا

کیا کیا خیال دل میں گذرنے لگے جو آج
دروازہ اُس کا شام سے معمور ہو گیا

کس نے کہا تھا تجھ سے تصور کہ اُس سے مل
دل اپنا دے کے آپ تو مجبور ہو گیا

عشق بازی اے تصور کھیل لڑکوں کا نہیں
جان کا اس میں بچانا کام ہے ہشیار کا

خواب کا بس کیا چلے اس دیدۂ بیدار پر
چور کو آتے نہیں دیکھا کبھی ہشیار پر

آبلوں نے پاؤں کے پانی چرایا اس قدر
تشنگی سے پڑ گئے کانٹے زبان خار پر

اس کی باتوں نے زباں کے کر دیے ٹکڑے مری
لے گئی سبقت زبان یار بھی تلوار پر

تصویر

تصویر تخلص ، میاں بن نام ، مرد خوش کردار ، نیک نہاد ۔ حالاں کہ سواد روشن نہیں رکھتا اور امیٔ محض ہے لیکن طبیعت خدا داد کی اعانت سے فکر موزونیٔ سخن دامن گیر رہتا ہے اور اس استعداد پر رشک امثال ہے ۔ ہر چند باعتبار اصل و نژاد کے نجیب زادہ ہے لیکن زمانے کی تنگ چشمی اور فلک کی ناتواں بینی سے پیشۂ نیچہ بندی کو حصول روزی کا ذریعہ کیا ہے ۔ ہیہات یہ کیا سخن تھا کہ زبان سے نکلا اور یہ کیا حرف تھا کہ لب سے آشنا ہوا ۔ غرض اس پیشے سے دل سوزیٔ عشاق اور مقصود اس حرفے سے چارہ گریٔ عاشق پیشگان آفاق ہے کہ نے قلیان کے پردے میں آہ جگر سوز کو سر کریں اور بد گمانیٔ رقیب سے کلبۂ احزان میں یک چند فارغ البال بسر کریں ، اور یہ کیوں نہ ہو کہ شیوۂ شاعری بے درد محبت نہیں ہوتا ۔ دردمند کو ہم درد کا پاس ضرور ہے اور ہر جگر سوختہ اپنے ہم داغ کی دم سازی میں مجبور ہے ۔ یہ چند شعر اُس کے مرقوم ہوئے :

کچھ نہ بن آیا تو شب کو آپ کہہ کر اپنے ظلم
بے مزہ رکھنے کو وہ میرے پشیماں ہی رہا

تو اپنی جان پہ کھیلا ہے عشق میں اُس کے
یہ دل میں کیا ترے تصویر دل فگار آیا

بات بھی کچھ کی تو اُس نے ذکر دشمن کا کیا
وائے قسمت وہ کھلا بھی ہم سے تو کیوں کر کھلا

فدا نا آشنائی پر تو ھیں لاکھوں دل و جاں سے
اگر وہ بت کسی کا آشنا ھوتا تو کیا ھوتا

کیا حال دل سناؤں یارا نہیں بیاں کا
مارا ھوا ھوں میں بھی اک جور آسماں کا

گر آج بھی نزاکت آنے تمھیں نہ دیتی
کچھ اور تھا ارادہ یاں جان ناتواں کا

صبر اس پر اس ھماری حسرت دیدار کا
بند جس نے کر دیا روزن تری دیوار کا

وہ بھی ھوں گے کہ جو آرام سے ھیں الفت میں
چین ھم نے تو نہ پایا ترے شیدا ھو کر

خاک بھی میں تو ھو کے دیکھ چکا
نہ گیا واں مرا غبار تلک

پوچھیو مت مزاج چل تو سہی
یار تصویر دل فگار تلک

تیرا اور اغیار کا سا ربط ھے
دل میں میرے اور ترے پیکاں میں[1]

ھم کو کرنا ھی نہیں شکوۂ بے جا و بجا
اب تمنا ھی تری دل سے اٹھا دیتے ھیں

میں باز آیا تمھاری دوستی کی ان نگاھوں سے
مجھے بھی یوں ھی دیکھو دیکھتے ھو جیسے دشمن کو

خلش کچھ تو رھے اے بخیہ گر اس میرے سینے میں
لب زخم جگر میں کاش سی دے رکھ کے سوزن کو

---

۱ - نسخہ ۲ (ص ۱۷۳) ہیں (غلط) -

مجھ سے کیا پوچھتے ہو غل پس دیوار ہے کیا
تم نے جھانکا تھا سو یہ فتنہ و شر اُس کا ہے

رہا ہوئے پہ بھی ہم تو رہے قفس کے[1] ہی گرد
کہاں وہ جائیں کہ جو بال و پر نہیں رکھتے

ہزار رکھتے ہیں ہم دل پہ زخم اے تصویر
تری طرح سے تو ٹکڑے جگر نہیں رکھتے

کچھ مزا شور تبسم نے تمہارے ہے دیا
یوں تو زخموں پہ بہت ہم نے نمکداں الٹے

یہ بھی کوئی ہنسی ہے کہ رخصت کا لے کے نام
سو بار بیٹھے بیٹھے مجھے تم رلا چکے

بھرا آتا ہے جی تصویر سن سن کر تری باتیں
لگایا تو نے اے کم بخت دل کس آفت جاں سے

کیا پوچھتے ہو خاک میں کس نے ملا دیا
جو کچھ کیا سو آپ کے دل کے غبار نے

آج کی شب نہ خفا ہو ترے قرباں، ہم سے
کل تو لیوے ہی گی بدلا شب ہجراں ہم سے

کون موسلی تھا؟ کہاں طور؟ کسے غش آیا؟
ایک یہ بھی تھی مری جان شرارت تیری

تعشق

تعشق تخلص، فاضل یگانہ، علامۂ زمانہ، سید مولوی محمد
شاگرد رشید عالم محقق، نحریر مدقق، مولوی رشیدالدین خاں

---

۱ - نسخہ ۲ (ص ۱۷۵) ''ھی کے'' -

مرحوم ۔ جمیع علوم متداولہ میں استحضار تمام ، خصوصیات کتب طبیہ میں مہارت تام حاصل ہے ۔ جو کہ حکیم قدرت اللہ خاں قاسم کو قرابت قریبہ کے لحاظ سے ان کی ترقی کمال منظور تھی ، امر معالجہ کے باب میں ایسے نکات عجیبہ اور فواید غریبہ حاصل ہوے کہ مشتاقان قدیم کو بعضے اوقات ان کی حسن تدبیر پر اتفاق تقدیر کا گمان ہوتا ہے ۔ سابق کبھی کبھی شعر ریختہ بھی کہتے تھے اور حکیم صاحب موصوف کی نظر اصلاح سے گذرانتے تھے۔ شاھجہان آباد لطافت بنیاد میں حکام وقت کی قدردانی و ہنر شناسی سے مدرسے میں سو روپیہ مشاھرے پر طلبائے عربی کی تعلیم کے واسطے معین اور زمرۂ مدرسین مدرسہ میں مدرس اول ہیں ۔ ہر چند اب بہ‌سبب توغل علوم شریفہ کے شعر گوئی کی طرف اصلا التفات نہیں ، لیکن بہ سبب موزونیٔ طبیعی اور مذاق فطری کے جب کوئی شعر گوش‌زد ہو جاتا ہے ، عنان طبیعت بے اختیار ان مسائل غامضہ سے اس شعر کی جانب معطوف ہو جاتی ہے ۔ اشعار قدیم سے یہ چند شعر انتخاب ہو کر مرقوم ہوئے :

سنتا ھی نہیں بلبل بیدل کی جو گل آہ
کیا تو نے شگوفہ یہ صبا کان میں چھوڑا

وعدۂ شام تو کیا ہے ولے
کچھ وہ آتا نظر نہیں آتا

تجھ کو اس میری آہ و زاری پر
رحم اے فتنہ گر نہیں آتا

تیرے بیمار کا ہے یہ عالم
ہوش دو دو پہر نہیں آتا

تو اے پیماں شکن وعدے پہ کس دن میرے گھر آیا
سدا سنتے رہے یوں ہی کہ شام آیا ، سحر آیا

کہوں کیا حال اے گل رو تری فرقت میں آنکھوں سے
کبھو خوناب[1] دل ٹپکا ، کبھی لخت جگر آیا

خواب راحت سے جگا کر اس کو لے آئی یہاں
کام آئی ہم دمو اس آہ کی تاثیر ، رات

کہتے نہ تھے تعشق مت جاؤ اس گلی میں
آئے نہ واں سے دیکھا خوار و تباہ کیوں کر

رویا کیا سحر تک میں رشک سے عزیزو
ہنستے سنا جو اس کو غیروں سے انجمن میں

ہوتے ہیں دل کے ٹکڑے آتا ہے یاد جس دم
کچھ چپکے چپکے کہنا اس کا لب و دہن میں

کس پری سے ہے تعشق گرم جوشی ان دنوں
پھر فزوں ہم کو نظر آتی ہے وحشت آپ کی

تفتہ

تفتہ تخلص ، منشی ہرگوپال متوطن سکندر آباد ۔ عہد طفولیت سے سخن گوئی کی طرف مایل ہے ۔ سنا گیا کہ اشعار فارسی سے دیوان ضخیم فراہم کیا ہے ۔ راقم آثم تک سوا اس ایک شعر کے نہیں پہنچا ۔ اگر یہی طرز گفتگو ہے تو نہایت

---

۱ ۔ نسخہ ۲ (۱۸۶) خون ناب ۔

خوش فکر ہے۔

ای نالہ سوے چرخ مرو گرم مرو گرم
باپیر نہ زیبد سر آزار جواں را

تمنا

تمنا تخلص ، عبدالرحمان نام ، برادر حقیقی مولوی محمد حسین ہجر ، قصبہ جیورا[1] کے قاضی زادوں میں سے ہے۔ مدت تک شاہجہان آباد میں قیام پذیر ہو کر تحصیل علم فارسی نہایت تحقیق و تدقیق کے ساتھ مولانا و مخدومنا مولوی امام بخش صہبائی کی خدمت میں کی اور فارسی شعر کی اصلاح بھی جناب ممدوح سے لی۔ سخن بہت خوش اسلوب ، طبیعت سلیم یہ چند شعر اس کے نتایج طبع سے ہیں :

ایں قدر آشفتگی ہر دم چرا بودے مرا
آشنا گر آں بت نا آشنا بودے مرا

سبحہ ہم زنار دارد گرگسستم باک نیست
من برھمن می شدم گربت خدا بودے مرا

محو بے داد تحیر نفس است
شکر بر آئینہ بے دادم نیست

پرسش حال من از چشم کسے مے آید
غم بیمار ز بیمار بسے مے آید

دست از زندگیٔ خویش تمنا بردار
کز پیٔ قتل مسیحا نفسے مے آید

---

۱ - نسخہ دوم (۱۷۶) جیپور -

در باغ نیز حسرت آغوش میدمد
بوے سمن ز صبح کنارش سخن کند

بس کہ ہرحرف از سر بے تابیٔ دل می طپد
نالہ بر بال کبوتر ہم چوں بسمل می طپد

در جہاں آئین شفقت باعث رنج دل است
موج ہا پیوستہ در آغوش ساحل می طپد

مردیم و فکر زلف تو از ما نمی رود
سر رفت لیک جوشش سودا نمی‌رود

ہنوز از خانۂ زنجیر بانگ نوحہ می آید
طلب گار تو بعد از مرگ دارد ماتمے دیگر

بزیر چشم خوباں زندگی کردم نہ دانستم
کہ ساقی می کند درجام من ہردم سمے دیگر

دریدم پیرہن وز بوی آں گل پیرہن آخر
بہ ذوق بے خودی چاک گریباں سحر گشتم

تمنا

تمنا تخلص، مرزا مغل جان۔ چند مدت سے مقیم آگرہ اور مصاحبت راجا بلوان سنگھ بہادر راجا تخلص والیٔ کاشی سے ممتاز ہے۔ اشعار ریختہ مرزا حاتم علی بیگ مہر کی نظر اصلاح سے گذرانتا ہے۔ یہ دو شعر اُس کے اشعار سے انتخاب ہوئے:

جام سفال جلوۂ مے سے دمک گئے
پرتو سے آفتاب کے ذرے چمک گئے

بغل میں مے کشوں کی ہیں شراب ناب کے شیشے
لیے بیٹھے ہیں پریوں کو یہاں مے خوار پہلو میں

تمنا

تمنا تخلص ، مرزا غیاث‌الدین ابن مرزا شمس‌الدین ابن حضرت فردوس منزل شاگرد حافظ قطب‌الدین مشیر - یہ چند شعر ان کے نتایج طبع سے ہیں :

جو آنکھ چراتے تھے لگے کرنے اشارہ
ہووے گی ابھی آہ کی تاثیر ہوئی کیا

تھامے ہوئے دل بیٹھے ہو کیوں آج تمنا
کل دل پہ جو رکھتے تھے وہ تصویر ہوئی کیا

اے تمنا دل پہ کیوں رکھے ہوئے ہو ہاتھ تم
پھر کہیں کیا دل لگا ، عشق بتاں پیدا ہوا

چھپے کیا عشق تیرا غم ستائے بن نہیں رہتا
زباں پر نام بے تابی سے آئے بن نہیں رہتا

تمکین

تمکین تخلص ، میر سعادت علی ساکن قدیم عظیم آباد ، وارد حال دہلی - زبان پاکیزہ اور اشعار دل چسپ رکھتا ہے - سن پچاس سے متجاوز اور طبیعت میں ظرافت مضمر ہے - یہ چار پانچ شعر اس کے لکھے جاتے ہیں :

درد و غم رنج و اضطراب و قلق
حال کیجیے بیاں تو کس کس کا

کان رکھ کر بات غیروں کی سنا کرتے ہو تم
کاش کے ہم بھی نہ ہوتے تم سے صورت آشنا

گر نشہ ہے یہی نگہ میں تری
مے کے پینے کی احتیاج نہیں

نام تمکیں ہوا تو کیا ہمدم
رات دن بے قرار رہتا ہوں

مہر و الفت کا ثمر ہے مہر و الفت دھر میں
پر محبت سے مری تم اور دشمن ہو گئے

تمیز

تمیز تخلص ، نواب احمد علی خاں ۔ خوش خلق اور نیک نہاد ۔ فکر سخن میں اکثر امثال و اقران سے بہتر به نسبت غزل کے سلام و مرثیے کا فکر بیشتر دامن گیر رہتا ہے ۔ اس زمانے سے پہلے ریاست اور حکومت بہادر گڑھ اور اس کے مضافات کی جو شاھجہان آباد سے بارہ کوس کے فاصلے پر اور بالفعل تحت حکومت نواب بہادر جنگ خان بہادر ہے ، انھیں کے خاندان میں چلی آتی تھی ۔ نواب امیر علی خان مرحوم کی بعض بعض ادائے ناخوش سے کہ مسند نشین حکومت تھا ، وہ ریاست اس خاندان سے منتقل ہو گئی ، لیکن اب تک بھی اُس پرگنے سے کچھ جاگیر به قدر مدد معاش معین ہے ۔ سکونت ان کی بیشتر شاھجہان آباد میں اور گاہ گاہ بہادر گڑھ میں ہوتی ہے ۔ یہ تین شعر ان کے انتخاب ہو کر

مرقوم ہوئے :

اب تو زمیں یہ پکڑی ہے محشر ہی کیوں نہ ہو
جنبش کریں گے آن کے نہ پر آستاں سے ہم

کس کی رخشش گرم سے پامال میری خاک ہے
آج تک روئیدگی جو قبر پر ہوتی نہیں

جذب دل سے لائیے کس طرح اس کو کھینچ کر
آہ میں تاثیر اپنی اس قدر ہوتی نہیں

تنویر

تنویر تخلص ، خدا بخش خاں نام ، شاگرد رشید حافظ قطب الدین مشیر ، زمرۂ خواصان حضرت خلافت مرتبت ابوظفر سراج الدین بہادر شاہ دام سلطنتہ میں منسلک ہے ۔ خوش اخلاق و نیک نہادی ایک شیوہ ہے کہ دست قدرت نے اس کی ذات میں ودیعت رکھا ہے ۔ مشق سخن یہاں تک پہنچی ہے کہ شرایط شعر سے سمجھ کر ارادے کو افکار گوہر نثار سے متعلق کرتا ہے ۔ والّا اگر ارادہ کرے تو بے ارادہ قامت سخن حلیۂ موزونی سے دایماً متحلی ہوتا رہے ۔ یہ چند شعر ان کے نتائج فکر سے ہیں :

سیکھ لیں اس نے بھی آس عہد شکن کی باتیں
کہ ٹھہرتا ہی نہیں دل کسی عنواں میرا

دل میں نشتر ہی چبھا کرتے ہیں ہر دم تنویر
لے چکے دم وہ کہیں کاوش مژگاں میرا

یہ نہ جانا تھا ہمیں کو ہوئے گا آزار یہ
سنتے تھے ہم عشق بھی ہے نام اک آزار کا

دیکھا اسے دریا میں تو بے تاب ہی دیکھا
غربت سے زیادہ نظر آیا وطن موج

جان کھائی ہے مری ان پوچھنے والوں نے اور
کیا کہوں کہنے کے قابل ماجرائے دل نہیں

خدام حشر اپنے گریباں کریں گے چاک
یوں ہی چلوگے واں بھی جو دامن سنبھال کے

چہرہ سفید آج ہے ، تنویر خیر ہے ؟
سچ تو کہو کہ غم میں ہو کس مہ جمال کے ؟

تنہا

تنہا تخلص ، شخصے معروف بہ آکا ، قوم قصاب ، مروت و آدمیت سے احباب کے ساتھ وہ سلوک کرتا ہے کہ جو مرد قصاب نے بدیع الزمان کے حق میں نہ کیا ہوگا ۔ گوسپند کے ذبح کرنے کو راہ معشوق میں اپنے خون کا فدیہ ٹھہرایا ہے ۔ یا قتل رقیب کی مشق کے واسطے حیوانات پر ہاتھ صاف کرنا پسند آیا ۔ پارہ ہائے گوشت اور قطرہ ہائے خون اس کی دکان دل پسند میں ہیں یا لخت جگر و اشک سرخ کے مضامین بیت بلند میں ۔ یہ دو تین شعر اس کے مرقوم ہوئے :

تاب گہر تو پہنچے نہ دندان کی آب کو
اور لب کریں خجل ترے برگ گلاب کو

دیدے کے وصل یار کا مژدہ بتاؤ تو
بہلائیں کب تلک دل خانہ خراب کو

اب نامہ بر بنائیں گے ناصح کو، جی میں ہے
معقول آدمی تو ہو کوئی جواب کو

توقیر

توقیر تخلص ، عبدالقادر ، متوطن نواح پنجاب ۔ چند روز سے وارد شاھجہان آباد تھا ۔ جوان وجیہ ، خوش مزاج ، مرنج مرنجان ، فکر سخن بلند ، زبان شستہ و پاکیزہ ، معنی یابی کا سلیقہ خوب ، طبع نہایت رسا ۔ قریب ایک سال کے گذرتا ہے کہ عالم باقی کو راھی ھوا ۔ یہ اشعار اُس کے مرقوم ھوئے :

توقیر دل رمیدہ پھر آوارہ ھو گیا
کس نے سنا دیا اُسے مژدہ بہار کا

واں نمک کا بھی صرفہ ہے توقیر
زخم کھانے کا کچھ مزا دیکھا

مجھ کو کیوں دیکھا بت ناآشنا کو دیکھ کر
ناصحو دیکھو کہ کچھ کہنا خدا کو دیکھ کر

انتظار نامہ بر میں اس قدر بے ھوش ھوں
جان تن میں آ گئی پیک قضا کو دیکھ کر

زخمی تری نگاہ کے آخر کو مر گئے
کہہ کہہ کے ھائے ھائے جگر ھائے ھائے دل

ہم تو خاطر سے تری غیروں کو بھی تعظیم دیں
رشک پر کہتا ہے بیٹھو ، اپنی یہ عادت نہیں

بتوں کو چاہنا اور حضرت توقیر یہ صورت
بظاہر تو نظر آتے ہو تم ، مرد مسلماں سے

توفیق

توفیق تخلص ، میر توفیق علی ، متوطن قدیم آگرہ ، اور اب مدت سے خاک شاہجہان آباد کو شرف قدوم سے مشرف رکھتا ہے ۔ زبان بھاکا میں مہارت تام اور دھرہ و کبت کی تصنیف میں قدرت تمام حاصل ہے ۔ پچاس ہزار دھرہ اس کی لوح حافظہ پر مرقوم ہے ۔ بندش الفاظ اور بلندیٔ معنی اور جدت تشبیہ اور حسن استعارہ میں کبیشران قدیم سے قدم آگے بڑھایا ہے ۔ گہ گہ فکر ریختہ بھی کرتا ہے ۔ اس وقت یہ شعر یاد ہے :

دشمنوں سے آہ بے مہری کا کیا کیجے گلہ
دوست ہی نا آشنا ہے ، بے وفا بے دید ہے

تہور

تہور تخلص ، مرزا غلام فخر الدین ، برادر حقیقی راقم ، جوان متین اور نیک نہاد تھا ۔ مضامین شستہ اس طرح حاضر وقت رہتے تھے کہ ادھر زبان خامہ متحرک ہوئی اور ادھر زہرہ جبینان معانی شبستان کاغذ میں خیل خیل جلوہ گر ہو کر تماشائیان معنی دوست کی دل ربائی میں آمادہ ہوئے ۔ اکثر جناب احسان علیہ الرحمۃ سے اصلاح لی ہے اور گاہ گاہ

مومن مرحوم سے ۔ عین عنفوان جوانی میں اس تنگ نائے فانی سے عازم ملک جاودانی ہو کر اس مغموم و گریاں کے دل سوزاں پر مانند لالہ داغ رکھا ، خدا مغفرت نصیب کرے۔ یہ چند شعر اُس سے یادگار ہیں :

تجھ سے کیا شکوہ ہے ، جی میں یہی آتا ہے کہ میں
دل سے سمجھوں کہ تجھے اُس نے دیا ، کیا سمجھا

سنتے ہی نام غیر تہور بھی ہے غضب
اُس جنگ جو سے لڑنے کو تیار ہو گیا

لے آئے ذرا خط کا جواب ، اُس سے کسی ڈھب
افسوس کہ قاصد سے اب اتنا نہیں ہوتا

آیا نہ ترے گوہر دنداں کے مقابل
شہرہ ہی سنا کرتے تھے ہم دُرِّ عدن کا

ناصحا پند و نصیحت تو نہ کر محفل میں
یاں مرے ساتھ کوئی اور بھی رسوا ہوگا

پھر خدا لائے اُسے یادش بخیر
کیا تہور بے تکلف یار تھا

گو تہور کو نہیں شوق شہادت قاتل
کیوں ترے آگے جھکائے ہوئے گردن آیا

اب ہے کیا باقی جو ہے کاوش تری دشت جنوں
چاک داماں ہوگیا ٹکڑے گریباں ہوگیا

رشک دشمن کا سبب عشق میں کیا ہے ناصح
امتحاں کیجیے مشفق کہیں شیدا ہو کر

تیمور

تیمور تخلص ، گلُ بن حدیقۂ بخت مندی ، مرزاسعادت سلطان طال عمرہ ابن برادر مہربان مرزا قادر بخش موزوں تخلص ، خسر پور راقم آثم ۔ اس نخل سرا بستان جوانی ۔ ریحان شباب و ریعان جوانی سے تازہ بہرہ مندی حاصل کی ہے ۔ اللہ تعالیٰ ثمرات زندگانی سے عمر طبیعی تک کام یاب رکھے ۔ اکتساب علم فارسی میں عمر عزیز کمال محنت کے ساتھ صرف کرتا ہے ۔ ثمرہ اس مشقت کا یہ ہے کہ چند روز میں فکر رسا اور طبع سلیم کی اعانت سے سواد روشن ہو گئی اور تحریر عبارت میں ملکۂ معقول بہم پہنچا ۔ ریختہ گوئی کا شوق تازہ پیدا ہوا ہے ۔ اگرچہ اوایل میں کچھ غزلیں جناب غفران مآب حضرت حافظ احسان علیہ‌الرضوان کی نظر فیض اثر سے بھی گذرانی تھیں ، اب راقم کم سواد سے اصلاح لیتا ہے ۔ چند شعر اس کے نتائج افکار سے منتخب ہو کر درج تذکرہ ہوئے:

اس چمن زار میں جوں شبنم و گل اے گل رو
کبھی خنداں مجھے ہونا کبھی گریاں ہونا

مہکے گی یونہی بزم جو زلفوں سے تمھاری
لینے کا نہیں نام کوئی مشک ختن کا

اس سادہ مزاجی پہ بھی مرتے ہیں ہزاروں
اللہ رے عالم ترے بے ساختہ پن کا

کرتا ہے جیب ، عاشق دیوانہ تار تار
ہر رات تیری زلف معنبر کو دیکھ کر

روتا هوں اپنی بے پر و بالی په باغباں
فصل خزاں میں بلبل بے پر کو دیکھ کر

ضبط نالہ کیا تو جان گئی
اپنا گویا میں آپ قاتل ہوا

باب الثاء المثلثة

ثابت

ثابت تخلص ، صاحب طرز متین ، مرزا معزالدین مرحوم ، خلف الصدق حضرت فردوس منزل شاہ عالم بادشاہ انار اللہ برہانہ ، شاگرد حافظ عبدالرحمان خان احسان غفراللہ لہ ۔ فن سخن میں کامل اور تلامذۂ حضرت مرحوم میں اس کو منصب استادی حاصل تھا ۔ اولاد تیموریہ میں بیشتر اسی صاحب طبع کی شاگردی سے ممتاز ہیں ۔ راقم خرد سالی میں اس کے جمال باکمال سے مشرف ہوا تھا ۔ یہ چند شعر اس کے کلام سے انتخاب ہوئے :

شبنم کی طرح اس چمن دھر میں ثابت
جز گریہ ہمیں اور تو کچھ کام نہ آیا

آفریں دل کو ترے ثابت وگرنہ بار عشق
نے زمیں سے اٹھ سکا نے آسماں سے اٹھ سکا

تھا قلق اور بے قراری رات
مجھ کو روتے کٹی ہے ساری رات

لگایا تیر جو تم نے فقط کلیجے میں
ہر ایک عضو ہے میرا جدا جدا دل گیر

انصاف سے کہہ محتسب اس ابر و ہوا میں
کس طرح سے ہو ساقیٔ گل فام فراموش

ناتوانی سے یہ حالت ہے کہ جاتا ہوں کہیں
اور اڑائے لیے جاتی ہے ہوا اور طرف

سر مرا کاٹ کے تو ہاتھ نہ دھو، تا کہ رہے
منزلت خوں کو مرے رنگ حنا کے نزدیک

آہ گر پردہ نشیں وہ بت خود کام نہ ہو
دیر میں کفر نہ ہو، کعبے میں اسلام نہ ہو

ثابت

ثابت تخلص، شیخ ثابت علی ولد شیخ محمد علی ساکن نواح پورب - بالفعل سرکار راجا بھرت پور میں ملازم اور چند روز سے سر انجام فرمایش سرکار مذکور کی تقریب سے وارد شاھجہان آباد ہے - ہر چند زبان شعر فصیح ہے لیکن روزمرہ گفتگو کا اس سے زیادہ تر دل چسپ ہے - یہ دو تین شعر حسب اتفاق اس کی زبان گوہر بیان سے مسموع ہوئے :

آنے کی کسی کے کیا سنی ہے
جان لب پہ ٹھہر گئی ہے آ کر

کہتے ہیں وہ بے وفا اب آیا
کہنے ہی کی بات ہے سنا کر

ثابت کا ہے حال غیر کل سے
تم بھی آسے دیکھ آؤ جا کر

ثبات

ثبات تخلص ، مہر علی ، متوطن قدیم بڑھانہ اور ساکن حال دہلی ۔ جوان وجیہ و خوش رو ۔ اگرچہ عمر عزیز کو صحبت رنگین طبعان ظریف مزاج میں رائگان بہت کھویا ہے لیکن نجابت ذاتی کی کشش سے تحصیل علم کی طرف مایل اور کسب معاش کی جانب متوجہ ہوتا جاتا ہے ۔ اشعار سودا و میر سے ہزار دو ہزار گنجینۂ حافظہ میں فراہم رکھتا اور انھیں اشعار کی نیرو اور موزونیٔ طبع کی مدد سے آپ بھی گاہ گاہ غزل یا قطعہ کہتا ہے ۔ بندش الفاظ اور ربط معنی گواہ حسن طبیعت اور شاہد جودت فکر ہے ۔ یہ دو تین شعر راقم تذکرہ کے روبرو پڑھے تھے ، اُن کو درج اوراق کیا :

شب کو جو میں نے زلف کو چھیڑا تو یوں کہا
مار سیہ کو ہاتھ لگانا نہ چاہیے

دیکھا مجھے تو ہو کے خفا غیر سے کہا
اس بزم میں ہر ایک کو آنا نہ چاہیے

کھل جائے گا وہاں کس و ناکس پہ راز عشق
اے دل اس اضطراب سے جانا نہ چاہیے

ثروت

ثـروت تخلص ، محمد بخش پسر شیخ احمد بخش ساکـن قدیم بریلی ۔ بالفعل موضع سہنی میں کسی ساہوکار کے فرزند کی تعلیم کی تقریب سے قیام پذیر ہے ۔ اوایل میں دریافت نہیں کہ اصلاح غزل کا کس سے اتفاق ہوتا تھا ، لیکن آخیر میں کچھ شعر مومن خاں کی نظر سے گزارنے ہیں ۔ یہ شعر ایک دوست کے وسیلے سے راقم تک پہنچا اسی کو ثبت تذکرہ کیا :

بھولی صورت پر نہ جا ثروت بتان ہند کی
نرم گو ظاہر میں ہیں لیکن دل ان کا سنگ ہے

ثروت

ثـروت تخلص ، میر محمد مشاهـد ساکن نـارنـول سابق والئی جھجر کی سرکار میں سررشتـہ روزگار کا درست رکھتا تھا ، اب شاہجہان آباد میں تلاش معاش کے واسطے مقیم ہے ۔ اخلاق پسندیدہ اور اطوار حمیدۂ اس صاحب مروت کے اندازۂ تحریـر سے خارج ہیں ۔ اشعار میر و سودا و درد کے حد سے زیادہ گنجینۂ حافظہ میں مخزوں رکھتا ہے ، اور ان اشعار کی اعانت سے آپ بھی موزوں کرتا ہے ۔ یہ دو شعر اس کے تذکرے میں مندرج ہوئے :

داغ ہے لالہ کے دل میں روے زیبا دیکھ کر
پا بہ گل ہے سرو اس کا قد رعنا دیکھ کر

کیا بلا ہوتی ہے آفت رشک کی ہمدم کہ میں
مر گیا اغیار سے ربط اس پری کا دیکھ کر

ثریا

ثریا تخلص ، سید امیر علی گوپا موی ، نوجوان سعادت منش و نیک روش ہے ، اور بیشتر اوقات تحصیل علم و تکمیل فن طب میں مصروف ہے ۔ گاہ گاہ شعر ریختہ بھی موزوں کرتا ہے ۔ یہ دو شعر اس کے وقت تحریر تذکرہ ایک آشنا کی زبان پر گزرے تھے سو درج اوراق ہوئے :

جھوٹے وعدے بھی یاں غنیمت ہیں
اس میں تسکین کچھ تو ہوتی ہے

مژۂ بوالہوس پہ دھیان نہ کر
جھوٹے موتی سدا پروتی ہے

ثمر

ثمر تخلص ، نہال حدیقۂ مروت و اہلیت ، شجرۂ باغ سعادت و آدمیت ، نو بادۂ گلشن جوانی ، نوبر نخل زندگانی ، صافیٔ خمخانۂ امید ، احمد سعید خلف سعداللہ خاں ۔ باوجود حداثت سن اور آغاز شباب کے خلق ذاتی اور اہلیت جبلی کا یہ حال ہے کہ اغیار کی دل شکنی ملت مردمی میں گناہ اور بیگانوں سے چشم پوشی کرنے کو بھی مذہب مروت میں کفر جانتا ہے ۔ اس لحاظ سے کہ پیشانی کریم پرچین کا ہونا نازیبا ہے ۔ بہ سبب موج کے دریا کی عطا پر طعنہ زن ہے ، اور اس خیال سے کہ اہل ہمت کی بخشش عام ہوتی ہے ، صدف کی تخصیص سے ابر گوہربار کے حوصلے میں سخن ہے ۔ مولوی خلیل اللہ کی خدمت میں کہ تازہ وارد شاہجہان آباد اور علم فقہ میں

کامل استعداد ہیں ، تحصیل صرف و نحو اور تہذیب اخلاق میں سرگرم ہے ۔ جو کہ موزوں طبع واقع ہوا ہے اور شعر سے مناسبت ذاتی ہے ، کبھی کبھی سخن کی طرف ملتفت اور ریختہ گوئی کی جانب متوجہ ہوتا ہے ۔ ہر چند اس فن میں نو مشق ہے لیکن متانت کلام اور تازگئ طرز[1] جو اس کو حاصل ہے ، ایک امر ہے خداداد ۔ ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء ۔ یہ چند شعر صدق کلام پر گواہ اور اثبات مدعا پر شاہد ہیں :

نگہ مست سے ساقی کی یہ سرور ہوا
کہ دل سے حسرت مے کا خمار دور ہوا

مثال آئینہ ہم سے کھلی حقیقت حسن
کہ ہم کو دیکھ کے اپنا تجھے غرور ہوا

ہے آج تشنۂ خوں کس کا حسن پاک ثمر
کہ قطرہ قطرہ جگر میں مئے طہور[2] ہوا

دیکھتا تھا حسن اپنا ، مجھ کو آئینہ سمجھ
اور میں خوش تھا کہ بارے مہرباں مجھ پر ہوا

تھا تامل ، امتحان عشق کے قابل ہے کون
بل بے ہمت ، اس ضعیفی پر گماں مجھ پر ہوا

خلش مژہ نہ تھی کم کہ مرے زخموں پر
تبسم لب دلبر نمک فشاں ہوتا

---

۱ ۔ نسخہ ۲ (ص ۱۸۳) طرح ۔ نسخہ اول میں حروف اڑ گئے ہیں طرز جو پڑھا گیا ۔ (فائق)

۲ ۔ نسخہ ۲ (ص ۱۸۳) ظہور (غلط) ۔

مکدر اس نے تو اتنا کیا غضب تھا اگر
مرے غبار کی جا دل میں آسماں ہوتا

نگاہ گرم کا تیری ہے کچھ اثر الٹا
کہ غیر پر پڑی اور دل جلا دیا میرا

ثنا

ثنا تخلص ، مولوی ثناء اللہ ، خلف شیخ کریم اللہ ۔ کتب درسی میں مہارت تام اور حل دقایق میں قدرت مالا کلام ہے ۔ سعادت منشی و نیک نہادی کے اوصاف تو حد اندازہ سے افزوں ہیں ۔ اب چند مدت سے سفر حجاز کے ارادے پر بمبئی میں متوقف ہے ۔ گاہ گاہ شعر بھی کہتا ہے ۔ یہ ایک شعر اس پاک طینت کا یاد تھا سو تحریر کیا ۔

خواب میں مجھ سے وہ بگڑا تھا یہ تعبیر تو دیکھ
کہ سحر سامنے آیا تو پشیماں آیا

ثنائی

ثنائی تخلص ، مرزا عاشور بیگ خلف مرزا محمد اکبر بیگ مہندس ابن مرزا جیحوں بیگ بدخشانی ۔ عربی و فارسی سے بہرۂ وافر اور ہیئت و نجوم میں دست گاہ تمام رکھتا ہے ۔ قصاید عربی سے ہر چند دفتر ذخیرہ ہے لیکن شعر فارسی گاہ گاہ خواہ جوش طبیعت ، خواہ تحریک احبّا سے زبان قلم پر آجاتا ہے ۔ یہ ایک شعر ان چند اشعار سے کہ میری نظر

سے گزرے ، انتخاب ہوا :

از جفاے تو خزاں بر سر باغم زدہ اند
از ستم ہاے تو بچراغم زدہ اند

ثواب

ثواب تخلص ، سعادت علی خلف میر شہاب‌الدین ساکن قدیم شاہجہان آباد ۔ اب عرصۂ دراز سے کرنال میں مقیم ہے ۔ اوایل میں بہ سبب روزگار سہین برادر خاک لکھنؤ میں عزت و اعتبار کے ساتھ بسر کی اور اہل سخن کی برکت صحبت سے شعر گوئی کی طرف ملتفت ہوکر موزونیٔ کلام پر قدرت بہم پہنچائی ۔ اور جو کہ اکثر اہل فن سے ملتا تھا ، وقت فرصت جس سے اتفاق ہوا اپنے سخن کو اسی کی نظر اصلاح سے مشرف کیا ۔ اور ہنوز رطب و یابس کلام اور نقیر و قطمیر شعر سے بہ خوبی آگاہ نہ ہوا تھا کہ برادر شفیق نے سفر آخرت اختیار کیا اور وہ بہ سبب کم یابیٔ معاش کے نواح دکن میں سر گردان رہا ۔ اب مدت سے جمعیت خاطر بہم پہنچا کر پھر کرنال میں کسی تقریب سے زاویہ گزیں ہے ۔ یہ تین شعر اُس کے ایک دوست کی زبان سے مسموع ہوئے تھے سو درج تذکرہ ہوئے :

کبھی ہے مردگاں غم پہ احساں معجز قم کا
کبھی حق نمک ہے زخم دل پر اُس تبسم کا

ترے غم کی بدولت آگ یہ دل میں بھڑکتی ہے
کہ گر اک آہ کھینچوں آب ہو زہرہ جہنم کا

تپ دوری سے شعلے استخواں سے یوں نکلتے ہیں
بھکے جیسے ثواب آتش سے پارہ پارہ ہیزم کا

باب الجیم التازی

جان صاحب

جان صاحب تخلص ہے میر یار علی ساکن لکھنؤ کا۔ تمام عمر ریختہ گوئی میں صرف کی اور اگر انصاف کیا جاوے تو اس نے بہ نسبت انشاءاللہ خان اور رنگین کے ریختی کو آب و تاب خوب دی اور زبان کو شستگی اور بخشی۔ دیوان ریختی اس کا مشہور اور اکثر اشعار اس کے نوجوانوں کی زبان پر مذکور ہیں۔ یہ چند شعر اس کے دیوان سے منتخب ہوئے:

پھل دینی بھائی سے بھی نہ مجھ کو ملا بہار
دنیا میں کوئی اپنا نہ لاگو نظر پڑا

رنڈی کسی شرابی سے تیری لگے گی آنکھ
تعبیر سن جو خواب ہے دیکھا شراب کا

کیا ہم کو پڑی گو وہ زناخی کے گھر آئے
اچھا نہیں کرتا ہے اجی ذکر پر آیا[1]

اے جان مرا خرچ ہے تنخواہ پہ رکھا
رنڈی سے تمھیں حیلہ حوالہ نہیں رہتا

۱ - نسخہ ۲ (ص ۱۸۴) 'پرایا'

لگی ہے آگ محبت کی دل میں آ کے بجھا
دوگانا جان ، خدا کا ہے گھر جلا جاتا

میں بات کرتی جو اپنوں میں تم سے اے صاحب
ذلیل ہوتی وہ بندی تمہارا کیا جاتا

کس کے تم غم میں بن گئیں مردہ
آدھی ، در گور ، کیا یہ حال ہوا

[1]خوب بھڑکایا تھا اس کو سوت نے
میں ہوئی جب گرم ٹھنڈا ہو گیا

ماں باپ کا لحاظ بھی دل سے اڑا دیا
اے باجی آج کل کی میں سب لڑکیاں خراب

مجھے نفرت ہے صورت سے نگوڑے جان صاحب کی
وہ اس کی شکل کیا ہے اے بوا قربان کی صورت

میں گلہ کرتی نہیں کرتی ہو تم شکوا عبث
آج دفتر پہلی باتوں کا بوا کھولا عبث

چھوڑ دینا چار دن رکھ کر اگر منظور تھا
سارے عالم میں مجھے تونے کیا رسوا عبث

[2]ماں سے ہم کو سوا ہے پیاری ساس
باجی دنیا ہو اور ہماری ساس

جوہر ان کے کھلے ہیں بہوؤں پر
چھریاں نندیں ہیں اور کٹاری ساس

[3]آج مجھ سے ہے تو کل اور سے مرزا اخلاص
ایسے ہرجائی سے ہو نوج نگوڑا اخلاص

---

۱ ، ۲ ، ۳ - اس سے پہلے ایک شعر کثافت کی وجہ سے حذف کر دیا گیا ہے ۔

کیوں چڑھی آتی ہے ٹھنکاری[1] سی سر پر باندی
بھوت لپٹا ہے جو کرتی نہیں مردار لحاظ

جب ہم سی ڈھونڈ لاؤ گے تم نیک پارسا
اس دن کریں گے آپ کو جھک کر سلام ہم

پاؤں بھاری کیا ہوا عہدی[2] سے بدتر بن گئی
دو قدم منزل ہے مجھ کو اٹھ نہیں سکتا قدم

رنڈی چل دور چخے مجھ پہ یہ بہتان نہ کر
مرے بیری مرے دشمن ہوں گرفتار کہیں

ایک پر بیٹھ رہوں اور کسی سے نہ ملوں
ایسے بندی نے کیے ہیں نہیں اقرار کہیں

جان صاحب مری خاطر سے نہ کہنا تم نے
رنڈی دیکھی ہے دوگانا سی طرح دار کہیں

پاس ان کے گر نہ جاؤں میں تو لوگو کیا کروں
چین ہی لینے نہیں دیتا نگوڑا دل مجھے

جان نثار

جان نثار تخلص ، میاں جی غلام فرید ، ساکن فرید آباد کہ شاہجہان آباد سے دس بارہ کوس کے فاصلے پر واقع اور شرفائے عظام اور نجبائے کرام کا مولد و منشا ہے ۔ اوقات عمر عزیز کو تعلیم اطفال میں بسر کرتے ہیں ۔ ریختہ گوئی کا خیال بیشتر دامن گیر رہتا ہے ۔ یہ شعر ان کے نتائج افکار

---

۱ - نسخہ ۲ (ص ۱۸۵) 'تھتکاری'

۲ - احدی ۔ سستی اور کاہلی میں ضرب المثل طبقہ جس کا تعلق غالباً اکبر کے عہد سے ہے ۔

سے ہے :

پیچ اُس زلف سیہ کا ہم سے وا ہوتا نہیں
لاکھ ڈالیں پیچ میں اس کے اگر شانے کو ہم

جذب

جذب تخلص ، میر عزت اللہ خان عرف میر بھکاری ۔ ہر چند وطن آبائی بریلی ہے لیکن مدت سے خاک پاک شاہجہان آباد اس کی سکونت سے زبدۂ ربع مسکون ہو گئی تھی ۔ علوم رسمی سے آگہ تو تھا لیکن بہ سبب کمی مزاولت کے ایک ملکہ سا باقی رہ گیا تھا ، مگر علم مجلسی میں اقران و امثال سے بیشی رکھتا تھا ۔ اکثر بلاد ہند و فارس کی سیر سے بہرہ اندوز ہوا ، آخر کار بخارا کے قریب سفر راہ عدم اختیار کیا ۔ یہ شعر اُس کا گلشن بے خار سے منقول ہوتا ہے :

واں صفائی و خود نمائی ہے
یاں مری جان کی صفائی ہے

جراح

جراح تخلص ، ناصر ، کشمیری الاصل فن جراحی میں کامل ۔ اگرچہ موافق اس بیت کے :

درشتی و نرمی بہم در بہ است
چو رگ زن کہ جراح و مرہم نہ است

جراحت کو مرہم کے ساتھ فراہم کرنا لازم پیشۂ

جراحی ہے لیکن اس کے نشتر[۱] کا مثل زخم غمزہ خوبان لا علاج اور آب[۲] نشتر اس کے مرہم کا جزو ترکیب تھا ۔ مدت ہوئی کہ عالم فانی سے رحلت کی ۔ کلام اس کا سوائے اس شعر کے کہ 'گلشن بے خار' میں مندرج ہے ، راقم کو اور نہیں پہنچا :

جراح ٹانکے دینے میں مت کر درنگ تو
اس واسطے کہ زخم مرے[۳] یار گرم ہے

جعفری

جعفری تخلص ، میر باقر علی ، کہین برادر حقیقی میر نظام الدین ممنون ۔ علوم رسمی میں دست گہ معقول اور صناعت طب میں مہارت تام تھی ۔ چند سال ہوئے کہ تحصیل ثواب حج کے واسطے سفر مکہ اختیار کیا اور بعد معاودت کے راہ میں سفر آخرت درپیش آیا ۔ اشعار اُس یگانۂ روزگار کے بہ سبب بے پروائی اعزہ کے دست یاب نہ ہوئے ۔ ناچار یہ چند شعر ایک تذکرے سے منقول ہوئے :

جو ہر آن دل غم سر انجام ہوگا
تو مر کر بھی کاہے کو آرام ہوگا

---

۱ - نسخۂ اول (ص ۱۹۱) میں 'نشر' غلط اور نسخۂ دوم (ص ۱۸۶) میں 'نشتر' صحیح ہے ۔

۲ - نسخۂ اول(ص۱۹۱) 'اب لشتر' غلط ہے اور 'آب نشتر' نسخۂ دوم (ص ۱۸۶) میں صحیح ۔

۳ - نسخہ مطبوعہ نول کشور میں 'مرا' ہے ۔

نہ خوباں سے مل جعفری دیکھ اتنا
کہا ماں کہتا ہوں بدنام ہوگا

آرام وعدے کی شب اک دم کبھو نہ آیا
آیا نہ چین دل کو جب تک کہ تو نہ آیا

دو ایک جام سے کیا لب جعفری کے تر ہوں
یاں تشنگی بجھی کب جب تک سبو نہ آیا

تیغ یوں دل میں خیال نگہ یار نہ کھینچ
نا خدا ترس تو کعبے میں تو تلوار نہ کھینچ

نوک مژگاں کے تصور میں نہ رہ اس کے دل
آپ کو آپ تو بالائے سر دار نہ کھینچ

بے سر و پا چمن و دشت میں عالم کے نہ پھر
ناز ہر گل نہ اٹھا ، منت ہر خار نہ کھینچ

جعفری

جعفری تخلص ، محمد جعفر ، مرد نیک نہاد ، آزاد منش، کشادہ پیشانی و پاکیزہ روش ، اور سکنائے الہ آباد سے ہے ۔ بعد قطع سلسلۂ روزگار کے اہل دنیا سے التجا نہیں کی ۔ بیشتر سیاحت میں بسر کرتا ہے اور راقم سطور سے رابطۂ الفت کو حد صداقت تک پہنچایا ہے ۔ خط شکستہ کو مولوی حیات علی مغفور سے درست کیا اور خط گلزار عبدالرحمان معمار سے سیکھا ، اور وہ پیشۂ معماری میں استاد اور فن تصویر میں غیرت مانی و بہزاد تھا ۔ اس صاحب سلیقہ کی نازک کاری سے استاد کے کمال پر قیاس کیا جاتا ہے ۔ لیکن

بہر کیف اس نیک مرد، سعادت منش کی تعریف مجال قلم سے خارج ہے ۔ حضرت فیض موہبت شیخ‌الاسلام فرید شکر گنج سے بلاواسطہ فیض باطنی حاصل اور بعد حصول بشارت کے بالفعل زمین کرامت آگین اجمیر میں مزار مقدس حضرت معین‌الدین چشتی رحمۃاللہ علیہ کے جوار میں منزوی ہے ۔ اوایل حال میں گہ گہ شعر ریختہ بھی موزوں کرتا تھا ۔ یہ دو شعر بہ طریق یادگار ترقیم ہوے :

ہے وہ پابند چمن مجھ کو یہ حیرت ہے کہ لوگ
سرو کو کس لیے آزاد کہا کرتے ہیں

جعفری کس کے واسطے یہ یار
در بدر یوں خراب پھرتے ہیں

جعفری

جعفری تخلص، شیخ جعفر علی قاضی زادہ، متوطن پرگنہ وادری ۔ آدمی نیک نہاد اور کریم الاخلاق ہے ۔ پینتیس برس کی عمر میں مردم صد سالہ کی متانت بہم پہنچائی ہے ۔ بالفعل نواب عبدالرحمان خان والیٔ جھجر کی سرکار میں ملازم ہے ۔ شعر ریختہ آب و تاب سے کہتا ہے ۔ یہ چند شعر اس کے افکار گوہر نثار سے مرقوم ہوتے ہیں :

الٰہی ہر گھڑی ہر زخم دل سے خوں ٹپکتا ہے
شہید ناز ہوں میں آہ کس دست حنائی کا

وہ اپنے چین سے بیٹھا ہے جعفری گھر میں
کہ جس کے واسطے میں در بدر خراب ہوا

لگا تھا دیکھیے آزار کیا خدا جانے
ترا مریض تو اب تک نہ پھر بحال ہوا

گم ہو گئے ہم بحر تفکر میں سراپا
تس پر بھی معما نہ کھلا اس کی کمر کا

ھجر میں کرتا ہوں یوں ہر دم تلاش وصل یار
مانگتا ہے جیسے صحت کی دعا ہر دم مریض

شق جا بجا سے ہو گئی اک دم میں سب زمیں
تڑپا ترا جو کشتۂ الفت مزار میں

اے دل خیال زلف بتاں کیوں کہ چھوڑ دوں
وحشی ہوں اور پاؤں میں زنجیر بھی نہیں

مر گئے اس جستجو میں سینکڑوں خانہ خراب
جعفری عشق بتان ہند کا گھر دور ہے

جلیس

جلیس تخلص ، الہ وردی خاں کہین برادر سعادت یار خاں رنگین ، مرد سپاہی وضع ، مودب ، کم گو تھا ۔ یہ دو شعر اس کے سنے گئے :

تیرے دھن سے از بس کھینچے ہے اک خجالت
غنچہ وہ کون سا ہے جو سر فرو نہ آیا

چشم جلیس کو اب درکار تھا یہ سرمہ
دست صبا تو لے کر اس خاک کو نہ آیا

جمال

جمال تخلص ، میر جمال‌الدین خلف میر کمال‌الدین مرحوم ۔ عجائب حالات سے اس بزرگ کے یہ ہے کہ بہ حسب ظاہر وسیلۂ معاش کچھ نہیں رکھتا اور فراخ دستی میں رشک[۱] امثال ہے ۔ یہ شعر اس کے نتائج طبع سے اسی کی زبانی نام زد[۲] گوش ہوا :

ہم تمھیں آشنا سمجھتے ہیں
آپ کیا جانے کیا سمجھتے ہیں

جمیل

جمیل تخلص ، جمیل الدین پسر شیخ حفیظ الدین تھانیسری ۔ ہر چند عمر اس کی ہنوز بارہ تیرہ برس سے متجاوز نہیں ہوئی ، لیکن ذہن کی تیزی برق سے اور طبیعت کی شوخی شعلۂ جوالہ سے زیادہ ہے ۔ از بس کہ حداثت سن کا اقتضا غالب ہے ، اشعار میں مضامین خندہ انگیز تمسخر آمیز بیشتر باندھتا ہے ۔ یہ چند شعر اس کے کلام سے انتخاب ہو کر نذر ظرفائے خوش مزاج ہوتے ہیں :

رواں جو سوے فلک آہ کا دھؤاں ہوتا
تو اک جہاز دخانی یہ آسماں ہوتا

چڑھا ہی لیتا اڑنگے پہ اس ستم‌گر کو
جو آج کو میں زبردست پہلواں ہوتا

۱- نسخہ ۲ (ص ۱۸۸) 'رشک امثال' - یہی صحیح ہے ۔
۲- نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ء (ص ۱۸۸) میں 'ذخیرہ' ہے

تونے دیکھیں ہیں غیر کی آنکھیں
تیری نظروں میں کب سمائیں گے ہم

ترے کوچہ میں میں آنے نہیں دیتا ہوں غیروں کو
بنا میں ہیکڑی سے اپنی چوکیدار پھرتا ہوں

ترے غم نے مجھے بخشا ہے اب سامان عشرت کا
کہ شکل اپنی بنائے مثل موسیقار پھرتا ہوں

کہا میں نے کہ اک دن تو ذرا چہرہ دکھا دیجے
اسی کے واسطے اتنا ذلیل و خوار پھرتا ہوں

تو ہنس ہنس کر لگا کہنے کہ یوسف تو نہیں کچھ میں
کہ ہر اک کو دکھاتا جلوۂ دیدار پھرتا ہوں

بہتی مرے پھوڑے سے پڑی راد غضب ہے
اور اس پہ تغافل ترا فصاد غضب ہے

جن ہو کے جمیل اس کو چمٹ جاتے ہیں ہم بھی
ہر چند کہ وہ شوخ پری زاد غضب ہے

اس پہ عاشق ہوں پر نہیں یہ خبر
شکل گوری ہے یا کہ کالی ہے

سیم کی طرح دل گداز میں ہے
میرا سینہ ہے یا کڑھالی ہے

کھودتی ہے ہر ایک کا سینہ
تیری مژگاں ہے یا کدالی ہے

آنکھ پوچھے تو دے جواب وہ لب
اک جوابی ہے اک سوالی ہے

زلف سلجھی رہے تو ہے وہ گھاس
اور الجھی رہے تو جالی ہے

اس کے ابرو سے ہم کو فیض نہیں
ماہ نو ہے پہ ماہ خالی ہے

ہم غریبوں کا بسترہ کیسا
اک پرانی پھٹی نہالی ہے

لب لعل اس کا ہے مسّی آلود
اور کچھ پان کی سی لالی ہے

لال تو ہے پہ ہے یہ صم بکم
چٹکی سرمے کی اس نے کھا لی ہے

مت برا مانیو جمیل اس کا
اس کی گالی نہیں سہالی ہے

جنون

جنون تخلص ، شیخ غلام محی الدین احمد ساکن آگرہ ، یہ شعر اُن کا سنا گیا :

بیان کیجیے کس سے جنوں سنے گا کون
دل حزیں پہ جو گزری ہے بے قراری رات

جوش

جوش تخلص ، شیخ نیاز احمد معروف اللہ دیا ، شاگرد شیخ ابراہیم ذوق ۔ بیشتر بزم مشاعرہ میں حاضر ہوتا اور غزل

خوب بطرز مرغوب پڑھتا ہے ۔ دو تین مہینے کا عرصہ ہوا
کہ عالم جاودانی کی طرف راہی ہوا ۔ مردے (مرد) بااخلاق
اور صاحب وفاق تھا ۔ حق جلّ و علیٰ اس کی خاک
کو نم ابر رحمت سے سیراب کرے ۔ یہ چند شعر اُس کی
تحریر ہوئے :

آنسو کا کوئی تار نظر آئے تو آئے
وحشت میں سرے تن پہ کہاں تار قبا کا

حاصل نہ ہوا وصل میں مقصود کہ مجھ کو
پاس اُن کا رہا اور انہیں پاس حیا کا

ہے ڈر یہی کہ تو نہ پشیماں ہو بعد قتل
ورنہ ہمیں تو مرنے کا کچھ اپنے ڈر نہیں

منظور ہے شفا کسے درمان درد سے
اک شغل سا یہاں مجھے دن رات چاہیے

جوش

جوش تخلص ، محمد نظام الدین خلف محمد وجیہ الدین ۔
اصل اس سخن سنج کے آبا و اجداد کی پنجاب اور مولد و
موطن اس کا کول ہے ۔ مرد قابل و نکتہ یاب ، اگرچہ
فن شعر میں نو مشق اور زمین سخن میں تازہ وارد ہے لیکن
کلام کی پختگی اور طرز کی تازگی مشاقان کہن سال سے کم
نہیں ۔ یہ چند شعر صدق مقال پر شاھد عادل ہیں :

بار اُتارا ہے دوش سے سر کا
ہے یہ احسان تمھارے خنجر کا

نظر آتا ہے جس جگہ چشمہ
ہے نشاں میرے دیدۂ تر کا

ہے پرستش سنگ کی عشق بتاں میں بندگی
جاویں گر کعبے تو پہلے سنگ اسود چوم لیں

دل لگائیں گے اور سے ہم بھی
آپ سمجھیں نہ دل لگی اس کو

سر کو تہ تیغ رکھ کے میرے
ثابت قدمی کا امتحان لو

سرد ہے دود آہ کی گرمی
دل کے جل بجھنے کا نشان ہے یہ

بت اگر کعبے میں نہیں آتے
ہم بھی جاتے ہیں بندگی کر کے

قدم عشق پیشتر بہتر
پیچھے پاؤں اس گلی سے کیوں سر کے

جوہر

جوہر تخلص ایک شخص کا ہے شاگردان مرزا اسد اللہ خان غالب سے۔ شعر فارسی کا فکر کرتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ مرزائے موصوف کی توجہ سے راہ مستقیم پر آگیا ہے کہ اسلوب سخن فی الجملہ سلیقے پر دلالت کرتا ہے۔ یہ چند شعر اس کے راقم کو پہنچے تھے، سو لکھے گئے :

تو وز راہ کرم بر سرم گزار غلط
من و بره نه نشستن به انتظار غلط

برو بزهد بد آموزیم مکن زاهد
من و ز شاهد و می توبه در بهار ؟ غلط

به عمد در خور پرسش نیم مگر وقتی
شود به کلبۂ من راه آن نگار غلط

بران سرم که دگر با کسی نیامیزم
امید لطف ز یاران روزگار غلط

جولان

جولان تخلص ، درویش وارسته مزاج ، آزاده منش ، الف شاہ نام ۔ ہر چند حسب و نسب اور وطن کا حال اُس بزرگ وار سے استفسار کیا گیا ، اُس سب کے جواب میں یہ شعر اپنا پڑھا :

کیا بتائیں کہ کہاں ہے مسکن
کوئے قاتل میں رہا کرتے ہیں

لیکن خارج سے دریافت ہوا کہ رؤساۓ بریلی سے ہے ۔ اول الف خان نام رکھتا تھا ، بعد ترک و تجرید کے الف شاہ کے ساتھ مشہور ہوگیا ۔ آزادانہ زیست کرتا ہے ، وارستگی و استغنا سے فرشتے کو خیال میں نہیں لاتا ، آدمی تو کیا خاک ہے ؟ مدت سے اکبر آباد میں ، مقیم ہے ۔ گہ گہ بے پروایانہ کسی طرف کو چلا جاتا ہے ۔ یہ چند شعر اُس بزرگ کے اشعار سے منتخب ہوئے :

ہم وہ ہیں صید وفا کیش کہ خوں روتے ہیں
ٹوٹ جاتا ہے تڑپنے سے اگر دام اپنا

کیا تحریر فرط شوق میں جب نام احمد کا
تو کاغذ سبز بختی سے بنا تختہ زبرجد کا

آٹھایا ہے گلی سے اس پری رو کی اگر مجھ کو
تو لے چل وحشت دل اب جدھر چاہئے ادھر مجھ کو

برنگ گل جو کشتوں کا ترے ہر زخم خنداں ہے
ترا کوچہ ہے اے سفّاک عالم یا گلستاں ہے

معشوق پر بھی ہوتی ہے تاثیر عشق کی
چٹکی کلی جو بلبل بے دل نے آہ کی

باب الجیم الفارسی

چالاک

چالاک تخلص ، میر قدرت اللہ ، ساکن قدیم دھلی ، مرد خوش مزاج ، علم فارسی سے بہ قدر ضرورت آگاہ اور سرمایۂ معیشت سے بہ حسب ظاھر فارغ بال ۔ گاہ گاہ امتحان طبیعت کے طور پر شعر ریختہ بھی کہتا ہے ۔ یہ شعر اس کی دو تین غزلوں میں سے انتخاب ھوا :

روز کے صدمے کہاں تک میں اٹھاؤں چالاک
دل کی جا کاش مرے سینے میں پتھر ھوتا

چرکین

چرکین تخلص ہے ایک شخص ظریف ، شوخ مزاج ، ساکن لکھنؤ کا ۔ وہ ھمیشہ سخن پاکیزہ کا دامن نجاست معنوی سے آلودہ رکھتا ، یعنی مضامین بول و براز اس طرح شعر میں باندھتا کہ زمین سخن کو گوہ گڑھیا بنا دیتا ، مگر اس کی قوت شامہ یک قلم باطل ھو گئی تھی کہ اس غلاظت سے

بے دماغ نہ ہوتا تھا ۔ انصاف تو یہ ہے کہ ابیات میں
ہر چند گوہ اچھالتا اور کاغذ کے ہر گوشے میں پیشاب کی نالی
بہاتا تھا ، لیکن کوئی لطیف مزاج اس سے دماغ بند نہ کرتا
اور کوئی پاکیزہ طبع اس سے گھن نہ کھاتا ، گویا بحر شعر
نے اس نجاست کو بہا دیا تھا :

شرط سلیقہ ہے ہر اک امر میں
عیب بھی کرنے کو ہنر چاہیے

ایک دوست نے کہا کہ یہ آن نعمہاے لطیف کا فضلہ ہے
کہ ابو اسحاق اطعمہ نے تناول کی تھیں ۔ میں نے کہا لطافت
ان نعما کی بخیر ، کھانے کس قدر کثیف ہوں گے کہ آن کا
فضلہ اس مدت دراز کے بعد دفع ہوا ۔ اوایل حال میں تو
آس نے یہ وضع ہزل سمجھ کر اختیار کی تھی لیکن رفتہ رفتہ
اس قال کو حال بنا لیا اور اس گندہ دھنی نے آس کو گھوری[1]
بنا دیا ۔ گویا یہی بو اس کے بدن میں رچ گئی ہے[2]۔ مدام
لباس چرکے پہنتا اور ایسی میلی کچیلی وضع رکھتا کہ
اجنبی اس کو سچ مچ حلال خور سمجھتا ۔ صحبت کا اثر
مشہور ہے ۔ یہاں صرف تصور اور خیال نے یہ تاثیر کی کہ
صحبت کو پرے بٹھا دیا ۔ حق یہ ہے کہ جو ابتدا میں کہتا
تھا انتہا میں کر دکھایا ۔ آخرالامر لال بیگ کی صحبت اور
گوگا پیر کی هم نشینی کے شوق میں شہر کے مقامات پاکیزہ
سے بھاگ کر صدہا آرزو کا ٹوکرا سر پر رکھے ہوئے
بہ طریق پاتراب کے جنگل کے کسی کوڑے پر اول منزل کی ۔
ہر چند الفاظ کی نجاست ظاہری سے قلم گھن کھا کر نہ چاہتا

---

۱ - نسخہ ۲ (۱۹۱) اگھوری ۔
۲ - نسخہ ۲ (۱۹۱) تھی ۔

تھا کہ اس کے اشعار کو ہاتھ لگاوے ، لیکن یہ سمجھ کر کہ قصر عالی میں جائے ضرور سے گریز نہیں ہے ، دم کے دم اس طرف بھی متوجہ ہوا :

تھاگر رفتاری میں خطرہ جو مجھے بیداد کا
کر دیا بیت الخلا ھگ ھگ کے گھر صیاد کا

ایک دن بھی دل نہ اس بت کا پسیجا ہائے حیف
تھا مگر گوز شتر نالہ دل بے تاب کا

کھات پڑنے لگی چمن میں پھر
بلبلو موسم بہار آیا

اک نہ اک عارضہ رہا ہم کو
تھم گئے دست تو بخار آیا

ھگ دیا ڈر کے سوچ کر انجام
زیر پا جب کوئی مزار آیا

طفل مہتر پہ دل دیا چرکیں
کیسے گھسّل پہ تم کو پیار آیا

روتے انسان کو ہنساتا ہے
گوز میں یہ کمال ہے صاحب

وصل کا وعدہ کیا بیت الخلا میں یار نے
پنجۂ مژگاں سے جھاڑا چاہیے پیخانہ آج

ہر ایک آنؤں کی پھٹکی ہے ریزۂ الماس
تمھاری......[1] ہے ہیرے کی کان نہیں معلوم

دیوانے اس کے چاک گریباں کو سی چکے
پھٹ جائے ......[2] بھی تو نہ ہرگز رفو کریں

---

۱ ، ۲- یہاں سے ایک لفظ بربنائے کثافت حذف کر دیا گیا ہے۔

عاشق جو ہے تو ناصحوں کے منہ کو......[1] جان
گوز شتر سمجھ تو جو یہ گفتگو کریں

وعدے تو کیا کرتے ہو عشاق سے جھوٹے
بو گو کی نہ آنے لگے غنچے سے دھن میں

چمن میں جب کسی کا قد موزوں یاد آتا ہے
کھڑی......[2] سے بدتر جانتا ہوں سرو بستاں کو

تبّرا بھیج دنیا پر عدم کی راہ لے ناداں
نہ کر اس مزبلے میں بیٹھ کر آلودہ داماں کو

تیغ اس نے لگائی جب کمر سے
مرّیخ نے ہگ دیا ڈر کے

کہو بات نہ غیر فتنہ گر سے
گو اچھلے گا خوب ادھر آدھر سے

ٹل جائے گی ناف آئیں گے دست
تلوار نہ تو لگا کمر سے

ہگتے میں بندھا جو زلف کا دھیان
پیچس رہی شام تک سحر سے

مت بار گنہ اٹھا تو ناداں
یہ ٹوکرا گُو کا پھینک سر سے

دستوں پہ دست آتے ہیں بچھتے ہیں پوتڑے
اس حال میں نہ آؤ یہ تم سے بعید ہے

پھولے نہیں سماتے ہیں گل چین و باغباں
آئی بہار کھات کی ہوتی خرید ہے۔

---

۱ ، ۲ - یہاں سے ایک لفظ کثافت کی وجہ سے حذف کر دیا گیا ہے -

[1]وصل کی شب بستر جاناں میں میں نے ہگ دیا
کیا سمجھتا تھا کہ یہ مجھ سے خطا ہو جائے گی

افسوس آج ان کو نہیں[2]...... کی خبر
کل تک خراج لیتے تھے جو روم و زنگ سے

قبض کی شدت اگر چرکیں ہے عالم میں یہی
کھات بھی نایاب مثل کیمیا ہو جائے گی

[3].... کھولے سوتے ہیں وہ خاک میں زیر زمیں
پوتڑے سیتے تھے جن کے قاقم و سنجاب سے

سمند گوز بھی صاحب عجب منہ زور گھوڑا ہے
پھٹے ہے شہ سواروں کی بھی جس کی بد لگامی سے

عبث بدنامیوں کا ٹوکرا سر پر اٹھانا ہے
لگانا دل کا بس جھک مارنا اور گو کا کھانا ہے

چمن

چمن تخلص ، گل محمد کشمیری ساکن قدیم شاھجہان آباد ، پیشۂ رفوگری میں استاد تھا ۔ لیکن سوزن قلم اور رشتۂ مسطر سے کسوت سخن کے چاک کو خوب نہ سی سکا ۔ کئی برس ہوئے کہ تار انفاس کو رشتۂ کفن کیا ۔ یہ دو تین شعر

---

۱ ۔ اس سے پہلے ایک شعر کثافت کی وجہ سے حذف کر دیا گیا ہے ۔

۲، ۳۔ یہاں سے ایک لفظ بربنائے کثافت حذف کر دیا گیا ہے

آس کے یاد تھے :

ہمارے چاک جگر پر ہو کیا کسی کو خیال
پھٹے میں پاؤں کسی کے دیا نہیں جاتا

ہوش جس مہ نے زلیخا کے اڑائے خواب میں
ہم بھی اے ہمدم آسی کے دیکھنے والوں میں ہیں

یوں بدن پر ہیں چمن کے داغ تیرے عشق کے
پھول جیسے اے سمن بر ان ترے شانوں میں ہیں

باب الحاء المہملۃ

حافظ

حافظ تخلص ، خدا طلب ، صوفی مشرب ، سرایر آگاہ ، معارف انتباہ ، یادگار خلف حافظ شرف ۔ اس جزو زمان میں خاکساری اور نفس شکنی اس صاف دل و پاک اعتقاد پر ختم تھی ۔ کمال تسلیم سے الف قد کو دال بنا دیا تھا اور رکوع اور سجود کے شوق میں منار قامت کو محراب کر دیا تھا ۔ موافق اس قول کے کہ ''المومن مرأت المومن'' یعنی مومن سب کو اپنا سا سمجھتا ہے ؛ وہ ہر کسی کو نیک سمجھتا اور اپنے سے بہتر جان کر کمال تواضع اور فروتنی سے پیش آتا ۔ علم موسیقی میں مہارت چست اور اس فن کی سمجھ بہت درست ۔ چتر اور بین بجانے میں دست گاہ تمام ، خیال اور دھرپت گانے میں قدرت مالا کلام ۔ مگر وہ سب مضامین عرفان سے مالا مال ہوتے اور وہ راگ ان معانیٔ بلند کی اعانت سے عارف کو مدارج علیا تک لے پہنچتے ۔ گویا یہ شعر مولانا اشرف العارفین جلال الدین رومی قدس سرہ کا

اسی کے نغمے کی شان میں ہے :

این زمزمہ مرکبی ست مر روح ترا
بردارد و خوش بہ عالم یار برد

شعر گوئی کی طرف بھی توجہ بہت فرماتا اور اس کے پردے میں بھی وھی راگ گاتا ۔ سوز سینہ شبستان ابیات میں شمع افروز اور داغ بت مجمر اوراق میں عود سوز ۔ ہر چند وہ لوگ کہ مائدۂ سخن سے لذت یاب اور لطف شعر سے آشنا ھیں ، اس کی دست پخت طبیعت سے مزہ نہ اٹھاتے لیکن ھل مذاق کو ان معانی کی لذت اور ان مضامین کی کیفیت اپنے سے بیگانہ کر دیتی تھی ۔ از بس کہ یہ اقوال اس کے دل کے اسرار تھے ، ارباب باطن کے سوا اس سے کم کسی کو احتظاظ ھوتا ۔ سچ ھے کہ حال کو اھل حال ھی خوب سمجھتا ھے ۔ کسی راہ یافتۂ سرایر عشق نے کیا نالۂ جاں سوز سر کیا ھے کہ : ''لیلٰی را بہ چشم مجنوں باید دید ۔'' نواب محمد میر خاں ابن شاہ نظام الدین معروف بہ شاہ جی کہ تونگر صورت و درویش سیرت اور دنیا دار[۱] ظاھر و فقیر باطن تھے ، ھمیشہ اس صحبت فیض منقبت کو مغتنم جانا کیے اور بعد اس کی وفات کے اپنے نفس واپسیں تک حرف افادات پیشیں کو آشنائے زبان کرتے رھے ۔ ایک بدمست ظاھر اور ھوشیار باطن میرا دوست کیا کہ فی الجملہ مجھ کو اس سے اعتقاد ، اور سوز دل و گداز باطن مثل شمع اس کے ظاھر سے ٹپکتا تھا ۔ میں نے اس پاک باطن نیک کردار کی زبان سے یوں

---

۱ ۔ نسخہ اول (ص۱۹۸) میں 'دنیار' اور نسخہ دوم (ص۱۹۳) میں 'دنیادار' ھے ۔

سنا کہ : ایک روز صوفیان حقیقت شناس کا ھنگامہ گرم تھا ، اُس جلسےمیں اُس روشن ضمیر نے ایک رباعی عارفانہ پڑھی اور سب حلقے کو ایک حال طاری ھوا ۔ اُس جگہ ایک لڑکا سات آٹھ برس کا بھی حاضر تھا ، اس کا بھی وھی احوال ھوگیا اور جب مجلس تمام ھوئی ، دوپہر کے بعد اس کو ھوش آیا ۔ مرزا بیدل درست فرماتے ھیں : مصرعہ

حرف ایں طائفۂ سحر بیان اعجازیست

راقم آثم یہ چند شعر لکھ کر اس کے سوز و گداز کی کیفیت سے آگاہ کرتا ھے :

شب نئی شان میں تجھے دیکھا
روز ھر آن میں تجھے دیکھا

تونے تفسیر پڑھی حافظ پر
اُس کی صورت کا بیاں ھو نہ سکا

سرسبزی یہ تری ھی آنکھوں میں چھا رھی ھے
کیا باغ سبز تونے عشاق کو دکھایا

حقیقت میں تجھ کو جو ھم دیکھتے ھیں
تو ذات و صفت کو بہم دیکھتے ھیں

ایک تجلی نے تو روشنی عالم کو دی
آگے اب اندھیر ھے ، جلوہ گری اور بھی

مطلب ھے لامکاں سے نہ کچھ کائنات سے
مجھ کو تو مدعا ھے فقط تیری ذات سے

حزین

حزین تخلص میر بہادر علی مرد سنجیدہ اور صاحب اخلاق حمیدہ کا ہے۔ اس کی وضع اور متانت لازم و ملزوم اور آثار اخلاق جیسے گل اور شگفتگی کا ہجوم۔ سینہ رشک آئینہ، دل ایسا صاف کہ کدورت حسد کو اس میں راہ نہیں ہے، اور آنکھ ایسی سیر کہ خوان دنیا پرنگاہ نہیں۔ مرزا ولی عہد بہادر کی ملازمت سے ممتاز اور بہ سبب خوش اطواری و نیک نہادی کے رتبۂ تقرب سے سرافراز۔ اوایل میں اشعار اردو کی اصلاح زین‌العابدین خان مرحوم عارف تخلص سے لی تھی۔ غالب ہے کہ اب سخن اس سحرطراز کا مرزا اسداللہ خان غالب تخلص کے حلیۂ تربیت سے محلی ہوتا ہوگا۔ زبان میں شستگی، فکر میں رسائی، معنی میں بلندی، تراکیب میں چستی جیسے چاہیے فراہم ہے۔ شاعر میں اتنی باتوں کا جمع ہونا معراج الکمال اور عرش‌المعرفت ہے۔ یہ چند شعر اس کے افکار گوہر نثار سے ہیں:

یک لخت بہا کرتا خون جگر آنکھوں سے
فرقت میں اگر تیری پینے سے بچا ہوتا

سب ناز سہے میں نے بے جا و بجا آن کے
نبھتی نہ حزیں ان سے گر میں بھی برا ہوتا

ہے یہی رونا تو خط کاہے کو لکھا جائے گا
جو کہ لکھتے جائیں گے اشکوں سے مٹتا جائے گا

اک تماشا جان کر قاتل اگر ٹھہرا رہا
ہم بھی تڑپے جائیں گے جتنا کہ تڑپا جائے گا

میرا احوال زبوں آن پہ کھلے گا کیوں کر
سامنے آئیں گے جب وہ تو سنبھل جاؤں گا

بے گانہ وار نعش پہ آ جائے ناگہاں
تجھ سے نہ یہ بھی اے بت ناآشنا ہوا

دنیا کی حسرتیں ترے گوشے میں آ گئیں
اللہ ری وسعتیں تری اے تنگ نائے دل

جل جل کے آخرش تپش غم کے ہاتھ سے
اک داغ رہ گیا مرے پہلو میں جائے دل

دیکھا وہ اپنی آنکھ سے جو کچھ سنا نہ تھا
اور دیکھیے حزیں ابھی کیا کیا دکھائے دل

شعلہ و بسمل و سیماب کو ہم دیکھ چکے
تیرے دل سا تو حزیں ایک بھی بیتاب نہیں

سبو منہ سے لگا لیویں گے اتنا صبر ہے کس کو
کہ بھرے خم سے مے شیشے میں اور شیشے سے ساغر میں

رنج پہنچے جو حزیں آن سے وہ راحت سمجھو
ہے غنیمت کہ تمھیں یاد تو کر لیتے ہیں

ہے ہنر سے اک فقط انسان کی مٹی خراب
ورنہ جوہر سے ملی ہے آبرو فولاد کو

دل خوں گشتہ ہاں وقت مدد ہے
خجل کرنا نہ چشم خوں چکاں سے

تھمے آنسو تو اب تھمتا نہیں دل
یہ دشمن خانگی نکلا کہاں سے

بلا سے گر نگاہوں میں ہیں ہلکے
سبک ہو کر تو اٹھے ہم جہاں سے

حزیں کس سے توقع ہو وفا کی
نہ ہو امید جب اپنی ہی جاں سے

اثر جو آہ میں پایا تو ہو گئی تسکیں
وہ بےقرار ہوئے ، آگیا قرار مجھے

اے سوز عشق ! روز نیا داغ تا بہ کے
اس سے تو آگ تن میں لگا ایک بار دے

ہم سادہ لوح اور جہاں سر بسر سراب
جتنے فریب چاہے ہمیں روزگار دے

بےخودی کھو کے لیے سر پہ ہزاروں جھگڑے
توبۂ مے سے ہوئے ہم تو پشیماں اُلٹے

حسرت

حسرت تخلص ، منو لال قوم کا تیہ پسر لالہ پیارے لال وکیل محکمۂ عدالت دیوانی انگریز[1]۔ نوجوانان شاہجہان آباد اس سعادت و اہلیت کے ساتھ کم دیکھنے میں آئے ہیں۔ کتب فارسی کو جناب فیض مآب استادی مولانا و مخدومنا مولوی امام بخش صہبائی سے پڑھا ہے اور مشق شعر فارسی بھی انھیں کی خدمت با برکت سے بہم پہنچائی ۔ یہ چند شعر اس کے نتائجِ افکار سے لکھے جاتے ہیں :

کردیم در خزانۂ دل جمع نقد داغ
لالہ برد زکوٰۃ زر بےحساب ما

---

۱ - نسخہ ۲ (ص ۱۹۵) 'انگریزی'۔

دل آن چنان ز درد تو برخود طپد که نیست
سیماب را مقابله با اضطراب ما

حسرت نصیب دیدهٔ ما روے دوست نیست
شاید که جذب دل کشد اورا به خواب ما

از گل داغ بتان تا سینه شد گلشن مرا
آتش دل هر نفس زد شعله چون گلخن مرا

چون سحر گردید از خار غمش دل چاک چاک
کے تواند دوخت خورشید فلک دامن مرا

حسرت از یاد لب او جان خود را داده ام
چشمهٔ حیوان سبب شد از پۓ مردن مرا

چون سحر دارم گریبان چاک از شوق رخش
کے شود کان آفتاب از جلوه مسرورم کند

گر چنین آن آتشین خو می فروشد جلوه ها
می تواند فرق تا پا آتش طورم کند

یار در آغوش و درد انتظارم می کشد
ساقی آن مے داد گو هر لحظه مخمورم کند

آتش دل همچو اخگر می کند خاکسترم
گرد این کلفت بهر دم زنده در گورم کند

می کند صد دشت طے حسرت برنگ گرد باد
تا بکے آوارگی ها از وطن دورم کند

در تماشا گه عالم جز جنون سودے نداشت
ای خرد بگذر ز هوش و روز شب دیوانه باش

رشتہ ہای سبحہ و زنّار از یک عالم اند
گہ بہ سنگ کعبہ سر نہ ، گاہ در بت خانہ باش

از فروغ بادہ جام خویش رشک مہر کن
می خور و در بزم رندان روز شب مستانہ باش

چوں صفا نگرفت دل با کس چہ سود آمیختن
سیر کن در خاطر و از عالمے بیگانہ باش

دوست گوشے بر حکایت ہاے ما کے می نہد
حرف ما گو درمیان مردمان افسانہ باش

حسرت

حسرت تخلص ، نونہال گلشن نجابت ، حافظ عبدالرحمان ، ساکن پانی پت ، حضرت معارف دست گاہ ، سرایر آگہ ، قاضی ثناءاللہ مرحوم پانی پتی کے نبائر سعادت مند سے ہے ۔ باوجود نوجوانی و نوخاستگی کے سعادت و اہلیت سے بہرہ مند ، اوقات شبا روزی تحصیل کمال میں صرف کرتا ہے ۔ جو کہ مانند سرو و شمشاد موزونی جوہر ذاتی ہے ، مشغلۂ تحصیل سے جب فرصت بہم پہنچتی ہے ، قامت سخن کو حلیۂ وزن و تقطیع سے محلّی کرتا ہے ۔ یہ دو چار شعر اُس صاحب طبع کے مرقوم ہوئے ہیں :

ہم توحسرت کوسمجھتے تھے کہ اک عارف ہے
یہ تو اے واے نہ کافر نہ مسلماں نکلا

کس لیے چاک قفس بند کیے اے صیاد
کیا ہوا میں نے اگر سوئے گلستاں دیکھا

تم بھی رو بیٹھوگے دل کو ھمیں ھنستے کیا ھو
اگر آئینہ کبھو تم نے مری جاں دیکھا

اس نے حسرت کو کیا قتل کہیں ھائے کہ آج
میں نے اس شوخ سے ظالم کو پشیماں دیکھا

گر نہیں دوست خدایا مری جاں کے دشمن
کیوں شب غم مرے جینے کی دعا کرتے ھیں

ھائے کیا جورکشی کی ھمیں عادت ھے کہ آپ
اس ستم گار کو تحریک جفا کرتے ھیں

کیا ھوا دیکھ تو ناصح کہ ھمارے منہ سے
یا صنم نکلے ھے جب یاد خدا کرتے ھیں

کیوں کر کہوں کہ ھجر میں مطلق نہیں خبر
اتنی خبر تو ھے کہ مجھے کچھ خبر نہیں

حسن

حسن تخلص ، میر حسن ، کہین برادر میر حسین فگار ، مرد خوش اخلاق ، فن فارسی سے بہ قدر ضرورت آشنا ، ریختہ گوئی کی طرف متوجہ ۔ گہ گہ جو کوئی شعر گوش زد ھوا ، مزے سے خالی نہ تھا ۔ والیٔ شہر الور کی سرکار میں فی‌الجملہ ناخن بندی موجب رفاہ حال ھے ۔ اس وقت کوئی شعر ناخن بہ دل زن لوح حافظہ پر مثبت نہ تھا ، اس ایک شعر پر قناعت کی :

سانولی رنگت سے لازم ھے حذر سید حسن
اس دھندلکے میں مسافر مفت مارا جائے ھے

حشمت

حشمت تخلص ، مرزا غلام فخرالدین مرحوم ابن مرزا معظم بخت مغفور ابن حضرت شاہ عالم بادشاہ نوراللہ مرقدہ ، شاگرد حافظ عبدالرحمان خان مغفور ۔ مرد حلیم ، صاف طینت، پسندیدہ صفات ، پاکیزہ اخلاق تھے ۔ بیشتر شریک مشاعرہ ہوتے اور کچھ اپنے کلام اور اغلب اپنے خلق طبعی سے سامعین کی طبع کو مسرور فرماتے ۔ حضرت استاد سے ایسی محبت رکھتے تھے کہ اس جناب کے مرض‌الموت میں بیشتر یہ دعا ورد لب تھی کہ ''الٰہی میرا سینہ استاد کے داغ کا گنجینہ نہ کر ۔'' ازبس کہ یہ دعا صدق دل سے تھی ، اس نالۂ سحری اور آہ نیم شبی نے عرش اجابت تک رسائی اور اثر قبول نے اس کے انفاس صدق اقتباس کی پیشوائی کی ؛ یعنی استاد کے انتقال سے ایک روز پہلے اس گرم رو راہ اخلاص نے ملک بقا کا عزم کیا ۔ '' اناللہ و انا الیہ راجعون '' ۔ چند شعر اس مغفور کے بہ طریق یادگار تحریر ہوئے :

زلفوں کے بنانے کا پردہ تھا بہانہ تھا
منہ پردہ نشیں ہم سے پردے میں چھپانا تھا

خیر کیجو تو الٰہی ہے سبب کیا کہ مرا
آپ سے آپ ہے کچھ آج کلیجہ ہلتا

نالوں سے مرے برپا سو فتنۂ محشر ہیں
قامت سے ترے قایم نقشہ ہے قیامت کا

اشک باری تو نہ کر اتنی خدا کے واسطے
غرق اک عالم ابھی اے چشم تر ہو جائے گا

گھر دو ہی قدم پر تو ہے ان قدموں کے صدقے
بڑھیے کوئی دو چار قدم اور زیادہ

ترے بیمار ہجراں کا ترے بن
یہ عالم ہے کہ عالم نوحہ گر ہے

مجھے روتے جو دیکھا ہنس کے بولا
تری حشمت بتا کیوں چشم تر ہے

حفیظ

حفیظ تخلص ۔ مداح امام ہمام ، مرثیہ خوان اہل بیت عظام ، حافظ حفیظ مرحوم غفراللہ لہ ۔ یہ بزرگ اساتذۂ مرثیہ خوانان شاہجہان آباد سے شمار میں آتا تھا ۔ عزاداری کی تاثیر سے اس کی آواز بھی حزیں تھی ۔ تلامذہ اس کے اس فن میں تعزیہ داران امام سے بھی گنتی میں زیادہ تھے اور اب تک ہر مجلس ماتم میں اس کی مرثیہ خوانی کا ذکر تمام مرثیہ خوانوں کے کلام کا بند ترجیع ہے ۔ مثنوئ معنوی مجالس مشایخ ، علی الخصوص فاتحہ (جناب مستطاب قدوۂ عرفائے خدا آگاہ ، اسوۂ جمہور اہل اللہ حضرت شاہ ولی اللہ والد ماجد پیش وائے علمائے عصر مولانا شاہ عبدالعزیز قدس سرہما) کے روز خوش نرور کے چھتے میں جو شہر کرامت بہر شاہجہان آباد سے مسافت ربع میل پر واقع اور شاہ خدا آگاہ موصوف کا مقبرہ ہے ، حضرت بابرکت مولانا مرحوم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس خوش الحانی سے پڑھتا تھا کہ کمال رقت سے تمام صحرا میں سامعین کے اشک کا دریا بہہ

جاتا تھا ۔ موزونیٔ طبع کو اکثر مرثیہ گوئی میں صرف کیا اور مرثیوں کے مضامین قصص کاذبہ اور روایات وضعی نہ ہوتے تھے بلکہ محامد ائمۂ ہدیٰ اور اوصاف شجاعت شہداے کربلا ، اور اگر حسب اتفاق کوئی حکایت جاں سوز بھی زبان پر آتی تھی تو وہ ہی حکایت کہ رواۃ معتبر کی گواہی سے زیور تصدیق پائی تھی ۔ حال نزع میں یہ شعر موزوں کیا :

شاہ مرداں جو کوئی اس راہ پہ آیا کرے
فاتحہ اس قبر پر للہ پڑھ جایا کرے

اور وصیت کی کہ میری قبر شاہ مرداں کی راہ میں بنوائیں اور بالین گور پر یہی شعر لکھوائیں ۔ اب تک یہ شعر اس قبر کی بالین پر مرقوم ہے اور ہرمہینے کی بیسویں خصوصاً اخت جگر خیرالانام علیہ الصلوۃ و السلام کے چہلم کے روز جو ماہ صفر کی بیسویں اور شہدائے کربلا کے ایام عزا کا خاتمہ ہے ، ہجوم زائرین سے اس قبر کی خاک پر پاے نگاہ نہیں پڑ سکتا اور کثرت دعاے مغفرت سے ہر دعا کے حصے میں اجابت کا جزو لایتجزیٰ بھی کفایت نہیں کرتا ۔ یہ دو تین شعر تحریر تذکرہ کے وقت جزدان حافظہ میں محفوظ تھے ، تحریر ہوئے :

ہم تو دشمن آپ کے ہیں بارے یہ فرمائیے
اور کس کس سے نبھی ہے دوست داری آپ کی

رو برو غیروں کے شکوہ آپ کا ہم کیا کریں
ہو رہیں گی پھر کبھی باتیں ہماری آپ کی

اے حفیظ ایسے ستمگر ، بے وفا ، بے دید سے
دیدہ و دانستہ دیکھی ، ہم نے یاری آپ کی

حقارت

حقارت تخلص میر ممن ولد سلطان علی داروغۂ کارخانۂ انگریزی ۔ اس سے زیادہ کچھ اس کے حال سے اطلاع نہیں ۔ ایک شعر اس کا گوش زد ہوا تھا ، لکھا گیا :

کسوت خاک پہ اتنا نہ ہو ناداں اے قیس
اپنے تن پر بھی کبھی جامۂ عریانی تھا

حقیر

حقیر تخلص ، میر امام الدین معروف بہ میر کلو ۔ مرد متین ، حلیم مزاج ، صاف دل ۔ آئینۂ طبیعت کو غبار بغض و ظلمت حسد سے پاک اور آفتاب ضمیر کو کسوت جہل و گرد کدورت سے صاف کر دیا تھا ۔ اعدا بھی اس کے آئینۂ دل سے باوجود کوریٔ عداوت کے راز پنہاں کو بے پردہ مشاہدہ کرتے اور اغیار اس کی خلوت ضمیر میں باوصف بیگانگی کے آشناؤں سے ہم پہلو بیٹھتے ۔ مشق سخن کمال کو پہنچی تھی ۔ شعر ریختہ نہایت سنجیدگی اور متانت کے ساتھ کہتا ۔ ہر چند رعایت الفاظ کی پابندی حد سے زاید تھی لیکن سلاست عبارت کا سررشتہ ہاتھ سے نہ جاتا تھا ۔ اکثر اشعار اس کے ناخن بہ دل زن ہیں ۔ ایک عرصہ ہوا کہ اس جہان فانی سے عالم جاودانی کا سفر اختیار کیا ۔ یہ چند شعر اس کے انتخاب ہو کر مرقوم ہوئے :

لے کے موتی بھی نہ دوں گا طفل اشک اپنا حقیر
نور چشم آنکھوں کے گھر میں ایک لڑکا رہ گیا

چڑھی جو شیخ کو افیون تو دانۂ تسبیح
سمجھ الائچی دانے تمام ٹھونگ[1] گیا

ہوں ہست و نیست، عالم تصویر کی طرح
گویا ہوں اور خموش ہوں زنجیر کی طرح

دل میں ہے بیٹھ رہیں در پہ صنم کے ہی حقیر
راہ کعبے کی تو آتی ہے نظر دور ہمیں

یاد میں اس بت کافر کی ہوں ایسا مصروف
کہ خودی بھول گئی اور خدائی مجھ کو

بن کے جوگی چشم قاتل کے بنی میں دل بسا
کوئی پوچھے کیا بنی تجھ پر کہ بستی چھوڑ دی

بعد مدت بر میں آیا ناوک دلبر سو آہ
دشمنوں نے کھینچ، میری جان ترستی چھوڑ دی

ایک آنے پر تمھارے جان دیتا ہے حقیر
لے لو صاحب تم نے کیوں یہ جنس سستی چھوڑ دی

گلی میں یار کی، چیونٹی گھسیٹ لائی تجھے
حقیر صدقے ہو تو اپنی ناتوانی کے

ابتر ہیں یہ سب لخت جگر روک لو اڑ کے
جانے دے اگر روٹھ چلے، اشک کے لڑکے

کس رو سے چھٹے زلف ستم گر کا گرفتار
وہ ''سیدیٔ فولاد'' رکھے جس کو جکڑ کے

دل شورش اشکوں نے تو ہر چند بجھایا
پر شعلۂ دل آہ مرے اور ہی بھڑکے

---

۱ - نسخہ ۲ (۱۹۹) 'ٹونگ' ۔

کوئی غیر نہ تھا گھر کے ہی مردم ہوئے دشمن
آنکھوں نے بہایا مجھے اس طفل سے لڑ کے

پامال ہوئے تم تو حقیر آہ جہاں میں
چوں نقش قدم یار کے قدموں سے بچھڑ کے

حقیر

حقیر تخلص ، منشی نبی بخش ، خلف منشی حسین بخش که نظم و نثر فارسی میں علم یکتائی بلند اور شہر لطافت بحر اکبر آباد میں محلہ تاج گنج اس کی سکونت سے باغ ارم پر ناز کرتا ہے ۔ بالفعل عہدۂ سر رشتہ داری محکمۂ فوج داری کی تقریب سے قصبۂ کول میں تشریف فرما اور اس کی خاک قدم اس نواح کے ساکنین کی آنکھ میں توتیا ہے ۔ کلام میں فصاحت کو بلاغت کے ساتھ جمع اور متانت کو سلاست کے ساتھ فراھم کیا ہے ۔ یہ چند شعر اس کے نتائجِ افکار سے ھیں :

زخم کے منہ میں بھر آیا پانی
جب کہ پیکاں کا مزا یاد آیا

پھر گریباں کے اڑیں گے ٹکڑے
پھر وھی چاک قبا یاد آیا

خط جو غیروں کو کیے اس نے رقم
ھم کو قسمت کا لکھا یاد آیا

بس کہ مصنوع ہے صانع کی صفت
بت کو دیکھا تو خدا یاد آیا

آج پھر اس بت کافر نے حقیر
وہ ادا کی کہ خدا یاد آیا

کیا سبک رو ہیں رہروان عدم
کہ کسی کا نہ نقش پا دیکھا

دیر میں ہے ذکر اپنا کعبے میں بیاں اپنا
ایک ہم ہیں اور چرچا ہے کہاں کہاں اپنا

ہاتھ دوڑائے جنوں نے پھر گریباں دیکھ کر
پاؤں پھر وحشت نے پھیلائے بیاباں دیکھ کر

کوئی لا سکتا نہیں مضمون عالی کو بزور
خود بہ خود آتا ہے یہ طبع سخن داں دیکھ کر

سنتے ہیں گئے مانی و بہزاد عدم کو
اب کھینچیں تو کھینچیں کمر یار کی تصویر

وہ نگاہیں جن سے تھی مجھ کو تسلی کی امید
تشنۂ خوں آفت دل دشمن جاں ہو گئیں

گر یہی چاک کی عادت ہے تو اے دست جنوں
پیرہن سارے گریباں ہی گریباں ہوں گے

قتل تم سو کو کرو گے تو مریں گے لاکھوں
کشتہ ہر کشتے کے ہم راہ صد ارماں ہوں گے

گر تو نہیں ہے عاشق پھر یہ حقیر ہر دم[1]
کیوں نالۂ حزیں ہے کیوں آہ آتشیں ہے

حکیم

حکیم تخلص ، حکیم نہال الدین ، حال اس کا بجز اس کے
کہ صدر دیوانی آگرہ میں محرر رہے ، اور کچھ معلوم نہیں ۔

۱- نسخہ ۱ (ص ۲۰۵) میں ''مرد ہر دم'' غلط

یہ دو شعر اس کے مسموع ہوئے :

مرے پہ بھی نہ گئی میرے گھر کی تاریکی
رہا خموش چراغ مزار ساری رات

بسر ہوئے شب فرقت عجیب کلفت سے
بجائے خواب غشی سی رہی تھی طاری رات

حمید

حمید تخلص ، حمید الدین ، زمرۂ سواران سلطانی میں انسلاک اور فن شعر میں فی الجملہ سلیقہ رکھتا ہے۔ یہ شعر اس کے نتائجُ افکار سے ہے :

نیند آئی تھی مدت میں جگا کس نے دیا ہائے
پاؤں مرے اے گردش تقدیر ہلا کر

حمید

حمید تخلص ، سید حسین علی ، طالب علم مدرسۂ آگرہ۔ یہ دو شعر اس کے تحریر ہوئے۔

رہا وہ غیر کے گھر کل تمام شب ظالم
میں کیا کہوں جو رہی دل کو بے قراری رات

حمید جیسا قیامت کا روز ہے دشوار
اسی قدر ہے جدائی کی سخت بھاری رات۔

حوشم

حوشم تخلص ، منشی دیپ چند قوم کھتری ، مرد معمر اور سنجیدہ تھا ۔ خط نستعلیق و شکستہ کو بہت درست لکھتا ۔ استعداد فارسی کامل اور طرز نثرطرازی نہایت دل چسپ ۔ حضرت فیض مرتبت امیر خسرو دہلوی قدس سرہ کی طرز کا پیرو ۔ محسنات بدیعی خصوصاً اشتقاق اور مراعات‌النظیر کی طرف التفات اس مرتبہ تھی کہ بسا اوقات سر رشتہ حسن معنی کا ھاتھ سے جاتا رھتا ۔ 'خزاین الفتوح' کو کہ جناب تقدس انتساب امیر خسرو رحمۃاللہ علیہ کا سکۂ سخن وری اور متانت عبارت میں دست آویز منشیان چابک رقم ھے ، خلاصہ کر کے ان معنی کو نثر متین میں لکھا اور حق یہ ھے کہ خوب لکھا ۔ کہیں کہیں مراعات لفظی کی قید نے اس نثر کو بھی حلیۂ معنی سے معرا کردیا ۔ لیکن بہ ایں ھمہ خوبی اس نثر کی دائرۂ بیان سے خارج ھے ۔ مذاق شعر سے بہرہ کم رکھتا تھا ، اس واسطے زمین شعر میں کبھی گذارہ نہ کیا ۔ مگر اخیر عمر میں ظرافت اور کبرسن کے تقاضے سے یہ فکر بھی دامن گیر ھوا ۔ اور از بس کہ نظم میں مہارت نہ تھی ، جو کہ اس کی انشاپردازی کی قدرت سے آگاہ نہ تھے ، وہ اشعار سن کر نا معتقد ھوجاتے اور زبان طنز کو دراز کرتے ۔ غالباً شعر گوئی کی طرف توجہ کرنا اختلال حواس کا نتیجہ تھا اور اس تخلص کا اختیار کرنا بھی اسی پر دال ھے ۔ دو تین سال ھوئے کہ جہان فانی سے دل اٹھا کر تلاش ملک بقا میں اپنے آپ کو آگ میں

جھونک دیا ۔ یہ شعر بہ ضرورت تذکرہ مرقوم ہوا :

جب کہ آنے کی سنی ہم نے خبر دل دار کی
بھر گئی کانوں میں بو اس زلف عنبربار کی

حیا

حیا تخلص ، شاہزادۂ صاحب تمکین مرزا رحیم الدین ، خلف زبدۂ شاہزادگان بلند اقتدار ، سلالۂ سلاطین کام گر ، مسند نشین مجد و علا ، مرزا کریم الدین متخلص بہ رسا ۔ اگر اس بلند مرتبت کے اوصاف حمیدہ اور اطوار پسندیدہ مرقوم ہوں تو اس دریاے ذخار کی بے پایانی آشنایان بحر معانی کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیتی ہے اور اگر اس سے یک لخت ہاتھ اٹھایا جائے ، شوق ثنا کی محرومی جراحت خاطر پر نمک پاش اور ناخن حسرت سے دل خراش ہے ع : گویم مشکل وگر نہ گویم مشکل ۔ سبحان اللہ سخن اعجاز سے ہم پہلو اور معنی سحر سے دو بدو ۔ کلام کی اساس کہل پختگی سے بنائے ریختہ اور طبیعت کی گرم جولانی عرصۂ روانی میں عنان گسیختہ ۔ ہر لفظ رنگینیٔ معنی سے سبز تہ نما ، ہر نکتہ مثل اشارات خوبان دل ربا ۔ دل نشینیٔ سخن ایسی کہ ہنوز لب سے آشنا نہیں ہوا کہ طبیعت سامع میں جا بیٹھا ، اور برجستگیٔ کلام اس درجہ کہ حجلۂ فکر سے اب تک قدم باہر نہیں نکالا کہ جلوہ گہ صفحہ میں جا پہنچا ۔ رسائی ذہن کو معنیٔ بلند سے بام عرش پر ہم آغوشی اور دقت طبع کو مضامین متین سے نشیمن قارون میں گرم جوشی ۔ رنگینیٔ کلام غیرت گل ، کیفیت سخن رشک مل ۔ عرصۂ سخن کی یکہ تازی سے قدم

آگے بڑھا کر بساط بازیٔ شطرنج پر منصوبہ پیش بینی کا ایسا چنا ہے کہ اگر ابوزید زندہ ہوتا ، اس یکتائے دھر کے ھاتھ سے ایسی ضرب اٹھاتا جیسے زید سے عمرو ۔ اگر اوراق کتاب بہ قدر تصنیف بیوت شطرنج بہم پہنچیں پھر بھی حوصلہ ان اوراق کا قابل اس کے نہ ھو کہ شمہ اس کے اوصاف سے ان میں گنجایش پذیر ھو ۔ راست فکری اس فن میں ایسی کہ فرزیں باوصف کج روی کے عرصۂ شطرنج میں راست روی کے اندر بادشاہ وقت ہے ۔ غایب بازی کا یہ حال کہ اگر حریف گوشۂ خیال میں بساط گستر ھو ، اس کی منصوبہ بینی سے جاں بر نہ ھو ۔ قوت حافظہ کی اعانت سے کلام الٰہی سے لوح خاطر میں ایسا منقوش ہے کہ آیت وافی ھدایت ''ستقرأک فلاتنسی'' کا مصداق اگر اسی یکتائے دھر کو قرار دیں تو بجا ہے ۔ باوجودیکہ اکثر فنون میں علم یکتائی بلند کیا ہے لیکن ملک سخن میں کشور خدایان کمال سے باج ستان اور اقلیم کشایان فضایل کا تاج بخش ہے ۔ کثرت افکار گوھر نثار سے دیوان اتمام کو پہنچا اور انھیں ایام میں حلیۂ طبع سے محلی ھو کر بصیرت افزائے اھل انصاف ھوا ۔

یہ چند شعر اس دیوان سے انتخاب ھو کر تحفۂ ارباب کمال ھوئے :

ھوتا جو بادباں نہ محمد کی ذات کا
ڈوبا تھا بحر غم میں سفینہ نجات کا

نہ کیوں کر وصل میں تڑپوں کہ یاد آتا ہے رہ رہ کر
تڑپنا بستر غم پر ، شب تاریک ہجراں کا

دیکھنے پائے نہ دل بھر کر قیامت میں اسے
روز محشر ، وصل کی شب کے برابر ہو گیا

اک نہ اک دن جان جاتی آخرش یونہی حیا
مر گئے اس پر تو اس کے دل ہی میں گھر ہو گیا

بن ترے کل قتل کا گلشن میں سامان ہو گیا
شاخ گل ناوک بنی ، ہر غنچہ پیکاں ہو گیا

دل میں وہ موے مژہ کھٹکا تھا آ کر مثل خار
خار سے سوزن بنا ، سوزن سے پیکاں ہو گیا

اب نہ کہنا میں تری فریاد سے رسوا ہوا
شکر کر اس کا کہ جو ہونا تھا واں ، یاں ہو گیا

بہاتا ہوں غم عشق بتاں میں رات دن آنسو
بھنور میں آ گیا ہوں ، ہے مری آغوش میں دریا

ملایا خاک میں اور اس پہ کہتے ہیں کہ مجھے
کچھ امتحان محبت کا کر نہیں آتا

ممکن ہے کہ رحم اس بت کافر کو نہ آئے
پر ہم کو حیا حال دکھانا نہیں آتا

سنا ہے ، یار کہتا ہے ، کسی کے کام آؤں گا
جو یہ سچ ہے تو میں بھی قسمت اپنی آزماؤں گا

حاصل دل بیتاب تڑپنے سے نہیں کچھ
معشوق کے آنے پہ ، اجارا نہیں ہوتا

کون محو تماشا ہے مری لاش پہ عالم
کیہہ دو کوئی مرتا ہے ، تماشا نہیں ہوتا

اللہ رے لاغری کہ قضا مجھ کو ڈھونڈتی
یاں تک پھری کہ حشر کا میدان آگیا

رونا کہاں ہوا مجھے دل کھول کر نصیب
دو آنسوؤں میں نوح کا طوفان آگیا

گلی میں پھینک دیا اس کی میں نے کاٹ کے سر
یہ بوجھ تھا مری گردن پہ سو آتار آیا

بتوں کو چاہ کے ہم تو عذاب ہی میں رہے
شب فراق کٹی روز انتظار آیا

کھلی نہ آنکھ ترے کشتۂ تغافل کی
ہزار شور قیامت اسے پکار آیا

خدا ہی ہے کہ رہے توبہ کعبے جانے تک
قدم قدم ہے تصور شراب خانے کا

وہ بات ہی نہ رہی ذکر غیر آتے ہی
وہ وقت ہی نہ رہا الفت آزمانے کا

کہا بتوں سے تسلی دو آن کر تو کہا
خدا نہیں کہ جو ہم دل رکھیں زمانے کا

رہی جو دل کی طپش یہ تو ہو چکا یارا
شگاف سینہ و چاک جگر سلانے کا

سہل سمجھے تھے دم قتل گراں جانی کو
ہو گیا کام تری تیغ کو دشوار اپنا

دیکھتے ہی اسے کچھ کہہ نہ سکے حشر میں ہم
ہو گیا بند وہاں بھی لب اظہار اپنا

دشمن کو دیا میرے لیے وہ ھی فلک نے
جو کینہ کہ میں نے دل مضطر سے نکالا

یہ انتظار دم مرگ چشم تر میں رہا
کہ مر گئے پہ بھی عالم وہی نظر میں رہا

لحد میں آئے گا آرام اے حیا کیوں کر
جو لوٹتا دل بے تاب یوں ھی بر میں رہا

حق میں حیا کے یارو دعا کیجیو کہ وہ
مصروف وقت مرگ بھی یاد بتاں میں تھا

کیونکہ عالم کو ھو نظارہ ترے دیدار کا
حسن یوسف کی طرح سودا نہیں بازار کا

تھک گئے بھر دعا ھاتھ اٹھتے اٹھتے اے حیا
پاؤں بھی ٹوٹا نہ اک دن چرخ کج رفتار کا

قبا کے ٹکڑے کیے ھیں تو جیب بھی کر چاک
گھڑی گھڑی کی جنوں زور آزمائی کیا

شب فراق ھماری بھی ھو گئی آساں
جو تم نہ آئے تو بس موت بھی نہ آئی کیا ؟

پس وصال میسر مجھے وصال ھوا
مرے جنازے پہ بیٹھے رہے وہ ساری رات

جگر کو تھام کے دل کو دیا جو صبر تو کیا
تڑپ تڑپ کے گذاری تو کیا گذاری رات

وہ ناتواں ھوں کہ آیا نظر نہ موت کو میں
قضا پھری مرے بستر کے گرد ساری رات

جگر وہ کیا جو نہ ہو چاک دن میں سو سو بار
وہ دل ہی کیا نہ رہے جس کو بے قراری رات

شروع شام جدائی میں نالہ و افغاں
ابھی تو اے دل مضطر پڑی ہے ساری رات

ترے نزدیک اے زاہد بتان ہند کافر ہیں
مرے آگے خدا کا سجدہ ہو تو آن کے دامن پر

دیتی نہیں ہے ولولۂ جوش عشق چین
تہمت عبث ہے موج نسیم بہار پر

عمر اپنی خیال کمر یار میں گذری
دنیا ہی میں گویا کہ رہے ملک عدم میں

ناصح نہ دل سے ترک محبت کا کر کلام
ایسی سنے تو میں ہی نہ سمجھا لیا کروں

آدمی ہوں نہیں پتھر کا کلیجہ میرا
اس قدر تو نہ ستم کر کہ اٹھا بھی نہ سکوں

فلک نے جذب عدو میں دیا جہاں کا اثر
رکھا نہ کچھ بھی مرے نالہ و فغاں کے لیے

آتے ہی آتے موت کے، یاں عمر ہو چکی
جو ہے سو میری جان کو غفلت شعار ہے

کہتے تو ہیں گھبرائے نہیں پھرنے کے اب ہم
دل بس میں نہ ہووے گا تو کیا کیا نہ کریں گے

پڑے اس میں جو مشت خاک عاشق
تو دریا بوند بھر پانی کو ترسے

توبہ دھری رہی جو وہ آ بیٹھے اے حیا
ہے کس کو اعتبار کہ تم پارسا ہوئے

کیا جانے روز حشر کو کھلتی نہ کھلتی آنکھ
اچھا ہوا اڑا دی جو نیند انتظار نے

محبت اب نہیں کرنے کے چرخ جانے دے
کہ آدمی ہی تو تھے ہو گئی خطا ہم سے

حیات

حیات تخلص، محمد حیات خان ولد احمد یار خان قوم افغان متوطن قدیم رام پور ساکن حال میرٹھ۔ مرد کریم الاخلاق عمیم الاشفاق ہے۔ اگرچہ بیشتر استفادہ روشن شاہ روشن تخلص سے کیا تھا لیکن نواب مرحوم الٰہی بخش خاں معروف غفراللہ لہ سے بعد شرف بیعت کے گہ گہ فن سخن میں بھی مستفید ہوا۔ تیس برس کے عرصے سے پرمٹ کے سر رشتے میں گرد آوری کے عہدہ سے ممتاز ہے۔ یہ دو شعر اس کے نتائج افکار سے بہم پہنچے :

ہم اور بلبل و پروانہ بزم الفت میں
ازل سے کھائے ہوئے دل پہ داغ ہیں دو تین

تیرے بسمل کی یہ حالت ہو تہ خنجر ناز
سر جدا، ہاتھ جدا، پاؤں جدا وجد کرے

حیدر

حیدر تخلص، حیدر شکوہ نبیرۂ مرزا سلیمان شکوہ ابن شاہ عالم بادشاہ۔ دو سال ہوئے کہ اپنے کہین برادر

مرزا نور الدین شاہی تخلص کے ہمراہ لکھنؤ سے شاہجہان آباد میں آیا تھا اور بزم مشاعرہ میں جو بہ حسب ارشاد حضرت جہان بانی دربار عام میں مزین ہوتی تھی، مدعیان کمال کی طرح[1] اپنا سخن پڑھتا تھا۔ اس کے سخن نے اصحاب فہم کے دل میں تو جگہ نہ کی لیکن اس نے ایک باغ سبز دکھا کر باریابان سلطانی کے ضمیر صفا تخمیر میں جا پیدا کر لی۔ اب مدت ہوئی کہ زمین لکھنؤ میں سائر اور وہاں[2] کے سخن طرازوں کی خدمت میں دائر ہے۔ یہ شعر اس کا مرقوم ہوا:

ناز سے جب وہ چلتے ہیں پازیب سے آتی ہے یہ صدا
کافر کہیے ان کو جو انکار قیامت رکھتے ہیں

حیران

حیران تخلص، میر ولایت علی معتبران شاہجہان آباد اور رؤسائے اقبال مند اس سواد لطافت بنیاد سے ہے۔ سابق سرکار گردوں مدار حضرت ظل سبحانی میں عہدۂ کپتانی سے ممتاز تھا، اب خانہ نشین ہے۔ یہ دو تین شعر اس کی غزل سے انتخاب ہوئے:

ہر بن مو سے ہیں شعلے سے نکلتے پیہم
عشق نے آگ مرے سینے میں بھڑکائی کیا

سر پٹکتا رہوں یا پھوڑ کے سر مر جاؤں
تیری مرضی ہے بتا اے غم تنہائی کیا

۱ - نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ء میں 'طرف' ہے۔

۲ - نسخہ ۲ (ص ۲۰۵) 'اردو زبان' غلط۔

شکل تصویر جو حیرت میں ہے تو اے حیراں
اس کی تصویر کسی نے تجھے دکھلائی کیا

حیرت

حیرت تخلص ، حافظ عبدالرحان ساکن جھنجانا ۔ زبدۂ شرفاے عظام ، اسوۂ نجبائے کرام سے ہے ۔ نیک نہادی اور حسن اخلاق اس کے دفتر احوال سے ایک سطر اور خوش وضعی و اہلیت اس کے نسخۂ اوضاع سے ایک حرف ہے ۔ سینۂ بے کینہ ذخیرۂ کلام الٰہی سے لوح محفوظ کا نمونہ اور رنگ انبساط چہرۂ سلوک کا گلگونہ ہے ۔ علم ضروری سے بہرہ ور اور دقایق سخن سے آگاہ ۔ کتب درسی کی تحصیل جناب استادی مولوی امام بخش صہبائی سلمہ اللہ تعالی سے کی اور آسی جناب مستطاب سے ریختے کی اصلاح لی ہے ۔ یہ چند شعر اس کے نتائج افکار سے ہیں :

لخت جگر رکا ہے آنکھوں میں آ کے ورنہ
طوفاں اٹھائے میری چشم پر آب کیا کیا

کچھ دل میں بے کلی ہے کچھ ہے جگر میں سوزش
ہیں عشق کی بدولت مجھ پر عذاب کیا کیا

پہلو میں اک کسک سی چلی جائے ہے مدام
یہ دل ہے یا چبھا ہے کوئی خار دیکھنا

اے وحشت اپنے آبلۂ پا سے دشت میں
رہ جائے تشنہ لب نہ کوئی خار دیکھنا

دل دے کے دل بروں کو ہوا در بہ در ذلیل
حیرت ہے ہم کو شاق ترا خوار دیکھنا

زندگی کے لطف سے غفلت نے رکھا بے خبر
یوں کٹی ہے عمر اپنی جیسے عالم خواب کا

جولاں سے اس کے ہو کے پریشاں کچھ اور بھی
رتبہ ہوا بلند ہمارے غبار کا

اک دو ہی آنسوؤں میں لگا ڈوبنے فلک
نکلے گی خاک دیدۂ خوں بار کی ہوس

گر شربت وصال نہیں موت ہی سہی
کوئی تو نکلے اس دل بیمار کی ہوس

دین کو زلف و خط و خال و مژہ نے چھینا
دل بھی غالب ہے کہ ہوگا انھیں دو چار کے پاس

ہم جاتے جاتے دیر کو کعبے میں آ گئے
سر گشتگی سے چھوڑ کے راہ صواب کو

سوتے سے تونے فتنۂ محشر اٹھا دیا
حیرت جگا کے آج پھر اس مست خواب کو

نہ کھلا ہائے مرا غنچۂ امید کبھو
حسرتیں دل کی رہیں دل ہی میں کیا کیا باقی

رہرو راہ فنا سب سر منزل پہنچے
رہ گیا میں ہی فقط راہ میں تنہا باقی

کاش وہ وصل میں پوچھے مرے دل کا احوال
اور کہوں میں بھی جو ہے دل میں تمنا باقی

ہر چند چھپایا نہ چھپا جوش محبت
یہ راز ہوا فاش مرے دیدۂ تر سے

---

۱ - نسخہ ۲ (ص ۲۰۶) 'ہوگر' غلط

اس زردیٔ چہرہ کا کہو حال تو حیرت
کیا دل کو لگا بیٹھے کسی رشک قمر سے

اب دیکھیے کیا جان پہ بنتی ہے خدایا
ہم جی تو چلا[1] بیٹھے ہیں اُلفت میں بتاں کی

حیرت کا خدا جانے ہے کیا حال کہ ہمدم
کچھ رات سے آتی نہیں آواز فغاں کی

حیرت

حیرت تخلص، مرزا رمضانی پسر مرزا صمصام الدین، اولاد امجاد مرزا مراد شاہ پسر اعالی حضرت شاہجہان بادشاہ نور اللہ مرقدہ۔ اخلاق حمیدہ اور صفات پسندیدہ اس پاک نہاد کے حیطۂ تعداد سے خارج ہیں۔ راہ روان عرصۂ معرفت کی محبت اور پیشوایان مسلک طریقت کی ارادت ایسی اس کے دل میں ہے کہ دل عاشق میں ہوائے معشوق اس طرح متمکن نہ ہوگی۔ فن سخن کو مرزا رحیم الدین حیا تخلص سے کسب کیا ہے۔ یہ چند شعر اُس کے انتخاب ہو کر لکھے گئے:

کیوں خفا غیر کے کہنے سے ہوۓ
کیا سنا تم نے اور کیا دیکھا

دیکھ پاٹ اپنے دامن تر کا
پانی پانی ہے دل سمندر کا

وہ خار ہوں کسی سے الجھتا نہیں ہوں میں
دشمن کی آنکھ میں بھی کھٹکتا نہیں ہوں میں

---

۱ - نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ھ: چلا

دل لگتے ہی یاں جان کے لالے پڑے حیرت
آۓ گا ابھی دیکھیے کیا کیا مرے آگے

حیرت اب یار سے کیوں ترک وفا کرتے ہو
پہلے ہی تم نے محبت نہ بڑھائی ہوتی

اب کے گر جی بچے تو اے ناصح
ہاتھ اٹھائیں گے، دل لگانے سے

باب الخاء المعجمة

خالق

خالق تخلص ، خالق بخش اکبر آبادی ، شاگرد اسیر ۔ اُس کے یہ اشعار بہ نسبت اور اشعار کے جو راقم کو پہنچے تھے ، قابل انتخاب نظر آئے :

تمھاری یاد میں عالم کی یاد بھول گئے
جو یاد کچھ بھی رہی تو ہمیں تمھاری رات

فراق و رنج و الم، یاس و درد و داغ و قلق
کرم سبھوں نے کیا ہم پہ باری باری رات

بندھا خیال جو اس کی جبیں کے[1] افشاں کا
ستارے گن کے ہے خالق نے سب گذاری رات

خاص

خاص تخلص ، محمد حیدر خاں پسر الٰہی بخش خاں مرحوم باشندۂ شاہجہان آباد ۔ نوجوان نیک اطوار اور پلٹن سپاہیان شاہی

۱ ۔ نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ھ : کی

میں منشی گری کے عہدے سے ممتاز ہے۔ اصلاح شعر شاہزادۂ بلند قدر مرزا جمعیت شاہ ماہر تخلص سے لیتا ہے۔ یہ اشعار اس کی بیاض سے منتخب ہوئے :

تھی جدائی گرچہ پہلو میں مرے وہ یار تھا
ناز تھا آزردگی تھی رنج تھا انکار تھا

کاوشیں جھیلیں نہ کیا کیا یاد مژگاں میں تری
گاہ نشتر تھا جگر میں گاہ دل میں خار تھا

دیکھ لے نقشہ اگر اس عالم تصویر کا
تو تو کیا زاھد، دل آئے اس پہ تیرے پیر کا

سخت مشکل ہے کہ ہے وہ شوخ تو نازک دماغ
اور نالہ ہے شعار اپنے دل دل گیر کا

ماہ نو کو دیکھ کر ابرو کو دیکھا چاہیے
دیکھنا منظور ہو اے دل اگر شمشیر کا

مار کر مجھ کو ہوا تو قتل عالم پر دلیر
حلق تھا میرا فساں قاتل تری شمشیر کا

کیوں تقاضاے خلش ہر دم نفس کے ساتھ ہے
دل میں شاید رہ گیا ہے کوئی پیکاں تیر کا

ضعف سے اب تو یہ نوبت ہے کہ اے خاص مری
اب تلک سانس بھی آیا تو بمشکل آیا

خادم

خادم تخلص، خادم علی ۔ وطن اصلی اس کا لاهور ہے اور اب مدت سے خاک شاھجہان آباد میں اس کی برات روزی

مقرر ہے ۔ یہ شعر اس کا سنا گیا :

منتیں جو کہ نہ کرنی تھیں سو کیں پر وہ شوخ
نہ ملا اپنے جگر سوختہ سے پر نہ ملا

خانی

خانی تخلص ، مرزا خانی ساکن شاہجہان آباد ۔ مرد[1] (کذا) آدمی اور صاحب خلق نیک تھا ، لیکن دماغ میں مالی‌خولیا تھا اور طبیعت میں ہجوم اوہام ۔ زمین بازار اس کے قدم کی گردش سے کم آسودہ ہوتی تھی ۔ اس کے اشعار خلل دماغ پر مشعر ہیں ۔ فیض سخن سے گہ گہ شعر دل چسپ بھی کہ سینۂ دل پر ناخن زن ہو ، زبان قلم سے ٹپک جاتا تھا ۔ یہ شعر اس کا یاد تھا اور اتفاق سے اسی کے حسب حال ہے :

بے عقلیوں کے کام ہی کرتے رہے سدا
عاشق ہوئے تو یہ بھی خلل تھا دماغ کا

خانی

خانی تخلص ، خان جہاں افغان ، ساکن شاہجہان پور شاگرد جناب غفران مآب مولوی عبداللہ خاں علوی ۔ ذہن سلیم اور طبع قویم رکھتا تھا ۔ کتب تحصیلی سے اکثر مقامات مشکلہ جودت حافظہ سے مستحضر تھے ۔ گہ گہ شعر فارسی کہتا اور حضرت مغفور مرحوم کی نظر اصلاح سے گذرانتا ۔ یہ

---

۱ ۔ نسخہ مطبوعہ نولکشور ۱۲۹۹ھ میں "مرد" پڑھا جاتا ہے ، طبع اول ۱۲۷۱ھ میں صاف نہیں ہے ۔

شعر اُس کا یاد ہے :

آنکه بر مستیم انکار به بے جا می کرد
چشم میگون ترا کاش تماشا می کرد

خرد

خرد تخلص ، بالاپرشاد قوم کھتری ، ساکن شاھجہان آباد ۔ مرد خوش مزاج ، نیک اخلاق ، استعداد فارسی میں اقران و امثال سے ممتاز ۔ خط نستعلیق کو اس درستی سے لکھتا ھے که درست نویسان روزگار اس کے روبرو اگر اپنی تحریر پر خط شکسته کا گمان کریں تو عجب نہیں ۔ ھر چند طبیعت نہایت موزوں ھے لیکن وارسته مزاجی سے کچھ فرصت بہم پہنچتی ھے تو فکر شعر کی طرف متوجه ھوتا ھے ۔ غالباً اس کے مزاج کی وارستگی گنج طبیعت سے خزانۂ خیال اور گنجینۂ فکر میں منتقل ھو جاتی ھے که سخن بھی نہایت بےقراری سے کبھی زمین کاغذ پر قدم رکھتا ھے کبھی نہیں ۔ یه شعر اس کا یاد تھا مرقوم ھوا :

یــه ھے پتھر اور وہ گل برگ تر اے جوھری
کیا ھے نسبت لعل کو اُس کے لب خوش رنگ سے

خرد

خرد تخلص ، پنڈت رام نراین شاگرد حافظ غلام دستگیر مبین ۔ یه شعر اس کا سنا گیا :

تم آپ سے نہیں جاتے یاں سے گھبرا کر
یه جس کے جذبۂ دل کا اثر ھے کیا کہیے

خرم

خرم تخلص ، زبدۂ انام ، محمد احمد نام ، مرد شیریں گفتار ، پسندیدہ کردار ، ساکن شاھجہان آباد ۔ مروت جبلی ایک جامہ ھے کہ خیاط ازل نے اس کی قامت استعداد پر قطع کیا ھے ۔ گاہ گاہ فکر شعر کرتا ھے ۔ یہ دو تین شعر اس کے سنے گئے :

مر کر بھی نہ چھوٹوں گا ترے ھاتھ سے ظالم
گر اے دل سوزاں مرے پہلو میں رھا تو

جاں تن سے نکل جائے ترے سامنے بے مہر
اک دم کے دم اس خستہ کی بالیں سے نہ جا تو

مانا کہ ھم سے آپ کو نفرت ھے پر اسے
کیا کیجیے کہ ھم کو محبت ھے آپ سے

خضر

خضر تخلص ، جواں سال و جواں دولت ، بلند اقبال ، والا مرتبت ، عالی دود مان ، منیع المکان ، فرزند رشید حضرت ظل سبحان ، کہین برادر حقیقی صاحب عالم و عالمیان ، ولی عہد خلیفۂ دوران مرزا فتح الملک بہادر دام اقبالہ ۔ یعنی نونہال حدیقۂ بختیاری ، مسند نشین ایوان کام گاری ، فلک رتبت ، آسمان رفعت ، مسیح گفتار ، کلیم زباں ، مرزا خضر سلطان بہادر کہ گلشن عمر میں ثمر پیش رس دولت و جوانی سے کام یاب اور چمنستان اقبال میں سرچشمۂ بخت مندی سے سیراب ھے ۔ خار اگر اس کے چشمۂ لطف سے نم ناک ھو گل کی لطافت پر طعنہ زن ھو ۔ سوسن اگر اس کے انفاس سے

فیض یاب ہو سخن سنجان زبان آور کے مقابل گرم سخن ہو۔ مرزا اسداللہ خاں غالب سے تحصیل کمال میں مصروف اور روز و شب مشق سخن میں مشغوف ہے۔ یہ چند شعر اُس قدر شناس اہل ہنر کے کلام سے منتخب ہوئے :

مانا کہ ستم تم نہیں کرتے ہو کسی پر
غیروں پہ کرم ہو یہ ستم بھی نہیں تھوڑا

لہو میں میرے ہوں رنگیں اگر دیکھوں تو یہ دیکھوں
اُنھوں کے ہاتھ پر رنگ حنا دیکھا تو کیا دیکھا

نہ کہہ سکتے ہیں کچھ اپنی نہ سن سکتے ہیں کچھ تیری
ہمیں اس وقت میں اے بے وفا دیکھا تو کیا دیکھا

جام جمشید کو، آئینہ سکندر کو ملا
خضر میں وہ ہوں کہ حصے میں مرے دل آیا

چھٹوں کس طرح پھندے سے بتوں کے
مجھے کچھ بن نہیں آتی خدایا

تار نفس سے ہے بہم الجھا ہوا یہ تار
نکلے گا دم بھی ساتھ جو نالہ رسا ہوا

گالی سے کون خوش ہو مگر حسن اتفاق
جو تیری خو تھی وہ ہی مرا مدعا ہوا

کہتے ہو وہ بھی ہوس پیشہ ہے جیسا تو ہے
مجھ سے اک چھیڑ ہوئی شکوہ عدو کا نہ ہوا

کہتے ہو کہ اک روز تجھے قتل کریں گے
پر یہ بھی تو اے شوخ ستم گر نہیں ہوتا

وہ بھی کیا دن تھے کہ فتنہ رات دن بیدار تھا
خط سے واں رخ سادہ یاں آئینہ بے زنگار تھا

تری خاک کف پا سے نہ بدلوں
کوئی دے گر مجھے اکسیر آ کر

پتھر کی چٹائی سے ہو تلوار کو برش
سرمہ جو دیا ہو گئی اُن کی نظر اب تیز

مے کشوں کے مزار پر رکھنا
ہوں جو بھیگے ہوئے شراب کے پھول

ظلم ہم پر ذرا سمجھ کے کرو
اے بتو! بندۂ خدا ہیں ہم

واہ ان کا خط کب آیا ہے کہ فرط ضعف سے
کھولنا مشکل ہے خط بال کبوتر[1] سے ہمیں

خلیفہ

خلیفہ تخلص، محب اللہ قوم حجام، مرید با اخلاص حاجی لال صاحب قدس سرہ العزیز۔ اُسترہ اس کا اسرار حقیقت کا موشگاف اور مقراض اُس کی رموز معارف سے گویا۔ اس سے زیادہ اس کے حال سے اطلاع نہیں۔ کہتے ہیں کہ ایک شعر اُس نے موزوں کر کے خواجہ قطب الدین بختیار کے مزار مبارک پر رکھ دیا، شب کو بشارت ہوئی کہ جو شخص ہنگام سحر اول زیارت کو حاضر ہو اس سے تجھ کو کچھ نفع پہنچے گا۔ اتفاقاً ایک حیز[2] وارد ہوا اور ہنوز اس کی

۱ - نسخہ اول (ص ۲۱۵) ”کبتو“ غلط۔
۲ - نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ : ہیز (بہ معنی مخنث)

زبان کسی حرف سے آشنا نہیں ہوئی تھی کہ حیز اس کا ھاتھ پکڑ کے کسی طرف لے گیا اور جب اُس کے پاس سے پھر آیا ، تین دن تک مزار فیض آثار پر معتکف رھا ؛ اُسی اثنا میں ایک جذب اس کی طبیعت پر غالب ہو گیا لیکن نہ ایسا کہ آثار سلوک سے مانع ہو ۔ تمام عمر ترک علایق کے ساتھ بسر کی ۔ وہ شعر یہ ہے :

به کلید کسے کشاد نیافت
قفل رنگاریؑ مرا بشکن

خلیفہ

خلیفہ تخلص ، رجبی حجام ۔ موزوں طبع ، ظریف مزاج ، ساکن شاھجہان آباد تھا ۔ راگ و رنگ میں شریک یاران رنگین صحبت اور ضلع اور جگت میں ھم رنگ مصاحبان صادق المودت ۔ ایک پہلوان کی ھجو میں چند شعر موزوں کیے تھے ، اس میں سے یہ شعر یاد رہ گیا :

اوندھا پڑے ہے نیچے سدا ھر جوان کے
تا لوگ یہ کہیں کہ کبھی چت نہیں ھوا

خلیل

خلیل تخلص ، سید ابراھیم علی اکبر آبادی ، ساکن محلہ نوری دروازہ ، شاگرد خلیفہ گلزار علی اسیر ۔ حال اُس کا اس سے زیادہ معلوم نہیں ھوا ۔ یہ چند شعر اس کے منتخب

ہو کر لکھے گئے :

وصف دہن تنگ نے خاموش کیا ہے
نے جائے تکلم ہے نہ موقع ہے صدا کا

اس زلف کے پھندے سے رہائی نہیں ممکن
ہر گز نہیں چھٹتا ہے گرفتار بلا کا

وصل کا سنتے ہی مژدہ ہو گیا اپنا وصال
موت کا پیغام تھا قاتل ترا پیغام کیا

کعبہ و دیر میں کس کے لیے پھرتے ہو خلیل
سچ کہو شوق ہوا کس بت ہرجائی کا

تیور بدل کے دیتے ہیں تعظیم ظاہری
بے قدریوں سے ہوتی ہے توقیر آج کل

بے کسی میں نہیں ہوتا ہے کسی کا کوئی
شمع بھی روئی نہ آ کر سر تربت مجھ کو

یوسف کو فقط ایک زلیخا نے لیا مول
وہ کون ہے تیرا جو خریدار نہیں ہے

وارث آدم صفی اللہ ہے تو اے خلیل
حور ہے تیرے لیے باغ جناں تیرے لیے

مل جائے گا موقع جو کبھی داد رسی کا
اے بت تری اللہ سے فریاد کریں گے

خلش

خلش تخلص ، فردوس علی نام ، ماموں[1] زادۂ محمد عبدالحکیم بسمل تخلص ۔ ہنوز سن چودہ پندرہ سے متجاوز نہیں اور جودت ذہن سے معلوم ہوتا ہے کہ بہت جلد تحصیل علم سے فراغت حاصل کرلی ۔ دسویں برس میں حفظ کلام ربانی اور اکثر کتب نظم و نثر فارسی کی تحصیل سے فارغ ہوا ۔ فکر شعر میں تازہ قدم رکھا ہے اور صاحب زادہ جناب صہبائی مولوی عبدالکریم سوز سے شعر کی اصلاح لیتا ہے ۔ یہ چند شعر اس کے مرقوم ہوتے ہیں :

اس سے مل مل کے دلا دیکھ تو کیا کیا نہ ہوا
ہم کو کیا تیرے ہی کچھ حق میں یہ اچھا نہ ہوا

میں جو پامال بھی ہوتا تو ترے قدموں میں
حسرت آتی ہے کہ کیوں خاک کف پا نہ ہوا

کیوں یہ کہتے ہو خلش کو کہ وہ بیمار نہ تھا
کچھ تو آزار اُسے تھا کہ وہ اچھا نہ ہوا

کیوں نہ چھوڑا بہار میں صیاد
میری منظور گر رہائی تھی

ضعف سے لب پہ تھم گئے نالے
ورنہ آفت فلک پر آئی تھی

کچھ اثر تھا نہ آہ سے منظور
یہ بھی اک طبع آزمائی تھی

---

۱ - نسخہ اول (ص ۲۱۶) میں 'ماموں' ۔

کیا مزے سے خلش گزرتی تھی
جب کہ اس بت سے آشنائی تھی

میرے ہی دل کی طرح یہ بھی نہ ہوئے درد مند
کوئی پوچھے تو کہ یہ کیسا جرس میں شور ہے

خمار

خمارتخلص امر ناتھ نام ، قوم پنڈت ۔ نوجوان خوش وجاہت لطیف مزاج ، تیز فکر ، اشعار فارسی کی طرف راغب ۔ ہرچند اس فن میں ہنوز عالم نومشقی ہے لیکن جو کہ موزون طبع اور طبیعت معنی یاب واقع ہوئی ہے ، سخن خالی لطف سے نہیں ہوتا ۔ یہ دو تین شعر اس کے مرقوم ہوتے ہیں :

اے بخت مژدہ باد کہ مشت غبار ما
موج نسیم برد بہ کوے نگار ما

با چنین کافر دلے صید حرم نتوان شدن
دل اسیر حلقۂ زلف بتان داریم ما

دوش با آں جاں شکار نازنیں گفتا خمار
بشنو ای غافل کہ حرفے بر زباں داریم ما

خموش

خموش تخلص ، گویاے خوش گفتار ، مرزا خدا یار ، متوطن قدیم حضرت شاہجہان آباد ۔ مدت سے زمین پنجاب

اس کی سکونت سے انتخاب ربع مسکون ہے ۔ مرد عزیز الوجود اور مظہر آثار سخا و جود ہے ۔ اوایل میں قدردانی راجا رنجیت سنگھ سے بہت سرمایہ بہم پہنچایا ، لیکن کثرت ایثار سے جب دیکھا گیا ، جام دانی میں ایک دو جامہ پوشاک کے سوا کبھی ذخیرہ نہ ہوا تھا ۔ اب بھی اُس نواح میں غالباً حکام وقت کی طرف سے عہدۂ تحصیل داری پر مامور اور حرف اُس کے جود و کرم کا زبان خلایق پر مذکور ہے ۔ مصداق اس شعر کا گویا وہی بزرگ منش ہے :

نمی باشد نشانے غیر درویشی کریماں را
کہ افشاندن تہی می سازد آخر دست دھقاں را

یہ دو تین شعر اس کے نتائج طبع موزوں سے ایک آشنا کی زبان سے کہ نواح پنجاب سے وارد شاھجہان آباد تھا ، مسموع ہوئے :

کیا ترا احوال ہے ہم سے بھی تو کچھ کہہ خموش
آشناؤں سے نہیں اچھا چھپانا راز کا

خموش کس سے نیا اختلاط ہے کہ ھمیں
کچھ ان دنوں کہیں تیرا پتا نہیں ملتا

دیکھ آیا تھا خموش خستہ جاں کو میں وھاں
دل کو دھڑکا ہے کہ کہتے ھیں کوئی مارا گیا

خواھش

خواھش تخلص ، آزادہ مرد ، نیکو نہاد ، میر اللہ داد متوطن الہ آباد ۔ مستغنیانہ زیست کرتا ہے ۔ چار پانچ برس

ہوئے کہ سفر حجاز اختیار کیا ، اب تک کچھ خبر گوش زد نہیں ہوئی ۔ اگر راہی ملک بقا ہوا ، جان اس قدسی جنت کی طوطیان فردوس کے ساتھ ہم نوا ہو اور اگر حیات مستعار ہنوز اس کے لباس خاکی کا طراز آستیں ہے ، وہ لقائے پر ضیا[1] پھر منتظران شاہجہان آباد کی آنکھ کے واسطے بصارت افزا ہو ۔ یہ دو شعر اس کے راقم کے گنجینۂ حافظہ میں مخزون تھے :

تیرے آنے کی دھوم ہے دل میں
حسرتوں کا ہجوم ہے دل میں

ہر قدم پر ہیں آفتیں برپا
چال ہے یا کوئی قیامت ہے

خورشید

خورشید تخلص ، خورشید احمد لکھنوی مولد ، دہلوی مسکن ۔ نسب اس صاف باطن کا چونتیس واسطے سے امیر المومنین حضرت عمر فاروق ابن خطاب رضی اللہ عنہ تک اور پانچ واسطے سے زبدۂ کرام ، سلسلۂ عظام ، عارف ربانی ، مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ تک پہنچتا ہے ۔ حضرت خواجہ محمد زبیر علیہ الرحمۃ و الغفران کی مسند خلافت اس متکئ ارایک معرفت کی تمکین سے زیب وافر رکھتی ہے ۔ اوایل میں شاہ رؤف احمد سے کہ اس کے برادر عم زادہ اور جناب مستطاب واقف اسرار خفی و انوار جلی

---

۱ - نسخہ اول (ص ۲۱۸) میر [سہر؟] ضیا اور نسخہ دوم میں 'پرضیا' ہے ۔

شاہ غلام علی مرحوم کے خلیفہ تھے ، خاندان نقشبندیہ میں بیعت کر کے اجازت ارشاد مریدان با اخلاص حاصل کی اور پھر شاہ سعد اللہ حیدر آبادی اور حضرت سراپا افادت ، سرایر آگاہ ، معارف دست گاہ ، شاہ احمد سعید مدظلہ العالی عالی مفارق المستفیدین سے کہ بالفعل تکیہ گاہ شاہ غلام علی مرحوم میں بجائے والد ماجد مغفور شاہ ابو سعید مبرور کے متمکن ہیں ، فیض یاب ہو کر از سر نو رہنمائیٔ طالبان مقصود کی اجازت لی - اور اس پر قناعت نہ کر کے اطراف ممالک دور دست یعنی اقصائے نواحیٔ ہندوستان اور خراسان اور ماوراء النہر اور ولایت فرغانہ جس کا تخت گاہ خوقند ہے اور بلخ اور بخارا اور سمرقند میں سیر کی اور ہر صاحب کمال سے استفادہ کیا - خصوصاً اپنے بزرگان کرام کے مزارات سے فیض بے حساب کسب کیا - اشعار فارسی و ریختہ طرز خوش اور روش دل کش کے ساتھ کہتا ہے - فن شعر میں اول شاہ رؤف احمد مرحوم مزبور سے کہ متخلص بہ رافت اور اس نیک نہاد کے پیر طریقت تھے اور پھر محمد مومن خاں مومن مغفور اور بعد اس کے مرزا اسد اللہ خاں غالب سلمہ اللہ تعالی سے استفادہ کیا - یہ چند شعر اس کے کلام سے منتخب ہوئے :

اشعار فارسی

سوے چمن اے واے پریدن نتوانیم
در موسم گل ریخت فلک بال و پر ما

دیدن بروے خوب تو گیریم جرم ماست
بر حال زار رحم نہ کردن گناہ کیست

عاشق ورندم و بے باک به مسجد چکنم
اے برهمن بت و بت خانه و زنار کجا است

از رقیب آزار، اے دل گر رسد هرگز منال
از برائے گل جفائے خار می باید کشید

بی طلب آید و من هیچ نه پرسم خورشید
نالۀ من به دلش خوش اثرے پیدا کرد

از جائے رفتۀ ز بدآموزیٔ رقیب
لطفے عنایتے کرمے داشتی چه شد

آخر بگو چگونه بحق مشتغل شدی ؟
خورشید مه لقا صنمے داشتی چه شد

ما لعل تو با لعل بدخشاں نه فروشیم
جنس‌ست گراں مایه که ارزاں نه فروشیم

خیزم از مدرسه و جانب مے خانه روم
ساغر مے ز کف ماه جبیناں گیرم

ساقی بخیز و بادۀ گل‌گوں بجام کن
فارغ مرا ز وسوسۀ ننگ و نام کن

اے صبا نکہت آں رشک چمن باز رساں
مژدۀ دولت دیدار بمن باز رساں

مه و خورشید یک سو چهرۀ آں سیم تن یک سو
عبیر و مشک یک سو بوے زلف پر شکن یک سو

اشعار ریختہ

کہاں پہلو میں دل خورشید جس کو ہم تسلی دیں
جو کچھ تھا آنسوؤں کے ساتھ خوں ہو کر نکل آیا

پھاڑنے کو اور کیا باقی رہا دست جنوں
چاک دامن ہو گیا پرزے گریباں ہو گیا

جاتا نہیں آنکھوں سے تصور کبھی خورشید
موجود ہے ہر وقت وہ گویا مرے آگے

نوید وصل یہ مانا کہ جھوٹ ہے خورشید
کسی طرح کوئی تسکین اضطراب تو دے

بتوں کے عشق سے باز آتے ہی نہیں خورشید
ملا ہے تم کو محبت میں کیا مزا کہیے

باب الدال المہملہ

دارا

دارا تخلص ، میراں شاہ مرزا دارا بخت مغفور ولی عہد سابق حضرت ظل سبحانی خلیفۃ الرحمانی محمد بہادر شاہ خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ ۔ حلم و بردباری و عموم اشفاق و کرم اخلاق ان کی ادنٰی صفت تھی ۔ کاروبار سلطنت ظاہر کو اپنی ہمت عالی کے لائق نہ جان کر پدر بزرگ وار کے سامنے تسخیر ملک مقدس کی طرف متوجہ ہوئے ۔ گاہ گاہ فکر شعر اور شیخ ابراہیم ذوق کو اپنے تلمذ سے سر بلند کرتے تھے ۔ یہ تین شعر ان کے نتائجِ افکار سے تحریر ہوتے ہیں :

ہم خاک ہو کے آئے ہیں کوچے میں یار کے
لیکن یہ خوف ہے کہ صبا کو خبر نہ ہو

دل سے لطف و مہربانی اور ہے
مہربانی کی نشانی اور ہے

مجھ سے کب ہوتا ہے اب دارا وہ صاف
اس کے دل میں بدگمانی اور ہے

داغ

داغ تخلص ہے شمع افروز بزم محبت ، گرمیٔ ہنگامۂ الفت ، دوست صداقت التیام ، نواب مرزا نام جوان خوش وجاہت کا کہ پاکیٔ سیرت و لطف صورت کو بزم خوبی میں فراہم اور صافیٔ باطن اور حسن ظاہر کو محفل کمال میں باہم رکھتا ہے ۔ ادب و تواضع ایک جامہ ہے اس کی قامت احوال پر راست اور خلق و مروت ایک ذخیرہ ہے اس کے گنجینۂ طبع میں بے کم و کاست ۔ ضمیر صافی اور فروغ مشرق اور آفتاب شوخیٔ فکر اور طبع لمعۂ برق اور سحاب ، معنی کی رنگینی اور عبارت کی متانت اور الفاظ کی شستگی اور کلمات کی تنگذری حد اوصاف سے خارج ہے ۔ فن سخن میں شیخ ابراہیم ذوق غفراللہ لہ سے استفادہ ، اور فیض استاد اور طبیعت رسا کی امداد سے آرایش بزم کمال میں آمادہ ہے ۔ راقم حروف کے ساتھ ایسا ارتباط ہے کہ ربط ظاہری کو اتحاد باطنی سے مبدل کیا اور اختلاط صوری کو صداقت معنوی کی صورت میں ممثل ۔ یہ چند شعر اس صاف دل ، نیک نہاد کے نتائجِ طبع سے ہیں :

سب خاک ہوئیں آج مرے دل کی اُمیدیں
کل تک تو تری ذات سے کیا کیا نہ یقیں تھا

نہیں تاب ستم تو حضرت دل
عاشقی کو سلام کرنا تھا

داغ مہماں سرائے دنیا میں
اور چندے مقام کرنا تھا

ترے وعدے پر ستم گر ابھی اور صبر کرتے
اگر اپنی زندگی کا ہمیں اعتبار ہوتا

کب تک کروں تحمل اس نالہ و فغاں کا
سینے سے دل کو پھینکوں جھگڑا ہے یہ کہاں کا

اک آفت زمانہ لڑکپن میں ہے وہ شوخ
کیا ہوگا جب کہ آئے گا عالم شباب کا

لگ گئی چپ تجھے اے داغ حزیں ایسی کیوں
مجھ کو کچھ حال تو کم بخت بتا تو اپنا

ہم جانتے ہیں خوب تری طرز نگہ کو
ہے قہر کی آنکھ اور محبت کی نظر اور

گر تو کسی بہانے سے آ جائے وقت نزع
ظالم کریں ہزار بہانے قضا سے ہم

گو حال دل چھپاتے ہیں پر اس کو کیا کریں
آتے ہیں خود بہ خود نظر اک مبتلا سے ہم

تیرہ بختی نہ گئی اپنی، تو جانا ہم نے
کہ کبھی رنگ زمانے کا بدلتا ہی نہیں

ہے کچھ جواب سست مقرر جو اب ادھر
اٹھتے ہیں دیر دیر مرے نامہ بر کے پاؤں

رہتی ہے کب بہار جوانی تمام عمر
مانند بوئے گل ادھر آئی ادھر گئی

انھوں نے خط تو بھیجا پر سمجھ میں کچھ نہیں آتا
کہ سو سو طرح کا ہر بات میں پہلو نکلتا ہے

کہنے دیتی نہیں کچھ منہ سے محبت تیری
لب پہ رہ جاتی ہے آ آ کے شکایت تیری

سنتے تھے ایک عمر سے طوفان نوح کو
دکھلا دیا مگر مژۂ اشک بار نے

دل و دیں کو جس نے دیا ڈبو یہی نامراد ہے اے بتو
کہیں داغ تم نے سنا جو ہو اسی رو سیاہ کا نام ہے

وہ تو ستم کریں گے کوئی مر ہی کیوں نہ جائے
جائے کہیں تو آدمی کہہ کر ہی کیوں نہ جائے

دولہ

دولہ تخلص ، مظہر الدولہ نواب جہاں گیر محمد خان خلف میاں امیر محمد خاں والیٔ بھوپال ۔ جوان اقبال مند ، رستم تواں ، حاتم سخا ، شیر صولت ، ضیغم مہابت تھا ۔ از بس کہ طبع موزوں اور فکر نکتہ پسند رکھتا تھا ، قدر شناسیء کمال سے شعرائے بلند سخن صلہ ہائے نمایاں سے بہرہ ور ہوتے تھے ۔ گاہ گاہ بزم مشاعرہ اس کے در دولت پر آراستہ ہوتی تھی ۔ اتفاقاً عین ایام شباب میں اپنی کدبانوے دل پسند کی تزویر و کید سے کوس رحلت کو بلند صدا اور عشرت خانے کو ماتم سرا کیا ۔ سچ ہے زنان حیلہ ساز کے ہاتھ سے مردان صاف طینت نے زہر ممات چکھا ہے اور ہشیار دلان خرد ور نے اپنی نقد اوقات کو ان رہزنان بے امان

سے حتی المقدور بچائے رکھا ہے ۔ ''ان کیدکن عظیم'' ایک حرف ہے ان کی حیلہ سازی کی کتاب سے اور سحر سامری ایک فصل ہے ان کے غدر و کید کے باب سے :

اگر راست بودے ہمہ فعل زن
زناں را مزن نام بودے نہ زن

یہ تین شعر آس والا مرتبت کے مسموع ہوئے تھے ، سو لکھے گئے :

پہلو میں بھی میرے وہ گل اندام نہ آیا
مرنا بھی مرا ہائے مرے کام نہ آیا

دل جلوں کو بعد مرنے کے بھی لگ جاتے ہیں پر
راکھ ہو کر اڑ گیا دیکھو پر پروانہ آج

رہے وہ سبز قدم سرخ رو نہ ہوئے کبھی
حنا ترے سر انگشت پر اگر نہ لگے

باب الذال المعجمة

ذکا

ذکا تخلص خوب چند ، قوم کایستھ شاگرد قدیم شاہ نصیر مرحوم ۔ فکر شعر کو اکل و شرب کی طرح ضروری سمجھ لیا تھا اور جو کہ اطعمہ قوم ہنود کے کم لذیذ ہوتے ہیں ، اس کے اشعار کو بھی اس قبیل سے تصور کیا چاہیے۔ تمام عمر کا ذخیرہ اکٹھا ہو کر برابر ''گنج باد آور'' کے ایک دیوان فراہم ہو گیا ہے اور ایک تذکرۃالشعرا تالیف کیا ہے کہ غالباً سخن وروں کے اسما پر اس طرح محیط ہے جیسے عقل فعال اشیائے موجودات پر ۔ یہ چند شعر اس کے افکار سے ہیں :

سواد خط نہ سمجھ اس کے سرخ چہرے پر
یہ ملک روم پہ لشکر چڑھا ہے زنگی کا

عالم کو ہوئی دام اسیری سے رہائی
لیکن تری زلفوں کا گرفتار نہ نکلا

اک سایہ ہی رہتا تھا ہر اک وقت مرے ساتھ
سو اس نے بھی دیکھی جو شب تار نہ نکلا

پھینکا کسی نے سینے سے جب تیر کھینچ کر
ک آہ رہ گیا دل دل گیر کھینچ کر

آ سیا جب کہ چلے سر پہ ذکا نیند کہاں
ہاتھ سے چرخ کے ڈھونڈے ہے تو آرام کہیں

شہد و شکر سے وہ لب شیریں دو چند ہیں
اُن کی نہ بات پوچھ کہ ہونٹ اپنے بند ہیں

نقش پا خالق گیتی نے بنایا ہم کو
جس کے قدموں سے لگے اُس نے مٹایا ہم کو

مژہ کو سرمے سے اُس شوخ نے کیا ہے سیاہ
رکھی ہے سان پہ تلوار دیکھیے کیا ہو

ذوق

ذوق تخلص ، طوطیء شکرستان شیریں زبانی ، بلبل چمن زار رنگین بیانی ، صیرفیٔ نقود کمال ، دستہ بند رنگینیٔ مقال بانیٔ بنائے فصاحت ، میزاب گلشن بلاغت ، فارس مضمار سخن وری ، شہسوار عرصۂ معنی پروری ، مسند نشین ایوان دانش و آگاہی ، استاد حضرت ظل الٰہی ، شیخ ابراہیم مخاطب بہ خاقانیٔ ہند ۔ سایۂ تربیت ظل سبحانی میں شب جوانی کو صبح پیری تک پہنچا دیا اور رضاے مرشد آفاق میں اپنے ہوائے نفسانی کو یک قلم مٹا دیا ۔ خسرو روزگار کی بہ دولت جس قدر درجہ اعتبار کا بلند ہوا ، مرتبہ پندار کا پست اور جتنا دبستان کمال میں ہوشیار ہوا ، مے کدۂ عرفان میں مست ۔ اس کوہ گراں قدر

کے پلۂ وقار میں کاہ ، آفتاب روشن اس صاف دل کے فروغ ضمیر کے مقابل سیاہ ۔ بلندیٔ مرتبہ کو لباس خاکساری میں ایسا چھپایا تھا جیسے گرد میں آسان ، رعونت تونگری کو کوب فقر میں ایسا دبایا تھا جیسے زمین کے نیچے گنج شائگان ۔ اگر حکم کا پاؤں قلۂ کوہ پر پڑتا ، بیخ کوہ‌گرانیٔ بار سے پشت گاو زمین پر تکیہ کرتی اور اگر علم کی آنکھ باریک بینی کی طرف متوجہ ہوتی، کثرت میں معنیٔ وحدت کو صورت کثرت سے روشن‌تر مشاہدہ کرتی ۔ تسلیم سے ابرو کی مانند سرو چشم عالم پر جاگزیں ، اور افتادگی سے زلف کی طرح چہرۂ خوباں پر[۱] مقدم نشیں ۔ ہلال ابرو اگر اس صاحب کمال کے آفتاب توجہ سے ایک پرتو لیتا ، بدر ہو جاتا اور طفل اشک اگر اس صاحب قدرت کے کنار شفقت میں تربیت پاتا ، سنین عمر حد پیری تک پہنچاتا ۔ بلندیٔ سخن کو آسان سے دعویٔ برابری ، شیرینیٔ طرز کو قند سے کلۂ[۱] ہم‌سری ۔ قلم کے زور سے ضرب‌المثل کو طپانچۂ رستم کی توانائی ، روح‌القدس کے فیض سے صریر قلم کو اعجاز مسیحائی ۔ سبحان‌اللہ اس تازہ گفتار کی طبیعت کیا گلشن سراسر بہار اور کیا گلزار سراپا نگار تھی کہ فضلہ اس کا سبزہ و ریاحین سے بہتر اور خاشاک اس کا بنفشہ و سنبل سے خوش تر ۔ ہجوم قافلۂ معنی سے ہر بیت میں معانی کثیر منزل گزیں اور کثرت ورود مضامین سے ہر مصرعے میں مضامین متعدد گوشہ نشین ۔ ہرچند کثرت‌انواع سخن سے خود ترتیب دیوان کی طرف التفات نہیں کی لیکن اکثر احبائے صداقت کیش اور تلامذۂ اخلاص اندیش ان

---

۱ - نسخہ دوم (ص ۲۱۷) میں ''پر'' نہیں ہے ۔

۱ - نسخۂ دوم (ص ۲۱۷) 'کلمۂ' ۔

اشعار گوہر نثار سے بڑی بڑی بیاضیں فراہم رکھتے ہیں اور شب و روز مانند فرزند عزیز کے سینہ سے منضم ۔ سبحان اللہ زمانۂ قدر ناآشناس کس قدر ناتوان بین اور چرخ سفلہ نواز کیا نادان پرور ، دانا کش ہے کہ اس سخن سنج بے عدیل کو گاہ حیلہ ہائے دل کش اور گاہ موانع جاں گزا اور کبھی شعبدۂ ابلہ فریب اور کبھی سوانح ہوش ربا سے اس قدر فرصت نہ دی کہ کواکب نیرۂ سخن کو کہ گردش روزگار سے بنات النعش کا حکم رکھتے تھے ، فراہم کرتا اور ثریا کی مانند ایک سلک میں انسلاک دیتا کہ مشتاقان فہیم کی نظر اس غیرت ازرنگ سے گاہ نگار خانۂ چین کے نقوش کی رنگینی مشاہدہ کرتی اور گاہ طلسم بہار کی نیرنگی کا لطف اٹھاتی ۔ اس نیرنجی مشعبد نے طالبان کمال کی محرومی کے لیے طرفہ سامان کیا ۔ ایک طرف ایسا خلق عمیم اس کی طینت میں مخمّر کیا کہ دوست بھی اس کے خوان دل نوازی سے کام یاب ہوتے اور دشمن بھی اس کے چشمۂ الطاف سے سیراب ۔ خلایق نے جب اس کے مدرسۂ افادہ میں در و دربان نہ دیکھا ، شوق نے پاؤں بڑھایا اور کاہلی نے کس و ناکس کی طبع سے ہاتھ اٹھایا ۔ صبح سے شام تک تربیت طلاب کمال اور حک و اصلاح سخن سے خواب و خور کی مہلت نصیب اعدا تھی ، اور ایک جانب ہجوم امراض گوناگوں اور افراط عوارض بوقلموں سے[1] عافیت مزاج پر ایسا عرصہ تنگ کر دیا کہ دائرہ صحت نقطۂ موہوم کے حوصلے سے ہم آغوش ہوگیا ۔ تفرج گلزار شباب کے آغاز سے سیر مقامات شیخوخت تک حوادث دہر سے بھی نشیب و فراز پیش آتے

---

[1] ۔ نسخہ مطبوعہ نولکشور (۱۲۹۹ھ) : نے ۔

رہے ، اور نقطے بھی اسباب تشویش کے صرف احوال ہوتے رہے ۔ ان موانع و عوائق کی مزاحمت کب روا رکھتی ہے کہ پائے ثبات کو دامن فراغ خاطر میں تردد سے باز رکھے، اور خامہ و دوات کی دست یاری سے ذخائر طبیعت کو کبھی نظر ثانی کے زیور اصلاح سے مزین کرے اور کبھی گنجینۂ کتاب میں مخزون ۔ روزگار کی اس قدر نامساعدی سے زمانۂ حال میں پاشکستان[1] مواضع دور دست اور استقبال میں متوقعان نقود ہستی کے حق میں زیان عظیم متصور تھا ۔ کاش روزگار غدار اسی قدر ناهنجاری پر بس کرتا ۔ اس سفاک دراز دست اور اس ۔ باک سیاہ مست نے تو حاضران بزم استفادہ پر بھی ہاتھ صاف کیا ، اور نہ چاہا کہ چندے اور نعمت الوان فواید تربیت سے کام ستان اور لذت گیر رہیں ۔ اس نقاش صحیفۂ کمال کے نقش وجود کو لوح ہستی سے ایسا محو کر دیا کہ نگاہ طلب اگر خلوت عنقا میں تجسس کرے ، نشان نہ پائے ۔ حیف ! صد حیف ذوق بے چارہ کس ترقیٔ جاہ اور کون سی افزونیٔ مال سے اس تنگ چشم کوتاہ نظر یعنی چرخ ستم گر کا محسود ہوا ۔ یہی ایک بیش مایگیٔ متاع ہنر اور تونگریٔ سرمایۂ کمال اس بے ہنر نواز کی آنکھ میں مثل خار کھٹکتی تھی کہ ایسے نہال بارور کو باغ عالم سے مستاصل کیا ۔ عرفی شیرازی کا نوحۂ حسرت کس قدر دل خراش ہے :

از من بگیر عبرت و کسب ہنر مکن
با بخت خود عداوت ہفت آسمان مخواہ

---

۱ ۔ نسخہ مطبوعہ نولکشور ۱۲۹۹ھ : پاشکستگان ۔

اجمال زیور تحصیل سے اس طرح محلی ہوتا ہے کہ ماہ صفر سن بارہ سو ایکہتر ہجری میں مرض اسہال نے اشتداد اور "اعراض گوناں گوں"[1] نے امتداد بہم پہنچا کر لشکر طبیعت پر شب خون کیا اور ضعف سابق اس مرض کا سر بار اور اس علت کا علاوہ تھا ۔ باوجودیکہ زبان کو یارائے حرف زنی اور لب کو طاقت جنبش باقی نہ تھی ، صفائے باطن اور جلائے آئینۂ ضمیر کے اقتضا سے جو جو نگار خانہ جہان قدس سے افاضہ ہوتا تھا ، بے اختیار انفاس فیض اقتباس کے ہمراہ محفل اظہار میں جلوہ گری کرتا تھا ۔ اس کے نفس مطمئنہ کو مبدأ فیاض سے کیا نسبت خاص تھی کہ وہ واردات غیبی جن سوانح سے مشعر تھیں ، ان کا ظہور جلوہ گہ وقوع میں بے تکلف معائنہ ہوا ۔ اسی اثنا میں گنجینہ داران خزانۂ تحت العرش نے یہ گوہر بے بہا اس جوہریٔ سخن پر عرض کیا :

کہتے ہیں آج ذوق جہاں سے گزر گیا
کیا خوب آدمی تھا خدا مغفرت کرے

اور طرفہ یہ ہے کہ جب وہ دن گزر گیا اور شب چہار شنبہ آخری ماہ صفر نے ، با آں کہ اس کی حیات سے ہنوز ایک رمق باقی تھی، نقاب سیاہ چہرۂ روزگار پر ڈال دی ، بہ کشادہ پیشانی خراب آباد عالم صوری سے دل اٹھا کر مسبّحان صومعۂ نیل گوں کے ہم پا گلشن جناں کی طرف راہی ہوا اور چہار شنبہ کے روز اس کا جنازہ اس عظمت شان سے اٹھا کہ حاضرین وقت کو : ع

گماں تھا تختۂ تابوت پر تخت سلیماں کا

۱- نسخہ مطبوعہ نول کشور ۱۲۹۹ھ : "اعراض کو گوناگوں"۔

اس اندوہ سے قلم کی زبان شق اور صفحے کا رنگ فق ہے ۔ کیا کہیے اور کیوں کر لکھیے۔ جس قدر الم اہل روزگار کے دل پر طاری تھا ، اگر سب لکھا جائے، تمام ترکستان کے خدنگ قلم کے واسطے کافی نہ ہوویں اور سواد ہند مداد کے باب میں وافی ۔ سخن کی سوگواری کا حال مرقوم ہوتا ہے ۔ اشعار نے اس ماتم میں رقم سے لباس سیاہ پہن لیا اور ابیات نے اس غم میں بین السطور سے گریبان چاک کیا ۔ قلم دھن دوات میں صورت آہ تھا اور حروف کا لباس سیاہ ۔ 'الف' کہاں حیرت سے اپنی جاے پر ایسا خشک ہوگیا ، گویا اس کے اعضا سے حرکت یک قلم سلب ہو گئی تھی ۔ 'بے' فرط غشی سے زمین سخن پر دراز پڑی تھی ؛ از بس کہ حالت اضطراب میں کچھ سنگ ریزے اس کے اعضا میں چبھ گئے تھے ، جن کی نظر فقط اس کی پشت پر واقع ہوئی ۔ اس سنگ ریزے کو ایک نقطہ سمجھ کر اس کو 'بے' ہی تصور کیا اور جو لوگ اس کے چہرے کو دیکھتے تھے ، بہ قدر زخم کے کسی نے دو نقطے ''تے'' کے گمان کیے اور کسی نے ''تین نقطہ ''ثے'' کے قرار دئے ۔ ''جیم'' اور ''حے'' اور ''خے'' سینہ خراشی کے واسطے ہمہ تن ناخن تھے اور ''دال'' و ''ذال'' کا قامت بار غم سے خم ۔ سب حروف نے اسی طرح سے بزم ماتم کو مرتب کیا اور ہر ایک نے روز عیش کو شب :

مقتداے حکمت و صدر زمن کز بعد او
گر زمیں را چشم بودے بر زمن بگریستے

گوہری بود او کہ گردونش بہ نادانی شکست
جوہری کو تا بریں جوہر شکن بگریستے

بادشاہ گردوں بارگاہ ، ملایک سپاہ ، سراج الدین محمد بہادر شاہ خلد اللہ ملکہ نے غم استاد سے اس روز جشن موقوف کیا اور ارکان دولت اور اعیان سلطنت میں تہلکۂ عظیم پڑ گیا۔ حضرت سلطنت پناہ کے کمال التفات کا حال یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر چند خلاف آداب سلاطین روزگار ہے ، قطعۂ تاریخ اپنی زبان الہام ترجمان سے ارشاد کیا اور چند بار لب گوہر فشاں پر لا کر ذوق مرحوم کے حقوق جاں نثاری کو یاد کیا ۔ وہ قطعہ یہ ہے :

شب چار شنبہ بہ ماہ صفر
بہ حکم خداوند جاں داد ذوق

ظفر روے اردو بہ ناخن ز غم
خراشید و فرمود استاد ذوق

عموم غم اور شمول اندوہ کا حال یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ فصحاے سحباں بیان اور بلغاے شیریں زبان ، بل موزوں طبعان تازہ مشق اور کم سوادان نونیاز ، سواد مینو بنیاد حضرت شاہجہان آباد کیا ، کہ نواحیٔ دور دست کے مواضع وقری[1] میں ایسی گل زمین متصور نہیں کہ وہاں روشن سوادان سطور صحایف سے حرف شناسان رقوم ابجد تک کسی نے زبان خامۂ رنگیں نگار کو حرف تاریخ سے آشنا نہ کیا ہو۔ مسموع ہوا کہ ایک خوش مذاق نے سعی اور تجسس کو کام فرما کر ان قطعات سے کچھ کچھ بہم پہنچاے ۔ بعد شمار کے دریافت ہوا کہ تین سو سے زیادہ فراہم ہو گئے تھے ۔ سبحان اللہ ! رنگ قبول ایک گلگونۂ خداد ہے کہ روے شاہد

۱ - نسخہ دوم (ص ۲۲۰) ''قریہ'' ۔

هنر اس سے گل گوں اور حسن دل ربائے کمال اس سے روز افزوں ہوتا ہے ۔ اس راہ میں نہ سعی و کوشش کارگر ہے اور نہ جستجو و تلاش راہ بر :

کسے در مقسم اقبال و ادبار
بغیر از قدرت حق نیست مختار

قبول خاص درگاہ الٰہی
نخواہی یافتن خواہی نخواہی

رموز دانان ہنرور اور گنجینہ داران تواریخ و سیر پر خوب واضح ہے کہ جس وقت سے کوچۂ قلم قوافل معنی کی آمد و رفت کے لیے جادہ اور میدان ورق کاروان حروف و الفاظ کے واسطے فرود گاہ ہے ، شعرائے گرامی اور سخنوران نامی کہ سحبان ان کے خوان فیض سے ریزہ خوار اور صاحب ابن عباد ان کے خرمن افادہ سے زلہ بردار ہے ، حوصلۂ تعداد سے افزوں مسافر اقلیم عدم ہوئے اور کسی کو اس قدر قبول خاطر خاص و عام روزی نہیں ہوا ۔ بازار حسد قدیم سے گرم ہے اور ناتواں بینی ہمیشہ سے بے آزرم ۔ کہتے ہیں کہ اس خاک ارم رشک میں کسی مدعیٔ فضل و ہنر نے جب ذوق مرحوم کے ماتم میں صدائے نوحہ کو اس قدر بلند اور دوست دشمن کو حسرت و اندوہ میں اتنا سرگرم اور عامی و جاہل کو تلاش مواد تاریخ میں اس حد تک ساعی اور دور و نزدیک کو مراسم عزا میں یہاں تک مستعد دیکھا ، قریب تھا کہ پنجۂ حسد سے گریبان طاقت کو چاک کرے اور ناخن غبرت سے سینۂ تحمل کو مجروح ، آخر بخیۂ لب گسستہ ہوا اور حرف شکوہ اس پیرائے میں زبان حیرت بیان

سے آشنا کہ اگر مجھ کو یقین ہو کہ میری موت ایسی حسرت افزا ہوگی تو اس عزاداری کی ہوس میں اپنا گلا آپ گھونٹ کر مر جاؤں ۔ سچ ہے : ع ''مرگے کہ زندگی بدعا آرزو کنند'' یہی مرگ ہے ۔ ہر چند قطعات تاریخ کہ بالفعل پیش نظر اور سرمایۂ روشن سوادئ بصر ہیں ، اکثر ایسے ہیں کہ زبان قلم کو ان کے ذکر سے ساکت ہونا عیب سخن فہمی ہے ، لیکن جب چشم بصیرت وا اور نظر انصاف بینا ہوتی ہے ، دل درد مند بے اختیار صدا دیتا ہے کہ ''اے راہ تلاش میں عناں گسیختہ اور اے عرصۂ طلب میں گرد انگیختہ ! اگر قطعۂ حزن انگیز مسمی بہ ''واقعۂ تعب خیز'' (۱۲۷۱) کہ نتیجۂ فکر رسا اور ریختۂ خامۂ بلاغت نگار والئ اقلیم سخن وری ناظم مناظم معنی پروری ، صاحب زادۂ بلند اقبال جناب کمالات مآب حضرت استادی و مولائی مولوی امام بخش صہبائی ، یعنی موجد معانی دل افروز ، مولوی عبدالکریم سوز ہے ، ان جواہر آبدار کے سلک میں منسلک کیا جاوے تو ان کا حال اس کے روبرو بعینہ ایسا ہے کہ حسن یوسفی کے بازار میں سیہ چردگن زنگ بار کو عرض کریں ۔ اس کی رنگینی کے روبرو وہ نقوش نیم رنگ ہیں اور اس کی متانت کے مقابل ان جواہر بے بہا کی قدر سبک سنگ ۔ اور اگر یک قلم اس کے اظہار سے اغماض عمل میں آئے ، مذاق سخن فہمی کی محرومی کا کیا جواب ؟ ناچار تشنگئ شوق کا علاج اسی آب سے اور خمار طلب کا چارہ اسی شراب سے کرتا ہوں ، تاکہ سرمستان مصطبۂ انصاف پر منکشف ہوجائے کہ شستگئ الفاظ و پاکیزگئ معانی و چستئ تراکیب و سیرابئ ادا و بے تکلفئ مواد تاریخ کس قدر دعوے داران کمال کی دندان شکن ہے :

واقعہ تعب خیز

صبح دم نکلا میں اپنے گھر سے با آہ و فغاں
ذوق کے مرنے کا جب مشہور افسانا ہوا

جا کے اس بیگانہ خو ، ناآشنا ، بے مہر سے
یوں کہا میں نے کہ کیا ہنستا ہے تو بیٹھا ہوا

آج وہ دن ہے کہ ہر جا نالہائے زار سے
حشر سے پہلے ہی اب اک حشر ہے برپا ہوا

لب پہ نالہ ، دل میں غم ، سینے میں درد جاں گداز
اس طرح تیغ الم کا ہے ہر اک مارا ہوا

تجھ کو بھی کچھ حال سے ہے اس کے ظالم اطلاع
جس کی ماتم داریوں کا یہ اثر پیدا ہوا

مجھ سے ہنس ہنس کر لگا کہنے کہ اے دیوانہ وش
یہ جو ہے ہرزہ‌درائی تجھ کو ہے سودا ہوا

کچھ سمجھ میں میری تو آتی نہیں باتیں تری
ہے عجب تجھ سا خرد مند آج دیوانا ہوا

کچھ سبب تو مجھ سے کہہ اس کا کہ اب کس واسطے
خندۂ گل چھوڑ کر شبنم صفت رونا ہوا

میں نے یہ سن کر کہا اس سے کہ اے خانہ خراب
سنگ دل تجھ سا تو کوئی بھی نہیں پیدا ہوا

ہوتے ہیں سارے بتان بے وفا غفلت شعار
پر نہ ایسے جس قدر اب تو ہے بے پروا ہوا

تجھ کو بھی شاید خبر ہو ذوق نام اک شخص تھا
اتفاقاً دیکھ کر تجھ کو ترا شیدا ہوا

ایک مدت سے تری آنکھوں کا وہ بیمار تھا
کی دوا مقدور تک لیکن نہ کچھ اچھا ہوا

آج لے کر حسرتیں سی حسرتیں سوئے عدم
ہو گیا راہی جہاں سے اور تن تنہا ہوا

ھائے یاں سے اس طرح ہو ہو کے دل برداشتہ
عازم ملک عدم اب وہ سخن آرا ہوا

واں خدا جانے اسے کس کی محبت لے گئی
جو گیا اس طرح وہ جلدی سے گھبرایا ہوا

گرد تھا وہ دامن رحمت پہ اڑ کر جا پڑا
پست تھا وہ جا نشین مسند اعلا ہوا

توبہ توبہ دامن رحمت پہ کار گرد کیا
یہ خطا کا حرف سرزد مجھ سے اب کیسا ہوا

پاک تھا وہ آب ذات پاک ھی میں مل گیا
نور تھا وہ نور ھی میں جا کے پوشیدا ہوا

ایک جوہر تھا کہ وہ معدن میں جا کر چھپ رہا
ایک قطرہ تھا کہ جا کر واصل دریا ہوا

کیا کہوں میں اس کے جیتے جی جہاں میں کون کون
دشمن جانی بنا اور درپئے ایذا ہوا

تجھ کو بھی ہر دم سدا ذوق دل آزاری رہا
تونے جو جو ظلم اس کی جان پر چاہا ہوا

اور رقیبوں نے نہ کب چاہا کہ کیجے اُس پہ ظلم
وہ نہ کس دن تختۂ مشق ستم اُن کا ہوا

اب جو وہ سوے عدم راھی ہوا تقدیر سے
ہر کسی کے لب پہ حرف افسوس کا پیدا ہوا

لیکن اب افسوس و حسرت کرنے سے کیا فائدہ
اس کے حق میں تو جو کچھ اے یار ہونا تھا ہوا

اس کو تو مرنا تھا آخر رنج سہہ کر مر گیا
گو کسی کے لب پہ اب اک شور واویلا ہوا

اب تو گر بالفرض تجھ سے تنگ دل بے مہر نے
اس کے مرنے کا کیا افسوس تو بھی کیا ہوا

گو کہ ان باتوں سے اب وہ جی تو اٹھنے سے رہا
پر مجھے حسرت ہے یہ ظالم کہ کیا سے کیا ہوا

ھائے وہ عاشق کہ لیتا تھا تجھے آغوش میں
اب وہ آغوش لحد میں آپ آسودا ہوا

ھائے وہ سر جس کو رکھتا تھا ترے در پر سدا
اب وہ چادر میں کفن کی ہے پڑا لپٹا ہوا

وہ دماغ اس کا کہ تھا افکار سے افلاک پر
قبر میں اب جا کے زیر خاک پست ایسا ہوا

وہ جبیں جس میں کہ تھی تیری ارادت سر بسر
قبر کی محراب میں اُس کا ادا سجدا ہوا

ھائے وہ ابرو کہ جس کے خم میں تھے سو سو نیاز
اس کا ہر ہر بال ہے اس قبر میں بکھرا ہوا

خشک ہو کر ہائے اب مشت خس و خاشاک ہے
وہ مژہ جس کا کہ ہر ہر قطرہ اک دریا ہوا

ہائے وہ آنکھیں کہ ہر دم مایل دیدار تھیں
ان کو ہر دم منتظر یوں قبر میں رہنا ہوا

ہائے وہ چہرہ کہ تھا سرخ اشک خوں آلود سے
ناخن حسرت سے ہے سو جا سے اب چھیلا ہوا

خندہ ہائے عیش سے تھا جو دہن مانند گل
خود بخود افسردہ ہو کر اب وہ اک غنچا ہوا

ہائے وہ لب جو ترے بوسے سے شیریں کام تھا
اب وہ زہراب اجل سے اس طرح کڑوا ہوا

وہ زباں جس سے کہ تیرا ذکر کرتا تھا مدام
خامشی کا اب اسے آزار ہے گویا ہوا

تھا سدا جس کان کو تیرے سخن کا اشتیاق
قبر میں اس کو سخن ناجنس کا سننا ہوا

ہائے وہ گردن کہ تھی قابل تری تلوار کے
اس میں ہے طوق گریبان کفن ڈالا ہوا

وہ گلو جس پر کہ تیری تیغ چلتی بار بار
قبر میں تیغ اجل سے ہے بڑا کاٹا ہوا

رنج سے جو دوش رہتا تھا ہمیشہ بار کش
قبر میں جا کر وہ بارے خوب ہی ہلکا ہوا

تیری گردن میں حمایل رہتے تھے جو ہاتھ اب
رکھ کے چھاتی پر انہیں سوے عدم جانا ہوا

ہائے وہ ناخن کہ تھا سینہ خراش الماس وار
اب وہ یوں بیکار ہے گویا کہ ہے ٹوٹا ہوا

ہائے وہ سینہ کہ مخزن تھا ترے اسرار کا
اب خزانے کی طرح مٹی میں پوشیدا ہوا

تھا سدا جس پشت کو تکیہ تری دیوار کا
اب زمین قبر کا اس کے لیے تکیا ہوا

ہائے وہ دل جس میں تیرا دھیان رہتا تھا مدام
اب وہ جا کر قبر میں مٹی سے آلودا ہوا

وہ جگر جس پر کہ داغ عشق کھائے تھے سو اب
دل لگی کے واسطے پھولوں کا گلدستا ہوا

وہ قدم جس کو کہ ہر دم پھرنے ہی سے کار تھا
اب وہ زنجیر کفن میں ہے پڑا جکڑا ہوا

ہاے وہ تن جو تری الفت سے تھا شاداب سو
اب ہے دامان کفن میں خار سا الجھا ہوا

اس طرف شاید ترے گھر کا گماں ہوگا کہ ہے
قبر میں کعبے کی جانب اس کا منہ پھیرا ہوا

ہائے وہ مے کش کہ تیرے ساتھ پیتا تھا شراب
اب اسے خون جگر پینا وہاں تنہا ہوا

اس کے خون دل نے ہے کار مئے گلگوں کیا
اس کا دل ہے واں بجائے شیشہ و مینا ہو

کچھ تو تھا ہی سست وہ تیری مئے دیدار سے
اب اجل کی مے سے ہے وہ اور بھی بہکا ہوا

مستیوں سے ہو چکا ہشیار وہ محشر کو بھی
گر یونہی بادے پہ[1] بادہ اب نشہ افزا ہوا

ہائے وہ بلبل کہ تھی تیری گرفتار قفس
گوشۂ تاریک قبر اس کے لیے پنجرا ہوا

ہائے وہ قمری کہ تھی وارفتہ تجھ سے سرو پر
اب نصیب اس کو وہاں نظارۂ طوبا ہوا

درد و غم ، رنج و الم یوں ہیں پریشاں اس بغیر
جس طرح سے کارواں ہووے کوئی لوٹا ہوا

آہ و فریاد و فغاں و نالہ بیکس ہو گئے
قافلے کا قافلہ تاراج یہ سارا ہوا

عشق اس بن ہو گیا اس طرح سے خانہ خراب
جس طرح سے شہر اجڑ جائے کوئی بستا ہوا

سینہ بریاں ، دیدہ گریاں ، درد دل ، درد جگر
کیا کہوں میں سانحے سے ذوق کے کیا کیا ہوا

جاں گدازی ، دل خراشی ، سینہ کوبی ، سر زنی
وہ وہاں پنہاں ہوا اور یاں یہ کچھ پیدا ہوا

صرف مجھ کو ہی نہیں کچھ اس کے مرنے کا الم
یہ غم و اندوہ تو سارے میں ہے پھیلا ہوا

چرخ اس صدمے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر اڑ گیا
یہ زمیں لرزی کہ گویا حشر اک برپا ہوا

اس الم کی جب کہ پہنچیں گرمیاں خورشید کو
ایک تو وہ آگ تھا ہی اور بھی دونا ہوا

---

۱ - نسخۂ دوم (ص ۲۲۳) "ساغر پہ ساغر"۔

قصہ کوتہ کب تلک اب کیجیے طول کلام
آس کا مرنا تو قیامت کا نمونہ سا ہوا

گذرے ہیں دنیا میں کیا کیا شاعران باوقار
اس قدر رنج و الم کس کس کے مرنے کا ہوا

اس قدر تاریخ کس کے مرنے کی مشہور ہے
اس طرح کس کے لیے اس بات کا چرچا ہوا

اس کے مرنے کا یہاں تک غم ہوا سب کو کہ اب
ہر کوئی تاریخ میں اس کی سخن آرا ہوا

اور اگر تجھ کو نہ آئے میرے کہنے کا یقیں
یا کہ پیدا وہم میری حیلہ سازی کا ہوا

تو سنا دوں تجھ کو اب میں مادۂ تاریخ کا
بے کم و بے کاست جیسا جس کے لب سے وا ہوا

خلق کہتی تھی کہ ہے اب ماتم استاد شاہ
جب کہ اس دنیاے دوں سے انتقال اس کا ہوا

اور قوم ''جن'' کہ پیدایش ہے آس کی آگ سے
اصل خلقت میں خمیر آتش سے ہے آس کا ہوا

یوں کہا اس نے جو دیکھا خاکیوں کا یہ خروش
خاک کو لو اور قصد عالم بالا ہوا

جب گیا اس جا سے وہ پیش خداے لا یزال
اس نے فرمایا یہ ہے کان ہنر بخشا ہوا

۱۲۷۱ھ
آسماں نے یوں کہی ہے اس کی تاریخ وفات
مجھ سے بے جا خانماں برباد کیوں اوس کا ہوا

۱۲۷۱ھ

اور زمیں نے یہ کہا سو حسرت و افسوس سے
جب کہ اُس کو یاں سے عزم عالم بالا ہوا

میرے سر سے سایہ اپنا یوں اٹھا لے ہائے ہائے
وہ کہ دنیا میں فلک ہے خاک در اوس کا ہوا

ہاتھ مل مل کر یہ کہتا تھا فرشتہ موت کا
جاں تو لی اُس کی اجل نے اور میں رسوا ہوا

ور اجل کہتی تھی حسرت سے یہ شرماتی ہوئی
مجھ سے ایسا آدمی افسوس کیوں کشتا ہوا

نوحہ گر تاریخ میں اُس کی ہوے یوں آشنا
مر گئے سب دوست گویا اوس کا مرنا کیا ہوا

دشمنوں نے جب سنا یہ ماجرائے جاں گداز
یوں ہر اک تاریخ میں اس کی سخن آرا ہوا

مر گیا ذوق سخن ور قبلۂ اہل زماں
حیف ایسا شخص یوں آنکھوں سے پوشیدا ہوا

گو کہ دشمن تھا مگر اک چھیڑ تو آپس میں تھی
آج ہر دم دشمنی کا ہائے ہنگاما ہوا

آدمی کیسا ہی ہو پر مر کے پھر جیتا نہیں
تھا عدو وہ لیک اب مرنا ہی قہر اوس کا ہوا

اور وہ حاسد کہ جس کو دشمنی تو کچھ نہ تھی
صرف اک دل میں حسد کا خار تھا بویا ہوا

اُس نے سن کر یوں کہا سو حسرتوں سے ہائے ہائے
خانۂ فردوس میں یوں وہ اب آسودا ہوا

اور بھی زائد ہوا جس دم حسد تو پھر کہا
حسرت و اندوہ سے یوں عرش کا تارا ہوا

اور کہا اُن دوستوں نے جو کہ تھے عاشق مزاج
عشق بازی کا ہے کیا تاراج اب جلسا ہوا

اور عشق فتنہ گر نے بھی کہا افسوس سے
مر گیا اب قدر داں میں آج یوں تنہا ہوا

نوحۂ اندوہ یہ پہنچا جو بزم عیش میں
حلقۂ ماتم وہ حلقہ بزم عشرت کا ہوا

شمع نے سوز دروں سے جل کے رو رو کر کہا
جب کہ اُس پر حسرت و اندوہ کا غلبا ہوا

آتش اندوہ سے دل ہو نہ اب کیوں کر کباب
وائے مجھ کو چھوڑ کر اب وہاں[1] شرف افزا ہوا

بلبل آتش زباں نے سن کے حسرت سے کہا
کھلتے کھلتے آہ یہ گل آج پژمردا ہوا

طوطیٔ شیریں دہن بھی یوں ہوئی شکر شکن
نخل طوبیٰ پر ہی جا کر زمزمہ پیرا ہوا

قمریٔ جادو بیاں بھی یوں ہوئی گرم نوا
وہ نہیں تو سرو معنی ہے یہ کچھ اوکھڑا[2] ہوا

۱۔ وہاں کو ''واں'' پڑھیں گے، لیکن ہائے ہوز کو گرا نہیں سکتے، شامل تاریخ ہے۔ (فائق)

۲۔ ''اوکھڑا'' کا واو شامل تاریخ ہے، خلاف نہیں کر سکتے۔ (فائق)

بلبل و طوطی و قمری سے یہ سن کر سانحہ
ساکنان باغ میں اک حشر سا برپا ہوا

کھول کر آنکھیں کہا نرگس نے ہر سو دیکھ کر
حیف گویا نورچشم آنکھوں سے پوشیدا ہوا

اور وہ سنبل کہ جس کی زلف عنبر فام میں
سینکڑوں عاشق مزاجوں کا ہے دل اٹکا ہوا

قطعہ یہ ایسا کہا اس نے زبان حال سے
بحر درد و غم میں ہے جو سر بہ سر ڈوبا ہوا

ذوق کا صدمہ ہر اک صدمے سے ہے جاں کاہ تر
موج زن مرنے سے اُن کے رنج کا دریا ہوا

کیا کہوں کس کس طرح دل کو پریشانی ہوئی
کیا لکھوں جس جس طرح سے جان کو سودا ہوا

جس کو کنج باغ کہتے تھے خزاں درد سے
یوں ہوا ویراں کہ گویا دامن صحرا ہوا

بس کہ اس کے غم میں روتے طائران بوستاں
آب جو کا بڑھ کے ہر ہر قطرہ اک دریا ہوا

خار خار درد سے سبزے کا سینہ چاک ہے
کاو کاو رنج سے دل خون لالے کا ہوا

سرو کو دیکھو تو حیرانی سی حیرانی ہوئی
غنچے کو دیکھو تو دم بھر میں پریشاں سا ہوا

فکر تھا تاریخ کا مجھ کو کہ یہ دل نے کہا
ہائے بیٹھے بیٹھے اور ایک[1] جان کو سودا ہوا

۱۲۷۱ھ

۱- 'ایک' کی یائے اعداد تاریخ میں شامل ہے اس لیے گرا نہیں سکتے - (فائق)

سوسن شیریں زباں نے سن کے یہ حال تباہ
یہ کیا شیون کہ اُس کا تن بدن نیلا ہوا

گو کہ اس کو تھا نہ اصلا بات کرنے کا دماغ
پر نہ اتنا چپ بھی رہنے کا اُسے یارا ہوا

اور اظہار غم و درد و الم کے واسطے
قطعۂ تاریخ میں یوں اس کا لب گویا ہوا

آہ وا ویلا کہ اب باد بہاری کی طرح
کوچ باغ دھر سے ہے ذوق یکتا کا ھوا

اس کے جانے سے عجب اک دل میں میرے درد ہے
میں تو کیا یہ درد سب عالم میں ہے پھیلا ھوا

کیا ھو رونق جب کہ وہ ھی رونق گلشن نہیں
کیا مزا جب باغ ھے اُس بن پڑا اُجڑا ھوا

ھائے کیا گل تھا کہ جس سے تھا شگفتہ باغ دھر
ھائے کیا بو تھی کہ تھا جس سے چمن مہکا ھوا

بات کہتے کس سے جا کر اپنے دل کے راز کی
جب کہ پنہاں خاک میں وہ راز داں ایسا ھوا

کون ھے قابل کہ جس سے کیجیے کچھ گفتگو
جب کہ پوشیدہ نظر سے ھم زباں اپنا ھوا

آپ گر کہیے زمیں کی تو وہ سمجھے چرخ کی
یوں کسی سے راز کہیے بھی تو حاصل کیا ھوا

اب تو چپ ھی بیٹھ رہنا ھے مناسب ھر طرح
جب کہ اپنے پاس سے گم وہ سخن آرا ھوا

خامشی بہتر ہے اب اول تو ہر ہر بات میں
اپنے دل سے کہہ لیا ایسا ہی گر کہنا ہوا

ور کچھ کہتے تو کہتے اس کی یہ تاریخ موت
ہے چمن کا رنگ بے طور آج تو بگڑا ہوا

رفتہ رفتہ مے کدے میں جب یہ پہنچا واقعہ
ہر طرف اک غل ہوا اور ہر جگہ غوغا ہوا

مے کشوں سے مغ تلک اور مغ سے تا پیر مغاں
جس کو دیکھو سر سے تا پا رنج کا پتلا ہوا

گوش مینا میں کہا قلقل نے پنبہ کھینچ کر
تجھ کو بھی اس کی خبر ہے کچھ کہ ناداں کیا ہوا

مر گیا وہ ہم جلیس مجلس عشرت فزا
تھا بڑا ہی یار باش، اب ایسا کب پیدا ہوا

سن کے مینا نے کہا جھک کر یہ گوش جام میں
بے خبر اس طرح سے ہنستا ہے کیا بیٹھا ہوا

میں نے قلقل سے سنا ہے ذوق نے پائی وفات
لالہ ساں ہر اک کے دل پر داغ غم تازا ہوا

جام سے یہ واقعہ سن سن کے ہر اک مے پرست
ہاتھ سے ساغر پٹک کر اس طرح گویا ہوا

ساقیا بھرتا ہے کیا ساغر شراب ناب سے
برہم و درہم ہے جب وہ عیش کا جلسا ہوا

کس کو رنجش سے دماغ اتنا کہ ہو پابند عیش
کس کو فرصت رنج سے جو مے پیے بیٹھا ہوا

تیرے کانوں تک نہیں پہنچا مگر یہ واقعہ
تو جو سر گرم نشاط و عیش ہے ایسا ہوا

یعنی استاد شہنشہ، ذوق عالی مرتبت
چھوڑ کر دنیا کو راہی جانب عقبیٰ ہوا

بادۂ عشرت کو گر چکھو تو ہے وہ تلخ تلخ
خانۂ خمار کو دیکھو تو ویرانا ہوا

نغمۂ عشرت اگر سن لے کہ بزم عیش میں
نوحۂ اندوہ ہے اس طرح سے پھیلا ہوا

مطرب شیریں نوا چاہے کہ لائے زور سے
تو بھی پھر جائے دھن سے لب تلک آیا ہوا

یہ تو وہ غم ہے کہ اس کے صدمۂ جاں کاہ سے
دم میں سو سو طرح سے عالم تہ و بالا ہوا

کوچے کوچے میں بھرا ہے بس کہ یہ درد والم
اس کے ہر ہر گام پر اک حشر سا برپا ہوا

جاں گداز و جاں خراش و جاں ستان و جاں گسل
اُس کا غم پیدا ہوا اور اس طرح پیدا ہوا

کان درد و درد جان و رنج ـ رنج و رنج دل
ایسا ایسا باعث غم اُس کا مر جانا ہوا

ہے سزا تاریخ میں اُس کی اگر یوں کہیے اب
حیف سب برہم وہ جلسہ مے پرستی کا ہوا

اور ساقی کو تردد تھا کہ اب کیا کیجیے
درد و غم اس کا تو دامن گیر ہر اک کا ہوا

دیکھیے انجام کیا لائے خمار اس کا کہ اب
نشۂ اندوہ سے ہر مست ہے بہکا ہوا

اس خم دنیا سے باہر آ کے اب اس کو عروج
عالم بالا پہ مثل نشۂ صہبا ہوا

ہاتف میخانہ بولا جب سنا یہ ماجرا
آہ میخانا[1] پڑا ہے اوس بن اوجڑا ہوا

حلقۂ شیون میں اس کے ماتم پردرد سے
نوحۂ جاں کاہ کا جب شور و غل برپا ہوا

رہروان شاہ راہ شرع نے سن کر کہا
سود بھی ماتم سے کچھ جو حق نے چاہا تھا ہوا

اس کے شاگردوں پہ جب یہ ماجرا ظاہر ہوا
شعر یہ تاریخ میں سب کی زباں سے وا ہوا

کون فرمائے گا ہم پر مہربانی اس طرح
تھا عجب استاد وہ یک بار ناپیدا ہوا

سوز سے میں نے کہا تو کس لیے خاموش ہے
ایک عالم جب کہ ہے اس میں سخن آرا ہوا

تو بھی تاریخ وفات ذوق کا کچھ فکر کر
ہو کے شاعر بزم میں تو کس لیے چپکا ہوا

بس کہ تھا وہ صاحب فکر رسا فوراً کہا
دیکھتے ہی دیکھتے اب یار کیا سے کیا ہوا

---

۱ - نسخۂ دوم (ص ۲۲۷) میں مصرع : ''آہ میخانہ پڑا ہے اوس کے بن اوجڑا ہوا'' ہے - تاریخ اس مصرع سے نہیں نکلتی ہے - اور نسخہ اول میں ''مے خانہ'' کی صورت میں ۱۲۷۲ھ برآمد ہوتے ہیں - ایک عدد زائد - (فائق) -

بس کہ تھیں اس کی طبیعت میں بھری جولانیاں
یک قطعہ اور بھی اُس کی زباں سے وا ہوا

ذوق کو ہر چند کرتے تھے یہ فہمایش کہ گر
دل دیا تونے کسی کو یا کہیں شیدا ہوا

تو سمجھ لیجو کہ قیس و کوہ کن کی طرح سے
کوچے کوچے میں جہاں آباد کے رسوا ہوا

ذلت و خواری و رسوائی سے بھی قطع نظر
مجھ کو تو اک اور غم اس سے فزوں پیدا ہوا

یعنی اس میں جان کا بھی ہے خطر انجام کو
جان سے جاتا ہے آخر عشق کا مارا ہوا

میری باتوں کو کسی صورت نہ لایا دھیان میں
میرا کہنا کارگر اس کو نہ کچھ اصلا ہوا

آخر اس نے خود سری کو کام فرما کر کہیں
دل لگایا اور عاشق اک پری وش کا ہوا

مختصر قصہ کہ سہہ سہہ کر جفائیں مر گیا
ہم کو جس کا ہر گھڑی ڈر تھا وہ اب دیکھا ہوا

اس توقع پر کہ شاید دل کی گرمی دور ہو
اور بھی اس طرح سے تاریخ میں گویا ہوا

یہ تو میں کہتا نہیں اے دل کہ مرنا ذوق کا
نا درست و نا مناسب اور نازیبا ہوا

کیوں کہ یہ باتیں بہ حسب خواہش تقدیر ہیں
گفتگو اس امر میں تقدیر سے لڑنا ہوا

جو قدر نے بات سوچی تھی وہی آخر ہوئی
جو قضا نے پردۂ تقدیر میں چاہا ہوا

لیکن اتنی بات تو ہے یہ کہ اپنے گھر میں میں
فکر میں تاریخ کی تھا ایک دن بیٹھا ہوا

لب پہ گستاخانہ میرے آ گیا بے ساختہ
آہ اے دل اس کا مرنا تو بہت بے جا ہوا

اور بھی اس نے کیا یہ قطعۂ نادر رقم
شور تحسین از زمیں تا آسماں جس کا ہوا

جس کا ہر مصرع ہے کامل مادۂ تاریخ کا
اس کی نسبت تو یہ اک اعجاز ہے گویا ہوا

مر گیا اے وائے وہ انساں کہ یہاں[1] ہر بات میں
مثل اوس[2] کا آج تک اے دل نہیں پیدا ہوا

سال فوت اوس کی لکھی ہم نے بصد آلام و درد
سر پہ نازل یہ الم تو وائے جاں فرسا ہوا

خامۂ جادو اثر کو پھر کیا گرم رقم
سامعان نکتہ ور کا جب کہ کچھ ایما ہوا

یاد ایامے کہ بستے تھے یہاں عیش و نشاط
اب تو کوچہ کوچہ دھلی کا الم خانا ہوا

یاد ایامے کہ تھی یہ گل زمیں گل زار عیش
جا بجا تختہ گل سوری کا تھا پھولا ہوا

۱ - 'یہاں' کی ھاے دوز شامل اعداد ہے ، گرا نہیں سکتے ۔

۲ - 'اوس' کا واؤ شامل اعداد ہے ۔

لالہ و سنبل میں یہ داغ اور پریشانی نہ تھی
بس کہ سر پر اک خوشی کا ابر تھا چھایا ہوا

سرو ، گل کو تھی نہ ایسی حیرت و چاک جگر
قمری و بلبل سے بھی سرزد نہ یوں نالا ہوا

وہ ھی دھلی تھی کہ ہر ہر طرف سے آباد تھی
وہ ھی دھلی ہے کہ ہر ہر گھر ہے اب آجڑا ہوا

ایک اک ذرہ یہاں کی خاک کا تھا عیش خیز
جس جگہ اب درد اور اندوہ کا صحرا ہوا

ایک اک قطرہ یہاں کے بحر کا تھا موج لطف
جس کی ہر ہر موج سے اب درد کا دریا ہوا

گردش افلاک سے کیا کہیے کیا آفت پڑی
انقلاب دھر سے میں کیا کہوں کیا کیا ہوا

قصہ کوتہ جب کہ میر و درد و سودا مر گئے
اور آن کے مرنے سے اک حشر سا برپا ہوا

سر زمیں جتنی سخن کی تھی سو ویراں ہو گئی
گوئیا۱ پہلا وہ عالم ھی تہہ و بالا ہوا

از سر نو پھر ہوا تعمیر کے درپے فلک
اس خرابے کی کہ تھا یکسر وہ ویرانا ہوا

یعنی اقلیم سخن پھر ہو گئے آباد سے
شاعری و شعر کا پہلا سا پھر چرچا ہوا

جب کہ اک استاد سے ہر وقت میں ہے ناگزیر
شیخ ابراھیم ذوق استاد شہ پیدا ہوا

---

۱ - نسخۂ اول (ص ۲۳۵) گو کیا -

بادشاہ قدردان بھی بس کہ تھا رتبہ شناس
اس پہ اپنی مرحمت سے وہ کرم فرما ہوا

اور عنایت کر کے خاقانیٔ[1] ہند اُس کو خطاب
نکتہ سنجوں کی نظر میں یوں شرف افزا ہوا

اور وہاں سے جب ملا اس کو لقب استاد خاص
رشک سے جل کر کباب اُس دم دل اعدا ہوا

کون سی جا تھی کہ اس کا واں نہ تھا نام بلند
کون سا گھر تھا کہ اس کا واں نہیں شہرا ہوا

تادم آخر اسی در پر رہا وہ جانشیں
یہ ہی کوچہ اُس کا گویا مسکن و ماوا ہوا

عمر کو اپنی یونہی اس نے گذارا سربسر
جب تلک راہی وہ یاں سے جانب عقبیٰ ہوا

وہ اسی در سے رہا زلہ ربائے فیض عام
وہ یہیں سے کامیاب دولت عظمیٰ ہوا

بس کہ اس کی طبع میں تھیں طرفہ شوخیاں
ناگہاں وہ دیکھ کر اُس شخص کو شیدا ہوا

ہو کے عاشق جان کو کیا کیا ہوئی شوریدگی
دے کے اپنے دل کو سو سو طرح آوارا ہوا

لٹ گئی ساری متاع طاقت و ہوش و خرد
اس سر و سامان پر یوں بے سر و بے پا ہوا

وصل کی صورت نہ کوئی جب بہم پہنچی تو پھر
آخر آخر راز پنہاں سب پہ یہ افشا ہوا

---

۱ - نسخہ دوم (ص ۲۲۹) یہیں -

دست برد عشق سے جو بچ رہا تھا صبر کچھ
سو وہ تاراج جفائے ہجر جاں فرسا ہوا

حق بجانب اس کے بھی ہے یہ کہ کب تک صبر ہو
صبر اتنا بھی ہوا اُس سے تو کیا تھوڑا ہوا

آخر انساں تھا چھپاتا کب تلک اس راز کو
جب نہ پنہاں ہو سکا تو سب میں اک چرچا ہوا

سب لگے کرنے بہم مل کر صلاح و مشورہ
حال دیکھا جب کہ یاروں نے بہت بگڑا ہوا

اور یہ سمجھے کہ اس کے واسطے غیر وصال
لاکھ تدبیریں کریں لیکن یہ کب اچھا ہوا

سب نے یہ چاہا کہ ہووے گر مساعد روزگار
اور کچھ سامان بھی موجود عشرت کا ہوا

وصل کی ٹھہرائیے اُس سے کسی تدبیر سے
ورنہ آخر دیکھنا تم حال کیا اس کا ہوا

چار شنبہ آخر ماہ صفر کا ہم نشیں
باھزاراں خرّمی جس دم نشاط افزا ہوا

یار یہ سمجھے کہ ہے تقریب تو یہ خوب ہی
پر مساعد گر فلک بھی اس میں تھوڑا سا ہوا

ناگہاں تقدیر سے تھا چرخ بھی کچھ راہ پر
دور اس کے دل سے جو کچھ اُس میں تھا کینہ ہوا

دوست یہ سمجھے کہ موقع خوب ہے ایسا نہ ہو
اپنے ہاتھوں سے نکل جائے یہ وقت آیا ہو

قصه کوته ایک گلشن کو کیا آراسته
اور اس میں دوستوں کا گرم هنگاما هوا

سب نے یه چاها که اس تقریب سے اُس شوخ کو
لائیے جس پر که هے دل ذوق کا آیا هوا

شاید اُس بے رحم کا بهی آهن دل موم هو
کیا تعجب هے اگر وه یاں کرم فرما هوا

اول اول تو وه گرم حیله سازی هی رها
گو که هر اک عجز کا اُس جا بساط آرا هوا

بعد چندیں منت و باصد ساجت هائے شوق
رونق افروز اُس چمن میں وه بهار آسا هوا

دیکھ کر وه روئے تاباں شمع کشته هو گئی
شمع کے اس جال سے جاں بر[1] نه پروانا هوا

اور وه جو نازنینان چمن تهیں[2] سبز و سرخ
کیا بیاں کیجے که ان کا حال تو کیسا هوا

زلف سے سنبل کو واں کیا کیا پریشانی هوئی
چشم سے نرگس په طاری حال حیرت کا هوا

غنچۂ سوسن دهن سے رشک کها کر مر گیا
غنچۂ گل لب سے کر کے شرم کچھ چپکا هوا

آتش رشک و حسد سے دیکھ اس رخسار کو
جل کے سر سے پاؤں تک اک داغ سا لالا هوا

---

۱ - نسخه اول (ص ۲۳۶) 'پر' غلط -

۲ - نسخه دوم (ص ۲۳۰) 'تهے' -

پنجۂ دست نگاریں دیکھ کر اس کا چنار
رشک سے جل جل کے آپ ہی آگ سر تا پا ہوا

ساق پا سے شاخ گل شرم و حیا سے جھک گئی
اور فسردہ فندق پا سے گل رعنا ہوا

سرو نے دیکھا جو اس کے قامت دلچسپ کو
گڑ گیا اندر زمیں کے شرم کا مارا ہوا

طائران باغ نے دیکھی جو ایسی برھمی
ہر طرف پھرنے لگا ہر ایک گھبرایا ہوا

اہل مجلس نے جو دیکھا اس طرح کا ماجرا
سب کو حسرت تھی کہ یہ کیا حشر سا برپا ہوا

ساقیٔ سیمیں بدن یہ حال ابتر دیکھ کر
خندۂ ساغر سے محو گریۂ مینا ہوا

بادہ و خم کا ہوا یہ حال بزم عیش میں
یہ ہے واں بکھری پڑی اور وہ ہے واں ٹوٹا ہوا

برھمی ایسی پڑی عین نشاط و عیش میں
جس کے باعث سے زمیں تا آسماں غوغا ہوا

یہ تو تھی ہی اک مصیبت جاں گزا اے ہم نشیں
اس مصیبت پر فزوں اک اور یہ صدما ہوا

یعنی ایسے حادثوں میں ہو گئی شب تو تمام
اور سحرؔ کے دل میں جو کچھ راز تھا افشا ہوا

دیکھ کر روئے سحر وہ تو روانہ ہو گیا
اور ادھر کیا کہیے اب جو کچھ کہ حال اس کا ہوا

یعنی درد جاں گزاے ہجر کی آئی نہ تاب
دم کے دم میں مر گیا اور راہیٔ عقبیٰ ہوا
سوز دل خستہ نے برجستہ کہی تاریخ فوت
برہمی سی پڑ گئی یہ اور کیا تھا کیا ہوا
باغ عالم سے گیا حیف آج پریاں چھوڑ کر

۱۸۵۴ء

عیسوی میں اس طرح سے وہ سخن آرا ہوا
اور سمّت میں کیا اس نے رقم یہ مادّہ
ہاے جور چرخ سے فتنہ نیا برپا ہوا

۱۹۱۱

سنہ فصلی میں بھی یہ اس نے کہا ہے مادّہ
اور تو اب کیا کہوں اے دل جو ہونا تھا ہوا

۱۲۶۲ ف

ایک قطعہ جس کے ہر مصرع میں اک تاریخ ہے
سنہ فصلی میں یہ کہہ کر یوں سخن فرما ہوا
آہ جور آسماں سے مل گیا اب خاک میں
برہمی کا باعث اس کا ہاے مر جانا ہوا
جاں جلی دل خوں ہوا یا چاک سینے میں پڑا
اوس کے مرنے کا نتیجہ یہ دل شیدا ہوا

۱۲۶۲ف

ایک قطعہ اس نے یہ سنہ جلوسی میں کہا
جس سے دل محظوظ یاں ہر ایک سامع کا ہوا
مر گیا ذوق سخن ور قبلۂ اہل زماں
دل مرا محو تحیّر کیا کہوں کیا کیا ہوا
اس کے مرنے سے زبس دل کو پریشانی ہوئی
جب تحیر دل میں آیا بے سرو بے پا ہوا
سوز نے جب یار سے اپنے کہا جا کر یہ حال
اور اس کے سامنے اس بات کا چرچا ہوا

لے کے انگشت تحیّر دانت میں افسوس سے
جادۂ تاریخ میں یوں وہ قدم فرسا ہوا

زندہ و سالم اسے دیکھا تھا کل تو سوز ہائے
آج کس کافر سے وہ مقتول بے چارا ہوا

عین حال نزع میں یہ آپ بھی اس نے کہا
وائے حسرت لو جہاں سے ہے سفر اپنا ہوا

میں نے بھی اس باب میں کچھ کچھ کیا تھا فکر سو
غیب سے دل میں مرے مطلع یہی القا ہوا

ایک عالم اس کے ماتم سے تہ و بالا ہوا
از زمیں تا آسماں اک شور واویلا ہوا

تا کجا تجھ سے کہے جاؤں یہ میں اب ماجرا
خیر جو گذری سو گذری اور جو ہونا تھا ہوا

تجھ سے ان باتوں کا کیا شکوہ شکایت کیجیے
تھی یہی مرضی خدا کی جو ہوا اچھا ہوا

سب نے تاریخیں کہی ہیں تو بھی اک تاریخ کہہ
تاکہ رہوے مادہ وہ قبر پر لکھا ہوا

خلق تو جانے کہ مرتے دم تلک یاری نبھی
اور وہ جانے کہ کچھ سینہ مرا ٹھنڈا ہوا

قبر میں اس کو ہوا یہ امر موجب عیش کا
اور جہاں میں تجھ کو باعث نیک نامی کا ہوا

میرے کہنے سے اسے بارے پشیمانی ہوئی
بولنے کا کچھ نہ اصلا شرم سے یارا ہوا

چپکے چپکے زیر لب شرما کے یوں کہنے لگا
میں تو سمجھا تھا جفا کچھ کھیل ہے، یہ کیا ہوا

قطعے کی تصنیف کے بعد فکر تیز پا کی گرم جولانی نے آسایش کے اختیار کرتے کرتے ایک شوخی دل چسپ ظاہر کی کہ اور قطعہ دو بیت کا جو اس قطعے کے اختتام کی تاریخ پر مشتمل ہے، تماشائیان عجایب سخن کی نگاہ پر جلوہ گر کیا۔ اگر وہ بھی نذر احباب کیا جائے، لطف سے خالی نہیں :

چوں بصد درد رقم بنمودم
قطعۂ درد و مصیبت افزاے
گفتم ای سوز بگو تاریخش
گفت گو "مرثیۂ محنت زاے"

۱۲۷۱

اور قرینۂ مقام سے روشن طبعان صافی ضمیر پر یہ تو منکشف ہو ہی گیا ہوگا کہ "واقعۂ تعب خیز" بھی کہ اس قطعۂ درد مضمون کا نام اور ان ابیات حسرت مشحون کا لقب ہے، عدد تاریخ پر مشتمل ہے۔ خداے سخن آفرین اس فکر آسمان سیر کی تیزپائی میں افزایش کرے اور اس فارس مضمار سخن کی طبیعت کو ایسا گرم جولان رکھے کہ حریفان سبک خیز کا وہم تیز گرد اس کی گرد کو نہ پہنچے۔ اب بعضے احباے شوخ طبع دامن گیر ہوتے ہیں کہ ہر چند اقتضائے اختصار باقی شعراے رنگین سخن کے قطعات کی تحریر سے مانع ہے لیکن مرزا علی بیگ نازنین تخلص ریختی گو کے قطعے سے اغماض بے جا اور چشم پوشی ناروا ہے۔

قطع نظر اس سے کہ اس پردے میں اس کے سلیقۂ سخن وری کی خوبی دقیقہ سنجان معنی یاب پر منکشف ہو جاتی ہے ۔ اس ماتم کی جان گزائی کی اثنا میں فی الجملہ رسم غم زدائی بھی وقوع میں آتی ہے ۔ ناچار خامۂ خام رقم کو اس عرصے کی جولاں گری سے باز رکھنا مناسب نہ سمجھا :

نہیں نازنیں رنج کرتی کسی کا
کیا جب سے یار اور حرمت ہے کھوئی

بلا سے رکھوں شاد دل کو تو اپنے
اگر میں نے کنبے کی عزت ڈبوئی

خصم جب موا لونڈیوں کو رلایا
کہ اس پردے میں نام رکھے نہ کوئی

ولیکن مجھے کاملوں سے ہے الفت
غم ذوق میں رات بھر میں نہ سوئی

لکھی ان کی تاریخ اور یہ ہوا غم
میاں ذوق کو میں بوا آپ روی

اے صابر ناعاقبت اندیش ! اب جولان بے صرفہ سے باز آ اور عنان قلم کو روک کہ شوق پرستان معنی زبان کو شکوے سے آشنا اور لب کو حرف شکایت پر وا کرتے ہیں ، کہ اگر حیلۂ چرخ مکار نے اس کمالات انتساب کے افادۂ صحبت سے محروم کیا ، بارے اس کے کلام بلاغت نظام کو منتظران لطایف کے نذر کر کہ نگاہ قیس میں آھو بھی چشم لیلیٰ سے کم نہیں ہے :

دل مجنوں ز آھو درتسلی است
بلیلی هرچه ماند عین لیلیٰ است

سخن سنجان انصاف دوست پر واضح کرتا ہے کہ اگر سب کلام اس معرفت مآب کا تحریر میں آئے تو وہ دریائے ذخار حوصلۂ صدف میں گنجایش پذیر نہیں ہو سکتا ، اور قدرے قلیل پر قناعت کی جائے تو دل متحیر ہے کہ کس شعر کو نقطۂ انتخاب سے مزین کرے ؟ اور کس بیت کو اس زیور سے خلیع الغدار رکھے کہ ہر معنی گوہر شاداب ہے اور ہر بیت بیت انتخاب :

ز فرق تابہ قدم ہر کجا کہ مے نگرم
کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا این جا است

ہر چند ایک کو اختیار اور دوسرے کو ترک کرنا ترجیح بلا مرجح کے قبیل سے دشوار نظر آتا تھا ، لیکن جیسے گرسنگان مضطر کہ خوان الوان نعم سے بے تفضیل و ترجیح جس سے چاہتے ہیں ، ابتدا کرتے ہیں ، شوق بے تاب نے جس قدر حوصلہ فرصت میں قابل گنجایش پایا ، اس گنج شایگاں سے اٹھا کر ان اوراق میں مرقوم کیا :

کبھے ہے خنجر قاتل سے یہ گلو میرا
کمی جو مجھ سے کرے تو پیے لہو میرا

صراط عشق پر ازبس کہ ہے ثابت قدم میرا
دم شمشیر قاتل پر بھی خوں جاتا ہے جم میرا

آدمیت اور شے ہے علم ہے کچھ اور شے
کتنا طوطے کو پڑھایا پر وہ حیواں ہی رہا

مدتوں دل اور پیکاں دونوں سینے میں رہے
آخرش دل بہہ گیا خوں ہو کے پیکاں ہی رہا

سب کو دیکھا اُس سے اور اُس کو نہ دیکھا جوں نگاہ
وہ رہا آنکھوں میں اور آنکھوں سے پنہاں ہی رہا

گر ترے فریادیوں کے نامۂ پیچیدہ کو
رکھ کے منھ پر پھونکیے پیدا ہو نالہ صور کا

شکر پردے ہی میں اُس بت کو حیا نے رکھا
آج ایمان گیا ہی تھا خدا نے رکھا

ہم ہیں اور سایہ ترے کوچے کی دیواروں کا
کام جنت میں ہے کیا ہم سے گنہ گاروں کا

لبوں پر جاں عبث ہے منتظر، وہ شوخ کب آیا
اگر چہلم کو بھی آیا تو ہم جانیں گے اب آیا

ٹھہری ہے اُن کے آنے کی یاں کل پہ جا صلاح
اے جان برلب آمدہ تیری ہے کیا صلاح

ذبح کرنے کو مرے پوچھتے کیا ہو تکبیر
تم چھری پھیر بھی دو نام خدا کا لے کر

مجھ میں کیا باقی ہے جو دیکھے ہے تو اُن کے پاس
بدگماں وھم کی دارو نہیں لقمان کے پاس

یاں لب پہ لاکھ لاکھ سخن اضطراب میں
واں ایک خامشی تری سب کے جواب میں

نہ ڈال آبلہ اے گرمیٔ فغاں منھ میں
کہ چپکا بیٹھ رہوں بھر کے گھنگنیاں منھ میں

ہمارا ہی کے لہو تیرے تیر کا سوفار
یہ چپ ہوا ہے کہ گویا نہیں زباں منھ مین

مر گئے پر بھی تغافل رہا آنے میں
بے وفا پوچھے ہے کیا دیر ہے لے جانے میں

وہ بھلے بزم میں دیکھیں کدھر کو دیکھتے ہیں
محبت آج ترے ہم اثر کو دیکھتے ہیں

صحبت صافی دلوں سے ہوں مکدر تیرہ دل
زنگ سے آلودہ ہو جاتا ہے آہن آب میں

اسیر رنج و غم میں ہوں مریض جاں بلب میں ہوں
اور اس پر اب تلک جیتا ہوں میں کوئی عجب میں ہوں

عبث تم آہ رکاوٹ سے منھ بناتے ہو
وہ آئی لب پہ ہنسی دیکھو مسکراتے ہو

نخل خرما کی طرح باغ محبت میں ملا
کثرت زخم سے اک خلعت زیبا ہم کو

ہم گئے جس کی طرف جوں گل بازی اس نے
پاس آنے نہ دیا دور ہی پھینکا ہم کو

رشک تھا اپنے نوشتے میں کہ اس نو خط نے
خط لکھا غیر کو اور بھول کے بھیجا ہم کو

کرتے جوں کوہ نہیں ہم تو سخن میں سبقت
پر وہ کچھ ہم سے سنے گا جو کہے گا ہم کو

دل میں تھے قطرۂ خوں چند سو مانند حباب
نہ رہے وہ بھی جب الفت نے نچوڑا ہم کو

جس کی آواز سے ہیں رونگٹے سوھاں کے کھڑے
وہ محبت نے دیا سلسلۂ پا ہم کو

اک حلاوت ہے عداوت میں بھی اس ظالم کی
کہ دیا زہر بھی جو اس نے تو میٹھا ہم کو

دیکھا آخر نا کہ پھوڑے کی طرح پھوٹ بہے
ہم بھرے بیٹھے تھے کیوں آپ نے چھیڑا ہم کو

ہم وہ ہیں رند کہ اس عالم پیری میں بھی ہے
اُنس مے خانے سے جوں پنبۂ مینا ہم کو

کھانے پینے کی قسم کھائی ہے تجھ بن ہم نے
ورنہ تھا زہر تو ہر طرح گوارا ہم کو

نکالوں کس طرح سینے سے اپنے تیر جاناں کو
نہ پیکاں دل کو چھوڑے ہے نہ دل چھوڑے ہے پیکاں کو

تو جان ہے ہماری اور جان ہے تو سب کچھ
ایمان کی کہیں گے ایمان ہے تو سب کچھ

نگہ وہ ترک کہ جس کی نہیں جفا کی پناہ
اور اُس کی آنکھیں وہ کافر کہ بس خدا کی پناہ

نہ پوچھو کہ دل شاد ہے یا حزیں ہے
نہیں یہ بھی معلوم، ہے یا نہیں ہے

وہ ہے پاس ہی پر مری بدگمانی
لیے پھرتی مجھ کو کہیں سے کہیں ہے

زباں پیدا کروں جوں آسیا سینے میں پیکاں سے
دھن کا ذکر کیا یاں سر ہی غائب ہے گریباں سے

ہم نے اُس بت میں جو دیکھا ہے، نہیں کہہ نہیں سکتے
کہ مبادا کہیں سن پائیں شریعت والے

ساقیا عید ہے دے بادے سے مینا بھر کے
کہ پیاسے ہیں مے آشام مہینا بھر کے

قطرہ قطرہ آنسو ، جس کی طوفاں شدت ہے
پارہ پارہ دل ہے جس میں تودہ تودۂ حسرت ہے

قسمت برگشتہ دیکھو اک نظر کی تھی ادھر
سو بھی آ کر تا سر مژگاں حیا سے پھر گئی

زخمی میں ہوا ہوں تری دزدیدہ نظر سے
جائے گا نہیں چور مرے زخم جگر سے

ذکر کچھ چاک جگر سینے کا سن سن اپنے
کر کے میں ضبط ہنسی دیکھوں ہوں ناخن اپنے

زخم دل پر کیوں مرے مرہم کا استعمال ہے
مشک گر مہنگا ہے تو کیا لون کا بھی کال ہے

سن کے میری جاں کنی کو ''کوہ کن''
جوں صدا الٹا پھرا کہسار سے

وبال دوش تھا اس ناتواں کو سر لیکن
لگا رکھا ہے ترے خنجر و سناں کے لیے

توڑا کمر شاخ کو کثرت نے ثمر کی
دنیا میں گراں باریٔ اولاد غضب ہے

لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

شب ہجراں بسر نہیں ہوتی
نہیں ہوتی ، سحر نہیں ہوتی

میری طرز نالہ ھائے زار سے
ٹپکے بلبل کے لہو منقار سے

یوں نگہ نکلی ہے چشم یار سے
مست جیسے خانۂ خمار سے

کب حق پرست زاھد جنت پرست ہے
حوروں پہ مر رھا ہے یہ شہوت پرست ہے

دل صاف ھو تو چاھیے معنی پرست ھو
آئینہ خاک صاف ہے صورت پرست ہے

کل جہاں سے کہ اٹھا لائے تھے احباب مجھے
لے چلا آج وھیں پھر دل بے تاب مجھے

لیتے ھی دل جو عاشق دل سوز کا چلے
تم آگ لینے آئے تھے کیا آئے کیا چلے

کیا لے چلے گلی سے تری ہم کہ جوں نسیم
آئے تھے سر پہ خاک اڑانے اڑا چلے

آلودہ سرمے سے نہ ھوئی چشم میں نگاہ
دیکھا جہاں سے صاف ھی اھل صفا چلے

میں گراں بار محبت مرا خوں بھی ہے گراں
جی دھڑکتا ہے تری نازکیٔ گردن سے

باب الراء المهملہ

راجہ

راجہ تخلص ، طراز وسادۂ حشمت و زیب مسند حکومت ، آرایش چار بالش اقبال ، بانیٔ بنائے عز و جلال ، شایستۂ تشریف تـفـاخـر ، مہاراجـہ بـلـوان سنگھ بہـادر ، خلف الصدق اعظم اراکین دولت و جاہ ، شوکت پناہ ، آبہت دست گہ ، راجہ چیت سنگھ بہادر والیٔ بنارس کہ چالیس برس سے گل زمین آگرہ اُس کے قدم بہار توام سے خاک چمن پر افتخار اور ہوا اس گل زار فیض کی نسیم ختن سے عار کرتی ہے ۔ وجہ قیام کی اس گلشن ہمیشہ بہار میں یہ کہ جب راجہ چیت سنگھ کے پدر عالی وقار نے عالم فانی کو پدرود کیا ، رئیس صبوبۂ اودھ نے چاہا کہ راجہ متوفی کی جاگیر پر آپ قبضہ کرے ۔ حکام بلند مقام انگریز نے علی الرغم اُس رئیس کے مراسم اعانت و شرایط و امداد کو بجا لا کر چیت سنگھ کو حکومت موروثی کی مسند پر متمکن اور بالش ریاست پر جانشین پدر کیا ۔ راجہ موصوف حسب قرار داد زر خراج کو سال بہ سال ادا کرتا تھا ، لیکن

انگریزوں نے سنہ سترہ سو اٹھتر عیسوی میں اس سے کچھ
فوج کمکی[1] طلب کی اور اس نے یہ امر اپنے مقدور سے خارج
پا کر عذر اور بجا آوریٔ فرمان سے پہلوتہی کیا ۔

سنہ سترہ سو ایکیاسی عیسوی میں ہستگز صاحب نے
عازم بنارس ہو کر راجہ موصوف کی گرفتاری کا قصد کیا ۔
ہر چند اس عاقبت اندیش کا ارادہ یہ نہ تھا کہ ایسی فوج
ظفر تلاش سے مقابلہ اور اس لشکر نصرت اثر سے بادلہ
کرے ، سپاہ جہالت دست گاہ کی نا عاقبت اندیشی اس بات کی
مقتضی ہوئی کہ آتش فساد نے اشتعال پایا اور شعلۂ قتال
بلندی پر آیا اور یہ مفسدہ اس حد تک کھچا کہ سپاہ
انگریزی سے دو کمپنی[1] اور چند افسر فوج نے شربت مرگ
چکھا ۔ یہاں سے قیاس کیا چاہیے کہ سپاہ مقابل سے کس قدر
جوانان دلاور کسوت حیات سے عاری ہوئے ہوں گے ۔
آخر کار راجہ ممدوح نے کہ کور باطنان بے باک کی سفاہت
سے جرم نا کردہ میں ماخوذ تھا ، شکست فاحش پا کر گوالیار
کو پناہ گاہ مفرر کیا ۔ عالی جاہ نے طریقۂ مہمان نوازی
کو مسلوک کر کے اس کے مصارف ضروریہ کے واسطے
پانچ لاکھ روپیہ کی جاگیر علاحدہ کر دی ، لیکن اس راجہ
نے بعد چند روز کے سفر آخرت اختیار کیا ۔ راجہ بلوان سنگھ
کہ یہ صفحہ اس کے حامد اوصاف سے مملو اور یہ عبارت اس
کی گزیدگیٔ اطوار سے مالا مال ہے ، حکام عہد کی تجویز سے

---

۱ ۔ نسخہ مطبوعہ مطبع مرتضوی دہلی ۱۲۷۱ھ (ص ۲۴۲)
میں 'کومکی' ہے ۔

۱ ۔ نسخہ اول (ص ۲۴۳) ''کنپنی'' ۔

سر زمین آگرہ میں مقم ھوا اور یہ نواح اس حسن اتفاق سے رونق پذیر ھوئی ۔ زبان خلایق اس کی محمدت و ستایش سے دفتر دفتر از بر رکھتی ھے ۔ گہ گاہ اس کی حسن لیاقت و لطف طبیعت سے زمین ریختہ بھی بے سپر افکار گوھر نثار ھوتی ھے ۔ خامۂ خام رقم آن اشعار لطافت بار سے یہ دو تین شعر درج تذکرہ کرتا ھے :

تو ھے وہ گل کہ نام ترا باغ دھر میں
دو دو پہر وظیفۂ مرغ سحر ھوا

مرنے کا تو کچھ غم نہیں پر غم ھے یہ راجہ
مہمان ھے درد جگری اور کوئی دم

اقلیم کبھی زیر نگیں رھی تھی راجہ
اب حرف بھی غالب ھے نگیں پر نہ رھیں گے

راحت

راحت تخلص ، مرزا محمود بیگ خلف احمد بیگ ، روسی الاصل ۔ اوایل حال میں پیشۂ سپاہ گری کو وسیلۂ تحصیل روزی مقدر سمجھ کر گلوئے تشنۂ حریفان بے باک کو آب دم شمشیر سے سیراب اور حلق خشک اعدا کو قطرۂ پیکان سے شاداب کرتا تھا ۔ مدت سے گوشۂ انزوا اختیار اور قطع علایق کو خلعت اقدار تجویز کیا ۔ آشنا و بیگانہ سے ترک ملاقات کر کے امید و بیم سے فارغ اوقات بسر کرتا ھے ۔ سرمایۂ علمی بہ قدر ضرورت فراھم ھے ۔ اصلاح شعر مومن خاں مرحوم مومن تخلص سے لی ھے اور استعداد خدا داد سے موزونیٔ ذاتی

کو کسب کمال کا معین کر کے صنعت شاعری کو سر بلند کر دیا ۔ یہ چند شعر اس کے افکار گوہر نثار سے منتخب ہوئے :

اشک آنکھوں سے نکل کر زیرمژگاں تھم گیا
دم نہ لےسایے میں کیوں کرتھا مسافر دورکا

ہم سے وہ بھی چھٹے اور یہ دل شیدا چھوٹا
یاد کس کس کو کریں خیر جوچھوٹا چھوٹا

صبر و قرار و تاب و تواں رفتہ رفتہ سب
آ جائیں گے کہیں سے دل رفتہ گر ملا

غیروں سے جو اشارے محفل میں ہیں تمھارے
سمجھیں وہ یا نہ سمجھیں پر یہ غلام سمجھا

کھلایا مجھے غم پلایا مجھے خوں
ہوا جب میں ناکام مہماں تمھارا

کچھ جان سی آتی ہے مری جان میں قاتل
پانی ترے خنجر میں ہے کیا آب بقا کا

لے گیا رات کو باتوں میں لگا کر ان کو
کیوں کہ قایل نہ ہوں راحت تری تقریر کے ہم

اجل پہلے آئے کہ وہ پہلے آئیں
یہی راہ مدت سے ہم دیکھتے ہیں

روے قاتل سے خجالت کیوں نہ ہو روز جزا
ساتھ میرے ایک عالم ہو لیا فریاد کو

یہ چاہتا ہوں کہ راز نہاں نہ افشا ہو
ترے دہن سے زیادہ مرا دہن بن جائے

راحت

راحت تخلص ہے جوان خوش مزاج ، حلیم طبع ، شیخ کریم‌الدین نام ساکن اعظم پور باشندہ کا ، کہ کتب فارسی و صرف و نحو عربی سے بہ قدر ضرورت ماہر اور رسائی طبع سے ریختہ گوئی پر قادر ہے ۔ شستگیٔ زبان اور تلاش معنی کی طرف مایل اور متانت الفاظ اور دل چسپیٔ مضامین میں ساعی ۔ یہ دو شعر اس کے یاد تھے :

ہمیشہ گذری قفس میں ، اسی تمنا میں
کہ اب رہا ہوئے ، اب موسم بہار آیا

خودی کو نیست کیا ، جب ہوئی بقا حاصل
جب اعتبار گیا تب کچھ اعتبار آیا

راسخ

راسخ تخلص ، سعادت علی خان ، شاگرد مومن خان مرحوم ، مرد نیک نہاد ، خوش اخلاق ، تیز فکر ہے ۔ ہر چند شعر گوئی کا اتفاق کم ہوتا ہے لیکن جس قدر ہے خالی لطف سے نہیں ۔ یہ دو شعر یاد تھے :

ہوں تو آنکھوں میں پر نہیں یہ خبر
سرمہ ہوں ، یا غبار ہوں ، کیا ہوں

میں بنائے جہاں سہی ، لیکن
جب کہ ناپائدار ہوں ، کیا ہوں

راغب

راغب تخلص ، احمد حسین برادر زادۂ حافظ محمد بخش عرف حافظ ممو ۔ تیزیٔ فکر اور جودت طبع کے ساتھ پسندیدگیٔ اطوار اور گزیدگیٔ کردار کو فراہم رکھتا ہے ۔ یہ چند شعر اس کے اشعار سے منتخب ہوئے :

آئے بھی وہ اگر تو نہ آئے اسے یقیں
کیا حال ہو گیا دل اُمیدوار کا

چھٹ گئے آلام سے ، راحت کا ساماں ہو گیا
بڑھتے بڑھتے درد دل آخر کو درماں ہو گیا

یا رب اُسے تو چین دے ، مجھ کو نہ دے نہ دے
جلتا ہے میرے حال پہ ، دل غم گسار کا

اس کو بھی کیا صبا نے جہاں سے اُٹھا دیا
چھوڑا نہ ایک ذرہ ہمارے غبار کا

کیا فہم ہے وہ اپنی شکایت سمجھتے ہیں
شکوہ اگر کروں روش روزگار کا

ترغیب خلد اور مجھے راغب خدا سے ڈر
کیا کم ہے لطف خلد سے کچھ کوے یار کا

میں نے کہا سر کٹنے میں کیا کیا نہ ملے لطف
کہنے لگے لے آؤ ، اگر ہے کوئی سر اور

راقم

راقم تخلص ، شیخ مظفر علی ، خلف شیخ رستم علی ، شیخ زادہ ساکن قصبۂ چارکلیانہ ۔ عمر ستر برس کی ہے ۔ مرد با اخلاق ، متانت اور نیک نہادی اس بزرگ کے اوصاف کا ایک شمہ ہے ۔ فن فارسی کو شاھجہان آباد میں مولوی عبدالباقی مرحوم سے کسب کیا تھا ۔ فارسی و ریختہ دونوں میں فکر کرتا ہے ۔ یہ چند شعر اس کے افکار سے ہیں ۔

اشعار فارسی

قامت ست ایں یا قیامت ، یا قیام آفت است
یا بلا بر پاست ایں یا عالم بالاست ایں

شعرھاے راقم است ایں یا نجوم آسماں
یا جواھر ریزۂ کاں یا در دریا ست ایں

اشعار ریختہ

غیر تزویر نہیں ہیں بت مکار کے کار
دم ھمیں دیتے ھیں اور ھوتے ھیں اغیار کے یار

تیغ مت کھینچ میاں ھاتھ کو پہنچے نہ ضرر
تیر مژگاں ھی خدا را دل بیمار کے مار

آفریں دست جنوں تجھ کو کہ دم کے دم میں
کر دیے خوب مرے جامۂ و دستار کے تار

اک جہاں قتل کیا جنبش ابرو نے تری
کیا ستم دیکھیے دکھلائیں گے تلوار کے وار

آج صحرا میں بہے دیدۂ تر سے دریا
وار کے وار رہے ، اور رہے پار کے پار

رحمت

رحمت تخلص ہے جوان وجیہ، خوش روئے نیک اسلوب، رحمت علی نام کا۔ ایام شاب عین بہار پر اور روزگار جوانی کمال رونق پر ہے۔ اور باوجود اس سن وسال کے مزاج میں خلق اور طبیعت میں سازگری ہے۔ جناب مستطاب مولوی امام بخش صہبائی کے ساتھ قرابت قریبہ اور اُنھیں سے تلمذ رکھتا ہے۔ کتب درسیہ فارسی کو بہت تحقیق سے پڑھا اور عروض و قافیہ کو نہایت تدقیق سے تحصیل کیا۔ فکر اشعار فارسی و ریختہ شایستہ اور ارجمند، زبان شستہ اور تلاش بلند ہے۔ نہ رنگینیٔ معنی کی تعریف بیان کی محتاج اور نہ فروغ مضامین کی مدح کو تفصیل کی احتیاج۔ جیسی نظم دل کش اور رنگین ہے، نثر فارسی بھی نہایت دل چسپ و متین ہے۔ ایک انشا ''حدیقۂ رحمت'' نام کہ مکاتبت شوقیہ اور نامہ ھاے بت افزا سے بر اور ''نالۂ بلبل'' جو ناھر سنگھ راجہ بلب گڑھ کی تعریف سے مملو اور ایک ملاحت عبارت شور تشبیہ واستعارات سے زخم شوق پر نمک افگن اور دوسرے[1] سینۂ خاطر پر ناخن زن ہے۔ کمال متانت و فصاحت کے ساتھ ریختۂ خامہ شیریں سخن ہے اور ریختے میں ایک مثنوی ہے مسمی بہ 'شکایت فلک' زبان کی شستگی ایسی کہ اس کے سننے سے طبیعت سامع کی یک قلم غش سے پاک ہو جائے اور عبارت کی متانت اس طرح کی کہ اس کے پڑھنے سے مد نفس،

۱۔ نسخہ مطبوعہ مطبع مرتضوی دھلی (۱۲۷۱ھ) میں 'دوسرے' کا لفظ نہیں ہے۔ نسخہ مطبوعہ نولکشور(۱۲۹۹ھ) میں موجود ہے۔

رنگ یاقوت سے گراں تر نظر آئے ۔ یہ چند شعر فارسی اور چند ابیات ریختہ اُس کے نتائج طبع سے مرقوم ہوتے ہیں :

اشعار فارسی

جنس دل گرچه عزیز است به هیچش نخرند
این ستم پیشه نکویان جفا گستر ما

ساقی بریز در قدح من شراب را
دستے بگردن افگن و افگن نقاب را

خشک است رز که ابر بهارش نداده آب
رحمت دهیم رخصت چشم پر آب را

نه مے ، نه ساقی و نے یارا ے چمن پیرا
چه جاں فزاید ازیں نغمهٔ هزار مرا

اگر غبار کنندم زجا نمی خیزم
چناں نشانده براه تو انتظار مرا

تو جام مے بکف خویشتن بمن دادی
همیں به پیش حریفاں بس اعتبار مرا

عبث تفرح گلشن ، چرا کنم رحمت
ز داغ شد جگر و سینه لاله زار مرا

تو و صد گردش چشم و من و صد آرزو در دل
تو و چشمک به اغیار و من و در سینه پیکاں ها

من و رعنا جواں شوخی که چشم مست او رحمت
به کافر ماجرا ے می زند راه مسلماں ها

در خور حوصلۂ شوق نہ باشد جامے
بہر ما وقف تواں کرد خمستانے چند

گر ہمیں نالہ پس از مرگ کشد سر زولم
ومد از خاکِ من خستہ نیستانے چند

غمزہ و شوخی و انداز و ستم کردہ ہجوم
یک جگر دارم و جمع آمدہ مہمانے چند

رحمت و کوہ کن و قیس بہم آمدہ اند
چہ تماشا است کہ جمع اند پریشانے چند

مدتے شد تا فراہم آمد ایں چاک جگر
یارب آں بیرحمی خنجر گزاراں را چہ شد

غفلت اہل ہنر را چارہ نتواں یافتن
نیم رنگ آمد سخن معنی نگاراں را چہ شد

بہ دل نہ رغبت کفر و نہ میل دیں دارم
نہ مہر کعبہ نہ با بت پرست کیں دارم

جہاں بہ لرزہ شد از جنبش زمیں کہ بگور
بخویشتن دل بے تاب ہم نشیں دارم

تو در کناری و اندوہ ہجر می کشدم
کہ ہم چو طالع خود خصم در کمیں دارم

نہ کفر دانم و نے دین ، ہمیں قدر دانم
کہ دل بہ بند غم الفت بتاں دارم

اگرچہ پاے رسانم نہ دادہ اند ولے
سرے بہ قافلہ چوں گرد کارواں دارم

برائے سوختن ها با حریفان ساختم رحمت
به هر جا رفته ام چوں شمع هائے انجمن رفتم

خمار بادۂ غم در سرش بیں
برنگ لاله داغ اندر برش بیں

دلم برد از نگاه و از نگاهے
دل اندر سینه چوں من مضطرش بیں

ادائے شوخ و انداز جورش[1]
جدا از نرگس جادوگرش بیں

لب نازک گزد از حسرت اکنوں
لب و ایں آرزوے خاطرش بیں

هجوم آهش اندر سینه بنگر
وفور گریه در چشم ترش بیں

چناں کز پهلویم نازش جدا داشت
به عشق از خود بجائے دیگرش بیں

اشعار ریخته

تخفیف درد سر کا تها باعث حضور قلب
ورنه نه دیر اور نه کچھ کعبه دور تها

گر جانتے تھے سهه نه سکو گے یه آفتیں
رحمت لگانا دل کا تمهیں کیا ضرور تها

ناصح کها کیا که تو اب ترک کر شراب
اور هم پیے گئے هیں یوں هی عمر بهر شراب

۱- مصرع ساقط الوزن ہے ۔

اللہ رے رسائی طالع کسہ ہم صبا
بیٹھے نہ خاک ہو کے بھی دامان یار پر

دیکھا ہے کس کا جلوۂ حیرت فزا کہ اب
اشک آ کے تھم رہے مژۂ اشک بار پر

دل ہے بے تاب بہت شوخئی جاناں کی قسم
هدف تیر ہے جان کاوش مژگاں کی قسم

طعنے اب تک ہیں کہ رخ کی مرے کیا قدر تمھیں
میں نے اک روز کبھیں کھائی تھی قرآں کی قسم

تھا غمزہ تیز مے سے ، ہوا اور تیز تر
بّرش میں تیغ کی ہے بہت دخل آب کو

ھنستے تھے کل جو حال پہ میرے ، سو آج میں
روتا ہوں ان کے دیکھ کے حال خراب کو

اھل نظر ہیں جلوۂ یوسف میں محو آج
اک سیر ہو جو تو ابھی اُلٹے نقاب کو

رحمت یہ عمر اور ورع خیر ہے تجھے
بٹا تو کیوں لگائے ہے عہد شباب کو

ابر بہار کی سی مجھے چشم تر ملے
جوں برق مضطرب مجھے یارب جگر ملے

گردش ہے اس کمینے کی عکس مراد پر
کم مانگیں آسمان سے تو بیشتر ملے

مجھ کو مخل نہ جان تو صحبت کا عندلیب
کیا نقص نوحہ گر سے اگر نوحہ گر ملے

تیرا ہے کچھ یہ طور نرالا جہان سے
ورنہ یہ رسم ہے کہ بشر سے بشر ملے

آرام ایک حرف تھا رونے سے مٹ گیا
خانہ خراب خاک میں یہ چشم تر ملے

تم کو ہے اس کا چارۂ وحشت بھی پر ضرور
یارو کہیں جو رحمت آشفتہ سر ملے

رحیم

رحیم تخلص، مرزا رحیم بیگ، خلف مرزا پیر بیگ۔ وطن اصلی آباو اجداد اس صاحب سخن عالی نہاد کا شاھجہان آباد اور مولد و منشا خاک سر دھنہ ہے کہ دارالحکومت عمدۂ نسواں، بزرگ ھمت، زیب النسا بیگم مرحوم کا شمار کیا جاتا ہے۔ حسب اتفاق سن بارہ سو ستاون ھجری میں مطابق اٹھارہ سو ایکتالیس مسیحی کے قصبۂ میرٹھ میں وارد ہوکر حکمت مآب، کمالات انتساب، حکیم بو علی خاں کی خدمت میں تحصیل کمال کا ارادہ کیا۔ فضائل مآب موصوف نے اھلیت ذاتی پر نظر کر کے فرزندی میں لیا اور شفقت پدرانہ اس کے حال پر مبذول فرما کر فرزندان حقیقی سے زیادہ تربیت کیا۔ سن بارہ سو ساٹھ ھجری میں زبدۂ ارباب کمال مولوی محمد بخش نادان تخلص میرٹھ میں وارد ہوئے اور مجلس مشاعرہ منعقد ہوئی۔ اور اس صاحب فکر رسا کو تشریف تلمذ سے مشرف کر کے فن عروض و قافیہ سے آگاہ اور علم بلاغت سے کچھ کچھ بہرہ مند کیا۔ ہرچند اوایل میں شرر تخلص کرتا تھا، جب ان سے تلمذ ہوا، رحیم تخلص کیا۔

ذهانت و اصابت فکر ظرف بیان میں گنجایش نہیں رکھتی۔ چند رسالۂ علوم متفرقہ فارسی اور اردو میں اُس سے سرمایۂ استعداد طلباے شوق نہاد ہیں۔ اگرچہ جناب مستطاب مولانا و بالفضل اولانا مولوی امام بخش صہبائی سلمہ اللہ تعالی سے تحصیل کتب یا اصلاح شعر کا اتفاق نہیں ہوا لیکن ان چند روز میں بعض رسایل مصنفہ اُن کے متردداں جادۂ رسالت کی معرفت جناب موصوف کے مدرسۂ افادات میں پہنچ کر معرض اصلاح میں ہیں اور علاوہ اس کے رسایل و[1] مکاتیب کے وسیلے سے بسا فوائد علمی پایۂ تحقیق کو پہنچائے۔ بالفعل حسب فرمائش ارسطوے عہد و جالینوس روزگار حکیم احسن اللہ خاں کے وزیر بادشاہ اوان اور ثانی سعد اللہ خان ہیں، قصص الانبیا کو منظوم کرتا ہے اور قریب ایک ربع کے یہ کتاب انتظام پا چکی ہے۔ اشعار فارسی اور ریختہ میں فکر بلند اور تلاش دل پسند ہے۔ یہ چند شعر اس کے نتائج افکار سے مرقوم ہوئے:

ساقی بیا کہ گشتہ سر لالہ زار سبز
بر سبز و بحر سبز و لب جوے بار سبز

دیوار سبز، صحن چمن سبز، شیشہ سبز
مے سبز و جام سبز و لباس نگار سبز

اغلب کہ از کمال نشاط گل و بہار
مثل چمن ز پردہ بر آید نگار سبز

روے بتاں ز سبزہ بر آمد تمام سبز
وز عکس خط روئے بتاں آبشار سبز

۱- نسخہ اول (ص ۲۳۸) میں ''و'' نہیں۔

جو لکھتا ہوں بیاں اپنے دل بے تاب و مضطر کا
تڑپتا ہے بہ رنگ نبض عاشق تار مسطر کا

یہ کس مضطر کی بے تابیٔ دل کا حال لکھا ہے
کہ نقشہ ہے خط ملفوف میں لوٹن کبوتر کا

خدا جانے کہ وقت ذبح کیا انداز قاتل تھا
کہ نعرہ ہے لب ہر زخم سے اللہ اکبر کا

دوں میں کس کس کو کہ اک جان کے خواہاں ہیں بہت
غم جدا ، فکر جدا ، درد جدا ، یار جدا

بل بے گرمی آبلوں کی آب کیا تیزآب تھا
پاؤں پڑتے ہی مرے خار بیاباں جل گیا

کسے رحم آئے جز داغ جگر حال پریشاں پر
بغیر از شمع روتا کون ہے گور غریباں پر

پس مردن بھی ہم بار ندامت لے چلے سر پر
کہ آڑ کر خون کے چھینٹے پڑے داماں قاتل پر

کہنے ہی کی بات ہے ، کہنے دو ، لائے تو کوئی
مجھ سا عاشق ڈھونڈ کر معشوق تم سا دیکھ کر

کیوں کہوں میں حال دل کیوں راز عشق افشا کروں
جان جائیں گے نہ کیا وہ رنگ میرا دیکھ کر

اب تک تو ہجر میں ہیں فقط تن پہ کھائے گل
تقدیر دیکھیں آگے کو کیا کیا کھلائے گل

طفیل لاغری میں رہ گیا ہوں کوئے جاناں میں
کہ مثل بو نظر آتا نہیں اور ہوں گلستاں میں

ایک سینہ ہے رو کے کس کس کو
تیر کو ، تیغ کو ، کہ خنجر کو

رسا

رسا تخلص ، شاہ زادۂ والا مراتب ، مرزا کریم الدین بہادر ۔ سنین عمر قریب ستر کے پہنچے ہیں ۔ طبیعت کی شوخی اور فکر کی رسائی جوانوں سے زیادہ ہے ۔ خوش مزاجی اور وسعت اخلاق سے طریقۂ صلح کل میں گام زن ، ظرافت طبع اور شگفتگیٔ خاطر سے پیشانی کا سطح ، رشک گلشن ۔ اوایل عمر سے اب تک اپنا سخن حافظ غلام رسول شوق کے زیور اصلاح سے مزین کیا ہے ۔ یہ چند شعر اُن کے نتائجٔ افکار سے صفحۂ قرطاس پر مرتسم ہوئے :

بے وفاؤں سے اے رسا تم نے
سچ کہو دل لگا کے کیا پایا

ہو گیا اس کو دیکھ دل حیران
بات کرنے کا حوصلا نہ ہوا

کھونا غبار آئینہ کا ، کام کچھ نہیں
مشکل ہے کام ، دل سے مٹانا غبار کا

پریشان حالوں کی جب قدر جانو
جو اس طرح دل ہو پریشان تمھارا

ہو برا غفلت دنیا کا کہ جس کے ہاتھوں
رہے غفلت میں ہم اور سر پہ سفر آ ہی گیا

ہمارا دم نہ کہیں سن کے یہ نکل جائے
خدا کے واسطے لو نام تم نہ جانے کا

دل و دین و قرار و ہوش تک تو دے دیا تجھ کو
سوا ان کے وہ کیا تھا اور جو ہم نے چھپا رکھا

تم کہو دل لے کے دکھلاؤں نہ اپنی شکل میں
ہم کہیں دیکھا کریں صورت تمھاری رات دن

یاں تلک اس کے غم میں روئے رسا
کہ ہم آنکھوں کو اپنی کھو بیٹھے

رشید

رشید تخلص ، سید بہادر علی ، جیل خانۂ آگرہ میں عہدۂ محرری پر مامور ہے ۔ یہ شعر اس کی غزل سے انتخاب ہوا :

وہ ترک شوخ جو غیروں سے ہم کنار ہوا
رشید گور سے تھی ہم کو ہم کناری رات

رضا

رضا تخلص ، یگانۂ عالم وفاق ، زبدۂ شرفائے آفاق ، ماہر دقایق سخن ، مرزا جیون ۔ عنایت سلطانی سے عہدۂ داروغگیٔ ماہی مراتب اس کے خاندان میں چلا آتا تھا ۔ خیاط ازل نے جامۂ اہلیت اور خلعت آدمیت اس کے قامت استعداد پر قطع کیا تھا ۔ تہذیب اخلاق کی اعانت سے حضور و غیب

میں وفاق اور دل و زبان میں اتفاق ۔ مشق سخن میر نظام الدین ممنون سے کی تھی ۔ ایسا شاگرد عقیدت شعار کم نظر آیا ہے ۔ عرصۂ دراز ہوا کہ مربع عناصر اور مثلث ارواح اور مخمسۂ حواس اور قطعات انفاس سے سیر ہو کر روضۂ خلد کا مشمن اور قامت حور کا مصرع پسند کیا ۔ یہ چند شعر اس کے نتائج افکار سے مرقوم ہوئے :

غیر سے گرم اختلاط ہے وہ
ہم بھی سنتے ہیں اور جلتے ہیں

ہاتھ میں تم جو حنا اپنے ملا چاہتے ہو
آج دو چار کا کیا خون کیا چاہتے ہو

رنج ایسے مجھے دیتے ہو کہ تنگ آیا ہوں
میں نے جانا کہ مری جان لیا چاہتے ہو

رضا

رضا تخلص محمد رضا ۔ آگرے میں سکونت اور فن سخن میں خاور سے تلمذ رکھتا ہے ۔ یہ شعر اس کی غزل سے انتخاب ہو کر درج تذکرہ ہوا :

شب فراق بھی مقتل ہے عاشقوں کے لیے
تڑپ تڑپ کے کٹی آج اپنی ساری رات

رضوی

رضوی تخلص، حکیم جعفر علی، ابن حکیم شجاعت علی، ساکن قصبۂ جے پور۔ اہلیت ذاتی اور مکارم جبلی میں شہرۂ آفاق، فن طب میں دستگاہ معقول حاصل ہے۔ گاہ گاہ شعر اردو کہتا ہے۔ یہ تین شعر اس کے نتائج طبع سے ہیں :

وقت رخصت کیا کہوں کس بےکسی سے رو دیا
دل تو مجھ کو دیکھ کر، میں دل ربا کو دیکھ کر

پنجۂ بے داد سے رضوی نہ چھوٹا مرغ دل
انگلیاں صیاد کی ہیں، یا قفس کی تیلیاں

سر تو دیتا ہوں پر اپنی سخت جانی سے مجھے
خوف آتا ہے کہ قاتل کا نہ خنجر ٹوٹ جائے

رضی

رضی تخلص سیف الدولہ سید رضی خان بہادر صلابت جنگ۔ سید صحیح النسب، آباو اجداد اس کے امراء عظیم الشان سے تھے اور وہ خود حکام وقت، یعنی کمپنی کی طرف سے عہدۂ وکالت پر مامور ہو کر بادشاہ فلک جاہ دہلی کے دربار میں شرف حضوری سے مشرف رہتا تھا۔ چند شعر اس کے ایک تذکرے میں مرقوم تھے لیکن کوئی شعر ناخن بدل زن نہ تھا، ناچار یہ ایک شعر انتخاب ہوا :

رضی سے صنم کیوں برا مانتا ہے
یہ تیرا ہے بندہ، خدا جانتا ہے

رفعت

رفعت تخلص ہے رافع رایات سخن دانی ، زبدۂ دودمان امیر تیمور گورگانی ۔ جوان خوب صورت ، خوش سیرت ، جادو رقم ، عطارد قلم ، سحرساز ، معجزہ طراز ؛ صاحب طبع سلیم و ذہن مستقیم ، موجد عبارت سلیس ، گنجور معانیٔ نفیس ، شاہزادۂ ذوی الاحترام ، مرزا پیارے نام کا ۔ صفحہ اس کے دیوان کا صفائیٔ عبارت سے غیرت آئینۂ ضمیر صافی گوہران ، مطلع اس کی غزل کا روشنیٔ مضمون سے رشک مطلع خورشید درخشاں ۔ ہر بیت لذت معنی سے جواب بیت ابرو شیریں ، ہر مصرع شور فصاحت سے دنداں شکن لب ہائے نمکیں ۔ رباعی کے چاروں مصرعے مانند عناصر اربع چسپاں اختلاط ، قطعے کا ہر شعر دیوانگان محبت کے خانہ ہائے زنجیر کی طرح سخت ارتباط ۔ ابیات عاشقانہ مضامین آہ و نالہ سے رشک دیوان فغانی ، فکر رسا ایجاد معنی سے غیرت خلاق المعانی ۔ روانیٔ طبیعت کے سامنے بحر بے کراں ایک قطرہ ، گوہر باریٔ سخن کے روبرو افکار سحابی ایک رشحہ ۔ الفاظ پاکیزہ سے ابرنیساں کی گوہر باری منفعل اور رنگینیٔ مضمون سے رنگ شفق خجل ۔ پر گوئی کا تو یہ حال کہ ہر غزل کی زمین شاخ و برگ اشعار بے شمار سے مجمع ہزار چمن اور خوش گوئی ایسی کہ جو شعر اس گل زمین کا فضالہ اور اس گلشن کا سبزۂ بیگانہ ہے ، وہی مثل ابروے دل ربایاں ناخن بہ دل زن ہے ۔ اکثر معنی نگار اس کے خامۂ جاد طراز کے ایک رشحہ سے صاحب دیوان اور بیش تر سخن سنج اس کی زبان کی ایک جنبش سے سحبان بیان ۔ اوایل میں جناب

غفران مآب حافظ عبدالرحمن خان احسان غفراللہ لہ سے نسبت تلمذ کی حاصل تھی اور اب جناب فیض مآب مولانا مخدومنا شہسوار عرصۂ یکتائی ، حضرت صہبائی ، مدظلہ العالی سے مستفید ہے۔ پیشۂ عاشقی شعرائے چرب زبان کی فقط قیل و قال ہے اور اس شیریں گفتار کا حال۔ مدام ماہ رویان شیریں کلام سے ہم صحبت اور ہمیشہ نیکوان خوش‌اندام سے ہم خلوت۔ معشوقہ ہائے ملیح کے خوان وصل سے نمک چش اور خوبان صبیح کے بادۂ وصال سے قدح کش۔ یہ اشعار گوہر نثار اس کے درج سخن سے انتخاب ہوئے :

ہم خوش تھے کہ محشر میں تو دیکھیں گے وہ دیدار
لیکن یہ قیامت ہے کہ محشر نہیں ہوتا

کس منھ سے کروں دل کی شکایت کہ برا ہے
تجھ سے تو جدا وہ کبھی دم بھر نہیں ہوتا

کب تک یہ ستم تیرے سہے جائیں گے ہم سے
ہوتا ہے جگر سینے میں ، پتھر نہیں ہوتا

میں تجھ کو نہ کہتا تھا ، حسینوں کو نہ دے دل
رفعت کوئی ان لوگوں سے جاں بر نہیں ہوتا

دیکھیے کرتا ہے کیا دن رات کا رونا ترا
روگ یہ بے ڈھب تجھے اے چشم گریاں ہو گیا

آہ کی آتش فشانی سے تھا عالم کا ضرر
اور کیا ضبط ، اب تو دل سینے میں بریاں ہو گیا

رو تو اے شوق شہادت سر پہ اپنے ہاتھ دھر
لوگ کہتے ہیں کہ قاتل کچھ پشیماں ہو گیا

میں نے برسوں دل کو پالا اپنے بر میں ناز سے
اور یہ دم بھر میں ایسا دشمن جاں ہو گیا

ہو برا بے تابیٔ دل کا کہ اس کے ہاتھ سے
راز پنہاں ایک عالم پر نمایاں ہو گیا

میں لگائے جس کو رکھتا تھا گلے سے رات دن
بار گردن ضعف سے وہ ہی گریباں ہو گیا

تم رہے زلفیں بناتے واں ، یہاں ہم مر گئے
اتنے ہی عرصے میں کچھ کا کچھ مری جاں ہو گیا

حسن کی خوبی سے بھی واقف نہ تھا اپنے وہ شوخ
دیکھتے ہی دیکھتے اک آفت جاں ہو گیا

یا الٰہی درد کس پردہ نشیں کا تھا کہ شب
دل میں اٹھ اٹھ کر مرے دل ہی میں پنہاں ہو گیا

خدنگ پہلو میں بیٹھا تو اس کے دیکھ کے پر
میں سمجھا خط کو مرے لے کے نامہ بر آیا

دل و جگر کو نہ جا کر لگی ہو آگ کہیں
نفس نفس کے ہے ہم راہ یہ دھواں کیسا

مژہ کو چھیڑے تو مدت ہوئی پہ یہ اب تک
چبھے ہے خار سا سینے کے درمیاں کیسا

نہ دل کے پاس جگر نے جگر کے پاس تواں
پڑا ہے تفرقہ یاروں کے درمیاں کیسا

خدا نہ کردہ ، کرے نالہ گر ترا عاشق
تو پھر زمین یہ کیسی یہ آسماں کیسا

کچھ آنکھ کا گیا ، نہ گیا کچھ خیال کا
مارا گیا دل اور یہی بے قصور تھا

میرا یہ قتل اور وہ نازک دماغیاں
اتنا بھی لطف حق میں مرے تم سے دور تھا

کچھ پاس غیر ، کچھ وہ تغافل شعاریاں
گویا کہ سامنے بھی میں نظروں سے دور تھا

رحم اُس کا ہو کہ نالے کا اثر ہو کچھ ہوا[1]
نزع میں بارے وہ لینے کو خبر آ ہی گیا

وصل کی شب بھی کوئی شب تھی کہ اُس رخ سے نقاب
اٹھنے پائی تھی کہ ہنگام سحر آ ہی گیا

تھا ہدف غیر پر اپنا تھا مقدر جو درست
غلط اندازی سے وہ تیر ادھر آ ہی گیا

آج کچھ رفعت دل خستہ کا احوال ہے غیر
جو کہ دھڑکا تھا سو وہ پیش نظر آ ہی گیا

نہ کیجو قصد تو پیکاں کے آزمانے کا
کہ زخم دل کو ہے پانی کے ڈھب چرانے کا

بسان طائر رنگ پریدہ وحشت سے
کسے دماغ ہے اب آشیاں بنانے کا

نہ عذر تھا ہمیں ہونے میں خاک کے گر ہم
یہ جانتے کہ وہ دامن نہیں بچانے کا

---

۱ ـ نسخہ مطبوعہ نولکشور ۱۲۹۹ھ (ص ۲۴۶)
''رحم اُس کا ہے کہ نالے کا اثر کچھ ہو گیا'' ـ

گندھی تھی کون سے بدمست تشنہ لب کی وہ خاک
کہ جس سے خم یہ بنا ہے شراب خانے کا

شب وصال میں دیتا ہے لطف کیا کیا کچھ
ہر ایک بات پہ عالم یہ منھ بنانے کا

بہ ذوق ناز کو دے رخصت جفا کہ یہاں
ہمیں بھی عزم ہے طاقت کے آزمانے کا

سمجھتا کاش میں اول کہ بے وفا تجھ میں
چرا کے دل کو ہے طور آنکھ کے چرانے کا

نہ ان کو ناز سے فرصت کہ ہم سے ہو کچھ چھیڑ
نہ ہم کو ضعف سے یارا ستم اٹھانے کا

تری گلی میں ہوئے خاک بھی تو کیا حاصل
ترا ہے ڈھب وہی دامن اٹھا کے آنے کا

گھٹے ہے جوں جوں ملاقات شوق بڑھتا ہے
کہ ڈھنگ یہ بھی محبت کے ہے بڑھانے کا

اسی کے ساتھ تھے چرچے جہان کے سارے
بہت رہا ہمیں افسوس دل کے جانے کا

برا ہو باد خزاں کا کہ دم کے دم میں یہاں
کیا ہے فیصلہ بلبل کے آشیانے کا

ہیں ایک وہ بھی کہ تم سے ہے ان کو راز و نیاز
اور ایک ہم ہیں کہ منھ تکتے ہیں زمانے کا

کم ہو گئی شاید بت و بت خانہ کی الفت
کچھ ان دنوں آتا ہے جو رہ رہ کے خدا یاد

ظالم تو کسی سے تو ذرا رحم سے پیش آ
دنیا میں کرے گا کوئی کیا تجھ کو بھلا یاد

کچھ میری ھی جانب سے تبھی اتنی بھی ورنہ
تم کو تو وہ اقرار بھی اپنا نہ رھا یاد

بیٹھ اے تیر ستم گر تو دل زار کے پاس
بیٹھتے یار ھیں دنیا میں سدا یار کے پاس

صبر بھی تیرے ھی کچھ ڈھنگ سے سیکھا کہ آسے
عمر آئے ھوئے گذری ھے دل زار کے پاس

تجھ کو لینی ھے تو لے ورنہ اجل لیتی ھے
جان جو کچھ باقی رھی ھے ترے بیمار کے پاس

ھائے پانی بھی چوانے کو نہ آیا دم مرگ
کوئی جز گریۂ حسرت ترے بیمار کے پاس

در مےخانہ کو سمجھا ھوں در کعبہ کہ یاں
جب میں آتا ھوں تو آنکھوں سے لگا جاتا ھوں

بعد مرنے کے بھی الفت نہ گئی دل سے کہ میں
خاک ھو کر ترے دامن سے لگا جاتا ھوں

آتش عشق سے جل جل کے بنا ھوں سرمہ
کوئی دن کو تری آنکھوں میں بھی آ جاتا ھوں

لب ھیں جاں بخش یہ کیسے کہ میں آن کی خاطر
اپنے جینے ھی سے مایوس ھوا جاتا ھوں

یوں چلے جاؤ تم اور ھم چپ رھیں
شب کو تھے کیا جانے ھم کس دھیان میں

منھ میں جو آئے ترے واعظ تو کہہ
پر نہ کہیو کچھ بتوں کی شان میں

پونچھے اشک اس نے گمان غیر میں
مر گئے ہم اتنے ہی احسان میں

جاں اجل کو دیں گے اک جھگڑے کے ساتھ
تو ہے جو دے دیں تجھے اک آن میں

رھی بعد از فنا بھی گر یہی اس دل کی بے تابی
تو محشر تک رکھے گی زلزلے میں خاک مدفن کو

رفیق

رفیق تخلص مرد میدان تہور، رفیق علی نام کا ہے کہ مدت العمر سے زمرۂ سواران سپاہ انگریزی میں منسلک اور سلسلۂ علایق سے آزاد ہے۔ اس کے سوا کچھ اور حال اس کا دریافت نہیں۔ یہ ایک شعر اس کے نتائج طبع سے مسموع ہوا:

تھی بجھی زہر میں تیغ نگۂ یار رفیق
کہ لگا زخم جو دل پر سو وہ ناسور ہوا

رقم

رقم تخلص صاحب پایۂ ارجمند حکیم سکھا نند۔ فن طبابت میں اپنے عصر کا وحید اور صناعت شعر میں شاہ نصیر مرحوم

سے مستفید ۔ یہ شعر اس کے افکار سے ہے :

وفور شوق میں رخ کے لیے دہاں کے لیے
نہیں تمیز کہ بوسے کہاں کہاں کے لیے

رمز

رمز نام نامی و تخلص گرامی ہے اُس والا جاہ ، بلند پائے گہ کا کہ رستم اس کے آستانے کا ایک چاکر اور حاتم اس کے نعمت خانے کا ایک دریوزہ گر ۔ آفتاب کو اسی کے پرتو ضمیر سے شعاع ہے اور آسمان کو اُسی کی بلندیٔ جاہ سے ارتفاع ۔ زمانہ اگر اس سے رتبہ افزائی نہ سیکھتا ، نہ سکندر کو جہانگیر کرتا اور نہ دارا کو تاج دار ۔ آفتاب اگر اُس سے سایہ بخشی حاصل نہ کرتا ، نہ معدن کو زر سے مالا مال کرتا اور نہ ابر کو گوہربار ۔ دریا اس کے جود کی خجالت سے آب اور کوہ اس کے حلم کی غیرت سے ہمہ تن اضطراب ۔ تیغ شجاعت اعداء کے واسطے برق خرمن ، کمند جرأت اشقیا کے واسطے رگ گردن ۔ رستم اس کے عرصۂ پیکار میں زال سے کم، دستاں۔۔۔ اس کے میدان جنگ میں ہراساں ۔ فریدوں کو اُس کے دربار عام میں مجال نہیں اور جمشید کو اُس کی بزم خاص میں کچھ وقار نہیں ۔ اُس کی زیادہ بخشی سے دامن ہر سائل کا کان زر اور اس کے نیسان لطف میں اشک ہر یتیم کا گنج گوہر ۔ کمال شفقت سے گلوے تشنۂ اعدا کو آب شمشیر سے سیراب کیا اور نہایت مرحمت سے نخل عمر دشمن کو چشمۂ تیغ سے شاداب ۔ اے صابر

شیریں گفتار زبان قلم کس کی حمایت بے شمار سے گوہر ریز ہے
کہ ہر سخن سے شوکت چہرہ نما اور ہر حرف سے آبہت
نقاب کشا ہے ۔ بیان کو روشن کر اور دعوے کو مبرہن ۔
یہ وہ داور ہے کہ اگر چشم نرگس میں غبار پڑ جائے
موج نسیم معاتب ہو اور اگر پہلوے گل کو نوک خار سے
آزار پہنچے ، صبا مخاطب ہو ۔ اور یہ وہ داور ہے کہ پایہ
اس کے ایوان رفیع الارکان کا فرق افلاک پر ہے اور سایہ اس
کے لطف و مرحمت کا تمام روے خاک پر ۔ اور یہ وہ داور
ہے کہ خار اس کے دشت نبرد کا علم کاویانی ہے اور ہاتھ
اس کے جود و سخا کا ابر نیسانی ۔ اور یہ وہ داور ہے کہ اس
کے عہد میں گرگ تہمت خون یوسف سے لرزاں ہے اور تغافل
آنکھ چرانے کے جرم سے نظر بندی کے شایاں ۔ یعنی داور
دادگر ، سایہ‌گستر، قدر دان ہنر ، رتبہ شناس ہنر ور؛ دولت
پناہ ، اقبال دست گاہ ، گردوں رفعت ، آسمان شوکت ، جمشید
بزم ، افراسیاب رزم ، داور بے مثال ، خداوند بے ہمال ،
آسمان چاکر ، چاکر پرور ، ماحیٔ آثار ظلم و بیداد ، دافع
رسوم شر و فساد ، قامع بنیان جور و جفا ، ہادم اساس رنج
و عنا ، وارث تاج و نگیں ، والی زمان و زمیں ، ولی عہد
خلیفۃ الحق ، شائستۂ خلافت مطلق ، معین ارباب شجاعت و
تہور ، مرزا فتح الملک بہادر دام اقبالہ و ضاعف اجلالہ کہ
اس کے حرف معدلت کے مقابل حکایت نوشیرواں افسانۂ
دروغ ہے اور اس کے ذکر شجاعت کے رو بہ رو داستان رستم
بے فروغ ۔ تیر اس کا بے دست یاری زہ و کمان سینۂ اعدا
کی طرف دواں اور خنجر اس کا بے مددگاریٔ دست و بازو
گلوے دشمن پر رواں ۔ شہرۂ جود سے نام حاتم بے نشان اور

نہیب حملہ سے پائے سام گریزاں ۔ صبا کو اگر قواعد جود تعلیم کرے، پشت سرو مدام بارثمر سے دو تار رہے ، اور اگر نسیم کو رسوم نشاط سکھائے دھن غنچہ ہمیشہ فرط تبسم سے وا رہے ۔ اس کثرت مہمات خلافت اور ہجوم اوامر سلطنت پر آرایش سخن کی طرف توجہ اور پیرایش نظم کی جانب التفات اس مرتبہ ہے کہ اگر باد صبا زبان سوسن کو گویا نہ کرے ، نونہالان چمن کی تربیت سے معزول ہو اور اگر نسیم دہان گل کو حرف سرا نہ کرے ، غدر بے استعدادی نا مقبول ہو ۔ رزمیہ میں مصرع ہائے ابیات تیغ دو دم ، بزمیہ میں دوائر حروف جام جم ۔ بلبل فصیح زبان کو آس کی تعلیم سے دریافت ہوا کہ برگ گل پر قطرات شبنم لفظ آتش کے نقاط ہیں اور قمریٔ بلیغ گفتار کو آس کے ارشاد سے منکشف ہوا کہ بیاض خیاباں میں قلب صنوبر سے معمٰی با فراط ہیں ۔ سخن عذوبت معانی سے ایسا دل چسپ کہ آس کی تکرار لب شوق پر قند مکرر ہے ۔ نظم حسن مضامین سے ایسا دل کش کہ خاطر عشاق میں جلوۂ عرایس سے شوق انگیز تر ہے ۔ اسی دل کشی کا اقتضا ہے کہ ہر چند یہ کلام بلاغت نظام ادب کی مصلحت سے افسر کتاب ہو کر گرسنہ چشمان سخن کے واسطے خوان گستر اور قدرشناسان معنی کی نظر میں جلوہ گر ہو چکا ہے ، فرط شوق نے دامن ضمیر کو ہاتھ سے نہ چھوڑا کہ اس چمن زار سیراب کی گلگشت جب تک دوبارہ نذر تماشا نہ ہوگی ، نہ خامہ قدم آٹھا سکے گا اور نہ شغل تحریر ہاتھ بڑھا سکے گا ۔ اور حق یہ ہے کہ اس نوباوۂ معنی کی لذت سے طبیعت کی سیری ال ہے اور اشتیاق

کی کمی وہم و خیال ۔ اگر کام ہوس اُس سے چاشنی گیر اور مذاق آرزو اس سے لذت پذیر نہ ہو ، ناکامیٔ ابد پر نوحہ اور محرومیٔ دائمی پر گریہ درکار ہے ۔ اس واسطے پھر طبائع اہل ہنر کی ضیافت کا سامان مہیا اور ارباب کمال کی تفریح کا اسباب آمادہ ہوتا ہے :

آنکھیں تو اُس کو دیکھ کے ہوتی ہیں بے قرار
بن دیکھے دل تڑپنے لگا اس کو کیا ہوا

ہوا شوق تماشا جب سے تیرے روے نیکو کا
نہ میں قابو کا ہوں دل کے نہ دل ہے میرے قابو کا

ڈھونڈو گے جان کو بھی محبت کی راہ میں
پھرتے ہو رمز دل کی ابھی جستجو میں کیا

کیا قتل ظالم نے کس کس ادا سے
ملا مجھ کو قسمت سے جلاد اچھا

سب کچھ آسان ہے تجھے گردش دوراں کرنا
ایک مشکل مری مشکل کا ہے آساں کرنا

دل دیا تھا جسے دل دار سمجھ کر میں نے
رمز اب وہ ہی دل آزار ہوا، ہائے نصیب !

حال سن سن کے عشق میں تیرا
رمز کرتے ہیں خاص و عام افسوس

ذبح ہونا میرے حق میں ہے حیات جاوداں
آب خنجر میں ترے ہے آب حیواں کا خواص

کیسی زمیں کہ غرق ہوا آسماں تلک
اے گریہ ! اب یہ جوشش طوفاں کہاں تلک

تصویر صنم پیش نظر رهتی ہے اپنے
کعبے میں تو جا کر ہوئے بت خانہ نشیں ہم

اس شوخ کو میں نامے میں القاب کیا لکھوں
مشفق نہیں ، شفیق نہیں ، مہرباں نہیں

خوبیاں ساری خدائی کی بتوں پر ختم ہیں
بے وفائی کا مگر شکوہ ہے "بت گر" سے ہمیں

لب ہلے کیوں کہ تیری مجلس میں
دیکھ کر تجھ کو جان ہے کس میں

نہ حرم میں جگہ نہ دیر میں جاے
ہم گنے جائیں اے خدا کس میں

ذبح کر خواہ چھوڑ دے صیاد
آ پھنسے اب تو ہم ترے بس میں

سرمایہ جو محیط میں دیجے قرار رمز
ہے میرے ایک گوشۂ چشم پر آب میں

رمز الفت میں جو چاہو آرام
تو یہ راحت طلبی جانے دو

رمز وہ مست ناز ہے فتنہ
اس کو سونے دو کیوں جگاتے ہو

اگر ہوں قابل دیدار آنکھیں
جدھر دیکھوں ادھر آئے نظر تو

بعد مردن بھی نہ چھوٹا ہم سے ذوق مے کشی
خاک سے اپنی سبوے مے بنے ساغر بنے

ہم نے تو غم یار میں یوں عمر بسر کی
مر مر کے جو کی شام تو رو رو کے سحر کی

کاٹ دے اس کو بھی تو اے قاتل
لگ رہی گردن اک ذرا سی ہے

مل رہے گا وہ کبھی تو ہم نشیں
اس کے ملنے کی تمنا چاہیے

رنج

رنج تخلص ہے جناب مستطاب ، معلی القاب ، غفران مآب زبدۂ اصفیاے کرام ، اسوۂ کملاے عظام ، حضرت شاہ محمد نصیر مہدی کا ، طاب ثراہ و جعل الجنۃ مثواہ ، کہ سجادہ نشین اور نواسے حضرت بابرکت قدوۂ تخت نشینان قصر فردوس ، خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ والغفران کے تھے ۔ کمالات ظاہری و باطنی اس ایک ذات بابرکات میں جمع تھے ۔ باوجود وفور اخلاق کے ہیبت بزرگانہ اس کے چہرۂ نورانی سے اس طرح جلوہ گر تھی کہ یکایک گستاخ طبعان شوخ مزاج کو یارائے کلام نہ ہوتا تھا :

ہیبت حق ہست ایں از خلق نیست
ہیبت ایں مرد صاحب دلق نیست

با وصف تعلقات ظاہری کے ایسا قطع تعلق کیا تھا کہ آن کی نظر عالی میں تمام دنیا برابر ذرے کے قدر نہ رکھتی تھی ۔ نہ دنیا کے جاہ و حشمت کے آنے کی خوشی اور نہ جانے کا غم ۔ بسا اوقات مشاہدہ ہوا کہ جو کچھ پاس آیا ، سب

مستحقین پر تقسیم کرکے آپ بالکل تہی دست رہ گئے ۔ اگر کبھی متاع دنیا سے اس قدر گنجینۂ حصول میں ذخیرہ ہوا کہ حوصلۂ حرص و آز بھی اس کا متحمل نہ ہو، پیشانی پر شگفتگی کے آثار ہویدا نہ ہوئے اور اگر اس سے زائد کیسۂ مراد سے زیان ہوا ، نشان ملال ناصیۂ حال سے پیدا نہ ہوئے ۔ علم موسیقی اور حساب کو ایسا کمال کو پہنچایا تھا کہ زبان قلم آن کی تقریر اوصاف میں قاصر ہے ۔ ایک رسالہ تال میں لکھا ہے ، اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دعوی' یکتائی اس فن میں سوائے اس یکہ تاز کمال کے دوسرے کو سزاوار نہیں ، اور علم حساب میں جمیع اعمال میں تنصیف سے جبرو مقابلہ تک یک لخت قواعد جداگانہ اور علاحدہ آن قواعد سے جو کتب متداولہ میں ثبت و مرقوم ہیں ، ایجاد کیے اور ہر عمل کے واسطے نیا طریق مقرر کیا اور ان ضوابط مخترعہ سے کئی رسالے مرتب کیے ۔ وہ سب رسالے ہنوز مسودہ تھے کہ جہان فانی سے رحلت فرمائی ۔ سال بارہ سو ایکسٹھ ہجری غرۂ شوال روز یک شنبہ تھا کہ زمین فردوس ان کے قدوم فیض لزوم سے سر سبز ہوئی ۔ مومن خان مومن تخلص مرحوم نے کہ جناب جنت مآب موصوف سے خویشی و دامادی کی نسبت رکھتے تھے ، تاریخ وفات میں یہ قطعہ لکھا :

شیخ زماں شد ز دهر ، وز پئے سال وفات
فکر بلندم رہ جنت ماوا گرفت

گفت بہ مومن ، ملک خواجہ محمد نصیر
در قدم ناصر و درد نکو جا گرفت

۱۲۶۱ ھ

از بس کہ طبیعت فیض طوبت مطالب عالیہ و مقاصد بلند کی طرف متوجہ تھی ، شعر کی جانب کم التفات فرماتے تھے ۔ لیکن گاہ گاہ اس راہ میں بھی اتفاقاً گذر اور زمین سخن کو رتبۂ فلک الافلاک کا مرحمت ہو جاتا ۔ یہ چند شعر بطریق یادگار مرقوم ہوتے ہیں :

ٹھیرا نہ یہاں تو کارخانہ اپنا — افسوس دلا
واں دیکھیے ہووے کیا ٹھکانا اپنا — ہے طور برا

اپنا وہ تھا کہ جس سے بیگانہ رہے — نادانی سے
بیگانہ وہ تھا کہ جس کو جانا اپنا — کیا قہر کیا

خط دیکھ کے ادھر تو مرا دم الٹ گیا
قاصد آدھر بہ دیدۂ پرنم الٹ گیا

تیرے بن جب تک کہ میرا دم رہا
آہ اور نالہ ہی بس ہم دم رہا

کان کا موتی نہیں عاشق کا اشک
سردی مہری سے تری یوں تھم رہا

یاد میں اس گل بدن کی صبح تک
اشک سے تکیہ مرا سب نم رہا

یقیں ہو گیا دیکھ کر اس کا قامت
کہ بے شک قیامت میں دیدار ہو گا

کھڑکی نکال جانب دشمن نہ بام پر
کوٹھے چڑھی جو بات کھلے خاص و عام پر

یاد دلوا کے جو ہم بستریٔ یار رلائے
سو وہ تصویر نہالی ہے بغل کا دشمن

دل یہ جس کے لیے پہلو میں طپاں رہتا ہے
یہ سنا ہے کہ اُسے بھی خفقاں رہتا ہے

زندگی تلخ و ناگوار ہوئی
آنکھ سے آنکھ جب دو چار ہوئی

رند

رند تخلص ہے نوجوان سعادت مند، اکرام الدین نام کا کہ مولوی عبد العزیز عزیز اور مولوی عبد الکریم سوز صاحب زادگان حضرت استادی کا ماموں زاد بھائی ہے ۔ تحصیل کتب فارسی اور کسب فن شعر مولوی عبدالکریم سوز کی خدمت میں کرتا ہے ۔ بہت ذہین ہے اور گاہ گاہ تحصیل طب کی طرف متوجہ ہے ۔ اُس کی غزل میں اکثر اشعار، خصوصاً مقطع اپنے تخلص کا مصداق ہوتا ہے ۔ یہ چند شعر اس کے نتائج سے ہیں :

تری زلف بکھری بکھری جو نہ دیکھتے کبھی ہم
تو نہ ہوتے یوں پریشاں، نہ یہ حال زار ہوتا

نہ وصال اُس سے ہوتا، نہ اُٹھاتے رنج فرقت
جو شراب ہم نہ پیتے تو یہ کیوں خمار ہوتا

مرے نام سے ہے ظاہر مرا حال مے کشی کا
مجھے زندہ کون کہتا، جو نہ بادہ خوار ہوتا

گلہ نہیں ہے ہمیں کچھ گرے ستانے کا
ہے اب کے طور ہی بگڑا ہوا زمانے کا

وہ مر گئے تری صحبت کے یار ، کیا اے رند
جو آج کل نہیں چرچا شراب خانے کا

تو نے جلا جلا کے ہمیں خاک کر دیا
اور خاک ہو گئے تو صبا نے اڑا دیا

تو نے ہماری یاد کو خاطر سے اپنی ہائے
حرف غلط کی طرح سے ، ظالم مٹا دیا

لگتی چلی تھی ، فتنۂ محشر کی آنکھ پر
ٹھوکر لگا کے شوخی سے ، تم نے جگا دیا

ہم پر تو التفات نہ تھے ایک بزم میں
ساقی نے رند جان کے ساغر پلا دیا

رند مے پینے سے بچتا تھا بہت ہی لیکن
کچھ نہ کچھ یاروں کی صحبت کا اثر آ ہی گیا

آتے ہی فصل گل کے بجز شوق مے کشی
اے رند سوجھتا نہیں سود و زیاں مجھے

پاس آ کر مرے خفا بیٹھے
بیٹھے گر اس طرح تو کیا بیٹھے

کار گر دل میں یوں ہوئی مژگاں
جس طرح ناوک قضا بیٹھے

دل میں آنا ترا[1] نہیں مشکل
ہو گئے غبار جب آ بیٹھے

ناتوانی پہ بھی کوچے میں ترے اے ظالم
شوق دیدار اڑائے لیے جاتا ہے مجھے

---

۱ - نسخہ اول (ص ۲۵۲) ''ترے'' ۔

ترے مریض کی حالت بتر ہے کیا کہیے
اور اُس کے حال سے تو بے خبر ہے کیا کہیے

رند

رند تخلص ، سید محمد خان لکھنوی ۔ مشاق قدیم اور صاحب طبع سلیم ہے ۔ دو دیوان ریختہ اُس سے یادگار اور حلیۂ طبع سے محلی ہو کر اکثر نواح ہندوستان میں منظور سخن سنجان روزگار ہیں[1] ۔ دو تین برس ہوئے کہ درد تن کو خاک میں ملا کر صاف کوثر و تسنیم کے شوق میں باغ جناں کی طرف راہی ہوا ۔ یہ چند شعر اس کے مرقوم ہوتے ہیں :

اب عشق و عاشقی کا زمانہ نہیں رہا
جاتا رہا وہ وقت وہ ہنگام ہو چکا

ہوشیاری نے ستم گر تری بے ہوش کیا
تیری گفتار نے ظالم مجھے خاموش کیا

گل کو دیکھا تو بندھا عارض رنگیں کا خیال
غنچہ گر باغ میں دیکھا تو دھن یاد آیا

ناز بے جا اٹھائیے کس کے ؟
اب نہ وہ دل نہ وہ دماغ رہا

کب مٹا عشق کا نشاں دل سے
زخم اچھا ہوا تو داغ رہا

ہم آفتاب بام ہیں یا ہیں چراغ صبح
کیا اعتبار شام گئے یا سحر گئے

---

۱ ۔ نسخۂ اول ص ۲۵۹ ''ہے''۔ نسخہ دوم (ص ۲۵۲) ''ہیں''۔

رکھ دیا سر کو پائے قاتل پر
مرتے مرتے بھی جی چلا بیٹھے
خاک ہو کر ہی ہم اٹھیں تو اٹھیں
اب تو در پر تمھارے آ بیٹھے

رنگین

رنگین تخلص سعادت یار خاں ۔ اس کا[1] پدر بزرگ وار طہماسپ بیگ خاں تورانی سات برس کی عمر میں روم سے ہندوستان میں آیا اور پیش گاہ عنایت سلطانی سے منصب ہفت ہزاری و خطاب محکم‌الدولہ طہماسپ بیگ خاں اعتضاد جنگ بہادر سے سرفراز ہوا ۔ ہر چند یہ صاحب ہنر زمین سرہند میں متولد ہوا ، لیکن ایام صبی سے دم واپسیں تک خاک پاک شاہجہاں آباد لطافت بنیاد میں بسر کی ۔ گو کہ گاہ گاہ بہ طریق سیاحت کے اطراف و جوانب کی طرف متوجہ ہو کر لطف سفر سے بہرہ مند اور چندے شاہزادۂ گردوں شوکت مرزا محمد سلیماں شکوہ کی ملازمت سے ارجمند ہوا ۔ اوایل حال میں شاہ حاتم سے تربیت پائی اور فن شعر کو اس کی خدمت میں کسب کیا ۔ جب شاہ موصوف نے وفات پائی ، پھر کسی سے اصلاح شعر کا اتفاق نہ ہوا اور ہمیشہ اپنے زور طبع کے اعتماد پر آپ اپنے سخن میں حک و اصلاح کی ۔ یہ بات اس کی تراکیب سخن سے ظاہر اور اس کی بندش الفاظ سے باہر ہے ۔ کثرت مشق سے دفتر

---

۱ ۔ نسخہ مطبوعہ مطبع مرتضوی ۱۲۷۱ھ میں 'اور سکا'
اور نسخۂ دوم (ص ۲۵۳) میں ''اس کا'' ہے ۔

اشعار کا لکھنا اس کے نزدیک ایسا تھا جیسے رقت مداد کے سبب سے کسی کی زبان قلم سے ایک قطرہ بے اختیار کاغذ پر تراوش کرے - آخر عمر تک اس شہ سوار عرصۂ سخن کے قلم کی سیر مثل جمازہ سوار کے لاینقطع رہی - ہر چند اس مرد سنجیدہ نے اپنے زور طبع سے سخن کو موزوں کیا لیکن اور کسی کا مقدور نہیں کہ اس کے مجموعۂ سخن کو ترازو میں وزن کر سکے - بیشۂ سخن وری میں ببرژیاں اور نیستان سخن میں شیر غراں تھا - مضامین نازک آس کے صریرقلم کو نعرۂ شیر[1] سمجھ کرشگاف خامہ سے سر باہر نہ نکال سکتے تھے - اس سرمایہ دار سخن کی عمر کا سرمایہ چار دیوان ہیں - اول مسمیٰ بہ ''دیوان ریختہ'' اور دوسرا دیوان مسمیٰ بہ ''دیوان بیختہ'' اور اس دیوان کی ہر زمین میں دو غزلے کا التزام اور اپنے زعم کے موافق شستگیٔ الفاظ و پاکیزگیٔ عبارت میں نہایت اہتمام کیا ہے - تیسرا دیوان مسمیٰ بہ ''دیوان آمیختہ'' اور اس میں حرف ہزل گوئی کی داد دی ہے - چوتھا دیوان ریختی کا مسمیٰ بہ''دیوان انگیختہ'' اور ان چاروں دیوان کا نام ''چار عنصر رنگین'' ہے - اور سوائے دواوین اربعہ کے چند کتب اور یعنی مثنویٔ شاہزادۂ مہ‌جبین اور رانی سری‌نگر کےحال میں اور ایک مثنوی‌مسمیٰ‌بہ ''ایجاد رنگین'' اور نسخہ ''مجالس رنگین'' اور ''رنگین نامہ'' ''محمود نامہ'' کے جواب میں اور ایک ''فرس نامہ'' علم فروسیت میں اس جامع انواع سخن سے یادگار - اور ان سب کتابوں کا نام ''نو رتن'' ہے - دیوان دوم کے دیباچے میں کہ زبان اردو میں اس رنگیں نگار چابک رقم کا لکھا ہوا ہے ،

---

۱ - نسخہ دوم (ص ۲۵۳) میں ''شعر'' غلط ہے -

ریختی کو اپنا ایجاد بیان کیا ھے ۔ راقم کے عندیے میں تو ادعائے محض ھے ۔ اس واسطے کہ انشاءاللہ خان سے بہت ریختیاں مشہور اور السنۂ عوام پر مذکور ھیں ، لیکن اس میں شک نہیں کہ اس ظریف طبع شوخ مزاج نے ابیات ریختی کو ریختے کا قصر تصور کر کے اسی شبستان میں اپنا گھر بنا لیا تھا اور اس کی ریختی نے اس قدر شہرت پائی تھی کہ انشاءاللہ خان کی ریختی اھل روزگار کی خاطر سے فراموش ہو گئی تھی ۔ اگر راقم سے پوچھیے تو انشاءاللہ خان نے ریختی کی اول بنا ڈالی ، اس معمار سخن نے اس بنا کو بلند بلکہ تمام کیا ۔ اس کے بعد جان صاحب لکھنوی نے اس عمارت میں صفائی و رنگینی زیادہ کی ۔ نازنین ۔ اس محل کو اپنی جلوہ گاہ بنایا اور اس قصر دل نشین کو کمال زینت سے حجلۂ عروس کر دیا ۔ رنگین شریں کلام میدان سخن میں تو یکہ تاز تھا ھی ، لیکن فن شہ سواری میں ایسا کمال تھا کہ اگر فی‌المثل اسپ چوبیں اس کے زیر ران ھوتا ، اس طرح کا چالاک ھو جاتا کہ اگر نگاہ فلک سیر اس سے ھم جولان ھوتی ، نصف راہ میں رہ جاتی ۔ اور فن فروسیت میں یہ مہارت تھی کہ گھوڑے کے نقش پا سے اس کا ارادہ معلوم اور نشان سم سے عیب و ثواب مفہوم ھوجاتا ۔ ''فرس نامہ'' اس کے کمال پر گواہ اور اس سخن کا شاھد ھے ۔ یہ چند شعر اس کے کلام سے انتخاب ھوئے :

ربط ھم سے آپ نے جو اب بہت کم کر دیا
سچ بتاؤ تم کو صاحب کس نے برھم کر دیا

یہ طفل اشک مرا ہو گیا ہے کچھ ابتر
نہیں ہے اس کی مری چشم اشک بار میں جا

پڑا یہ ہے ترے کوچے میں کیوں شہید نگہ
مگر اسے نہیں ملتی کسی دیار میں جا

کیا کرتے ہو ناصح تم نصیحت رات دن مجھ کو
اسے بھی ایک دن تم جا کے سمجھاتے تو کیا ہوتا

مجھے جو دیکھتا ہے آج کل کہتا ہے وہ ہنس کر
نظر آتا ہے مجھ کو ان دنوں تو کچھ مکدر سا

دل بغل سے لے گئی رنگیں وہ دزدیدہ نگاہ
ورنہ دل دیتا ہے کون اپنا کسی کو جان کر

چھب قہر ہے کسی کی ، کسی کی ستم تراش
سب سے تری نرالی ہے کچھ اے صنم تراش

تھی ہوس یہ دید کی رنگیں کہ میری بعد ذبح
رہ گئیں آنکھیں کھلی حیرت سے قاتل کی طرف

قمار عشق میں بازی لگائیں کس بھروسے پر
بساط اپنی میں تھا اک نقد دل سو ہار بیٹھے ہیں

حسرت و حرمان و یاس و حیرت و رنج و تعب
کیا کہوں اس ہجر میں کیا کیا ہے اور کیا کیا نہیں

وعدہ آنے کا کر کے اے بد عہد
پھر تغافل ترا قیامت ہے

رہا

رہا تخلص ، غلام محمد خاں ، قوم افغان ، ساکن اکبرآباد، شاگرد خلیفہ سید گلزار علی اسیر ۔ جد بزرگوار اس کا سرکار والئ بھرت پور میں عہدہ ہائے جلیلہ سے ممتاز رہا اور اس کے پدر عالی مقام نے ، از بس کہ ایام طفلی میں شوق سلح شوری غالب تھا ، اسی سرکار میں عہدۂ سپہ‌گری پر مامور ہو کر کثرت اعتبار سے ابنائے روزگار میں امتیاز بہم پہنچائی ۔ کہتے ہیں کہ اس کامل خرد نے مولوی محمد کامل علیہ‌الرحمۃ سے کہ نجوم وہیئت و ہندسے میں یگانۂ روزگار اور وحید قرون اور ادوار تھے ، تمام کتب درسیہ ابتدا سے انتہا تک پڑھی ہیں ۔ ریختہ میں زبان شستگی اور فکر بلندی سے خالی نہیں ہے ۔ یہ چند شعر اس کے مرقوم ہوئے :

کیوں قافیہ یاں تنگ نہ ہو اہل سخن کا
مضموں ہے مرے شعر میں تنگئ دہن کا

اللہ رے بناوٹ کہ بگڑنے لگے سن کر
کچھ وصف کیا میں نے جو بے‌ساختہ پن کا

عریاں تنی کے لطف اٹھیں گے شب وصال
اس ماہ نے کیا ہے لباس کتاں پسند

دل لگ چلا ہے اس کا بھی شاید کسی طرف
آنے لگا جو کچھ مرے غم کا بیاں پسند

پھرتے ہیں یوں دل چھپائے ہم ہوائے دہر سے
جس طرح لائے چھپا کوئی تہ دامن چراغ

آسے غیر کی بزم سے کھینچ لایا
هم آہ جگر کے اثر پر فدا هیں

کی آخر کو رو رو جگه اس کے دل میں
رها هم تری چشم تر پر فدا هیں

کہنا ترا همارے سر آنکھوں پہ ناصحا
پر کیا کریں جو دل هی نه هو اختیار میں

لو آج کس کی زلف معنبر کی لے اڑی
یه بوے عطربیز جو باد سحر میں هے

دریا رواں هو گر میں نچوڑوں اسے رها
عالم سحابہ کا مرے دامان تر میں هے

باب زاء المعجمتہ

زار

زار تخلص حافظ امام بخش نابینا ، متوطن شہر کرامت بہر تھانیسر ۔ ہر چند تولد سے چھ مہینے بعد بیماری چیچک سے سے بینائی جاتی رہی لیکن بقول صائب :

دہ در شود کشادہ شود بستہ چوں درے
انگشت ترجمان زبان است لال را

اللہ تعالیٰ نے بعوض چشم ظاہر بیں کے دیدۂ دل کو روشن کر دیا تھا اور اس قدر صفائی باطن عطا کی تھی کہ ذہن گویا لوح محفوظ کا ایک ٹکڑا تھا ۔ غالباً وہی ایک پردہ تھا کہ باطن سے اٹھا اور ظاہر پر پڑ گیا ، تاکہ وہ نظر صاف جو پردگیان معنی کی تماشائی تھی ، نظارہ خسائس ظاہری سے آلودہ نہ ہو ۔ مختلف فریقوں سے صحبت واقع ہوئی اور ہر ایک کا فیض اس طرح سے اخذ کیا کہ کملا اسی قوم کے اس بزرگ کی ذات غرائب سمات کو مغتنم جاننے لگے ۔ علم موسیقی کے دقایق کو اس

طرح سے معلوم کیا تھا کہ اگر کسی کامل فن کے گانے یا بجانے کے وقت اس کے سر تحسین کو جنبش یا زبان کو گردش ہوتی ، اس کو اپنے کمال پر دست آویز بہم پہنچتی ، اور اگر یہ ماہر فن زبان تکلم کو ساکت کرتا ، ہر چند ارباب محفل سب بہ اتفاق حرف آفریں پر شور حشر برپا کرتے ، اس کو اپنی استعداد میں شک آ جاتا ۔ شاعر کا یہ کلام واقعی ہے :

صائب دو چیز می‌شکند قدر شعر را
تحسین بے وقوف[1] و سکوت سخن شناس

صرف اور نحو اور کچھ رسائل منطق بھی زبان عربی سے آشنا ہونے کے واسطے پڑھے تھے ۔ اور اسی قدر استعداد پر بعضے اوقات اشعار عربی بہ اعتبار ترکیب نحوی کے ، سوائے معنی ظاہر کے کچھ اور ایسی توجیہ کرتا کہ سامع کو یکایک حیرت ہوجاتی ۔ اور تمام تفسیر حسینی اور کتب حدیث میں سے صرف نصف مشکوٰۃ پڑھی تھی ۔ اور طرفہ یہ ہے کہ حافظے کی خوبی سے اس نصف کی سب حدیثیں ازبر اور مثل آیات قرآنی یاد تھیں ۔ ذہن کی رسائی سے صحاح ستہ میں سے جو حدیث عرض کی جاتی ، اسی قدر استعداد کے زور سے اس کو حل کر دیتا اور غالباً دیکھا گیا کہ وہ تحقیق شائبۂ خطا سے پاک ہوتی تھی ۔ مذاق شعر فہمی ایسا تھا کہ فارسی کو فارسی اور ریختے کو ریختے کے مرتبے میں سمجھ کر اس کی ایسی داد دیتا کہ جان سخن سے آفرین نکلتی اور شاعر کو یقین ہوتا کہ مخاطب صحیح اس کے سوا منصۂ وجود پر جلوہ گر نہیں ہے ۔ کتب درسیہ فارسی مثل سہ نثر ظہوری

---
۱ ۔ نسخہ دوم (ص ۲۵۶) ''ناشناس'' ۔

اور چار عنصر بیدل کے اکثر مقامات ، اور بعض دواوین مثل دیوان ناصر علی ، اور اکثر مقامات دیوان جلال اسیر جناب استادی مولائی مولوی امام بخش صہبائی سلمہ اللہ تعالیٰ سے پڑھ کر اس فن میں استعداد معقول بہم پہنچائی تھی اور اکثر اشعار جلال اسیر کے مولوی منصف علی خاں مرحوم سے جو دقیقہ فہمیٔ کلام کملائے زبان فارسی ، خصوصاً جلال اسیر میں اپنے زعم کے موافق آپ کو یگانۂ روزگار جانتا تھا ، حل کیے تھے ۔ ان فنون کے سوا دقائق صنعت کیمیا اور علم دعوت سے بہت واقف ۔ کیمیا گر اور مہوسان کہن سال کو تکلم کے وقت اس کی اکسیر سازی پر یقین ہو جاتا تھا ۔ لیکن اس باب میں سوائے سخن آرائی کے اور کچھ نہ تھا ۔ مگر اعمال میں البتہ کچھ سخن نہیں ہے ۔ بعض عمل محنت کشی اور ادائے زکواۃ کے وسیلے سے بہت کارگر اور نہایت موثر دیکھے گئے ۔ ظرافت طبع کا یہ حال کہ اس قول مشہور کے موافق ''الہزل فی الکلام کالملح فی الطعام'' کوئی سخن لطیفے سے خالی نہ ہوتا ۔ اس مقام میں خامۂ خام رقم ایک حکایت طرفہ اور ایک نقل غریب لکھتا ہے کہ ایک شخص کی زوجہ نے بیس برس پہلے اس واقعہ سے انتقال کیا تھا اور اس نا فہم سے کسی منجم ظریف طبع نے یہ کہا تھا کہ بعد ایک مدت کے ایک شخص سے تجھ کو ملاقات ہوگی ، اور اس کی شکل و شمائل بھی بیان کر دی اور کہا وہ شخص تیری زوجہ کو کشور عدم سے پھر دارالملک وجود میں لے آئے گا ۔ حسب اتفاق اس نے حافظ موصوف کو ایک جگہ کسی تقریب سے دیکھا اور وہ صفات اپنے وہم کے موافق اسی بزرگوار میں فراہم پائیں ۔ پاؤں پرگرا اور مدعا بیان کیا ۔

اس بزرگ وار نے اول تو انکار محض کیا اور کہا کہ ظالم ! ایسی حرکات سے توبہ کر اور اس عقیدۂ فاسد کو دل سے نکال کہ یہ امر سوائے رب قدیر کے کسی کے حیّز قدرت میں نہیں ۔ اس کو اس منجم کا قول ایسا خیال میں جما ہوا تھا کہ اس کلام کو عذر لنگ سمجھا اور ہرگز نہ مانا ۔ اس وقت بعض آشناؤں کے اشارے اور اپنی ظرافت طبع کی اقتضا سے کہا کہ یہ کام دیوالی کی شب کے سوا اور ایام میں ممکن نہیں کہ سر انجام ہو ۔ وہ شخص ہر ایک دیوالی کی شب اپنے مدعا کے واسطے حاضر ہوتا اور یہ شیریں سخن اس کو لطایف الحیل سے اس طرح ٹال دیتا کہ اس کا الزام بھی اسی کے ذمے ہوتا ۔ یہ مخمصہ بارہ برس تک یوں ہی چلا گیا اور اس کو وہم تک نہ گزرا کہ یہ عذر واقعی ہے یا نتیجۂ ظرافت ۔ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے ایک طفل کو بارہ برس تک شیر سے محروم رکھا اور اس کے لب کو نالے سے آشنا اور چشم کو آب گریہ سے تر نہ ہونے دیا ۔ یہ حکایت اس چالاک طبع پر صادق آتی ہے ۔ طرفہ یہ ہے کہ باوجود اس چرب زبانی کے گرد طمع اس کے دامن حال پر نہ بیٹھتی تھی ۔ حصول ما یحتاج پر کہ رزاق مطلق کی رزق رسانی کے وسیلے سے احسن وجہ سے حاصل ہوتا ، قانع تھا ۔ گاہ گاہ فکر شعر کی طرف بھی ملتفت ہوتا ۔ سخن اس کا کم تو ہے لیکن سنجیدہ ہے ۔ ماہ جمادی الاولیٰ بارہ سو ستر ہجری میں عالم فانی سے رحلت کی اور سینۂ احباب پر داغ مفارقت کو رکھا ۔ دو چار شعر راقم کو یاد تھے ، مرقوم ہوئے :

دکھلاؤں چارہ گر کو جو زخم جگر تو وہ
رو رو کے یوں کہے ہے کہ اس کا نہیں علاج

زار یوں دیتا ہوں تسکیں اس دل غم ناک کو
اب کوئی لاتا ہے آس نا آشنا بے باک کو

آشنا ہوتی ہے آس لب سے جو دشنام تو ہم
دل میں کہتے ہیں کہ دشنام ہمیں کیوں نہ ہوئے

نہ تو آنکھوں میں خواب آتی ہے
اور نہ کچھ دل میں تاب آتی ہے

زاہد

زاہد تخلص، خواجہ ولایت حسین ۔ سوائے اس کے کہ مقیم آگرہ اور شاعر اعظم تخلص کا شاگرد ہے، حال معلوم نہیں۔ یہ دو تین شعر اس کی غزل سے انتخاب ہوئے :

خدا کے واسطے فرقت زدوں کو مت چھیڑو
نہ پوچھو یہ کہ کٹی کس طرح ہماری رات

کسی فریب سے بھی میں نہ جا سکا در تک
غضب کی تھی ترے کوچے میں ہوشیاری رات

وہ رشک ماہ شب چاردہ جو ہو بر میں
تو کیسے چین سے زاہد کٹے ہماری رات

زر

زر تخلص، شیخ بلاقی، ابن شیخ سعداللہ ولد شیخ بلند ۔ وطن اصلی آبا و اجداد کا بلدۂ لاہور ہے[1] ۔ جد بزرگوار اس پسندیدہ اطوار کا انقلاب روزگار و گردش چرخ دوار سے موضع گوہانہ میں وارد ہوا اور اسی سر زمین میں قیام کیا ۔ کبھی پیشۂ سپاہ گری اور گاہے کار زراعت کو وسیلۂ تحصیل معاش ٹھہرایا ۔ اس بزرگ نے والد ماجد کی وفات کے بعد پیشۂ سادہ کاری، شیخ امام بخش سادہ کار دہلوی سے کہ اس فن

۱- نسخہ اول (ص ۲۶۶) ''لاہوری''

میں شہرۂ آفاق ہے ، کسب کر کے خاک اکبر آباد کو مسکن مقرر کیا ۔ اگرچہ سیم و زر کے صفائح پر سادہ کاری کرتا ہے لیکن صفحۂ کاغذ اس کے نقش و نگار معنی سے رشک ارژنگ و غیرت کار نامۂ بہزاد ہے ۔ نسبت تلمذ کی مرزا حاتم علی مہر اور مرزا عنایت علی ماہ سے رکھتا ہے کہ یہ دونوں بزرگوار باہم اخوت حقیقی رکھتے ہیں ۔ یہ چند شعر اس کے دفتر اشعار سے منتخب ہوئے :

دل میں جگر میں سینے میں یکساں ہے درد آج
اے چارہ گر بتاؤں کدھر کم کدھر بہت

سیم تن جان لے کے چھوڑیں گے
اپنا اے زر ذرا سنبھالو دل

کبک و طوطی میں کچھ کہاں نہیں
آن میں تیری سی بول چال نہیں

مجھ سے کہتے ہو مرے گھر سے نکل باہر ہو
کب میں باہر ہوں بھلا آپ کے فرمانے سے

خوف افلاس نہیں سیم تنوں کو اے زر
زرق و برق ان کو ہوئی ہے مرے یارانے سے

گانٹھ میں کوڑی نہیں الفت پریزادوں کے ساتھ
زر تجھے سودا ہے کیا تیرا خیال خام ہے

کون سی صورت ہے ملنے کی بتوں سے یہ بتا
وہ تو طالب زر کے ہیں اور یاں خدا کا نام ہے

زکی

زکی تخلص ، محمد مہدی علی ، ساکن مراد آباد ۔ مرد شیریں سخن ، ظریف طبع ، خوش کلام، تیز فکر ۔ طرز سخن اس کی[1] دل پسند ، مادہ تاریخ بہم پہنچانے میں بے مثل

[1] نسخہ مطبوعہ نول کشور (ص ۲۵۸) ۱۲۹۹ھ : "اس کا"

و مانند ۔ بیشتر لکھنؤ میں رہا اور ارباب کمال کی ملاقات سے فیض یاب ہوا ۔ ایک عرصہ ہوا کہ نواب مصطفیٰ خان بہادر شیفتہ تخلص کے مکان میں بزم شعر خوانی منعقد ہوئی تھی ۔ اسی اثنا میں یہ سخن سنج بھی حضرت دہلی میں وارد تھا ۔ راقم نے ایک روز مشاعرے میں اس کی صورت سے آشنائی اور اس کے سخن سے دل بستگی بہم پہنچائی ۔ اب ایک مدت سے اس گل زمین میں قدم رنجہ نہیں کیا ۔ یہ اشعار اس کے نتائج افکار سے مرقوم ہوتے ہیں :

کھولوں ہوا پہ طرہ طبع سلیم کا
بس جائے ، بوے مشک سے ، دامن نسیم کا

اک پری وش پردل ان روزوں جو ہے آیا ہوا
ہر طرف پھرتا ہوں دیوانہ سا گھبرایا ہوا

آج تو انداز باتوں کا ترا کچھ اور ہے
پا گئے ہم بھی ، کہ ہے غیروں کا سکھلایا ہوا

بند قبا سے نیل ہے اس کے بدن میں آج
سوسن کا گل کھلا چمن یاسمن میں آج

چنگاریاں سی اڑتی ہیں اپنے سخن میں آج
گویا ستارہ ریززباں ہے دہن میں آج

جوہر تھے مجھ میں سب ملکوتی خصال کے
انسان بنا کے کیوں مری مٹی خراب کی

زیب

زیب تخلص ، میرزا جمال الدین عرف مرزا کلن ، ابن مرزا بہادر ابن مرزا بختاور بخت ابن مرزا محمد عالی جاہ ابن حضرت عالم پیر ثانی ۔ شیخ ابراہیم ذوق سے فن شعر کا

استفادہ کیا ہے ۔ اس کے اشعار سے یہ چند شعر منتخب ہوئے :

لہو میں بھر کے جو دامن کو اپنے یار آیا
یقیں ہے آج کسی بے گنہ کو مار آیا

ہمارا جوش جنوں وہ ہے جس کے ہاتھوں سے
نظر کفن کا بھی ثابت نہ ایک تار آیا

قہر معشوق ہیں خود سر کہ کسی کو اے زیب
ہم نے دیکھا نہیں اُن سے کبھی بر سر آتے

زندگی دیکھیے ہو ہاتھ سے دل کے کیوں کر
اس کے آتے ہیں نظر اور ہی اطوار مجھے

دیدہ و دل نے مرے مجھ کو ڈبویا ورنہ
تھا ترے عشق سے کیا یار سرو کار مجھے

بعد ایک عمر لگی آنکھ ، ذرا سونے دے
نہ کر اے شور قیامت ابھی بیدار مجھے

زیرک

زیرک تخلص ، حافظ قلندر بخش ساکن پانی پت ۔ تحصیل علم شاھجہاں آباد و لکھنؤ میں کی ۔ اشعار ریختہ و فارسی دونوں اُس کے باغ طبع کے ثمر زود رس ہیں ۔ قصائد عربی میں عالم تخلص کرتا ہے ۔ اوایل میں اشعار اردو میں بیدم تخلص کرتا تھا ، اور غرور علم و فضل سے دماغ اُس کا آسمان بریں سے ورے نہیں ٹھہرتا ہے ۔ یہ شعر اس کا بہم پہنچا :

زیرک شباب ہی میں ہے کچھ لطفِ زندگی
یہ عیش پھر کہاں ، جو جوانی گذر گئی

اشاریہ

مرتبہ : گوہر نوشاہی

شخصیات

(جن اشخاص کے نام فہرست میں شامل ہیں ، ان کے نام یہاں درج نہیں کیے گئے -)

ن

مقامات

اصطلاحات

ن

و

کتابیات

صحت نامۂ اغلاط

مقدمه

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۵	آخری سطر	(اقتباس از جلوۂ خضر.........۲۹۳)	اس عبارت کے خطوط وحدانی (بریکٹ) زائد هیں۔ اقتباس آگے هے۔
۷	۱۷	۲۷۲	۲۷۲ :—
۸	۱۸	مبدۂ	مبدء
۹	۱۷	۱۸۸۱ء	۱۸۶۱ء
۱۱	۱۲	۱۸۵۲ء	۱۸۳۷ - ۳۸ء
۱۱	۱۸	شاهہجان	شاهجهان
۱۲	۷	اور	وه
۱۲	۱۱	پر	میں
۱۶	۱۷	(اقتباس از خم خانه.... ....دهلی)	اس عبارت کے خطوط وحدانی (بریکٹ) زائد هیں۔ اقتباس آگے هے۔
۱۷	۲۲	اورات	کادرات
۱۸	۵	مرزا عبدالغنی ، ارشد گورگانی	مرزا عبدالغنی ارشد گورگانی

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۹	۸	اعزا	اعزہ
۱۹	۱۵	اعزا	اعزہ
۲۰	۵	ذوالفقادر	ذوالفقار
۲۳	آخری سطر	بہنت	بہت
۲٦	۱۰	چوبیس	نامعلوم
۳۰	۲۰	ہفتم	ختم
۳۱	۱۹	اوپر درج	درج
۵۲	۱۲	کوئی قسم	کئی قسم
٦٦	۲	کے	کی
۷۳	۲ (حاشیہ)	یہ	کہ
۸۷	۱۲	یشتر	بیشتر
۹۷	۷	سنج سخن	سخن سنج
۹۹	۱۳	قلم نکل گیا	قلم سے نکل گیا
۱۰۲	۲	معاصر	دھلی کالج میگزین
۱۰۳	٦	جس	جن
۱۰۵	۱۸	میں میں	میں

متن

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۳	۹	ض	محض
۴	۲۴	حیر	حیز
۴	۲۴	سا	سامے
۵	٦	سنجا	سخا
۷	۹	ـــٔ	نے
۱۷	۱۵	خاطران	خاطران عیب
۱۷	۲۳	مادان	مندان
۱۹	۱۰	تحاریر	نحاریر
۲۳	۱۷	چرده	چوده
۲۷	۱۷	بےگانۂ	یگانۂ
۲۸	۸	وفق	وفاق
۳۰	۸	اذیار	ازدیاد
۳۳	۱۱	ہوئے	ہواے
۳۷	۵	همزه	امزه
۳۷	۲۳	زون	وزن
۳۸	۱	فوقائی	فوقانی
۳۹	۷	ے	هے
۳۹	۱۲	دستست	دستت
۳۹	۱۵	شوزهے	شوذے
۴۰	۳	وضح	وضع
۴٦	۲۴	رف‌ص	صرف

صفحه	سطر	غلط	صحیح
٤٧	١٥	سر براه	مبرّا
٤٨	٢١	نشائین	نشاتین
٤٩	٢٣	هویده	هویدا
٥٠	٥	سراسمیگی	سراسیمگی
٥٠	٨	یک	ایک
٥١	٢	سنندان	سنندن
٥١	٢	شنکر	سنتکہار
٥١	٥	تیزیه	تنزیه
٥١	١٣	ستروکاوان	''ستروکا'' ان
٥٢	٨	واکس	راکس
٥٢	١٥	صفحۀ	صفۀ
٥٣	١٨	ملیم	ملتیم
٥٣	٢٥	سعرے	سپری
٥٥	١٨	لے جاویں	پے لے جاویں
٥٦	٧	امرادی	مرادی
٥٧	٢٣	کنده	گنده
٥٨	١٩	خطالی	خطائی
٦٣	١٨	محابت	مہابت
٦٦	١٠	دستاتیر	دساتیر
٦٨	٢٣	اعت	اعانت
٧١	٣	گانی	کیانی
٧١	٥	جرید	جرد
٧١	١٣	بہاے	بہانے
٧١	١٥	هدایب	هدایت

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۷۴	۱۲	اردات	ارادت
۷۵	۷	اشراک	اشراق
۷۷	۸	الصوة	الصلواة
۸۲	۱۶	وهم	دهم
۸۲	۲۰	فعل	فعّال
۸۴	۴	جلوه	جلو
۸۵	۱۳	وستی	دستی
۸۷	۱۱	منسبط	منبسط
۹۰	۹	نحن و نسبح	نحن نسبح
۹۶	۸	نوح	نوع
۹۷	۷	ناصرین	ناصر بن
۹۷	۲۲	سوادن	سوادان
۱۰۰	۱۹	ستر ذکانی	''ستروکا'' نے
۱۰۱	۲۵	یاے	بائے
۱۰۱	۲۵	صرف	حرف
۱۰۲	۶	انجام مانید	انجامانید
۱۰۲	۱۳	زمریان	زمرپان
۱۰۲	۱۴	سامی	ساے
۱۰۲	۱۶	فه هوشتام	فرهوش‌ستام
۱۰۲	۱۸	شاشتن	شالشتن
۱۰۲	۱۹	فائے	باے
۱۰۳	۲	مزادام	مزدام
۱۰۷	۲۲	مصووف	مصروق
[illegible]	۱۷	معلم التزیل	معالم التنزیل

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۱۱۳	۱۱	ہوگا	ہوگیا
۱۲۷	۲۴	نیبان	تنبان
۱۲۸	۱	زاله	رزاله
۱۲۸	۱	زری ، کوٹه	زری کونه
۱۲۸	۱۱	کوهر	کوهٹه
۱۳۴	۸	عرب	یعرب
۱۳۲	۳	مفاعلین	مفاعیلن
۱۳۲	۴	منفعالن	متفاعلن
۱۳۲	۹	ده	دو
۱۳۳	۱	مجتبث	مجتث
۱۳۳	۵	اربان	ارباب
۱۳۳	۱۶	مفاعلین	مفاعیلن
۱۳۴	۱	مجتبث	مجتث
۱۳۴	۱	منکف	منفک
۱۳۴	۱۵	متقاعلن	متفاعلن
۱۳۴	۲۱	مجتبث	مجتث
۱۳۴	۲۴	مسقفع لن	مستفع لن
۱۳۴	۲۴	مفاعلن	مفاعیدن
۱۳۵	۱	منقضب	مقتضب
۱۳۵	۲۲	نتیع	تتبع
۱۳٦	٦	مرکب	مرتب
۱۳۷	۲۱	مفاعیلن واقع	مفاعیلن میں واقع
۱۳۷		''تم'' نسخه طبع اول میں ''لن'' ہوناچاہیے تها	
۱۵۰	۱	ز=ف	زحف

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۵۰	۱۴	ترہ	تیرہ
۱۵۰	۱۶	شعیث	تشعیث
۱۵۰	۱۷	تلم	ثلم
۱۵۰	۱۷	جم	جحم
۱۵۲	٦	مفاعیلن باقی	مفاعیلن سے فاعیلن باقی
۱۵۳	۲۰	و تداخیر	وتد نے اخیر
۱۵۵	۹	مشبغ	مشبع
۱۵٦	۲۰	جم	جحم
۱۵۷	۹	مستعلن ھو	مستفعلن فعولن
۱۵۷	۱۳	بموغ	مجموع
۱۵۷	۱۴	متفا	متفاعلن
۱۵۷	۲۱	تہم	ھتم
۱۵۸	۴	تخلیق	تخنیق
۱۵۸	۵	پیٹ	بیت
۱۵۸	٦	تخلیق	تخنیق
۱۵۸	۷	اخرام	اخرم
۱۵۸	۸	فحنق	مخنّق
۱۵۸	۱۷	زال	زلل
۱۵۹	۲۵	مستفعل	مستفعلن
۱۵۹	۱	رلع	ربع
۱۵۹	۴	تغر	بتر
۱۵۹	۴	قاعیان	مفاعیلْن
۱۵۹	۵	حزم	خرم
۱۵۹	٦	اتمر	ابتر

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۵۹	۷	حرف	حذف
۱۵۹	۷	تبر	بتر
۱۵۹	۱۴	اتبر	ابتر
۱۵۹	۱۶	نہ دال	مذال
۱۶۰	۱	وہ ہے	وہ بیت ہے
۱۶۰	۳	نقیص	منتقص
۱۶۰	۱۳	استباع	اشباع
۱۶۰	۱۴	مجبنہ مو	مجزو
۱۶۰	۲۰	بشری	یشتری
۱۶۲	۱	اخرام	اخرم
۱۶۵	۸	معنۃ	معنی
۱۶۵	۲۰	قیہ	قید
۱۶۶	۸	گفتم	گفتیم
۱۶۶	۸	سفتم	سفتیم
۱۶۷	۸	قوفانی	فوقانی
۱۶۷	۲۰	حروا	حرف
۱۶۷	۲۱	بفتحہ ف دال	بفتحہ دال
۱۶۸	۱۴	نت	محنت
۱۶۸	۲۱	غرا	غزل
۱۶۹	۱	تخیل	تحلیل
۱۷۰	۸	رسالۂ جناب	رسالۂ 'وافی' جناب
۱۷۱	۳	اشر	شعر
۱۷۱	۵	م ع ہے شوارد	''غم سے ہے یاں اے ریاکار دشواریاں اے یارکار''

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۷۱	۱۵	اختیار یا	شہار خوار
۱۷۳	۳	مخلتف	مختلف
۱۷۶	۳۰	نام ونکو	نام نکو
۱۷۸	۹	مصارع	مصاریع
۱۷۸	۱۴	تربیزی	تبریزی
۱۷۸	۲۳	منلث	مثلث
۱۸۰	۱۳	قطع	قطعہ
۱۸۳	۹	کی آخر دھی	آخر وھی کی
۱۸۵	۸	ندیدم	ندیدیم
۱۹۱	۱۵	مرا	**ترا**
۱۹۱	۲۰	راستن	راستیں
۱۹۵	۸	عالم	علمؑ
۱۹۵	۱۲	اکلیم	اقلیم
۱۹۷	۱۳	کر	کہ
۱۹۷	۱۳	(کچھ ہے ترا اور وہ ہے)	(ہے ترا آوردہ ہے)
۲۱۰	۲۱	ارو	اور
۲۱۳	۱۳	محشر	حشر
۲۱۸	۷	بر	**تر**
۲۲۰	۲۲	ہوں	ہیں
۲۲۱	۱۸	شر	محشر
۲۲۲	۶	دے نہ	نہ دے
۲۲۴	۱۵	مجھ	تجھ
۲۲۴	۱۷	کی شان	کی ہے شان
۲۳۵	۱۹	ہے	ہم

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۳۷	۲۰	خو روز چشمۂ	خورد ز چشمہ
۲۴۳	۵	باشد	ماشند
۲۴۴	۱۴	ہے	رہے
۲۵۰	۱۰	کی دولت	کی زکوۃ فیض کی دولت
۲۵۴	۱۵	صلال	ملال
۲۶۰	۱۸	قبول	قول مشہور
۲۶۱	۷	ہو	ہوے
۲۷۳	۱۹	آفسوں	آنسو
۲۷۴	۲۱	دفتر میں	دفتر ساعت میں
۲۷۵	۲۲	نے	از
۲۹۴	۱	لر	گر
۲۹۷	۲۰	کر	کرو
۳۰۰	۲۰	ریزو	ریزد
۳۰۲	۱۱	فر	نحو
۳۲۱	۱	لھر	گھر
۳۳۹	۳	ہے وہ	ہے جو وہ
۳۴۷	۱۳	صلا	ملا
۳۴۷	۲۱	نحریر	تحریر
۳۵۳	۱۳	لڑھ	گڑھ
۳۵۵	۱۳	جو	جواں
۳۵۶	۱۰	کہ عالم	کہ عالم فانی سے عالم
۳۶۰	۴	ہوا	ہوں
۳۶۶	۱۹	مژہ نہ تھی کم کہ مرے	مژہ کی نہ تھی کم کہ میرے

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۳۶۸	۳	توبچرا	تو داماں به چراغم
۳۸۷	۱۰	دیا ڈر	دیا ہے ڈر
۳۹۰	۱۶	ردی	رومی
۳۹۱	۹	هل	اهل
۴۰۹	۱۲	ستقراءك	سنقرءك
۴۱۰	۲۱	کوں	کیوں
۴۱۰	۲۲	کیه	که
۴۳۶	۳	درا	دارا
۴۴۲	۲	ک	اک
۴۴۷	۲	لکھتے	لکّھیے
۴۴۸	۲۳	خداد	خداداد
۴۵۵	۲۰	هو	هوا
۴۵۸	۷	ور	اور
۴۷۵	۲۴	بلیلی	به لیلیٰ
۴۷۶	۶	خلبع	خلیج
۴۷۷	۲۱	لی	پی
۴۸۳	۱۱	هی	رهتی
۴۸۹	۱۳	بت	محبت
۴۹۱	۳	زو	زد
۴۹۱	۴	ومد	دمد
۴۹۲	۷	شوخ	شوخی
۵۱۰	۲۴	ال	عال
۵۱۳	۱۰	تراه	ثراه
۵۱۵	۱۵	سردی	سرد

صفحه	سطر	غلط	صحیح
۵۱۶	۸	حاحب	صاحب
۵۱۷	۲۰	غبار جب	جب غبار
۵۱۹	۲	چلا	جلا
۵۳۱	۲۳	لیر	گیر